2015ء کے ترمیم شدہ نصاب کے عین مطابق

معروضیات اسلامیات

پروفیسر صفدر علی
گورنمنٹ کالج فتح گڑھ

2015ء کے ترمیم شدہ نصاب کے عین مطابق
معروضیات
اسلامیات
سال دوئم
پروفیسر صفدر علی
گورنمنٹ کالج فتح گڑھ
www.KitaboSunnat.com
الیونیو بک پیلس اردو بازار لاہور

کتاب .... معروضیات اسلامیات

پرنٹرز .... ایم عارف یونس پرنٹرز لاہور

قیمت .... 360/=

ایورنیو بک پیلس اردو بازار لاہور

فاتح لیبیا حضرت عمرو بن عاص

2015ء میں ایم اے اسلامیات کا جدید ترمیم شدہ نصاب

نصاب ایم اے (علوم اسلامیہ)

(سال دوم)

البیرونی کے نزدیک زمین کا قطر 24779

نوٹ: سال دوم کے پیپرز کی ترتیب میں اس سال تبدیلی کر دی گئی ہے۔ جون 2014ء میں منعقدہ BOS کی سفارشات کے مطابق 2013ء میں جاری کردہ تمام تخصصات میں داخلہ تا حکم ثانی روک دیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں سال دوم کے پیپرز کی تبدیل شدہ ترتیب حسب بالا ہے

(1)	پیپر I	الفقہ وعلوم الفقہ	100 نمبر (لازمی)
(2)	پیپر II	دعوۃ وارشاد	100 نمبر 75 + 25 زبانی امتحان (لازمی)
(3)	پیپر III	اسلام اور جدید معاشی افکار وتحریکات	100 نمبر (لازمی)
(4)	پیپر IV	مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک مضمون اختیار کرنا ہوگا	
	(i)	اسلام اور سائنس	100 نمبر (آپشنل)
	(ii)	اسلام اور فلسفہ	100 نمبر (آپشنل)
	(iii)	جدید دنیائے اسلام؛ وسائل ومسائل	100 نمبر (آپشنل)
(5)	پیپر V:	مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک مضمون اختیار کرنا ہوگا	
	(i)	اسلام اور جدید سیاسی ومعاشرتی افکار	100 نمبر (آپشنل)
	(ii)	اسلامی اخلاق وتصوف	100 نمبر (آپشنل)
	(iii)	اسلام اور جدید فکر مغرب	100 نمبر (آپشنل)
	(iv)	تحقیقی مقالہ	100 نمبر (آپشنل)

انتساب

اپنی پیاری والدہ

کے

نام

فہرست

مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک مضمون اختیار کرنا ہوگا۔ (آپشنل)

تالمود: یہ نسل در نسل حضرت موسیٰؑ سے زبانی روایات چلی آرہی تھیں ان روایات کے مجموعہ کو تالمود کہتے ہیں۔ اس کا درجہ تورات سے بھی [illegible]

المشنا: دوسری صدی عیسوی کے یہودی علماء کے اجتہادی مسائل کا مجموعہ [illegible] [illegible] اصل متن

[illegible] مجموعہ تھیں لیکن [illegible] کہا جاتا ہے۔

اردو زبان میں تصوف پر پہلی کتاب معراج العاشقین ہے
مصنف معراج العاشقین میر حسینی

اصول فقہ و تاریخ فقہ

سوال اصول فقہ سے کیا مراد ہے؟

جواب اصول فقہ سے مراد وہ علم ہے جس میں احکام کے لئے ثبوت دلائل سے بحث کی جاتی ہے۔

سوال فقیہ کسے کہتے ہیں؟

جواب فقیہ وہ عالم ہوتا ہے جو فکر و تدبر کر کے قوانین کے حقائق کا پتہ لگا کر مشکل و مغلق امور کو واضح کرے۔

سوال قرآن مجید نے فقہی احکام میں کن اصولوں کو اپنی بنیاد بنایا؟

جواب (۱) عدم حرج (۲) قلت تکلیف (۳) تدریج۔

سوال قرآن مجید میں کون کون سی حدود مقرر کی گئی ہیں؟

جواب قرآن میں دنیوی سزاؤں میں پانچ سزاؤں کی حد مقرر کی گئی ہے۔
(۱) قصاص (۲) حد زنا (۳) حد قذف (۴) حد سرقہ (۵) حد قطع الطریق۔

سوال عام سے کیا مراد ہے؟

جواب عام وہ لفظ ہے جو کسی خاص فرد یا نوع یا جنس کے لئے متعین نہ کیا ہوا ہو بلکہ وہ تمام افراد پر دلالت کرتا ہے مثلاً۔ یا من عام اشیاء پر دلالت کے لحاظ سے دو طرح کی قسمیں ہیں۔

سوال خاص کی تعریف کریں؟

جواب خاص وہ لفظ ہے جس کے معانی اس طرح متعین اور معلوم ہوں کہ اس میں دوسرے معانی اور افراد شامل نہ ہو سکیں یعنی وہ اپنے معانی کی دلالت کے اعتبار سے منفرد ہو۔

سوال دلالت معانی کے اعتبار سے خاص کی تین قسموں کے نام لکھیے؟

جواب (۱) تخصیص نوع (۲) تخصیص فرد (۳) تخصیص جنس۔

سوال دلالت کے لحاظ سے عام کی قسمیں لکھیے؟

جواب (۱) عام مخصوص منہ البعض۔ (۲) عام غیر مخصوص منہ البعض۔

سوال مطلق کی تعریف لکھیے؟

جواب "مطلق" وہ لفظ یا حکم ہے جو صرف ذات پر دلالت کرے اور صفت پر دلالت نہ کرے۔

سوال "مقید" کسے کہتے ہیں؟

جواب "مقید" وہ لفظ یا حکم ہے جو ذات پر دلالت کرنے کے ساتھ ساتھ اس کی صفت پر بھی دلالت کرے۔

سوال "حقیقت" کی تعریف کریں؟

جواب حقیقت سے مراد وہ لفظ ہے جیسے لغت کے واضع نے کسی چیز کے لئے وضع کیا ہو جیسے لفظ اسد (شیر) ایک خاص جانور کے لئے وضع کیا گیا ہے لہذا اس پر اس کا اطلاق حقیقت کہلاتا ہے۔

سوال استعمال کے اعتبار سے حقیقت کی تین اقسام لکھیے
جواب (۱) حقیقت متعذرہ (۲) حقیقت مجاورہ (۳) حقیقت مستعملہ۔
سوال مجاز کی تعریف کریں؟
جواب جس لفظ کو اہل لغت نے جس معانی کے لئے وضع کیا ہو اگر اس لفظ کو حقیقی معانی کے علاوہ استعمال کیا جائے تو وہ معنی مجاز کہلاتے ہیں۔
سوال مؤول (ماول) سے کیا مراد ہے؟
جواب جب "مشترک" کے بہت سے معنوں میں سے ایک معانی قیاس یا خبر واحد سے متعین ہو جائے تو اسے "ماول" یا "مؤول" کہتے ہیں۔
سوال مشترک کی تعریف کریں؟
جواب مشترک وہ کلمہ ہے جسے دو یا دو سے زیادہ مختلف معانی کے لئے وضع کیا گیا ہو۔ مثلاً "جاریہ" کے دو معانی ہیں۔ (۱) لونڈی (۲) کشتی۔
سوال استعارہ سے کیا مراد ہے؟
جواب اگر کسی لفظ کے حقیقی اور مجازی معانی کے درمیان مناسبت اور اتصال ہو تو اس صورت میں اس لفظ کو مجازی معانی میں استعمال کرنے کا نام استعارہ ہے۔
سوال صریح کی تعریف کریں؟
جواب صریح وہ لفظ ہے جس کے معانی اور مراد اس طرح واضح ہو کہ جونہی وہ لفظ بولا جائے اس کے معانی سمجھ میں آ جائیں۔
سوال کنایہ سے کیا مراد ہے؟
جواب کنایہ وہ لفظ ہے جس کے معانی "مطلقاً" واضح نہ ہوں بلکہ اس کے اندر اس طرح پوشیدہ ہوں کہ کسی قرینہ یا دلالت کے بغیر اس کے معانی سمجھ میں آ سکیں۔
سوال چار متقابلات درج کیجئے؟
جواب (۱) ظاہر بمقابلہ خفی (۲) نص بمقابلہ مشکل (۳) مفسر بمقابلہ مجمل (۴) محکم بمقابلہ متشابہ۔
سوال ظاہر سے کیا مراد ہے؟
جواب ظاہر ایسے کلام کو کہتے ہیں جس کے معانی سننے والے کو بغیر کسی سوچ اور تامل کے سمجھ آ جائیں۔
سوال "نص" کسے کہتے ہیں؟
جواب نص ایسے کلام کو کہتے ہیں جس کا مطلب اور حکم اس طرح سے ثابت ہو کہ اس میں کوئی دوسرا احتمال نہ ہو۔
سوال "مفسر" کی وضاحت کریں؟
جواب مفسر وہ کلام ہے جس کی مراد متکلم کے بیان سے ظاہر ہو اور اس میں تاویل تخصیص کا احتمال باقی نہ رہے تو یہ مفسر کہلائے گا۔
سوال متعلقات نصوص کی تعداد اور نام درج کریں؟
جواب متعلقات نصوص چار ہیں (۱) عبارۃ النص (۲) اشارۃ النص (۳) دلالۃ النص (۴) اقتضاء النص۔

سوال بیان کی کتنی اقسام ہیں ان کے نام درج کریں؟
جواب بیان کی سات قسمیں ہیں (۱) بیان تقرر (۲) بیان تغیر (۳) بیان تفسیر (۴) بیان ضرورت (۵) بیان عطف (۷) بیان جدیل۔
سوال محکم کی وضاحت کریں؟
جواب محکم وہ کلام ہے جس میں متکلم کی مراد مفسر سے زیادہ ہوتی ہے اور اس کے خلاف کام جائز نہیں ہوتا اس میں کسی قسم کی تبدیلی یا شک کی گنجائش نہیں۔
سوال لفظ خفی سے کیا مراد ہے؟
جواب خفی وہ لفظ ہے جس کے معانی پوشیدہ ہوں اور یہ پوشیدگی کسی عارضہ کی وجہ سے ہو۔
سوال مشکل لفظ کی تعریف کریں؟
جواب ایک مشتبہ لفظ جو اپنے دیگر الفاظ میں یوں داخل ہو کہ اس کی مراد کی پہچان مشکل ہو۔ یہ لفظ نص کی ضد ہے اس میں خفی کی نسبت زیادہ پوشیدگی ہو اس کے معانی تلاش کرنے میں زیادہ سوچ بچار کرنا پڑتا ہے۔
سوال کیا مجمل لفظ مفسر کی ضد ہے؟
جواب ہاں مجمل لفظ مفسر کی ضد ہے۔
سوال کیا لفظ متشابہ میں کوئی پوشیدگی پائی جاتی ہے؟
جواب متشابہ وہ لفظ ہے جس میں پوشیدگی ہی پوشیدگی پائی جاتی ہے۔ متشابہ اصل میں محکم کی ضد ہے اور متشابہ کو مجمل کا درجہ دیا جاتا ہے۔
سوال "عبارۃ النص" کی پہچان کیا ہے؟
جواب عبارۃ النص سے مراد وہ حکم ہے جس کے لئے وہ کلام لایا گیا ہو جو عبارت کا مقصود ہو۔
سوال "اشارہ النص" سے لفظ کے معانی کی کون سی دلالت ہوتی ہے؟
جواب "اشارہ النص" لفظ کے ایسے معنی پر دلالت ہے جس کے لئے کلام کو لایا نہیں گیا اور نہ ہی وہ مقصود کلام ہے مگر اس کلام کو لانے کا وہ مقصد نہ ہو۔
سوال "دلالت النص" کا مفہوم بیان کریں؟
جواب وہ مفہوم ہے کہ اس سے حکم کی علت معلوم ہو جائے تو نص کا مقصد ہے اگر اس میں لغت کا اعتبار ہو اجتہاد و استنباط کو دخل نہ ہو۔
سوال اقتضاء النص سے کون سی دلالت مراد ہے؟
جواب اقتضاء النص سے مراد وہ دلالت ہے جس کا تقاضا عبارۃ النص کرتی ہے کیونکہ اس کے بغیر عبارۃ النص کا معانی ثابت نہیں ہوتا۔
سوال "امر" سے مراد کونسا قول ہے؟
جواب "امر" سے مراد لغت کے اعتبار سے کسی کہنے والے کا قول ہے جو وہ دوسرے سے کہے۔
سوال "نہی" کی تعریف کریں؟
جواب لغت کے اعتبار سے "نہی" کے معانی کسی کو کسی کام سے منع کرنا ہے لیکن عام اصطلاح میں

"نہی" سے مراد کسی کو اپنے سے چھوٹا سمجھ کر کسی کام سے منع کرنا "نہی" کہلاتا ہے۔

سوال باسعانی حروف کون سے ہوتے ہیں؟

جواب باسعانی حروف وہ ہیں جن کو مختلف معانی کے لئے وضع کیا گیا ہو اور وہ فعل اور اسم کے درمیان رابطہ کا کام دیں۔

سوال حرف ثم کس ترتیب میں استعمال ہوتا ہے؟

جواب حرف ثم تراخی کے لئے آتا ہے۔ تراخی، تاخیر، دیر علت کا پایا جانا ہوتا ہے۔

سوال حرف "الی" کس مقصد کے لئے استعمال کیا جاتا ہے؟

جواب حرف "الی" بعض اوقات حکم کو اپنے مابعد بڑھانے اور بعض اوقات مابعد کو حکم سے ساقط کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

سوال بیان تقریر کی تعریف کریں؟

جواب بیان تقریر سے مراد لفظ کے ظاہری معنی ہوں گے اور اس میں غیر کا احتمال بھی ہو تو متکلم ظاہری مراد کو واضح کر دے تاکہ اس کے بیان سے ظاہری حکم مقرر ہو جائے اور معانی کا احتمال نہ رہے۔

سوال بیان تغییر کیا ہے؟

جواب بیان تغییر کے ذریعے کلام کرنے والا متعلقہ کلام کے معانی اس کے بیان سے بدل سکتا ہے۔

سوال قرآن کے مطابق چوری کی حد (سزا) کیا ہے؟

جواب سورۃ مائدہ میں فرمایا گیا ہے کہ چوری کرنے والے مرد یا عورت کا دایاں ہاتھ کاٹ دیا جائے۔

سوال متواتر حدیث کیا ہے؟

جواب متواتر حدیث وہ ہے جس میں راویوں کی کثرت ہو۔

سوال حدیث مشہور سے کیا مراد ہے؟

جواب وہ حدیث جس کے راوی ہر طبقے میں کم از کم تین ہوں اور اس میں متواتر کی سب شرائط موجود نہ ہو۔

سوال حدیث احاد سے کیا مراد ہے؟

جواب وہ حدیث جس کے ثابت ہونے میں احتمال اور شبہ ہو اسے حدیث احاد کہتے ہیں۔

سوال اسناد کے لحاظ سے حدیث کی قسموں کے نام لکھیں؟

جواب (۱) مرفوع (۲) موقوف (۳) مقطوع

سوال صحت کے لحاظ سے حدیث کی قسموں کے نام لکھیے؟

جواب (۱) صحیح (۲) حسن (۳) ضعیف

سوال اتصال سند کے لحاظ سے حدیث کی قسموں کے نام لکھیے؟

جواب (۱) متصل (۲) منقطع (۳) مرسل۔

سوال۔ حدیث قدسی سے کیا مراد ہے؟

جواب حدیث قدسی سے مراد وہ حدیث ہے جس میں آنحضرتؐ اللہ کی جانب سے کوئی بات بیان فرمائیں۔

سوال خبر واحد کی تعریف کریں؟

جواب خبر واحد وہ حدیث ہے جس کو ایک راوی سے ایک جماعت یا جماعت کے ایک راوی سے نقل کیا

ہو۔ اس میں تعداد کی کوئی حد نہیں ہے۔ جب تک مشہور کی حد تک نہ پہنچے خبر واحد کو اکثر موقعوں پر قبول کیا جاتا ہے۔

سوال صحت حدیث پر کھنے اور حدیث فہمی کے لئے فقہانے جو علوم ایجاد کئے ان میں سے پانچ علوم کے نام لکھیے؟

جواب (۱) علم اسماء الرجال (۲) علم مصطلح الحدیث (۳) علم تشریح الاحادیث (۴) علم الحروف الحدیث (۵) علم التوفیق بین الاحادیث۔

سوال اصول فقہ کے ماخذ کے نام لکھیے؟

جواب (۱) الکتاب (۲) السنت (۳) اجماع (۴) قیاس۔

سوال اجماع سے کیا مراد ہے؟

جواب کسی زمانے میں تمام مجتہدین اور علماء کا کسی فیصلے پر متفق ہو جانا "اجماع" کہلاتا ہے۔

سوال اجماع کی قسمیں کون سی ہیں؟

جواب (۱) اجماع قولی (۲) اجماع سکوتی۔

سوال قیاس سے کیا مراد ہے؟

جواب کسی مسئلہ کو جس کا حکم قرآن و سنت اور اجماع میں نہ ملے اس کے مماثل کسی دوسرے مسئلہ پر قیاس کر کے حکم لگانا جو تینوں شرعی ماخذات میں سے کسی ایک میں پایا گیا ہو "قیاس" کہلاتا ہے۔

سوال قیاس کی قسموں کے نام بتائیں؟

جواب (۱) قیاس طرد (۲) قیاس عکس۔

سوال مجتہدین کے درجات کے نام لکھیے؟

جواب (۱) مجتہد فی الشرع (۲) مجتہد فی المذاہب (۳) مجتہد فی المسائل (۴) مجتہد مقید۔

سوال سبب اور علت میں کیا فرق ہے؟

جواب سبب سے مراد وہ چیز ہے جو حکم تک کسی دوسری چیز کے واسطے سے پہنچتی ہے۔ سبب اور حکم کے درمیان جو چیز واسطہ ہے اسے علت کہا جاتا ہے۔

سوال "اجتہاد" سے کیا مراد ہے؟

جواب اجتہاد کے لفظی معنی ہیں جدوجہد، کوشش، درست راہ تلاش کرنا، غور و خوض، کسی مسئلہ کا حل تلاش کرنا۔ فقہ اسلامی کی اصطلاح میں قرآن و حدیث اور اجماع پر قیاس کر کے شرعی مسائل کا اخذ کرنا "اجتہاد" کہلاتا ہے۔

سوال "مجتہد" کسے کہتے ہیں؟

جواب دلائل شرعیہ کے ذریعہ استنباط احکام کرنے والے کو مجتہد کہتے ہیں۔

سوال استحسان کی تعریف کریں؟

جواب استحسان کے لغوی معنی ہیں کسی شے کو اچھا اور مستحسن سمجھنا، پسند کرنا، پسندیدگی، اچھا جاننا، متبادل چیزوں میں سے کسی ایک کو پسندیدہ قرار دینا۔

فقہی اصطلاح میں مسئلہ کے دو پہلوؤں میں سے ایک کو کسی معقول وجہ کی بناء پر ترجیح دینا استحسان کہلاتا

ہے۔

سوال علم فقہ سے کیا مراد ہے؟

جواب لغوی اعتبار سے فقہ کے معانی سمجھ، بوجھ کے ہیں اور اصطلاحی معنی دین میں سمجھ بوجھ حاصل کرنے ہیں۔

سوال مسائل فقہ کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

جواب (۱) مناکحات (۲) عقوبات (۳) معاملات۔

سوال مناکحات سے کیا مراد ہے؟

جواب مناکحات کا تعلق مسائل فقہ میں سے نظام عالم کی بقا اور بنی نوع انسان کی بقا سے وابستہ ہے۔

سوال عقوبات کی تعریف کریں؟

جواب عقوبات سے مراد وہ قوانین ہیں جو تمدن و معاشرت کو برقرار رکھنے کے لئے تعزیرات لازمی ہوں فقہ کی اصطلاح میں عقوبات کہلاتے ہیں۔

سوال معاملات سے کیا مراد ہے؟

جواب فقہ کی اصطلاح میں وہ قوانین جو معاشرتی اور اقتصادی باہمی اور اشتراک عمل کے لئے مضر ہوں۔

سوال اسلامی قانون سازی کی ابتدا کب اور کیسے شروع ہوئی؟

جواب اسلامی قانون سازی کا دور آنحضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے اعلان نبوت ۶۱۰ھ شروع ہوا۔ آپ کے وصال ۶۳۲ھ میں ختم ہوا۔

سوال خلفاء راشدہ کے دور میں ماخذ فقہ کتنے تھے؟

جواب خلفاء راشدین کے دور میں فقہ کے ماخذ چار تھے۔ (۱) قرآن (۲) اجماع (۳) قیاس (۴) سنت۔

سوال دور دوم کے مشہور مفتی کون سے تھے؟

جواب اسلامی قانون سازی کے دوسرے دور میں خلفاء راشدین کے علاوہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ، حضرت معاذ بن جبلؓ، حضرت ابی بن کعبؓ، حضرت زید بن ثابتؓ مفتی تھے۔

سوال اسلامی قانون سازی کا تیسرا دور کب شروع ہوا اور کب ختم ہوا؟

جواب اسلامی قانون سازی کا تیسرا دور بنی امیہ کا دور حکومت ہے۔ یہ دور ۴۰ھ سے شروع ہو کر ۱۳۲ھ میں ختم ہوا۔

سوال تیسرے دور میں مفتیان مدینہ کوئی سے تین مفتیوں کے نام لکھیں؟

جواب (۱) حضرت عائشہ صدیقہؓ (۲) حضرت عبداللہ بن عمرؓ (۳) حضرت ابوہریرہؓ

سوال بنی امیہ کے دور میں مفتیان کوفہ میں کوئی سے تین کے نام لکھیے؟

جواب (۱) حضرت علقمہ بن قیسؒ (۲) حضرت اسود بن یزیدؒ (۳) حضرت سعید بن جبیرؒ۔

سوال اسلامی قانون سازی کا چوتھا دور کس کا دور ہے؟

جواب اسلامی قانون سازی کا چوتھا دور بنو عباس کا دور ہے؟

سوال اسلامی قانون سازی کا چوتھا دور کب شروع ہوا اور کب ختم ہوا؟

جواب یہ دور ۱۳۲ھ سے شروع ہوا۔ چوتھی صدی کے وسط پر ختم ہوا۔

سوال اسلامی قانون سازی کے چوتھے دور کی امتیازی خصوصیات کیا تھیں؟
جواب اس دور کی امتیازی خصوصیت یہ تھی کہ یہ دور آئمہ کبار کے پیدا ہونے کا دور ہے۔
سوال تاریخ کی رو سے فقہ سے انحطاط اور جمود کس نے توڑا؟
جواب انیسویں صدی عیسوی کے آخر میں سید جمال الدین افغانی اور شیخ محمد عبدہ اور ان کے شاگردوں نے انحطاط و تقلید کا جمود توڑا۔
سوال چوتھے دور میں اہلسنت کے مشہور مذاہب کتنے تھے۔ نام بھی لکھیے؟
جواب اہلسنت کے مشہور مذاہب دور عباسی میں چار تھے۔ (۱) حنفی (۲) مالکی (۳) شافعی (۴) حنبلی۔
سوال شیعہ مذہب کی ابتداء کب ہوئی؟
جواب شیعہ مذہب کی ابتداء حضرت علیؓ کے دور سے ہوئی۔
سوال مذہب ظاہری کا بانی کون تھا؟
جواب مذہب ظاہری کے بانی امام ابو داؤد ظاہری تھا۔
سوال امام ابو حنیفہ کا نام کیا تھا؟
جواب امام ابو حنیفہ کا نام نعمان بن ثابت تھا۔
سوال امام ابو حنیفہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
جواب امام ابو حنیفہ ۸۰ھ میں کوفہ میں پیدا ہوئے۔
سوال امام ابو حنیفہ کو امام اعظم کیوں کہتے ہیں؟
جواب تجر علمی کی وجہ سے امام ابو حنیفہ کا لقب امام اعظم ہے۔
سوال امام ابو حنیفہ نے کتنی احادیث روایت کی ہیں؟
جواب حضرت امام ابو حنیفہ نے سترہ احادیث مبارکہ روایت کی ہیں۔
سوال امام ابو حنیفہ کے شاگردوں میں سے کوئی سے تین کے نام لکھیے۔
جواب (۱) ابو یوسف (۲) محمد بن حسن بن فرقد (۳) زفر بن ہذیل بن قیس۔
سوال امام ابو حنیفہ کب اور کہاں فوت ہوئے؟
جواب امام ابو حنیفہ بغداد میں ۱۵۰ھ میں فوت ہوئے۔
سوال حاکم الشہید کس کا لقب ہے؟
جواب حاکم الشہید ابو الفضل مروزی کا لقب ہے۔
سوال شمس الائمہ کس کا لقب ہے؟
جواب شمس الائمہ امام محمد بن احمد سرخسی کا لقب ہے۔
سوال امام مالک کا اصل نام کیا ہے؟
جواب امام مالک کا اصل نام مالک بن انس بن مالک ہے۔
سوال امام مالک کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
جواب امام مالکؒ ۹۵ھ میں مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے۔
سوال امام مالکؒ کے استاد کا کیا نام تھا؟

جواب امام مالک کے کاتب کا نام حبیب تھا۔
سوال امام مالک کو کیوں کوڑے مارے گئے؟
جواب امام مالک کو حاکم مدینہ جعفر بن سلیمانؒ نے کوڑے لگوائے تھے کہ وہ جبریہ بیعت۔ جبریہ طلاق کے خلاف تھے۔
سوال امام مالک کی مشہور کتاب کون سی ہے؟
جواب امام مالک کی مشہور کتاب موطا امام مالک ہے۔
سوال دنیا میں امام مالک کے مقلدین کی تعداد کتنی ہے؟
جواب دنیا میں امام مالک کے مقلدین کی تعداد پانچ کروڑ ہے۔
سوال امام مالک نے کب اور کہاں وفات پائی؟
جواب امام مالک نے مدینہ منورہ میں ۱۷۹ھ میں وفات پائی۔
سوال امام شافعی کا اصل نام کیا تھا؟
جواب امام شافعی کا اصل نام ابو عبدہ محمد بن ادریس الشافعی ہے۔
سوال امام شافعی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
جواب آپ عسقلان کے صوبے غزہ میں ۱۵۰ھ میں پیدا ہوئے۔
سوال امام شافعی کے مشہور استاذ کون تھے؟
جواب امام شافعی نے مفتی الحرم مسلم کی شاگردی اختیار کی تھی۔
سوال امام شافعی نے اصول فقہ کی کونسی کتاب لکھی؟
جواب امام شافعی نے کتاب "الام" کے نام سے کتاب لکھی۔
سوال امام شافعی کے تین شاگردوں کے نام تحریر کریں؟
جواب (۱) امام احمد بن حنبل (۲) ابو ثور بغدادی (۳) ابو جعفر بن جریر طبری۔
سوال امام شافعی نے کب اور کہاں وفات پائی؟
جواب امام شافعی نے ۲۰۴ھ میں وفات پائی اور مقبرہ بنی عبدالحکیم میں مدفون ہوئے۔
سوال امام حنبل کا نام کیا تھا وہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
جواب امام احمد بن حنبل بغداد میں ۱۶۴ھ میں پیدا ہوئے۔
سوال امام احمد بن حنبل نے فقہ پر کونسی کتاب لکھی؟
جواب آپ نے فقہ پر کوئی کتاب نہیں لکھی۔
سوال امام احمد بن حنبل کو کس خلیفہ کے عہد میں سزا دی گئی؟
جواب آپ کو عباسی خلیفہ معتصم کے عہد میں کوڑے مارے گئے۔
سوال امام احمد کب اور کہاں فوت ہوئے؟
جواب امام احمد نے بغداد میں ۲۴۱ھ میں وفات پائی۔
سوال شیعوں کے فقہی مکتب فقہ کا کیا نام ہے؟
جواب شیعہ حضرات کا فقہی مکتب "جعفریہ" کہلاتا ہے۔

سوال فقہ جعفریہ کے مقتدا کا نام لکھیے؟
جواب فقہ جعفریہ کے مقتدا امام جعفر صادق ہیں۔
سوال فقہ جعفریہ کی چار کتابوں کے نام لکھیے؟
جواب (۱) شرح الاسلام (۲) جواہر الکلام (۳) مفتاح الکرامہ (۴) وسائل الشیعہ۔
سوال قرآن مجید سے فقہ کا جواز اور اہمیت ثابت کرنے کے لیے آیت پیش کریں۔
جواب فلولا نفر من کل فرقتہ منھم طائفتہ لیتفقھو افی الدین وَلِیُنذِرُوا قومھم اذا رجعوالیھم لَعَلَّھُم یحذرون۔

ترجمہ۔ پس کیوں ایسا نہ کیا گیا کہ مومنوں کے ہر گروہ میں سے ایک جماعت نکل آئی ہوتی کہ دین میں فہم وبصیرت پیدا کرے اور وہ اپنے گروہ میں واپس جاتی تو لوگوں کو ہوشیار کرتی تاکہ وہ برائیوں سے بچیں۔

سوال فقہ کے مفہوم کی تائید کے لیے ایک حدیث لکھیے؟
جواب فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ من یرد اللہ بہ خیرا یفقھہ فی الدین (اللہ) جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے اسے دین میں بصیرت عطا فرماتا ہے۔
سوال فقہ اسلامی کی چند خصوصیات بیان کیجیے؟
جواب (1) ہمہ گیریت (2) فلاح دین و دنیا (3) مکمل قانون (4) ناقابل ترمیم (5) کتاب وسنت پر انحصار (6) ابدیت (7) لچکدار قانون (8) سب کے لیے یکساں قانون (9) تنظیم و تدوین (10) نظریہ شوریٰ کا حامل قانون۔
سوال اسلامی فقہ کے ماخذ کی کتنی اقسام ہیں نام بھی لکھیے؟
جواب اسلامی فقہ کے ماخذ کی دو قسمیں ہیں۔
پہلا ماخذ۔ صوری ماخذ۔ دوسرا ماخذ۔ مادی ماخذ۔
سوال قرآن مجید کن امور کے لحاظ سے ایک معجزہ ہے؟
جواب۔ قرآن مجید مندرجہ ذیل امور کے لحاظ سے ایک معجزہ ہے۔
(1) جمع و تدوین کے لحاظ سے معجزہ (2) حفاظت کے لحاظ سے (3) تواتر کے لحاظ سے (4) بے مثل ہونے کے لحاظ سے (5) علمی لحاظ سے (6) فصاحت وبلاغت کے لحاظ سے (7) غیب کی خبروں کے لحاظ سے (8) عالمگیریت کے لحاظ سے
سوال قرآن مجید کی چند خصوصیات لکھیے؟
جواب (1) قرآن مجید خدا کا کلام ہے۔
(2) قرآن مجید پہلی الہامی کتب کی تصدیق کرتا ہے۔
(3) قرآن مجید آخری اور مکمل کتاب ہے۔
(4) قرآن مجید نسل انسانی کی وحدت کا پیغامبر ہے۔
(5) قرآن مجید عقائد باطلہ کی تردید کرتا ہے۔
(6) [illegible]

جواب (1) عدم حرج (2) قلت تکلیف (3) تدریج (4) نسخ

سوال عدم حرج کے لیے ایک قرآنی آیات تحریر کرے؟

جواب یرید اللہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر۔

ترجمہ۔ اللہ آسانی چاہتا ہے۔ دشواری اور تنگی نہیں چاہتا۔

سوال قلت تکلیف کے ضمن ایک قرآنی آیت تحریر کریں؟

جواب سورہ البقرہ میں فرمایا گیا ہے۔

ترجمہ! اللہ کسی پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا۔

سوال صحابہ و تابعین کے نزدیک منسوخ آیات کی تعداد کتنی ہے؟

جواب صحابہ تابعین کے نزدیک منسوخ آیات کی تعداد پانچ سو سے بھی زائد ہے۔

سوال سنت میں کون کون سے امور شامل ہیں؟

جواب سنت میں مندرجہ ذیل امور شامل ہیں۔

(1) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل۔

(2) کتاب و سنت سے ثابت احکام۔

(3) بدعت کا بالمقابل حکم (4) فرض واجب کے علاوہ وہ اعمال جن کے کرنے کا مطالبہ ہے۔

(5) حضرات صحابہ و تابعین کے معمولات و فتاوی اور ان سے منقول اصول و قواعد۔

سوال سنت کے دیگر نام لکھیے؟

جواب سنت کی مندرجہ ذیل اصطلاحات بھی استعمال ہوتی ہیں۔

(1) حدیث (2) اثر (3) خبر (4) روایت

سوال اجماع کے لغوی معانی لکھیے؟

جواب (1) اجماع کے لغوی معانی کسی چیز پر متفق ہونا (2) اتفاق، پختہ ارادہ کرنا عزم کرنا

سوال قرآن سے اجماع کے ثبوت کے لیے ایک آیات درج کریں؟

جواب مفسرین و مجتہدین اجماع کے ثبوت میں یہ آیت پیش کرتے ہیں۔

ومن یشاقق الرسول من بعد ماتبین لہ الھدی و یتبع غیر سبیل المؤمنین نولہ ما تولی ونصلہ جھنم۔ (النساء)

ترجمہ۔ اور جو شخص رسول ﷺ کی مخالفت کرے گا بعد اس کے کہ امر حق اس کے لیے ظاہر ہو گیا اور مسلمانوں کا رستہ چھوڑ کر دوسرے پر ہو لیا تو ہم اس کو جو پھر وہ کرتا ہے کرنے دیں گے اور اسے جہنم میں داخل کریں گے۔

سوال اجماع کے ثبوت کے لیے دو احادیث درج کریں؟

جواب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث درج ذیل ہیں۔

(1) جماعت کے ساتھ اللہ کی تائید ہوتی ہے۔

(2) میری امت گمراہی پر جمع نہیں ہو سکتی۔

(3) جو جماعت سے الگ ہو گا دوزخ میں جائے گا۔

سوال صورت اتفاق کے لحاظ سے اجماع کی قسمیں کتنی ہیں نام لکھیے؟

جواب صورت اتفاق کے اعتبار سے اجماع کی دو قسمیں ہیں۔

(1) اجماع صریح (2) اجماع سکوتی۔

سوال اجماع صریح سے کیا مراد ہے؟

جواب اجماع صریح سے مراد بالاتفاق سب کا کسی قول یا فعل کو اختیار کرنا۔

سوال اجماع سکوتی سے کیا مراد ہے؟

جواب کسی مسئلہ سے متعلق ایک زمانے کے کسی ایک مجتہد نے ایک حکم کا فتویٰ دیا ہو اور اس کے فتویٰ کا علم اس زمانے کے دیگر فقہائے مجتہدین کو ہو یا نہ ہو مگر ان میں کسی کی جانب سے اس حکم کی نہ تائید ہوئی اور نہ مخالفت اس قسم کا اجماع سکوتی اجماع کہلاتا ہے۔

سوال سکوتی اجماع کی کتنی صورتیں ہیں؟

جواب سکوتی اجماع کی دو صورتیں ہیں۔

سوال مجتہد کی چند صفات درج کریں؟

جواب مجتہد کی چند صفات درج ذیل ہیں۔ 1۔ مومن ہو، 2۔ عاقل ہو، 3۔ بالغ ہو، 4۔ مرد ہو، 5۔ صاحب الرائے ہو، 6۔ پاکیزہ اخلاق و کردار کا مالک ہو، 7۔ قرآن و حدیث کا عالم ہو، 8۔ احکام کو سمجھنے کی بصیرت رکھتا ہو، 9۔ مقاصد شریعت کو سمجھنے کا شعور رکھتا ہو۔

سوال ثبوت قیاس کی قرآنی آیت درج کریں؟

جواب قرآن مجید میں سورۃ حشر میں فرمایا گیا ہے۔

فاعتبروا یااولی الابصار۔

ترجمہ پس عبرت حاصل کرو اے آنکھوں والو۔

سوال ثبوت قیاس کے لیے ایک حدیث درج کریں؟

جواب ایک دفعہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابن مسعودؓ سے فرمایا۔ "جب تم قرآن و سنت میں کوئی حکم پاؤ تو اس کے مطابق فتویٰ دو اور جب کوئی حکم قرآن و سنت میں نہ پاؤ تو اپنی رائے سے اجتہاد کرو۔

سوال قیاس کی قسمیں کتنی ہیں اور نام لکھیے؟

جواب قیاس کی مختلف نوعیات کے لحاظ سے مختلف قسمیں ہیں مثلاً 1۔ قیاس طرد، 2۔ قیاس عکس۔

سوال علت کی تعریف کریں؟

جواب وہ وصف ظاہری جو کسی حکم کے وجود میں مؤثر ہو اسے علت کہتے ہیں۔

سوال علت کی شرائط درج کریں؟

جواب علت کی درج ذیل پانچ شرطیں ہیں

(1) تاثیر، (2) ظہور، (3) انضباط، (4) عدم مخالفت، (5) مناسبت۔

سوال نص سے کیا مراد ہے؟

جواب نص سے مراد ہے کتاب و سنت کے الفاظ میں کسی صورت میں علت کا مذکور ہونا

لازم ہے۔

سوال نص کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب نص کی دو قسمیں ہیں۔

(1) نص صریح، (2) نص اخیار و تنبیہ۔

سوال استحسان کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب استحسان کے لغوی معنی ہیں کسی شے کو اچھا اور مستحسن سمجھنا پسند کرنا پسندیدگی، اچھا جاننا، متبادل چیزوں میں سے کسی ایک کو پسندیدہ قرار دینا۔

سوال فقہی اصطلاح میں استحسان کے معنی تحریر کریں؟

جواب فقہی اصطلاح میں مسئلہ کے دو پہلوؤں میں سے ایک کو کسی معقول دلیل کی بنا پر ترجیح دینا استحسان کہلاتا ہے۔

سوال استحسان کا جواز قرآنی آیت سے پیش کریں؟

جواب سورۃ الزمر میں فرمایا گیا ہے۔

وَاتَّبِعُوْا احسن ما انزل الیکم من ربکم۔

تم اپنے رب کے پاس سے آئے ہوئے اچھے اچھے حکموں پر چلو۔

سوال استحسان کے جواز کے لیے حدیث لکھیے؟

جواب فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

تمہارا اچھا دین "یسر" ہے۔

سوال استحسان کی قسمیں درج کریں؟

جواب (1) استحسان بالاثر، (2) استحسان بالاجماع، (3) استحسان بالعقل، (4) استحسان بالضرورت۔

سوال مصالح کی تعریف کریں؟

جواب علماء کے نزدیک مصالح وہ ہیں "جن کا تعلق حیات انسانی کے قیام اور اس کی تکمیل سے ہو اور جن کے ذریعہ انسان اپنے شہوانی و عقلی اوصاف کے فطری تقاضوں کو پورا کر سکے"۔

سوال استصحاب سے کیا مراد ہے؟

جواب استصحاب کے معنی ہیں ساتھ میں لینا اور رکھنا۔ اصطلاحاً استصحاب سے مراد ہے کسی چیز کے سابق حکم کو حجت بنانا۔

سوال عرف کی اقسام کتنی ہیں نام درج کریں؟

جواب عرف کی دو اقسام ہیں۔

(1) عرف عام (2) عرف خاص۔

سوال دور رسالت مآب میں فتویٰ دینے والے کون اور کتنے تھے؟

جواب دور رسالت مآبؐ میں چار آدمیوں کے سوا کوئی فتویٰ نہ دیتا تھا

(1) حضرت عمر فاروقؓ، (2) حضرت علی کرم اللہ وجہہ، (3) حضرت معاذؓ، 4۔ حضرت ابو موسیٰؓ۔

لازم آئے

سوال نص کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب نص کی دو قسمیں ہیں۔

(1) نص صریح، (2) نص ایماء و تنبیہ۔

سوال استحسان کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب استحسان کے لغوی معنی ہیں کسی شے کو اچھا اور مستحسن سمجھنا، پسند کرنا، پسندیدگی، اچھا جاننا، متبادل چیزوں میں سے کسی ایک کو پسندیدہ قرار دینا۔

سوال فقہی اصطلاح میں استحسان کے معانی تحریر کریں؟

جواب فقہی اصطلاح میں مسئلہ کے دو پہلوؤں میں سے ایک کو کسی معقول دلیل کی بنا پر ترجیح دینا استحسان کہلاتا ہے۔

سوال استحسان کا جواز قرآنی آیت سے پیش کریں؟

جواب سورۃ الزمر میں فرمایا گیا ہے۔

وَاتَّبِعُوا احسن ما انزل الیکم من ربکم۔

تم اپنے رب کے پاس سے آئے ہوئے اچھے اچھے حکموں پر چلو۔

سوال استحسان کے جواز کے لیے حدیث لکھیے؟

جواب فرمان نبوی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہے۔

تمہارا اچھا دین "یسر" ہے۔

سوال استحسان کی قسمیں درج کریں؟

جواب (1) استحسان بالاثر، (2) استحسان بالاجماع، (3) استحسان بالعقل، (4) استحسان بالضرورت۔

سوال مصالح کی تعریف کریں؟

جواب علماء کے نزدیک مصالح وہ ہیں "جن کا تعلق حیات انسانی کے قیام اور اس کی تکمیل سے ہو اور جن کے ذریعہ انسان اپنے شہوانی و عقلی اوصاف کے فطری تقاضوں کو پورا کر سکے"۔

سوال استصحاب سے کیا مراد ہے؟

جواب استصحاب کے معنی ہیں ساتھ میں لینا اور رکھنا اصطلاحاً استصحاب سے مراد ہے کسی چیز کے سابق حکم کو حجت بنانا۔

سوال عرف کی اقسام کتنی ہیں نام درج کریں؟

جواب عرف کی دو اقسام ہیں۔

(1) عرف عام، (2) عرف خاص۔

سوال دور رسالت مآبؐ میں فتویٰ دینے والے کون اور کتنے تھے؟

جواب دور رسالت مآبؐ میں چار آدمیوں کے سوا کوئی فتویٰ نہ دیتا تھا

(1) حضرت عمر فاروقؓ، (2) حضرت علی کرم اللہ وجہہ، (3) حضرت معاذؓ، 4۔ حضرت ابو موسیٰؓ۔

جواب 1 ۔ جامع سفیان ثوری، 2 ۔ جامع ابن مبارک، 3 ۔ جامع امام اوزاعی۔

سوال فقہ اسلامی کے بنیادی ماخذات کے نام لکھیے؟

جواب قرآن، سنت، قیاس، اجماع۔

سوال قرآن میں کون کون سی حدود مقرر کی گئی ہیں؟

جواب قرآن نے دینوی سزاؤں میں پانچ سزاوں کی حد مقرر کی ہے 1 ۔ قصاص، 2 ۔ حد زنا، 3 ۔ حد قذف، 4 ۔ حد سرقہ، 5 ۔ حد قطع الطریق۔

سوال: نکاح کس کی اجازت سے منعقد ہوتا ہے؟
جواب: نکاح عورت کی اجازت سے منعقد ہوتا ہے۔ عورت کا الفاظ میں اقرار کرنا ضروری ہے کنواری عورت کی خاموشی بھی رضا تصور کی جاتی ہے۔
سوال: کیا نابالغ لڑکے یا لڑکی کا نکاح باپ کروا سکتا ہے؟
جواب: فقہ کا اس امر پر اتفاق ہے کہ باپ اپنے صیغر سن بیٹے یا بیٹی کا نکاح بامر مجبوری کر سکتا ہے اگر ان سے رضامندی لینا ضروری نہیں ہے۔
سوال: نکاح کے مقدمات کتنے ہیں نام بھی لکھیں؟
جواب: نکاح کے مقدمات چار ہیں۔ (۱) پیغام نکاح (۲) نکاح کا حکم (۳) منگیتر کو دیکھنا (۴) پیغام پر پیغام۔
سوال: نکاح کرنا سنت ہے یا واجب؟
جواب: اس مسئلہ میں اختلاف ہے بعض فقہاء کے نزدیک مستحب ہے بعض کے نزدیک واجب بعض کے نزدیک سنت اور بعض کے نزدیک مباح یعنی جائز ہے۔
سوال: جن رشتہ داروں کو حق ولایت حاصل ہے ان میں آٹھ رشتوں کے نام لکھئے؟
جواب: (۱) باپ (۲) دادا (۳) حقیقی بھائی (۴) حقیقی بھتیجا (۴) علاتی بھتیجا (۶) حقیقی چچا (۷) علاتی چچا (۸) مادرزاد بھائی
سوال: "خیار بلوغ" سے کیا مراد ہے؟
جواب: نابالغ لڑکے یا لڑکی کا بہ زمانہ نابالغیت ولی کے کئے ہوئے نکاح کو بالغ ہو جانے پر رد کر دینے کا اختیار "خیار بلوغ" کہلاتا ہے۔
سوال: کیا قبولیتِ نکاح فوری طور پر ضروری ہے؟
جواب: امام مالک کے نزدیک اگر دونوں جانب سے کسی کی طرف سے نکاح کے قبول میں معمولی تاخیر ہو تو نکاح جائز ہے جبکہ امام شافعی کے نزدیک تاخیر ممنوع ہے بعض فقہا کا کہنا ہے کہ ایجاب و قبول کا ایک ہی مجلس میں ہونا ضروری ہے ورنہ نکاح منعقد نہ ہو گا۔
سوال: نکاح کے لئے ولی کا ہونا ضروری ہے اس سلسلے میں ایک حدیث درج کریں؟
جواب: رسول اللہؐ نے فرمایا جو عورت اپنے ولی کے اذن کے بغیر نکاح کرے اس کا نکاح باطل ہے۔
سوال: بعض فقہا کا خیال ہے کہ ثیبہ کے نکاح کے لئے ولی کا ہونا شرط نہیں اس ضمن میں وہ قرآن کا کونسا حکم پیش کرتے ہیں؟
جواب: سورۃ البقرہ میں فرمایا گیا:

فبلغن اجلهن فلا تعضلوهن ان ينكحن ازواجهن

سورۃ البقرہ میں دوسری جگہ فرمایا گیا:

فلا جناح علیکم فیما فعلن فی انفسهن بالمعروف

سوال: فقہا کے نزدیک ولی کے کن اوصاف پر اتفاق ہے؟

جواب: (۱) اسلام (۲) بلوغ (۳) مذکر ہونا

سوال: ولی کے کن اوصاف میں فقہا کا اختلاف ہے؟

جواب: (۱) غلام ہونا (۲) فاسق ہونا (۳) بیوقوف ہونا

سوال: نکاح کے متعلق ایک حدیث درج کریں؟

جواب: نکاح کرو میں تمہاری کثرت پر دوسری قوموں پر فخر کروں گا۔

سوال: نکاح کے متعلق ایک آیت درج کریں۔

جواب: ارشاد باری تعالیٰ ہے:

فانكحوا ما طاب لكم من النساء

ترجمہ: جو عورتیں تمہیں پسند آئیں ان سے نکاح کر لو۔

سوال: کیا نکاح کا پیغام دینا واجب ہے یا مستحب ہے؟

جواب: کچھ فقہاء نے کہا ہے کہ نکاح کا پیغام دینا واجب ہے اور بعض کہتے ہیں مستحب ہے۔

سوال: نکاح منعقد ہونے کے لئے کونسے الفاظ چاہئیں؟

جواب: نکاح کا لفظ نکاح یا لفظ تزویج سے منعقد ہوتا ہے بعض فقہاء کہتے ہیں لفظ ہبہ یا بیع یا لفظ صدقہ سے بھی نکاح منعقد ہو جاتا ہے۔

سوال: اگر نکاح کرنے کے لیے مرد راضی نہ ہو تو پھر بھی نکاح ہو جاتا ہے یا نہیں؟

جواب: مرد نکاح کے لئے راضی نہ ہو تو نکاح نہیں ہوتا بالغ مرد کے لئے واضح الفاظ میں اظہار کرنا نکاح کے لئے شرط ہے نابالغ کا ولی نکاح کر سکتا ہے۔

سوال: کیا نابالغ بیوہ کو باپ نکاح پر مجبور کر سکتا ہے؟

جواب: امام ابو حنیفہ اور امام مالک فرماتے ہیں نابالغ بیوہ کو باپ مجبور کر سکتا ہے لیکن امام شافعی کے نزدیک مجبور نہیں کر سکتا۔

سوال: کیا فریقین میں قبولیت نکاح میں تاخیر ہونے کی صورت میں نکاح منعقد ہو سکتا ہے؟

جواب: امام مالک کے نزدیک معمولی تاخیر سے نکاح جائز ہو گا کچھ فقہاء کے نزدیک نکاح نہیں ہو گا امام شافعی کے نزدیک کسی ایک فریق کی تاخیر سے نکاح نہیں ہو گا امام ابو حنیفہ کے نزدیک تاخیر سے نکاح ہو جاتا ہے۔

سوال: ولی کی صفات کتنی ہیں؟

جواب: ولی کی تین صفات ہیں۔ (1) اسلام (2) بلوغ (3) مذکر ہونا اور تین صفات میں فقہاء کا اختلاف ہے۔ (1) غلام ہونا (2) فاسق ہونا (3) بیوقوف ہونا۔

سوال: اولیاء کی اقسام کتنی ہیں؟

جواب: اولیاء کی اقسام چار ہیں۔ (1) نسبت (2) سلطان (3) مولی اعلیٰ (4) مولی اسفل

سوال: قریب کے ولی کی موجودگی میں دور کا ولی کیا نکاح منعقد کروا سکتا ہے یا نہیں؟

جواب: امام مالک کے نزدیک نکاح ہو جائے گا امام شافعی کے نزدیک نہیں ہو گا۔

سوال: کفو سے کیا مراد ہے کیا کفو کو مد نظر نہ رکھتے ہوئے عورت ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کر سکتی ہے؟

جواب: کفو کے لفظی معنی۔ ہمسری و برابری کے ہیں۔ اصطلاح میں کفو سے مراد مرد اور عورت کا آپس میں مذہب' نسب' آزادی اور کردار وغیرہ میں برابری ہے۔ کفو کے بغیر ولی کی اجازت کے بغیر نکاح منعقد نہیں ہو سکتا۔

سوال: کیا کفو کا اعتبار نکاح کے بعد بھی رکھا جائے گا؟

جواب: نکاح کے بعد کفو کو معتبر نہیں سمجھا جائے گا۔

سوال: غیر کفو میں لڑکی کو نکاح کے لئے مجبور کیا جا سکتا ہے؟

جواب: غیر کفو میں لڑکی کو نکاح کے لئے مجبور نہیں کیا جا سکتا۔

سوال: فقہی اصطلاح میں کفایت سے کیا مراد ہے؟

جواب: کفایت سے مراد مرد اور عورت کا آپس میں مذہب' نسب' آزادی' اور کردار وغیرہ میں ہمسر ہونا ہے۔

سوال: کیا ولی کا اپنی زیر تولیت سے خود نکاح کر لینا جائز ہے؟

جواب: امام مالک کے نزدیک جائز اور امام شافعی کے نزدیک ناجائز ہے۔

سوال: شہادت نکاح کے لئے کتنے گواہوں کا ہونا ضروری ہے؟

جواب: نکاح کے لئے دو گواہوں کا ہونا ضروری ہے۔

سوال: کیا شہادت نکاح ضروری ہے؟

جواب: مجلس عقد میں ایجاب و قبول کے وقت گواہوں کی موجودگی اور ایجاب و قبول کی سماعت ضروری ہے۔ امام ابو حنیفہ' شافعی' اور مالک کے نزدیک شہادت نکاح کی شرائط میں سے ایک شرط ہے۔

سوال: نکاح میں گواہوں کی اہلیت کیا ہونی چاہئے؟

جواب: (1) آزاد (2) عاقل (3) بالغ (4) مسلمان

سوال: نکاح سری سے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: حضرت عمرؓ کا قول ہے کہ جس نکاح کا اعلان نہیں کیا جاتا وہ نکاح سری ہے اور اگر ایسے نکاح میں عورت نے اپنے آپ کو مرد کے سپرد کر دیا تو اسے رجم کیا جائے گا۔
سوال: کیا دو فاسق گواہوں کی گواہی سے نکاح منعقد ہو جائے گا؟
جواب: امام ابو حنیفہ کے نزدیک ہو جائے گا۔ امام شافعی کے نزدیک نہیں ہے۔
سوال: کیا نابینا اور کافر، مسلمان کے نکاح میں گواہ ہو سکتے ہیں؟
جواب: امام شافعی کے نزدیک نابینا اور کافر گواہ نہیں ہو سکتے۔ امام ابو حنیفہ کے نزدیک غیر مسلم گواہ بن سکتے ہیں۔
سوال: نکاح میں گواہوں کی تعداد کتنی ہونی چاہیے؟
جواب: گواہوں کی تعداد دو مرد یا ایک مرد اور دو عورتوں پر مشتمل ہونی چاہیے۔
سوال: حق مہر کی مقدار کا تعین کیسے کیا گیا ہے؟
جواب: حنفی فقہ میں زیادہ سے زیادہ کا تعین نہیں اور کم از کم مقدار بتا دی گئی ہے۔ شافعی حضرات نے کم از کم مقدار کا تعین نہیں کیا۔
سوال: مہر کی کم از کم مقدار کتنی مقرر کی گئی ہے؟
جواب: حنفی اور شافعی میں مہر کی کم از کم مقدار دس درہم ہے۔ امام مالک کے نزدیک تین یا پانچ درہم ہیں۔
سوال: مہر کی نوع کونسی چیز بن سکتی ہے؟
جواب: مہر وہ شے بن سکتی ہے جس کا مالک بنا جا سکتا ہو اور جو کسی شے کا عوض بن سکتی ہو۔
سوال: کیا لونڈی کے لئے آزادی حق مہر ہو سکتی ہے؟
جواب: بعض فقہاء کے نزدیک آزادی بھی مہر میں شامل ہے اور بعض کے نزدیک مہر میں شامل نہیں ہے۔
سوال: حق مہر کس وقت واجب ہو گا؟
جواب: مہر یا تو وقت دخول واجب ہے یا بوقت وفات واجب ہوتا ہے۔
سوال: مہر مسمی سے کیا مراد ہے؟
جواب: مہر مسمی وہ مہر ہے جو بوقت نکاح زوجین کے تحت مقرر ہوا ہو۔
سوال: مہر موجل سے کیا مراد ہے؟
جواب: مہر موجل وہ ہے جس کو فوری طور پر ادا کرنے کی شرط نہ ہو بلکہ طلاق یا موت کی صورت میں ادا کیا جائے۔
سوال: مہر مثل سے کیا مراد لیا جاتا ہے؟
جواب: اگر نکاح کے وقت مہر مقرر نہ کیا گیا ہو تو بعد میں عورت کے معیار کو مد نظر رکھتے ہوئے

مہر مقرر کیا جائے گا۔

سوال: کیا شراب یا خنزیر کو مہر تصور کیا جائے گا؟

جواب: شراب یا خنزیر کو مہر بنانا جائز نہیں ہے۔

سوال: نسب سے حرام ہونے والی عورتوں کی کتنی تعداد ہے؟

جواب: قرآن مجید کی رو سے نسب کے اعتبار سے حرام ہونے والی عورتوں کی تعداد سات ہے۔

سوال: مصاہرت سے کیا مراد ہے؟

جواب: مصاہرت سے مراد وہ عورتیں ہیں جو ازدواجی رشتے کی بناء پر حرام ہو جاتی ہیں۔ (۱) بیٹے کی بیوی (۲) بیوی کی بیٹی (۳) باپ کی بیوی (۴) بیوی کی ماں (۵) اسی طرح کا الٹا بیوی کے لئے مصاہرت ہو گا۔ (۱) سسر (۲) سوتیلا بیٹا (۳) داماد (۴) سوتیلا باپ۔

سوال: رشتہ ازدواج سے کتنی عورتیں حرام ہو جاتی ہیں؟

جواب: چار عورتیں حرام ہو جاتی ہیں۔ (۱) باپ کی بیویاں (۲) بیوی کی مائیں (۳) بیٹوں کی بیویاں (۴) بیویوں کی بیٹیاں۔

سوال: رضاعت کیلئے گواہی ضروری ہے؟

جواب: بعض فقہاء کے نزدیک چار عورتیں بعض کے نزدیک دو عورتیں اور بعض کے نزدیک ایک عورت کی گواہی کافی ہے۔

سوال: دودھ پلانے والی عورت کی کیفیت کیا ہونی چاہیئے؟

جواب: اس بارے میں اتفاق ہے کہ عورت خواہ بالغ یا نابالغ ہو یا حیض سے مایوس ہو گئی ہو۔ شوہر ہو یا نہ ہو' حاملہ ہو یا غیر حاملہ۔ رضاعت دودھ پلانے کی صورت میں آئے گی۔

سوال: کیا دو بہنوں کو ایک نکاح میں اکٹھے رکھا جا سکتا ہے؟

جواب: شریعت اسلام کی رو سے ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔

سوال: کیا مسلمان کافر عورت سے نکاح کر سکتا ہے؟

جواب: مسلمان کافر عورت سے نکاح نہیں کر سکتا۔

سوال: کیا مریض نکاح کر سکتا ہے؟

جواب: امام ابو حنیفہ اور امام شافعی کے نزدیک مریض نکاح کر سکتا ہے۔ لیکن امام مالک کے نزدیک نہیں کر سکتا۔

سوال: کیا عدت میں نکاح جائز ہے؟

جواب: عدت خواہ کسی قسم کی ہو اس میں نکاح جائز نہیں ہے۔

سوال: میاں بیوی کے مسلمان ہونے کی صورت میں نکاح قائم رہے گا؟

جواب: میاں بیوی کے مسلمان ہونے کی صورت میں نکاح برقرار رہے گا۔

سوال: موجبات خیار سے کیا مراد ہے؟
جواب: یہ وہ امور ہیں جن کی بناء پر نکاح کے باقی رکھنے کا اختیار مل جاتا ہے
سوال: نفقہ کی تعریف کریں؟
جواب: نفقہ سے مراد وہ ذمہ داری ہے جو شوہر کے ذمہ ہوتا ہے
سوال: کیا نابالغ فرد پر نفقہ لازم ہو گا جبکہ عورت بالغ ہو گی؟
جواب: اس صورت میں نفقہ لازم ہو گا۔
سوال: بیویوں کے درمیان عدل سے کیا مراد ہے؟
جواب: اگر ایک سے زائد بیویاں ہوں تو ان پر چیز برابر تقسیم کرنی چاہیئے
سوال: مطلقہ ہونے کی صورت میں ماں بچے کو دودھ پلا سکتی ہے؟
جواب: مطلقہ ہونے کی صورت میں بچے کی ماں کو مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ البتہ اگر پلائے تو شوہر پر نفقہ لازمی ہے۔
سوال: ممنوع اور فاسد نکاح کتنے ہیں؟
جواب: ایسے نکاح چار قسم کے ہیں جن کی کلی ممانعت ہے۔ (۱) نکاح شغار (۲) نکاح متعہ (۳) خطبہ پر خطبہ (۴) نکاح محلل
سوال: متعہ کب حرام ہوا تھا؟
جواب: متعہ خیبر کے موقع پر حرام ہوا ہے۔
سوال: کیا حلالہ سے کیا ہوا نکاح جائز ہے؟
جواب: حلالہ سے کیا ہوا نکاح جائز ہے۔
سوال: نکاح فاسد اور باطل میں کیا فرق ہے؟
جواب: جس نکاح میں کوئی شرط مفقود ہو وہ فاسد نکاح ہے۔ اور جو نکاح فی نفسہ کالعدم ہو وہ باطل نکاح ہے۔
سوال: ایک وقت میں ایک سو مرتبہ طلاق دینے سے طلاق ہو جاتی ہے
سوال: ہر بار طلاق کا لفظ استعمال کرنے سے ایک طلاق ہی تصور کی جائے گی؟
سوال: اگر تین کا لفظ استعمال کیا جائے تو کیا طلاق ہو جائے گی؟
جواب: اگر شوہر طلاق کے وقت تین طلاق کا لفظ استعمال کرے تو طلاق مغلظہ ہو جائے گی۔
سوال: کیا بیوی بھی طلاق دے سکتی ہے؟
جواب: بیوی اس صورت میں طلاق دے سکتی ہے جب خاوند نے بیوی کو طلاق کا حق دیا ہو۔
سوال: خلع سے کیا مراد ہے؟
جواب: بیوی اپنی مرضی سے حاکم وقت کے حکم کے مطابق اپنے آپ کو خاوند سے آزاد کرتی ہے

یہ خلع ہے۔

سوال: تفویض طلاق یا تملیک سے کیا مراد ہے؟
جواب: جب خاوند بیوی کو طلاق کا مالک بنا دے۔
سوال: طلاق صریح سے کیا مراد ہے؟
جواب: یہ وہ طلاق ہے جس میں صریح لفظ استعمال کیے جائیں۔
سوال: طلاق کنایہ سے کیا مراد ہے؟
جواب: ایسے الفاظ جو طلاق کے لئے مخصوص نہ ہوں مگر ان سے طلاق کے معنی لیے جائیں۔
سوال: کنایہ شرعی سے کیا مراد ہے؟
جواب: وہ الفاظ ہیں جو کاغذ پر لکھ کر دیئے جائیں مگر اس میں طلاق دینے والا اپنی بیوی کو مخاطب نہ کرے۔
سوال: طلاق میں شرط سے کیا مراد لیا جاتا ہے؟
جواب: جب طلاق دینے والا اپنے فعل کو مشروط کر دے تو اسے قید شرط کہتے ہیں۔
سوال: قید استثناء سے کیا مراد لیا جاتا ہے؟
جواب: جب طلاق دینے والا انشاء اللہ کہے تو طلاق واقع نہ ہو گی۔
سوال: مہر کسے کہتے ہیں اور اس کی مقدار کتنی ہونی چاہیئے؟
جواب: مہر کو عربی زبان میں "صداق" اور "نحلہ" کہتے ہیں۔ ہر وہ چیز جو خاوند بیوی پر استمتاع کے بعد لے یا بیوی کو دے مہر کہلاتی ہے۔ حنفی اور شافعی فقہ میں کم از کم مہر کی مقدار دس درہم اور امام مالک کے نزدیک تین یا پانچ درہم ہے۔ شیعہ مسلک میں مہر کی تعداد مقرر نہیں ہے۔
سوال: مہر کی کتنی قسم ہوتی ہے؟
جواب: مہر کی دو قسمیں ہیں۔ مہر معجل۔ مہر موجل
سوال: طلاق دینے والے کی اہلیت کیا ہونی چاہیئے؟
جواب: اس پر فقہاء کا اتفاق ہے کہ 'عاقل بالغ' آزاد شوہر جسے مجبور نہ کیا گیا ہو وہ طلاق دے سکتا ہے۔
سوال: عدت کی تعریف کریں؟
جواب: وہ مدت جس میں عورت کو طلاق ملنے یا شوہر کے وفات ہونے کے بعد نکاح ثانی کرنے کی اجازت نہ تھی۔
سوال: حکمین سے کیا مراد لیا جاتا ہے؟
جواب: حکمین "حکم" کی جمع ہے حکم وہ ہوتا ہے جو فریقین کی رضامندی سے تیسرے شخص کو

ثالث مقرر کیا جاتا ہے۔

سوال: ایلاء کی مدت کتنی ہے؟

جواب: ایلاء کی مدت چار ماہ ہے۔

سوال: ایلاء سے طلاق بائن ہوتی ہے یا طلاق رجعی ہوتی ہے؟

جواب: امام مالکؒ اور شافعیؒ کے نزدیک طلاق رجعی ہوتی ہے۔ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک طلاق بائن ہوتی ہے۔

سوال: ظہار سے کیا مراد ہے؟

جواب: شوہر اپنی بیوی کو دائمی محرم عورت سے تشبیہ دے تو یہ ظہار کہلاتا ہے۔

سوال: کیا بیوی کے علاوہ کسی اور عورت سے ظہار ہو سکتا ہے؟

جواب: ظہار صرف اپنی منکوحہ سے ہی ہو سکتا ہے۔ باندی سے ظہار درست نہیں ہے۔

سوال: ظہار کا کفارہ کیا ہے؟

جواب: (۱) غلام آزاد کرنا (۲) دو ماہ کے روزے رکھنا (۳) ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا۔

سوال: لعان کا کیا طریقہ ہے؟

جواب: شوہر چار قسمیں اللہ کے نام کی کھائے اور پانچویں مرتبہ کہے اگر میں غلط تو اس پر خدا کی لعنت ہو۔

سوال: احداد سے کیا مراد ہے؟

جواب: احداد سے مراد سوگ ہے جو بیوی خاوند کے مرنے پر مناتی ہے۔

سوال: سوگ والی کے لئے احتیاط کی کیا صورتیں ہیں؟

جواب: سوگ والی عورت کو زینت سے پرہیز کرنا چاہئے۔ جو مردوں کے لئے کشش کا سامان ہو۔

سوال: کیا کافرہ عورت بھی سوگ منائے؟

جواب: جو لوگ کہتے ہیں کہ سوگ عبادت ہے وہ کافرہ کے لئے جائز قرار نہیں دیتے اور جو کہتے ہیں عبادت نہیں وہ کافرہ عورت پر سوگ ضروری قرار دیتے ہیں۔

سوال: قاضی کی صفات میں سے پانچ کو تحریر کریں؟

جواب: (۱) آزاد ہو (۲) بالغ ہو' عاقل ہو (۳) مسلمان ہو (۴) عادل ہو (۵) مذکر ہو۔

سوال: قاضی کن معاملات میں فیصلے کر سکتا ہے؟

جواب: قاضی قرآن و سنت کے خلاف فیصلہ نہیں دے سکتا؟

سوال: قاضی کے لئے کونسے فیصلے نافذ ہوں گے؟

جواب: قاضی کے وہ فیصلے نافذ ہوں گے جو قرآن و سنت کے مطابق ہوں۔

سوال: گواہوں کے لئے کونسی شرائط ہیں؟

جواب: (۱) عدالت (۲) بلوغت (۳) اسلام (۴) حدیث
سوال: کیا قاضی اپنے علم کی بنیاد پر فیصلہ دے سکتا ہے؟
جواب: اس بارے میں اختلاف ہے۔ بعض فقہاء کہتے ہیں فیصلہ کر سکتا ہے۔ بعض کہتے ہیں فیصلہ نہیں کر سکتا۔
سوال: اقرار سے کیا مراد ہے؟
جواب: جب اقرار کھلے الفاظ میں ہو تو اس پر کیے گئے حکم کے وجوب میں کوئی اختلاف نہیں۔
سوال: قاضی فیصلہ کس طرح کرے؟
جواب: قاضی فریقین میں برابری رکھے اور دونوں فریقین کی بات غور سے سنے تو فیصلہ کرے۔
سوال: قاضی کب فیصلہ نہ کرے گا؟
جواب: قاضی اس حالت میں فیصلہ نہ کرے جبکہ وہ غضبناک ہو؟
سوال: مدعا علیہ پر فیصلہ کب نافذ ہو گا؟
جواب: اسے مہلت دینے اور عذر پیش کرنے کا موقع دینے کے بعد نافذ ہو گا۔
سوال: نکاح کی دائمی ممانعتوں کی تشریح کریں؟
جواب: ابن رشد نے دائمی ممانعتیں چار بیان کی ہیں۔ (۱) نسب (۲) مصاہرت (۳) رضاعت (۴) لعان

(۱) نکاح کی پہلی ممانعت نسبی ماں، بیٹی، بہن، پھوپھی، خالہ، بھتیجی، بھانجی سے نکاح جائز نہیں۔

(۲) مصاہرت سے مراد ازدواجی رشتہ کی وجہ سے دوسروں سے رشتہ داری ہو۔ سوتیلی بیٹی، سوتیلی ماں اور ساس۔

سوال: حضانت کسے کہتے ہیں اس کی وضاحت کیجئے؟
جواب: لغت میں حضانت کے معنی ہیں تربیت۔ جبکہ شرعی اصطلاح میں ماں یا کسی شرعی مستحق کے کسی چھوٹے بچے کی پرورش کرنا حضانت کہلاتا ہے۔
سوال: حکمین کسے کہتے ہیں؟
جواب: حکمین جمع ہے حکم کی۔ اس سے مراد ثالث فریقین کا رضامندی سے کسی تیسرے شخص کا جو حاکم نہ ہو جھگڑے میں فیصلہ کرنے والا تسلیم کر لینا۔ اس طرح یہ تیسرا ثالث یا حکم کہلاتا ہے۔
سوال: "احداد" سے کیا مراد ہے؟
جواب: شوہر کے فوت ہو جانے کے بعد بیوی کا سوگ منانا "احداد" کہلاتا ہے۔
سوال: مقدمات میں گواہوں کی تعداد کتنی ہونی چاہیے؟

جواب: زنا کے مقدمہ میں چار گواہ اور باقی مقدمات میں دو گواہوں کی شہادت ضروری ہے۔
سوال: مصر مسلمانوں نے کب فتح کیا تھا؟
جواب: مصر مسلمانوں نے حضرت عمر فاروق ؓ کے دور میں حضرت عمرو بن العاص ؓ نے فتح کیا تھا۔
سوال: فاطمی خاندان نے مصر پر کتنے عرصہ تک حکومت کی؟
جواب: فاطمی خاندان نے دو سو برس تک مصر پر حکومت کی تھی۔
سوال: ۱۵۱۷ء میں مصر پر کس کا اقتدار تھا؟
جواب: ۱۵۱۷ء میں مصر پر دولت عثمانیہ کی حکومت تھی۔
سوال: نپولین نے مصر کب فتح کیا؟
جواب: ۱۷۹۸ء میں فرانس کے مشہور فاتح نپولین نے مصر کو فتح کیا تھا۔
سوال: مصر میں فوجی انقلاب کب آیا؟
جواب: مصر میں فوجی انقلاب ۱۹۵۲ء میں آیا۔ آخری بادشاہ فاروق تھا۔
سوال: مصر کا سرکاری مذہب کونسا رہا ہے؟
جواب: مصر کا سرکاری مذہب حنفی ہے۔
سوال: مصری تعزیری قوانین کتنے ہیں؟
جواب: قانون تعزیری مصری بڑے چار ہیں جن کو کتاب کے عنوان سے تعبیر کیا گیا ہے۔
سوال: برطانیہ نے مسلمانوں کیلئے کب قانون بنایا تھا۔
جواب: برطانیہ نے ۱۷۷۲ء میں اعلان کیا کہ مسلمانوں کے قوانین قرآنی شریعت کے مطابق ہونگے۔
سوال: ہندوستان میں فقہ کی کونسی کتابیں رائج تھیں؟
جواب: ہندوستان میں فقہ حنفی کی کتاب الہدایہ فتاویٰ عالمگیری اور سراجیہ وغیرہ نے شہرت حاصل کی اور فقہ جعفری کی کتاب شرائع الاسلام رائج تھی۔
سوال: ہندوستان میں اصلاحی اور علمی تحریک کے رنگ میں کونسی تحریک اٹھی؟
جواب: غلام احمد قادیانی ۱۸۳۹ء-1908ء نے تحریک شروع کی تھی۔
سوال: قادیانی جماعت کتنے حصوں میں منقسم ہے؟
جواب: قادیانی جماعت دو حصوں میں منقسم ہے۔ (۱) قادیانی (۲) لاہوری۔
سوال: ایران کا کل رقبہ کتنا ہے؟
جواب: ایران کا کل رقبہ چھ لاکھ ۲۸ ہزار مربع میل ہے۔
سوال: مسلمانوں نے ایران کو کب فتح کیا؟
جواب: حضرت عمر فاروق ؓ کے لشکر نے ۲۰ھ میں ایران کو فتح کیا۔

سوال: ایرانیوں نے کس بادشاہ کی تبلیغ سے اسلام قبول کیا؟
جواب: ایرانیوں نے بنی امیہ خاندان کے حکمران مہدی کی تبلیغ سے اسلام قبول کیا۔
سوال: ایران کو کب اور کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا؟
جواب: ایران کو ۱۳۳۵ھ میں پانچ حصوں میں تقسیم کیا گیا۔
سوال: کس بادشاہ نے سارے ایران کو فتح کیا اور وہ کب فوت ہو گیا تھا؟
جواب: تیمور بادشاہ نے تمام حکمرانوں کو شکست دی اور اکیلا حکمران بن گیا تھا۔ اس نے ۱۴۰۴ء میں وفات پائی۔
سوال: سلطنت صفویہ کا آغاز کب ہوا اور اس کا بانی کون تھا؟
جواب: سلطنت صفویہ ۱۳۹۹ء میں قائم ہوئی اس کا بانی سید صفی الدین اردبیلی تھا۔
سوال: ایران میں دستور ساز اسمبلی کب اور کیسے بنی؟
جواب: ۳۰ دسمبر ۱۹۰۲ء میں ایرن کا آئین تیار کیا گیا۔
سوال: ایران کے کتنے صوبے ہیں؟
جواب: ایران دس صوبوں پر مشتمل ہے۔
سوال: ایران میں قانون انکار زوجیت کب مرتب کیا گیا تھا؟
جواب: قانون انکار زوجیت ۱۳۱۱ھ میں مرتب کیا گیا تھا۔
سوال: جنایت سے مراد کونسا جرم ہے؟
جواب: جنایت ایسا جرم ہے کہ ایسے مجرم کو پانچ قسم کی سزا دی جاتی ہے۔
سوال: خلاف سے کیا مراد ہے؟
جواب: خلاف ایسے جرم کا نام ہے جس کی سزا دو سے دس دن تک دی جاتی ہے۔
سوال: ایران میں تعزیری قوانین کتنی قسم کے ہیں؟
جواب: ایران کے تعزیری قوانین چودہ قسم کے ہیں۔
سوال: کیا ایران میں چوری کرنے والے کے ہاتھ کاٹے جاتے ہیں؟
جواب: ایران میں چور کے ہاتھ نہیں کاٹے جاتے اور نہ شراب کی سزا کوڑے لگانا مقرر ہے۔
سوال: عراق کے زرخیز ہونے کی کیا وجہ ہے؟
جواب: عراق دریائے دجلہ اور دریائے فرات کی وجہ سے زرخیز ہے۔
سوال: عراق کا کل رقبہ کتنا ہے؟
جواب: عراق کا کل رقبہ ایک لاکھ پانچ ہزار مربع میل ہے۔
سوال: عراق میں کتنے عرب اور کتنے کرد ہیں؟
جواب: عراق میں ۷۹ فیصد عرب اور ۷ افصد کرد ہیں۔

سوال: عراق میں جرائم کی سزاؤں کی کل تعداد کتنی ہیں؟
جواب: آٹھ ہے۔
سوال: جرم لواطت کی سزا کتنی ہے؟
جواب: جرم لواطت کی سزا پندرہ سے زیادہ نہیں ہے۔
سوال: قانون سرقہ کی رو سے حد سزا کیا ہے؟
جواب: سرقہ کی صورت میں ۱۵ برس سے زیادہ قید نہ ہوگی۔
سوال: سعودی عرب میں وھابی تحریک کی ابتدا کب سے ہوئی؟
جواب: تقریباً دو سو برس پہلے وھابی مذہب کی اشاعت شروع ہوئی۔
سوال: ابتداء میں وہاں فرقہ کے ساتھ کتنے آدمی منسلک تھے؟
جواب: ابتداء میں وھابی فرقے کے ساتھ تقریباً 1800 کے قریب لوگ منسلک تھے۔
سوال: عبدالعزیز نے نجد کو کب فتح کیا؟
جواب: عبدالعزیز سعود نے ۱۹۰۲ میں نجد کو فتح کیا۔
سوال: کون سے شخص نے کب اور کہاں سے خلیفۃ المسلمین ہونے کا دعویٰ کیا تھا؟
جواب: ۱۵ مارچ ۱۹۲۴ء سلطان حسین شریف نے خلیفۃ المسلمین ہونے کا دعویٰ کیا۔
سوال: سعودی عرب میں چوری کی سزا اور زنا کی سزا کیا مقرر ہے؟
جواب: سعودی عرب میں چور کے ہاتھ کاٹے جاتے ہیں اور زانی کو سنگ سار کیا جاتا ہے۔
سوال: ملک شام کو مسلمانوں نے کب فتح کیا تھا؟
جواب: ملک شام کو مسلمانوں نے حضرت عمر فاروق ؓ کے دور میں فتح کیا تھا۔ اور اب تک مسلمانوں کی بادشاہت ہے۔
سوال: قانون مدنی شام کتنے صفحات پر مشتمل ہے؟
جواب: قانون مدنی شام ۱۴۲۹ صفحات پر مشتمل ہے۔
سوال: قانون عقوبات کتنے حصے پر مشتمل ہے؟
جواب: قانون عقوبات حکومت شام کے دو حصے ہیں؟
سوال: عراق قانون کے مطابق جنایات کی تعریف کیا ہے؟
جواب: جنایات وہ قانون ہے جس کی سزا موت یا غیر معین عرصے کے لئے قید ہے۔
سوال: جنح سے کیا مراد ہے؟
جواب: اس جرم میں قید یا جبری اقامت یا جرمانہ کیا جاتا ہے؟
سوال: مخالفت سے کیا مراد ہے؟
جواب: اس جرم میں جرمانہ اور حبس تکریری شامل ہیں۔

سوال: شام میں زانیہ کی کیا سزا ہے؟
جواب: زانیہ تین ماہ سے دو برس تک قید کی سزا کی مستوجب ہو گی۔
سوال: قذف کی کیا سزا مقرر ہے؟
جواب: قذف کی سزا ملک شام میں نہیں ہے۔
سوال: نشہ کے استعمال کی صورت میں کیا سزا مقرر ہے؟
جواب: نشہ کی حالت میں سزا اور جرمانہ کی سزا مقرر ہے۔
سوال: انڈونیشیا کا نام کب اور کیسے رکھا گیا؟
جواب: ۱۹۲۱ء میں ہندوستان کے مشرقی جزائر کا نام مجاہدین حریت نے تبدیل کر کے انڈونیشیا رکھ دیا۔
سوال: انڈونیشیا میں کتنے جزائر شامل ہیں؟
جواب: چار ہزار سے زائد جزائر ہیں۔
سوال: کیا انڈونیشیا عالم اسلام میں سب سے بڑا ملک ہے؟
جواب: انڈونیشیا عالم اسلام میں سب سے بڑا ملک ہے۔
سوال: جغرافیائی اعتبار سے انڈونیشیا کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟
جواب: چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ جاوا' لنکا' ماز بورنیو' بانکن شامل ہیں۔
سوال: انڈونیشیا میں مسلمان کب داخل ہوئے تھے؟
جواب: انڈونیشیا میں مسلمان گیارھویں صدی عیسوی میں داخل ہوئے تھے۔
سوال: ابن بطوطہ نے انڈونیشیا کی کب سیر کی تھی؟
جواب: ابن بطوطہ نے ۱۳۴۲ میں ملک کی سیاحت کی تھی۔
سوال: انڈونیشیا میں مسلمانوں کے خلاف سازش کب ہوئی تھی؟
جواب: ۱۵۹۵ء میں ولندیزیوں نے تیمور کے علاقے میں ڈچ ایسٹ انڈیا کمپنی کی بنیاد رکھی۔ اس سے مسلمانوں کے خلاف سازشوں کا آغاز ہوا۔
سوال: انڈونیشیا میں کب اور کس نے جہاد کا اعلان کیا تھا؟
جواب: انیسویں صدی کے آغاز میں مسلمانوں نے غیر ملکی مداخلت سے تنگ آ کر امام بنجول نے جہاد کا اعلان کر دیا تھا۔
سوال: انڈونیشیا کب اور کیسے آزاد ہوا؟
جواب: ۱۵ اگست ۱۹۵۰ء کو انڈونیشیا نے آزادی حاصل کی۔ ایک متحدہ آزاد مسلم مملکت کے نام سے ابھر کر سامنے آیا۔

سوال : فقہ کی تعریف کریں؟
جواب : فقہ کی تعریف۔
امام ابو حنیفہ کے نزدیک :
"مختلف شرعی قوانین کے استنباط کا نام ہے"
علامہ زمخشری کے نزدیک :
(الف) فقہ کی حقیقت تحقیق و تفتیش کرنا اور کھولنا ہے۔
(ب) احکام میں غور کر کے ان کے حقائق معلوم کرنا اور مشکل و مغلق امور کو کھولنا ہے۔
(۳) امام غزالی کے مطابق :
"فقہ سے مراد تفکر و تدبر کر کے قوانین کے حقائق کا پتہ لگانا اور مشکل و مغلق امور کو واضح کرنا" فقہ کہلاتا ہے۔

سوال : فقہ کے دائرہ کار کی وضاحت کریں؟
جواب : اب فقہ کا دائرہ کار حسب ذیل امور تک سمٹ کر رہ گیا۔
(ا) عبادات (۲) معاملات (۳) مناکحات (۴) عقوبات (۵) مخاصمات (۶) حکومت و خلافت۔

سوال : فقہ کی ضرورت و اہمیت کو نکات سے واضح کریں؟
جواب :
۱۔ قرآن مجید میں فقیہوں کی ایک جماعت کے پیدا ہونے کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔
۲۔ معیاری اسلامی قوانین کا میسر آنا۔
۳۔ فقہ قرآن و سنت کی تعبیر و تشریح ہے۔
۴۔ فقہ ہر دور کی ایک اہم ضرورت ہے۔
۵۔ فقہ کو اسلامی قانون کا درجہ حاصل ہے۔

سوال : فقہ اسلامی کی خصوصیات لکھیے۔
جواب : فقہ اسلامی کی خصوصیات۔
۱۔ ہمہ گیریت
۲۔ فلاح دین و دنیا
۳۔ مکمل قانون
۴۔ آئینہ دار عظمت انسانی
۵۔ ناقابل ترمیم
۶۔ کتاب و سنت پر انحصار
۷۔ ابدیت
۸۔ غیر موضوعہ قانون

۹- لچکدار قانون
۱۰- سب کے لئے یکساں قانون
۱۱- معاشی و معاشرتی مسائل کا حل
۱۲- تنظیم و تدوین
۳- نظریہ شوریٰ کا حامل قانون

سوال: ماخذ سے کیا مراد ہے؟
جواب: "ماخذ" سے مراد وہ ذرائع ہیں جن سے قانون اخذ کیا جاتا ہے۔ ماخذ کی دو قسمیں ہیں اول ماخذ "صوری" یعنی وہ ماخذ جس کے ذریعے قانون اپنا جواز اور اثر حاصل کرتا ہے دوم ماخذ "مادی" یعنی وہ ماخذ جس سے قانون اپنا مواد حاصل کرتا ہے۔
سوال: "نسخ" سے کیا مراد ہے صحابہ کرام اور علمائے اصول کے نزدیک؟
جواب: صحابہ کرام "نسخ" کو اس کے اصلی اور لغوی معانی میں ہی استعمال کرتے ہیں ان کے نزدیک "نسخ" سے مراد ایک چیز کو کسی دوسری چیز کے ذریعہ مٹا دینا" یہ استعمال اس استعمال کے بالکل خلاف ہے۔ جسے علمائے اصول نے اصطلاح کے طور پر اختیار کیا ہے علمائے اصول کے نزدیک نسخ کے معنی ہیں آیت کے بعض احکام کو کسی دوسری آیت کے ذریعے ختم کر دینا۔
سوال: "یسعلونک عن الشہر الحرام" اس آیت کی منسوخ آیت لکھئے؟
جواب: اس آیت کو ذیل کی آیت نے منسوخ کیا ہے و قاتلوا المشرکین کافة۔
سوال: سنت کے معنی اور تعریف کریں؟
جواب: "سنت" کے لغوی معانی ہیں طریقہ، عادت بیان۔
سنت کی اصطلاحی تعریف:
رسول اکرم ﷺ کے قول، فعل اور تقریر کے مجموعہ کو "سنت" کہتے ہیں۔
سوال: سنت کی اہمیت نکات کی مدد سے واضح کریں؟
جواب:
۱- سنت کو تائید ایزدی حاصل ہے۔
۲- سنت و حدیث من جانب اللہ ہے۔
۳- سنت کے بغیر قرآن فہمی کا ناممکن ہونا۔
۴- سنت کا اسلامی قانون کا ماخذ ہونا۔
۵- سنت کا آنحضورؐ کا اسوہ حسنہ پیش کرنا۔
۶- سنت کا مقام خود آنحضورؐ صحابہ اور تابعین کی نگاہ میں
سوال: سنت کو تائید ایزدی حاصل ہے قرآن کا حوالہ دیں؟
جواب: سورۃ نساء میں فرمایا گیا ہے۔

سوال : من یطع الرسول فقد اطاع اللّٰہ؟
ترجمہ "جس نے رسولؐ کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی"
(ب) یایھا الذین امنوا اطیعوا اللّٰہ و اطیعوا الرسول۔
ترجمہ "اے لوگو! جو ایمان لائے ہو' اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی"
سوال : ایک مثال درج کریں جس سے یہ ثابت ہو کہ سنت کے بغیر قرآن فہمی ممکن نہیں؟
جواب : حج سے متعلق۔
قرآن مجید میں حج سے متعلق صرف اتنا کہا گیا ہے۔
"اللہ کے لئے لوگوں پر بیت اللہ کا حج فرض ہے"۔
لیکن حج سے متعلقہ تمام تفصیلی احکام آنحضرت ﷺ نے بتائے ہیں۔
سوال : حضور ﷺ کی نگاہ میں حضور کا کیا مقام ہے؟
جواب : سنت۔ نگاہ رسول میں۔
رسول اکرم ﷺ کا فرمان ہے۔
۱۔ ہماری سنت کے خلاف جو بات نکالی جائے وہ مسترد ہوگی"۔
۲۔ "میری حدیث جیسی سنو ویسی بیان کرو"۔
سوال : سنت کی اہمیت میں امام ابو حنیفہؒ کا ایک قول درج کریں؟
جواب : امام ابو حنیفہؒ کا قول ہے۔
۱۔ "جو بات نبی اکرم ﷺ سے منقول ہو وہ سر و چشم قبول ہے"
۲۔ "جب صحیح حدیث موجود ہو تو میرا مذہب وہی ہے"۔
سوال : سنت کی اہمیت میں امام احمد بن حنبل کا کیا قول ہے؟
جواب : امام احمد بن حنبل کا قول ہے کہ : ۔
"جس نے رسول اکرم ﷺ کی حدیث کو رد کیا وہ تباہی کے کنارے پر پہنچ گیا"۔
سوال : سنت کی اہمیت میں امام مالک کا قول درج کریں؟
جواب : امام مالک کا قول ہے۔
"سنت نوح کا سفینہ ہے جو اس میں بیٹھا بچ رہا اور جو رہ گیا وہ غرق ہوا"۔
سوال : مدار و مصدر کے اعتبار سے سنت کی اقسام لکھئے؟
جواب : مدار و مصدر کے لحاظ سے سنت کی چار قسمیں ہیں۔
۱۔ حدیث قدسی
۲۔ مرفوع
۳۔ موقوف
۴۔ مقطوع

سوال : مرفوع سے مراد کونسی حدیث ہے؟

جواب : وہ حدیث جو صراحت کے ساتھ آنحضور ﷺ کی طرف منسوب ہو۔

سوال : مرفوع کی کتنی اقسام ہیں ان کے نام لکھئے؟

جواب : مرفوع کی چار قسمیں ہیں۔

(۱) قولی (۲) فعلی (۳) تقریری (۴) وصفی۔

سوال : "مسند" حدیث کسے کہتے ہیں؟

جواب : وہ حدیث جو مرفوع اور متصل ہو اسے "مسند" کہتے ہیں۔

سوال : موقوف حدیث سے کیا مراد ہے؟

جواب : وہ حدیث جو صحابی کی طرف منسوب ہو خواہ قول و فعل ہو یا تقریر اور خواہ صحابی یا تابعی بیان کرے یا کوئی دوسرا اور خواہ سند ہو یا نہ ہو۔۔

سوال : مقطوع سے کیا مراد ہے؟

جواب : وہ قول و فعل جس کی کسی تابعی کی طرف نسبت کی جائے مقطوع کی دو قسمیں ہیں۔

اول قولی دوم فعلی۔

سوال : "خبر متواتر" کی تعریف کریں؟

جواب : خبر متواتر کی تعریف۔

"ایسی حدیث جس کے راوی سند کے ہر طبقہ میں اتنے ہوں کہ عقل و عادت جھوٹ بولنے پر ان کے اتفاق کرنے کو ناممکن قرار دیں اس کیفیت کے ساتھ حدیث یا کسی خبر کی نقل کو "تواتر" کہتے ہیں۔

سوال : خبر متواتر کے تواتر کی کتنی قسمیں ہیں ان کے نام لکھئے؟

جواب : چار شرطیں ہیں۔

۱۔ کثرتِ روایت

۲۔ ہر طبقہ میں کثرت

۳۔ جھوٹ پر اتفاق کا محال ہونا

۴۔ مضمون کا حیات سے متعلق ہونا

سوال : متواتر کی کتنی اقسام ہیں ان کے نام لکھیے؟

جواب : متواتر کی پانچ قسمیں ہیں۔

۱۔ متواتر لفظی

۲۔ متواتر معنوی

۳۔ متواتر عملی

۴۔ متواتر طبقہ

۵- متواتر استدلالی

سوال : خبر واحد پر عمل کی کیا شرطیں ہیں؟

جواب : (الف) شروط بلحاظ راوی (ب) شروط بلحاظ روایت۔

سوال : اجماع کی تعریف کریں؟

جواب : فقہی اصطلاح میں اجماع سے مراد :

"کسی زمانے کے اصحاب حل و عقد یا معتمد علماء و مجتہدین کا کسی امر پر متفق ہونا یہ امت کے منتخب اہل علم کا اتفاق فیصلہ ہوتا ہے"

سوال : اجتہاد کی تائید میں ایک آیات یا اس کا ترجمہ لکھئے؟

جواب : مندرجہ ذیل آیت سے اجتہاد کی تائید ہوتی ہے۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

ترجمہ۔ (اے آنکھوں والو! عبرت حاصل کرو)

سوال : مجتہد کی صفات؟

جواب : ۔

۱- مومن ہو اور مرد ہو

۲- عاقل ہو اور بالغ ہو

۳- صائب الرائے ہو

۴- پاکیزہ اخلاق و کردار کا مالک ہو

۵- قرآن حدیث کا عالم ہو

سوال : مجتہدین کے اہم درجات کے صرف نام لکھئے؟

جواب : مجتہدین کے کئی درجے ہیں جن میں سے مندرجہ ذیل چار درجات اہمیت کے حامل ہیں۔۔

۱- مجتہد فی الشرع

۲- مجتہد فی المذہب

۳- مجتہد فی المسائل

۴- مجتہد مقید

سوال : قیاس کی تعریف کریں؟

جواب : قیاس کی تعریف :

"دو مسئلوں میں اجتماع علت کی وجہ سے جو حکم ایک مسئلہ کا ہو وہی حکم دوسرے مسئلہ کا قرار دینا"۔

"حکم اور علت میں صریح (نیا مسئلہ) کو اصل (سابق حکم) کے مطابق کرنا

سوال : علت کے مواقع اور اس کے جاننے کے اصولاً کتنے ذرائع ہیں؟

جواب : اصولاً تین ذرائع ہیں۔
(۱) نص (۲) اجماع (۳) استنباط

سوال : استنباط سے کیا مراد ہے؟
جواب : "استنباط سے مراد ہے' عقل سے غور و فکر کے ذریعہ کسی وصف کو کسی حکم کے لئے علت قرار دینا"۔

سوال : استنباط کی صورتیں کتنی ہیں ان کے نام لکھئے؟
جواب : استنباط کی کئی صورتیں ہیں جن میں دو اہمیت کی حامل ہیں۔ (۱) سیر و تقسیم (۲) اظہار مناسب۔

سوال : علت کو کام میں لانے کے کتنے مراحل ہیں؟
جواب : مندرجہ ذیل مراحل ہیں۔
۱۔ تخریج
۲۔ تصحیح
۳۔ تحقیق

سوال : مصالح مرسلہ میں "مصلحت" سے کیا مراد ہے؟
جواب : مصالح مرسلہ میں "مصلحت" سے مراد ہے' اس کے جواب میں اس کی تعریف یوں کی جا سکتی ہے کہ کسی منفعت کی تحصیل یا تکمیل یا کسی مضرت و تنگی کے ازالہ یا تخفیف کی وہ صورت "مصلحت" کہلاتی ہے جو شارع کے مقصود کی رعایت و حفاظت پر مبنی ہو۔۔

سوال : مصلحت کی کتنی اقسام ہیں ان کے نام لکھئے؟
جواب : مصلحت کی تین صورتیں ہیں۔
(۱) ضرورت (۲) حاجات (۳) تحسینات

سوال : استصحاب سے کیا مراد ہے؟
جواب : استصحاب سے مراد کسی چیز کے سابق حال و حکم کو حجت بنانا۔ بالفاظ دیگر کسی چیز کو اس کے سابق حال و حکم پر کسی ایسی مستقل دلیل کے بغیر جس سے اس حال و حکم کا بقا ثابت ہو باقی رکھنا۔۔

سوال : استصحاب کی کتنی اقسام ہیں ان کے نام لکھئے؟
جواب : استصحاب کی دو قسمیں ہیں۔
۱۔ استصحاب عدم اصلی
۲۔ استصحاب حکم شرعی

سوال : "تعامل" سے کیا مراد ہے؟
جواب : "تعامل" سے مراد تعامل صحابہ ہے یعنی رسول اکرم ﷺ کے صحابہ کا طرز عمل کہ وہ

کن باتوں پر کن طریقوں سے عمل کرتے تھے۔

سوال : عرف و رواج فقہ اسلامی کا کونسا ماخذ ہے؟

جواب : عرف و رواج فقہ اسلامی کا دسواں ماخذ ہے۔

سوال : فقہ اسلامی کو بلحاظ قانون سازی کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟

جواب : فقہ اسلامی کو بلحاظ قانون سازی چھ ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

۱- دور رسالت مآب ﷺ
۲- دور خلافت راشدہ
۳- دور بنی امیہ
۴- دور انحطاط و تقلید
۵- جدید بیداری کا دور

سوال : "تقلید" سے کیا مراد ہے؟

جواب : "تقلید" سے مراد ہے کسی کے قول و فعل کو اپنے اوپر شرع کے طور پر لازم جاننا، فقہائے اربعہ میں سے کسی ایک فقیہہ کو برحق سمجھ کر اس کے مسلک و مذہب کی پیروی کرنا۔

سوال : دور تقلید کے چند مجتہدین کے نام لکھئے؟

جواب : دور تقلید کے مجتہدین۔

۱- ابوالحسن عبیداللہ کرخی
۲- ابوبکر احمد بن علی جصاص
۳- ابو اللیث نصر بن محمد سمرقندی
۴- ابوالحسن احمد بن محمد القدوری
۵- علی بن محمد
۶- محمد بن احمد سرخسی
۷- محمد بن یحییٰ اندلسی
۸- امام محمد غزالی

سوال : پاکستان اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا تھا اس سلسلے میں قائداعظم نے کیا فرمایا تھا؟

جواب : قائداعظم نے فرمایا تھا کہ :-

"پاکستان ایک جمہوری مملکت ہوگی جس کی بنیاد اسلام کے عدل عمرانی کے اصولوں پر رکھی جائے گی"۔

سوال : امام ابو حنیفہ کی تصانیف کے نام لکھئے؟

جواب : امام ابو حنیفہ کی تصانیف کے نام یوں ہیں۔

۱- العالم والمتعلم
۲- الفقہ الاکبر
۳- مسانید

سوال : "الفقہ الاکبر" کے مصنف کا نام لکھئے؟
جواب : امام ابو حنیفہ۔

سوال : امام ابو حنیفہ نے جو فقہی افکار و نظریات بیان کئے ان کے نام لکھئے؟
جواب : فقہی افکار و نظریات۔

۱- کتاب و سنت پر بے چوں و چرا ایمان
۲- حدیث سے متعلق
۳- اقوال صحابہ سے متعلق
۴- اقوال تابعین سے متعلق
۵- اجماع سے متعلق
۶- قیاس سے متعلق
۷- استحسان سے متعلق

سوال : امام مالک کے نام سے منسوب کی جانے والی پانچ کتابوں کے نام لکھئے؟
جواب : -

۱- احکام القرآن
۲- کتاب الاقضیہ
۳- کتاب المناسک
۴- تفسیر غرائب القرآن
۵- کتاب المسائل
۶- کتاب المجالس

سوال : "کتاب الاقضیہ" کے مصنف کا نام لکھئے؟
جواب : امام مالک۔

سوال : مالکی مذہب پر مشتمل کتب کے نام لکھئے؟
جواب : مندرجہ ذیل کتب مالکی مذہب پر مشتمل ہیں۔

۱- موطا امام مالک
۲- المدونہ (سحنون افریقی)
۳- کتاب النوادر (ابن ابی زید)
۴- کتب ابن حاجب

۵- التفسیر (عبالی)
۶- رسالہ (ہارون کے نام امام مالک کا مکتوب)

سوال : امام مالک کے فقہی افکار و نظریات کو صرف نکات کی مدد سے واضح کریں؟

جواب :

۱- بعید از فہم مسائل سے پرہیز
۲- سنت (حدیث) سے متعلق
۳- اجماع سے متعلق
۴- اقوال صحابہ
۵- استصلاح
۶- قیاس سے متعلق

سوال : امام شافعی کی تصانیف کی کتنی تعداد بتائی جاتی ہے اور پانچ کتابوں کے نام لکھئے؟

جواب : امام شافعی کی تصانیف کی تعداد "۱۱۳" (ایک سو تیرہ) بتائی جاتی ہے۔

۱- رسالہ الامام
۲- کتاب الامام
۳- اختلاف
۴- ابطال الاستحسان
۵- کتب - اخلاقیات

سوال : کتاب "رسالہ الامام" کتاب الامام کے مصنف کا نام لکھئے؟

جواب : امام شافعی۔

سوال : امام شافعی کے فقہی افکار و نظریات کو نکات کی مدد سے بیان کریں؟

جواب :

۱- علم الکلام سے بیزاری
۲- استدلال
۳- حدیث
۴- اقوال صحابہ سے متعلق
۵- اجماع سے متعلق
۶- قیاس سے متعلق

سوال : امام احمد بن حنبل کی اکثر تصانیف کا تعلق کس سے ہے اور پانچ تصانیف کے نام لکھئے؟

جواب : آپ کی اکثر تصانیف کا تعلق علم الحدیث اور آثار سلف سے ہے۔

۱- التاریخ

۲- الناسخ والمنسوخ
۳- کتاب الرد علی الزنادقہ
۴- کتاب الزہد
۵- مسند امام احمد بن حنبل

سوال : "التاریخ" کے مصنف کا نام لکھئے؟
جواب : امام احمد بن حنبل۔
سوال : امام احمد بن حنبل کے پانچ شاگردوں کے نام لکھئے؟
جواب : -

۱- امام بخاری
۲- امام مسلم
۳- عبداللہ بن احمد حنبل
۴- صالح بن احمد حنبل
۵- شیخ ابوبکر احمد بن محمد بن ہانی

سوال : "خاص" کی مختلف صورتوں کے نام لکھئے؟
جواب : "خاص" کی مختلف صورتیں۔

۱- خاص جنسی
۲- خاص نوعی
۳- خاص فردی
۴- خاص وصفی
۵- خاص عددی

سوال : "خاص" کی مثال قرآن کے حوالے سے لکھئے؟
جواب : "خاص" کی ایک مثال اللہ تعالیٰ کا یہ حکم ہے جو سورہ بقرہ میں ہے۔

یتربصن بانفسهن ثلثه قروء

ترجمہ۔ "طلاق والی عورتیں اپنے آپ کو تین قروء روکے رکھیں"

سوال : "عام" کی اقسام کے نام لکھئے؟
جواب : "عام" کی اقسام۔

۱- عام محمول بر عموم
۲- عام محمول بر خصوص

سوال : عام محمول بر عموم کی تعریف کریں؟
جواب : "وہ عام جو اپنے عموم پر محمول ہو اور اس میں کسی قسم کی کوئی تخصیص نہ ہو اس میں

کوئی فرد یا شے مخصوص نہیں ہوتی بلکہ عام افراد یا اشیاء مراد لی جاتی ہیں اسے "عام غیر مخصوص منہ البعض" بھی کہتے ہیں"۔

سوال : عام محمول بر خصوص کی تعریف کریں؟

جواب : "عام محمول بر خصوص" کی تعریف یہ ہے کہ وہ عام جس کے بعض افرد کو حکم مذکور سے باہر قرار دیا جائے اسے "عام مخصوص منہ البعض" بھی کہتے ہیں۔

سوال : "مطلق" کسے کہتے ہیں؟

جواب : وہ "خاص" جو اپنے حقیقی معنی پر بغیر کسی قید کے دلالت کرے اسے "مطلق" کہتے ہیں۔

سوال : "مشترک" اور "عام" میں کیا فرق ہے صرف تین نکات سے واضح کریں؟

جواب :

۱۔ "عام" کا موضوع "لہ" ایک ہوتا ہے اور "مشترک" کا موضوع لہ متعدد ہوتا ہے۔

۲۔ "عام کے مدلول میں تعدد ہوتا ہے اس کے برعکس مشترک کا مدلول متعدد ہونے کے ساتھ ساتھ محصور بھی ہوتا ہے۔

۳۔ عام کی وضع ایک مرتبہ اور مشترکہ کو اس کے موضوع لہ معانی کے لئے اکثر ایک سے زائد مرتبہ وضع کیا جاتا ہے۔

سوال : مشترک کی اقسام کے نام لکھئے؟

جواب : (۱) مشترک لفظی (۲) مشترک معنوی۔

سوال : "حقیقت" کی تعریف کریں؟

جواب : "ہر وہ لفظ جسے لغت وضع کرنے والے نے کسی شے کی ماہیت کرنے کے لئے وضع کیا ہو اور اسی معنی کو ادا کرنے کے لئے بولا جائے تو وہ "حقیقت" کہلائے گا"۔

سوال : یایھا الذین امنوا ارکعوا واسجدوا" میں حقیقت اور حکم کیا ہے؟

جواب : ترجمہ اے ایمان والو رکوع اور سجدہ کرو۔۔

اس آیت میں حقیقت رکوع اور سجدہ کا حکم دینا ہے۔

سوال : مجاز سے کیا مراد ہے؟

جواب : وہ لفظ جو کسی قرینہ و مناسبت کی وجہ سے معنی غیر موضوع لہ کے لئے استعمال کیا جائے "مجاز" کہلاتا ہے۔۔

سوال : حقیقت اور مجاز کی بحث کے دوران کس قسم کے مسائل اخذ کئے جاتے ہیں؟

جواب : حقیقت اور مجاز کی بحث کے دوران مندرجہ ذیل قسم کے مسائل اخذ کئے جاتے ہیں۔

(۱) وصیت (۲) نکاح

سوال : حقیقت کی اقسام لکھئے؟

جواب : باعتبار استعمال حقیقت کی تین قسمیں ہیں۔۔

۱- متعذرہ

۲- مہجورہ

۳- مستعملہ

(ب) باعتبار ارادہ حقیقت کی دو قسمیں ہیں۔

۱- کاملہ

۲- قاصرہ

سوال : حقیقت متعذرہ کی تعریف کریں؟

جواب : وہ حقیقت جس کا اعتبار کرنا یا تو ممکن ہی نہ ہو' یا ممکن تو ہو مگر نہایت مشقت کے ساتھ۔

سوال : حقیقت مہجورہ کی تعریف کریں؟

جواب : وہ حقیقت جس پر عمل ممکن ہونے کے باوجود اسے عادتاً یا شرعاً ترک کر دیا گیا ہو۔

سوال : حقیقت مستعملہ کی تعریف کریں؟

جواب : حقیقت مستعملہ وہ حقیقت ہے جس کا استعمال و اعتبار رائج ہو یہ نہ تو ناممکن و دشوار ہوتی ہے اور نہ ہی متروک بلکہ عام لوگوں کے مابین مستعمل ہوتی ہے۔

سوال : "حقیقت کاملہ" سے کیا مراد ہے؟

جواب : "حقیقت کاملہ سے مراد وہ حقیقت جس کے تمام افراد مراد لئے جائیں"۔

سوال : حقیقت قاصرہ سے کیا مراد ہے؟

جواب : وہ حقیقت جس کے بعض افراد مراد لئے جاتے ہیں۔

سوال : "استعارہ" سے کیا مراد ہے؟

جواب : اگر لفظ اپنے حقیقی معنی کی بجائے مجازی معنی میں استعمال ہو اور مجازی معنی کے درمیان تشبیہ کا تعلق ہو تو اس مجازی معنی کو استعارہ کہتے ہیں۔

سوال : شرعی احکام میں استعارہ کا استعمال کتنے طریق سے ہوتا ہے؟

جواب : شرعی احکام میں استعارہ کا استعمال دو طریق سے ہوتا ہے۔

۱- پہلا طریق یہ ہے کہ علت اور حکم میں اتصال پایا جائے۔

۲- دوسرا طریق یہ ہے کہ سبب محض اور حکم میں اتصال پایا جائے اسے استعارہ "اصل الفرع" کہتے ہیں۔

سوال : "ظاہر بمقابلہ خفی" سے مراد کونسا کلام ہے اور قرآنی آیت کی مدد سے ثابت کریں؟

جواب : "ظاہر" وہ کلام ہے جس کا مطلب سننے والے کو بلا تامل صرف الفاظ سنتے ہی معلوم ہو جائے۔

قرآن مجید میں فرمایا گیا۔

احل اللّٰه البیع وحرم الربوا

(اللہ نے خرید و فروخت کو حلال اور سود کو حرام کیا ہے)

سوال : "نص" بمقابلہ مشکل اس سے کونسا کلام مراد ہے؟

جواب : "نص" ایسے کلام کو کہتے ہیں جس کا مطلب اور حکم اس طرح سے ثابت ہو کہ اس میں کوئی دوسرا احتمال نہ ہو۔

سوال : "مفسر" بمقابلہ مجمل" سے کیا مراد ہے؟

جواب : ایسے کلام کو "مفسر" کہتے ہیں جو خود اپنے معانی اور مراد کی تشریح اور تفسیر کر دے اور اس میں تاویل کا احتمال نہ ہو۔

سوال : "محکم" بمقابلہ "متشابہ" سے کیا مراد ہے؟

جواب : محکم وہ کلام ہے جو اس قدر واضح ہو کہ اس میں کسی قسم کی تاویل یا شک کی گنجائش نہ ہو۔

سوال : فقہ اسلامی میں کس قسم کی صورتوں میں لفظ کے حقیقی معنوں کو ترک کر دیا جاتا ہے؟

جواب : فقہ اسلامی میں مندرجہ ذیل صورتوں میں لفظ کے حقیقی معنوں کو ترک کر دیا جاتا ہے۔

۱۔ عرف کی دلالت کی بناء پر
۲۔ نفس کلام کی دلالت کی بناء پر
۳۔ سیاق کلام کی دلالت کی بناء پر
۴۔ متکلم کے کلام کی دلالت کی بناء پر
۵۔ محل کلام کی دلالت کی بناء پر

سوال : متکلم کی مراد کو سمجھنے کی کتنی صورتیں ہیں ان کے نام لکھئے؟

جواب : متکلم کی مراد کو سمجھنے کی چار صورتیں ہیں۔

۱۔ عبارۃ النص
۲۔ اشارۃ النص
۳۔ دلالۃ النص
۴۔ اقتضاء النص

سوال : "امر" کی کتنی صورتیں ہیں ان کے نام لکھئے؟

جواب : "امر" کی پانچ صورتیں ہیں۔

۱۔ باعتبار حسن مامور بہ
۲۔ باعتبار پابندی وقت
۳۔ باعتبار تعین ذات مامور بہ
۴۔ باعتبار تحدید مقدار
۵۔ باعتبار ذات مامور بہ

سوال : "وجوب" کی اقسام کے نام لکھئے؟
جواب : "وجوب" کی دو قسمیں ہیں۔
۱- نفس وجوب
۲- وجوب اداء
سوال : امر سے کتنی چیزیں واجب ہوتی ہیں؟
جواب : امر سے دو چیزیں واجب ہوتی ہیں۔ (۱) اداء (۲) قضا
سوال : "نہی" کی اقسام کے نام لکھئے؟
جواب : "نہی" کی دو قسمیں ہیں۔
۱- قبیح لعینہ
۲- قبیح لغیرہ
سوال : فقہاء نے تمام افعال کی اصلاً کتنی اقسام قرار دی ہیں؟
جواب : فقہاء نے تمام افعال کی اصلاً دو اقسام قرار دی ہیں۔
افعال حسیہ (۲) افعال شرعیہ
سوال : "حکم" کتنے اور کونسے ارکان پر مشتمل ہوتا ہے؟
جواب : "حکم" چار ارکان پر مشتمل ہوتا ہے۔
(۱) حاکم (۲) محکوم علیہ (۳) محکوم فیہ (۴) محکوم بہ

﴿سال دوم﴾

پرچہ نمبر 2

دعوۃ وارشاد

سوال: دعوت کے لغوی معانی تحریر کریں؟
جواب: دعوت کا لغوی معنی پکارنا' رغبت کرنا اور مدد طلب کرنا۔
سوال: داعی کا مفہوم بیان کریں؟
جواب: لوگوں کو اپنے دین و مذہب کی طرف بلانے والا۔
سوال: دعوت کا اصطلاحی مفہوم لکھیے؟
جواب: شریعت کی اصطلاح میں لوگوں کو اللہ تعالیٰ' رسول اللہ اور دین حق کی طرف بلانا تاکہ وہ اپنی زندگی دین حق کی روشنی میں بسر کریں اور دنیا و آخرت میں کامیاب ہو جائیں اس کا نام دعوت ہے۔
سوال: دعوت کا ہم معانی لفظ کیا ہے؟
جواب: دعوت کا ہم معانی دوسرا لفظ "تبلیغ" ہے۔
سوال: تبلیغ کی لغوی تعریف کریں؟
جواب: پیغام پہنچانا اور کسی چیز کو دوسروں تک پہنچانا تبلیغ کہلاتا ہے۔
سوال: تبلیغ کی اصطلاحی تعریف کریں۔
جواب: اصطلاح میں تبلیغ کے معانی یہ ہیں کہ جس چیز کو ہم شرعاً اچھا سمجھتے ہیں اس کی اچھائی اور خوبی کو دوسرے لوگوں اور دوسری قوموں تک پہنچائیں اور انہیں اس کے قبول کرنے کی دعوت دیں۔
سوال: کیا اسلام ایک تبلیغی مذہب ہے؟
جواب: جی ہاں۔ اسلام ایک تبلیغی اور دعوتی مذہب ہے۔
سوال: دین اسلام کو دوسروں تک پہنچانے کے لئے حضور ﷺ کا اس بارے میں کیا حکم ہے؟
جواب: حضور ﷺ کا ارشاد ہے:
بلغوا عنی ولو آیتہ
(میری طرف سے اگر تمہیں ایک آیت ملے تو اسے دوسروں تک پہنچاؤ)
سوال: نصیحت کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب: فذکر ان نفعت الذکری
ترجمہ: لوگوں کو نصیحت کر اگر نصیحت فائدہ مند ہو)
سوال: دعوت کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب: فذکر بالقران من یخاف وعید
ترجمہ: قرآن سے سمجھاؤ اسے جو میری دھمکی سے ڈرتا ہے)
سوال: قرآن کی وہ آیت درج کریں جس میں تبلیغ کا کام ملت کے اہم گروہ کے سپرد ہے؟

جواب: ولتکن منکم امته یدعون الی الخیر و ینھون عن المنکر واولئک ھُمُ المفلحون

ترجمہ: اور چاہیے کہ تم میں ایک ایسا گروہ ہو جو لوگوں کو نیکی کی طرف بلائے انہیں بھلائی کا حکم دے اور برائی سے روکے اور یہی لوگ فلاح یافتہ ہیں۔

سوال: ولتکن منکم امته یدعون الی الخیر وینھون عن المنکر واولئک ھُمُ المفلحون اس آیت میں کون سے تین اہم کام ملت کے اہم گروہ کے سپرد کئے گئے ہیں؟

جواب: (۱) دعوت الی الخیر (۲) امر بالمعروف (۳) نہی عن المنکر

سوال: تبلیغ ہی میں قیادت کا راز مضمر ہے۔ قرآنی آیت کا ترجمہ درج کریں؟

جواب: ارشاد باری تعالیٰ ہے: مومن سب کے سب اس کام کے لئے نہ نکل پڑیں بلکہ ان میں سے ایک گروہ نکلے اور دین میں سمجھ حاصل کریں اور جب وہ واپس ہوں تو اپنی قوم کو ڈرائیں۔

سوال: تبلیغ کے دائرہ کار میں سب سے پہلے کن لوگوں کو تبلیغ کا حکم ہوا ہے؟

جواب: سب سے پہلے پہل خاص اپنے گھر اور خاندان کے لوگوں کو سمجھانے کا حکم ہوا۔

وانذر عشیرتک الاقربین

ترجمہ: اور اپنے سب سے قریب کے خاندان کو آگاہ و ہوشیار کر۔

سوال: تبلیغ کی وسعت تمام انسانیت تک ہوتی ہے ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: ھذا بلٰغ للناس

یہ قرآن تمام انسانوں کے لئے پیغام ہے۔

سوال: تبلیغ و دعوت کی وسعت اور اس میں کامیابی کی خوشخبری کب دی گئی؟

جواب: اس میں کامیابی کی خوشخبری عین اس وقت دی گئی تھی جب مسلمانوں کے دلوں میں ایک قسم کی مایوسی چھائی ہوئی تھی۔

سوال: تبلیغ کی اقسام بیان کریں؟

جواب: (۱) انفرادی تبلیغ (۲) اجتماعی تبلیغ۔

سوال: تبلیغی مذاہب کے زمرے میں کون سے مذاہب شامل ہیں؟

جواب: (۱) اسلام (۲) عیسائیت (۳) بدھ مت

سوال: تبلیغی مذہب کی تعریف کریں؟

جواب: آرنلڈ نے پروفیسر میکس مولر کے حوالے سے تبلیغی مذہب کی تعریف یوں کی ہے" تبلیغی مذہب وہ مذہب ہے جس میں سچائی کا پھیلانا اور غیر مذہب والوں کو اپنے مذہب میں لانا۔

سوال: شروع شروع میں آنحضور ﷺ نے دعوت و ارشاد کا مرکز کون سا بنایا؟

جواب: شروع شروع میں آپ ﷺ نے "دار ارقم" کو دعوت و ارشاد کا مرکز بنایا۔

سوال: آپ ﷺ کے اندازِ دعوت و تبلیغ و ارشاد اور وعظ و نصیحت کی چار خصوصیات درج کریں؟

جواب: (۱) مناسب وقت کی تلاش (۲) مدارج عقلی کا لحاظ (۳) بار بار بات دہرانا (۴) آسانی اور تیسیر کا اہتمام (۵) سامع کے لب و لہجہ کا لحاظ۔

سوال: تبلیغ کے اصول کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد کیا ہے؟

جواب: ادع الی سبیل ربک بالحکمۃ والموعظۃ الحسنۃ وجادلھم بالتی ھی احسن

اپنے پروردگار کی طرف لوگوں کو دانائی اور عمدہ نصیحت کے ذریعہ بلاؤ اور ان سے خوش آئند طریقے سے مجادلہ کرو۔

سوال: تبلیغ و دعوت کے اصول لکھیے؟

جواب: تبلیغ و دعوت کے یہ تین اصول مسلمانوں کو سکھائے گئے ہیں۔
(۱) عقل و حکمت (۲) موعظہ حسنہ (۳) مناظرہ بطریق احسن۔

سوال: دعوت و تبلیغ کے پانچ طریقوں کے نام لکھیے؟

جواب: دعوت و تبلیغ کے پانچ درج ذیل طریقے ہیں (۱) حسن خلق (۲) دلائل و براہین (۳) سفر و سیاحت (۴) قول لیّن (۵) اعراض اور قول بلیغ۔

سوال: حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارونؑ کو فرعون کی پیغام رسانی کی ہدایت کس آیت میں دی گئی آیت درج کریں۔

جواب: اذھبا الی فرعون انہ طغی فقولا لہ قولا لینا لعلہ یتذکر او یخشی (طٰہٰ)
ترجمہ: تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ اس نے سرکشی کی ہے تو اس سے نرم گفتگو کرنا شاید وہ نصیحت قبول کرلے یا ڈرے۔

سوال: حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ اور معاذ بن جبلؓ کو یمن میں اسلام کی دعوت و تبلیغ کیلئے رخصت کرتے وقت حضورؐ نے کیا نصیحت فرمائی؟

جواب: آپ ﷺ نے نصیحت فرمائی یسرا ولا تعسرا و بشرا ولا تنفرا (بخاری)
ترجمہ: دین الٰہی کو آسان کر کے پیش کرنا سخت بنا کر نہیں لوگوں کو خوشخبری دلانا، نفرت نہ دلانا۔

سوال: غفلت شعار کافروں کے بارے میں ایک قرآنی آیت درج کریں۔

جواب: وکاین من آیۃ فی السموت والارض یمرون علیھا وھم عنھا معرضون

ترجمہ : اور آسمانوں اور زمین میں (خدا کی توحید کی) کتنی نشانیاں ہیں جن پر سے وہ گزر جاتے ہیں اور ان پر غور نہیں کرتے۔

سوال: دین میں جبر نہیں ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: لا اکراہ فی الدین قد تبین الرّشد من الغی (البقرہ)

ترجمہ: دین میں کوئی زبردستی نہیں ہدایت گمراہی سے الگ ہو چکی۔

سوال: دعوت و تبلیغ دین میں موعظہ حسنہ کے کردار کے چار بنیادی نکات کا ذکر کریں؟

جواب: (۱) اخلاق حسنہ کے بغیر دعوت غیر موثر ہے۔ (۲) مقصد بعثت' تکمیل مکارم اخلاق (۳) تبلیغ دین فطرت اسلامی (۴) اخلاق حسنہ کامیابی کی ضمانت۔

سوال: ہر مسلمان کسی نہ کسی حد تک مبلغ اور داعی ہوتا ہے ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: کنتم خیر امتہ اخرجت للنّاس (آل عمران)

سوال: تبلیغ دین فطرت اسلامی ہے ایک حدیث درج کریں؟

جواب: کلکم راع وکلکم مسئول عن رعتیہ (حدیث)

سوال: مکارم اخلاق کے متعلق رسول اکرم ﷺ کا ارشاد کیا ہے؟

جواب: بعثت لاتمم مکارم الاخلاق میں مکارم اخلاق کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا ہوں۔

سوال: داعی الی اللہ کے پانچ اوصاف قرآن و سنت کی روشنی میں درج کریں؟

جواب: (۱) صحیح العقائد ہونا (۲) حق کی بصیرت (۳) عالم باعمل (۴) استقامت اور صبر (۵) دعا۔

سوال: اصلاح نفس کے چار اصول درج کریں؟

جواب: (۱) معرفت الٰہی (۲) اکل حلال (۳) عزم (۴) راست بازوں کی صحبت۔

سوال: تنظیم کتنی اور کونسی صورتیں ہیں؟

جواب: تنظیم کی تین صورتیں ہیں۔

(۱) مخصوص گروہ (۲) زبانوں سے کماحقہ واقفیت (۳) پروگرام مرتب کرنا۔

سوال: اعمال باطنی اور اعمال ظاہری سے کیا مراد ہے؟

جواب: اعمال باطنی سے مراد دل کی تصدیق اعمال ظاہری سے مراد جوارح کے افعال ہیں۔ دوسرے لفظوں میں دونوں سے عقیدہ اور شریعت اور ان کا پھل اخلاق مراد ہے۔

سوال: عقائد کسے کہتے ہیں؟

جواب: انسان کے تمام افعال' اعمال اور حرکات کا محور اس کے خیالات ہیں یہی اس کو بناتے اور بگاڑتے ہیں۔ یہ عام خیالات دراصل اس کے چند پختہ غیر متزلزل اور غیر مشکوک اصولی خیالات پر مبنی ہوتے ہیں۔ انہی اصولی خیالات کو "عقائد" کہتے ہیں۔

سوال: اعمال کی بنیاد کیا ہے؟

جواب: ایمان ہمارے تمام اعمال کی اساس اور بنیاد ہے۔

سوال: رسول اکرم ﷺ نے صریح الفاظ میں عقائد کے کتنے اصول تلقین کئے؟

جواب: رسول اکرم ﷺ نے صریح الفاظ میں عقائد کے پانچ اصول تلقین کئے۔

سوال: عقائد کے پانچ اصول جو آنحضور ﷺ نے تلقین کئے کون کون سے ہیں؟

جواب: (۱) خدا تعالیٰ پر ایمان (۲) خدا کے فرشتوں پر ایمان (۳) خدا کے رسولوں پر ایمان (۴) خدا کی کتابوں پر ایمان (۵) اعمال کی جزا اور سزا کے دن پر ایمان۔

سوال: شریعت کی لغوی تعریف کریں؟

جواب: شرعۃ اور شرع کے لغوی معنی "کھلے ہوئے' روشن' سیدھے اور صاف راستہ" کے ہیں۔

سوال: شریعت کی اصطلاحی تعریف کیجئے؟

جواب: مذہبی اصطلاح میں اس سے مراد وہ قوانین اور احکام ہیں جواللہ کے رسولؐ' اللہ کی اطاعت' اس کی بندگی اور فرمانبرداری کے لئے لوگوں کے سامنے پیش کرتا ہے۔

سوال: شریعت کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: لکل جعلنا منکم شِرْعَۃً وَّ مِنْھَاجًا (المائدۃ)

ہم نے تم میں سے ہر ایک کے لئے شریعت اور ایک راہ مقرر کی۔

سوال: اسلام کا دوسرا نام کونسا ہے؟

جواب: اسلام کا دوسرا نام تسلیم و اطاعت ہے۔

سوال: مسلمان کسے کہتے ہیں یا مسلمان کی تعریف کریں؟

جواب: ایسے لوگ جنہوں نے خدا کی حاکمیت مان لی۔ اپنی خود مختاری سے اس کے حق میں دستبردار ہو گئے اور اس بات کو انہوں نے خود اپنے اوپر لازم کر لیا اپنی زندگی کا نظام خدا کے احکام کے مطابق چلائیں تو وہ مسلمان کہلاتے ہیں۔

سوال: شریعت محمدیہ ﷺ کا مقصد بیان کریں؟

جواب: شریعت محمدیہ ﷺ کا مقصد انسانی زندگی کے نظام کو معروفات پر قائم کرنا اور منکرات سے پاک کرنا ہے۔

سوال: معروفات، اور منکرات سے کیا مراد ہے؟

جواب: معروفات سے مراد نیکیاں' خوبیاں اور بھلائیاں ہیں جو انسانی فطرت کو جلا بخشتی ہیں اور منکرات سے مراد وہ برائیاں ہیں جن کو ہمیشہ سے انسانیت کا ضمیر برا جانتا ہے۔

سوال: اخلاق کی تعریف کریں؟

جواب: امام غزالی نے اخلاق کی تعریف کرتے ہوئے بیان کیا ہے "یہ نفس کی ایک ہیئت راسخہ کا نام ہے جس سے غور و فکر کے بغیر سہولت سے افعال سرزد ہوتے ہیں۔"

سوال: علم اخلاق کا مقصد بیان کریں؟

جواب: علم اخلاق کا مقصد انسان کے سامنے خیر و شر اور نیکی و بدی کو واضح کر دیتا ہے اور اس طرح نیکی اور سچائی کی راہ کو آسان کر دیتا ہے اور جبر کو صالح بناتا ہے بلکہ انسان کو نیکی کی راہ دکھاتا ہے۔

سوال: اعمال صالحہ کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: اعمال صالحہ کی تین اقسام ہیں۔

سوال: چار پسندیدہ اخلاقی صفات درج کریں؟

جواب: (۱) صبر (۲) عدل و انصاف (۳) امانت (۴) سچائی اور راست بازی۔

سوال: حرص کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟

جواب: حرص کی تین قسمیں ہیں (۱) دولت کی حرص (۲) منصب یا ریاست کی حرص (۳) شہرت کی حرص۔

سوال: ظلم کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں۔

جواب: ولا تحسبن اللہ غافلا عما یعمل الظلمون (ابراہیم)
(اے پیغمبر یہ نہ سمجھے کہ اللہ تعالیٰ ظالموں کے عمل سے غافل ہے۔)

سوال: غیبت کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں۔

جواب: ویل لکل ھمزۃ لُمَزۃ (الھمزہ)
ہر ایسے شخص کے لئے بڑی خرابی ہے جو عیب نکالنے والا اور طعنہ دینے والا ہو۔

سوال: قرآن کریم میں درس انسانیت کے طور کتنے اور کون سے عنوان منتخب کیے گئے ہیں؟

جواب: چار عنوان منتخب کیے گئے ہیں (۱) تذکیر بالاء اللہ (۲) تذکیر بایام اللہ (۳) تذکیر بآیات اللہ (۴) تذکیر بما بعد الموت

سوال: تذکیر بالاء اللہ کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: فاذکروا الاء اللہ لعلکم تُفْلِحُوْنَ (الاعراف)
ترجمہ (اگر کامیاب ہونا ہے تو اللہ کی نعمتیں یاد کرو)

سوال: تذکیر بایام اللہ کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: وذکّرھم بایام اللہ (ابراہیم)
ان کو (گذشتہ قوموں پر) اللہ کے عذاب یاد کراؤ۔

سوال: تذکیر بآیات اللہ کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: وکاَیّن مّن اٰیۃ فی السمٰوٰت والارض یمرون علیھا وھم عنھا معرضون (یوسف)

اور آسمان اور زمین میں اللہ کی بہت سی نشانیاں ہیں یہ لوگ بے توجہی سے گزر جاتے ہیں اور ان کی طرف سے منہ پھیرے رہتے ہیں۔

سوال: تذکیر بما بعد الموت کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: فذکّر بالقران من یخاف وعید (ق)

اس شخص کو قرآن کے ذریعے نصیحت کرو جو اللہ کی وعید یعنی بعد الموت کے عذاب سے ڈرتا ہو۔

سوال: قصص الانبیاء کے تذکرہ میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: لقد کان فی قصصهم عبرة لأُولی الالباب ان ہستیوں کے حالات بیان کرنے میں سمجھدار لوگوں کے لئے عبرت ہے۔

سوال: کامیابیاں اور محرومیاں کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: قد خلت من قبلکم سنن فسیروا فی الارض فانظروا کیف کان عاقبة المکذبین (آل عمران)

تم سے پہلے بھی دنیا میں احکام و قوانین کے نتائج گزر چکے ہیں پس ملکوں کی سیر کرو اور دیکھو ان لوگوں کا انجام کیا ہوا جنہوں نے اللہ کے احکام و قوانین کو جھٹلایا تھا۔

سوال: وحدت البعاث سے کیا مراد ہے؟

جواب: یعنی ایک خاص معاملے کے لحاظ سے تمام ملکوں اور قوموں کی حالت یکساں رہی ہو۔

سوال: وحدت دعوت سے کیا مراد ہے؟

جواب: یعنی یہ تعلیم اگرچہ مختلف وقتوں مختلف ملکوں مختلف پیرایوں اور مختلف زبانوں میں دی گئیں لیکن ان اختلافات سے تعلیم مختلف نہیں ہوئی وہ ہمیشہ ایک ہی رہی۔

سوال: وحدت تذکیر موعظت سے کیا مراد ہے؟

جواب: دعوتوں کی صرف تعلیم ہی یکساں نہ رہی بلکہ تذکیر و موعظت کے اصول بھی ہمیشہ ایک ہی رہے۔

سوال: وحدت شؤن و وقائع کا مفہوم بیان کریں؟

جواب: یعنی اگرچہ زمانے مختلف ہوئے' قومیں مختلف ہوئیں' احوال و ظروف مختلف ہوئے مگر جو معاملات پیش آئے وہ اپنی نوعیت میں ہمیشہ ایک ہی طرح کے ہوئے۔

سوال: وحدت تصدیق و انکار سے کیا مراد ہے؟

جواب: یعنی دعوت کے ماننے سے یا نہ ماننے کے لحاظ سے بھی حالت ہمیشہ یکساں رہی۔

سوال: وحدت ہدایت و ضلالت فکر کا مفہوم بیان کریں؟

جواب: یعنی ہمیشہ ماننے والوں کی فکری حالت بھی ایک ہی طرح کی رہی اور نہ ماننے والوں کی

فکری حالت بھی ایک ہی طرح کی رہی حتیٰ کہ تصدیق و یقین کی جتنی صدائیں اٹھیں ہمیشہ ایک ہی طرح کی اٹھیں اور انکار و شک کی بھی جتنی باتیں کی گئی ہمیشہ ایک ہی طرح کی کی گئیں۔

سوال: وحدت ظہور نتائج سے کیا مراد ہے؟

جواب: یعنی پھر نتیجہ بھی ایک ہی نکلا ایک سے مختلف نہ ہوا۔

سوال: فارابی کے نزدیک کیا ہر انسان خود سعادت کو معلوم کر سکتا ہے؟

جواب: فارابی کہتے ہیں ہر انسان کی فطرت میں یہ بات موجود نہیں کہ وہ خود ہی سعادت کو معلوم کر سکے۔

سوال: مفسرین سعید اور شقی سے کیا مراد لیتے ہیں؟

جواب: سعید وہ ہے جو اہل ثواب میں سے ہو اور شقی وہ ہے جو اہل عقاب میں سے ہو نیز انہوں نے بیان کیا کہ سعید وہ ہے جس کے لئے وعدے کے مطابق جنت واجب ہو اور شقی وہ ہے جس کے لئے وعید کے مطابق دوزخ واجب ہو۔

جسم اور روح کی بیک وقت کون سی پانچ ضروریات ہیں (۱) مال (۲) نفس (۳) نسل (۴) عقل (۵) اور دین۔

سوال: داعی لوگوں کے ساتھ تعلق کے بارے میں کتنے اور کون سے پہلو ہیں؟

جواب: تین پہلو ہیں (۱) لوگوں کی قدر دانی کرنا (۲) دوستی اور مودّت کی صفات (۳) نمونے اور پیشوائی کی صفات۔

سوال: یہ بتائیے کہ حضرت نوحؑ کا ذکر قرآن حکیم میں کتنے مقامات پر آیا ہے؟

جواب: ۴۳ '۲۸ سورتوں میں۔

سوال: حضرت نوحؑ کا ذکر جن سورتوں میں تفصیل سے کیا گیا ہے ان میں سے پانچ سورتوں کے نام لکھئے؟

جواب: (۱) سورۃ آل عمران (۲) سورۃ انعام (۳) سورۃ اعراف (۴) سورۃ فرقان (۵) سورۃ مومن

سوال: حضرت نوح حضرت آدمؑ کی پیدائش کے کتنے عرصے بعد پیدا ہوئے؟

جواب: ۱۶۴۲ سال۔

سوال: حضرت نوحؑ کے والد کا نام لمک یا لامک تھا یہ بتائیے کہ حضرت نوح کی والدہ کا نام کیا تھا؟

جواب: سنما بنت انوش۔

سوال: حضرت نوح کو کیا لقب عطا ہوا تھا؟

جواب: ابو البشر ثانی

سوال: نوح کا لغوی معانی لکھئے اور ان کا اصل نام بھی بتائیے؟

جواب: گریہ و زاری کرنے والا۔ تیئیس برس یا برس نوحہ کرنے کے بعد ان کا نام نوحؑ پڑ گیا۔
سوال: حضرت نوحؑ کی عمر کتنے برس تھی؟
جواب: آپ کی عمر تقریباً ایک ہزار سال تھی۔
سوال: حضرت نوحؑ نے کتنے برس دین خداوندی کی تبلیغ کی؟
جواب: تقریباً ساڑھے نو سو سال۔
سوال: حضرت نوحؑ کے دور میں کتنے آدمی ایمان لائے؟
جواب: ۸۰ آدمی۔
سوال: حضرت نوحؑ کی دعوت دین میں سے چار اہم نکات کا ذکر کریں؟
جواب: (۱) اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو۔
(۲) میری اطاعت کرو اور نافرمانی نہ کرو۔
(۳) حضرت نوحؑ نے کہا انسان کی ہدایت تو انسان ہی کے ذریعے ہو سکتی ہے اور وہ اتنا ہی کر سکتا ہے جو اس کے اختیار میں ہے۔
(۴) اللہ تعالیٰ کی طرف سے مجھے حق کی کتنی واضح اور صاف دلیل مل گئی ہو لیکن تم مجھے سے انکار کر دو تو میں کیا کر سکتا ہوں۔
سوال: حضرت نوحؑ کا سلسلہ نسب بیان کریں؟
جواب: نوح بن لامک بن متو شالح بن اخنوخ بن یارد بن مہلیل بن قینان بن انوش بن شیث بن آدم علیہ السلام۔
سوال: حضرت نوحؑ کی بعثت کس مقام پر ہوئی؟
جواب: دجلہ اور فرات کی وادیوں میں۔
سوال: حضرت نوحؑ کی دعوت و تبلیغ کے سلسلے میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب: لقد ارسلنا نوحا الی قومه فقال یقوم اعبدوا الله مالكم من اله غیره انی اخاف علیكم عذاب یوم عظیم
ترجمہ: بے شک ہم نے نوحؑ کو اس کی قوم کی طرف بھیجا تو اس نے (تبلیغ کرتے ہوئے) کہا اے میری قوم اللہ کی بندگی کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں میں تم کو ایک بہت بڑے عذاب سے ڈراتا ہوں۔
سوال: حضرت نوحؑ نے اپنی قوم سے کیا فرمایا؟
جواب: یہ بت تمہیں کچھ نہیں دے سکتے نہ ہی بارگاہ رب العزت میں کچھ دخل رکھتے ہیں اور نہ ہی یہ کوئی سفارش کر سکتے ہیں جو ایک اکیلا ہے زمین اور آسمان کا خالق اور موت و حیات اس کے قبضے میں ہے۔

سوال: حضرت نوحؑ کی قوم نے ان کو کیا جواب دیا؟
جواب: تم اگر سچے ہو تو جس عذاب سے تم اب تک ہمیں ڈراتے تھے اب اسے لے آؤ۔
سوال: حضرت نوحؑ نے قوم کے اس جواب کے باوجود اپنی قوم کو ثواب و جزا کی ترغیب دینی شروع کر دی۔ یہ بتائیے قرآن حکیم نے کن الفاظ میں ان کی قوم کا ذکر آیا ہے؟
جواب: گمراہ قوم نے کانوں میں انگلیاں ٹھونس لیں اور اوپر سے کپڑے اوڑھ لئے ضد پکڑی اور اکڑے رہے۔
سوال: حضرت نوحؑ نے کتنا عرصہ اپنی قوم کو صراط مستقیم دکھانے کی سعی کی؟
جواب: مسلسل چھ برس۔
سوال: جب قوم نوحؑ کی سنگدلی حد سے بڑھ گئی تو حضرت نوحؑ نے اللہ تعالیٰ سے کیا دعا کی؟
جواب: اے رب نہ چھوڑ زمین پر منکروں کا ایک بھی گھر کہ نسل کافروں کی باقی رہے۔
سوال: اللہ تعالیٰ نے حضرت نوحؑ کی دعا قبول کرتے ہوئے کیا حکم دیا؟
جواب: اے نوح ایک کشتی بناؤ اور ظالموں سے اب کوئی بات نہ کرو یقیناً یہ سب کے سب غرق ہو جائیں گے۔
سوال: اللہ تعالیٰ کے حکم سے جب حضرت نوحؑ نے کشتی تیار کر لی تو پھر اللہ تعالیٰ نے کیا حکم دیا؟
جواب: اے نوحؑ آپ اور آپ کے اہل و عیال کشتی میں بیٹھ جائیں اور مخلوقات کی چیزوں میں سے جوڑا جوڑا لے لیں اور خدا کے حکم کا انتظار کریں۔
سوال: قوم نوحؑ پر کس قسم کا عذاب آیا؟
جواب: تنور سے پانی اُبلنے لگا اور آسمان سے پانی کے دھارے بہنے لگے یہاں تک کہ زمین زیر آب آ گئی اور پانی مسلسل پانچ ماہ تک کھڑا رہا۔
سوال: حضرت نوحؑ کا کون سا بیٹا نافرمان تھا؟
جواب: کنعان
سوال: طوفان میں پانی پہاڑوں سے کتنے گز بلند تھا؟
جواب: چالیس گز یا ۱۲۰ فٹ۔
سوال: حضرت نوحؑ کی کشتی کہاں جا کر ٹھہری؟
جواب: کوہ جودی پر۔
سوال: حضرت نوحؑ نے کشتی میں کتنا عرصہ گزارا؟
جواب: چھ ماہ آٹھ دن۔
سوال: کیا حضرت نوحؑ کا نافرمان بیٹا کنعان ہلاک ہو گیا تھا؟
جواب: جی ہاں۔

سوال: قرآن حکیم کی اس سورۃ کا نام بتایئے جس میں حضرت نوحؑ کا سب سے زیادہ ذکر آیا ہو۔
جواب: سورۃ ہود۔
سوال: حضرت نوحؑ کو آدم ثانی کیوں کہا جاتا ہے؟
جواب: طوفان نوح کے بعد انسانوں کا دوبارہ جنم ہوا اور نئی نسل چلی اسی بناء پر انھیں ابو البشر ثانی یا آدم ثانی کا لقب دیا گیا۔
سوال: کشتی میں حضرت نوحؑ کے پیروکاروں کی تعداد کتنی تھی؟
جواب: بعض نے چالیس لکھی ہے لیکن بعض نے ۸۰ علاوہ ازیں تمام جانداروں میں سے ہر ایک جوڑا بھی تھا۔
سوال: طوفان نوح کے بعد حضرت نوحؑ تین سو پچاس برس زندہ رہے ان کی کل عمر کتنی تھی؟
جواب: ۹۵۰ سال (سورۃ عنکبوت)
سوال: حضرت نوحؑ پر کتنے صحیفے نازل ہوئے؟
جواب: دس۔
سوال: حضرت نوحؑ کس پشت میں تھے؟
جواب: پانچویں (بائبل کے حوالے)
سوال: حضرت ھود علیہ السلام کس قوم کی طرف نبی بنا کر بھیجے گئے؟
جواب: قوم عاد کی طرف۔
سوال: قوم عاد کو کیا کہتے ہیں؟
جواب: ذات العماد' بڑے ستونوں والے۔
سوال: قوم عاد کتنی برادریوں میں پھیلی ہوئی تھی کیا تمام برادریاں کافر تھی؟
جواب: تیرہ برادریوں میں پھیلی ہوئی تھی اور تمام برادریاں کافر تھیں۔
سوال: حضرت ھودؑ حضرت نوحؑ کے کس صاحبزادے کی اولاد میں سے تھے؟
جواب: حضرت نوحؑ کے ایک صاحبزادے سام کی اولاد میں سے تھے۔
سوال: حضرت ھودؑ کا ذکر قرآن میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟
جواب: قرآن عزیز میں حضرت ھودؑ کا ذکر سات جگہ آیا ہے۔
سوال: حضرت ھودؑ کا ذکر کن سورتوں میں آیا ہے؟
جواب: (۱) اعراف (۲) ھود (۳) شعراء
سوال: عاد کا ذکر کتنی اور کن سورتوں میں آیا ہے؟
جواب: عاد کا ذکر نو سورتوں میں آیا ہے جن کے نام یہ ہیں (۱) اعراف (۲) ھود (۳) مؤمنون (۴) شعراء (۵) فصلت (۶) احقاف (۷) ذاریات (۸) قمر (۹) حاقہ

سوال: "عاد" کس زبان کا لفظ ہے اور اس کے معنی لکھئے؟
جواب: "عاد" عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی "بلند و بالا" کے ہیں۔
سوال: "عاد" کا زمانہ لکھئے؟
جواب: "عاد کا زمانہ دو ہزار سال قبل مسیح مانا جاتا ہے۔
سوال: قوم عاد کا مسکن کون سا مقام تھا؟
جواب: ارض احقاف۔
احقاف معنی ریت کے ٹیلے
سوال: "احقاف" کسے کہتے ہیں؟
جواب: "احقاف" ریت کے ٹیلوں کو کہتے ہیں۔
سوال: قرآن پاک میں قوم عاد کے متعلق کیا ذکر ارشاد ہے؟
جواب: قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے قوم عاد کے متعلق فرمایا واذکر اخاعاد اذانذر قومہ بالاحقاف

ترجمہ: اور اے پیغمبر آپ قوم عاد کے بھائی (الاحقاف) یعنی ھود کا ذکر کریں جبکہ اس نے اپنی قوم کو جو کہ ایک ریگستانی علاقہ میں آباد تھی۔ ڈرایا تھا۔
سوال: قوم عاد کا مذہب کیا تھا؟
جواب: "عاد" بت پرست تھے۔
سوال: حضرت ھودؑ نے سب سے پہلے اپنی قوم کو کیا نصیحت کی؟
جواب: حضرت ھودؑ نے سب سے پہلے اپنی قوم کو اللہ واحد کی عبادت کرنے اور کمزوروں پر ظلم کرنے سے باز آنے کی نصیحت کی۔
سوال: حضرت ھودؑ کب پیدا ہوئے؟
جواب: ۲۰۰۰ ق م کے لگ بھگ۔
سوال: حضرت ھودؑ کے والد بزرگوار کا نام لکھئے؟
جواب: سلخ
سوال: حضرت ھودؑ کی پیدائش کے وقت ان کے والد کی عمر کتنی تھی؟
جواب: ۳۰ برس۔
سوال: سید سلیمان ندوی نے قوم عاد کے عروج کا زمانہ کیا متعین کیا ہے؟
جواب: ۲۲۰۰۔۱۷۰۰ ق م۔
سوال: جب حضرت ھودؑ نے یہ کہا "میں تمہارے لئے ایک امانت دار رسول ہوں تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو میں اس کام پر تم سے کسی اجر کا طالب نہیں ہوں میرا اجر تو رب العالمین کے ذمہ ہے بتایئے ان کی قوم کے سرداروں نے کیا جواب دیا؟

جواب : ہم تو تمہیں بے عقلی میں مبتلا سمجھتے ہیں اور ہمیں گمان ہے کہ تم جھوٹے ہو (نعوذ باللہ) (سورۃ اعراف آیت ۶۶)

سوال : حضرت ھودؑ کی قوم انتہا درجے کی سفاک اور سرکش ہوگئی تو قوم نے حضرت ھودؑ سے کیا کہا؟

جواب : اے ھود تو نصیحت کر یا نہ کر ہمارے لئے یکساں ہے یہ باتیں تو یوں ہی ہوتی چلی آ رہی ہیں اور ہم عذاب میں مبتلا ہونے والے نہیں۔ (سورۃ الشعراء آیات ۱۳۶۔۱۳۸)

سوال : قوم کی سرکشی اور ڈھٹائی کے باوجود حضرت ھودؑ نے اپنی قوم سے کیا فرمایا؟

جواب : میں رب العالمین کا رسول ہوں تم کو اپنے رب کے پیغامات پہنچاتا ہوں اور تمہارا ایسا خیر خواہ ہوں جس پر بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔ (سورۃ اعراف ۶۷ تا ۶۸)

سوال : اللہ تعالیٰ نے جب حضرت ھودؑ کو خشک سالی میں مبتلا کر دیا تو حضرت ھودؑ نے اپنی قوم سے اللہ سے معافی مانگنے کو کہا تو قوم نے کیا جواب دیا؟

جواب : اچھا تو لے آؤ وہ عذاب جس کی تو ہمیں دھمکی دیتا ہے اگر تو سچا ہے۔ (سورۃ اعراف آیت ۷۰)

سوال : قوم ھود پر کیا عذاب آیا؟

جواب : مسلسل سات رات اور آٹھ دن شدید طوفان آندھی نے انہیں آن لیا اور پوری قوم تباہ و برباد ہو گئی لیکن اہل ایمان کو اللہ تعالیٰ نے بچا لیا۔

سوال : حضرت ھودؑ کے کتنے بیٹے تھے؟

جواب : بائبل کے مطابق دو یقطان یا قحطان اور فلج۔

سوال : حضرت ھودؑ کا مدفن کہاں ہے؟

جواب : حضر موت میں۔

سوال : حضرت ھودؑ کی قبر پر ہر سال کب عرس منعقد ہوتا ہے؟

جواب : پندرہ شعبان کو۔

سوال : حضرت صالحؑ کس قوم کی طرف نبی بنا کر بھیجے گئے؟

جواب : قوم ثمود کی طرف۔

سوال : قوم ثمود کہاں آباد تھی؟

جواب : قوم ثمود مدینہ طیبہ سے شمال کی طرف مقام "حجر" میں رہتی تھی۔ حجاز و شام کے درمیان "وادی قری" تک جو میدان ہے اس قوم کا مقام سکونت تھا۔

سوال : حضرت صالح حضرت ھودؑ کی وفات کے کتنے برس بعد پیدا ہوئے؟

جواب : آپ ھودؑ کی وفات سے ایک سو سال بعد پیدا ہوئے۔

سوال: حضرت صالح کی دعا سے بطور معجزہ اللہ تعالیٰ نے کیا دکھایا؟
جواب: اللہ تعالیٰ نے حضرت صالحؑ کی دعا سے بطور معجزہ پہاڑ کی چٹان سے حاملہ اونٹنی پیدا کر دی۔
سوال: قرآن پاک میں حضرت صالح علیہ السلام کا ذکر کتنی مرتبہ آیا ہے؟
جواب: آٹھ مقامات پر۔
سوال: حضرت صالح علیہ السلام کا ذکر کن سورتوں میں آیا ہے؟
جواب: (۱) سورۃ اعراف (۲) سورۃ ھود (۳) سورۃ شعراء
سوال: سورۃ شعراء کی کس آیت میں حضرت صالح علیہ السلام کا ذکر آیا ہے؟
جواب: ۱۴۲ آیت میں۔
سوال: قوم ثمود کا ذکر کتنی سورتوں میں آیا ہے؟
جواب: نو سورتوں میں۔ ا ا ذکا کی نو سورتوں میں
سوال: ان سورتوں کے نام لکھئے جن میں قوم ثمود کا ذکر آیا ہے؟
جواب: (۱) سورۃ اعراف (۲) سورۃ ھود (۳) سورۃ حجر (۴) سورۃ نمل (۵) سورۃ فصلت (۶) سورۃ نجم (۷) سورۃ قمر (۸) سورۃ حاقہ (۹) سورۃ شمس۔
سوال: قوم ثمود کا ذکر قرآن کریم میں کس طرح سے آیا ہے؟
جواب: قرآن کریم میں اس کا ذکر یوں ملتا ہے:

واذکروا اذ جعلکم خلفآء من بعد عاد و بوّاکم فی الارض تتخذون من سھولھا قصورا و تنحتون من الجبال بیوتا (اعراف)

ترجمہ: اور تم وہ وقت یاد کرو جب خدا نے تمہیں قوم عاد کے بعد جانشین کیا اور تمہیں زمین میں بسنے کے لئے اس انداز کا ٹھکانہ دیا کہ تم نرم زمین میں بڑے بڑے محل بناتے ہو اور پہاڑوں کو تراش تراش کر ان میں گھر بناتے ہو۔

سوال: قوم ثمود کا مسکن کون سا مقام تھا؟
جواب: ان کی آبادیاں "حجر" میں تھیں۔ حجاز اور شام کے درمیان وادی قریٰ تک جو میدان نظر آتا ہے یہ سب ان کا مقام سکونت تھا اور وہ جگہ آج کل "فج الناقہ" کے نام سے مشہور ہے۔
سوال: کیا قوم ثمود کی فن تعمیر میں دلچسپی تھی؟
جواب: جی ہاں۔
سوال: حضرت صالح علیہ السلام کے والد بزرگوار کا نام کیا تھا؟
جواب: عُبیل ابن اسف۔

سوال: قوم ثمود کتنے مربع میل میں پھیلی ہوئی تھی؟

جواب: اٹھارہ مربع میل۔

سوال: حضرت صالحؑ نے اپنی قوم کو کیا تبلیغ کی؟

جواب: اے لوگو! اللہ کے سوا کسی اور کو پوجنا چھوڑ دو۔ صرف اس کی پرستش کرو جو ہمارا تمہارا اور اس تمام کائنات کا واحد رب ہے۔

سوال: جب حضرت صالحؑ کی قوم نے انہیں اللہ کا پیغمبر تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تو قوم نے ان سے کیا مطالبہ کیا؟

جواب: برابر والے پہاڑ سے ایک دس ماہ کی حاملہ اور قد آور اونٹنی پیدا کر کے دکھاؤ اور تھوڑی دیر میں پھر اسی اونٹنی کے بطن سے اسی کے قد جتنا بچہ بھی پیدا ہو۔

سوال: جب حضرت صالح علیہ السلام نے اللہ سے دعا مانگی اور اونٹنی بھی پیدا ہو گئی تو پھر انہوں نے حضرت صالح علیہ السلام کو کیا کہنا شروع کر دیا؟

جواب: یہ شخص شعبدہ باز اور جادوگر (نعوذ باللہ) ہے۔

سوال: اونٹنی اس چشمہ پر سے سارا پانی پی گئی جس پر سے اہل ثمود پیتے تھے تو حضرت صالح علیہ السلام نے ان سے کیا کہا؟

جواب: ایک روز تم پانی پیا کرو اور ایک روز اونٹنی پیا کرے گی لیکن اسے مارنا نہیں۔ خدا کے عذاب سے بچ نہ سکو گے۔

سوال: حضرت صالح علیہ السلام کے منع کرنے کے باوجود جب قوم ثمود نے اونٹنی کو قتل کر دیا تو ان پر کس قسم کا عذاب آیا؟

جواب: آسمان سے کڑک اور گرج کی آوازیں آنی شروع ہوئیں جس کے خوف سے قوم ثمود خاک کا ڈھیر ہو گئی۔ اس کے علاوہ ۱۷۰۰ شہر بھی تباہ ہو گئے۔

سوال: کیا یہ درست ہے کہ صابن حضرت صالح علیہ السلام نے سب سے پہلے بنایا تھا؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: قرآن حکیم کی کس سورۃ میں حضرت صالحؑ کا ذکر پہلے اور کس میں سب سے زیادہ آیا ہے؟

جواب: علی الترتیب سورۃ اعراف..... سورۃ ہود۔

سوال: معجزہ کی تعریف کریں؟

جواب: اسلامی اصطلاح میں معجزہ اس کو کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کے ہاتھ سے اس کی صداقت اور سچائی کو لوگوں پر آشکار کرنے کے لئے خلاف فطرت کسی ایسی چیز کا ظہور کر دے جس کے کرنے سے عام انسان عاجز اور بے بس ہوں۔

سوال: حضرت صالح علیہ السلام کی عمر کتنی برس تھی؟
جواب: مقام وفات کی طرح عمر کے متعلق بھی بعض حضرات فرماتے ہیں کہ آپ کی عمر ۲۸۵ سال ہوئی اور بعض کے نزدیک ۲۸۰ سال ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔
سوال: حضرت ابراہیمؑ کی کنیت کیا ہے؟
جواب: آپ کی کنیت ابوالانبیاء ہے۔
سوال: نماز میں درود شریف میں کما صلیت علی ابراہیم کیوں پڑھا جاتا ہے؟
جواب: حضرت ابراہیمؑ سے گہرے تعلق کی بنا پر۔
سوال: آنحضرت ﷺ جب معراج پر تشریف لے گئے تو حضرت ابراہیمؑ سے ملاقات کس آسمان پر ہوئی؟
جواب: ساتویں آسمان پر۔
سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا زمانہ آنحضرت ﷺ کے زمانے سے کتنا عرصہ قبل تھا؟
جواب: آپ کا زمانہ رسول اکرم ﷺ کے زمانے ۲۵۸۵ سال قبل تھا۔
سوال: قرآن پاک کی کن سورتوں میں حضرت ابراہیمؑ کا زیادہ تذکرہ آیا ہے۔ چھ سورتوں کے نام لکھئے؟
جواب: (۱) سورۃ البقرہ (۲) سورۃ آل عمران (۳) سورۃ النساء (۴) سورۃ انعام (۵) سورۃ ھود (۶) سورۃ الانبیاء۔
سوال: حضرت ابراہیمؑ کا ذکر قرآن پاک میں کتنے مقام پر آیا ہے؟
جواب: ۶۸ مقامات پر۔ ۶۹
سوال: حضرت ابراہیمؑ کا ذکر کتنی سورتوں میں آیا ہے؟
جواب: ۲۵ سورتوں میں۔
سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا کیا نام تھا؟
جواب: قرآن کریم نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام آذر بتایا ہے اور تاریخی کتاب میں "تارخ" لکھا ہوا ہے۔
سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کہاں پیدا ہوئے؟
جواب: بابل (عراق) کے قریب ایک قصبہ میں جسے ار کہتے ہیں۔ ۲۲۰۰ ق م میں۔
سوال: لفظ ابراہیم کا مطلب کیا ہے؟
جواب: مہربان باپ۔
سوال: نجومیوں نے حضرت ابراہیمؑ کی پیدائش کے بارے میں بادشاہ وقت نمرود سے کیا کہا؟
جواب: ہم ایسے خوفناک امر کے آثار دیکھ رہے ہیں جو تمہاری سلطنت کا تختہ الٹ دیں گے۔

سوال: جب حضرت ابراہیم علیہ السلام کو نبوت ملی سب سے پہلے انہوں نے کس کو کلمۃ الحق کو کہا؟
جواب: اپنے بت فروش والد کو۔
سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے نام پر جو سورۃ نازل ہوئی وہ مکی ہے یا مدنی؟
جواب: مکی ہے۔
سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام پر کتنے صحیفے نازل ہوئے؟
جواب: تین۔
سوال: جب نمرود کو بھی حضرت ابراہیمؑ نے دعوت حق دی تو اس نے کیا کہا؟
جواب: تمہارا رب کون ہے؟
سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے نمرود کی بات کا کیا جواب دیا؟
جواب: وہ جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے۔
سوال: نمرود نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا یہ جواب سن کر کیا جواب دیا؟
جواب: یہ کام تو میں بھی کر سکتا ہوں اس نے دو آدمیوں کو بلا کر ایک کو قتل کر دیا اور دوسرے کو زندہ رہنے دیا۔
سوال: نمرود نے بڑے فخریہ انداز میں جب ابراہیم علیہ السلام سے یہ کہا کہ یہ ہے تمہارا رب تو آپ نے کیا فرمایا؟
جواب: اللہ وہ ہے جو سورج کو مشرق سے نکال کر مغرب میں غروب کرتا ہے۔تو اگر سچا ہے تو سورج کو مغرب سے نکال کر دکھا؟
سوال: جب نمرود حضرت ابراہیمؑ کے سوال کا کوئی جواب نہ دے سکا تو ابراہیمؑ کے لئے کیا سزا تجویز کی؟
جواب: ہزاروں من لکڑیاں اکٹھی کر کے انہیں آگ میں ڈال دیا۔بہرحال آگ ان پر سلامتی بن گئی۔
سوال: جب آگ سرد پڑ گئی اور حضرت ابراہیمؑ صحیح سالم باہر نکل آئے تو کیا سبھی لوگ ایمان لے آئے؟
جواب: بعض نے نبوت کو قبول کر لیا مگر بعض نے نمرود کے خوف سے نہ کیا۔
سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے القابات کیا تھے؟
جواب: خلیل اللہ' ابو الانبیاء' امام الناس' حنیف اور مسلم۔
سوال: کس پیغمبر کو آگ میں ڈال دیا گیا؟
جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام کو۔

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بچپن میں اللہ تعالیٰ نے کیا لقب عطا کیا؟
جواب: رشد (الانبیاء ۵۱) قلب سلیم (الصٰفٰت ۸۴)
سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیوی سارہ کس پیغمبر کی بہن تھیں؟
جواب: حضرت لوط علیہ السلام کی۔
سوال: حضرت ابراہیمؑ کی دوسری بیوی کس ملک کے بادشاہ کی بیٹی تھیں؟
جواب: فرعون مصر کی۔
سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عمر اس وقت کتنی تھی جب بی بی ہاجرہ کے بطن سے اسماعیلؑ پیدا ہوئے۔
جواب: ۸۶ برس۔
سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام اللہ کے حکم سے حضرت بی بی ہاجرہ اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کو کہاں چھوڑ آئے؟
جواب: مکہ مکرمہ کے بے آب گیاہ میدان میں۔
سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خواب میں کس بیٹے کی قربانی کا حکم دیا گیا؟
جواب: حضرت اسماعیلؑ کی۔
سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسماعیلؑ کو اللہ کی راہ میں قربان کرنے کا خواب سنایا تو حضرت اسماعیل علیہ السلام نے کیا کہا؟
جواب: میں حاضر ہوں۔ اللہ نے چاہا تو آپ مجھے ثابت قدم پائیں گے۔
سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کے گلے پر چھری رکھی تو اللہ تعالیٰ نے ان کی قربانی قبول کرتے ہوئے آسمان سے کیا بھیجا؟
جواب: ایک مینڈھا۔
سوال: جب حضرت ابراہیم علیہ السلام پر آگ گلزار ہو گئی تو نمرود کا انتقال کیسے ہوا؟
جواب: ایک مچھر اس کی ناک میں گھس گیا جس سے وہ چالیس روز سخت عذاب میں مبتلا رہ کر جہنم رسید ہوا۔
سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے نام پر قرآن حکیم کی جو سورۃ نازل ہوئی اس میں کتنے رکوع اور کتنی آیات ہیں؟
جواب: اس میں سات رکوع اور ۵۲ آیات ہیں۔
سوال: حضرت ابراہیمؑ نے اپنے کس بیٹے کے ساتھ مل کر کعبے کی بنیادوں کو از سر نو تعمیر کیا؟
جواب: حضرت اسماعیل علیہ السلام۔
سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دوسرے بیٹے کا نام بتائیے جو حضرت سارہ سے تھے؟

جواب: حضرت اسحاق علیہ السلام۔
سوال: حضرت ابراہیمؑ کی عمر کتنی تھی؟
جواب: ۱۷۵ سال بعض نے ۲۰۰ سال لکھی ہے۔
سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مدفن کہاں ہے؟
جواب: ملک شام میں۔
سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کے والد اور والدہ کا نام لکھئے؟
جواب: والد کا نام حضرت یعقوبؑ اور والدہ کا بی بی راحیل۔
سوال: حضرت یوسفؑ کی پیدائش اپنے دادا جان سے کتنے سال بعد ہوئی؟
جواب: تقریباً اڑھائی سو سال بعد۔
سوال: حضرت یوسفؑ کے دادا کا نام بتایئے؟
جواب: حضرت اسحاقؑ۔
سوال: حضرت یوسفؑ کے والد کا نام کیا تھا؟
جواب: حضرت یعقوب علیہ السلام۔
سوال: مصر میں اسرائیلی حکومت کے بانی کون تھے؟
جواب: حضرت یوسف علیہ السلام۔
سوال: حضرت یوسفؑ کتنے عرصہ تک بلا جرم جیل میں رہے؟
جواب: سات سال تک۔
سوال: حضرت یوسف علیہ السلام نے کتنے برس کی عمر میں وفات پائی؟
جواب: آپ نے ۱۰۰ سال کی عمر میں وفات پائی۔
سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کا نام قرآن کی کتنی آیات میں آیا ہے؟
جواب: چھبیس (۲۶) آیات میں۔
سوال: قرآن حکیم میں کتنی سورتوں میں حضرت یوسفؑ کا ذکر آیا ہے؟
جواب: تین سورتوں میں۔ سورۃ الانعام' سورۃ یوسف' سورۃ غافر۔
سوال: قرآن حکیم کی کس سورۃ میں حضرت یوسفؑ کا نام سب سے زیادہ آیا ہے؟
جواب: سورۃ یوسف میں ۲۴ مرتبہ۔
سوال: قرآن حکیم میں حضرت یوسف علیہ السلام کے قصے کو کیا نام دیا گیا ہے؟
جواب: احسن القصص۔
سوال: حضرت یوسف علیہ السلام اپنے بھائیوں میں سب سے چھوٹے تھے لیکن یہ بتایئے کہ اپنے سگے بھائی بنیامین سے چھوٹے تھے یا بڑے؟

جواب: بڑے تھے۔
سوال: جب ان کے (حضرت یوسف علیہ السلام) کے سوتیلے بھائیوں کو اس خواب کا پتہ چلا تو انہوں نے کیا پروگرام بنایا؟
جواب: حضرت یوسف علیہ السلام کو ہلاک کرنے کا۔
سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کو جب ان کے بھائیوں نے کنوئیں میں ڈالا تو بتائیے حضرت یوسف علیہ السلام کی عمر اس وقت کتنی تھی؟
جواب: سترہ سال۔
سوال: جب برادرانِ یوسف حضرت یوسف علیہ السلام کو کنویں میں ڈال کر گھر لوٹے تو انہوں نے اپنے باپ کو کیا بتایا؟
جواب: ہم نے یوسف علیہ السلام کو اپنے سامان کے پاس چھوڑا تھا اور اسے بھیڑیا کھا گیا۔
سوال: کتنے روز بعد اسماعیلی عربوں کے قافلے نے حضرت یوسفؑ کو کنویں میں سے نکالا؟
جواب: تین روز بعد۔
سوال: اہل قافلہ نے حضرت یوسف علیہ السلام کو کس کے پاس بیچا تھا؟
جواب: عزیز مصر کے پاس۔
سوال: عزیز مصر کی بیوی کا نام بتایئے جو حضرت یوسف علیہ السلام کی خوبصورتی سے متاثر ہوئی؟
جواب: زلیخا۔
سوال: حضرت یوسف علیہ السلام کی عمر کیا تھی جب بی بی زلیخا نے ان پر بہتان لگایا؟
جواب: تیس برس۔ لیکن ان پر الزام ثابت نہ ہو سکا اور بی بی زلیخا کو سخت خفت اٹھانا پڑی۔
سوال: حضرت یوسف پر الزام ثابت نہ ہوا اس لئے انتقام کی آگ میں جلتے ہوئے بی بی زلیخا نے کیا کیا؟
جواب: جیل بھجوا دیا۔
سوال: حضرت یوسف علیہ السلام نے کتنا عرصہ قید کاٹی؟
جواب: سات سال۔
سوال: جب حضرت یوسف علیہ السلام نے فرعون مصر کو اس کے خواب کی صحیح تعبیر بتائی تو اس نے کیا کیا؟
جواب: حضرت یوسفؑ کو جیل سے رہا کر دیا گیا اور انہیں وزارت خوراک کا قلم دان سونپ دیا۔
سوال: جب حضرت یعقوب علیہ السلام کے شہر میں قحط آیا تو حضرت یوسفؑ کے بھائی مصر میں غلہ لینے کے لئے آئے تو انہوں نے بھائیوں کے ساتھ کیا سلوک کیا؟
جواب: غلہ دے دیا۔

سوال: حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے کس بھائی کو بتایا کہ وہی اس کا گم شدہ بھائی ہے؟

جواب: بنیامین کو۔

سوال: معراج شریف میں حضور ﷺ کی ملاقات حضرت یوسف علیہ السلام سے کس آسمان پر ہوئی؟

جواب: تیسرے آسمان پر۔

سوال: حضرت یوسفؑ کے بہت سے بیٹے تھے کم از کم دو مشہور بیٹوں کے نام لکھیے؟

جواب: افرائیم' منشا۔

سوال: وصیت کے مطابق بنی اسرائیل کے خروج کے بعد مصر سے کہاں دفن کیے گئے؟

جواب: بیت المقدس میں۔

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کا سلسلہ نسب حضرت ابراہیمؑ کے کس بیٹے سے ملتا ہے؟

جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے "مدیان" سے ملتا ہے۔

سوال: حضرت شعیبؑ کس کے سسر تھے؟

جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے۔

سوال: حضرت شعیبؑ کس قوم پر مبعوث ہوئے؟

جواب: آپ کو "اصحاب مدین" اور "اصحاب ایکہ" کی طرف نبی بنا کر بھیجا گیا۔

سوال: قرآن پاک میں حضرت شعیب علیہ السلام کو کن کا بھائی کہا جاتا ہے؟

جواب: اصحاب المدین کا۔

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم کن امور میں بددیانتی کرتی تھی؟

جواب: امانت میں خیانت کرتی' ناپ اور تول میں بھی کمی کرتی تھی۔

سوال: جب حضرت شعیب علیہ السلام نے انہیں نصیحت فرمائی اور وہ باز نہ آئے تو اللہ تعالیٰ نے ان پر کس قسم کا عذاب بھیجا؟

جواب: سیاہ ابر سے آگ برسائی اور مدین کے باشندوں کو زلزلوں سے برباد کر دیا۔

سوال: تورات میں حضرت شعیب علیہ السلام کو کن ناموں سے پکارا گیا ہے؟

جواب: تین رعوائل' شیرو' حوباب۔

سوال: علامہ مسعودی کے خیال کے مطابق حضرت شعیب علیہ السلام قبیلہ مدین کے کس سردار کے بھائی تھے؟

جواب: مضر بن جندل بن یلصب ابن مدین۔

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کے والد کا نام بتایئے؟

جواب: نویل۔

سوال: قرآن حکیم کی کن سورتوں میں حضرت شعیب علیہ السلام کا ذکر آیا ہے؟
جواب: سورۃ الاعراف' سورۃ ھود' سورۃ الشعراء اور سورۃ العنکبوت۔
سوال: حضرت شعیب علیہ السلام اور ان کی قوم کا تذکرہ کن سورتوں میں تفصیل کے ساتھ ہے؟
جواب: سورۃ اعراف' سورۃ ھود' سورۃ شعراء میں۔
سوال: حضرت شعیب علیہ السلام اور ان کی قوم کا تذکرہ کن سورتوں میں مختصر ہے؟
جواب: سورۃ حجر اور سورۃ عنکبوت میں۔
سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کے القابات کیا تھے؟
جواب: شیخ الانبیاء' خطیب الانبیاء۔
سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت شعیب علیہ السلام اپنی قوم کی ہلاکت پر اتنا روئے کہ نابینا ہو گئے؟
جواب: جی ہاں۔
سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کتنا عرصہ نابینا رہے؟
جواب: بارہ برس۔
سوال: روایات کے مطابق حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی کس بیٹی کا نکاح حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کیا تھا؟
جواب: حضرت صفورا کا۔
سوال: جب حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم پر عذاب الٰہی نازل ہو گیا تو آپ نے کہاں کا قصد کیا؟
جواب: حضر موت میں۔
سوال: حضرت شعیب علیہ السلام نے کہاں انتقال کیا؟
جواب: حضر موت میں۔
سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کا مدفن کہاں ہے؟
جواب: حضر موت میں۔
سوال: شیخ الانبیاء کس پیغمبر کو کہتے ہیں؟
جواب: حضرت شعیب علیہ السلام کو۔
سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم ناپ تول میں کمی کرتی اور چیزوں میں ملاوٹ کرتی تھی تو انہوں نے اپنے اور قوم کے لئے کیا دعا مانگی؟
جواب: ربنا افتح بیننا وبین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین (سورۃ الاعراف)
ترجمہ: اے ہمارے پروردگار ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ فرما

سوال: قرآن حکیم کی کن سورتوں میں حضرت شعیب علیہ السلام کا ذکر آیا ہے؟

جواب: سورۃ الاعراف' سورۃ ھود' سورۃ الشعراء اور سورۃ العنکبوت۔

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام اور ان کی قوم کا تذکرہ کن سورتوں میں تفصیل کے ساتھ ہے؟

جواب: سورۃ اعراف' سورۃ ھود' سورۃ شعراء میں۔

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام اور ان کی قوم کا تذکرہ کن سورتوں میں مختصر ہے؟

جواب: سورۃ حجر اور سورۃ عنکبوت میں۔

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کے القابات کیا تھے؟

جواب: شیخ الانبیاء' خطیب الانبیاء۔

سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت شعیب علیہ السلام اپنی قوم کی ہلاکت پر اتنا روئے کہ نابینا ہو گئے؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کتنا عرصہ نابینا رہے؟

جواب: بارہ برس۔

سوال: روایات کے مطابق حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی کس بیٹی کا نکاح حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کیا تھا؟

جواب: حضرت صفورا کا۔

سوال: جب حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم پر عذاب الٰہی نازل ہو گیا تو آپ نے کہاں کا قصد کیا؟

جواب: حضر موت میں۔

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام نے کہاں انتقال کیا؟

جواب: حضر موت میں۔

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کا مدفن کہاں ہے؟

جواب: حضر موت میں۔

سوال: شیخ الانبیاء کس پیغمبر کو کہتے ہیں؟

جواب: حضرت شعیب علیہ السلام کو۔

سوال: حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم ناپ تول میں کمی کرتی اور چیزوں میں ملاوٹ کرتی تھی تو انہوں نے اپنے اور قوم کے لئے کیا دعا مانگی؟

جواب: ربنا افتح بیننا وبین قومنا بالحق وانت خیر الفاتحین (سورۃ الاعراف)

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ ف

دے اور تو سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔

سوال ۲: حضرت ایوبؑ کا لقب اللہ تعالیٰ نے کیا رکھ دیا؟

جواب: صابر۔

سوال: اللہ تعالیٰ نے حضرت ایوبؑ کے بارے میں کیا فرمایا؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے فرمایا انا وجدناہ صابرا

ترجمہ: ہم نے ایوبؑ کو بہت صبر کرنے والا پایا۔

سوال ۳: حضرت ایوب علیہ السلام کس کی اولاد میں سے تھے؟

جواب: حضرت اسحاقؑ کی اولاد میں سے تھے۔

سوال ۴: حضرت ایوبؑ کی والدہ ماجدہ کس کی بیٹی تھیں؟

جواب: آپ کی والدہ ماجدہ حضرت لوط علیہ السلام کی بیٹی تھیں۔

سوال: صحت یاب ہونے کے بعد اس بیوی کا نام بتایئے جو آپ کو پہچان نہ سکی؟

جواب: "رحمت"

سوال ۶: حضرت ایوبؑ کا مسکن کونسا مقام تھا؟

جواب: آپ کا مسکن شمالی عرب میں فلسطین کی مشرقی سرحد تھا۔

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام کے والد بزرگوار کا نام لکھئے؟

جواب: زارع

سوال: قرآن حکیم کی کن سورتوں میں حضرت ایوب علیہ السلام کا نام آیا ہے؟

جواب: سورۃ انبیاء' سورۃ انعام' سورۃ النساء اور سورۃ ص۔

سوال: سورۃ انبیاء میں حضرت ایوب علیہ السلام کا نام کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب: علی الترتیب ۸۳' ۸۴۔

سوال: حضرت ایوب علیہ السلام کے پاس کتنی دولت تھی؟

جواب: تین ہزار گھوڑے' تین ہزار اونٹ' ایک ہزار بکریاں۔ بے شمار پھلوں کے باغات۔ پانچ سو غلام اور پانچ سو ہل کھیتی باڑی کے لئے۔

سوال: اللہ تعالیٰ نے حضرت ایوب علیہ السلام کو کن آزمائشوں میں ڈالا تھا؟

جواب: تمام غلہ خانوں میں آگ لگ گئی' اولاد مکان کے حادثے میں دب کر ہلاک ہو گئی ان کے بدن میں کیڑے پڑ گئے۔

سوال: ان دو سورتوں کے نام بتایئے جن میں صرف حضرت ایوبؑ کا نام ہی آیا ہے؟

جواب: سورۃ انعام' سورۃ انبیاء

سوال: معمول کے مطابق حضرت ایوبؑ کھانا تناول فرمانے سے پہلے کتنے مسکینوں کو کھانا کھلاتے

جواب: یوکبد۔
سوال: حضرت موسیٰؑ کا زمانہ نبوت کیا متعین کیا گیا ہے؟
جواب: پندرھویں اور سولھویں صدی ق م۔
سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟
جواب: ۱۲۰ سال۔
سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پیدائش ہوئی تو فرعون مصر نے نجومیوں کے کہنے پر کیا حکم دے رکھا تھا؟
جواب: بنو اسرائیل کے جتنے بچے پیدا ہوں انہیں قتل کر دیا جائے۔
سوال: قرآن حکیم نے فرعون کی بیوی کو کیا نام دیا ہے؟
جواب: مؤمنہ۔
سوال: ایک قبطی نوجوان کو مارنے کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کس عمر میں کہاں ہجرت کی؟
جواب: مدین کی طرف۔ عمر تیس برس تھی۔
سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا نکاح کس پیغمبر کی بیٹی سے ہوا؟
جواب: حضرت شعیب علیہ السلام۔
سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عقد حضرت شعیب علیہ السلام کی کس بیٹی سے ہوا؟
جواب: صفورا سے۔
سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کس پہاڑ پر پیغمبری عطا کی گئی؟
جواب: کوہ طور پر۔
سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کتنے معجزات سے نوازا؟
جواب: نو معجزات سے۔
سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جو معجزات عطا کیے گئے ان میں سے دو بڑے معجزات کا نام لکھیے؟
جواب: عصا اور یدبیضاء۔
سوال: موسیٰ علیہ السلام کی دعا پر ان کے کس بھائی کو اللہ تعالیٰ نے ان کا وزیر بنایا اور انہیں بھی پیغمبری عطا کی؟
جواب: حضرت ہارون علیہ السلام۔
سوال: حضرت موسیٰ علیہ السلام سے حضرت ہارون علیہ السلام عمر میں کتنے بڑے تھے؟
جواب: تین برس۔

سوال: سورۃ طٰہٰ کی آیات ۲۵ تا ۲۸ میں حضرت موسیٰؑ نے اپنے پروردگار سے کیا فرمایا؟

جواب: اے میرے پروردگار میرا سینہ کھول دے اور میرا کام آسان کر دے میری زبان کی گرہ کھول دے تاکہ میری بات سمجھ لیں۔

سوال: بنی اسرائیل کے آخری نبی کون تھے؟

جواب: سیدنا عیسیٰؑ

سوال: حضرت عیسیٰؑ نے اپنے بعد کس کی بشارت دی؟

جواب: رسول اکرم ﷺ کی آمد کی بشارت دی۔

سوال: کیا حضرت عیسیٰؑ بغیر باپ کے پیدا ہوئے؟

جواب: جی ہاں۔

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام لکھیے؟

جواب: حضرت مریم علیہا السلام

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نانی اور نانا کا نام لکھیے؟

جواب: حنہ نانی اور نانا عمران

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: ۴ ہجری۔ بیت اللحم میں۔

سوال: قرآن حکیم کی کن سورتوں میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر آیا ہے؟

جواب: البقرۃ' آل عمران' النساء' المائدہ' توبہ' مومنون' الصف' حدید۔

سوال: عبرانی زبان میں حضرت عیسیٰؑ کو یسوع کہا گیا ہے اس کا مطلب لکھیے؟

جواب: سردار

سوال: عیسائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو خدا سے کس رشتے سے منسوب کرتے ہیں؟

جواب: وہ انہیں اللہ کا بیٹا کہتے ہیں۔

سوال: پیدائش کے فوراً بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کونسے معجزے منسوب ہیں؟

جواب: گہوارے میں باتیں اور لوگوں کو اپنی والدہ کے بارے میں بتانا کہ وہ طاہرہ ہیں۔

سوال: کس سورۃ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو روح کہا گیا ہے؟

جواب: سورۃ النساء آیت ۱۷۱ میں۔

سوال: حضرت عیسیٰ کی پرورش کہاں ہوئی؟

جواب: ناصرہ میں

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کس عمر میں نبوت ملی اور کونسی کتاب نازل ہوئی؟

جواب: تیس سال' انجیل۔

سوال: کیا یہ درست ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کوڑھیوں کو درست کیا کرتے تھے؟

جواب: جی ہاں

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام یہودیوں میں دین کی تبلیغ کرتے رہے جس کی وجہ سے یہودی ان کے خلاف ہو گئے انہوں نے مذہبی عدالت میں ان پر کس قسم کا مقدمہ چلایا؟

جواب: کفر کا

سوال: کس نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو موت کی سزا دینے کا اعلان کیا؟

جواب: رومی گورنر پونٹیس نے

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مصلوب کرنے کا وقت آیا تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے کیا واقعہ رونما ہوا؟

جواب: پاس کھڑے ہوئے ایک شخص کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی شکل میں تبدیل کر دیا گیا جسے پھانسی دے دی گئی۔

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کونسے معجزات عطا کیے گئے۔

جواب: کوڑھیوں کو بھلا چنگا کرنا' نابینا کی آنکھوں پر ہاتھ پھیرتے تو وہ بینا ہو جاتا۔

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب کیا تھا؟

جواب: روح اللہ

سوال: کس سورۃ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے کھانا نازل فرمانے کی دعا کی؟

جواب: المائدہ' ۱۱۴

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اَنزِل عَلَینَا مَائدۃً من السماۗء تکون لنا عیدا

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار ہم پر آسمان سے خوان نازل فرما تاکہ وہ ہمارے لئے عید قرار پائے۔

سوال: اللہ تعالیٰ نے یہودیوں کے مقابلے میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کتنے وعدے کئے؟

جواب: پانچ وعدے فرمائے گئے۔

سوال: حضور ﷺ کے والد بزرگوار کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: عبداللہ۔

سوال: حضور ﷺ کے دادا عبدالمطلب کا اصل نام لکھئے؟

جواب: شیبہ۔

سوال: حضور ﷺ کے کن دو چچاؤں نے اسلام قبول کیا؟

جواب: حضرت [illegible]' حضرت عباسؓ۔

سوال: حضور کی دو پھوپھیوں کے نام لکھئے؟

جواب: حضرت صفیہؓ، حضرت عائشہؓ
سوال: حضور ﷺ کی کن دو پھوپھیوں نے اسلام قبول کیا؟
جواب: حضرت صفیہؓ، حضرت اُمِ ایمن۔
سوال: حضور ﷺ کی ولادت کب ہوئی؟
جواب: ۹ ربیع الاول ۲۰ اپریل ۵۷۱ عیسوی میں
سوال: حضرت محمد ﷺ کو سب سے پہلے دودھ کس نے پلایا؟
جواب: والدہ ماجدہ حضرت آمنہ نے
سوال: حضرت محمد ﷺ کو کس دایہ کے سپرد کر دیا؟
جواب: حضرت حلیمہ سعدیہ کے
سوال: آپ کے دادا نے آپ کا کیا نام رکھا؟
جواب: محمدؐ
سوال: حضرت محمد ﷺ نے حرب فجار کی کس جنگ میں شرکت فرمائی؟
جواب: چوتھی میں
سوال: جنگ فجار اس کا نام کیوں پڑا؟
جواب: جن ایام میں یہ جنگ لڑی گئی ان میں جنگ وجدل حرام تھا۔
سوال: جنگ فجار کہاں لڑی گئی؟
جواب: عکاظ کے مقام پر
سوال: حلف الفضول کا معاہدہ کن شرائط پر طے کیا گیا؟
جواب: ظالم کی مخالفت اور مظلوم کی مدد
سوال: اس معاہدے کو حلف الفضول کیوں کہتے ہیں؟
جواب: کیوں کہ اس میں فضل نامی اشخاص کی اکثریت تھی۔
سوال: حضرت خدیجہؓ کا کس عمر میں حضور ﷺ سے نکاح ہوا؟
جواب: ۴۰ سال کی عمر میں حضور ﷺ کی عمر ۲۵ برس تھی۔
سوال: وحی کی کتنی قسمیں ہیں۔
جواب: دو وحی متلو اور وحی غیر متلو
سوال: پہلی وحی میں کس سورۃ کی پانچ آیات نازل ہوئیں نیز یہ کب اور کہاں نازل ہوئیں؟
جواب: سورۃ علق اقرا سے لے کر مالم یعلم تک ۶۰۹ یا ۶۱۰ء میں غار حرا میں۔
سوال: دربار نبوی کے کاتب خاص کون صحابی تھے؟
جواب: حضرت زید بن ثابتؓ

سوال: حضرت محمد ﷺ پر جب پہلی وحی نازل ہوئی تو آپؐ کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ۴۰ برس

سوال: وحی نازل ہونے کے بعد گھر تشریف لانے کے بعد آپ ﷺ نے حضرت خدیجہؓ سے کیا فرمایا؟

جواب: زملونی زملونی مجھے کمبل اوڑھا دیجئے۔

سوال: حضور ﷺ کو جب نبوت ملی تو کن شخصیات نے ایمان کی دعوت قبول کی؟

جواب: مردوں میں سیدنا حضرت ابوبکر صدیقؓ، عورتوں میں ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ، بچوں میں حضرت علیؓ اور غلاموں میں حضرت زید بن حارثؓ

سوال: پہلے سال نبوت میں جن دیگر معتزرین نے اسلام قبول کیا ان کے نام کیا تھے؟

جواب: حضرت ارقمؓ بن ابی ارقم، حضرت بلالؓ حبشی، حضرت صہیبؓ رومی، حضرت سمیہؓ، حضرت ابوعبیدہؓ بن الجراح، حضرت سعیدؓ بن زید اور حضرت عبداللہؓ بن مسعود۔

سوال: نبوت کے چوتھے سال میں حضور ﷺ کی کس حقیقی چچی نے حضور ﷺ کی راہ میں کانٹے بچھائے۔

جواب: ام جمیل زوجہ ابولہب۔

سوال: نبوت کے چوتھے سال میں کن صحابیہ نے اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے اسلام کی پہلی شہید ہونے کا اعزاز حاصل کیا؟

جواب: حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا

سوال: آغاز نبوت سے کتنے سال تک دین اسلام دعوت خفیہ رہی؟

جواب: تین سال

سوال: خفیہ دعوت کا مرکز کس صحابی کا گھر تھا؟

جواب: ارقمؓ بن ابی ارقم کا۔

سوال: دعوت خفیہ کے تین سال عرصہ میں کتنے مرد اور عورتیں مسلمان ہوئیں؟

جواب: چالیس کے قریب مرد اور عورتیں۔

سوال: کس صحابہ کے ایمان لانے سے مسلمانوں کی قوت و عظمت میں بہت زیادہ اضافہ ہوا؟

جواب: حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ اور حضرت فاروق رضی اللہ عنہ۔

سوال: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ایمان لانے کے بعد اسلام کی خفیہ دعوت جب اعلانیہ ہوگئی تو اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو کیا فرمایا؟

جواب: اے نبی! اپنے قریب ترین رشتے داروں کو ڈراؤ اور ایمان لانے والوں میں سے جو لوگ تمہاری پیروی اختیار کریں ان کے ساتھ تواضع سے پیش آو۔

سوال: حضورؐ نے جب اپنے عزیز و اقارب کو دعوتِ فکر دی تو آپؐ کے چچا ابو طالب نے کیا کہا؟
جواب: میں اپنے باپ کے دین' دین عبدالمطلب سے دستبردار نہیں ہوں گا مگر جس کام کا تمہیں حکم دیا گیا ہے کر گزرو تمہاری حفاظت اور حمایت کروں گا۔
سوال: عام الحزن کے سال حضور ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟
جواب: پچاس سال۔
سوال: حضور ﷺ نے طائف میں کتنے دن گزارے؟
جواب: دس دن
سوال: حضور ﷺ کے سفر طائف کا مقصد کیا تھا؟
جواب: تبلیغ اسلام
سوال: حضور ﷺ کس قبیلے سے مدد لینے کے لئے طائف تشریف لے گئے تھے؟
جواب: قبیلہ ثقیف سے
سوال: مدینہ منورہ کا جو وفد حضور ﷺ کے دست مبارک پر بیعت کرنے آیا تھا وہ کتنے وفادار افراد پر مشتمل تھا؟
جواب: بارہ۔ دس قبیلہ خزرج سے اور دو قبیلہ اوس سے۔
سوال: اس بیعت کو کیا کہتے ہیں؟
جواب: بیعت عقبہ اولیٰ
سوال: جب حضور ﷺ رات کو تاریکی میں اپنے گھر سے باہر نکلے تو قرآن پاک کی کونسی سورۃ کی تلاوت فرما رہے تھے؟
جواب: سورۃ یٰسین
سوال: حضور ﷺ کتنے روز کے بعد اور کب قبا پہنچے؟
جواب: آٹھ روز کے بعد ۸ ربیع الاول ۱ نبوی۔
سوال: مسجد نبوی کی تعمیر کے بعد حضور ﷺ کو مہاجرین اور انصار کے درمیان کس قسم کے رشتے کا خیال آیا۔
جواب: رشتۂ اخوت کا۔
سوال: فتح مکہ کے وقت حضور ﷺ کے ساتھ کتنے صحابہ کرام موجود تھے؟
جواب: دس ہزار
سوال: مکہ کب فتح ہوا؟
جواب: ۸ ہجری میں
سوال: محاصرہ طائف کب ہوا؟

جواب: ۸ ہجری میں
سوال: طائف کا محاصرہ کتنے روز جاری رہا؟
جواب: بیس روز
سوال: قرآن حکیم میں مکہ اور طائف کو ملا کر کیا نام دیا گیا ہے؟
جواب: قریتین۔
سوال: کعبہ کو تورات میں کیا نام دیا گیا تھا؟
جواب: بیت ایل
سوال: حجراسود کتنی بلندی پر نصب ہے؟
جواب: ۵'۴" فٹ
سوال: حضورؐ نے اپنی زندگی کا آخری خطبہ کب فرمایا؟
جواب: ۱۱ ہجری کو
سوال: کس سورہ کے نزول سے یہ پتہ چلا کہ حضور ﷺ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے والے ہیں؟
جواب: سورۃ فتح
سوال: حضور ﷺ کے آخری الفاظ کیا تھے۔
جواب: بل الرفیق الاعلی اب اور کوئی نہیں بلکہ وہ بڑا رفیق درکار ہے۔
سوال: حضور ﷺ کا وصال مبارک کب ہوا؟
جواب: ۹ ربیع الاول ۱۱ ہجری بوقت چاشت مقام مدینہ منورہ۔
سوال: حضور ﷺ کے کفن مبارک کے کل کتنے کپڑے تھے؟
جواب: صرف تین' سوتی کپڑے۔
سوال: حضور ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟
جواب: ۶۳ برس۔
سوال: قیام مکہ مکرمہ کے بعد کتنے روز قرآن نازل ہوتا رہا؟
جواب: ۳۳۱۲ دن۔
سوال: حضور کے خصوصی القابات کون کون سے تھے؟
جواب: خاتم النبیین' رحمتہ للعالمین' نبی امی
سوال: حضور ﷺ سے کونسا سب سے بڑا اور اہم معجزہ منسوب ہے؟
جواب: قرآن حکیم
سوال: حضور ﷺ جو کی روٹی کھاتے آپ کی پسندیدہ سبزی کونسی تھی؟

جواب: کدو

سوال: حضور ﷺ کن چیزوں کو پینا پسند فرماتے تھے؟

جواب: شہد اور دودھ

سوال: دین کا لفظ کن چار بنیادی تصورات کی ترجمانی کرتا ہے؟

جواب: (۱) غلبہ و تسلط (۲) اطاعت اور بندگی (۳) قاعدہ اور ضابطہ (۴) محاسبہ اور فیصلہ اور جزا و سزا

سوال: لفظ دین کے اجزائے ترکیبی کتنے اور کونسے ہیں۔

جواب: اس کے اجزائے ترکیبی یہ چار ہیں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ کی حاکمیت اور اس کا اقتدار اعلیٰ

۲۔ اس کی حاکمیت کے مقابلے میں تسلیم و اطاعت

۳۔ وہ نظام فکر و عمل جو اس حاکمیت کے زیر اثر ہے۔

۴۔ جزا و سزا جو اقتدار اعلیٰ کی طرف سے اسی نظام سے وفاداری و اطاعت یا اس سے سرکشی و بغاوت کے صلے میں دی جائے۔

سوال: دین کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: ان الدین عنداللہ الاسلام (آل عمران)

بلاشبہ دین تو اللہ کے نزدیک صرف اسلام ہے۔

سوال: اسلام کے لغوی معنی درج کریں؟

جواب: اسلام کے لغوی معنی اطاعت 'جھکنے' سر تسلیم خم کرنے اور مکمل سپرد کر دینے کے ہیں اور اس کا دوسرا معنی امن' سلامتی' اور آشتی کے ہیں۔

سوال: اسلام کا شرعی مفہوم بیان کریں؟

جواب: اسلام وہ دین ہے جو خدا کی حاکمیت کی بنیاد پر ایک پورا ضابطہ حیات پیش کرتا ہے۔

سوال: عقائد اور ضابطہ عمل کے مجموعے کو کیا نام دیا جاتا ہے؟

جواب: عقائد اور ضابطہ عمل کے اس مجموعے کا نام اسلامی نظریہ حیات ہے۔

سوال: اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات کا مصداق ہے قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: ارشاد خداوندی ہے۔

الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا۔

ترجمہ: آج کے دن تمہارے لئے تمہارے دین کو مکمل کر دیا گیا ہے اور تم پر اپنی نعمت تمام کر دی اور تمہارے لئے ضابطہ حیات کے طور پر اسلام کو پسند کیا ہے؟

سوال: پروفیسر جوڈ کا مقولہ لکھئے؟

جواب: انہی حالات سے متاثر ہو کر پروفیسر جوڈ نے کہا تھا کہ "تم نے فضاؤں میں پرندوں کی طرح اڑنا اور سمندروں میں مچھلیوں کی طرح تیرنا تو سیکھ لیا مگر زمین پر انسانوں کی طرح رہنا تمہیں ابھی تک نہیں آیا ہے۔"

سوال: کیا زندگی ناقابلِ تقسیم وحدت ہے؟

جواب: نہیں زندگی ایک ناقابل تقسیم وحدت ہے۔

سوال: اسلام میں مکمل نظام حیات کی نمایاں خصوصیات میں چار اہم خصوصیات درج کریں؟

جواب: (۱) موجود دنیا کا واحد الہامی مذہب

(۲) اعتدال اور مکمل توازن

(۳) انفرادیت اور اجتماعیت کے مابین توازن

(۴) سادہ تعلیمات کا مرقع عقلی مذہب

سوال: ترک دنیا کی مخالفت کے متعلق آپ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: آپ نے ارشاد فرمایا۔

لا رھبانیتہ فی الاسلام۔ اسلام میں ترک دنیا کا کوئی مقام نہیں۔

سوال: احترام آدمیت کے بارے میں ارشاد خداوندی کیا ہے۔

جواب: ارشاد خداوندی ہے۔

ولقد کرمنا بنی اٰدم ترجمہ: ہم نے بنی آدم کو عزت مند بنایا ہے۔

سوال: قرآن و سنت کے دیئے ہوئے اصول ابدی ہیں خالق کائنات کی طرف سے کیا فرمان ہے؟

جواب: لاتبدیل لِکَلِمَاتِ اللّٰہ

اللہ کی باتوں میں تبدیلی نہیں ہوتی۔

سوال: اسلام ایک اصلاحی اور انقلابی تحریک ہے ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: ھوالذی ارسل رسولہ بالھدیٰ و دین الحق لِیُظْھِرَہٗ علی الدین کلہ ولوکرہ المشرکون

ترجمہ: وہی (پاک ذات) تو ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق دے کر بھیجا تاکہ اسے تمام دیگر ادیان پر غالب کرے خواہ یہ منکرین کو (کتنا ہی) ناگوار کیوں نہ گزرے۔

(الصف)

سوال: قرآن پاک میں دعوت حق کے متعلق کیا ارشاد باری تعالیٰ ہے؟

جواب: بلغ ماأنْزِلَ اِلَیْکَ فان لم تفعل فما بلغت رسالتہ۔

ترجمہ: جو کچھ آپ پر نازل کیا گیا ہے اسے لوگوں تک پہنچا دو اگر' آپ نے ایسا نہ کیا تو آپ نے رسالت کا فریضہ ادا نہ کیا۔

سوال: ابتدائی تین سالوں میں حضرت محمد ﷺ نے خفیہ تبلیغ کی یا اعلانیہ؟
جواب: خفیہ تبلیغ کی تھی۔
سوال: دعوت کی کامیابی کے اصول کونسے ہیں؟
جواب: (۱) دعوت دینے والے کا انفرادی کردار
(۲) دعوت کا انداز اور طریقہ کار
سوال: حضور اکرم ﷺ نے اپنی دعوت کا آغاز کس طرح کیا؟
جواب: آپ ﷺ نے اپنی دعوت کا آغاز۔
یاایھاالناس قولوا لا الہ الا اللہ سے کیا۔
ترجمہ: اے لوگو! اس بات پر ایمان لاؤ کہ اللہ کے سوا اور کوئی الہ نہیں)
سوال: جب قریش مکہ نے مسلمانوں پر مظالم کی حد کر دی تو حضور ﷺ نے مسلمانوں کو کہاں ہجرت کرنے کا حکم صادر فرمایا؟
جواب: حبشہ کی طرف۔
سوال: سب سے پہلے کتنے صحابہ کرام نے حبشہ کو ہجرت کی؟
جواب: سولہ۔ تاریخ اسلام کی یہ پہلی ہجرت ہے گیارہ مرد اور پانچ عورتیں۔
سوال: پہلی ہجرت کب ہوئی اور اس وقت حبشہ کا حاکم کون تھا؟
جواب: بعثت نبوی کے پانچویں سال ۶۱۵ء میں نجاشی حبشہ کا حاکم تھا۔
سوال: آخر میں حبشہ کی طرف ہجرت کرنے والے کل مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟
جواب: ۸۳ مرد اور ۱۸ عورتیں۔
سوال: قریش کی دشمنی نے حبشہ میں بھی مسلمانوں کا پیچھا کرنے کے لئے ایک وفد نجاشی کے پاس بھیجا کہ وہ مہاجرین کو ان کے حوالے کر دے بتائیے کہ نجاشی نے کیا کہا؟
جواب: ان مسلمانوں نے کیا جرم کیا ہے؟
سوال: وفد کے سربراہ نے جواب میں کیا کہا؟
جواب: ان سب کا جرم یہ ہے کہ انہوں نے اپنے دادا کا مذہب چھوڑ کر ایک نیا مذہب اختیار کیا ہے۔
سوال: مسلمانوں کی طرف سے کس نے نجاشی کو دین اسلام کے بارے میں ایک تقریر میں سب کچھ بتا دیا؟
جواب: حضرت جعفرؓ طیار نے
سوال: حضرت جعفرؓ طیار کی تقریر کا نجاشی پر کیا اثر پڑا؟
جواب: اس نے مسلمانوں کو پناہ دی اور وفد قریش کا مطالبہ تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔

سوال: کفار مکہ جب حضورؐ کے اس حد تک دشمن ہو گئے کہ انہوں نے آپؐ کو (نعوذ باللہ) قتل کرنے کا منصوبہ بنایا تو اللہ تعالیٰ نے حضورؐ کو بذریعہ وحی کیا حکم دیا؟

جواب: مکہ سے مدینے کی جانب ہجرت کرنے کا

سوال: قریش کے کتنے بہادر اور جنگجو افراد وقت مقرر پر حضورؐ کے مکان پر پہنچ کر آپؐ کے باہر جانے کا انتظار کرتے رہے؟

جواب: بارہ۔

سوال: مکہ سے نکل کر حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہاں پناہ لی؟

جواب: غار ثور میں

سوال: جب دشمنوں نے غار کے اندر جانا چاہا تو کس نے کہا کہ غار کے باہر تو مکڑی نے جالا تان رکھا ہے؟

جواب: امیہ بن خلف نے۔

سوال: جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے دشمنوں کو غار کے دہانے پر دیکھا تو حضور ﷺ سے کیا عرض کی؟

جواب: یا رسول اللہ! ﷺ اگر ان میں کوئی جھک کر نیچے دیکھے تو وہ ہمیں دیکھ لے گا۔

سوال: حضور ﷺ نے کیا فرمایا جواب میں؟

جواب: اے ابوبکر! تمہارا ان دو آدمیوں کے متعلق کیا خیال ہے جن میں تیسرا اللہ ہے۔

سوال: جب سراقہ نے حضور ﷺ کا پیچھا کیا تو اس کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟

جواب: اس کے گھوڑے کے پاؤں تین دفعہ زمین میں دھنس گئے۔

سوال: جب سراقہ اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہوا تو اس نے کیا کہا؟

جواب: برے ارادے سے توبہ کی اور حضورؐ سے امان کا ایک خط لے کر واپس لوٹا۔

سوال: حضور ﷺ جس اونٹنی پر تشریف فرما تھے اس کا نام کیا تھا؟

جواب: القصواء۔

سوال: حضور ﷺ نے قبا میں کس کے مکان پر قیام فرمایا۔

جواب: کلثوم بن ہدم

سوال: حضور ﷺ نے قبا میں اسلام کی کونسی عمارت کی تعمیر کرائی؟

جواب: مسجد قباء کی۔

سوال: حضورؐ قباء سے کب مدینے کے لئے روانہ ہوئے۔

جواب: ۱۲ ربیع الاول بروز جمعۃ المبارک ۱۳ نبوی۔

سوال: مدینہ منورہ میں آپ ﷺ نے کہاں قیام فرمایا؟

جواب: بنو سالم بن عوف کے محلہ میں

سوال: مدینہ منورہ میں حضور ﷺ نے پہلا جمعہ کتنے آدمیوں کے ساتھ پڑھایا؟

جواب: ایک سو۔

سوال: ناقہ کس صحابی کے گھر کے سامنے ٹھہری؟

جواب: حضرت ابو ایوب انصاری رضؓ

سوال: حضور ﷺ نے کن دو یتیم لڑکوں سے زمین خرید کر مسجد نبوی کی تعمیر شروع کر دی؟

جواب: حضرت سہل رضی اللہ عنہ اور حضرت سہیل رضی اللہ عنہ

سوال: ہجرت کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب: نقلِ مقام لیکن رسول اللہ صلعم کی نسبت سے اسلام نے اس لفظ کو وسیع تر مفہوم دیا ہے۔

اسلام نے اس میں فی سبیل اللہ کے مفہوم کا اضافہ کیا ہے۔

سوال: جب کسی صحابی نے حضور ﷺ سے ہجرت کے بارے میں دریافت کیا کہ ہجرت کیا ہے تو آپ ﷺ نے کیا جواب دیا؟

جواب: سب سے بہتر ہجرت یہ ہے کہ آدمی ان باتوں سے دامن کش ہو جائے جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہیں۔

سوال: اسلامی ریاست کی بنیاد میں کس نے حضرت محمد ﷺ کی مدد کی؟

جواب: انصار کی مدد سے ایک چھوٹی سی اسلامی ریاست کی بنیاد رکھی۔

سوال: خدا ہی کی حاکیت ہے ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: ومآارسلنا من رسول الا لیطاع باذن اللہ

ترجمہ: ہم نے جو رسول بھی بھیجا ہے اس لئے بھیجا ہے کہ اذنِ خداوندی کی بناء پر اس کی اطاعت کی جائے۔

سوال: اسلامی قانون سازی کی چار اہم خصوصیات لکھیے؟

جواب: (۱) وحی الٰہی پر مبنی ہونا (۲) توازن اعتدال (۳) عدم حرج (۴) تقدس و احترام

سوال: اسلامی قانون جسے فقہ بھی کہتے ہیں کے ماخذ درج کریں؟

جواب: قرآن مجید (۲) سنت (۳) آثار صحابہ (۴) اجماع (۵) قیاس (۶) استحسان (۷) استصلاح (۹) عرف و رواج (۱۰) اجتہاد۔

سوال: قانون سازی کی تعریف کیجئے؟

جواب: ڈاکٹر سائمنڈ کے نزدیک

قانون کا ماخذ' جو کسی بااختیار ادارہ کی طرف سے قانونی اصولوں کے اعلان پر مشتمل ہو۔

سوال: حضور نبی اکرم ﷺ کے بنائے ہوئے چند نمایاں قوانین لکھیے؟
جواب: (۱) فوجداری قوانین (۲) احوال شخصیہ (۳) خرید و فروخت اور معاہدے۔
سوال: اوس اور خزرج میں ایک سو بیس سال سے ایک لڑائی کا سلسلہ جاری تھا اس کا کیا نام دیا گیا؟
جواب: جنگ بعاث
سوال: جنگ بعاث کی آخری جنگ ہجرت سے کتنا عرصہ قبل ہوئی تھی؟
جواب: پانچ سال قبل
سوال: مدینہ منورہ میں اسلامی ریاست کی بنیاد کب رکھی گئی؟
جواب: مدینہ منورہ میں ۱۲ ربیع الاول ۱ھ بمطابق ۲۴ ستمبر ۶۲۲ء۔ کو
سوال: اسلامی ریاست کی بنیاد حضور ﷺ نے کن اصولوں پر رکھی۔
جواب: اس کی بنیاد قادر مطلق کی حاکیت اعلیٰ' پیغمبر خدا کی نیابت' خداوندی امت مسلمہ کی اخوت و مساوات اور احترام کے عظیم اصولوں اور عملی نمونوں پر رکھی گئی تھی۔
سوال: بیعت عقبہ ثانیہ سے کیا مراد ہے؟
جواب: ۱۲ نبوی میں امت مسلمہ کے تقریباً پچھتر افراد بارگاہ نبویؐ میں حاضر ہوئے اور آپؐ سے بیعت کی یہ بیعت عقبہ ثانیہ" کہلاتی ہے۔
سوال: غزوہ احد کب پیش آیا؟
جواب: ۳ھ کو۔
سوال: صلح حدیبیہ کب ہوئی اور اس وقت حضور ﷺ کے ساتھ کتنے جانثار تھے؟
جواب: ۶ ھ میں ۱۴۰۰۔
سوال: صلح حدیبیہ کے وقت کونسی ام المومنین حضور ﷺ کے ساتھ تھی؟
جواب: ام المومنین ام سلمہؓ
سوال: حضور ﷺ مکہ مکرمہ سے کتنے فاصلے پر تھے کہ ابو سفیان اور عبداللہ بن امیہ نے حضور ﷺ سے ملاقات کی اور اسلام قبول کیا؟
جواب: دو منزل
سوال: حضور ﷺ کے ہمرکاب کون تھے؟
جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
سوال: بیت اللہ میں داخلے ہوتے وقت حضور ﷺ کی زبان پر کونسی آیت مبارکہ تھی؟
جواب: جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا (بنی اسرائیل آیت ۸۱)
سوال: فتح مکہ سے مسلمانوں کی زندگی پر کیا اثر پڑا؟

جواب: جس سے دنیا کی پہلی اسلامی ریاست کا قیام عمل میں آیا۔
سوال: وفد ازد میں کتنے آدمی تھے؟
جواب: سات
سوال: وفد اشجع کب حضور ﷺ کی خدمت میں پیش ہوا؟
جواب: ۵ھ میں
سوال: وفد بنو اسد کتنے افراد پر مشتمل تھا اور کب حضور ﷺ کی خدمت میں پیش ہوا؟
جواب: دس آدمیوں پر مشتمل تھا ۹ھ کے اوائل میں
سوال: وفد سلاماں میں کتنے افراد تھے اور کب حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا؟
جواب: سات یا سترہ آدمی شوال ۱۰ھ میں
سوال: وفد بنو صدف میں کتنے آدمی حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے؟
جواب: انیس آدمیوں کی ایک جماعت
سوال: وفد بنو تمیم میں کتنے آدمی شامل تھے؟
جواب: ستر یا اسی
سوال: وفد کندہ کب حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا
جواب: ۱۰ھ میں۔
سوال: وفد محارب میں کتنے آدمی شامل تھے اور کب حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا؟
جواب: دس آدمی تھے' ۱۰ھ۔
سوال: وفد بنو سعد بن بکر کی نمائندگی کس نے کی؟
جواب: "یک رکنی" وفد نے کی
سوال: وفد بنو ثقیف کتنے آدمیوں پر مشتمل تھا۔ اور کب پیش آیا؟
جواب: رمضان المبارک ۹ھ۔
سوال: وفد کلاب کب حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس میں کتنے افراد شامل تھے؟
جواب: ۹ھ تیرہ افراد
سوال: رسول اللہ ﷺ کے سفارتی وفود کب روانہ ہوئے؟
جواب: محمد عجاج نے المصباح کے حوالے سے لکھا ہے ۶ھ میں رسول اللہ کے سفارتی وفود کثرت سے روانہ ہوئے۔
سوال: اسلامی تحریک کے آغاز میں رسول اللہ ﷺ نے کن حکمرانوں اور سرداروں کے پاس سفیر بھیجے؟
جواب: حضور ﷺ نے نہ صرف حکمرانوں [illegible] کے پاس سفیر بھیجے بلکہ عام لوگوں سے

خود بھی رابطہ رکھا۔

سوال: پہلی مرتبہ بیعت نبوت کے کس سال میں ہوئی؟

جواب: پہلی مرتبہ بیعت نبوت کے گیارھویں سال میں ہوئی۔

سوال: رسول اللہ نے کتنے ملکوں کے بادشاہوں کے نام خطوط لکھوائے؟

جواب: چھ بادشاہوں کے نام

سوال: رسول اللہ نے چاندی کی ایک انگوٹھی والی مہر بنوائی اس کے اوپر کیا لکھا تھا؟

جواب: تین سطروں میں محمد رسول اللہ۔

سوال: سب سے پہلے حضور ﷺ نے عمرو بن امیر الضمری کو خط دے کر کس بادشاہ کی طرف روانہ کیا؟

جواب: حبشہ کے فرمانروا النجاشی کی طرف

سوال: رسول اکرم ﷺ نے النجاشی کی طرف جو دو خط ارسال کئے ان میں کیا لکھا تھا؟

جواب: پہلے خط میں اسلام قبول کرنے کی دعوت اور دوسرے میں قرآن شریف کی آیات تھیں۔

سوال: رسول اکرم ﷺ نے دوسرا خط کس کے نام لکھوایا؟

جواب: قیصر روم کے نام

سوال: مقوقس کے نام حضور ﷺ نے جو خط لکھوایا وہ کس ہجری میں لکھوایا گیا؟

جواب: ذی قعدہ "۶" ھ

سوال: رسول اکرم ﷺ نے پانچواں دعوتی خط کس بادشاہ کے نام لکھوایا؟

جواب: الحارث بن ابی شمر کے نام

سوال: حضور ﷺ نے جن بادشاہوں کے نام خطوط لکھوائے ان میں سے چار کے نام لکھئے؟

جواب: (۱) ھوذہ بن علی الحنفی (۲) جیفر و عبد بن الجلندی (۳) المنذر بن ساوی العبدی (۴) جبلہ بن الایہم۔

سوال: جہاد کے لغوی اور اصطلاحی معانی لکھئے؟

جواب: جہاد کا لفظ جہد سے نکلا ہے جس کے معانی (۱) کوشش کرنا کے ہیں۔ جدوجہد کرنا' اصطلاحی معانی میں اس کوشش کو کہتے ہیں جو اسلام کی حفاظت کے لئے کی جائے۔

سوال: جہاد کی تعریف کریں؟

جواب: جہاد اس کوشش کو کہتے ہیں جو دشمنوں کے خلاف دفاع کرتے ہوئے کی جائے (امام راغب اصفہانی)

سوال: اسلام کا تصور جہاد سے کیا مراد ہے؟

جواب: فتنہ و فساد کو روکنا ظلم کو ظلم سے روکنا عظیم ترین عبادت ہے کیونکہ اس سے امن و امان

قائم ہوتا ہے اور عزت و آبرو محفوظ ہوتی ہے۔

سوال: جہاد کی اہمیت میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: ان اللّٰہ یحب الذین یقاتلون فی سبیل اللّٰہ صفا کانھم بنیان مرصوص (الصف)

ترجمہ: بے شک اللہ ان لوگوں سے محبت رکھتا ہے جو اس کی راہ میں صف باندھ کر جنگ کرتے ہیں گویا وہ ایک مضبوط دیوار ہیں۔

سوال: حدیث کی مدد سے جہاد کی اہمیت واضح کریں؟

جواب: ارشاد نبویؐ ہے

جب تمہیں جہاد کے لئے بلایا جائے تو تم اپنے گھروں سے نکل پڑو۔

سوال: جہاد کی اقسام کے صرف نام لکھئے؟

جواب: (۱) جہاد اکبر (۲) جہاد بالعلم (۳) جہاد بالقلم (۴) جہاد بالمال (۵) جہاد بالسیف (۶) دائمی جہاد

سوال: جہاد اور قتال میں کیا فرق ہے؟

جواب: مخالفین اسلام نے جنگ اور جہاد کو ایک معنی میں استعمال کیا ہے حالانکہ ان میں فرق ہے؟
(۱) جہاد کا مقصد اللہ کے نام کو بلند کرنا اور یہ فرض عین ہے اور اس کی بہت سی اقسام ہیں جبکہ قتال کا سبب نفرت و دشمنی اور یہ فرض کفایہ ہے اور اس کی ایک ہی قسم ہے۔

سوال: "غزوہ" اور سریہ میں کیا فرق ہے؟

جواب: جس معرکے میں حضور ﷺ نے بنفس نفیس شرکت فرمائی وہ غزوہ ہے اور جس میں آپؐ خود شریک نہ ہوئے وہ "سریہ" کہلاتا ہے۔

سوال: تمام غزوات میں مخالفین کے کل قیدی اور مقتول کتنے تھے اور مسلمان کتنے شہید اور کتنے قید ہوئے تھے؟

جواب: تمام غزوات میں مخالفین کے کل قیدی ۶۵۶۴ اور کل مقتول ۷۵۹ تھے اور مسلمانوں میں سے کل ۲۵۹ شہید اور صرف ایک بزرگ قید ہوئے۔

سوال: اسلامی دنیا کا دینی اور اخلاقی انحطاط کب انتہا کو پہنچ چکا تھا؟

جواب: بارھویں صدی ہجری (اٹھارھویں صدی عیسوی) کے آغاز میں۔

سوال: محمد بن عبدالوہاب کب پیدا ہوئے؟

جواب: ۱۷۰۲ء میں

سوال: شیخ عبدالوہاب نے اپنی دعوت کا اعلان کن الفاظ سے کیا؟

جواب: "میرا موقف لا الہ الا اللہ ہے میں اسلام کے بنیادی اصولوں کو اپنانے' نیک کام کرنے اور برے کاموں سے باز رہنے کی دعوت دیتا ہوں اگر تم اس دعوت کو قبول کرو گے اور اس پر

ثابت قدم رہو گے تو اللہ تعالیٰ تمہیں اپنے دشمنوں پر غلبہ عطا کرے گا۔"

سوال: کیا امیر درعیہ محمد بن سعود شیخ محمد بن عبدالوہاب کی دعوت سے متاثر ہوئے؟

جواب: امیر درعیہ محمد بن سعود نہ صرف شیخ کی دعوت سے متاثر ہوئے بلکہ عہد کیا کہ وہ اس دعوت کو عملی جامہ پہنانے کے لئے ان کے ساتھ عملی تعاون کریں گے۔

سوال: شیخ محمد بن عبدالوہاب کا مسلک کیا تھا؟

جواب: شرعی مسائل میں شیخ محمد بن عبدالوہاب خالص مسلک محدثین پر کاربند تھے اور احادیث نبویؐ ان کا اوڑھنا بچھونا تھا ہر مسئلہ کو قرآن و سنت سے اخذ کرتے تھے۔

سوال: کیا شیخ محمد بن عبدالوہاب تصوف کے مخالف تھے؟

جواب: نہیں۔

سوال: شیخ کے مخالفین نے ان کے عقیدت مندوں کو ان کے خلاف کیسے کیا؟

جواب: ان کی دعوت دینی پر لبیک کہنے والوں کو "وہابی" کا نفرت انگیز لقب دینے میں کامیاب ہو گئے۔

سوال: "نوبیہ" پر مسلمانوں کے حملوں کا آغاز کب ہوا؟

جواب: ساتویں صدی عیسوی ہی سے

سوال: پندرھویں صدی میں شمالی سوڈان میں جو دو اسلامی حکومتیں قائم تھیں ان کے نام لکھئے۔

جواب: ایک سنار کے سلاطین جو فنج کہلاتے تھے اور دوسرے مغرب میں وارفور کے سلاطین فنج حکمران تھے۔

سوال: فنج خاندان کب زوال پزیر ہوا؟

جواب: اٹھارویں صدی میں

سوال: پورا شمالی سوڈان کب اسلام قبول کر چکا تھا؟

جواب: اٹھارویں صدی میں

سوال: مصری حکمران محمد علی پاشا نے نوبیہ اور سنار کب فتح کئے؟

جواب: ۱۸۲۰ء میں نوبیہ اور اگلے سال سنار فتح کر لیا۔

سوال: مہدی سوڈانی کا دور حیات درج کریں؟

جواب: ۱۸۴۴ء تا ۱۸۸۵ء

سوال: مہدی سوڈانی اور ان کے پیروکاروں نے کتنے عرصہ میں سوڈان پر قبضہ کر لیا؟

جواب: دو سال کے اندر

سوال: مہدی سوڈانی نے دینی تعلیم کہاں سے حاصل کی۔

جواب: جامع ازہر میں تعلیم پائی

سوال: مہدی سوڈانی کی تحریک کب شروع ہوئی۔
جواب: ۱۸۸۱ء ۲۹ جون کو
سوال: مہدی سوڈانی کا مقبرہ کہاں ہے۔
جواب: ام درمان میں
سوال: بدیع الزمان نورسی کب پیدا ہوئے؟
جواب: ۱۸۷۳ء میں
سوال: نورسی مشتبہ امور سے کلیتہ اجتناب کرتے ہوئے رسول اللہؐ کے کس ارشاد پر عمل پیرا تھے؟
جواب: "اگر تمہیں کسی معاملے میں کوئی اشتباہ پیدا ہو تو اسے چھوڑ دو اور وہ کام کرو جو شک و شبہ سے پاک ہو۔
سوال: بدیع الزمان نورسی چیونٹیوں سے اپنے کھانے کا کچھ حصہ ڈالنے کی وجہ دریافت کی گئی تو انہوں نے کیا کہا؟
جواب: خراج عقیدت ہے جو میں اس ننھی سی مخلوق کو اس کی حیرت انگیز تنظیم اور جمہوری روح کی بناء پر پیش کرتا ہوں۔
سوال: جب برطانیہ کے وزیر نے یہ کہا تھا کہ جب تک مسلمانوں کا قرآن پاک موجود ہے وہ ہمارے راستے میں مزاحمت کرتے رہیں گے اس لئے ہمیں اس قرآن کو ان کی زندگی سے خارج کر دینا چاہئے تو بدیع الزمان نے کیا کہا؟
جواب: بدیع الزمان نے اپنے رفقاء سے کہا۔
"میں اپنی زندگی اللہ کے نام پر قرآن کریم کی تبلیغ و اشاعت کے لئے وقف کرتا ہوں۔ برطانوی وزیر کے ناپاک عزائم جیسے بھی ہوں میں اپنی زندگی کو خطرات میں ڈال دینے سے بھی گریز نہ کروں گا۔"
سوال: بدیع الزمان نے کس نام سے تحریک شروع کی؟ نورسی تحریک، محمدی
جواب: "تحریک محمدی"
سوال: "نورسی" کب گرفتار ہوئے اور ان کے رفقاء کے ساتھ کیا سلوک ہوا؟
جواب: مارچ ۱۹۲۹ء میں بدیع الزمان کو گرفتار کر لیا اور ان کے ۱۹ رفقاء کو پھانسی پر لٹکا دیا گیا۔
سوال: جب روسی انہیں گولی مارنے کے لئے لے گئے تو نورسی نے ان سے کیا درخواست کی؟
جواب: انہوں نے درخواست کی کہ انہیں دو رکعت نماز پڑھنے کی اجازت دی جائے۔
سوال: جب نورسی کو روسی جنرل سے معافی مانگنے کے لئے کہا گیا تو انہوں نے کیا جواب دیا؟
جواب: ان کا صرف ایک ہی جواب تھا کہ

"شاید یہ سزا مجھے ابدی جنت میں پہنچادے"

سوال: کیا روسی جنرل نے نورسی سے معافی مانگی۔

جواب: آخر روسی جنرل ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے معذرت چاہی "براہ کرام مجھے معاف کر دیجئے۔"

سوال: بدیع الزمان کتنے برس قید رہے؟

جواب: ڈھائی برس

سوال: بدیع الزمان نے جیل کے اندر قرآن کی تفسیر کس رسالہ کے عنوان سے لکھنا شروع کی

جواب: "رسالہ نور" کے عنوان سے

سوال: بدیع الزمان نے کب وفات پائی؟

جواب: ۲۷ رمضان ۱۳۷۹ھ کو

سوال: وفات کے وقت بدیع الزمان نورسی کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ۸۶ برس۔

سوال: تحریک الاخوان المسلمون کی بنیاد کب رکھی گئی؟

جواب: ۱۹۲۹ء میں

سوال: تحریک الاخوان المسلمون کی بنیاد کس نے رکھی؟

جواب: حسن البناء نے۔

سوال: تحریک الاخوان المسلمون کے ارکان کتنے مدارج میں منقسم تھے؟

جواب: (۱) صف اول (۲) صف دوم

سوال: تحریک اخوان کے چند زریں اصول کونسے تھے؟

جواب: (۱) یہ کہ "اخوان" کو فروعی مذہبی اختلافات کا تختہ مشق ہرگز نہ بنائے اس ضمن میں وہ ایک پیر طریقت کی نصیحت پر عمل پیرا تھے
(۲) حسن البناء نے نامور لوگوں سے اس تحریک کو دور رکھا۔

سوال: تحریک "اخوان" نے دینی و تبلیغی خدمات میں کیا کام سرانجام دیا؟

جواب: اخوان نے ملک کے ہر حصہ میں مسجدیں تعمیر کیں۔

سوال: شیخ حسن البناء کے مضامین اور پمفلٹوں کے عنوانات کس قسم کے تھے؟

جواب: پمفلٹوں کے عنوانات اس قسم کے تھے (۱) اخوان کا لائحہ عمل (۲) نظریہ اسلام کا ارتقاء اور اس کے مقاصد (۳) ہم عوام تک اپنی دعوت کیسے پہنچائیں۔ مسلمان بہنوں کے فرائض اور روحانی تعلیم کا ایک پروگرام۔

سوال: شیخ حسن البناء کی دو کتابوں کے نام لکھیں۔

جواب: (۱) اخوان المسلمون صداقت کی میزان پر
(۲) اسلامی ممالک کے مسائل۔

سوال: سید محمد الادریس کے جد امجد کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
جواب: سید ابن علی السنوسی الجزائر میں مستغانم کے قریب ۱۷۸۷ء میں پیدا ہوئے۔
سوال: سید السنوسی نے کس کی بیعت کی؟
جواب: سید احمد بن ادریس الفاسی کی۔
سوال: تحریک سنوسی کا آغاز کب ہوا؟
جواب: ۱۸۳۷ء میں
سوال: السنوسی کا انتقال کب ہوا؟
جواب: ۱۸۵۹ء میں
سوال: السنوسی کے بعد ان کے جانشین کون تھے؟
جواب: ان کے سب سے بڑے بیٹے سید المہدی جانشین ہوئے
سوال: سنوسی تحریک دور ابتلاء میں کب داخل ہوئی؟
جواب: ۱۹۰۲ء میں
سوال: سید المہدی کی وفات کے بعد تحریک کی قیادت کس کے ہاتھ میں تھی؟
جواب: ان کے چچازاد بھائی سید احمد شریف نے اپنے ہاتھوں میں لے لی۔
سوال: سنوسیوں کو کب شکست ہوئی؟
جواب: ۱۹۱۹ء میں
سوال: سید احمد شریف نے سید محمد الادریس کو تحریک کی قیادت کب سونپی؟
جواب: ۱۹۱۷ء میں
سوال: سنوسی تحریک کا خاتمہ کب ہوا؟
جواب: ۱۹۳۲ء میں
سوال: سید احمد شریف نے کب وفات پائی؟
جواب: ۱۹۳۳ء میں
سوال: خلفائے راشدین کے عہد میں دعوت کے کتنے مظاہر اختیار کئے گئے؟
جواب: تین
سوال: خلفائے راشدین کے دور کے نمایاں واعظوں میں چند کا ذکر کریں؟
جواب: (۱) حضرت مقداد بن اسود ہیں آپ سپاہیوں کو سورۃ انفال سنایا کرتے تھے۔
(۲) حضرت ابو ہریرہ' آپ جہاد کی فضیلت اور راہ خدا میں شہادت کی فضیلت کے متعلق

حضرت نبی کریم ﷺ کی احادیث سپاہیوں کے لئے بیان کرتے تھے۔
(۳) حضرت ابو سفیان بن حرب آپ جنگی ہیروز کے لئے بہادرانہ واقعات سپاہیوں سے بیان کرتے تھے۔

سوال: اللہ تعالیٰ نے اس امت کے لئے کونسے دو انتظامات فرمائے ہیں؟
جواب: (۱) تعلیمات نبویہ جو ہر زمانہ اور دور کے مسائل و مشکلات کو حل کرنے کی پوری پوری صلاحیت رکھتی ہیں۔
(۲) اس قرآن کی حفاظت کا ذمہ خود خدا تعالیٰ نے لے لیا ہے وہ اس دین کو ہر دور میں ایسے زندہ اشخاص میں عطا فرماتا رہے گا جو ان تعلیمات کو زندگی میں منتقل کرتے رہیں گے۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور کی خصوصیات کیا تھیں؟
جواب: آپ کے دور کی یہ خصوصیات تھیں کہ اس میں کوئی ایسا کام نہیں ہونے پایا جو رسول اکرم ﷺ کے زمانہ میں نہ ہوا

سوال: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا مقدم فریضہ کیا تھا؟
جواب: خلیفہ رسول کی حیثیت سے سب سے اہم فریضہ اسلام کی تبلیغ تھا اس کے لئے آپ نے مختلف ذرائع اختیار کئے۔

سوال: عہد عثمانی پر تبصرہ کریں؟
جواب: خلیفہ سوم حضرت عثمان رضی اللہ عنہ مسلمانوں کی مذہبی تعلیم اور ان کی اخلاقی اصلاح و تربیت کرنا اپنا فرض منصبی سمجھتے تھے اور اس کو بخوبی انجام دیتے تھے مسلمانوں کو مذہبی مسائل بتانے اور انہیں اس کی عملی تعلیم دیتے۔ جس کے واقعات احادیث کی کتابوں میں بکثرت موجود ہیں۔

سوال: عہد علی رضی اللہ عنہ کی چند خصوصیات لکھئے؟
جواب: حضرت علی رضی اللہ عنہ بلند حوصلہ اور نہایت قوی تھے فیصلہ کن بات کہتے' عادلانہ فیصلہ کرتے اور ان کے ہر سمت سے علم پھوٹتا اور حکمت ٹپکتی تھی دنیا اور اس کی دلفریبیوں سے گھبراتے تھے عبرت پذیر اور بہت غور کرنے والے تھے۔

سوال: بلاذری نے فتوح البلدان میں حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے متعلق کیا لکھا؟
جواب: عمر بن عبدالعزیزؒ نے ہندوستان کے راجاؤں کو سات خطوط لکھے اور ان کو اسلام اور اطاعت کی دعوت دی اور وعدہ کیا کہ اگر انہوں نے ایسا کیا تو ان کو ان کی سلطنتوں پر باقی رکھا جائے گا اور ان کے حقوق و فرائض وہی ہوں گے جو مسلمانوں کے ہیں۔

سوال: ایک غیر مسلم فلسفی ثابت بن قرہ کا مقولہ کیا ہے؟
جواب: غیر مسلم فلسفی ثابت بن قرہ کا مقولہ ہے کہ امت محمدؐ کی جن چند ممتاز ترین شخصیتوں پر

دوسری امتوں کو رشک آنا چاہئے ان میں ایک حسن بصریؒ ہیں۔ مکہ معظمہ ہمیشہ سے عالم اسلام کا مرکز ہے وہاں ہر فن کے صاحب کمال آتے رہتے ہیں لیکن اہل مکہ بھی حسن بصری کا علم دیکھ کر اور داعیانہ تقریریں سن کر ششدر رہ گئے اور ان جیسا آدمی نہیں دیکھا۔

سوال: بنی امیہ کے دور میں مفتیان کوفہ میں سے تین کے نام لکھئے؟

جواب: (۱) حضرت علقمہ بن قیس رحمۃ اللہ علیہ (۲) حضرت اسود بن یزید رحمۃ اللہ علیہ (۳) حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ

سوال: اسلامی قانون سازی کا چوتھا دور کس کا دور ہے؟

جواب: اسلامی قانون سازی کا چوتھا دور بنو عباس کا دور ہے۔

سوال: اسلامی قانون سازی کا چوتھا دور کب شروع ہوا اور کب ختم ہوا؟

جواب: یہ دور ۱۳۲ھ سے شروع ہوا۔ چوتھی صدی کے وسط پر ختم ہوا؟

سوال: اسلامی قانون سازی کے چوتھے دور کی امتیازی خصوصیات کیا تھیں؟

جواب: اس دور کی امتیازی خصوصیات یہ تھیں کہ یہ دور آئمہ کبار کے پیدا ہونے کا دور ہے۔

سوال: امام ابو حنیفہ کا نام کیا تھا؟

جواب: امام ابو حنیفہ کا نام نعمان بن ثابت تھا۔

سوال: امام ابو حنیفہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: امام ابو حنیفہ ۸۰ھ میں کوفہ میں پیدا ہوئے۔

سوال: امام ابو حنیفہ کو امام اعظم کیوں کہتے ہیں؟

جواب: تبحر علمی کی وجہ سے امام ابو حنیفہ کا لقب امام اعظم ہے۔

سوال: امام ابو حنیفہ نے کتنی احادیث روایت کی ہیں؟

جواب: حضرت امام ابو حنیفہ سے سترہ احادیث مبارکہ روایت کی ہے۔

سوال: امام ابو حنیفہ کب اور کہاں فوت ہوئے؟

جواب: امام ابو حنیفہ بغداد میں ۱۵۰ھ میں فوت ہوئے

سوال: امام مالک کا اصل نام لکھئے؟

جواب: مالک بن انس بن مالک

سوال: امام مالک کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: امام مالک ۹۵ھ میں مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے۔

سوال: امام مالک کو کوڑے کیوں مارے گئے؟

جواب: امام مالک کو حاکم مدینہ جعفر سلیمان نے کوڑے لگوائے تھے کہ وہ جبریہ بیعت' جبریہ طلاق

کے خلاف تھے۔

سوال: امام مالک کی مشہور کتاب کون سی ہے؟
جواب: موطا امام مالک
سوال: امام مالک نے کب اور کہاں وفات پائی؟
جواب: امام مالک نے مدینہ منورہ میں ۱۷۹ھ میں وفات پائی۔
سوال: امام شافعی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
جواب: آپ عسقلان کے صوبے غزہ میں ۱۵۰ھ میں پیدا ہوئے۔
سوال: امام شافعی کا اصل نام کیا تھا؟
جواب: ابو عبدہ محمد بن ادریس الشافعی۔
سوال: امام شافعی کب فوت ہوئے؟
جواب: امام شافعی نے ۲۰۴ھ میں وفات پائی۔
سوال: امام احمد بن حنبل کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
جواب: امام احمد بن حنبل بغداد میں ۱۶۴ھ میں پیدا ہوئے۔
سوال: امام حنبل کا نام کیا تھا؟
جواب: امام احمد بن حنبل
سوال: امام احمد بن حنبل کو کس خلیفہ کے عہد میں سزا دی گئی؟
جواب: آپ کو عباسی خلیفہ معتصم کے عہد میں کوڑے مارے گئے۔
سوال: امام احمد نے کب اور کہاں وفات پائی؟
جواب: امام احمد نے بغداد میں ۲۴۱ھ میں وفات پائی۔
سوال: بغداد کے دو داعی کے نام لکھئے؟
جواب: (۱) شیخ عبدالقادر جیلانی (۲) عبدالرحمن بن جوزی
سوال: شیخ عبدالقادر جیلانی اور عبدالرحمن بن جوزی کے قیام دعوت کا مرکز کیا تھا؟
جواب: ان کے قیام و دعوت کا مرکز بغداد تھا۔
سوال: تقی الدین ابن تیمیہ کب پیدا ہوئے؟
جواب: ۶۶۱ھ میں ان کی تاریخ پیدائش میں اختلاف
سوال: ابن تیمیہ کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: آپ کا اصل نام احمد ہے۔
سوال: ابن تیمیہ کی دو کتابوں کے نام لکھئے؟
جواب: (۱) الامامۃ والسیاسۃ (۲) منہاج اللہ

سوال: ابن تیمیہ کے نزدیک امام کے فرائض کیا ہیں؟

جواب: (۱) امامت کی نگہداشت

(۲) حقوق اللہ کا تحفظ

(۳) حقوق العباد کا تحفظ (۴) دیانت دار اور متقی عمال کا تقرر (۵) قیام عدل (۶) امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے فریضہ کی ادائیگی (۷) حدود تعزیرات کے ضمن میں ہزاروں کا نظام۔

سوال: امام غزالی کا اصل نام لکھئے؟

جواب: ابو حامد محمد الغزالی

سوال: "تبر المسکوک" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: امام غزالی کی

سوال: امام غزالی کے نزدیک انسانی زندگی گزارنے کے کن بنیادی چیزوں کی ضرورت ہے؟

جواب: (۱) خوراک (۲) لباس (۳) رہائش (۴) باہمی روابط

سوال: امام غزالی نے پیشوں کے اعتبار سے سماج کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا ہے؟

جواب: (۱) اہل علم (۲) فوج (۳) کاشت کار اور اہل حرفہ

سوال: شاہ ولی اللہ دہلوی کی دو کتابوں کے نام لکھئے؟

جواب: (۱) حجتہ اللہ البالغہ (۲) الخیر الکثیر۔

سوال: شاہ ولی اللہ نے ریاست کے سربراہ کو کیا نام دیا؟

جواب: انہوں نے اس کو سلطان کا نام دیا ہے۔

سوال: شاہ ولی اللہ کا تعارف کروایئے؟

جواب: شاہ ولی اللہ کا اصل نام قطب الدین اور والد کا نام عبدالرحیم وجیہ الدین ہے آپ ۱۷۰۳ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔

سوال: تجدید کا مفہوم لکھئے؟

جواب: دین کے مٹے ہوئے آثار کو زندہ کرنا اور شروع کے مٹے ہوئے نشانات کو بلند کرنا "تجدید" کہلاتا ہے۔

سوال: "مجدد" کسے کہتے ہیں؟

جواب: مجدد وہ ہے جو دعوت کے مقصد کو جانتا ہو۔

سوال: ان چار بڑی طاقتوں کے نام لکھیے جو اسلام کو مٹانے کے لئے سرگرم عمل ہیں؟

جواب: (۱) یہودیت (۲) عیسائیت (۳) اشتراکیت

سوال: ہندومت کے ادوار کے نام لکھئے؟

جواب: (۱) ویدک دور (۲) برہمن دور (۳) اصلاحی دور

سوال: ہندوؤں کی چار مشہور ذاتیں لکھئے؟
جواب: (۱) برہمن (۲) کھشتری (۳) ویش (۴) شودر
سوال: ہندوں کے تین فلسفوں کے نام لکھئے؟
جواب: (۱) فلسفہ وحدانیت (۲) فلسفہ سانکھیا (۳) فلسفہ کرم
سوال: بدھ مت کے بانی کا نام لکھئے؟
جواب: بدھ مت کے بانی کا ذاتی نام سدھارت اور خاندانی نام گوتم تھا۔ قبیلے کے نام پر انہیں "ساکیہ مانی" کہا جاتا ہے۔
سوال: بدھ نے اپنے پیروں کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا اور ان کے نام لکھئے؟
جواب: بدھ نے اپنے پیروں کو دو حصوں میں تقسیم کیا (۱) اپاسک (۲) بدھ مت
سوال: بدھ مت کی کتابیں کونسی ہیں۔
جواب: (۱) تری پتاکار (۲) وینہ پتا کار (۳) ستاپاکا
سوال: یہودی حضرت یعقوب علیہ السلام کے کس بیٹے کی اولاد ہیں؟
جواب: یہودی حضرت یعقوب علیہ السلام کے بیٹے اسحاق کی اولاد ہیں۔
سوال: یہودی مذہب کس نبی کی شریعت پر عمل پیرا ہے؟
جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت پر
سوال: یہودی کس نسل سے تعلق رکھتے تھے؟
جواب: عبرانی نسل سے
سوال: عیسائی کس عہد نامہ کو مانتے ہیں؟
جواب: عیسائی عہد نامہ جدید کو مانتے ہیں۔
سوال: جدید عیسائیت کی بنیاد کس نے رکھی؟
جواب: سینٹ پال نے
سوال: جدید عیسائیت کے عقائد کیا تھے؟
جواب: (۱) باپ (۲) بیٹا (۳) روح القدس
سوال: عیسائی کن تین بڑے فرقوں میں منقسم ہیں؟
جواب: (۱) مشرقی تقلید (۲) رومن کیتھولک (۳) پروٹسٹنٹ
سوال: اسلام کی ابتدا کب ہوئی؟
جواب: حضرت آدم علیہ السلام سے۔
سوال: اسلام کن چیزوں کے ماننے کا ہر انسان سے مطالبہ کرتا ہے؟
جواب: درج ذیل تین چیزوں کا

(۱) توحید (۲) رسالت (۳) آخرت

سوال: اس وقت دنیا میں مسلمانوں کی تعداد کیا ہے ؟

جواب: ۸۰ کروڑ

سوال: تحریک صیہونیت سے کیا مراد ہے؟

جواب: جبل صیون یروشلم میں واقع ہے حضرت داؤدؑ نے اس پہاڑ پر ایک قلعہ تعمیر کیا تھا جو یہود کے عروج اور عظمت کا نشان تھا چنانچہ تحریک صیونیت کا مقصد فلسطین میں یہودی ریاست کا قیام ہیکل سلیمانی کی دوبارہ تعمیر اور یہود کی عظمت رفتہ کو بحال کرنا تھا۔

سوال: اشتراکیت کی تعریف کریں؟

جواب: اشتراکیت سوشلزم معاشرتی تنظیم کا ایک ایسا نظریہ ہے جو عوامل پیدائش سرمایہ زمین اور املاک وغیرہ کی ملکیت اور اجتماعی تصرف کا مدعی ہے اور جس کا مقصد سب کے مفاد میں ان کی تنظیم اور تقسیم ہے۔

سوال: دعوت اسلامی کی اشاعت میں جو چند رکاوٹیں آئیں ہیں ان میں چند کا ذکر کریں؟

جواب: (۱) بد نظمی (۲) قنوطیت و مایوسی (۳) خوف و ہراس (۴) بے حسی (۵) عصبیت ایمانی کی کمی

سوال: تبلیغی اشاعت کے چند چیدہ چیدہ ذرائع کونسے ہیں؟

جواب: (۱) مساجد (۲) تعلیمی ادارے (۳) یونیورسٹیز اور کالج کے نصاب سے متعلقہ تجاویز (۴) مسافر خانے

سوال: عصر حاضر میں کتنے قسم کے تعلیمی ادارے ہیں؟

جواب: عصر حاضر میں دو قسم کے تعلیمی ادارے ہیں۔

(۱) دینی تعلیم کے مدارس

(۲) دنیاوی تعلیم کے مدارس

سوال: جدید دور میں اشاعت اسلام کے ذرائع و وسائل کو کن دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے ؟

جواب: جدید دور میں اشاعت اسلام کے ذرائع و وسائل کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

(۱) مطبوعہ ذرائع (۲) برقی آلات

سوال : مبلغ کا پہلا وصف یہ ہے کہ وہ صحیح العقائد ہو اور کامل مسلمان ہو اس کے متعلق فرمان خداوندی کیا ہے؟

جواب : فرمان خداوندی ہے :

ترجمہ۔ "تم بہترین امت ہو جسے انسانوں کے فائدے کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ تم نیکی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو اور اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتے ہو"۔

سوال : حق کی بصیرت مبلغ کا ایک وصف ہے اس کے متعلق ایک قرآنی آیت لکھیے؟

جواب : ترجمہ۔ "اے میرے رسول کہہ دیجئے کہ میرا راستہ تو یہ ہے اور میں علی وجہ البصیرت خدا کی طرف دعوت دے رہا ہوں اور وہ لوگ بھی جو میری اتباع میں کام کر رہے ہیں"۔

سوال : دعوت و تبلیغ کے منافی امور تحریر کریں؟

جواب : ۔

۱۔ لاؤڈ سپیکر کا بلاضرورت اور بے تحاشا استعمال۔

۲۔ رات گئے تک عوام کو بلاوجہ بٹھائے رکھنا۔

۳۔ مساجد جیسے مقدس مقامات' شخصیات پر کیچڑ اچھالنا۔

۴۔ نام لے لے کر مخالف شخصیات پر کیچڑ اچھالنا۔

۵۔ جلسہ کی ویڈیو فلم بنانا۔

۶۔ جلسہ گاہ کے قرب و جوار میں بسنے والے طلبہ اور مریضوں کو تنگ کرنا۔

سوال : مسلم کون لوگ کہلاتے ہیں؟

جواب : "اسلام" تسلیم و اطاعت کا دوسرا نام ہے اور جو لوگ "تسلیم و اطاعت" کا یہ فعل انجام دیتے ہیں اسلام میں داخل ہو جاتے ہیں اور وہ مسلم کہلاتے ہیں۔۔

سوال : اسلام کا نظریہ اخلاق کیا ہے؟

جواب : انسان کے اندر اخلاقی حسن ایک فطری حسن ہے جس کی بناء پر انسان بعض صفات کو پسند اور بعض کو ناپسند کرتا ہے یہ انفرادی طور پر انسانوں میں کم و بیش ہو سکتی ہے لیکن ہمارا مشاہدہ ہے کہ مجموعی طور پر انسانیت کے شعور نے اخلاق کے بعض اوصاف پر خوبی کا اور بعض پر برائی کا ہمیشہ یکساں حکم لگایا ہے سچائی عہد کا پاس اور امانت کو ہمیشہ سے انسانی اخلاقیات میں تعریف کا مستحق سمجھا گیا اور کبھی کوئی ایسا دور نہیں گزرا جب جھوٹ' ظلم' بد عہدی اور خیانت کو پسند کیا گیا ہو ہمدردی' فیاضی اور فراخ دلی کی ہمیشہ قدر کی گئی اور خود غرضی سنگ دلی' بخل اور تنگ نظری کو کبھی عزت کی نگاہ سے نہیں دیکھا گیا صبر و تحمل' استقلال و بردباری اولوالعزمی و شجاعت ہمیشہ ایسے اوصاف رہے ہیں جو تعریف کے مستحق سمجھے گئے اور بے صبری چھچھورا پن تلون مزاجی' پست حوصلگی اور بزدلی کو کبھی اچھا نہیں سمجھا گیا۔

سوال : چند صفاتِ مذمومہ تحریر کریں؟
جواب : -
۱- غرور و تکبر
۲- عیب جوئی
۳- چغل خوری
۴- خیانت
۵- خود پسندی
۶- تنگ نظری
۷- حسد
۸- تنگ ظرفی
۹ اسراف

سوال : حضرت نوحؑ کی کشتی کیا تھی؟
جواب : یہ کشتی ایک بحری جہاز تھا اور تین منزلہ تھا جب یہ جہاز مکمل ہوگیا تو طوفان کی ابتداء ہوئی۔
سوال : جب حضرت نوحؑ نے اپنی کشتی مکمل کی تو ایک طوفان کی ابتداء ہوئی یہ طوفان کب ختم ہوا؟
جواب : چھ مہینے تک یہ طوفان رہا ۱۰ محرم کو یہ طوفان ختم ہوا اور کشتی جودی پہاڑ پر ٹھہری
سوال : حضرت آدمؑ اور نوحؑ کے درمیان کتنا فاصلہ لکھا جاتا ہے؟
جواب : علم الانساب کے ماہرین نے تحقیق و جستجو کے بعد حضرت آدم اور نوحؑ کے درمیان ۱۰۲۶ سال کا فاصلہ لکا ہے۔
سوال : نوح کی تسمیہ تحریر کریں؟
جواب : آپ نے اپنی قوم کو جتنی دعوت حق دی وہ زیادہ سرکش ہوتے چلے گئے قوم کی اس حالت کو دیکھ کر آپ بہت رویا کرتے تھے اس لئے آپ کا نام "نوح" پڑ گیا۔
سوال : حضرت نوحؑ کے کتنے بیٹے تھے ان کے نام لکھئے؟
جواب : حضرت نوحؑ کے چار بیٹے تھے۔ (۱) سام (۲) حام (۳) یافت (۴) یام۔
سوال : واقعہ نوحؑ کے سلسلہ میں تعلیم کے خاص پہلو کو صرف نکات کی مدد سے واضح کریں؟
جواب :
۱- نتائج کا اعلانیہ اظہار

۲- ادائے قرض کا وجوب
۳- دعوت حق کا ابتدائی دور
۴- دعوت الی الحق کی شرائط
۵- توکل علی اللہ
۶- داعی حق اور اس کے ساتھی
۷- جاہل لوگوں سے کنارہ کشی کر لی جائے
۸- داعی الزامات کی پرواہ نہ کرے
۹- حق کے مقابلہ میں قرابت کو ترجیح نہ دی جائے
۱۰- نجات کے حصول میں احباب کو شریک کرنا

سوال : احوال نوحؑ سے حاصل ہونے والے نتائج و نصائح کو نکات کی مدد سے واضح کریں؟

جواب :
۱- اعمال کی جوابدہی
۲- بری صحبت کا برا انجام
۳- ظاہری اسباب توکل کے منافی نہیں ہیں
۴- بہ تقاضائے بشریت پیغمبر سے لغزش ہو سکتی ہے
۵- بدعملی کی سزا سے بچنا محال ہے
۶- ایک قدیم گمراہی
۷- عہد نوحؑ کے معبودانِ باطلہ
۸- سنت خداوندی
۹- عقل مندی یا نادانی
۱۰- طوفانِ نوح خاص تھا یا عام

سوال : قوم عاد کی طرف کس پیغمبر کو بھیجا گیا تھا؟

جواب : حضرت ہود علیہ السلام۔

سوال : قوم عاد کتنی برادریوں میں پھیلی ہوئی تھی اور کیا وہ تمام کافر تھے؟

جواب : یہ قوم عمان سے لے کر حضر موت اور یمن تک تیرہ برادریوں میں پھیلی ہوئی تھی اور تمام برادریاں کافر تھیں۔

سوال : قوم عاد کا زمانہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کتنے عرصہ قبل اور حضرت نوحؑ سے کتنے سال بعد بیان کیا گیا ہے؟

جواب : اس قوم کا زمانہ عیسیٰ علیہ السلام سے تقریباً دو ہزار سال قبل اور نوحؑ سے چار سو سال بعد بیان کیا گیا ہے۔

سوال : حضرت ہودؑ کا سلسلہ نسب تحریر کریں؟
جواب : معود بن عبداللہ بن نوح علیہ السلام۔
سوال : قصہ ہود کے اثرات 'نتائج' نصائح کو نکات کی مدد سے واضح کریں؟
جواب :
١۔ پیغمبر کی امتیازی خوبیاں
٢۔ اصنام پرستی کے نقصانات
٣۔ مبلغ کے اوصافِ حمیدہ
٤۔ انسانی عذاب کے زمین پر اثرات
٥۔ انداز' مہلت انتظار اور انجام
سوال : قوم ثمود کی طرف کس پیغمبر کو نبی بنا کر بھیجا گیا تھا؟
جواب : حضرت صالح علیہ السلام کو۔
سوال : "فج الناقہ" سے کیا مراد ہے؟
جواب : ثمود کہاں آباد تھے اور اس خطہ میں پھیلے ہوئے تھے اس کے متعلق یہ طے شدہ امر ہے کہ ان کی آبادیاں "حجر" میں تھیں حجاز اور شام کے درمیان وادی قری تک جو میدان نظر آتا ہے یہ سب ان کا مقام سکونت تھا اور آج کل وہ جگہ "فج الناقہ" کے نام سے مشہور ہے۔
سوال : قوم ثمود کی مذہبی اور سماجی حالت تحریر کریں؟
جواب : ثمود بھی قوم عاد کی طرح بت پرست تھے جنہوں نے خدائے واحد کے علاوہ بہت سے معبود گھڑ لئے تھے اور وہ ان معبودانِ باطلہ کے پرستار اور شرک میں مبتلا تھے ان میں بھی شان و شوکت' نخوت و تکبر اور کرّ و بڑائی کی بیماری عام تھی بڑی بڑی عمارتیں بنانا ایک دوسرے پر سبقت لے جانا اور ان کی زندگی کے معمولات تھے جب اس قوم نے فن تعمیر میں اس قدر ترقی کر لی پھر اتنے بڑھے کہ پہاڑوں سے پتھروں کے بت بنانے شروع کر دیئے تو یہ قوم بھی عاد کی طرح مشرک بن گئی۔
سوال : قصہ صالحؑ کے نتائج و اثرات کو نکات کی مدد سے واضح کریں؟
جواب :
١۔ حضرت صالحؑ کے لئے معجزہ اور قوم کے لئے آزمائش
٢۔ سنت اللہ سے امت محمدیہ کا استثناء
٣۔ مسلک غلطی اور نفسانی دھوکہ
٤۔ قوم ثمود نے عذاب خود خریدا
٥۔ ناپاک مردوں سے خطاب
٦۔ مساکن ثمود نشانات سے عبرت

۷- سنت اللہ کا تسلسل

۸- ایک مشرکانہ نظریہ

۹- جہالت اور علم کا موازنہ

سوال : قوم ثمود نے عذاب خود خریدا قرآن کریم کا ارشاد درج کریں؟

جواب : قرآن کریم نے صراحت کی ہے :

ترجمہ۔ "اور جو ثمود تھے تو ہم نے ان کو سیدھی راہ بتا دی تھی مگر انہوں نے ہدایت کے مقابلہ میں اندھے یعنی گمراہ رہنے کو پسند کیا لہٰذا ان کو ان کی اس کمائی کے باعث جو وہ کمایا کرتے تھے ایک ایسے عذاب کے کڑاکے نے آپکڑا جو عذاب نہایت ذلیل کرنے والا تھا"

سوال : ابو رغال کس طرح سے ہلاک ہوا؟

جواب : جب قوم ثمود اپنے منہ مانگے عذاب میں ہلاک ہوگئی تو سوائے ایک شخص کے کوئی بھی زندہ نہ بچ سکا وہ شخص ابو رغال تھا اور وہ بھی اس وجہ سے بچ گیا کہ یہ عذاب کے وقت مکہ معظمہ گیا ہوا تھا تو مکہ امن کا شہر تھا مگر جب یہ شخص حدود حرم سے باہر نکلا تو جس عذاب میں قوم ثمود ہلاک ہوئی تھی اسی میں یہ بھی ہلاک ہوگیا۔

سوال : حضرت صالحؑ نے جاہلیت کے قدیم فلسفے کو کتنے لفظوں سے رد کر دیا؟

جواب : حضرت صالحؑ نے جاہلیت کے اس قدیم فلسفے کو صرف دو لفظوں سے رد کر دیا۔

۱- اللہ قریب ہے

۲- اللہ مجیب ہے

سوال : حضرت ابراہیمؑ کا زمانہ حضور ﷺ سے کتنے سال قبل تھا؟

جواب : آپ کا زمانہ رسول اکرمؐ کے زمانے سے ۲۵۸۵ سال قبل ہے۔

سوال : حضرت ابراہیمؑ کا نسب نامہ تورات میں کس طرح سے ہے؟

جواب : حضرت ابراہیمؑ کا نسب نامہ تورات میں اس طرح مذکور ہے۔

ابراہیم (خلیل اللہ) بن تارخ بن ناحور' بن سروج' بن رعو' بن فالج' بن عابر' بن شالح' بن ارفکشاذ' بن سام' بن نوح (علیہ السلام)

سوال : قرآن مجید کی کتنی سورتوں میں حضرت ابراہیمؑ کا ذکر کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب : قرآن مجید کی ۲۵ سورتوں میں ۶۳ مرتبہ آپ کا تذکرہ آیا ہے۔

سوال : سورۃ انعام میں آزر کو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی نصیحت کا کس طرح سے ذکر کیا گیا ہے؟

جواب : ترجمہ "اور (وہ وقت یاد کر) جب ابراہیمؑ نے اپنے باپ آزر سے کہا کیا تو بتوں کو خدا کہتا ہے میں تجھے اور تیری قوم کو کھلی گمراہی میں دیکھتا ہوں"۔

سوال : ابراہیمؑ کے منصب کا بنیادی مقصد کیا تھا؟

جواب : ابراہیمؑ کے منصب کا بنیادی مقصد "توحید خالص" کو پیش کرنا تھا۔

سوال : دعوت ابراہیمی کے حقائق و مقاصد تحریر کریں؟

جواب : دعوت ابراہیمی کے حقائق و مقاصد :

۱- ظلم و استبداد کی شکست
۲- علم جہاد بلند کرنا
۳- ازالہ منکرات کے درجے
۴- ایمان کے اظہار کا واحد حل
۵- انداز ابراہیمی 'طاقت آزمائی
۶- دعوت حق کی ابتداء کہاں سے کی جائے
۷- تبلیغ میں لحاظ مراتب کا کوئی پاس نہیں
۸- اقامت حق و عدل کے لئے عملی تدابیر کرنا
۹- تحریک دعوت روکی نہیں جا سکتی
۱۰- مرتب شدہ سکیم لیکن عمل کی ضرورت

سوال : داستانِ ابراہیمؑ کے نتائج اثرات 'نصائح اور عبرتیں درج کریں؟

جواب :

۱- انبیاء کرام علیہم السلام کی ایمانی کیفیت
۲- ثلاث کذبات کی تحقیق
۳- ہاجرہ کی وجہ تسمیہ
۴- زمزم کی وجہ تسمیہ
۵- زمزم کے اوصاف
۶- حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ختنہ کا حکم
۷- بنی قطورہ
۸- ذبح اسماعیلؑ کے حکم کی حکمت
۹- شیطان کا داؤ لگانے کی کوشش۔
۱۰- منیٰ میں شیطان کو تین جمرات پر کنکریاں مارنا۔

سوال : زمزم کے اوصاف تحریر کریں؟

جواب : آب زمزم روئے زمین پر سب سے بہترین پانی ہے اس میں تین باتیں اللہ تعالیٰ نے ایسی رکھی جو دنیا کے دوسرے کسی پانی میں نہیں پائی جاتیں۔

۱- پیاس بجھاتا ہے۔
۲- غذا کا کام دیتا ہے۔

۳۔ موت کے سوا ہر بیماری کے لئے شفا ہے۔ (طبرانی)

سوال : انبیاء کرام کی دس سنتیں تحریر کریں؟

۱۔ مونچھیں کٹوانا۔
۲۔ داڑھی بڑھانا یعنی رکھنا۔
۳۔ مسواک کرنا۔
۴۔ ناک کے پانی کی صفائی کرنا۔
۵۔ ناخن کاٹنا۔
۶۔ بغلوں کے بال صاف کرنا۔
۷۔ انگلیوں کا خلال کرنا۔
۸۔ زیر ناف بال صاف کرنا۔
۹۔ ختنہ کرنا۔
۱۰۔ استنجا کرنا۔

سوال : داستان یوسفؑ کے اثرات ونتائج چند نصائح تحریر کریں؟

جواب :

۱۔ انسانی زندگی کی سب سے بڑی قوت اعلیٰ کردار ہے۔
۲۔ پیش آمدہ کٹھن مراحل میں صبر و سکون کا مظاہرہ۔
۳۔ مقام غور حصول منزل مقصود۔
۴۔ عزیز مصر پر اثر۔
۵۔ مقام غور روایت بدل گئی۔
۶۔ امراۃ العزیز کا معاملہ۔
۷۔ ادائے قرض کا بلند مقام۔
۸۔ عشق حق اور پرستار صدق۔
۹۔ دعوت حق کا داعیہ۔
۱۰۔ جوش اصلاح

سوال : داستان یوسف علیہ السلام میں پانچ اہم اخلاقی مسائل درج کریں؟

جواب :

۱۔ صحبت اچھی فطرت اچھی
۲۔ کامل ایمان، مشکلات آسان
۳۔ محبت الٰہی کا نتیجہ
۴۔ صبر ایک عظیم خصلت ہے۔

۵- حسد اور بغض کا انجام
۶- کامیاب زندگی کا راز

سوال : حضرت شعیب علیہ السلام کا سلسلہ نسب حضرت ابراہیمؑ کے کس بیٹے سے ملتا ہے؟
جواب : حضرت ابراہیمؑ کے بیٹے "مدیان" سے ملتا ہے۔
سوال : قوم شعیب کے قبیح افعال تحریر کریں ؟
جواب :

۱- بت پرستی اور مشرکانہ رسوم و عقائد
۲- خرید و فروخت میں پورا لینا اور کم دینا دوسرے کو اس کے حق سے کم دینا اور اپنے لئے زیادہ لینے کی کوشش کرنا
۳- تمام معاملات میں کھوٹ اور ملاوٹ کرنا
۴- راستوں اور سر رہ بیٹھ کر آنے جانے والے مسافروں کو ڈرانا دھمکانا اور لوٹ مار کرنا

سوال : حضرت شعیبؑ نے اپنی قوم کو کن باتوں کی تلقین کی؟
جواب : تین باتوں کی تلقین فرمائی ہیں۔

۱- اے میری قوم اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔
۲- ناپ تول میں کمی بیشی نہ کرو۔
۳- تم لوگوں کو ڈرانے' دھمکانے اور اللہ کے راستہ سے روکنے کے لئے راستوں پر نہ بیٹھا کرو۔

سوال : قوم شعیب کی طرف سے کیا دھمکیاں دی گئی تھی؟
جواب :

۱- شہر بدر کرنے کی دھمکی
۲- سنگسار کرنے کی دھمکی
۳- حضرت شعیبؑ کی نماز کا مذاق
۴- قوم کو استغفار کی تلقین
۵- قوم شعیب پر خدا کا عذاب

سوال : حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کے لئے کیا دعا کی؟
جواب : جب آپؑ قوم کی مخالفت بلکہ اپنے متعلق غلط قسم کے منصوبوں سے مکمل آگاہ ہو چکے تو مجبور و مایوس ہو کر آپ نے خدا سے دعا کی۔

ترجمہ۔ "اے خدایا ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان ٹھیک ٹھیک فیصلہ کر دے اور تو ہی سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے"۔

سوال : قوم شعیب نے خود عذاب کا مطالبہ کس طرح سے کیا؟
جواب : قوم شعیب نے خود عذاب کا مطالبہ کیا۔

ترجمہ۔ "اگر تو سچا ہے تو ہم پر آسمان کا ٹکڑا گرا دے"

سوال : داستان شعیب کے نتائج بصائر اور عبرتیں تحریر کریں؟

جواب :

۱- وعظ تذکیر اور عبرت ہی عبرت۔
۲- معیار دیانت علم اور عمل میں اتفاق نہ کہ تضاد۔
۳- ضابطہ خداوندی۔
۴- ایک طعن آمیز فقرہ دینداری کا مرض۔
۵- اہل یورپ کے روشن خیال افراد کی فرسودہ خیالی۔
۶- پتھر دل نہیں رحم دل۔

سوال : حضرت ایوبؑ کی والدہ کس کی صاحب زادی تھیں؟

جواب : حضرت لوط علیہ السلام کی۔

سوال : حضرت ایوب علیہ السلام کی اس بیوی کا نام لکھئے جو آپ کو صحت یاب ہونے کے بعد پہچان نہ سکیں؟

جواب : صحت یاب ہونے کے بعد آپ کی بیوی "رحمت" آپ کو پہچان نہ سکیں۔

سوال : حضرت ایوب علیہ السلام کا سلسلہ نسب لکھئے؟

جواب : ایوب بن عوص بن رزاح بن عیص بن اسحاق بن ابراہیم علیہم السلام گویا آپ انبیاء بنی اسرائیل اور اسحاق علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں۔

سوال : جب حضرت ایوب علیہ السلام پر اچانک زندگی کی ساری مصیبتیں آن پڑی ان کے مویشی لوٹ لئے کہ نوکر چاکر قتل ہو گئے اولاد مر گئی حشم ختم ہو گیا زندگی کی خوشحالی میں سے کوئی چیز باقی نہ رہی تو حضرت ایوبؑ کی زبان سے اس وقت کیا کلمات نکلے؟

جواب : لیکن عین اس حالت میں بھی حضرت ایوب علیہ السلام کی زبان سے کلما صبر و شکر کے سوا اور کچھ نہ نکلا وہ سجدے میں گر پڑے اور کہا میں اپنی ماں کے پیٹ سے برہنہ پیدا ہوا تھا اور برہنہ ہی اس دنیا سے جاؤں گا خداوند نے مجھے دیا تھا اور خداوند نے لے لیا اسی کے نام کے لئے ساری پاکیاں اور مبارکیں ہوں (ایوب ۲۲)۔

سوال : حضرت ایوب علیہ السلام کے امتحان کی مدت تحریر کریں اور اس وقت آپ کی عمر کتنی تھی؟

جواب : آپ اٹھارہ (۱۸) سال کی طویل مدت تک اس آزمائش میں مبتلا رہے (روح المعانی) جب آپ کے ابتلاء کا زمانہ شروع ہوا تو اس وقت آپ کی عمر ستر یا اسی سال تھی۔ (قصص الانبیاء)

سوال : داستان ایوب علیہ السلام کے نتائج و عبرتیں نکات کی مدد سے تحریر کریں؟

جواب : (۱) رنج و غم (۲) عرض حال (۳) ظہور رحمت۔

سوال : ہارونؑ موسیٰؑ سے کتنے سال بڑے تھے؟

جواب : تین سال بڑے تھے۔

سوال : حضرت موسیٰ کی ۱۲۰ سالہ زندگی کے کتنے دور تھے؟

جواب : تین دور تھے۔

پہلا دور پیدائش سے لے کر مصر چھوڑ کر مدین جانے تک۔

دوسرا دور نبوت ملنے سے بنی اسرائیل کو فرعون سے آزادی دلانے تک۔

تیسرا دور مصر سے ہجرت کرنے کے بعد وفات تک۔

سوال : موسیٰ علیہ السلام کی حفاظت کی ذمہ داری اور بشارت رسالت کا ذکر قرآن میں کس طرح سے آیا ہے؟

جواب : ترجمہ۔ "ہم موسیٰ کو پھر تیری طرف واپس کر دیں گے ہم اس کو پیغمبروں میں سے کر دیں گے"۔

سوال : پیغمبرانِ خدا کے فرعون سے کونسے دو مطالبے کیے گئے؟

جواب :

۱- خدا پر ایمان لے آؤ۔

۲- بنی اسرائیل کو آزادی دے دے۔

سوال : موسیٰ علیہ السلام کی عبرتیں اور نصائح میں سے کوئی پانچ نکات کی مدد سے واضح کریں؟

جواب :

۱- پرفتن حالات میں پیدائش

۲- توکل علی اللہ کے نتائج

۳- کرشمہ خداوندی کا کامل ظہور

۴- ایک ہی گھر میں کفر اور ایمان کا اجتماع

۵- بظاہر شر اندرون خیر۔

سوال : حضرت موسیٰ علیہ السلام کی سوانح حیات کے پانچ اہم نکات لکھیے؟

جواب :

۱- مصیبت میں صبر و رضا کا اظہار۔

۲- خدا تعالیٰ پر اعتماد اور اس کا عمر بھر اظہار۔

۳- حق سے باطل کی کیا نسبت۔

۴- قدرت الٰہی کا عجیب مزا۔

۵- حق کی باطل کے ہاتھوں مدافعت۔

سوال : حواریین عیسیٰ کے لغت میں کیا معانی ہیں اور قرآن میں یہ لفظ کس کے لئے بولا گیا ہے؟

جواب : حواری کے لغت میں کئی معانی بیان کئے گئے ہیں۔

۱- مخلص

۲- رفیق

۳- ساتھی

۴- سفید پوش

۵- دھوبی

قرآن مجید میں یہ لفظ عیسیٰ کے ان بارہ ساتھیوں کے لئے بولا گیا ہے جنہوں نے عیسیٰ کی دعوت پر اسلام قبول کیا اور ان کا شمار اللہ تعالیٰ کے مقبول بندوں میں ہوا؟

سوال : اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰؑ سے پانچ وعدے فرمائے تھے؟

جواب : پہلا وعدہ : ان کی موت یہودیوں کے ہاتھوں کے ذریعہ نہ ہوگی۔

دوسرا وعدہ : فی الحال عالم بالا کی طرف اٹھالیا جائے گا۔

تیسرا وعدہ : ان کو دشمنوں کی تہمت سے پاک کر دیا جائے گا۔

چوتھا وعدہ : آپ کے مخلص متبعین کو قیامت تک ان کے دشمنوں پر غالب رکھا جائے گا۔

پانچواں وعدہ : قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان کے باہمی مذہبی اختلاف کا فیصلہ کر دے گا۔

سوال : داستان عیسیٰ کے نتائج و ثمرات عبرتیں اور بصیرتیں نکات کی مدد سے واضح کریں؟

۱- بعثت عیسوی کے وقت یہود کی حالت۔

۲- حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی ناصحانہ دعوت۔

۳- آیات بینات کے ظہور کی وجوہات۔

۴- پیغمبروں کے حسب حال معجزات کا ظہور۔

۵- عہد عیسیٰ علیہ السلام کے دنیاوی کمالات۔

سوال : جنگ بدر کی وجوہات تحریر کریں؟

جواب :

۱- کفر و اسلام کی کشمکش۔

۲- تجارتی بندش کا خطرہ۔

۳- عمرو بن حضرمی کا قتل۔

۴- ابو سفیان کا قافلہ تجارت۔

سوال : مسلمانوں کی کامیابی کی وجوہات لکھئے؟

جواب :

۱- نصرت خداوندی
۲- قریش میں انتشار
۳- اطمینان و سکون
۴- موقع و محل کی مناسبت
۵- صف بندی
۶- انفرادی مقابلے

سوال : جنگ احد کے اسباب درج کریں؟

جواب :

۱- وقار کی بحالی
۲- انتقام کی صدائیں
۳- عورتوں کے طعنے

سوال : یہودیوں کی اسلام دشمنی کے اسباب تحریر کریں؟

جواب :

۱- یہودیوں کی دینی و معاشی بے چینی
۲- میثاق مدینہ کی عہد شکنی کی سزا
۳- یہودیوں کی قریش مکہ سے اپیل
۴- مسلمانوں کے خلاف نفرت کی آگ
۵- اہل کفر کا معاہدہ
۶- معرکہ احزابؓ کی وجہ تسمیہ

سوال : اگر دین کے سارے استعارات کو سامنے رکھا جائے تو یہ لفظ کن چار بنیادی تصورات کی ترجمانی کرتا ہے؟

جواب : یہ لفظ چار بنیادی تصورات کی ترجمانی کرتا ہے۔

۱- غلبہ و تسلط
۲- اطاعت اور بندگی
۳- قاعدہ اور ضابطہ
۴- محاسبہ اور فیصلہ اور جزا و سزا

سوال : "دین" سے کیا مراد ہے؟

جواب : قرآن دین کو ایک جامع اصطلاح کی حیثیت سے استعمال کرتا ہے اور اس کی زبان میں "دین" سے مراد ایک ایسا نظام زندگی ہے جس میں انسان کسی کا اقتدار اعلیٰ تسلیم کر کے

اس کی اطاعت و فرمانبرداری قبول کرے اس کے حدود و ضوابط اور قوانین کے تحت زندگی بسر کرے اس کی فرمانبرداری پر عزت اور ان کا امیدوار ہو اور اس کی نافرمانی پر ذلت و خواری اور سزا سے ڈرے۔

سوال : اسلام میں جامع نظام حیات کی نمایاں خصوصیات درج کریں؟

جواب :

۱۔ موجودہ دنیا کا واحد الہامی مذہب
۲۔ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے۔
۳۔ ایمان کامل اور اصلاح نفس
۴۔ ترک دنیا کی مخالفت اور دین و دنیا کی وحدت
۵۔ انفرادیت و اجتماعیت کے مابین توازن
۶۔ اعتدال اور مکمل توازن
۷۔ سادہ تعلیمات کا مرقع عقلی مذہب
۸۔ ثبات اور تغیر میں اعتدال
۹۔ اصلاحی اور انقلابی تحریک
۱۰۔ اسلام کا مقصد اور اس کی ہمہ گیریت

سوال : رسول اکرمؐ کا طریقہ دعوت و تبلیغ نکات سے واضح کریں؟

جواب :

۱۔ خفیہ تبلیغ کا پہلا تین سالہ دور
۲۔ دار ارقم مرکز تبلیغ
۳۔ عزیز و اقارب کو دعوت
۴۔ اہل مکہ کو تبلیغ
۵۔ قرب و جوار مکہ میں تبلیغ

سوال : ہم رسول اکرم ﷺ کی مکی زندگی کن ادوار میں تقسیم کر سکتے ہیں؟

جواب : چار ادوار میں تقسیم کر سکتے ہیں۔

۱۔ آغاز بعثت سے لے کر اعلان نبوت تک تقریباً تین سال
۲۔ اعلان نبوت سے لے کر ظلم و ستم اور فتنہ کے آغاز تک تقریباً دو سال
۳۔ آغاز فتنہ ۵ نبوی سے لے کر ابو طالب اور حضرت خدیجہؓ کی وفات ۱۰ نبوی تک تقریباً پانچ چھ سال۔
۴۔ ۱۰ نبوی سے لے کر ۱۳ نبوی تک تقریباً ۳ سال

سوال: معاشیات کی تعریف کریں؟

جواب: "معاش" رزق ڈھونڈنے کا اور اسے حاصل کرنے کے لئے جدوجہد کا نام ہے۔ (ابن خلدون)

سوال: معاشیات علم ہے یا فن؟

جواب: معاشیات علم بھی اور فن بھی۔

سوال: اسلامی معاشیات کی تعریف کریں؟

جواب: اسلامی معاشیات وہ علم ہے جس میں شریعت کے اصولوں کا اطلاق ہوتا ہے۔ جو بے انصافی کے ذریعے مادی وسائل کے حصول کو ناجائز قرار دیتے ہیں۔ اور جو مادی وسائل کے تصرف کو اس طرح منضبط کرتے ہیں کہ وہ انسان کو تسکین بہم پہنچانے کے ساتھ ساتھ اس قابل بنائیں کہ وہ ان فرائض کی ادائگی کریں۔ جو اللہ تعالی اور جماعت نے ان پر عائد کئے ہیں۔

سوال: مسلم مفکرین نے معاشیات کو کیا نام دیا ہے؟

جواب: مسلم مفکرین نے علم معاشیات کو تین نام دیئے ہیں۔ (۱) تدبیر منزل (۲) سیاست مدن (۳) المعاش

سوال: اسلامی معاشیات کے موضوع پر چار کتابوں اور ان کے مصنفین کے نام لکھیں؟

جواب: (۱) الاحکام السلطانیہ امام الماوردی (۲) سلوک الملوک فی تدبیر الممالک ابن ربیع (۳) علامہ مقریزی (۴) معاشیات اسلام مولانا ابوالاعلی مودودی

سوال: ابتدائے آفرینش سے لے کر آج تک انسان نے اپنی عملی زندگی کی بنیاد کن دو نظریات پر رکھی ہے؟

جواب: (۱) ایک مادی نظریہ حیات (۲) دوسرا اخلاقی نظریہ حیات

سوال: معاشیات کی جامع تعریف کریں؟

جواب: معاشیات ایک ایسا علم ہے جس میں اس نظام کار کا مطالعہ کیا جاتا ہے جس کے تحت ایک معاشرہ کے افراد اپنے محدود مادی اور انسانی ذرائع کے توسل سے خوشحال زندگی گذارنے اور تسکین حاجات کا بلند سے بلند تر معیار حاصل کرنے کے لئے انفرادی مساعی اور اجتماعی کوششیں خصوصاً ایک منصوبے کے تحت عمل میں لاتے ہیں۔

سوال: رہبانیت کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: "ترک دنیا کو انہوں نے تراش لیا ہے ہم نے اس کو ان پر فرض نہ کیا تھا صرف خدا کی رضامندی طلب کی تھی۔ انہوں نے اس کی رعایت ملحوظ نہ رکھی۔ (الحدید 57 آیت)

سوال: مشقت سے گھبرانا اور پہلو تہی کرنا اسلام کے منافی ہے ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: ارشاد باری تعالیٰ ہے:
"یعنی ہم نے انسان کو محنت و مشقت میں پیدا کیا۔" (البلد ۴)

سوال: کوئی چیز بھی بیکار پیدا نہیں کی گئی قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: قرآن مقدس میں ارشاد ہے:
اللہ نے کوئی چیز بیکار پیدا نہیں کی۔ (عمران)

سوال: قرآن کے متعلق دو غیر مسلم کی رائے پیش کریں؟

جواب: (۱) گاندھی کی رائے ہے کہ:
میں نے تعلیمات قرآنی کا مطالعہ کیا ہے مجھے قرآن کو الہامی کتاب تسلیم کرنے میں ذرہ برابر بھی تامل نہیں۔ مجھے اس کی سب سے بڑی خوبی یہ نظر آئی کہ یہ فطرت انسانی کے عین مطابق ہے۔
(۲) بابا گورو نانک کے نزدیک:
اگر کوئی ایمان کی کتاب ہے تو وہ قرآن شریف ہے۔

سوال: رسول اکرم ﷺ کی زندگی نمونہ حیات اور سرچشمہ عرفان و معرفت ہے اس سلسلے میں دو غیر مسلم کی رائے درج کریں؟

جواب: جیمز مشنر کے نزدیک:
سب جانتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ پڑھ نہیں سکتے تھے لیکن آپ کی زبان پر وحی جاری ہوئی تو آپ نے انہی کلمات سے دنیا کے ایک بڑے حصے میں انقلاب برپا کر دیا لا الہ الا اللہ کا پیغام ایسا تھا جس نے عرب قوم کی حالت بدل ڈالی۔
(۲) ولیم مور کا کہنا ہے:
"حضرت محمد ﷺ نے اپنی زندگی کو اس طرح سانچے میں ڈھالا کہ آنے والی نسلوں کے لئے مشعل راہ بنی ہوئی ہے"۔

سوال: دین اسلام کی چار امتیازی خصوصیات درج کریں؟

جواب: (۱) تمام انبیاء کا دین (۲) عالمگیر مذہب (۳) کامل مساوات (۴) عدل و انصاف کا علمبردار۔

سوال: اسلام ایک عالمگیر مذہب ہے۔ قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: ارشاد باری تعالیٰ ہے:
ہم نے آپ کو سارے جہانوں کی رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

سوال: اسلام کی چار بنیادی اقدار درج کریں؟

جواب: (۱) توحید (۲) رسالت (۳) احسان (۴) تقویٰ

سوال: رزق کی تلاش میں ایک حدیث درج کریں؟
جواب: حدیث نبوی ﷺ ہے۔
حضرت جابرؓ کی روایت کے مطابق آپؐ نے فرمایا:
اذا وزنتم فارجحوا۔ یعنی جب تم تولنے لگو تو ترازو دوسرے فریق کے حق میں رکھو۔ (ابن ماجہ)

سوال: اسلامی معاشیات کے ماخذ درج کریں؟
جواب: اسلامی معاشیات کے ماخذ درج ذیل ہیں۔
(۱) قرآن مجید (۲) سنت رسول اللہ ﷺ (۳) اجتہاد (۴) عرف یا رواج (۵) مصلحت

سوال: اسلامی نظام معیشت کے چند مقاصد تحریر کریں؟
جواب: (۱) حصول فلاح (۲) معاشی ترقی (۳) منصفانہ تقسیم دولت (۴) آزادی کا تحفظ (۵) ضیاع کا سدباب (۶) فقر و فاقہ سے نجات

سوال: معاشیات کی اقسام بتائیے؟
جواب: معاشیات کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) نظریاتی معاشیات (۲) عملی یا اطلاقی معاشیات

سوال: معاشی ترقی کی تعریف کریں؟
جواب: پروفیسر آر تھرلیوس کے مطابق:
معاشی ترقی کسی ملک کی فی کس پیداوار میں اضافہ کو ظاہر کرتی ہے۔

سوال: معاشی ترقی کی جامع تعریف کریں؟
جواب: اسلام میں معاشی ترقی ایسے عمل کا نام ہے جس کے دوران کسی ملک کی حقیقی قومی آمدنی اور فی کس آمدنی کے ساتھ ساتھ اس ملک کے باشندوں کی عزت نفس، آزادی عمل اور دینی فعالیت میں اضافہ ہو اور اس ملک کے لوگ مادی اور روحانی لحاظ سے اپنے آپ کو ماضی کے مقابلے میں بہتر حالت میں پائیں۔

سوال: اسلام انسان کی دنیا اور عقبیٰ دونوں جہانوں کی بھلائی اور فلاح کا پیغام ہے۔ اس کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب: اللہ تعالیٰ کا ارشاد مبارک ہے:
وابتغ فیما اتک اللہ الدار الاخرہ ولا تنس نصیبک من الدنیا۔
(28:77)

سوال: معاشی ترقی کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب: ھو الذی انشاکم من الارض واستعمرکم فیھا۔ (11:61)
ترجمہ: اس نے تم کو زمین میں پیدا کیا اور اس میں تم کو بسا دیا۔

سوال: معاشی منصوبہ بندی کی تعریف کریں؟

جواب: ڈکنسن (Dickinson) کے الفاظ میں۔ معاشی منصوبہ بندی سے مراد اس نوعیت کے اہم فیصلے کرنا ہے کہ کونسی اشیاء پیدا کی جائیں۔ کس مقدار میں پیدا کی جائیں اور کس کے لئے پیدا کی جائیں یہ فیصلے معاشی نظام کے مجموعی جائزہ پر مبنی ہوں اور ایک معین ادارہ کی طرف سے کئے گئے ہوں۔

سوال: معاشی منصوبہ بندی کی دو اقسام درج کریں؟

جواب: (۱) عمومی منصوبہ بندی (۲) جزوی منصوبہ بندی

سوال: مسلمانوں کے معاشی افکار کے کتنے ذرائع ہیں؟

جواب: مسلمانوں کے معاشی افکار کے تین ذرائع ہیں۔

(۱) قرآن پاک و حدیث رسولؐ

(۲) قرآن کے بعد معرض وجود میں آنے والا اسلامی لٹریچر

(۳) وہ کتب اور مضامین جن میں معاشیات اور اس کے نفس مضمون پر الگ سے بحث کی گئی ہے۔

سوال: قرآن عظیم معاشی خوشحالی کو پسندیدہ قرار دیتا ہے۔ ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: ارشاد باری تعالیٰ ہے:

قل من حَرَّم زینته اللّٰہ التی اخرج لعبادہ والطیبت من الرزق۔ (7:32)

ترجمہ: اے پیغمبر ان لوگوں سے پوچھو کہ اللہ نے جو زینت اور کھانے کی ستھری چیزیں پیدا کی ہیں ان کو کس نے حرام کیا ہے۔

سوال: احادیث کے متعلق چار مشہور کتابوں کے نام بمعہ مصنف درج کریں؟

جواب: (۱) صحیح البخاری۔ امام بخاری

(۲) صحیح المسلم۔ امام مسلم

(۳) سنن ابن ماجہ۔ امام ابن ماجہ۔

(۴) سنن ترمذی۔ امام ترمذی

سوال: کیا اسلامی فقہ میں دیگر معاملات کے ساتھ ساتھ معاشی معاملات پر بیش بہا مباحث موجود ہیں۔

جواب: جی ہاں۔

سوال: اسلامی فقہ میں علم معاشیات کے چار مشہور اماموں کے نام درج کریں؟

جواب: (۱) حضرت امام ابو حنیفہؒ (۲) حضرت امام مالکؒ (۳) حضرت امام شافعیؒ (۴) حضرت امام حنبلؒ

سوال: عربی اور انگریزی میں "سرمایہ" کے متبادل الفاظ لکھئے؟
جواب: سرمایہ کو عربی میں راس المال اور انگریزی میں کیپٹل کہتے ہیں۔
سوال: سرمایہ دارانہ نظام کی فکری بنیادیں تحریر کریں؟
جواب: (۱) مادہ پرستی (۲) آزاد روی (۳) افادیت پسندی
سوال: سرمایہ دارانہ نظام معیشت کی چار خصوصیات درج کریں؟
جواب: سرمایہ دارانہ نظام معیشت کی خصوصیات درج ذیل ہیں۔ (۱) نجی ملکیت کا حق (۲) ذاتی منافع کا محرک (۳) مسابقت (۴) معاشی آزادی (۵) نظام اجرت
سوال: سرمایہ دارانہ نظام کی خوبیاں لکھئے؟
جواب: (۱) وسائل سے زیادہ سے زیادہ استفادہ (۲) ایجادات و اختراعات۔
سوال: سرمایہ دارانہ نظام کی خامیاں درج کریں؟
جواب: (۱) فکری لغزشیں (۲) بے درد مسابقت (۳) طبقاتی کشمکش (۴) معاشی بحران (۵) کاروبار کے گھناؤنے طریقے (۶) معاشی رقابتیں اور جنگیں (۷) بے روزگاری
سوال: سرمایہ داری سے کیا مراد ہے؟
جواب: سرمایہ داری سے مراد سرمایہ کی مدد سے مزید دولت یا پیداوار حاصل کرنے کے لئے جو عمل کیا جاتا ہے وہ سرمایہ داری کہلاتا ہے۔
سوال: سرمایہ اور دولت میں کیا فرق ہے؟
جواب: سرمایہ اس مال کو کہتے ہیں جو مزید نفع یا پیداوار حاصل کرنے کے لئے استعمال کیا جائے۔ جبکہ ملکیتی اشیاء اور جمع شدہ مال دولت کہلاتا ہے۔
سوال: سرمایہ دارانہ نظام کے تین بڑے سرچشموں کے نام لکھئے؟
جواب: (۱) سود (۲) اکتناز (۳) احتکار
سوال: اشتراکی نظام اور سرمایہ دارانہ نظام کیا ایک دوسرے کے مخالف ہیں؟
جواب: جی ہاں۔
سوال: اشتراکیت کی تعریف کریں؟
جواب: اشتراکیت سوشلزم معاشرتی تنظیم کا ایک ایسا نظریہ ہے جو عوامل پیدائش سرمایہ زمین اور املاک وغیرہ کی ملکیت اور اجتماعی تصرف کا مدعی ہے او جس کا مقصد سب کے مفاد میں ان کی تنظیم اور تقسیم ہے۔
سوال: اشتراکیت نظام کو ترقی دینے والا کون شخص تھا؟
جواب: کارل مارکس۔
سوال: اشتراکیت پر کارل مارکس کی مشہور کتاب کا نام لکھئے؟

جواب: اس کتاب کا نام داس کیپٹل Das Kapital ہے۔
سوال: اشتراکی نظام کی فکری بنیادیں لکھئے؟
جواب: کارل مارکس نے اشتراکی نظام کی درج ذیل فکری بنیادیں تحریر کیں (۱) تاریخ کی مادی تعبیر (۲) قدر زائد کا نظریہ (۳) طبقاتی کشمکش (۴) مزدوروں کی آمریت (۵) مذہب دشمنی
سوال: اشتراکی نظام کی خصوصیات لکھئے؟
جواب: (۱) نجی ملکیت کا خاتمہ (۲) وسائل پیداوار کی اجتماعی ملکیت (۳) مرکزی منصوبہ بندی (۴) ارتکاز دولت کا خاتمہ
سوال: اشتراکی نظام کی چار خامیاں درج کریں؟
جواب: (۱) مادی نقطہ نظر (۲) جذبہ کار کی کمی (۳) آزادی کا خاتمہ (۴) منصوبہ بندی کی خامیاں
سوال: اشتراکی نظام کی چار خوبیاں لکھئے؟
جواب: (۱) استحصال کا خاتمہ (۲) ضیاع وسائل کا خاتمہ (۳) ضروریات زندگی کی فراہمی (۴) معاشی بحران سے نجات
سوال: مشترکہ ملکیت کا نظریہ سب سے پہلے کس نے پیش کیا؟
جواب: قدیم زمانہ میں مشترکہ ملکیت کا نظریہ سب سے پہلے افلاطون نے پیش کیا تھا۔
سوال: اشتراکیت کی جامع تعریف کریں؟
جواب: اشتراکیت کی تعریف:
"وہ نظام جس میں کسی ملک کے تمام ذرائع پیداوار کسی ایک فرد یا چند افراد کی ملکیت میں ہونے کی بجائے پورے معاشرے کی ملکیت قرار دیئے جاتے ہیں اور اس کا مقصد معاشرے اور فرد دونوں کی فلاح و بہبود اور فرد کو بنیادی ضروریات کی فکر سے نجات دلانا سمجھا جاتا ہے۔
سوال: اشتراکیت کے چار اصول درج کریں؟
جواب: (۱) مادی نظریہ حیات (۲) خاندانی نظام سے انکار (۳) دہریت (۴) شخصی ملکیت سے انکار
سوال: کارل مارکس نے معاشی نظریہ کے کتنے اصول بیان کئے ہیں؟
جواب: مارکس نے معاشی نظریہ کے پانچ اصول پیش کئے:
(۱) قانون ارتکاز (۲) زائد قدر (۳) طبقاتی کشمکش (۴) بحرانوں کی فاضل پیداوار کا نظریہ (۵) معاشرتی انقلاب
سوال: اشتمالیت کی آخری منزل سے کیا مراد ہے؟
جواب: اس کی آخری منزل ہے:
ہر ایک سے قابلیت کے مطابق اور ہر ایک کو اس کی ضرورت کے مطابق۔

سوال: اشتراکیت' اشتمالیت سے زیادہ شدید ہے یا نہیں؟
جواب: اشتراکیت اور اشتمالیت ایک ہی ماں کے دو جڑواں بچے ہیں۔ اشتمالیت ان میں سے زیادہ تنڈ' ترش اور شدید تر ہے یہی سبب ہے کہ اس میں طاقت اور زور کے ذریعے ہر شے پر قبضہ کیا جاتا ہے۔
سوال: معاشیات کا مادہ بیان کریں؟
جواب: معاشیات کا مادہ عیش ہے عاش ماضی یعش مضارع ہے۔
سوال: اقتصادیات کا مادہ کیا ہے؟
جواب: اقتصادیات کا [illegible] قصد ہے قصد ماضی اور یقصد مضارع ہے۔
سوال: اقتصادیات کسے کہتے ہیں؟
جواب: ایسا علم جو انسان کی مادی ضروریات پوری کرے اور اسے میانہ روی پر لے آئے اقتصادیات کہلاتا ہے۔
سوال: سری بلغا کوف "معاشیات پر جو تصنیف لکھی اس کا نام درج کریں؟"
جواب: "کارل مارکس بطور مذہبی قسم"

سوال: سری بلغ کوف نے اپنی تصنیف "کارل مارکس بطور مذہبی قسم" مارکزم کے متعلق کیا لکھا؟
جواب: مطبوعہ 1960ء میں سری بلغا کوف نے لکھا:
مارکزم کی ساری بنیاد الحاد پر ہے باقی یونہی سب کچھ اس کے ٹانک دیا گیا ہے مذہب کی سمت مخالفت اس کی نمایاں خصوصیت ہے۔
سوال: اسلام کے معاشی نظام کی چار اخلاقی اقدار درج کریں؟
جواب: (۱) تقویٰ (۲) مساوات (۳) اخوت (۴) عدل۔
سوال: اسلام کے معاشی نظام میں تقویٰ کی اہمیت پر ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب: ان خیر الزاد التقوی (البقرۃ:197)
ترجمہ: "بے شک بہترین زاد راہ تقویٰ ہی ہے"
سوال: اسلام کے معاشی نظام میں مساوات کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب: ارشاد ربانی ہے:
"اے لوگو! اپنے اس رب سے ڈرو جس نے تم کو ایک ہی جان سے پیدا کیا"
(النساء:1)
سوال: اخوت کے متعلق اسلام کے معاشی نظام میں اہمیت کی ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: ارشاد ربانی ہے:

مومن تو سب بھائی بھائی ہیں۔ (الحجرات:10)

سوال: معاشی عدل کے متعلق حدیث نبویؐ درج کریں؟

جواب: ارشاد نبویؐ ہے:

جس نے میانہ روی اختیار کی وہ کبھی تنگ دستی سے دوچار نہیں ہوا۔

سوال: معاشی ترقی کے لئے اسلامی نظریہ کی بنیادیں درج کریں؟

جواب: (۱) توحید (۲) ربوبیت (۳) خلافت

سوال: اسلام اور سرمایہ داری میں فرق کیا ہے صرف چار نکات درج کریں؟

جواب: (۱) اسلام میں اکتساب مال کی آزادی ہے مگر پابندیوں کے ساتھ۔

سرمایہ داری نظام میں اکتساب مال پر کسی قسم کی کوئی پابندی نہیں اس میں بے لگام آزادی دی گئی ہے۔

(۲) اسلام نے فرد کو انفرادی آزادی دی ہے مگر حدود و قیود کے ساتھ ہے۔

(۳) اسلام میں سود حرام ہے اس کی سختی سے ممانعت کی گئی ہے۔

سرمایہ داری نظام کا دارومدار سود پر ہے۔

(۴) اسلام میں جہاں بھی انفرادی آزادی معاشرے کے لئے نقصان دہ ثابت ہونے لگے تو حکومت دخل دینے کی مجاز ہے۔

اس کے برعکس سرمایہ دارانہ نظام میں فرد معاشرے کو تباہ کرنے کے جو بھی طریقے اختیار کرے حکومت دخل نہیں دے گی۔ اس کی حیثیت مصنف کی سی ہوتی ہے۔

سوال: اسلام اور سوشلزم میں جو فرق ہے صرف تین نکات سے واضح کریں؟

جواب: اسلام

(۱) اسلام کی بنیاد خدا پرستی ہے۔

سوشلزم

اس کے برعکس خدا کے انکار پر مبنی ہے۔

(۲) اسلام الہامی تعلیمات پر مبنی ہے۔ شریعت قوانین کا مجموعہ جس کی بنیاد الہامی ہو اسلامی نظام زندگی ہے۔

سوشلزم کا مجموعہ قوانین انسانی دماغ کا اختراع ہے۔

(۳) اسلامی معاشرے کا ہر فرد اور ہر مزدور آزادانہ روزی کما سکتا ہے۔

سوشلسٹ معاشرے میں مزدور آزادانہ اپنی معاش پیدا کرنے کا حق دار نہیں ہوتا۔

کارل مارکس وفات 1883 میں

سوال: کارل مارکس کب اور کہاں پیدا ہوا؟
جواب: کارل مارکس جرمنی کے شہر ٹریرز میں ۱۸۱۸ء میں پیدا ہوا۔
سوال: بون یونیورسٹی میں کارل مارکس نے کب داخلہ لیا؟
جواب: 17 برس کی عمر میں جرمنی کی معروف یونیورسٹی بون میں داخلہ لیا تھا۔

The theory of moral sentiments آدم سمتھ

سوال: کارل مارک کو سروس کے قابل کیوں نہ سمجھا گیا؟
جواب: Hand Writing خراب تھی۔
سوال: کارل مارکس نے کب وفات پائی؟
جواب: 1883ء میں
سوال: اشتراکیت کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟
جواب: کارل مارکس کو
سوال: آدم سمتھ نے معاشیات کی کیا تعریف کی ہے؟
جواب: آدم سمتھ معاشیات کو دولت کا علم قرار دیتے ہوئے اس بات پر زور دیتا ہے کہ انسان کی فطری جدوجہد اور سرگرمیاں زیادہ تر اس وجہ سے عمل میں آتی ہیں کہ وہ دولت کمانا چاہتا ہے۔
سوال: آدم سمتھ کے مطابق اضافہ دولت کن دو چیزوں سے ہوتا ہے؟
جواب: (۱) مزدوروں کی ہنرمندی اور صلاحیت (۲) آبادی میں کام کرنے والے لوگوں کا فیصد تناسب

ڈیوڈ ریکارڈو

سوال: ڈیوڈ ریکارڈو کب پیدا ہوا؟
جواب: ڈیوڈ ریکارڈو 1872ء میں پیدا ہوا۔

The principles of political Economy and taxation

سوال: ریکارڈو کی معاشیات پر مشہور کتاب کا نام کیا ہے؟
جواب: اس کتاب کا نام "معاشیات اور محاصل کے اصول" ہے۔
سوال: ایلفرڈ مارشل کا تعارف کروائیے؟
جواب: ایلفرڈ مارشل 1842ء کو لندن میں پیدا ہوا۔
سوال: ایلفرڈ مارشل نے "قومی آمدنی" کی کیا تعریف کی ہے؟
جواب: کسی ملک کے لوگ اپنے سرمایہ یعنی مشینوں اور کارخانوں کی مدد سے وہاں کے قدرتی وسائل سے کام لے کر ہر سال اشیائے و خدمات کی ایک خاص مقدار پیدا کرتے ہیں یہی قومی آمدن ہے۔
سوال: ایلفرڈ کی مشہور معاشیات پر کتاب کا نام کیا ہے؟

Principles of economics.

جواب: "اصول معاشیات" ہے۔

اخلاقی احساسات کا نظریہ آدم سمتھ
The theory of moral sentiments

سوال: جان مینارڈ کینز کا مختصر تعارف کروائیے؟

جواب: جان مینارڈ کینز 1883ء میں کیمبرج میں پیدا ہوا اس کا والد ایک ماہر معاشیات تھا۔

سوال: "مزارعت" سے کیا مراد ہے؟

جواب: مزارعت سے مراد وہ عقد ہے جو زمین کی پیداوار کے کچھ حصہ پر زمین کی زراعت کے لئے کیا جائے۔

سوال: نجی ملکیت کے جواز میں ایک آیت درج کریں؟

جواب: ھو الذی خلق لکم ما فی الارض جمیعا۔ (سورۃ البقرہ)

ترجمہ: وہی تو ہے جس نے سب چیزیں جو زمین میں ہیں پیدا کیں ہیں۔

سوال: "اجارہ داری" سے کیا مراد ہے؟

جواب: کسی چیز کی تجارت پر بلا شرکت غیرے قبضہ اُجرت پر دینا' کرایا' ٹھیکا' اجرت' مزدوری' منتقی اصطلاح میں کسی معلوم شے سے معینہ منافع حاصل کرنا۔

سوال: زمین کی نجی ملکیت حرام ہے۔ قرآن کے حوالے سے ثابت کریں؟

جواب: ترجمہ: (یہ زمین) مانگنے والوں کے لئے سب کے لئے برابر ہے۔

سوال: مزارعت کے متعلق ایک حدیث درج کریں؟

جواب: حضرت جابرؓ کہتے ہیں۔ آنحضرت ﷺ نے اس بات سے منع فرمایا ہے کہ زمین کے ذریعے اجارہ کا فائدہ اٹھایا جائے۔

سوال: ملکیت کی تعریف کریں؟

جواب: علامہ ابن نجیمؒ کے نزدیک: "الاشباہ والنظائر"

"ملکیت کسی شے میں تصرف پر وہ قدرت ہے جو کسی انسان کے لئے شارع کے ثابت کرنے سے ابتدائی طور پر ثابت ہوتی ہے۔ مگر یہ کہ مانع موجود نہ ہو۔

سوال: ملکیت کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: للّٰہ ما فی السموت وما فی الارض۔ (سورۃ البقرہ)

ترجمہ: آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے سب اللہ کا ہے۔

سوال: انفرادی ملکیت کے حق کے اثبات کی وضاحت میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: یٰاَیُّھا الذین امنوا لاتدخلوا بیوتا غیر بیوتکم حتّٰی تستانسو اوتُسَلِّمُوْا علٰی اھلھا۔ (۲۴:۲۷)

ترجمہ: اے ایمان والو! تم اپنے گھروں کے سوا دوسرے گھروں میں داخل مت ہو جب تک کہ اجازت حاصل نہ کرلو اور ان کے رہنے والوں کو سلام کرلو۔

سوال: مزارعت کی تعریف کریں؟

جواب: مزارعت سے مراد وہ عقد جو زمین کی پیداوار کے کچھ حصہ پر زمین کی زراعت کے لئے کیا جائے۔ (الھدایہ)

سوال: ابو عبید القاسم کب پیدا ہوئے؟

جواب: ابو عبید القاسم 150ھ میں پیدا ہوئے۔

سوال: امام ابو عبید کا اصل نام لکھئے؟

جواب: نام قاسم اور کنیت ابو عبید تھی۔

سوال: ابو عبید القاسم کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: امام ابو القاسم "ہرات" میں پیدا ہوئے۔

سوال: امام ابو عبید القاسم نے کتنی کتابیں لکھیں؟

جواب: آپ نے (34) چونتیس کتب تصنیف کیں۔

سوال: امام ابو عبید نے معاشی موضوعات پر کونسی کتاب لکھی؟

جواب: آپ نے "کتاب الاموال" لکھی ہے۔

سوال: کتاب الاموال کن موضوعات پر مشتمل ہے؟

جواب: اس کتاب میں اراضی سے متعلق احکام، عشر و زکوٰۃ اہل ذمہ سے کئے ہوئے معاہدوں اور جزیہ کے احکام اور بعض دوسرے موضوعات پر مشتمل ہے۔

سوال: امام ابو عبید القاسم بن سلام نے کب وفات پائی؟

جواب: امام ابو عبید القاسم بن سلام نے ۲۲۴ھ میں وفات پائی؟

سوال: معیشت کے سلسلہ میں مسلم مفکرین کے نام لکھئے؟

جواب: (۱) امام ابو یوسف (۲) امام ابو عبید القاسم (۳) ناصر الدین طوسی (۴) علامہ ابن خلدون (۵) ابن تیمیہ (۶) شاہ ولی اللہ دہلوی۔

سوال: امام ابو یوسف کا اصل نام کیا ہے؟

جواب: آپ کا نام یعقوب بن ابراہیم اور کنیت ابو یوسف ہے۔

سوال: امام ابو یوسف کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: 731ء کو کوفہ میں پیدا ہوئے۔

سوال: امام ابو یوسف کی تصانیف کے نام لکھیں؟

جواب: (۱) کتاب الآثار (۲) کتاب الخراج (۳) امالی (۴) اصول فقہ

سوال: کتاب الخراج کس کی تصنیف ہے؟

جواب: امام ابو یوسف کی۔

سوال: امام ابو یوسف کب فوت ہوئے؟

جواب: ۷۹۸ء میں 182ھ؟

سوال: آپ کی کتاب کس قسم کے موضوعات پر مشتمل ہے؟

جواب: ٹیکسوں کے متعلق، محصول چونگی، لگان کی شرائط، ماہی گیری اور جنگلات اور چراگاہیں کے متعلق۔

سوال: ناصرالدین طوسیؒ کب پیدا ہوئے؟

جواب: 1201ھ میں

سوال: ناصرالدین طوسیؒ کس قسم کے موضوعات کو زیر بحث لائے تھے؟

جواب: ناصر الدین طوسیؒ نے عوام، اور حکمرانوں کی آمدنی اور اخراجات، بچتوں کی اہمیت۔ اسراف کو زیر بحث لائے۔

سوال: ناصرالدین طوسیؒ کب فوت ہوئے؟

جواب: ۱۲۷۴ھ میں

سوال: امام ابن تیمیہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: ابن تیمیہ 1263ھ میں حران میں پیدا ہوئے۔

سوال: ابن تیمیہ کا اصل نام لکھئے؟

جواب: ابن تیمیہ کا اصل نام احمد ہے۔

سوال: ابن تیمیہ کی سیاست پر کتابوں کے نام لکھیں؟

جواب: (۱) الامامۃ والسیاسۃ (۲) السیاسۃ الشرعیہ فی اصلاح الراعی والرعایا (۳) منھاج اللہ۔

سوال: ابن تیمیہ نے انسانوں کو کون سے گروہوں میں تقسیم کیا؟

جواب: (۱) ملوک اور روسائے مقتدین (۲) چور اور جرائم پیشہ افراد (۳) مذہبی رہنما (۴) خیر البریہ۔

سوال: ابن تیمیہ کے نزدیک امام کے فرائض کیا ہیں؟

جواب: (۱) امامت کی نگہداشت (۲) حقوق اللہ کا تحفظ (۳) حقوق العباد (۴) دیانتدار اور متقی عمال کا تقرر (۵) قیام عدل (۶) امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے فریضہ کی ادائیگی۔

سوال: کارل مارکس کے نزدیک تاریخ کن مادی توجیہ کی رو سے گزرتی ہے؟

جواب: انسانی معاشرہ چار ادوار سے گزرتا ہے:

(۱) انسانی غلامی کا دور (۲) جاگیرداری معاشرہ (۳) وحدت فکر (۴) عالمی شہری ہونے کا تصور (۵) تصور عالمگیریت۔

سوال: امام ابن حزم کا تعارف کروایئے؟

جواب: ابو محمد علی بن احمد بن سعید ابن حزم 994ء میں قرطبہ میں پیدا ہوئے۔

سوال: ابن حزم کی مشہور کتابوں کے نام لکھیں؟

جواب: (۱) طوق الحمامتہ فی الالفتہ والالاف (۲) رسالہ فی فضل الاندلس (۳) ابطال القیاس (۴) الاحکام فی اصول الاحکام

سوال: الفصل فی الملک والاہواء والنحل کے مصنف کا نام لکھیے؟

جواب: ابن حزم

سوال: کتاب الناسخ والمنسوخ کے مصنف کون تھے؟

جواب: ابن حزم

سوال: امام ابن حزم نے معاشی افکار پر کونسی تصنیف تالیف کی ہے؟

جواب: امام ابن حزم نے اپنی شہرہ آفاق ضخیم کتاب المحلی کے متعدد مقامات پر معاشی افکار پر روشنی ڈالی۔

سوال: ابن حزم نے کب وفات پائی؟

جواب: ابن حزم نے 456ھ میں وفات پائی۔

سوال: ابن خلدون کب پیدا ہوئے؟

جواب: ابن خلدون 1332ھ میں پیدا ہوئے۔

سوال: ابن خلدون کی چار تصانیف کے نام لکھیے؟

جواب: (۱) المنطق (۲) شرح قصیدہ بردہ (۳) الحساب (۴) مقدمہ ابن خلدون (۵) کتاب العبر۔

سوال: علامہ ابن خلدون کا پورا نام لکھیے؟

جواب: آپ کا نام ابو زید عبدالرحمن بن محمد بن محمد بن خلدون ہے۔

سوال: ابن خلدون کا شہر پیدائش کونسا ہے؟

جواب: تیونس میں پیدا ہوئے۔

سوال: علامہ ابن خلدون نے معاشیات کو کیا نام دیا؟

جواب: اس مضمون کو "سیاستہ المدن" کی بجائے "المعاش" کا نام دیا۔

سوال: ابن خلدون کب فوت ہوئے؟

جواب: ابن خلدون 1406ھ میں فوت ہوئے۔

سوال: شاہ ولی اللہ کا تعارف کروائیے؟

جواب: شاہ ولی اللہ کا اصل نام قطب الدین اور والد کا نام عبدالرحیم وجیہ الدین ہے۔ آپ 1703ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔

سوال: شاہ ولی اللہ دہلوی نے کن موضوعات پر اظہار خیال فرمایا؟

جواب: آپ نے ضروریات زندگی، مسئلہ ملکیت، ذرائع پیدائش، تعاون، تقسیم دولت اور صرف دولت پر اظہار خیال فرمایا۔

سوال: شاہ ولی اللہ کی تعداد تصانیف کتنی ہیں؟
جواب: آپ کی تصانیف کی تعداد ایک سو سے زائد تھی۔
سوال: شاہ ولی اللہ کی چار تصنیف کے نام لکھئے؟
جواب: (۱) تفسیر میں۔ فتح الرحمٰن فی ترجمہ القرآن
(۲) حدیث میں۔ المسوی فی احادیث الموطا المصفی فی شرح الموطا
(۳) تصوف میں۔ حسن العقیدہ۔ مکاتیب
(۴) مناظرہ میں۔ ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء قرۃ العین فی تفضیل الشیخین۔
سوال: شاہ ولی اللہ کب فوت ہوئے؟
جواب: 1763ء میں فوت ہوئے۔
سوال: عدل کے لغوی معنی لکھئے؟
جواب: عدل کے لغوی معنی ہیں (۱) سیدھا کرنا (۲) برابر کرنا (۳) توازن قائم رکھنا (۴) افراط و تفریط سے بچنا۔
سوال: عدل کی تعریف کریں؟
جواب: کسی بوجھ کو دو برابر حصوں میں اس طرح بانٹ دیا جائے کہ ان دونوں میں سے کسی میں ذرا بھی کمی بیشی نہ ہو تو ایسے کو عربی میں عدل کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔
سید شریف میں عدل کی تعریف:
"عدل افراط و تفریط کے درمیان ایک نقطہ مساوات ہے جو اطراف کو برابر رکھتا ہے اور حق پر آکر رک جاتا ہے"۔
سوال: عدل کی اہمیت میں ایک قرآنی آیت کا ترجمہ درج کریں؟
جواب: ترجمہ: اور تیرے رب کی بات سچائی اور انصاف کے ساتھ پوری ہوگی۔
سوال: عدل کی اقسام لکھئے؟
جواب: عدل کی دو اقسام ہیں۔ (۱) انفرادی عدل (۲) اجتماعی عدل
سوال: عدل عائلی زندگی کا لازمی جز ہے۔ قرآنی آیت سے ثابت کریں؟
جواب: ارشاد باری تعالیٰ ہے:
فان خفتم الا تعدلوا فواحدۃ
ترجمہ: پس اگر تمہیں اس بات کا خوف ہو کہ عدل نہ رکھ سکو گے تو ایک ہی بیوی کافی ہے۔
سوال: عدل اور عدالت کا تعلق میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب: ارشاد باری تعالیٰ ہے:

واذ حکمتم بین الناس ان تحکموا بالعدل (البقرہ)

ترجمہ: "اور جب لوگوں میں فیصلہ کرو عدل اور انصاف سے فیصلہ کرو۔"

سوال: عدل اور حکومت کے متعلق ارشاد باری تعالیٰ کیا ہے؟

جواب: قل امنت بما انزل اللہ من کتب وامرت لا عدل بینکم

ترجمہ: اور کہہ دے کہ میں ہر اس کتاب کو مانتا ہوں جو اللہ نے اتار دی اور مجھے یہ حکم ملا ہے کہ میں تمہارے درمیان انصاف کروں۔

سوال: عدل اور تجارت کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: ارشاد ربانی ہے:

واوفو الکیل والمیزان بالقسط (الانعام)

ترجمہ: ناپ اور تول انصاف کے ساتھ پورا رکھو۔

سوال: اقتصادی عدل کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: ارشاد باری تعالیٰ ہے:

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَیْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ

ترجمہ: اے ایمان والو! آپس میں ایک دوسرے کا مال ناجائز طریقے سے نہ کھاؤ۔

سوال: عدل کے چار ثمرات و فوائد لکھیں؟

جواب: (۱) مساوات قائم ہوتی ہے۔

(۲) امن و امان کا قیام۔

(۳) ظلم و تشدد سے نجات۔

(۴) استحکام حکومت۔

(۵) اقتصادی ترقی۔

(۶) اللہ کی محبت۔

سوال: اسلامی تصور عدل کی چار خصوصیات لکھیں؟

جواب: (۱) قانون اور عفو و درگزر کا حسین امتزاج (۲) استحکام (۳) قانونی مساوات (۴) جامعیت

سوال: اسلامی تصور عدل میں ایک قرآنی آیات درج کریں؟

جواب: ارشاد باری تعالیٰ ہے:

ان اللہ یامر بالعدل والاحسان (النحل:90)

ترجمہ: خدا تم کو عدل اور احسان کا حکم دیتا ہے۔

سوال: عادل حکمران کی فضیلت میں کوئی ایک حدیث لکھیے؟

جواب: عادل حکمران زمین پر اللہ کا سایہ ہے۔ (کنز العمال)

سوال: معاہدین کسے کہتے ہیں؟

جواب: ایسے غیر مسلم لوگ جو کسی صلح نامہ یا معاہدہ کے تحت اسلامی ریاست کے تحت آتے ہوں معاہدین کہلاتے ہیں۔

سوال: معاہدین کے حقوق لکھیے؟

جواب: (۱) جائیداد کی حفاظت (۲) مذہبی آزادی (۳) عزت و آبرو کا تحفظ (۴) معاہدہ پر عمل۔

سوال: احسان کا مفہوم بیان کریں؟

جواب: نیک برتاؤ کرنا' بھلائی سے پیش آنا' فیاضانہ معاملہ کرنا' ہمدردانہ رویہ رکھنا' خوش خلقی سے پیش آنا' کسی کی مدد کرنا' سب احسان کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

سوال: عدل اور احسان ایک دوسرے کے لئے لازم ہیں اس کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: ان اللہ یامر بالعدل والاحسان وایتآئ ذی القربیٰ۔

ترجمہ: بے شک اللہ انصاف اور احسان کرنے کا حکم دیتا ہے اور قرابت والوں کو دینے کا۔ (نحل :90)

سوال: احسان کی اہمیت میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: واحسن کما احسن اللہ الیکَ (قصص 77)

ترجمہ: اور جس طرح اللہ نے تیرے ساتھ احسان کیا ہے تو بھی دوسروں کے ساتھ احسان کر۔

سوال: احسان کتنی قسم کا ہوتا ہے؟

جواب: احسان دو طرح کا ہوتا ہے۔

(۱) عبادات کا احسان (۲) معاملات کا احسان

سوال: عبادات کے احسان کے متعلق ایک حدیث لکھئے؟

جواب: آپؐ نے فرمایا:

"احسان یہ ہے کہ تو اللہ کی عبادت اس طرح کر کہ گویا تو خدا کو دیکھ رہا ہے بس اگر ایسی کیفیت ممکن نہیں تو اس طرح کی عبادت کر کہ گویا تجھے خدا دیکھ رہا ہے"۔

سوال: "معاملات کا احسان" کی اہمیت میں ایک قرآنی آیت لکھئے؟

جواب: ارشاد خداوندی ہے:

"تم لوگوں کو اچھی بات کہو اور تم احسان کرو بے شک اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے اور تم بھی احسان کرو جس طرح اللہ تعالیٰ نے تم پر احسان کیا ہے۔

سوال: حضرت محمد ﷺ نے احسان کی تشریح کس طرح سے کی ہے؟

جواب: آپ نے فرمایا:

"احسان یہ ہے کہ اللہ کی بندگی اور اطاعت اس طرح کرو کہ جیسے تو اسے دیکھ رہا ہے اگر ایسا نہ کر سکے تو یہ سمجھ کر کرے کہ وہ تجھے دیکھ رہا ہے"۔ (مسلم)

سوال: میدان معیشت میں احسان کی اہمیت چار نکات سے واضح کریں؟

جواب: (۱) صرف میں احسان (۲) پیدائش دولت اور احسان (۳) تبادلہ میں احسان (۴) تقسیم دولت میں احسان

سوال: تقویٰ کی تعریف کریں؟

جواب: نفس انسانی کی اس کیفیت کا نام تقویٰ ہے جو خدا ترسی اور احساس ذمہ داری سے پیدا ہوتی ہے اور زندگی کے ہر پہلو میں ظہور کرتی ہے۔ (سید مودودی)

سوال: تقویٰ کا نصب العین کیا ہے؟

جواب: رضائے الٰہی کا حصول۔

سوال: تقویٰ کی اہمیت میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: ارشاد ربانی ہے:

أن خیر الزّاد التقوی۔ (البقرۃ:197)

ترجمہ: بے شک بہترین زادِ راہ تقویٰ ہے۔

سوال: "العفو" سے کیا مراد ہے؟

جواب: دوسروں کی غلطی اور زیادتی پر درگزر کرنا اور ان پر مہربانی کرتے ہوئے معاف کر دینا عفو کہلاتا ہے۔

سوال: عفو و درگزر کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: قرآن پاک میں ہے:

فان اللہ کان غفوراً رحیماً۔ (نساء:129)

ترجمہ: تو بلاشبہ اللہ بڑی مغفرت اور بڑی رحمت والا ہے۔

سوال: صلہ رحمی کے متعلق ایک قرآنی آیت لکھیے؟

جواب: قرآن پاک میں ہے:

وعاشروھن بالمعروف۔ (نساء:19)

ترجمہ: اپنی عورتوں کے ساتھ بھلے طریقے سے پیش آؤ۔

سوال: مساوات کے لغوی اور اسلام میں اس کا مفہوم بیان کریں؟

جواب: مساوات کے معنی برابری کے ہیں۔ اسلام میں اس کا مطلب ہے کہ سب کے ساتھ بلا لحاظ رنگ و نسل ایک جیسا سلوک کیا جائے۔ سب کو زندگی گزارنے کے یکساں مواقع حاصل

ہوں روزی کمانے کے ایک جیسے حقوق ہوں۔

سوال: مساوات کی اہمیت میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: ارشاد ربانی ہے:

اے لوگو! اپنے اس رب سے ڈرو جس نے تم کو ایک ہی جان سے پیدا کیا۔ (النساء ۱)

سوال: مساوات کی اہمیت میں ایک حدیث پیش کریں؟

جواب: حدیث نبوی ﷺ ہے:

"تمام انسان آدم کی اولاد ہیں اور آدم مٹی سے بنے تھے۔ پس کسی عجمی کو عربی پر اور عربی کو عجمی پر، کسی گورے کو کالے پر اور کالے کو گورے پر کوئی فضیلت نہیں۔ فضیلت صرف تقویٰ کی بناء پر ہے۔"

سوال: اسلامی نقطہ نظر سے حلال و حرام کا مفہوم واضح کریں؟

جواب: اسلام کے نقطہ نظر سے ہر پاک اور مفید چیز جائز اور حلال ہے اور ہر ناپاک اور مضر چیز ناجائز اور حرام ہے۔

سوال: کسب حلال کی اہمیت میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: ارشاد باری تعالیٰ ہے:

"اے لوگو زمین میں جو کچھ ہے اس میں حلال اور پاکیزہ کھاؤ۔ (البقرہ ۱۶۸)

سوال: حرام اشیاء کے بارے میں قرآن پاک میں کن الفاظ میں ذکر آیا ہے؟

جواب: ارشاد ربانی ہے:

"کہہ دے کہ مجھ پر جو وحی اتری ہے اس میں کسی کھانے والے پر کوئی شے حرام نہیں ہے ہاں اگر حرام ہے تو مردار یا بہتا خون یا سور کا گوشت کیونکہ یہ چیزیں ناپاک ہیں یا وہ گناہ کا جانور جو غیر خدا کے نام پر چڑھایا جائے وہ بھی حرام ہے لیکن جو بھوک سے لاچار ہو کر نافرمانی اور گناہ کے ارادے سے نہیں ان میں سے کچھ کھالے تو تیرا پروردگار معاف کرنے والا رحم والا ہے۔ (الانعام ۱۴۵)

سوال: محنت کار کے متعلق حضور ﷺ کی حدیث لکھیے؟

جواب: حدیث نبوی ہے:

الکاسب حبیب اللہ

ترجمہ: محنت کار اللہ کا دوست ہے۔

سوال: روزی کمانے کے ناجائز ذرائع درج کریں؟

جواب: روزی کمانے کے ناجائز ذرائع درج ذیل ہیں:

(۱) سود (۲) جوا (۳) رشوت (۴) قمار (۵) احتکار

سوال: روزی کمانے کے جائز ذرائع کون کونسے ہیں؟

جواب: (۱) ملازمت (۲) زراعت (۳) تجارت (۴) شکار

سوال: دو ایسی سورتوں کے نام لکھئے جس میں اللہ تعالیٰ نے حلال اور حرام کے دو اصولی معیار مقرر کئے ہیں؟

جواب: سورۃ اعراف آیت ۱۵۷:

ترجمہ: "کہ وہ انہیں نیکی کا حکم دیتا ہے۔ بدی سے روکتا ہے۔ ان کے لئے پاک چیزیں حلال اور ناپاک چیزیں حرام کرتا ہے۔"

سورۃ مائدہ کی آیت نمبر ۸۷ میں:

ترجمہ: "اے ایمان والو! جو پاک چیزیں اللہ نے تمہارے لئے حلال کی ہیں انہیں حرام نہ کرلو اور حد سے تجاوز نہ کرو۔"

سوال: کسب حلال کے چھ فوائد لکھئے؟

جواب: (۱) خوف الٰہی کا ہونا (۲) طمع اور حرص سے دوری (۳) ذہنی پریشانیوں کا خاتمہ (۴) فضول خرچی اور اسراف سے گریز (۵) انسان کے کردار پر اثر (۶) اطمینان قلب کا باعث (۷) معاشرہ اقتصادی ناہمواریوں کا شکار نہیں ہوتا (۸) فضول رسومات سے گریز۔

سوال: مال و دولت جمع کرنے کی ممانعت کے متعلق ایک قرآنی آیت پیش کریں؟

جواب: قرآن پاک میں آیا ہے:

والذین یکنزون الذھب وَالفِضّۃَ ولا ینفقونھا فی سبیل اللہ فبشرھم بعذاب الیم۔ (توبہ: ۳۴)

ترجمہ: اور جو لوگ سونا اور چاندی جمع کر کے رکھتے ہیں اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے انہیں دردناک عذاب کی خبر دے دو۔

سوال: ہر چیز اللہ کی ملکیت ہے اس موضوع پر ایک آیت درج کیجئے؟

جواب: لِلّٰہِ مَا فی السمٰوت وما فی الارض

سوال: حدیث نبوی کا حوالہ دیجئے کہ مال کی حفاظت فرض ہے؟

جواب: قال رسول اللہ ﷺ من قتل دون مالہ فھو شہید۔

ترجمہ: "رسول ﷺ نے فرمایا۔ جو شخص اپنے مال کی حفاظت میں مارا جائے وہ شہید ہے"۔

سوال: احتکار کی مذمت میں ایک حدیث درج کریں؟

جواب: قال رسول اللہ ﷺ من احتکر فھو خاطیٔ

ترجمہ: رسول ﷺ نے فرمایا احتکار کرنے والا گنہگار ہے۔

سوال: "تبذیر" سے کیا مراد ہے؟

جواب: اپنی دولت کو حرام اور ناجائز کاموں میں خرچ کرنا تبذیر کہلاتا ہے۔

سوال: "تبذیر" اور "اسراف" میں کیا فرق ہے؟

جواب: تبذیر اور اسراف دونوں فضول خرچی کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے فرق یہ ہے کہ اسراف جائز کام میں ضرورت سے زیادہ خرچ کرنے کو کہتے ہیں اور تبذیر حرام کام میں ضرورت سے زیادہ خرچ کرنے کو کہتے ہیں۔

سوال: مشترکہ ملکیت کا نظریہ سب سے پہلے کس نے پیش کیا؟

جواب: قدیم زمانہ میں مشترکہ ملکیت کا مسئلہ سب سے پہلے افلاطون نے پیش کیا تھا۔

سوال: عدل اور احسان کے بارے میں قرآنی حکم درج کریں؟

جواب: سورۃ النحل میں فرمایا گیا ہے:

ان اللہ یامر بالعدل والاحسان

سوال: مزارعت سے کیا مراد ہے؟

جواب: اس سے مراد ہے کہ زرعی زمین کا مالک اپنی زمین کسی دوسرے فرد کو اس زمین کی پیداوار میں ایک متعین نسبت سے حصہ دار ہونے کی شرط پر کاشت کے لئے دے۔

سوال: مساقات اور مزارعت میں کیا فرق ہے؟

جواب: مساقات اور مزارعت میں فرق یہ ہے کہ مزارعت عام زمین پر معاملہ ہوتا ہے جبکہ مساقات اپنی شرائط پر باغات کے سلسلہ میں معاملہ کرنے کو کہتے ہیں۔

سوال: مزارعت کی تعریف کریں؟

جواب: مزارعت سے مراد وہ عقد ہے جو زمین کی پیداوار کے کچھ حصہ پر زمین کی زراعت کے لئے کیا جائے۔ (الہدایہ)

سوال: مزارعت کے جواز میں ایک حدیث پیش کریں؟

جواب: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ جب مدینہ تشریف لائے تو انصار نے آکر عرض کیا "آپ ہمارے نخلستانوں کو ہمارے درمیان اور ہمارے مہاجر بھائیوں کے درمیان بانٹ دیں۔ مگر آپ ﷺ نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا پھر انصار نے مہاجرین سے کہا "آپ لوگ ہماری طرف سے ان نخلستانوں میں کام کریں اور ہم آپ کو ثمرہ میں شریک کریں اس پر مہاجرین نے کہا" یہ بات ہمیں بخوشی منظور ہے۔ (بخاری)

سوال: مزارعت کی مختلف شکلوں کے بارے میں فقہاء کی آراء کیا ہے؟

جواب: سادہ ترین شکل میں مزارعت یہ ہے کہ زمین کا مالک صرف زمین فراہم کرے جبکہ محنت

کے علاوہ بیج اور کاشت کاری کے آلات مزارع اپنی طرف سے لگائے پیداوار فریقین میں طے شدہ نسبتوں سے تقسیم ہو۔

امام ابو حنیفہ اس معاملہ کو ناجائز اور امام محمد اور امام ابو یوسف جائز قرار دیتے ہیں۔ فقہ حنفی میں فتویٰ اسی کے مطابق ہے جبکہ امام مالک امام شافعی اور شروع کے حنفا اس کو ناجائز قرار دیتے ہیں۔

سوال: زمین کے استعمال کے بارے میں فقہاء کی آراء درج کریں؟

جواب: اس بات پر تقریباً تمام فقہاء کا اجماع ہے کہ مالک زمین اپنی خود کاشت کرے۔

سوال: مساقات کسے کہتے ہیں؟

جواب: آب پاشی کرنا۔ پانی کھینچنا

سوال: مضارعت سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایک کا کھیت دوسرے کی محنت

سوال: شراکت کی تعریف کریں؟

جواب: دو یا دو سے زیادہ افراد کسی کاروبار میں متعین سرمایہ کے ساتھ نفع کے حصول کے لئے اکٹھے ہوں اور کاروبار کے نفع و نقصان میں پہلے سے طے شدہ نسبتوں کے ساتھ شریک ہوں۔

سوال: شراکت کی اہم اقسام لکھئے؟

جواب: (۱) شراکت ملک (۲) شراکت عقود (۳) شراکت عنان (۴) شراکت معاوضہ

سوال: شراکت کے متعلق ایک حدیث پیش کریں؟

جواب: آپ ﷺ نے فرمایا' اللہ کا ہاتھ ان حصہ داروں کے ساتھ ہوتا ہے۔ جو بے ایمان نہ ہوں۔ (ابو داؤد)

سوال: شراکت کی شرائط درج کریں؟

جواب: شراکت کی شرائط درج ذیل ہیں۔
(۱) باہمی رضامندی (۲) فریقین کا بالغ ہونا (۳) عاقل ہونا (۴) نفع کی شرح کا تعین (۵) کاروبار کا جائز ہونا (۶) نقصان کی ذمہ داری

سوال: شراکت جدید کی اقسام لکھئے۔ کوئی چار؟

جواب: (۱) مشترکہ سرمایہ کی کمپنیاں (۲) کاروباری شراکت (۳) محدود کمپنی (۴) انجمن ہائے امداد باہمی

سوال: شراکت کے تین احکام لکھئے۔ صرف نکات درج کریں؟

جواب: (۱) نفع کی تقسیم (۲) نقصان کی ذمہ داری (۳) شرکاء کی ذمہ داریاں اور حقوق

سوال: مضاربت کس لفظ سے ماخوذ ہے؟

جواب: یہ "ضارب فی الارض سے ماخوذ ہے جس سے مراد ہے زمین کے طول و عرض میں سفر کرنے" جس کا اطلاق مضاربت کے معاملہ میں ضارب کے راس المال کے سرمایہ کے ساتھ جدوجہد پر ہوتا ہے۔

سوال: مضاربت کی تعریف کریں؟

جواب: "دو یا زائد افراد کے درمیان ایسا معاملہ جس میں ایک فریق سرمایہ فراہم کرتا ہے اور فریق ثانی اس سرمائے سے اس معاہدے کے تحت کاروبار کرتا ہے کہ اسے کاروبار کے منافع سے ایک متعین نسبت سے حصہ ملے گا"۔

سوال: مضاربت کی دو صورتیں لکھئے؟

جواب: (۱) دو افراد کا معاہدہ مضاربت کرنا۔

(۲) دو سے زیادہ افراد کا معاہدہ مضاربت کرنا۔

سوال: مضاربت کے متعلق ایک حدیث پیش کریں؟

جواب: رسول اللہ ﷺ سے روایت ہے کہ مضاربت میں برکت ہے۔

سوال: مضاربت کی شرائط لکھئے؟ کوئی چار؟

جواب: (۱) راس المال کا نقدی یا زر یا سونے چاندی کی صورت میں ہونا۔

(۲) معاہدہ مضاربت کے وقت راس المال معلوم ہونا ضروری ہے۔

(۳) معاہدہ کے وقت سرمایہ مضاربت کے حوالہ کرنا۔

(۴) مضارب کا حصہ منافع میں سے طے کرنا۔

سوال: انسانی رویوں کی درستی اور معاملات کو بہتر انداز میں چلانے کے کس سورۃ میں اصول بیان کئے گئے ہیں؟

جواب: سورۃ البقرہ کے آخر میں تین اصول بیان کئے گئے ہیں۔

سوال: سورۃ البقرہ کے آخر میں کونسے تین اصول انسانی رویوں کی درستی اور معاملات کے بارے میں بیان کئے گئے ہیں؟

جواب: (۱) عدل پر کاربند رہنا (۲) نفی ظلم (۳) معاملات میں احسان کو پیش نظر رکھنا

سوال: اسلامی فرم کے لئے چار محرکات لکھئے؟

جواب: (۱) ذاتی اور خاندان کی ضروریات کی تکمیل (۲) مستقبل کے لئے وسائل کی فراہمی (۳) آئندہ نسلوں کے لئے وسائل کی فراہمی (۴) سماجی خدمت اور فی سبیل اللہ اخراجات

سوال: اسلامی فرم کے مقاصد لکھئے؟

جواب: (۱) اسلامی فرم کے مقاصد درج ذیل ہیں۔ (۱) اپنے منافع کو زیادہ سے زیادہ کرنا (۲) زیادہ

سے زیادہ پیداوار (۳) اپنی عزت و مقام میں اضافہ (۴) مصارف پیدائش کو کم سے کم کرنا

سوال: نظام معیشت میں قیمتوں کی میکانیت کی تین خوبیاں لکھئے؟

جواب: (۱) طلب اور رسد کی قوتوں میں توازن (۲) مادی اور انسانی وسائل سے زیادہ سے زیادہ استفادہ (۳) معاشی قوتوں کو اپنے جوہر دکھانے کا موقع۔

سوال: نظام معیشت میں قیمتوں کی میکانیت کی تین خامیاں لکھئے؟

جواب: (۱) مکمل مقابلہ عدم موجودگی (۲) مہنگی اشیاء کی پیداوار (۳) مزدوروں کا استحصال (۴) سماجی شعبہ کا نظرانداز ہونا۔

سوال: عادلانہ قیمت سے کیا مراد ہے؟

جواب: عادلانہ قیمت سے مراد کسی شے کی وہ بازاری قیمت ہے جو صارفین کی غالب اکثریت کی قوت خرید سے زیادہ نہ ہو۔

سوال: گرانی پر قابو پانے کے لئے حضور ﷺ کی ایک حدیث لکھئے؟

جواب: حضرت عمرؓ نے مدینہ کے بازاروں میں ایک صحابی کو دیکھا کہ وہ خشک انگور ایسے نرخ پر فروخت کر رہے ہیں جو ان کے نزدیک نامناسب حد تک گراں ہے تو آپؓ نے ان سے فرمایا یا تو تم قیمت مناسب حد تک کم کردو یا پھر اپنا مال ہمارے بازار سے اٹھا لو۔ (بحوالہ معارف الحدیث جلد ہفتم)

سوال: گردش دولت کے خاتمہ کے متعلق ایک قرآنی آیت پیش کریں؟

جواب: قرآن پاک میں ارشاد ہے:

كي لا يكون دولة بين الاغنياء منكم (۵۹:۷)

ترجمہ: "یہ حکم اس لئے دیا گیا ہے کہ یہ مال تمہارے مالداروں ہی کے درمیان گردش نہ کرتا رہے"۔

سوال: ذاتی ملکیت کے استعمال کے سلسلہ میں اسلام کونسے حقوق کو تسلیم کرتا ہے؟

جواب: (۱) اشیاء کے استعمال اور تصرف کا حق

(۲) مزید نفع کمانے کے لئے کاروبار میں لگانے کا حق

(۳) انتقال ملکیت کا حق

(۴) تحفظ کا حق

(۵) مال جمع کرنے کا حق

سوال: زرعی زمینوں کو اجارہ پر دینے سے متعلق ایک حدیث لکھئے؟

جواب: حضرت عبداللہ بن مغفل سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مزارعت سے منع فرمایا اور اجارے کا حکم دیا اور فرمایا اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔

سوال: ڈیوڈ ریکارڈو نے لگان کی کیا تعریف کی ہے؟
جواب: کلاسیکی مکتبہ فکر کے ماہر معاشیات ڈیوڈ ریکارڈو نے لگان کی تعریف یوں کی ہے:
"لگان زمین کی وہ فاضل پیداوار ہے جو مالک زمین کو زمین کی ازلی اور پائیدار صفات کی بناء پر دی جاتی ہے چونکہ مختلف قطعات زمین میں زرخیزی اور محل وقوع کے لحاظ سے فرق پایا جاتا ہے اس لئے وہ مساوی لاگت سے مختلف پیداوار دیتے ہیں۔ فاضل پیداوار اور جو ایک بڑھیا زمین کو گھٹیا زمین کے مقابلہ میں حاصل ہوتی ہے لگان کہلاتی ہے۔"
سوال: اسلامی نظریہ لگان کے تین اصول لکھئے؟
جواب: اسلامی نظریہ لگان تین اصولوں پر مبنی ہے۔
(۱) عدل (۲) احسان (۳) نفی ظلم
سوال: "ظلم" کے متعلق قرآن کے حوالے سے ذکر کریں؟
جواب: ارشاد باری تعالیٰ ہے:
لاتظلمون ولا تظلمون (۲۷۹-۲)
ترجمہ: "نہ تو تم کسی پر ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے"
سوال: لگان کے تعین کے تین اصول لکھئے؟
جواب: (۱) زمین کی نوعیت (۲) فصل کی نوعیت (۳) آبپاشی کی نوعیت
سوال: منافع کی تعریف کریں؟
جواب: "منافع قومی آمدنی کا وہ حصہ ہوتا ہے جو نفع و نقصان کی ذمہ داری قبول کرنے والے سرمایہ کو مالک کو ادا کیا جاتا ہے۔
سوال: منافع کے جواز میں ایک ارشاد لکھئے؟
جواب: رسول اللہ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے:
مسلمان مسلمان کا بھائی ہے اور کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں کہ اس نے اپنے بھائی کے ہاتھ کوئی ایسی چیز فروخت کی ہو جس میں کوئی نقص ہو اور وہ اس کو اس نقص سے آگاہ نہ کریں۔
سوال: اجرت کی تعریف کریں؟
جواب: معاشی اصطلاح میں اجرت سے مراد وہ صلہ ہے جو ایک انسان اپنی دماغی کاوش یا جسمانی محنت کے عوض حاصل کرتا ہے یہ صلہ زر کی صورت میں بھی ہو سکتا ہے اور اشیاء کی صورت میں بھی۔
سوال: زری اجرت سے کیا مراد ہے؟
جواب: زری اجرت سے مراد وہ معاوضہ ہے جو کسی محنت کار کو زر یعنی روپے پیسے کی شکل میں

ملتا ہے۔

سوال: اجرتوں کے تعین کے متعلق دو نظریات پیش کریں؟

جواب: (۱) نظریہ مختتم پیداواری (۲) نظریہ گزر اوقات

سوال: محنت انبیاء کی سنت ہے حدیث کے حوالے سے ثابت کریں؟

جواب: تمام انبیاء علیھم السلام کی یہ سنت رہی ہے:

حضرت نوح علیہ السلام نے اپنے ہاتھوں سے کشتی تیار کی۔ حضرت داؤد علیہ السلام زرہیں بناتے تھے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے لے کر حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سمیت تمام انبیاء علیہ السلام نے بکریاں چرائیں؟

سوال: ارتکاز دولت کے خاتمہ کے لئے دو اقدامات تحریر کریں؟

جواب: (۱) قانونی اقدامات (۲) اختیاری اقدامات

سوال: اجرت کے معاملے میں اسلام نے کیا تعلیم دی ہے؟

جواب: اسلام نے اپنے پیروکاروں کو یہ سبق دیا ہے کہ جب کسی سے کام لو تو اس کی اجرت پہلے طے کر لو۔ اگر اجرت مقرر کئے بغیر کام پر لگا دیا گیا ہو تو پھر جتنی اجرت مزدور طلب کرے اسے ادا کر دی جائے۔ احادیث میں واضح طور پر فرمان نبوی ﷺ ہے کہ "اجیر کو اس کی اجرت طے کیے بغیر کام پر نہ لگایا جائے"۔

سوال: اسلام میں اجیر کو کتنی اجرت مقرر کرنے کا حکم دیتا ہے؟

جواب: اسلام میں اس بات کی وضاحت کر دی گئی ہے۔ مزدور کی اجرت عادلانہ طور پر مقرر کی جائے کہ وہ اتنی ہونی چاہیئے کہ مزدور کی زندگی کی ضروریات پوری ہو سکیں۔

سوال: اسلام میں شراکت کے کاروبار کی کتنی اقسام ہیں ان کے نام لکھئے؟

جواب: شراکت کی دو بڑی قسمیں ہیں۔ (۱) شرکت ملک (۲) شرکت عقد

سوال: شرکت عقد کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: شرکت عقد کی چار اقسام ہیں۔

(۱) شرکت معاوضہ (۲) شرکت عنان (۳) شرکت منافع (۴) شرکت وجوہ۔

سوال: شراکت کے متعلق مسائل لکھئے؟

جواب: شرکت سے پہلے معاہدہ ضبط تحریر میں آ جانا چاہیئے تاکہ کسی اختلاف میں معاہدہ کے مطابق اسے طے کیا جا سکے۔ کسی شریک کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ دوسرے شریک کی اجازت کے بغیر اس کے حصہ کی زکوٰۃ ادا کرنے اور اگر کوئی ایسا کرے گا تو وہ جرمانہ ادا کرنے کا پابند ہو گا اور اس طرح ادا کی گئی زکوٰۃ بھی ادا نہ ہو گی۔

سوال: مضاربت مقیدہ کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: ایسی مضاربت کو کہتے ہیں جس میں راس المال کی طرف سے واضح ہدایت ہو کہ "فلاں کاروبار کرو" یا فلاں شئ پر قبضہ کرو" اس طرح کاروبار کرنے والے کو پابند کر دیا جاتا ہے اگر وہ ایسا نہ کرے تو وہ معاہدہ کی خلاف ورزی شمار ہو گی۔

سوال: مزارعت کی کتنی قسمیں ہیں ان کا فرق بھی بیان کریں؟

جواب: مزارعت کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) مخابرہ (۲) محاقلہ
مخابرہ میں بیج ڈالنے کی ذمہ داری کسان کی ہوتی ہے۔ محاقلہ میں زمین کے معاملات مالک اور کاشت کار میں پہلے طے کر لیے جاتے ہیں۔

سوال: مزارعت کا شرعی جواز کیا ہے؟

جواب: جب خیبر فتح ہوا تو آپ ﷺ نے وہاں کے یہودیوں کو زمین اس شرط پر بانٹ دی تھی کہ وہ پیداوار کا نصف حصہ خود لیں گے اور نصف اسلامی حکومت کو۔ حضرت عمرؓ نے بھی جتنے علاقے فتح کئے ان کی زمینیں فتح کرنے والوں میں بانٹ دی تھیں۔ حضرت حسن بصریؒ بھی اس میں کوئی برائی خیال نہیں کرتے کہ ایک بھائی کی زمین ہو اور دوسرا محنت کرے۔

سوال: مساقات کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس طرح زمین کسی کو دی جائے کہ وہ اسے آباد کر لے اور پیداوار آپس میں تقسیم کر لینے کو مزارعت کہتے ہیں اسی طرح باغات وغیرہ کسی کو اس شرط پر دینا کہ وہ ان کی دیکھ بھال کرے کانٹ چھانٹ کرکے پانی اور پیداوار بمطابق شرائط تقسیم کرے اس طریقہ کو مساقات کہا جاتا ہے۔

سوال: اجارہ داری کسے کہتے ہیں کیا اسلام میں اجارہ داری جائز ہے؟

جواب: اجارہ داری کے معنی ہیں کسی ایک شخص کے پاس جمع ہو جانا اور پھر بازار سے غائب ہو جانا۔ اسلام میں اس قسم کی اجارہ داری کی اجازت نہیں کیونکہ ایسا کرنے سے غریبوں اور ناداروں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

سوال: اسلام میں معاشرے کی بہبود کس طرح کی جاتی ہے؟

جواب: اسلام میں معاشرے کی بہبود کئی طریقوں سے کی جاتی ہے جن میں چند یہ ہیں۔
(۱) زکوٰۃ (۲) عشر (۳) خراج (۴) انفاق فی سبیل اللہ (۵) وراثت

سوال: زکوٰۃ کے حقدار کون لوگ ہیں؟

جواب: (۱) فقیر (۲) مسکین (۳) عاملین (۴) قرض دار (۵) مسافر (۶) مؤلفۃ القلوب (۷) فی الرقاب (۸) فی سبیل اللہ۔

سوال: زکوٰۃ اور ٹیکس میں چار فرق لکھئے؟

جواب: زکوٰۃ

(۱) اسلامی رکن ہے ادائیگی فرض ہے۔

ٹیکس

دنیاوی چیز ہے ادائیگی لازمی ہے۔

(۲) مال میں طہارت' برکت اور بڑھوتری ہوتی ہے۔

بوجھ محسوس ہوتا ہے خوشی سے ادا نہیں کیا جاتا۔ دولت کم ہوتی ہے۔

(۳) اہل ثروت پر فرض ہے اور معاف نہیں ہے۔

حکومت جسے چاہے معاف کردے۔

(۴) بہت سے روحانی فائدے ہیں۔

ایسی کوئی صفت نہیں ہوتی۔

سوال: جب مسلمان زکوٰۃ ادا کر دیتے ہیں ان سے دیگر ٹیکس کیوں وصول کئے جاتے ہیں؟

جواب: اسلامی حکومت حالت جنگ' قحط سالی یا وہ امیموں پر عارضی طور پر ٹیکس لگا کر اکٹھا کر سکتی ہے جونہی حالات ٹھیک ہو جائیں ٹیکس خود بخود ختم ہو جاتا ہے۔

سوال: زکوٰۃ اسلامی عبادات کا پہلا رکن ہے یا دوسرا؟

جواب: تیسرا

سوال: زکوٰۃ کی فرضیت کا حکم کب ہوا؟

جواب: یکم رمضان المبارک 2 ہجری کو۔

سوال: زکوٰۃ کا مکمل نظام کب قائم ہو سکا؟

جواب: فتح مکہ کے بعد 8 ہجری کو۔

سوال: زکوٰۃ کے احکام کس سورۃ میں تفصیل سے ملتے ہیں؟

جواب: سورۃ توبہ میں

سوال: زکوٰۃ کن پر فرض ہے؟

جواب: ہر بالغ' عاقل' صاحب نصاب مرد اور زن پر۔

سوال: حضور ﷺ نے زکوٰۃ کو کیا قرار دیا تھا؟

جواب: اسلام کا خزانہ

سوال: زکوٰۃ کن چیزوں پر دینی ضروری ہے؟

جواب: زمین' جانور' سونا چاندی یا ان کے سکے۔ تجارتی مال۔

سوال: سرمائے کی حد کتنی مقرر کی ہے؟

جواب: [illegible]

سوال: قرآن پاک میں زکوٰۃ کا ذکر کتنی مرتبہ آیا ہے؟
جواب: 32 مرتبہ۔
سوال: ان خلیفہ المسلمین کا نام بتایئے جنہوں نے منکرین زکوٰۃ کے ساتھ قتال کیا؟
جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ
سوال: زکوٰۃ کی اہمیت میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب: سورۃ البقرہ میں ارشاد ربانی ہے؟

یٰٓاَیُّھا الذین امنوا انفقوامن طیبات ما کسبتم وَمِمَّا اخرجنا لکم من الارض۔ (۲:۲۶۷)

ترجمہ: "اے لوگو جو ایمان لائے ہو جو کچھ تم (محنت مزدوری یا تجارت سے) کمایا ہے اور جو کچھ ہم نے تمہارے لئے زمین سے نکالا ہے اس میں سے عمدہ چیزیں (خدا کی راہ میں) خرچ کرو۔"

سوال: صدقات کی اہمیت میں ایک قرآنی آیت پیش کریں؟
جواب: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

من ذالذی یقرض اللّٰہ قرضا حسنا فیضعفه له اضعافا کثیرۃ واللّٰہ یقبض ویبسط والیه ترجعُوْن۔ (۲:۲۴۵)

ترجمہ: "تم میں سے کون ہے جو اللہ کو قرض حسن دے تاکہ اللہ اسے کئی گنا بڑھا چڑھا کر واپس کرے۔ گھٹانا بھی اللہ کے اختیار میں ہے اور بڑھانا بھی اور اسی کی طرف تمہیں پلٹ کر جانا ہے۔"

سوال: مال غنیمت اور مال فے میں فرق بیان کریں؟
جواب: مال غنیمت جنگ سے حاصل ہوتا ہے جبکہ فے مال جنگ کے بغیر حاصل ہوتا ہے۔
سوال: بیت المال کے اہم ذرائع بیان کریں؟
جواب: مال غنیمت' مال فے۔ زکوٰۃ
سوال: گردش زر کے لئے اسلام کے دو قانونی اقدامات لکھئے؟
جواب: (۱) صدقات (۲) نفلہ (۳) وقف
سوال: تامین سے کیا مراد ہے؟
جواب: بیمہ کو عربی میں تامین کہتے ہیں۔
سوال: انسانی حقوق کے متعلق حضرت عمرؓ کا بہترین قول کون سا ہے؟
جواب: حضرت عمرؓ کا قول ہے:

"لوگوں کو ان کی ماؤں نے آزاد جنا ہے تم نے کب سے ان کو غلام بنانا شروع کر

دیا۔"

سوال: بیت المال کے متعلق حضرت عمرؓ کا کیا نظریہ تھا؟
جواب: میرا بیت المال سے وہی تعلق ہے جو یتیم کے مال سے ولی کا ہوتا ہے۔
سوال: معیشت کا اور اخلاق کا باہمی تعلق کیا ہے؟
جواب: اخلاق فاضلہ معاشی خوشحالی کا فیاض ہے۔
سوال: مشیت الٰہی معاشی بدحالی کو جنم دیتی ہے؟ قرآن اور سنت سے ثابت کریں؟
جواب: وہ لوگ جو تیری یاد سے منہ پھیرتے ہیں۔ ہم معاشی زندگی ان پر تنگ کردیں گے۔
سوال: تسعیر کا معانی کیا ہے؟
جواب: مہنگائی کے خلاف سرکاری طور پر قیمتوں کا تقرر کرنا۔
سوال: مزدوروں کے دو بنیادی حقوق بیان کریں؟
جواب: (۱) خیر خواہی سے کام کرنا (۲) امانت اور عہد کا لحاظ کرنا
سوال: وجوبیت زکوٰۃ کی بنیادی شرائط لکھیں؟
جواب: (۱) مسلمان (۲) صاحب نصاب (۳) مقروض نہ ہو (۴) سال گذر جائے (۵) عاقل ہونا (۶) ضروریات سے مال زیادہ نہ ہو۔
سوال: زکوٰۃ کے دو اہم معاشی فوائد بیان کریں؟
جواب: (۱) غربت کا خاتمہ (۲) ارتکاز دولت کا خاتمہ
سوال: زکوٰۃ کے روحانی فوائد بیان کریں؟
جواب: (۱) رضائے الٰہی کا حصول (۲) تزکیہ نفس
سوال: بیمہ کے دو بنیادی غیر اسلامی امور بیان کریں؟
جواب: ربوٰا اور جوا
سوال: اسلامی بنیادوں کی قدریں تحریر کریں؟
جواب: (۱) احسان (۲) ایثار
سوال: مصارف ثمانیہ سے کیا مراد ہے؟
جواب: زکوٰۃ کے آٹھ مصارف ہیں۔
سوال: ربوٰا کا مادہ کیا ہے؟
جواب: اس کا مادہ ر' ب' و ہے۔
سوال: عشر اور خمس کی زمینوں کا فرق بیان کریں؟
جواب: بارانی زمین سے عشر اور نہری زمین سے خمس لیا جاتا ہے۔
سوال: عشر اور خمس کا فرق بیان کریں؟

جواب: عشر پیداوار کا دسواں حصہ ہے اور خمس پانچواں ہے۔

سوال: زکوٰۃ اور عشر کتنی مقدار میں وصول کیا جاتا ہے؟

جواب: زکوٰۃ کی شرح چالیسواں حصہ یعنی سال بھر کی بچت پر صرف اڑھائی فیصد مقرر ہے عشر کی دو شرحیں ہیں۔ بارانی زمین سے پیداوار کا دسواں حصہ اور جس زمین کی آبپاشی دیگر طریقوں سے یعنی ٹیوب ویل' نہروں' تالابوں اور کنوؤں سے کی جائے اس کی پیداوار کا بیسواں حصہ مقرر ہے اس میں کمی بیشی نہیں۔

سوال: عشر کے فائدہ لکھئے؟

جواب: عشر ایک زکوٰۃ جیسا زرعی محصول ہے اس کی وصولی حکومت کرتی ہے اور ان لوگوں پر خرچ کرتی ہے جن پر زکوٰۃ خرچ کی جاتی ہے اگر اس کی وصولی اور خرچ صحیح طریقے پر کی جائے تو پورے ملک سے غربت اور افلاس کا خاتمہ ہو سکتا ہے۔

سوال: سچے مومن کی نشانیاں قرآن پاک میں کیا بیان کی گئی ہیں؟

جواب: سورۃ انفال میں ارشاد کیا گیا ہے:

"اور نماز کی پابندی رکھتے ہیں جو کچھ ہم نے ان کو دے رکھا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں یہی لوگ تو سچے مومن ہیں"

سوال: انفاق کے مقاصد کیا ہیں؟

جواب: انفاق فی سبیل اللہ کے تین بڑے مقاصد یہ ہیں:

(۱) انسانی نفس کی اصلاح ہوتی ہے (۲) صدقہ خیرات دینے والے کے دل میں اللہ پاک کا شکر ادا کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے (۳) غرباء و مساکین کی امداد کر کے انھیں معاشرے میں ان کا مقام دلایا جاتا ہے۔

سوال: وصیت کتنے ترکہ کی کرنا جائز شمار ہوتی ہے؟

جواب: وصیت صرف ایک تہائی ترکہ کی کرنا جائز ہے اگر زیادہ کی ہو گی تو اس پر عمل نہ ہو گا۔

سوال: علم الفرائض کسے کہتے ہیں؟

جواب: وراثت کے علم کو علم الفرائض کہتے ہیں۔

سوال: وراثت کے علم کو علم فرائض کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: اس علم میں جو طریقے بیان کیے گئے ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ ہیں ان میں کسی قسم کا ردوبدل نہیں کیا جا سکتا اسی لئے اس کو علم الفرائض کہتے ہیں۔

سوال: وراثت میں کون لوگ حصہ دار ہوتے ہیں؟

جواب: وارث کے حقدار تین قسم کے رشتہ دار ہوتے ہیں۔ (۱) ذوی الفروض (۲) عصبات (۳) ذوالارحام

سوال: تقسیم وراثت کس طرح کی جاتی ہے؟

جواب: مرحوم کا ترکہ تقسیم کرنے سے پہلے میت کی تجہیز و تکفین' قرضہ اور وصیت کے اخراجات ادا کئے جائیں گے۔ جو باقی بچے اس میں سے لڑکی کو ایک حصہ اور لڑکے کو دو حصے دیئے جائیں اور بیوہ کو آٹھواں حصہ پہلے ہی دیا جائے گا اگر میت کے والدین زندہ ہوں تو ترکہ میں سے چھٹا حصہ ان کو دیا جائے گا۔ بیوی فوت ہو جائے۔ اولاد نہ ہو تو شوہر کو نصف حصہ ملے گا۔ اور اس کے برعکس اگر خاوند مرجائے اولاد نہ ہو تو بیوہ کو ایک چوتھا حصہ ملے گا۔

سوال: مذاہب فقہ کے آئمہ نے زمین کی کتنی اقسام بیان کی ہیں؟

جواب: تمام مذاہب فقہ نے زمین کی چھ اقسام بیان کی ہیں۔ (۱) اراضی حترو کہ (۲) اراضی موقوفہ (۳) اراضی متروکہ (۴) اراضی مملکت (۵) اراضی اموات (۶) اراضی الحوز۔

سوال: اراضی اموات اور اراضی الحوز کی تعریف کریں؟

جواب: اراضی اموات ایسی زمین کو کہا جاتا ہے جو غیر آباد اور بنجر ہو اور کسی کی ملکیت نہ ہو۔ اراضی الحوز' وہ زمین ہوتی ہے جو کسی کی ملکیت تو ہو لیکن مالک اسے آباد نہ کر سکے اور اپنی مرضی سے حکومت کے حوالے اس لئے کر دے کہ وہ اسے آباد کر کے اپنا خرچ وصول کرنے کا بندوبست کرے۔

سوال: سود کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب: وہ رقم جو ادھار پر دیتے ہوئے روپے کے بدلے میں مقررہ وقفوں کے بعد ادا کی جائے۔

سوال: عربی میں سود کو کیا نام دیا گیا ہے؟

جواب: ربوا

سوال: سورۃ البقرہ کی آیت 275 میں کیا حکم ہے؟

جواب: ترجمہ: اور اللہ نے بیع کو حلال قرار دیا اور سود کو حرام۔

سوال: سود کے بارے میں حضور ﷺ کا فرمان کیا ہے؟

جواب: حضرت عبداللہؓ بن مسعود سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے لعنت بھیجی ہے سود کھانے والے پر' سود کھلانے والے پر اور ان کے دونوں گواہوں پر اور سود لکھنے والوں پر۔ (بخاری اور مسلم)

سوال: قرآن حکیم میں سودی کاروبار کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟

جواب: اللہ اور اس کے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جنگ قرار دیا ہے۔ (سورۃ البقرہ 279)

سوال: سود کس سن ہجری میں حرام قرار پایا؟

سوال: سورۃ الروم میں اللہ تعالیٰ نے سود کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟
جواب: "اور جو سود تم نے دیا ہے تاکہ لوگوں کے اموال بڑھیں تو اللہ کے نزدیک اس سے مال نہیں بڑھتا۔ (آیت 39) سورۃ البقرہ۔
سوال: کیا کسی حالت میں سود کے ذریعے روزی کمانے کی اسلام اجازت دیتا ہے؟
جواب: جی نہیں۔
سوال: سود کے حرام قرار دیئے جانے کے سلسلے میں ہجرت مدینہ کے بعد کونسا دوسرا حکم نازل ہوا؟
جواب: "اے ایمان والو! سود کئی کئی حصہ بڑھا کر نہ کھاؤ اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ (سورۃ آل عمران آیت نمبر 130)
سوال: سود کی کتنی قسمیں ہیں؟
جواب: سود کی دو اقسام ہیں۔ (۱) ربا الفضل (۲) ربا النیئۃ
سوال: اسلام نے سود کی مذمت کیوں کی ہے؟
جواب: اسلام نے سود کی مذمت اس لئے کی ہے کہ اس سے انسانوں کو نقصانات پہنچتے ہیں اس انسان کو ایک بیماری لاحق ہو جاتی ہے جسے خبط کہتے ہیں۔ یہ ایک نفسیاتی بیماری ہے جو انسان کے ذہن کو ہمہ وقت ایک ہی سوچ میں غرق رکھتی ہے اور وہ دنیا کے تمام کام بھول جاتا ہے۔ یعنی سود خور کو ہر وقت "دولت" کی سوچ رہتی ہے۔ وہ دین اور دنیا سب بھول جاتا ہے۔ اسے اپنے بھلے برے' اولاد' رشتہ دار سب بھول جاتے ہیں۔ اسی لئے تو سورۃ البقرہ میں فرمان خدا ہے کہ اللہ سود کو مٹاتا اور صدقات کو بڑھاتا ہے اللہ کسی کفر کرنے والے گنہگار کو دوست نہیں رکھتا۔
سوال: سود کے نقصانات بیان کریں؟ کوئی سے پانچ۔
جواب: سود سے متعلق کام کرنے والے چاروں فریق سود دینے والا' سود لینے والا' سود لکھنے والا اور گواہ چاروں گنہگار ہیں اس کے علاوہ سود کے نقصانات یہ ہیں۔ (۱) انسان کا اخلاق تباہ ہوتا ہے (۲) کام چوری کی عادت پڑ جاتی ہے (۳) معاشرہ تباہ ہو جاتا ہے (۴) اسلام کے نظام معیشت کی مخالفت ہوتی ہے (۵) ایک دوسرے سے تعاون ختم ہو جاتا ہے (۶) مقروض کالل الوجود ہو جاتا ہے۔
سوال: سود سے کیا مراد ہے؟
جواب: سود سے مراد وہ زیادتی ہے جو سرمایہ دار اپنے مقروض کو قرض کی ادائیگی کی مہلت دے کر حاصل کرتا ہے۔
سوال: سود اور تجارت کے دو اہم بنیادی فرق بیان کریں؟
جواب: تجارت حلال ہے اور سود حرام ہے تجارت میں محنت اور عمل کا دخل ہے۔ سود میں محنت

کا دخل نہیں۔

سوال: بنک سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایک ایسا منظم ادارہ ہے جو عام لوگوں سے ان کی فالتو رقوم لے کر اپنے پاس بطور امانت رکھتا ہے اور پھر ان میں سے ضرورت مند لوگوں کو پیداواری یا غیر پیداواری مقاصد کے لئے قرضہ مہیا کرتا ہے۔

سوال: بینکاری انسان کو کون کونسے فائدے اور سہولتیں پہنچاتی ہے؟

جواب: بینک کاری انسانوں کو جو سہولتیں مہیا کرتی ہے وہ اس طرح ہیں۔ (۱) رقوم کا تبادلہ ادائیگی کا انتظام (۲) قیمتی زیورات' قیمتی کاغذات اور امانتوں کی حفاظت (۳) قرضوں کی سہولت (۴) ممالک غیر سے روپیہ کی وصولی' ادائیگی (۵) سفر میں سفری چیک کی سہولت (۶) سرمایہ داری۔

سوال: ایک شخص بنک میں کتنی قسم کے اکاؤنٹ رکھ سکتا ہے؟

جواب: ایک انسان بنک میں تین قسم کے اکاؤنٹ رکھ سکتا ہے۔

(۱) کرنٹ اکاؤنٹ (۲) سیونگ اکاؤنٹ (۳) فکسڈ اکاؤنٹ

سوال: کرنٹ اکاؤنٹ کسے کہتے ہیں؟

جواب: یہ ایک ایسا اکاؤنٹ ہوتا ہے جس میں آپ جب چاہیں جتنا پیسا' روپیہ جمع کروائیں اور جب چاہیں جتنا روپیہ نکلوا لیں۔ اس اکاؤنٹ کے رکھنے والے کو بنک کسی قسم کا منافع (سود) ادا نہیں کرتا۔

سوال: بنک قرضہ کن شرائط پر مہیا کرتا ہے؟

جواب: بنک کسی بھی شخص یا کاروباری ادارے کو جائیداد مہیا کرنے پر اور اسے بطور رہن رکھ کر قرضہ مہیا کرتا ہے۔ اور اس قرضہ پر مقررہ شرح سے نفع (سود) بھی وصول کرتا ہے اس کے علاوہ زمین' مکان' سونا وغیرہ بھی رہن رکھ کر قرضہ حاصل کر سکتے ہیں۔

سوال: سٹیٹ بنک کب قائم ہوا؟

جواب: 11 اگست 1948 کو قائم ہوا۔

سوال: نیشنل کریڈٹ کونسل کب قائم ہوا؟

جواب: مئی 1972 میں قائم ہوا۔

سوال: پاکستان میں بینکنگ کا نظام کب قائم ہوا؟

جواب: جولائی 1968ء میں قائم ہوا۔

سوال: اسلامی بینکاری نظام کب وجود میں آیا؟

جواب: 10 فروری 1979 کو۔

سوال: قومی صنعتی ترقی کا معاون ادارہ کب قائم ہوا؟

جواب: 1963ء میں

سوال: انوسٹمنٹ بیورو کب قائم ہوا؟

جواب: 1966ء میں

سوال: غیر سودی لین دین کب شروع ہوا؟

جواب: 1978ء میں۔

سوال: نظریہ تقسیم دولت سے کیا مراد ہے؟

جواب: عاملین پیدائش یعنی زمین' محنت' سرمایہ اور تنظیم کے باہمی عمل سے مختلف اشیاء تیار ہوتی ہے چنانچہ اس حصے میں ہر عامل پیدائش کے معاوضے کا تعین زیر بحث آتا ہے۔ مثلاً زمین' لگان' محنت کی اجرت' سرمایے کا سود اور آجر کا منافع۔

سوال: وراثت کی اہمیت کوئی سے پانچ نکات واضح کریں؟

جواب: (۱) جاگیرداری کا سدباب (۲) مساوی تقسیم دولت (۳) باہمی الفت (۴) پیداوار میں اضافہ (۵) روزگار کا ذریعہ

سوال: تجارت سے کیا مراد ہے؟

جواب: فقہائے اُمت فرماتے ہیں۔ "تجارت اس دنیا میں معاشی اعمال میں سے سب سے بڑا وسیلہ ہے۔ اور تمدن و حضارت کے اسباب میں سے سب سے بڑا سبب"۔

سوال: تجارت کی اہمیت میں ایک قرآنی آیت پیش کریں؟

جواب: سورۃ نساء کی آیت نمبر5 میں ارشاد ربانی ہے:

"اپنے اموال کو آپس میں باطل کی راہ سے نہ کھاؤ بلکہ باہمی رضا کے ساتھ تجارت کی راہ سے نفع حاصل کرو۔"

سوال: تجارت کی اہمیت میں حضور ﷺ نے کیا فرمایا ہے؟

جواب: رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: سچے امانت دار تاجر کا درجہ اتنا بلند ہے کہ انبیاء صدیقوں اور شہیدوں کے زمرہ میں شمار ہوگا۔

سوال: تجارت کی ترقی' کامیابی میں اس مادی ترقی کے دور میں کونسی دو چیزوں کو بہت دخل ہے؟

جواب: مادی ترقی کے اس دور میں تجارت کی ترقی و کامیابی میں دو چیزوں کا بہت دخل ہے۔

(۱) شرح تبادلہ (۲) محصولات درآمد و برآمد

سوال: تجارت میں امداد باہمی کے کوئی سے چار طریقے لکھئے؟

جواب: (۱) مضاربت (۲) معاوضہ (۳) عنان (۴) وجوہ

سوال: انشورنس سے کیا مراد ہے؟

جواب: انشورنس سے مراد ایک ایسا معاہدہ ہوتا ہے جس میں فرد دوسرے فرد کو ایک معینہ رقم کی ادائیگی کے بدلہ میں کسی خاص واقعہ کے ہونے کی صورت میں کچھ رقم ادا کرتا ہے۔

سوال: پاکستان انشورنس کارپوریشن کب قائم ہوئی؟

جواب: جنوری 1953ء میں قائم ہوئی۔

سوال: پاکستان انڈسٹریل کوآپریشن کب قائم ہوا؟

جواب: 1957ء میں قائم ہوا۔

سوال: دین اور قرض میں کیا فرق ہے؟

جواب: قرض وہ مال ہے جو ادھار دیا جائے دین کی صورت متضاد ہے۔

سوال: عاریہ اور ہبہ میں کیا فرق ہے؟

جواب: عاریہ قابل واپسی جب کہ ہبہ ناقابل واپسی ہے۔

سوال: احیا اموات سے کیا مراد ہے؟

جواب: بے کار زمین کو قابل کاشت بنانا۔

سوال: العفو سے کیا مراد ہے؟

جواب: ضرورت سے زیادہ اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنا۔

سوال: صید البحر کسے کہتے ہیں؟

جواب: سمندر کا شکاری اس پر 1/5 فیس ادا کرتا ہو گا۔

سوال: اسلامی قانون وراثت کی دو اہم خصوصیات لکھیے؟

جواب: (۱) قوانین کا حصہ مقرر کرنا (۲) صغیر و کبیر کا فرق ختم کرنا

سوال: بیمہ کا کاروبار کیا ہوتا ہے؟

جواب: بیمہ کو انگریزی میں انشورنس' عربی میں نامی کہتے ہیں۔ جس کے معنی ہیں "یقین دہانی" اسی کو بیمہ کہتے ہیں۔ بیمہ کی تعریف یہ ہے "بیمہ فریقین کے درمیان ایک معاہدے کا نام ہے جس میں ایک فریق بیمہ کمپنی اور دوسرا فریق بیمہ کروانے والے" کے نامعلوم نقصان کے واقع ہونے پر ایک مقررہ رقم ادا کرنے کا ذمہ لیتا ہے اور اس کے بدلے دوسرا فریق ایک مقررہ رقم بطور قسط' بیمہ کی شکل میں اس وقت تک ادا کرنے کا عہد کرتا ہے جب تک کہ وہ نامعلوم نقصان واقع نہ ہو جائے۔

سوال: بیمہ کا کاروبار کب سے شروع ہوا تھا؟

جواب: بیمہ کا کاروبار اٹلی کے تاجروں نے 1400ء میں کیا تھا۔

سوال: بیمے کے کاروبار کی کتنی اقسام ہوتی ہے؟

جواب: ویسے تو بیمہ کی بہت زیادہ اقسام ہیں لیکن ان میں سے اختیار اقسام کا حوالہ زیادہ لیا جا

ہے ان میں چند کے نام یہ ہیں۔ (۱) زندگی کا بیمہ (۲) عمارت' جہاز' کارخانہ کا بیمہ (۳) اعضاء جسمانی کا بیمہ (۴) بچوں کی تعلیم' شادی کی ذمہ داریوں کا بیمہ (۵) قیمتی دستاویزات اور اسناد کا بیمہ۔

سوال: انتقال زر کی شرائط میں ایک شرط "ہبہ" کی بھی ہے۔ کس قسم کا "ہبہ" جائز شمار کیا جاتا ہے

جواب: ایسا "ہبہ" جائز ہے جو مال کا مالک حدود و قیود میں رہ کر کرے اگر حکومت بھی کسی کو عطیہ دے تو وہ بھی اس صورت میں جائز ہے جب وہ کسی شخص کو مخصوص خدمت کے صلے میں دیا جائے اور وہ مخصوص خدمت بھی معاشرے اور ریاست کے مفاد میں ہو ایسا عطیہ بھی صرف وہ حکومت دے سکتی ہے جو شرعی طریقے کے مطابق شوریٰ کے مشوروں سے چل رہی ہو اور اس سے جواب طلبی کا حق معاشرے کے ہر فرد کو حاصل ہو۔

سوال: اسلامی ریاست کے سربراہ کی تین ذمہ داریوں پر روشنی ڈالیں؟

جواب: اسلامی ریاست کا سربراہ اس بات کی خبر گیری کے لئے ایک ایسا ادارہ قائم کرتا ہے جو اشیاء ضروریہ کے متعلق ہر وقت باخبر رہتا ہے اس ادارہ کا سربراہ محتسب کہلاتا ہے جس کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ:

(۱) روزمرہ ضرورت کی چیزوں کے نرخوں پر کڑی نظر رکھے۔

(۲) دھوکہ' بددیانتی اور ملاوٹ کرنے کا سدباب کرے۔

(۳) قرض لینے والوں کا ادائیگی میں تاخیر یا بے اعتنائی کرنے کی صورت میں محاسبہ کرے۔

سوال: فوت ہو جانے والے کے قرض کی ادائیگی کی ذمہ داری کس پر فرض ہے؟

جواب: اسلام میں حکم ہے کہ اگر کوئی مسلمان ایسی حالت میں فوت ہو جائے جو مقروض ہو تو اس کے ورثاء کا حق ہے کہ وہ قرض کی ادائیگی کا انتظام کریں اور اگر اس کا کوئی وارث بھی نہ ہو تو اور اس کا کوئی ترکہ بھی نہ ہو تو اسلامی حکومت کا فرض ہے کہ اس کے قرض کی ادائیگی کے فرض کو پورا کرے۔

سوال: اسلامی حکومت کے چار فرض بیان کریں؟

جواب: اسلامی ریاست کی ذمہ داریاں یہ ہیں:

(۱) رعایا کے جان مال کی حفاظت

(۲) ذاتی ملکیت کی نگرانی

(۳) نیکی کا حکم اور برائی سے روکنا

(۴) امن و امان قائم رکھنا

(۵) عوام کی صحت کا خیال رکھنا

سوال: اسلام کا نظام خدائی نظام ہے۔ مسلمان کن احکام کی پیروی کریں کہ اللہ تعالیٰ ہر قسم کا ذمہ اپنے اوپر لے لے؟

جواب: جب مسلمان اللہ پاک کے احکام کی پیروی صدق دل سے کرنے لگ جائیں گے تو اللہ پاک ہر طرح سے ان کی حفاظت اپنے ذمہ لے لے گا۔ احکام یہ ہیں۔ (۱) زکوٰۃ کی فرضیت (۲) سود کی ممانعت (۳) اعلیٰ اخلاق کا مظاہرہ (۴) عاقبت کا خوف (۵) انسانیت کا احترام (۶) جائز اور ناجائز میں تمیز (۷) خیرات و صدقات کا اجراء (۸) مسلمہ قوانین کی پابندی (۹) ہمہ گیر بہبود کا احساس۔

سوال: لگان سے کیا مراد ہے؟

جواب: اراضی کے استعمال پر جو معاوضہ ادا کیا جاتا ہے۔ عموماً اسے لگان کہتے ہیں۔ یہ ایک وسیع اصطلاح ہے اس کا اطلاق کانوں، چراگاہوں اور آبپاشی کے حقوق وغیرہ کی صورت میں بھی ہوتا ہے اسلام میں لگان کے معنی میں خراج، زمین اور عشر زراعت سے لیا جاتا ہے۔

(ماوردی احکام السلطانیہ)

سوال: لگان کے متعلق قرآن پاک میں کیا ارشاد باری تعالیٰ ہے؟

جواب: "قرآن پاک میں ایک جگہ زرعی پیداوار کا لگان دینے کا حکم ہے جب پھل پک جائیں تو انہیں کھاؤ اور فصل کٹنے کے دن اس کا حق ادا کرو۔ (پ 8 الانعام 6 ع 17)

سوال : معاشیات کا نفس مضمون کن تین الفاظ میں پوشیدہ ہے؟
جواب : احتیاجات' معاشی جدوجہد' تشفی۔
سوال : دورِ حاضر میں ماہرین معاشیات کو کتنے حصوں میں تقسیم کرتے ہیں؟
جواب : دو حصوں میں۔
سوال : ماہرین نے معاشیات کو کونسے دو حصوں میں تقسیم کیا ہے؟
جواب : معاشیات صغیر اور معاشیات کبیر۔
سوال : معاشیات صغیر کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب : نظریۂ قیمت یا نظریۂ قدر۔
سوال : نظریۂ قیمت کا مخصوص شعبہ کیا کہلاتا ہے؟
جواب : نظریۂ تقسیم۔
سوال : معاشیات کبیر کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب : نظریہ آمدنی' نظریہ روزگار یا اجتماعی معاشیات۔
سوال : وسعت کے لغوی معنی کیا ہیں؟
جواب : گنجائش' پھیلاؤ یا طول و عرض۔
سوال : کن لوگوں کا مطالعہ معاشیات کے دائرے سے خارج ہے؟
جواب : تارک الدنیا صوفی منش لوگوں کا۔
سوال : معاشی مسائل کو کن دو اقسام میں تقسیم کیا جاتا ہے؟
جواب :

1. انفرادی معاشی مسائل
2. اجتماعی معاشی مسائل

سوال : فن سے کیا مراد ہے؟
جواب : "فن سے مراد وہ انسانی جدوجہد ہے' جو حقائق کے غیر جانبدارانہ مطالعہ سے ترتیب شدہ معلومات کے ذخیرے کو فلاح انسانی کیلئے استعمال کرنے کے لئے کی جائے"۔
سوال : معاشی مطالعہ کی اہمیت و افادیت کے متعلق ڈرسن نے کیا کہا تھا؟
جواب : "معاشیات دور جدید میں ذہین لوگوں کا مذہب ہے"۔
سوال : معاشی نظام کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟
جواب : تین قسم کے۔
سوال : سرمایہ دارانہ نظام میں کونسی خوبیاں پائی جاتی ہیں؟
جواب :

1. مختلف النوع معیاری اشیاء کی وافر رسد

۲- اہلیت کے مطابق حصول
۳- وسائل کی صحیح تقسیم
۴- صحیح اقتصادی فیصلے
۵- جمہوری فروغ یا لچک پروری

سوال: ہیگل نے اپنے نظریے کی بنیاد کس اصول پر رکھی تھی؟
جواب: "اس معاشرے میں وہی زندہ رہتا ہے۔ جو زندہ رہنے کا استحقاق رکھتا ہو"۔

سوال: سرمایہ دارانہ نظام معیشت میں کونسے نقائص پائے جاتے ہیں؟
جواب:

۱- وسائل کا ضیاع
۲- صارفین کا استحصال
۳- بے روزگاری
۴- احساس عدم تحفظ
۵- انسان اور جائیداد
۶- عدم مساوات
۷- تضادات کا مجموعہ

سوال: اشتراکی نظام معیشت کو اور کن ناموں سے موسوم کیا جاتا ہے؟
جواب: کیمونزم' سوشلزم وغیرہ کے ناموں سے۔

سوال: اشتراکی نظام کس نظام کو ختم کرنے کے لئے وجود میں آیا؟
جواب: سرمایہ دارانہ نظام کو۔

سوال: اشتراکیت کے نظریے کو سب سے پہلے کب اور کس نے پیش کیا تھا؟
جواب: کارل مارکس نے ۱۸۶۷ء میں۔

سوال: بانئے اشتراکیت کسے کہا جاتا ہے؟
جواب: کارل مارکس کو۔

سوال: نظریہ قدر زائد کس نے پیش کیا تھا؟
جواب: کارل مارکس نے۔

سوال: کولیکٹوزم کسے کہتے ہیں؟
جواب: ریاستی اشتراکیت کو۔

سوال: ریاستی اشتراکیت کی بنیادی خصوصیات کونسی ہیں؟
جواب:

۱- پیداواری ذرائع پر ریاست کی ملکیت

۲۔ قومی آمدنی کی تقسیم
۳۔ معاشی منصوبہ بندی
۴۔ معاشی نظام کا پرامن اور جمہوری ارتقاء

سوال : فیبائنزم کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب : ادبی اشتراکیت۔

سوال : اشتراکی نظام معیشت کی کوئی سی چار خوبیاں بیان کریں؟
جواب :
۱۔ مجموعی فلاح
۲۔ مساوی مواقع
۳۔ معاشی استحکام
۴۔ جائز ضروریات پر صرف

سوال : اشتراکی نظام معیشت میں کون کون سی خامیاں پائی جاتی ہیں؟
جواب :
۱۔ آفسر شاہی
۲۔ ناکافی سرمایہ کاری
۳۔ میکانیت کا فقدان
۴۔ صارف کی غلامی
۵۔ ایک وسیع جیل
۶۔ محض ایک خواب

سوال : امریکہ اور برطانیہ میں کونسا نظام رائج ہے؟
جواب : سرمایہ دارانہ نظام۔

سوال : مخلوط معاشی نظام کی بنیادی خصوصیات کونسی ہیں؟
جواب :
۱۔ ملکیت کا تصور
۲۔ پیشے کا تصور
۳۔ اجرت کا تصور
۴۔ معاشی حیثیت کا تصور
۵۔ معاشی منصوبہ بندی
۶۔ قیمتوں کا تصور

سوال : اسلام کے معاشی نظام سے کیا مراد ہے؟

جواب : "اخلاقی اور قانونی ضابطے ہیں۔ جن کی بدولت صرف دولت اور تقسیم دولت کی سرگرمیوں کو بروئے کار لایا جاتا ہے۔ یہ ضابطے انسان کے لئے اس کے خالق حقیقی نے بنائے ہیں۔ ان ضابطوں پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا"۔

سوال : اسلامی نظام معیشت کی خصوصیات بیان کریں؟

جواب : کارل مارکس ۵ مئی ۱۸۱۸ء میں جرمنی میں

۱۔ رضائے الٰہی کا حصول
۲۔ بنیادی ضروریات کی فراہمی
۳۔ خود کفالت
۴۔ ارتکازِ دولت کی ممانعت
۵۔ معاشرتی فلاح و بہبود
۶۔ زکوٰۃ
۷۔ قانون وراثت
۸۔ میانہ روی
۹۔ سود کی ممانعت
۱۰۔ نجی ملکیت کا حق

سوال : دنیا کتنے بلاکوں میں تقسیم ہے؟

جواب : دو بلاکوں میں۔

سوال : کیا اسلامی معاشی نظام میں سودی کاروبار کی اجازت ہے؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : آدم سمتھ کب اور کہاں پیدا ہوا؟

جواب : ۵ جون ۱۷۲۳ء میں کرک کیلڈی خائف اسکاٹ لینڈ۔

سوال : آدم سمتھ نے فلسفہ کی تعلیم کس یونیورسٹی سے حاصل کی؟

جواب : گلاسگو یونیورسٹی سے۔

سوال : آدم سمتھ نے گلاسگو یونیورسٹی میں داخلہ کب لیا تھا؟ 17 سال کی عمر میں

جواب : ۱۷۳۷ء میں۔

سوال : آدم سمتھ نے بیلی کالج آکسفورڈ میں داخلہ کب لیا تھا؟

جواب : ۱۷۳۹ء میں۔

سوال : آدم سمتھ نے عوام میں تقاریر کا سلسلہ کب اور کہاں سے شروع کیا تھا؟

جواب : ۱۷۴۸ء ایڈن برگ میں

سوال : [illegible] ہیوم سے آدم سمتھ کی ملاقات [illegible] ہوئی تھی؟

جواب : ۱۷۵۰ء میں۔
سوال : آدم اسمتھ منطق کا پروفیسر کب اور کس یونیورسٹی میں مقرر ہوا تھا؟
جواب : ۱۷۵۱ء گلاسگو یونیورسٹی میں۔
سوال : آدم اسمتھ کی پہلی کتاب کا کیا نام تھا؟
جواب : "تھیوری آف مورل اسینٹیمنٹس"۔ اخلاقی احساسات کا نظریہ
سوال : آدم اسمتھ کی پہلی تصنیف کب شائع ہوئی تھی؟
جواب : ۱۷۵۹ء میں۔
سوال : کتاب "ویلتھ آف نیشنز" کس نے تحریر کی تھی؟
جواب : آدم اسمتھ نے۔
سوال : کتاب "ویلتھ آف نیشنز" کب شائع ہوئی؟
جواب : ۱۷۷۶ء میں۔
سوال : آدم سمتھ نے "ویلتھ آف نیشنز" کو کب لکھنا شروع کیا تھا؟
جواب : ۱۷۶۴ء میں۔
سوال : آدم اسمتھ کسٹمز کا کمشنر کب اور کہاں مقرر ہوا تھا؟
جواب : ۱۷۷۸ء اسکاٹ لینڈ میں۔
سوال : آدم اسمتھ کا انتقال کب ہوا؟
جواب : ۱۷ جولائی ۱۷۹۰ء میں۔
سوال : کیا آدم اسمتھ نے سود کو جائز قرار دیا ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : کس نے معاشیات کو دولت کا علم قرار دیا ہے؟
جواب : آدم اسمتھ نے۔
سوال : آدم اسمتھ نے اپنی کتاب ویلتھ آف نیشنز کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا تھا؟
جواب : چار حصوں میں۔
سوال : ان چار حصوں کے کیا نام تھے؟
جواب :

۱۔ صرف دولت
۲۔ پیدائش دولت
۳۔ تبادلہ دولت
۴۔ تقسیم دولت

سوال : آدم اسمتھ کے نزدیک دولت بڑھانے کے کونسے دو طریقے ہیں؟

جواب : (۱) تقسیم کار (۲) مشینوں کا صحیح استعمال۔

سوال : آدم اسمتھ کی رائے کے مطابق عاملین پیدائش میں دولت کی تقسیم بذریعہ زر کونسے تین طریقوں کے مطابق ہونی چاہیے؟

جواب :
۱۔ اجرتیں دے کر
۲۔ نفع کما کر
۳۔ لگان دے کر

سوال : آدم اسمتھ کی رائے کے مطابق کس طبقے کے بچوں کی شرح ولادت اور شرح اموات زیادہ ہوتی ہیں؟

جواب : مفلس طبقے کے۔

سوال : آدم اسمتھ نے ٹیکس عائد کرنے کے کتنے اصول بیان کئے ہیں؟

جواب : چار اصول۔

سوال : آدم اسمتھ نے ٹیکس عائد کرنے کے کونسے چار اصول بیان کئے ہیں؟

جواب :
۱۔ اصول مساوات
۲۔ اصول تیقن
۳۔ اصول سہولت
۴۔ اصول کفایت

سوال : آدم اسمتھ کے خیال میں اشیاء کو پیدا کرنے کے لئے کتنے عوامل درکار ہوتے ہیں؟

جواب : تین عوامل۔

سوال : آدم اسمتھ کے خیال میں اشیاء کو پیدا کرنے کے لئے کونسے تین عوامل درکار ہوتے ہیں؟

جواب : (۱) زمین (۲) محنت (۳) سرمایہ

سوال : آدم اسمتھ کے خیال میں کس چیز کی مدد سے منڈی کو وسعت دی جا سکتی ہے؟

جواب : سرمائے کی مدد سے۔

سوال : "تحصیل لذت" کس نے پیش کیا تھا؟

جواب : بنتھم نے۔

سوال : بنتھم کے مطابق انسان کی خوشی کا معیار کس چیز سے ہے؟

جواب : اس کی دولت سے۔

سوال : "تحصیل آزادی" کس نے پیش کیا تھا؟

جواب : مالتھوس نے۔
سوال : ریکارڈو ڈیوڈ کس مذہب سے تعلق رکھتا تھا؟
جواب : یہودی تھا۔
سوال : ریکارڈو کے آباء و اجداد کہاں کے رہنے والے تھے؟
جواب : ہالینڈ کے۔
سوال : معاشیات کا نیوٹن کسے کہا جاتا ہے؟
جواب : ریکارڈو ڈیوڈ کو۔
سوال : ریکارڈو کب اور کہاں پیدا ہوا؟
جواب : ۱۸ اپریل ۱۷۷۲ء لندن میں۔
سوال : ریکارڈو اپنے باپ کے کاروبار سے کب منسلک ہوا؟
جواب : ۱۷۸۶ء میں۔
سوال : ریکارڈو نے کب شادی کی؟
جواب : ۱۷۹۳ء میں۔
سوال : ریکارڈو کب برطانوی پارلیمنٹ کا ممبر منتخب ہوا؟
جواب : ۱۸۱۹ء میں۔
سوال : ریکارڈو کا کب اور کہاں انتقال ہوا؟
جواب : ۱۱ ستمبر ۱۸۲۳ء گلوسٹر شائر کے مقام پر۔
سوال : ریکارڈو کی پہلی معاشی تصنیف کب شائع ہوئی؟
جواب : ۱۸۰۹ء میں۔
سوال : کتاب "پرنسپلز آف پولیٹیکل اکانومی اینڈ ٹیکسز" کس نے تحریر کی تھی؟
جواب : ریکارڈو نے
سوال : "پرنسپلز آف پولیٹیکل اکانومی اینڈ ٹیکسز" کب شائع ہوئی؟
جواب : ۱۸۱۷ء میں۔
سوال : ریکارڈو کے مطابق زمین کی پیداوار کو کتنے حصوں میں تقسیم کرنا چاہیے؟
جواب : تین حصوں میں۔
سوال : ریکارڈو لگان کی تعریف کن الفاظ میں بیان کرتا ہے؟
جواب : "لگان زمین کی پیداوار کا" وہ حصہ ہے جو ایک کاشت کار' زمین دار کو زمین کی ازلی اور پائیدار صلاحیتوں کے استعمال کے بدلے میں ادا کرتا ہے"۔
سوال : کیا ریکارڈو سمتھ کی طرح معاشی نظام میں حکومت کی عدم مداخلت کے نظریے کا حامی ہے؟

جواب : جی ہاں۔
سوال : سانڈی کسے اپنا امام تسلیم کرتا تھا؟
جواب : آدم اسمتھ کو۔
سوال : کیا سانڈی کا معاشی نظریہ اخلاقیات پر مبنی تھا؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : رابرٹ اوین کے خیال میں سرمایہ دار کے لئے کتنی فیصد منافع کافی ہے؟
جواب : پانچ فیصد۔
سوال : رابرٹ اوین کے نزدیک انسان کی ترقی کے راستے میں کتنے موانع ہیں؟
جواب : تین۔
سوال : رابرٹ اوین کے نزدیک انسان کی ترقی کے راستے میں کونسے تین بڑے موانع ہیں؟
جواب : (۱) ذاتی جائیداد (۲) مذہب (۳) شادی۔
سوال : مارشل الفریڈ کب اور کہاں پیدا ہوا؟
جواب : ۲۶ جولائی ۱۸۴۲ء کو لندن میں۔
سوال : مارشل الفریڈ نے کس سکول اور کالج میں تعلیم حاصل کی تھی؟
جواب : مرچینٹ ٹیلرز اسکول اور سینٹ جانز کالج کیمبرج میں۔
سوال : مارشل الفریڈ یونیورسٹی کالج برشل کا پرنسپل کب مقرر ہوا؟
جواب : ۱۸۷۷ء کو۔
سوال : یونیورسٹی کالج برشل کا پہلا پرنسپل کون تھا؟
جواب : مارشل الفریڈ۔
سوال : مارشل الفریڈ یونیورسٹی کالج برشل سے کب مستعفی ہوا؟
جواب : ۱۸۸۱ء میں۔
سوال : مارشل الفریڈ کب سے کب تک بلیئل کالج آکسفورڈ میں لیکچرار رہا؟
جواب : ۱۸۸۳ء تا ۱۸۸۵ء تک۔
سوال : مارشل الفریڈ کیمبرج واپس کب آیا؟
جواب : ۱۸۸۶ء میں۔
سوال : مارشل الفریڈ کس پروفیسر کی جگہ کیمبرج آیا؟
جواب : ہنری فاسٹ کی جگہ۔
سوال : مارشل الفریڈ کیمبرج میں کس مضمون کا پروفیسر مقرر ہوا؟
جواب : پولیٹیکل اکنامی کا۔
سوال : مارشل الفریڈ کیمبرج سے کب تک شاہی کمیشن برائے لیبر کا رکن رہا؟

جواب : ۱۸۸۵ء تا ۱۸۹۳ء تک۔
سوال : مارشل الفریڈ پولیٹیکل اکانومی سے کب ریٹائر ہوا؟
جواب : ۱۹۰۸ء میں۔
سوال : مارشل الفریڈ کا کب اور کہاں انتقال ہوا؟
جواب : ۱۳ جولائی ۱۹۲۴ء کو کیمبرج میں۔
سوال : مارشل الفریڈ کی پہلی تصنیف کب شائع ہوئی؟
جواب : ۱۸۹۰ء کو۔
سوال : مارشل الفریڈ کی پہلی تصنیف کا کیا نام تھا؟
جواب : پرنسپلز آف اکانومکس۔
سوال : کتاب "انڈسٹری اینڈ ٹریڈ" کس نے تحریر کی تھی؟
جواب : مارشل الفریڈ نے۔
سوال : مارشل الفریڈ کی کتاب "انڈسٹری اینڈ ٹریڈ" کب شائع ہوئی؟
جواب : ۱۹۱۹ء کو۔
سوال : مارشل الفریڈ کی آخری کتاب کا کیا نام تھا؟
جواب : "منی کریڈن اینڈ کامرس"۔
سوال : مارشل الفریڈ کی کتاب "منی کریڈن اینڈ کامرس" کب شائع ہوئی؟
جواب : ۱۹۲۳ء کو۔
سوال : مارشل الفریڈ نے اپنی کتاب پرنسپلز آف اکانومکس میں معاشی دوب کو لیے نئے تصورات دیئے؟
جواب : طلب کی لچک' صارف کی بچت' شل لگان اور نمائندہ فرم۔
سوال : طلب کی لچک سے کیا مراد ہے؟
جواب : "طلب کی لچک سے مراد کسی شے کی قیمت میں تبدیلی کا وہ درجہ ہے جس سے اس شے کی طلب پر اثر پڑے"۔
سوال : "معیار آسائش" کا نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟
جواب : اُسی نے۔
سوال : مارشل کے خیال میں دولت کن کاموں میں زیادہ خرچ کرنی چاہیے؟
جواب : فلاح عامہ کے کاموں میں۔
سوال : عاملین پیدائش کتنے ہیں؟
جواب : چار۔
سوال : عاملین پیدائش کے نام لکھیں؟

جواب : (۱) زمین (۲) سرمایہ (۳) محنت (۴) تنظیم۔
سوال : مارشل الفریڈ نے عاملین پیدائش میں سے کسے کم درجہ دیا ہے؟
جواب : زمین اور سرمائے کو۔
سوال : مالتھس کے نزدیک زمین سے حاصل ہونے والی پیداوار کس قانون کے تابع ہوتی ہے؟
جواب : قانون تقلیل کے۔
سوال : کینز کا پورا نام کیا تھا؟
جواب : لارڈ جان مینارڈ کینز۔
سوال : کینز کب پیدا ہوا؟
جواب : ۱۸۸۳ء میں۔
سوال : کینز نے فلسفہ کی تعلیم کس یونیورسٹی سے حاصل کی؟
جواب : کیمبرج یونیورسٹی سے۔
سوال : لارڈ کینز نے معاشیات کی تعلیم کن پروفیسروں کے زیر نگرانی حاصل کی؟
جواب : مارشل الفریڈ اور پیگو سے۔
سوال : لارڈ کینز کیمبرج کے کس کالج میں معاشیات لیکچر مقرر ہوئے؟
جواب : کنگز کالج میں۔
سوال : کتاب "زر" کس نے تحریر کی تھی؟
جواب : لارڈ کینز نے۔
سوال : کتاب "زر" کب شائع ہوئی؟
جواب : ۱۹۳۰ء میں۔
سوال : کینز کی کسی ایک کتاب کا نام تحریر کریں؟
جواب : The General theory of emploment interest and mony.
سوال : کلی معاشیات کا تصور کس نے پیش کیا تھا؟
جواب : لارڈ کینز نے۔
سوال : پروفیسر سے (Say) کے قانون منڈیاں کو کس نے باطل قرار دیا تھا؟
جواب : لارڈ کینز نے۔
سوال : لارڈ کینز کا انتقال کب ہوا؟
جواب : ۱۹۴۶ء میں۔
سوال : عمومی نظریہ روزگار کس نے پیش کیا تھا؟
جواب : لارڈ کینز نے۔
سوال : لارڈ کینز کی کتاب "The General Theory

"of Empoyment Interest And Money". کب شائع ہوئی؟

جواب : ۱۹۳۶ء میں۔

سوال : لارڈ کینز کے خیال میں روزگار کا انحصار کس بات پر ہوتا ہے؟

جواب : قومی آمدنی پر۔

سوال : لارڈ کینز نے صرف دولت کا تجزیہ کرتے ہوئے کونسا قانون پیش کیا تھا؟

جواب : "کینز کا نفسیاتی قانون صرف۔

سوال : زرنقد کی ترجیح کا نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟

جواب : لارڈ کینز نے۔

سوال : کارل مارکس کس کے فلسفے سے متاثر تھا؟

جواب : ہیگل کے فلسفے سے۔

سوال : کارل مارکس کو جرمنی سے کب نکالا گیا؟

جواب : ۱۸۴۵ء میں۔

سوال : کارل مارکس لندن کب گیا؟

جواب : ۱۸۴۹ء میں۔

سوال : کیا کارل مارکس خدا اور روح کائنات کا قائل تھا؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : کارل مارکس کی کسی ایک کتاب کا نام تحریر کریں؟

جواب : "The Poverty of Philosophy"۔

سوال : "جنگ کی بنیاد ملکیت کا تصور" ہے۔ یہ الفاظ کس نے کہے تھے؟

جواب : برگسان نے۔

سوال : مارشل الفریڈ نے قومی آمدنی کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے؟

جواب : "کسی ملک کے لوگ اپنے سرمائے یعنی مشینوں اور کارخانوں کی مدد سے وہاں کے قدرتی وسائل (مثلاً زمین' جنگلات اور معدنیات وغیرہ) سے کام لے کر ہر سال اشیاء و خدمات کی ایک خاص مقدار پیدا کرتے ہیں۔ یہ اس قوم کی آمدنی ہے"۔

سوال : امام ابو یوسفؒ عرب کے کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟

جواب : بجیلہ سے۔

سوال : امام ابو یوسفؒ نے کن اساتذہ سے تعلیم حاصل کی؟

جواب : عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ اور امام ابو حنیفہؒ سے۔

سوال : کن لوگوں نے امام ابو یوسف کو ثقہ قرار دیا؟

جواب : یحییٰ بن معین' احمد بن حنبل' علی بن المدینی نے۔

سوال : امام ابو حنیفہ کے بعد ابو یوسف کتنے عرصے تک حکومت سے بے تعلق رہے؟

جواب : ۱۶ سال تک۔

سوال : امام ابو یوسف بغداد کب گئے؟

جواب : ۱۶۶ھ ۷۸۲ء میں۔

سوال : کس نے امام ابو یوسف کو مشرقی بغداد کا قاضی مقرر کیا تھا؟

جواب : خلیفہ المہدی نے۔

سوال : کس نے امام ابو یوسف کو سلطنت عباسی کا قاضی القضاۃ مقرر کیا تھا؟

جواب : ہارون الرشید نے۔

سوال : امام ابو یوسف نے کسے ناقابل اعتبار گواہ قرار دیا تھا؟

جواب : علی بن عیسیٰ کو۔

سوال : علی بن عیسیٰ کس کا وزیر تھا؟

جواب : ہارون الرشید کا۔

سوال : امام ابو یوسف کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

جواب : ہارون الرشید نے۔

سوال : امام ابو یوسف نے کتاب الخراج کس کے لئے لکھی تھی؟

جواب : ہارون الرشید کے لئے۔

سوال : امام ابو یوسف قاضی القضاۃ کب مقرر ہوئے؟

جواب : ۱۷۱ ہجری میں۔

سوال : بارانی زمین پر خلیفہ مہدی نے کتنی شرح نافذ کی تھی؟

جواب : پیداوار کا ۱/۲ حصہ۔

سوال : بارانی زمین پر امام ابو یوسف کی تجویز کردہ شرح کتنی تھی؟

جواب : پیداوار کا ۲/۵ حصہ۔

سوال : خلیفہ المہدی نے ڈول اور رہٹ سے سیراب کی جانے والی زمین پر کتنی شرح نافذ کی تھی؟

جواب : پیداوار کا ۱/۳ حصہ۔

سوال : ڈول اور رہٹ سے سیراب کی جانے والی زمین پر ابو یوسف نے کتنی شرح تجویز کی تھی؟

جواب : پیداوار کا ۳/۱۰ حصہ۔

سوال : خلیفہ المہدی نے دوالیب سے سیراب کی جانے والی زمین پر کتنی شرح نافذ کی تھی؟

جواب : پیداوار کا

سوال : امام ابو یوسف نے کھجور، انگور، سبزیوں اور درختوں والی زمین پر کتنی شرح تجویز کی تھی؟

جواب : پیداوار کا ۱/۳ حصہ۔

سوال : ابو عبید القاسمؒ کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب : سلام۔

سوال : ابو عبیدہ القاسم نے ابتدائی تعلیم کہاں سے حاصل کی؟

جواب : "ہراۃ" سے۔

سوال : ابو عبیدہ القاسم نے قرآن مجید کا علم کن اساتذہ سے حاصل کیا؟

جواب : کسائی اسماعیل بن جعفر اور شجاع بن ابی نصر سے۔

سوال : عبداللہ بن طاہر کس کا بیٹا تھا؟

جواب : طاہر بن الحسین کا۔

سوال : ابو عبیدہ القاسم، یحییٰ بن معین کے ہمراہ مصر کب گئے تھے؟

جواب : ۲۱۳ ہجری میں۔ ابو عبیدہ ما سمیٰ طرطوس کے قاضی رہے

سوال : کس نے ابو عبیدہ القاسم کو طرطوس کا قاضی مقرر کیا تھا؟

جواب : ثابت بن نصر بن مالک نے۔

سوال : ابو عبیدہ القاسم کتنے عرصے تک طرطوس کے قاضی رہے؟

جواب : اٹھارہ برس۔

سوال : کتاب "ادب القاضی" کس نے تحریر کی تھی؟

جواب : ابو عبیدہ القاسم نے۔

سوال : ابو عبیدہ القاسم کے چار مشہور شاگردوں کے نام لکھیں؟

جواب :

۱- احمد بن القاسم
۲- ابو عبدالرحمٰن احمد بن سہیل
۳- احمد بن عاصم
۴- علی بن ابی ثابت

سوال : ابو عبیدہ القاسم نے فقہ میں کس سے استفادہ کیا تھا؟

جواب : امام شافعیؒ سے۔

سوال : ابو عبیدہ القاسم کے نزدیک علم دین کن چار علماء پر ختم ہو گیا؟

جواب :

۱- احمد بن حنبل

غریب الحدیث، ادب القاضی، مسند، ابو عبید قاسم
کتاب الاموال، کتاب الامثال

۳- علی بن المدینی
۴- یحییٰ بن معین

سوال : کتاب "غریب الحدیث" کس نے تحریر کی تھی؟
جواب : ابو عبیدہ القاسم نے۔
سوال : ابو عبیدہ القاسم نے کتاب "غریب الحدیث" کتنے عرصے میں مکمل کی تھی؟
جواب : چالیس سال میں۔
سوال : ابو عبیدہ القاسم کا انتقال کہاں ہوا؟
جواب : مکہ معظمہ میں۔
سوال : فقہ کے موضوع پر ابو عبیدہ کی مشہور کتاب کا نام لکھیں؟
جواب : کتاب الامثال۔
سوال : ابو عبیدہ القاسم کی اب تک کتنی کتابیں شائع ہو چکی ہیں؟
جواب : تقریباً بیس کتابیں۔
سوال : ابو عبیدہ القاسم نے خراج کے موضوع پر کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب : کتاب الاموال۔
سوال : حضرت عمرؓ نے ذمیوں سے کتنے فیصد عشور وصول کیا تھا؟
جواب : پانچ فیصد۔
سوال : حضرت عمرؓ نے اہل عرب سے کتنے فیصد عشور وصول کیا تھا؟
جواب : دس فیصد۔
سوال : سب سے پہلے عشور لینے کے احکام کس نے جاری کیے تھے؟
جواب : حضرت عمرؓ نے۔
سوال : ابو عبیدہ القاسم کن لوگوں سے جزیہ لینے کے قائل نہیں ہیں؟
جواب : عورتوں اور بچوں سے۔
سوال : ابو عبیدہ القاسم کن لوگوں سے جزیہ لینے کے قائل ہیں؟
جواب : تمام اہل کتاب عربوں اور غیر عربوں سے۔
سوال : لفظ خراج کے کیا معانی ہیں؟
جواب : کرایہ، محصول، آمدنی، اجرت اور پیداوار۔
سوال : اقطاع کے کیا معانی ہیں؟
جواب : حکومت کی طرف سے کسی کو جاگیر دینا کے ہیں۔
سوال : ابو عبیدہ القاسم کے نزدیک مال غنیمت کے کتنے حصے کیے جانے چاہئیں؟
جواب : پانچ حصے۔

حضرت عمرؓ نے ذمیوں سے ۵ فیصد اور اہل عرب سے دس فیصد عشور لیا
عشور اس محصول کو کہتے ہیں جو سرکاری طور پر تاجروں سے لیا جاتا ہے اور غیر ملکی

سوال : حمی سے کیا مراد ہے؟
جواب : "عربی میں ہر وہ چیز جسے کوئی فرد یا جماعت اپنے مفاد کے لئے محفوظ کر لے۔ اور اس میں دوسروں کی دخل اندازی ممنوع ہو "حمی" کہلاتی ہے۔
سوال : حمی کے متعلق حضورؐ کی کوئی حدیث بیان کریں؟
جواب : "کسی علاقے کو حمی قرار دینے کا حق اللہ اور اس کے رسولؐ کے سوا کسی کو حاصل نہیں ہے"۔
سوال : ابن حزم کے پردادا نے کونسا مذہب چھوڑ کر اسلام قبول کیا تھا؟
جواب : عیسائی مذہب۔
سوال : ابن حزم شروع میں کس مذہب کے پیروکار تھے؟
جواب : شافعی مذہب کے۔
سوال : ابن حزم نے کتنی کتابیں تحریر کی تھیں؟
جواب : تقریباً ۴۰۰ سو؟
سوال : ابن الرومیہ کس کا شاگرد تھا؟
جواب : ابن زرقون کا۔
سوال : کتاب "الاحکام فی اصول الاحکام" کے مصنف کا نام بتایئے؟
جواب : ابن حزم۔
سوال : ابن حزم نے اپنی کس کتاب میں اسلام کے مذہبی فرقوں پر بڑی تلخ تنقید کی ہے؟
جواب : کتاب "الفصل فی الملل والاھواء والنحل" میں۔
سوال : ابن حزم کے خیال میں معاشرے کے محروم المعیشت افراد کی معاشی کفالت کا بندوبست کرنا کس کی ذمہ داری ہے؟
جواب : خلیفہ کی۔
سوال : ابن حزم کے خیال میں کیا وصیت غیر وارث اقارب کے لئے فرض ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : یہ کس نے کہا تھا کہ اجیر نقصان کا ذمہ دار نہیں ہے؟
جواب : امام ابو حنیفہؒ نے۔
سوال : کیا ابن حزم نے اجیر مشترک اور اجیر خاص میں کوئی فرق بیان کیا ہے؟
جواب : جی نہیں۔
سوال : کیا ابن خلدون نے قرآن پاک حفظ کیا تھا؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : ابن خلدون کتنے برس کے تھے جب ان کے والدین کا انتقال ہوا؟

جواب : سترہ برس کے۔

سوال : ابن خلدون کے والدین کا انتقال کس بیماری سے ہوا؟

جواب : طاعون کی بیماری سے۔

سوال : ابن خلدون نے ابتدائی تعلیم کس سے حاصل کی؟

جواب : اپنے والد سے۔

سوال : والدین کی وفات کے کتنے سال بعد ابن خلدون نے اپنی تعلیم مکمل کی؟

جواب : تین سال بعد۔

سوال : ابن خلدون کو سفیر کی حیثیت سے کس سے بات چیت کرنے کے لئے بھیجا گیا تھا؟

جواب : پیڈ رو سے۔

سوال : پیڈ رو نے ابن خلدون کو کہاں رہنے کی پیشکش کی تھی؟

جواب : شیلیہ میں۔

سوال : ابن خلدون قاہرہ واپس کب گیا تھا؟

جواب : ۱۳۸۲ء میں۔

سوال : ابن خلدون شاہ مصر کے ساتھ کس کا مقابلہ کرنے کیلئے لیا تھا؟

جواب : تیمور کا۔

سوال : ابن خلدون شاہ مصر کے ساتھ تیمور کا مقابلہ کرنے کے لئے کب گیا تھا؟

جواب : ۱۴۰۰ء میں۔

سوال : کتاب "مقدمہ" کے مصنف کا نام بتائیں؟ ابن خلدون مقدمہ 1377ء میں لکھا

جواب : ابن خلدون۔

سوال : کتاب "مقدمہ" کب مکمل ہوئی تھی؟

جواب : ۱۳۷۷ء میں۔

سوال : کتاب "عربوں کی تاریخ" کس نے تحریر کی تھی؟

جواب : ابن خلدون نے۔

سوال : ابن خلدون کے خیال میں کسب کا پہلا قدرتی ذریعہ کیا ہے؟

جواب : زراعت۔

سوال : کس نے زراعت کے پیشے کو پیدا کیا؟

جواب : حضرت آدم علیہ السلام نے۔

سوال : کیا ابن خلدون نے تجارت کی تاریخ تفصیل سے بیان کی ہے؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : ابن خلدون کے خیال میں تجارت کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب : دو۔
سوال : شاہ ولی اللہ کا اصل نام کیا تھا؟
جواب : احمد۔
سوال : شاہ ولی اللہ کی کنیت کیا تھی؟
جواب : ابو الفیاض۔
سوال : شاہ ولی اللہ کا بشارتی نام کیا تھا؟
جواب : قطب الدین۔
سوال : شاہ ولی اللہ کا تاریخی نام کیا تھا؟
جواب : عظیم الدین۔
سوال : شاہ ولی اللہ کا سلسلہ نسب والد ماجد کی طرف سے کس سے جا ملتا ہے؟
جواب : حضرت عمرؓ سے۔
سوال : شاہ ولی اللہ کا سلسلہ نسب والدہ کی طرف سے کس سے جا ملتا ہے؟
جواب : امام موسیٰ سے۔
سوال : شاہ ولی اللہ نے کس کے ہاتھ پر بیعت کی تھی؟
جواب : اپنے والد شیخ عبدالرحیم ابو الفیض کے ہاتھ پر۔
سوال : اس وقت آپ کی عمر کتنی تھی؟
جواب : پندرہ سال۔
سوال : شاہ ولی اللہ نے کتنے سال تک کتب دینیہ اور منقولات کا درس دیا؟
جواب : بارہ سال تک۔
سوال : شاہ ولی اللہ نے حج بیت اللہ کب کیا؟
جواب : ۱۱۴۳ ہجری میں۔
سوال : شاہ ولی اللہ نے کس سے علم حدیث کی سند حاصل کی تھی؟
جواب : شیخ ابو طاہر محمد بن ابراہیم کردی مدنی سے۔
سوال : کتاب "حجۃ اللہ البالغہ" کے مصنف کا نام بتائیے؟
جواب : شاہ ولی اللہ۔
سوال : کتاب حجۃ اللہ البالغہ کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟
جواب : دو جلدوں پر۔
سوال : شاہ ولی اللہ کے نزدیک سود کی کتنی قسمیں ہیں؟
جواب : دو۔
سوال : شاہ ولی اللہ نے سود کی کونسی دو قسمیں بیان کی ہیں؟

جواب : (۱) حقیقی ربا۔ (۲) ربا فضل۔
سوال : اللہ تعالیٰ انسان کو کن تین برائیوں سے روکتا ہے؟
جواب : (۱) فحشاء (۲) منکر (۳) بغی۔
سوال : اللہ تعالیٰ نے کس مال کو "رزق رب" سے تعبیر نہیں فرمایا؟
جواب : حرام مال کو۔
سوال : اسلامی نقطہ نظر سے اسراف کتنی چیزوں کا نام ہے؟
جواب : تین چیزوں کا۔
سوال : حضرت شعیب کی قوم میں کونسی دو بڑی خرابیاں پائی جاتی تھیں؟
جواب : (۱) شرک (۲) تجارتی معاملات میں بددیانتی۔
سوال : عدل کے لغوی معانی کیا ہیں؟
جواب : سیدھا کرنا' برابر تقسیم کرنا' مساوات قائم کرنا اور توازن تناسب پیدا کرنا۔
سوال : قرآن پاک میں عدل کے لئے کونسا لفظ استعمال ہوا ہے؟
جواب : قسط۔
سوال : لفظ قسط کے کیا معانی ہیں؟ قسط کے معنیٰ، انصاف اور برابری
جواب : انصاف اور برابری کے۔
سوال : داتا گنج بخش علی ہجویریؒ نے عدل کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے؟
جواب : "کسی چیز کو اس کے صحیح موقع و محل میں رکھنا عدل ہے۔ اور اس کی ضد ظلم ہے۔ جس کے معنی کسی چیز کو ایسی جگہ رکھنا ہے۔ جو اس کے لائق نہ ہو"۔
سوال : قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کتنے اشخاص کو اپنے سایہ رحمت میں جگہ دے گا؟
جواب : سات اشخاص کو۔
سوال : عدل کے دو بڑے شعبے کونسے ہیں؟
جواب : (۱) انفرادی عدل (۲) اجتماعی عدل۔
سوال : معاشرتی زندگی میں عدل کے بارے میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : ارشاد ربانی ہے۔
"واقیموا الوزن بالقسط ولا تخسروا المیزان (الرحمٰن : ۹)
ترجمہ۔ "اور وزن انصاف کے ساتھ پورا کرو اور تولنے میں کمی نہ کرو"۔
سوال : عدالتی معاملات میں عدل کے بارے میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : ارشاد باری تعالیٰ ہے۔
"ولیکتب بینکم کاتب بالعدل" (البقرہ : ۲۸۲)
ترجمہ۔ "اور کاتب کو چاہئے کہ تمہارے درمیان عدل کے ساتھ لکھے"۔

سوال : حضورؐ نے جھوٹی گواہی دینے کے بارے میں کیا فرمایا؟
جواب : جھوٹی گواہی دینا کبیرہ گناہ ہے۔
سوال : غیر مسلموں سے عدل کے بارے میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : ارشاد ربانی ہے۔
"ولا یجرمنکم شنان قوم علی ان لا تعدلوا اعدلوا ھو اقرب للتقویٰ" (المائدہ)
ترجمہ۔ "اور کسی قوم کی دشمنی تمہیں اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم عدل نہ کرو۔ عدل کرو۔ یہ تقویٰ کے زیادہ قریب ہے"۔
سوال : قرآن مجید میں احسان کے لئے کونسا لفظ استعمال ہوا ہے؟
جواب : حسنہ کا۔
سوال : حسنہ کے کیا معنی ہیں؟
جواب : نیکی اور بھلائی۔
سوال : احسان کے متعلق قرآن پاک کی ایک آیت درج کریں؟
جواب : ارشاد باری تعالیٰ ہے۔
"ان اللہ یامر بالعدل والاحسان۔ (النحل : ۹۰)
ترجمہ۔ "بے شک اللہ تعالیٰ عدل و احسان کرنے کا حکم دیتا ہے"
سوال : حضورؐ نے ابو سفیان کو کس موقعے پر معاف کیا تھا؟
جواب : فتح مکہ کے موقعے پر۔
سوال : کس غزوہ میں چھ ہزار قیدی مسلمانوں کے ہاتھ لگے تھے؟
جواب : غزوہ حنین میں۔
سوال : حضورؐ نے مالک بن عوف کو کتنی اونٹنیاں عطا کی تھیں؟
جواب : ایک سو اونٹنیاں۔
سوال : والدین کے ساتھ سلوک کے بارے میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : "وبالوالدین احسانا" (الانعام : ۱۵۲)
ترجمہ۔ "اور والدین کے ساتھ احسان کرو"۔
سوال : حاجت مندوں کی مالی امداد کے بارے میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : ارشاد ربانی ہے۔
"وان کان ذو عسرہ فنظرہ الی میسرہ وان تصدقوا خیر لکم۔ (البقرہ : ۲۸۰)
ترجمہ۔ "اور اگر کوئی تنگ دست ہو۔ تو فراخی تک مہلت دو۔ اور اگر خیرات کر دو تو

تمہارے لئے زیادہ بہتر ہے"۔

سوال : احسان کے متعلق سورہ یوسف کی ایک آیت درج کریں؟
جواب : "وقد احسن بی اذا خرجنی من السجن"
ترجمہ۔ "اور تحقیق خدا تعالیٰ نے مجھ پر احسان کیا۔ جب اسی نے مجھے قید خانے سے رہائی دلائی"
سوال : مساوات کے معانی کیا ہیں؟
جواب : برابری کے۔
سوال : کیا اسلام میں دولت کی تقسیم مساوی ہے؟
جواب : جی نہیں۔
سوال : مساوات کی اہمیت میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : ارشاد ربانی ہے۔
"ومامن دابة فی الارض الاعلی اللہ رزقہا"۔ (ھود)
ترجمہ۔ "اور زمین پر چلنے والے ہر جاندار کے رزق کی ذمے داری اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمے میں لے لی ہے"
سوال : کن لوگوں نے چربی کو پگھلا کر فروخت کیا تھا؟
جواب : یہودیوں نے۔
سوال : کونسے پرندے پنجہ مار کر شکار کرتے ہیں؟
جواب : باز، شکرا، چیل۔
سوال : حرام کتنی قسم کا ہوتا ہے؟
جواب : دو قسم کا۔
سوال : رزق حلال کے بارے میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : ارشاد باری تعالیٰ ہے۔
"یایها الناس کلوا مما فی الارض حللا طیبا ولا تتبعوا خطوٰت الشیطن انه لکم عدو مبین (البقرہ۲ : ۱۴۲)
ترجمہ۔ "لوگو زمین میں جو حلال اور پاک چیزیں ہیں۔ انھیں کھاؤ اور شیطان کے بتائے ہوئے راستوں پر نہ چلو۔ وہ تمہارا کھلا دشمن ہے"۔
سوال : حضورؐ نے کن درندوں کو کھانے سے منع فرمایا ہے؟
جواب : ہر کچلی والے درندے کو۔

سوال : حضورؐ کے قول و فعل سے کیا مراد ہے؟
جواب : قول سے مراد آپؐ کا کلام اور فعل سے مراد آپؐ کا کام۔
سوال : قرآن میں رسولؐ کو کیا کہا گیا ہے؟
جواب : معلم کتاب۔
سوال : ظنی کسے کہا جاتا ہے؟
جواب : حدیث کو۔
سوال : اسلامی قانون سازی میں قرآن کے بعد دوسرا درجہ کسے حاصل ہے؟
جواب : حدیث کو۔
سوال : کیا مسلمان مرد کو ریشمی لباس پہننے کی اجازت ہے؟
جواب : جی نہیں۔
سوال : کیا مسلمانوں کو سونے چاندی کے برتن استعمال کرنے کی اجازت ہے؟
جواب : جی نہیں۔
سوال : حضرت ابوبکرؓ نے کس غزوہ میں اپنا سارا مال دے دیا تھا؟
جواب : غزوہ تبوک میں۔
سوال : اللہ تعالیٰ کتنے اشخاص پر قیامت کے دن اپنی رحمت کی نظر نہیں کرے گا؟
جواب : تین اشخاص پر۔
سوال : حضورؐ نے کن جانوروں کی خرید و فروخت سے منع فرمایا ہے؟
جواب : ایسے جانور جو ابھی پیدا نہ ہوئے ہوں۔ یا مونث میں ظاہر نہ ہوئے ہوں۔
سوال : رحم کے متعلق حضورؐ کی ایک حدیث بیان کریں؟
جواب : حضورؐ کا ارشاد ہے۔
"جو دوسروں پر رحم نہیں کرتا۔ اس پر اللہ کبھی رحم نہ کرے گا"۔
سوال : قرآن مجید میں روزی تلاش اور کسب معاش کو کیا قرار دیا گیا ہے؟
جواب : فضل۔
سوال : رزق کی تلاش کے بارے میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : ارشاد ربانی ہے۔
"فاذا قضیت الصلوٰۃ فانتشروا فی الارض وابتغوا من فضل اللّٰہ۔
(جمعہ)
ترجمہ۔ "جب نماز ختم ہو جائے۔ تو اللہ کی زمین پر پھیل جاؤ۔ اور رزق تلاش کرو"۔
سوال : اللہ تعالیٰ نے کن لوگوں کو فضیلت دی ہے؟
جواب : "جو اپنے مال و دولت سے جہاد کرتے ہیں"۔

سوال : جان آسٹن نے ملکیت کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے؟

جواب : اپنے اصل مفہوم کے اعتبار سے یہ کسی متعین شے پر ایک حق کی نشان دہی کرتا ہے۔ جو استعمال کے اعتبار سے غیر محدود اور تعریف و انتقال کے اعتبار سے بے قید ہے"۔

سوال : ابن نجیم نے ملکیت کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے؟

جواب : "ملکیت تصرف کر سکنے کا اختیار ہے۔ جس کا منبع شارع کا اذن ہے۔ الایہ کہ کوئی مانع موجود ہو"۔

سوال : اصحاب الجنتہ کا واقعہ کس سورت میں بیان کیا گیا ہے؟

جواب : سورت قلم میں۔

سوال : مال کے بارے میں حضورؐ کی ایک حدیث بیان کریں؟

جواب : پس جو اس کو جائز طریقے سے کمائے۔ اور حق کے مطابق خرچ کرے۔ تو اس کے لئے یہ بہت اچھا مددگار ہے"۔

سوال : کیا فرد، ریاست اور اجتماع مال و املاک اور مالکانہ تصرفات کرنے کے مجاز ہیں؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : کیا افراد کے لئے اسلامی ریاست کے احکام کی اطاعت کرنا دینی فریضہ ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : کیا قرآن پاک نے تجارت کو ایک جائز عمل قرار دیا ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : شریعت کی اصطلاح میں "اموات" کا اطلاق کن زمینوں پر ہوتا ہے؟

جواب : جو زمینیں آبادی سے باہر ہوں۔

سوال : احیاء کے کیا معنی ہیں؟

جواب : زمین کو مفید صرف میں لانا۔

سوال : حضرت عمرؓ نے احاطہ بندی کی کتنی مدت مقرر کی ہے؟

جواب : تین سال۔

سوال : احاطہ بندی سے کیا مراد ہے؟

جواب : کہ کوئی شخص کسی افتادہ قطعہ زمین کے گرد چار دیواری کھینچ کر اس پر قبضہ کرے۔

سوال : رسولؐ کے ارشاد کے مطابق سارے مسلمان کونسی تین چیزوں میں شریک ہیں؟

جواب : پانی، چارہ، آگ۔

سوال : دفینوں سے کیا مراد ہے؟

جواب : دفینوں سے مراد وہ سکے، سونے چاندی کے برتن، اسلحے اور دوسرے قیمتی سامان ہیں۔ جو زمین کے اندر دفن کئے ہوئے پائے جائیں۔

سوال : دفینہ اگر کسی ریاست کی زمین میں پایا گیا ہو۔ تو وہ کس کی ملکیت قرار پائے گا؟
جواب : ریاست کی ملکیت۔
سوال : وراثت کا ضابطہ قرآن پاک کی کس سورت میں ملتا ہے؟
جواب : سورت نساء میں۔
سوال : کامل حق ملکیت کتنے حقوق پر مشتمل ہے؟
جواب : چار۔
سوال : کامل حق ملکیت کے چار حقوق کونسے ہیں؟
جواب :

۱۔ استعمال اور تصرف کا حق
۲۔ مزید نفع کمانے کے لئے کاروبار میں لگانے کا حق
۳۔ انتقال ملکیت کا حق
۴۔ تحفظ کا حق

سوال : کیا اسلام نے پڑوسی کو شفعہ کرنے کا حق دیا ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : ہند بن عتبہ کس کی بیوی تھیں؟
جواب : ابوسفیان کی۔
سوال : شریعت میں کونسی اشیاء قابل زکوۃ ہیں؟
جواب :

۱۔ سونا' چاندی' جبکہ وہ سال کے آغاز و اختتام پر بقدر نصاب یا اس سے زاید موجود ہوں۔
۲۔ نقد روپیہ جو سونے چاندی کا قائم مقام ہو۔
۳۔ اموال تجارت۔
۴۔ مویشی جبکہ وہ افزائش نسل کے لئے پالے گئے ہوں۔ اور سال کے آغاز و اختتام پر بقدر نصاب موجود ہوں۔
۵۔ زرعی پیداوار۔
۶۔ معدنیات اور زمین سے برآمد ہونے والے دفینے۔

سوال : دفینے کے لئے زکوۃ کی شرح کتنے فیصد ہے؟
جواب : بیس فی صد۔
سوال : زرعی پیداوار اگر بارانی زمین سے حاصل کی گئی ہو تو اس پر زکوۃ کی شرح کتنے فیصد ہے؟
جواب : دس فیصد۔

سوال : زرعی پیداوار اگر آبپاشی کے ذریعے حاصل کی گئی ہو۔ تو اس پر زکوۃ کی شرح کتنے فیصد ہے؟

جواب : پانچ فیصد۔

سوال : تجارت کے لئے مویشیوں پر کتنے فیصد زکوۃ عائد کی گئی ہے؟

جواب : ڈھائی فیصد۔

سوال : حق ارتفاق سے کیا مراد ہے؟

جواب : "حق ارتفاق کسی غیر منقولہ جائیداد پر کسی دوسرے شخص کی غیر منقولہ جائیداد کے فائدے کے لئے ایک مقرر حق کا نام ہے"۔

سوال : مخصوص مشترکہ ملکیت سے کیا مراد ہے؟

جواب : وہ ملکیت جس میں چند متعین افراد معلوم نسبتوں کے ساتھ شریک ہوں۔

سوال : عام مشترکہ ملکیت سے کیا مراد ہے؟

جواب : کسی مجموعہ افراد کو کسی چیز سے استفادہ کا عمومی حق حاصل ہو"۔

سوال : اجتماعی ملکیت سے کیا مراد ہے؟

جواب : جس پر کسی مجموعہ افراد کو بحیثیت جماعت مالکانہ حقوق حاصل ہوں۔

سوال : عام مشترکہ املاک کتنی قسم کے ہو سکتے ہیں؟

جواب : تین قسم کے۔

سوال : تین قسم کے عام مشترکہ املاک کے نام لکھیں؟

جواب : (۱) عالمی (۲) ملکی (۳) مقامی۔

سوال : اجتماعی ملکیت کو کونسی تین اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟

جواب :

۱- ادارہ یا انجمنوں کے املاک

۲- مقامی حکومتوں کے املاک

۳- قومی یا ریاستی املاک

سوال : کیا موقوفہ جائیداد فروخت کی جا سکتی ہے؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : حمی کا حق کسے حاصل ہے؟

جواب : اللہ اور اس کے رسول کے سوا کسی کو یہ حق حاصل نہیں ہے۔

سوال : حضرت عمرؓ نے کہاں حمی بنائی تھی؟

جواب : سرف میں

جواب : حضور ابوبکرؓ صدیق نے۔
سوال : حضورؐ نے کس مقام کو حمی قرار دیا تھا؟
جواب : نقیع نامی مقام کو۔
سوال : حضورؐ نے قبیلہ کی کانیں بطور جاگیر کس کو عطا کی تھیں؟
جواب : بلال بن حارث کو۔
سوال : احناف کے نزدیک زمین کے اندر پائی جانے والی کانیں کس میں شامل ہیں؟
جواب : رکاز میں۔
سوال : فقہ میں غیر مسلم شہریوں کو کیا کہا گیا ہے؟
جواب : "ذمی"۔
سوال : ذمیوں سے ان کی جان و مال کی حفاظت کا جو ٹیکس وصول کیا گیا اسے کیا کہا جاتا ہے؟
جواب : جزیہ۔
سوال : حالت جنگ میں مخالف فوج سے حاصل کیا گیا مال کیا کہلاتا ہے؟
جواب : مال غنیمت۔
سوال : مال غنیمت کے سلسلے میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"یسئلونک عن الانفال قل الا نفال لله وللرسول" (الانفال : ۱)

ترجمہ۔ "لوگ آپؐ سے مال غنیمت کے بارے میں دریافت کرتے ہیں۔ کہہ دیجئے کہ اموال غنیمت اللہ اور اس کے رسول کے لئے ہیں"۔

سوال : مال غنیمت کا کتنا حصہ جنگ میں حصہ لینے والوں کے درمیان تقسیم کر دیا جاتا تھا؟
جواب : ۴/۵ حصہ۔
سوال : فئے سے کیا مراد ہے؟
جواب : "جنگ شروع ہونے سے پہلے اور جنگ ختم ہونے کے بعد جو اموال حاصل ہوں۔ یا جو مال بغیر جنگ اور فوج کشی کے حاصل ہو جائیں۔ فئے قرار پاتے ہیں"۔
سوال : لقطہ کے متعلق رسولؐ نے کیا فرمایا؟
جواب : "لقطہ حلال نہیں ہے۔ لہذا جو کوئی کسی چیز کو اٹھالے۔ اسے چاہئے کہ ایک سال تک اس کا اشتہار کرے۔ اب اگر اس کا مالک آجائے تو یہ مال اس کے حوالے کر دے۔ اور اگر نہ آئے تو اسے صدقہ کر دے۔
سوال : بیت المال میں داخل کئے جانے والے اموال کی کتنی اقسام ہیں؟
جواب : چار اقسام۔
سوال : زکوٰۃ اور عشر سے حاصل ہونے والی آمدنی کتنی مدات پر صرف کی جا سکتی ہے؟

جواب : آٹھ مدات پر۔
سوال : عاملین علیہا سے کیا مراد ہے؟
جواب : وہ لوگ جو زکوۃ وصول کرنے' محفوظ رکھنے' تقسیم کرنے اور اس کا حساب کتاب رکھنے کا کام کرتے ہوں۔ عاملین علیہا کہلاتے ہیں۔
سوال : غارمین سے کیا مراد ہے؟
جواب : غارمین سے مراد قرض یا تاوان کے بارے میں دیئے ہوئے ایسے لوگ ہیں۔ جو اگر اپنا پورا قرض ادا کریں۔ تو صاحب نصاب نہ رہ جائیں۔
سوال : علم معاشیات کے حوالے سے زمین کی کوئی سی پانچ خصوصیات کے نام لکھیں؟
جواب :

۱- قدرت کا مفت عطیہ
۲- معینہ رسد
۳- عدم انتقال پذیری
۴- زرخیزی اور محل وقوع میں فرق
۵- مستقل نوعیت

سوال : کیا انسان زمین کی رسد میں اضافہ کر سکتا ہے؟
جواب : جی نہیں۔
سوال : کیا زمین عارضی اور فنا پذیر چیز ہے؟
جواب : جی نہیں۔
سوال : حضرت اسماءؓ کس کی بیٹی تھیں؟
جواب : حضرت ابوبکر صدیقؓ کی۔
سوال : نافع کس کا بیٹا تھا؟
جواب : حارث بن کلدہ کا۔
سوال : حضرت عمرؓ نے کن زمینوں کو خالصہ قرار دیا تھا؟
جواب : جو کسریٰ اور آل کسریٰ نے چھوڑی تھیں۔ یا جن کے مالک بھاگ گئے یا جنگ میں مارے گئے تھے۔
سوال : سعید بن زیدؓ کس خلیفہ کے بہنوئی تھے؟
جواب : حضرت عمرؓ کے۔
سوال : کیا صحابہ کرامؓ کے دور میں زیورات کو عاریتاً دینے کا رواج تھا؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : حصول ملکیت کے شرعی ذرائع کے نام لکھیں؟

جواب :

۱- احیائے اموات
۲- تجارت
۳- وراثت
۴- وصیت
۵- شکار
۶- اقطاع

سوال : اراضی کی اقسام تحریر کریں؟

جواب :

۱- اراضی مملوکہ
۲- اراضی موقوفہ
۳- اراضی متروکہ
۴- اراضے مملکت
۵- اراضی موات
۶- اراضے الحوز

سوال : "تبذیر" سے کیا مراد ہے؟

جواب : اپنی دولت کو حرام اور ناجائز کاموں میں خرچ کرنا تبذیر کہلاتا ہے۔

سوال : مشترکہ ملکیت کا نظریہ سب سے پہلے کس نے پیش کیا تھا؟

جواب : افلاطون نے۔

سوال : سونے اور چاندی میں زکوۃ کی شرح کیا ہے؟

جواب : سونے اور چاندی میں چالیسواں حصہ زکوۃ دی جائے گی۔

سوال : نجی ملکیت کے جواز میں ایک آیت درج کریں؟

جواب : ارشاد ربانی ہے :

"ھو الذی خلق لکم مَا فِی الْأَرْضِ جمیعا"

ترجمہ۔ "وہی تو ہے۔ جس نے سب چیزیں جو زمین میں ہیں پیدا کیں"

سوال : کیا کسی شرعی وارث کے حق میں وصیت جائز ہے؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : ارکان وراثت تحریر کریں؟

جواب : مورث' وارث' ترکہ۔

سوال : "انفاق فی سبیل اللہ" سے کیا مراد ہے؟

جواب : غرباء' مساکین' ضرورت مندوں' محتاجوں پر اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے اپنے مال میں سے خرچ کرنا "انفاق فی سبیل اللہ" کہلاتا ہے۔

سوال : موانع میراث تحریر کریں؟ موانع میراث چار ہیں،

جواب :

۱- قاتل مقتول کا وارث نہیں ہو سکتا۔

۲- پیغمبر کا ترکہ وراثت میں نہیں بلکہ صدقے میں تقسیم ہوتا ہے۔

۳- مسلمان کافر اور کافر مسلمان کا وارث نہیں ہو سکتا۔

۴- مرتد وراثت سے محروم ہو جاتا ہے۔

سوال : زکوۃ کن لوگوں یا چیزوں پر استعمال کی جا سکتی ہے یا مصارف زکوۃ بیان کریں؟

جواب : (۱) فقراء (۲) مساکین (۳) عاملین (۴) مؤلفتہ القلوب (۵) فی الرقاب (۶) غارمین (۷) فی سبیل اللہ (۸) ابن السبیل۔

سوال : کیا زکوۃ خود مستحقین میں تقسیم کی جا سکتی ہے؟

جواب : زکوۃ کی وصولی کا انتظام حکومت کے ذمہ ہے۔ اس لئے اسے بیت المال میں جمع کرانا چاہیے۔ تاہم اگر کوئی چاہے تو خود بھی مستحقین میں تقسیم کر سکتا ہے۔

سوال : سونے اور چاندی کا کیا نصاب ہے؟

جواب : سونے کا نصاب ساڑھے سات تولے اور چاندی کا نصاب ساڑھے باون تولے ہے:

سوال : کیا رہائشی مکانات پر زکوۃ واجب ہے؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : اکتساب مال کے ناجائز ذرائع کون کون سے ہیں؟

جواب : ہر وہ چیز جو اسلام میں حرام ہے۔ اس کی خرید و فروخت کرنا۔ مثلاً شراب' جوا' ہر قسم کی منشیات' قحبہ گری' رقص و سرود' چوری' ڈاکہ زنی' قتل گیری' اخسار میزان' دھوکا' فریب' ظلم و غصب' احتکار' خیانت' غلول' تحائف کی وصولی' سود وغیرہ۔

سوال : "وراثت" کی تعریف کریں؟

جواب : وراثت ایک غیر اختیاری انتقال ملکیت ہے۔ جس کے ذریعے ایک متوفی کا ترکہ اس کے حق میں بطریق خلافت منتقل ہو جاتا ہے۔

سوال : "ترکہ" سے کیا مراد ہے؟

جواب : کسی شخص کی وفات کے وقت اس کی تمام جائیداد منقولہ و غیر منقولہ' نقد و جنس جو اس کی ملکیت میں شرعاً ہو میت کا ترکہ ہے۔

سوال : نصاب سے کیا مراد ہے؟

جواب : مال کی وہ مقدار جس پر شریعت نے زکوۃ واجب کی ہے نصاب کہلاتی ہے۔

سوال : کیا تیس سے کم گائیوں پر زکوٰۃ واجب ہے؟
جواب : جی نہیں۔
سوال : رشوت کی مذمت میں ایک حدیث درج کریں؟
جواب : حضور پاکؐ کا ارشاد ہے۔
"الراشي والمرتشي كلاهما في النار"
ترجمہ۔ "رشوت لینے والا اور رشوت دینے والا دونوں جہنمی ہیں"۔
سوال : باہمی تعاون کے بارے میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : ارشاد باری تعالیٰ ہے :
"وتعاونوا على البر والتقوى" (المائدہ)
سوال : احتکار کی مذمت میں ایک حدیث نبوی تحریر کریں؟
جواب : حضور پاکؐ کا ارشاد ہے۔
"قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من احتكر فَهُوَ خاطئٌ"
ترجمہ۔ رسولؐ نے فرمایا۔ احتکار (ذخیرہ اندوزی) کرنے والا گنہگار ہے۔
سوال : ہر ایک اللہ کی ملکیت ہے اس موضوع پر ایک قرآنی آیت تحریر کریں؟
جواب : ارشاد باری تعالیٰ ہے۔
"لِلّٰہ ما فی السّمٰوٰت وما فی الارض"
سوال : مال کی حفاظت فرض ہے۔ اس موضوع پر ایک حدیث درج کریں؟
جواب : حضورؐ نے فرمایا۔
"قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قتل دون ماله فهو شهيد"
ترجمہ۔ "رسولؐ نے فرمایا جو شخص اپنے مال کی حفاظت میں مارا جائے وہ شہید ہے۔
سوال : ایک قرآنی آیت پیش کریں کہ انسان کو وہی ملتا ہے جس کی وہ کوشش کرتا ہے؟
جواب : ارشاد ربانی ہے۔
"وان ليس للانسان الا ما سعىٰ"
سوال : پروفیسر الفریڈ مارشل نے سرمائے کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے؟
جواب : "وہ تمام جمع شدہ دولت جو ایک عامل پیدائش کی حیثیت سے استعمال ہو۔ سرمایہ کہلاتی ہے۔
سوال : پروفیسر تھامس نے سرمائے کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے؟
جواب : دولت کا وہ حصہ جو دولت میں مزید اضافے کا باعث ہو۔ سرمایہ کہلاتا ہے۔
سوال : پروفیسر چیپ نے سرمائے کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی؟

جواب : "دولت کا وہ حصہ سرمایہ کہلاتا ہے۔ جو آمدنی کے حصول میں معاونت کرے"۔
سوال : لفظ سرمایہ کو عربی زبان میں کیا کہا جاتا ہے؟
جواب : راس المال۔
سوال : لفظ سرمایہ کو انگریزی زبان میں کیا کہا جاتا ہے؟
جواب : "کیپٹل" Capital۔
سوال : سرمایہ داری سے کیا مراد ہے؟
جواب : سرمایہ کی مدد سے مزید دولت یا پیداوار حاصل کرنے کے لئے جو عمل کیا جاتا ہے۔ سرمایہ داری کہلاتا ہے۔
سوال : سرمایہ اور دولت میں کیا فرق ہے؟
جواب : سرمایہ اس مال کو کہتے ہیں۔ جو مزید نفع یا پیداوار حاصل کرنے کے لئے استعمال کیا جائے۔ جبکہ ملکیتی اشیاء اور جمع شدہ مال دولت کہلاتا ہے۔
سوال : سرمائے کی اقسام کے نام لکھیں؟
جواب : اشیائے سرمایہ قائم و سرمایہ دائر' سرمایہ ساکت و سرمایہ متحرک' سرمایہ امدادی و سرمایہ اجرتی' محفوظ سرمایہ اللہ غیر محفوظ سرمایہ' مادی اور انسانی سرمایہ۔
سوال : سرمایہ دائر میں کونسی اشیاء شمار کی جاتی ہیں؟
جواب : وہ اشیاء جن کا وجود مستقل نوعیت کا نہیں ہوتا۔ اور ایک بار استعمال ہونے کے بعد دوبارہ عمل پیداوار میں استعمال نہیں ہو سکتیں"۔
سوال : اشیائے سرمایہ قائم سے کیا مراد ہے؟
جواب : جو اشیاء اپنے استعمال کے اعتبار سے مستقل اور پائیدار نوعیت کی ہوتی ہیں وہ اشیائے سرمایہ قائم کہلاتی ہیں۔
سوال : کسی کاروبار میں سرمایہ کتنی اشیاء کی اقسام میں لگایا جاتا ہے؟
جواب : دو اقسام کی اشیاء میں۔
سوال : امدادی سرمایہ سے کیا مراد ہے؟
جواب : وہ تمام اشیاء جو عمل پیداوار میں مدد و معاون ثابت ہوں۔ امدادی سرمایہ کہلاتی ہیں۔
سوال : اجرتی سرمائے سے کیا مراد ہے؟
جواب : جو سرمایہ عاملین پیداوار کو عملی پیداوار میں عملی حصہ لینے کے لئے معاوضہ کے طور پر ادا کیا جاتا ہے۔ وہ اجرتی سرمایہ کہلاتا ہے۔
سوال : محفوظ سرمایہ سے کیا مراد ہے؟
جواب : اگر سرمائے کو کسی سرمایہ کاری میں لگانے کے بعد یہ دعویٰ کیا جا سکے کہ سرمائے کو کوئی

سوال : سرمائے کے چار فرائض بیان کریں؟

جواب :

۱- ابتدائے کاروبار

۲- مشینوں کی فراہمی

۳- اجرتوں کی ادائیگی

۴- باربرداری کے اخراجات

سوال : کیا سرمائے کو اشتہار بازی کے اخراجات کے لئے رقم فراہم کرنی چاہئے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : مشین خریدنے سے پہلے کس چیز کا خیال رکھنا چاہئے؟

جواب : کیا خریدی ہوئی مشینوں کو اوپریٹ (Operate) کرنے کے لئے مین پاور موجود ہے۔

سوال : تیار مال کے لئے کونسی چیز کا خیال رکھنا چاہئے؟

جواب : یہ اشد ضروری ہے کہ اس سے پیشتر کہ مال تیار ہو جائے پہلے اس کی کھپت کے لئے زمین ہموار کی جائے۔

سوال : لیبر کی تنخواہ و رہائش کے بارے میں کس چیز کا خیال رکھنا چاہئے؟

جواب : لازمی ہے کہ کارخانے میں کام کرنے کے لئے مزدور اس جگہ پر دستیاب ہوں اور سستے ہوں بجز یہ انھیں اجرت دینے کے لئے سرمایہ موجود ہو۔ اس کے بعد اگر ممکن ہو تو مزدوروں کے لئے نزدیک رہائش ہو تاکہ مزدور وقت ضائع کئے بغیر کام کے لئے موجود رہیں۔

سوال : باربرداری سے کیا مراد ہے؟

جواب : خام مال کو کارخانوں تک لے آنا۔ تیار شدہ مال کو منڈیوں تک پہنچانا۔ ریل گاڑیوں ٹرکوں وغیرہ کا بندوبست کرنے کو باربرداری کہتے ہیں۔

سوال : اشتہار بازی سے کیا مراد ہے؟

جواب : اپنے مال کی صفات کو لوگوں تک پہنچانے کو اشتہار بازی کہتے ہیں۔

سوال : بچت سے کیا مراد ہے؟

جواب : کہ سرمائے کو کسی خاص مشکل وقت کے لئے بچانا۔ یا بچت کر کے وہ پیسہ کسی کاروبار میں لگانا۔ جس سے سرمایہ دار کو بھی فائدہ ہو۔ اور ملک بھی آسودہ حال ہو۔

سوال : اتفاقیہ اور غیر متوقع بچت کسے کہتے ہیں؟

جواب : کسی مشکل وقت کے لئے بچائے گئے پیسے کو اتفاقیہ اور غیر متوقع بچت کہتے ہیں۔

سوال : تخمینہ کاری سے کیا مراد ہے؟

جواب : سرمایہ دار لوگ وقتی حالات کا جائزہ لے کر بچت کرتے ہیں کہ فلاں چیز اگر ابھی خریدی جائے۔ تو فلاں وقت ہو سکتا ہے کہ اس کے دام بڑھ جائیں۔ تو اس سے منافع کمائیں

گے۔

سوال : شرح سود سے بچت کا رجحان کیسے پیدا ہوتا ہے؟

جواب : جب کبھی بینکوں یا مالیاتی اداروں میں شرح سود دلکش طور پر بڑھ جاتی ہے۔ تو سرمایہ دار کی توجہ اس طرف ہو جاتی ہے کہ وہ اپنے سرمائے کو اس میں invest کرے۔ اور اس طرح بچت کا رجحان پیدا ہوتا ہے۔

سوال : استعداد بچت سے کیا مراد ہے؟

جواب : اگر کسی چیز کی پیداوار خرچ سے زیادہ ہوگی۔ تو بچت ممکن ہے اور اگر پیداوار کم ہے۔ تو بچت بھی ناممکن ہوگی۔

دوم۔ حکومت کے محصولاتی نظام سے بھی اس کا گہرا تعلق ہے۔ کیونکہ اگر حکومت کی پالیسی جو برائے بچت ہے۔ اگر قابل اعتماد ہے۔ تو لوگ اس میں investment کریں گے۔ ورنہ نہیں۔

سوال : کینز نے سرمائے کی مختتم کارکردگی کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے؟

جواب : "سرمائے کی مختتم کارکردگی سے مراد سرمائے کی نئی اکائی کی متوقع پیداوار ہے"۔

سوال : سرمائے کی مختتم کارکردگی سے کیا مراد ہے؟

جواب : سرمایہ کاری کی مختتم کارکردگی سے مراد منافع کی وہ بلند ترین شرح ہے۔ جس کی سرمایہ کاری کے وقت آجر کو توقع ہوتی ہے۔

سوال : عمومی کارکردگی مختتم برائے سرمایہ سے کیا مراد ہے؟

جواب : "تمام مخصوص انفرادی کارکردگیوں میں سے بلند ترین کارکردگی ہے"۔

سوال : کیا سرمایہ کاری میں اضافے کی بناء پر سرمایہ کی مختتم کارکردگی گھٹنے کا رجحان رکھتی ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : کیا آبادی کے حجم میں اضافہ یا کمی سے سرمایہ کاری کی مختتم کارکردگی متاثر ہوتی ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : سرمائے کی انفرادی ملکیت سے کیا مراد ہے؟

جواب : اپنی کمائی ہوئی آمدنی، باپ یا بیوی کی چھوڑی ہوئی جائیداد کی آمدنی کو انفرادی ملکیت کہتے ہیں۔

سوال : اسلامی نظام معیشت کسے کہتے ہیں؟

جواب : اسلام میں مساوی تقسیم کی بجائے منصفانہ نظام کو اسلامی نظام معیشت کہتے ہیں۔

سوال : منصفانہ تقسیم سے کیا مراد ہے؟

جواب : کمائی میں حلال اور حرام کا خیال رکھنا منصفانہ تقسیم کہلاتا ہے۔

سوال : اسلام میں کون کون سے طریقہ کمائی کو حرام قرار دیا گیا ہے؟

جواب : رشوت' خیانت' قبہ گری' فحش پھیلانے والا کاروبار' شراب' جوا' سٹہ' سود' مسکرات کی صنعت و تجارت اور وہ تمام طریقے جو دھوکے یا دباؤ پر مبنی ہوں۔

سوال : احتکار سے کیا مراد ہے؟

جواب : اشیائے ضرورت کی چیزوں کو روک کر ذخیرہ کرنا۔ اور بازار میں نہ لے آنے کو احتکار کہتے ہیں۔

سوال : کیا اسلام نے احتکار کو حرام قرار دیا ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : اجارہ داری سے کیا مراد ہے؟

جواب : اجارہ داری سے مراد کسب معیشت کے کچھ مواقع اور ذرائع کسی مخصوص خاندان یا طبقوں کے لئے مخصوص کر دینا۔

سوال : قرآن پاک حقوق العباد میں سب سے پہلے کن لوگوں کا ذکر کرتا ہے؟

جواب : ماں باپ اور رشتے داروں کا۔

سوال : کیا قرآن پاک آدمی کی دولت پر اس کے ہمسایوں کا حق عائد کرتا ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : "اکتناز اور احتکار" کی مذمت میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب : وانفقوا مما رزقنکم من قبل ان یاتی احدکم الموت۔ (منافقون)۔
ترجمہ۔ "اور جو ہم نے تم کو دیا ہے اس میں سے اس سے پہلے ہی خرچ کر لو۔ کہ تم میں سے کسی کے پاس موت آموجود ہو"۔

سوال : کیا زکوۃ ٹیکس ہے؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : کیا زکوۃ عائد کرنے کے لئے کوئی پارلیمنٹ یا قانون ساز اسمبلی موجود ہے؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : کیا زکوۃ کو اللہ تعالیٰ نے عائد کیا ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : کیا اسلام میں زکوۃ اور خراج کے علاوہ کوئی اور ٹیکس ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : کیا اسلام نے مسلمانوں کو انفاق فی سبیل اللہ کا حکم دیا ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : پروفیسر مارشل نے محنت کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے؟

جواب : "ہر وہ دماغی یا جسمانی کاوش ہے جو جزوی یا کلی طور پر کسی ایسے مقصد کے لئے کی جائے

جو اس لطف سے مختلف ہو۔ جو اس کام کے کرنے سے براہ راست حاصل ہوتا ہے"۔

سوال : علم معاشیات میں محنت سے کیا مراد ہے؟

جواب : معاشیات میں محنت سے مراد ہر وہ دماغی یا جسمانی کام جو زر کے عوض سرانجام دیا جاتا ہے۔ محنت کہلاتا ہے۔

سوال : محنت کی کوئی سی چار خصوصیات بیان کریں؟

جواب :

۱- اشیاء و خدمات کی پیدائش

۲- مزدور کا محنت سے جدا نہ ہونا

۳- مادی معاوضہ

۴- رسد کی غیر لچک پذیری

سوال : کیا محنت کا تعلق اشیاء و خدمات کی پیدائش سے ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : کیا مادی معاوضے کے بغیر کیا گیا کام محنت کہلاتا ہے؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : کیا محنت کو ذخیرہ کرکے رکھا جا سکتا ہے؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : مزدور کی استعداد کار کے چار عوامل تحریر کریں؟

جواب :

۱- جسمانی توانائی

۲- ذاتی قابلیت

۳- تعلیم و فنی تربیت

۴- آب و ہوا

سوال : کیا گرم و مرطوب علاقے کے رہنے والے لوگ سست ہوتے ہیں؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : کیا نئی اور اچھی مشینوں کے استعمال سے محنت کی استعداد میں اضافہ ہوتا ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : کن مشینوں کا استعمال محنت کی استعداد میں کمی کا باعث ہوتا ہے؟

جواب : کمزور اور فرسودہ مشینوں کا استعمال۔

سوال : پیدائش دولت کتنے عاملین پیدائش کی مدد سے ہوتی ہے؟

جواب : چار عاملین پیدائش کی مدد سے۔

سوال : محنت کی کوئی سی چار کمزوریاں بیان کریں؟

جواب :

۱- اکتاہٹ

۲- بے روزگاری کا خطرہ

۳- احساس ذمے داری کا خاتمہ

۴- محنت کی منتقلی میں کمی

سوال : کیا پاکستان میں محنت کش طبقے کی اجرتوں کا معیار ترقی یافتہ ممالک کی نسبت پست ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : نظریہ استحصال کس نے پیش کیا تھا؟

جواب : کارل مارکس نے۔

سوال : نظریہ گذر اوقات کس صدی میں پیش کیا گیا؟

جواب : انیسویں صدی میں۔

سوال : کس نظریے میں محنت کی رسد پر توجہ دے کر طلب کو نظرانداز کر دیا گیا ہے؟

جواب : نظریہ گذر اوقات میں۔

سوال : اجرت فنڈ کا نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟

جواب : جے۔ ایس رل نے۔

سوال : جے ایس رل نے محنت کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے؟

جواب : "اجرتوں کا انحصار آبادی اور سرمائے کے باہمی تناسب پر ہوتا ہے۔ آبادی سے مراد محنت کار آبادی اور سرمایہ سے مراد وہ سرمایہ ہے۔ جس سے محنت خریدی جائے"۔

سوال : حق بقایا کا نظریہ کس امریکی ماہر معاشیات نے پیش کیا تھا؟

جواب : واکر نے۔

سوال : "نظریہ اجرت" کس نے پیش کیا تھا؟

جواب : ٹاؤزگ نے۔

سوال : محنت کی رسد سے کیا مراد ہے؟

جواب : "ایک معینہ وقت میں مخصوص محنت کاروں کی وہ مختلف تعداد ہے۔ جو خود کو مختلف شرح ہائے اجرت پر اپنی خدمات پیش کرتے ہیں"۔

سوال : محنت کی رسد کے کتنے مختلف پہلو ہیں؟

جواب : تین۔

سوال : محنت کی رسد کے تین پہلوؤں کے نام لکھیں؟

جواب :

۱- رسد برائے فرم

۲- رسد برائے صنعت

۳- رسد برائے معیشت

سوال : کیا فرم کے لئے محنت کی رسد مکمل طور پر لچکدار ہوتی ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : کیا معیشت کے لئے محنت کی رسد کا انحصار معاشی و معاشرتی حالات پر ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : کیا طویل مدت میں بھی محنت کی رسد بہت زیادہ لچک دار ہوتی ہے؟

جواب : طویل مدت میں محنت کی رسد بہت زیادہ لچکدار نہیں ہوتی۔

سوال : نسبتی اجرتوں سے کیا مراد ہے؟

جواب : "مختلف پیشوں یا ایک ہی پیشے میں مختلف محنت کاروں کو ملنے والی مختلف اجرتیں نسبتی اجرتیں کہلاتی ہیں"۔

سوال : کیا ایک ہی پیشے میں محنت کاروں کے مختلف درجات ہوتے ہیں؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : ویبز نے "مزدور انجمن" کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے؟

جواب : "مزدور انجمن ایک مسلسل ادارہ ہے۔ جسے اجرت کار اپنے حالات کار کو بہتر بنانے کیلئے تشکیل دیتے ہیں"۔

سوال : آبادی کے بارے میں سب سے پہلے کونسا نظریہ پیش کیا گیا تھا؟

جواب : مالتھس کا نظریہ آبادی۔

سوال : "مالتھس کا نظریہ آبادی" کس نے پیش کیا تھا؟

جواب : رابرٹ مالتھس۔

سوال : رابرٹ مالتھس کب پیدا ہوا؟

جواب : ۱۷۶۶ء میں۔

سوال : "An Essay On The Principles of Population" کے عنوان سے مقالہ کب لکھا تھا؟

جواب : ۱۷۹۸ء میں۔

سوال : مالتھس نے اپنے مقالے An Essay On The Principles Of Population کو کتنے عرصے بعد دوبارہ پیش کیا تھا؟

جواب : پانچ سال بعد۔

سوال : "مالتھس کا نظریہ آبادی" اپنی حتمی شکل میں کب سامنے آیا؟

جواب : ۱۸۰۳ء میں۔
سوال : کیا مالتھس نے آبادی کے بارے میں ایک حسابی کلیہ پیش کیا تھا؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : مالتھس کے خیال میں آبادی میں کس کی رفتار سے اضافہ ہوتا ہے؟
جواب : جیومیٹری کی رفتار سے۔
سوال : مالتھس کے خیال میں کیا اشیائے خوراک میں اضافہ حسابیہ رفتار سے وقوع پذیر ہوتا ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : مالتھس کے نظریے کے مطابق انسانی آبادی کتنے سال بعد دگنی ہو جاتی ہے؟
جواب : ہر ۲۵ سال بعد۔
سوال : مالتھس نے آبادی میں بے تحاشا اضافے کو روکنے کے سلسلے میں کن دو طریقوں پر زور دیا ہے؟
جواب :
۱۔ احتیاطی تدابیر
۲۔ قدرتی تدابیر
سوال : "جدید نظریہ آبادی" کس نے پیش کیا تھا؟
جواب : پروفیسر کینن (Cannon) اور اس کے حامیوں نے۔
سوال : جدید نظریہ آبادی کے مطابق کن دو امور کا لحاظ رکھ کر آبادی کے بارے میں فیصلہ کیا جا سکتا ہے کہ آبادی فاضل ہے' مناسب ہے یا کم ہے؟
جواب :
۱۔ قدرتی وسائل کی جسامت
۲۔ آبادی کا حجم
سوال : جدید نظریہ آبادی کے مطابق اگر آبادی معیاری سطح سے اوپر چلی جائے تو اسے کیا نام دیا جائے گا
جواب : افراط آبادی کا نام دیا جائے گا
سوال : "جدید نظریہ آبادی" کے مطابق اگر آبادی معیاری سطح سے نیچے آ جائے تو اسے کیا نام دیا جائے گا؟
جواب : تفریط آبادی۔
سوال : امریکہ کی آبادی اس وقت کتنی ہے؟
جواب : ۳۶ کروڑ۔

سوال : پاکستان کی آبادی کتنی ہے؟
جواب : ۱۴ کروڑ۔
سوال : موجودہ دور میں پیداوار کے دو اہم ذرائع کونسے ہیں؟
جواب : (۱) مزدور (۲) مشین۔
سوال : لیبر ویلفیئر سے کیا مراد ہے؟
جواب : وہ اقدامات ہیں جو حکومت قوانین کی شکل میں مزدوروں کے لئے کرتی ہے۔
سوال : فیکٹری ایکٹ مجریہ ۱۹۳۴ء کے مطابق فیکٹری میں کتنے مزدور کام کرتے ہوں۔ تو وہاں لیبر ویلفیئر آفسر کی تقرری لازمی ہو جاتی ہے؟
جواب : جہاں ڈھائی سو یا اس سے زائد مزدور کام کرتے ہوں۔ تو وہاں لیبر ویلفیئر آفسر کی تقرری لازمی ہو جاتی ہے۔
سوال : برصغیر میں سب سے پہلے فیکٹری ایکٹ کب پاس ہوا تھا؟
جواب : ۱۹۳۴ء میں۔
سوال : فیکٹریز ایکٹ مجریہ ۱۹۳۴ء کے مطابق مزدور سے ہفتے میں کتنے گھنٹے سے زیادہ کام نہیں لیا جا سکتا؟
جواب : ۴۸ گھنٹے سے زیادہ۔
سوال : قیام پاکستان کے بعد سب سے پہلی لیبر پالیسی کا اعلان کب ہوا؟
جواب : ۱۹۵۵ء میں۔
سوال : فیلڈ مارشل ایوب خان کے عہد میں نئی لیبر پالیسی کا اعلان کب ہوا؟
جواب : ۱۹۵۹ء میں۔
سوال : فیلڈ مارشل ایوب خان نے اقتدار کب سنبھالا؟
جواب : اکتوبر ۱۹۵۸ء میں۔
سوال : فیلڈ مارشل ایوب خان کب سبکدوش ہوئے؟
جواب : ۱۹۶۹ء میں۔
سوال : فیلڈ مارشل ایوب خان کی جگہ کس نے اقتدار سنبھالا؟
جواب : جنرل آغا یحییٰ خان نے۔
سوال : لیبر پالیسی مجریہ ۱۹۷۲ء کے مطابق لیبر کورٹ کتنے دن میں اپنا فیصلہ صادر فرماوے گا؟
جواب : بیس دن میں۔
سوال : لیبر پالیسی مجریہ ۱۹۷۲ء کے مطابق انتظامیہ ہر مزدور کے بچے کو کہاں تک تعلیم دلوائے گی؟
جواب : میٹرک تک۔

سوال : محنت کی عظمت کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب : "فامشوا فی مناکبھا وکلوا من رزقہ" (الملک۔ ۱۵)۔
ترجمہ۔ "اس کے اوپر چلو۔ اور اس کی روزی میں سے کھاؤ"۔

سوال : ٹھوس اور باضابطہ مقرر شدہ اجرت کو منصفانہ معیار پر لانے کے لئے کتنی شرائط کا ہونا ضروری ہے؟

جواب : تین شرائط کا۔

سوال : حضرت انسؓ نے کتنے سال تک نبی کریمؐ کی خدمت کی؟

جواب : دس سال تک۔

سوال : کیا حضورؐ نے رزق حلال کے لئے محنت کرنے والے کو جنت کی بشارت دی ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : زمین کے اندر جو معدنی دولت پوشیدہ ہے۔ اس کے بارے میں ایک حدیث درج کریں؟

جواب : "اطلبوا الرزق فی خبایا الارض"۔
ترجمہ۔ "روزی کو زمین کے پوشیدہ سرمائے میں تلاش کرو"۔

سوال : اسلامی معیشت کے چار اہم اصول درج کریں؟

جواب :

۱۔ محنت عار نہیں۔
۲۔ معذوروں کی کفالت۔
۳۔ آزاد معیشت۔
۴۔ منصفانہ اجرت کی ضمانت۔

سوال : کس سورت مبارکہ میں اللہ تعالٰی نے حضرت داؤد علیہ السلام پر اپنے خاص انعامات کا ذکر فرمایا ہے؟

جواب : سورۃ انبیاء میں۔

سوال : عوامی حکومت نے لیبر پالیسی مجریہ ۱۹۷۲ء کا اعلان کب کیا تھا؟

جواب : دس فروری ۱۹۷۲ء کو۔

سوال : لیبر پالیسی مجریہ ۱۹۷۲ء کے مطابق آڈیٹر کا معاوضہ کون ادا کرے گا؟

جواب : انتظامیہ ادا کرے گی۔

سوال : لیبر پالیسی مجریہ ۱۹۷۲ء کے مطابق مزدور انجمن آڈیٹر کس لئے مقرر کرے گی؟

جواب : اسٹور' ریکارڈ اور فیکٹری بلڈنگ کے معائنے کے لئے مزدور انجمن آڈیٹر مقرر کرنے کی مجاز ہوگی۔

سوال : لیبر پالیسی مجریہ ۱۹۷۲ء کے مطابق ... لازم

ہوگی؟
جواب : بیس فیصد محنت کشوں کی۔
سوال : لیبر پالیسی مجریہ ۱۹۷۲ء کے مطابق شاپ اسٹوارڈ سسٹم کس لئے نافذ کیا جائے گا؟
جواب : مزدور انجمن کو موثر بنانے اور انتظامیہ اور مزدوروں کے درمیان رابطے کا کام انجام دینے کے لئے۔
سوال : لیبر پالیسی مجریہ ۱۹۷۲ء میں کیا بینکوں کے لئے کلریکل اسٹاف کو اجتماعی سوداکاری کا حق دیا گیا تھا؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : لیبر پالیسی ۱۹۶۹ء میں مزدور انجمن کی مجلس عاملہ میں کتنے فیصد غیر متعلقہ افراد کی نمائندگی کو تسلیم کیا گیا تھا؟
جواب : ۲۵ فیصد افراد کی نمائندگی کو تسلیم کیا گیا۔
سوال : کیا لیبر پالیسی ۱۹۶۹ء میں تالہ بندی اور ہڑتال کے حق کو بحال کر دیا گیا تھا؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : کیا لیبر پالیسی ۱۹۶۹ء میں ادارے میں کسی ایک مزدور انجمن کی نمائندگی کو تسلیم کیا گیا تھا؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : کیا لیبر پالیسی ۱۹۶۹ء میں بازپرس کا نظام نافذ کیا گیا تھا؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : تنظیم کی تین بڑی قسموں کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) واحد آجر (۲) شراکت (۳) مشترکہ سرمائے کی کمپنی۔
سوال : کیا "واحد آجر" کی تنظیم کے لئے معمولی سرمایہ درکار ہوتا ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : "شراکت تنظیم" میں زیادہ سے زیادہ کتنے افراد شریک ہو سکتے ہیں؟
جواب : اس میں زیادہ سے زیادہ سات افراد شریک ہو سکتے ہیں۔
سوال : کون سے شرکاء غیر حاضر حصہ دار کہلاتے ہیں؟
جواب : وہ شرکاء جو ذاتی طور پر کاروبار کی نگرانی نہیں کرتے۔ بلکہ صرف سرمایہ کاری میں حصہ لیتے اور نفع و نقصان میں ساجھے ہوتے ہیں۔ وہ غیر حاضر حصہ دار کہلاتے ہیں۔
سوال : کیا شراکت بڑے پیمانے پر مانگ کو پورا کر سکتی ہے؟
جواب : جی نہیں۔
سوال : مشترکہ سرمائے کی کمپنیاں کتنی قسم کی ہوتی ہیں؟

جواب : دو قسم کی۔
سوال : مشترکہ سرمائے کی کمپنیوں کے نام لکھیں؟
جواب :
۱- پرائیوٹ محدود کمپنی
۲- پبلک محدود کمپنی
سوال : پرائیوٹ محدود کمپنی میں کم سے کم کتنے افراد شریک ہو سکتے ہیں؟
جواب : کم سے کم دو افراد اور زیادہ سے زیادہ کسی بھی تعداد میں افراد شریک ہو سکتے ہیں
سوال : مشترکہ سرمائے کی کمپنیاں کس کمپنی ایکٹ کے مطابق قائم کی جاتی ہیں؟
جواب : "کمپنی ایکٹ مجریہ ۱۹۱۳" کے مطابق۔
سوال : مشترکہ سرمائے کی کمپنیاں کس ذریعے سے اپنا سرمایہ جمع کرتی ہیں؟
جواب : حصص یا تمسکات کے ذریعے سے۔
سوال : مشترکہ سرمائے کی کمپنیوں کے امور کی نگرانی کس کے سپرد ہوتی ہے؟
جواب : ڈائریکٹروں کے ایک بورڈ کے سپرد۔
سوال : کیا مشترکہ سرمائے کی کمپنی بڑے پیمانے پر اشیاء تیار کر سکتی ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : پیداواری وسائل میں کسے مرکزیت حاصل ہے؟
جواب : زمین کو۔
سوال : قرآن پاک میں زمین کے لئے کونسی اصطلاح استعمال کی گئی ہے؟
جواب : "الارض" کی اصطلاح۔
سوال : کھیتی اور باغات کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : "فلینظر الانسان الی طعامه" (عبس)۔
سوال : کیا قرآن صرف محنت کے معاوضے کو جائز قرار دیتا ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : خرید و فروخت کے بارے میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : "احل اللّٰه البیع وحرّم الربوا"۔ (بقرہ)
ترجمہ۔ "اللہ نے خرید و فروخت کے معاملات کو حلال کیا ہے اور سودی کاروبار کو حرام کر دیا ہے"
سوال : ناپ تول کے بارے میں قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : "وزنوا بالقسطاس المستقیم" (ھود)۔
ترجمہ۔ "اور تول کرو برابر وزن کے ساتھ"

سوال : کتاب "حجۃ اللہ البالغہ" کے مصنف کا نام لکھیں؟
جواب : حضرت شاہ ولی اللہ۔
سوال : شراب اور جوئے کے ناپاک ہونے کے بارے میں قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : "انما الخمر والمیسر والانصاب والازلام رجس من عمل الشیطن فاجتنبوہ۔(مائدہ)۔
ترجمہ۔ "بے شک شراب، جوا، بت اور پانسے ناپاک ہیں کارِ شیطان ہیں پس ان سے بچو"۔
سوال : رسول کریمؐ نے کس کی کمائی کو بہترین کمائی قرار دیا ہے؟
جواب : مزدور کی کمائی کو۔
سوال : کس نے "اجارہ" کو تعاون اور معاونت میں شمار کیا ہے؟
جواب . شاہ ولی اللہ شاہ دہلوی نے۔
سوال : کیا بیع کو کاروبار فروشی کا حق سمجھنا چاہیے؟
جواب . جی ہاں۔
سوال . شرکت کی عام شکل کو فقہی اصطلاح میں کیا کہا جاتا ہے؟
جواب : شرکت العنان۔
سوال : کیا شرکت کی اختلافی شکل کو "شرکت المفاوضہ" کہا جاتا ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : کیا ہر سرمایہ دار کاروباری صلاحیتوں کا حامل ہوتا ہے؟
جواب : جی نہیں۔
سوال : کیا اللہ تعالیٰ نے بیع کو حلال قرار دیا ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : کیا نفع سرمائے کی لازمی صفت ہے؟
جواب : جی نہیں۔
سوال : نفع کا انحصار کس پر ہوتا ہے؟
جواب : آمدنی پر۔
سوال : کیا قرض سرمایہ بحفاظت واپس کی شرط پر دیا جاتا ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : کیا اسلام میں کاروباری اغراض کے لئے دیے جانے والے قرضوں پر سود جائز ہے؟
جواب : نہیں حرام ہے۔

جواب : ضمان سے۔

سوال : اسلامی قانون میں کرایہ کسے کہتے ہیں؟

جواب : اسلامی قانون میں کرایہ کسی چیز کے استعمال کے فائدوں کی قیمت کو کہتے ہیں۔

سوال : اجارے کے لغوی معنی کیا ہیں؟

جواب : فائدے کا معاوضہ۔

سوال : کیا نقد سرمائے کو کرائے پر دیا جا سکتا ہے؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : کیا کرائے کی آمدنی مالک کے لئے ایک جائز آمدنی ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : کیا زمین کی عمر غیر محدود ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : کیا شریعت نے زمین کو کرائے پر دینے کی اجازت دی ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : اسلام نے تجارت کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا ہے؟

جواب : دو حصوں میں۔

سوال : اسلام نے تجارت کو کونسے دو حصوں میں تقسیم کیا ہے؟

جواب :

۱۔ صحیح اصول تجارت

۲۔ فاسد اصول تجارت

سوال : تجارت کے متعلق قرآنی آیت درج کریں؟

جواب : ترجمہ۔ "اپنے اموال کو آپس میں باطل کی راہ سے نہ کھاؤ۔ بلکہ باہمی رضا کے ساتھ تجارت کی راہ میں نفع حاصل کرو"۔ (نساء)

سوال : رسول کریمؐ کے ارشاد کے مطابق کن تین شخصوں پر تکلیف شرعی عائد نہیں ہے؟

جواب :

۱۔ مجنوں پر

۲۔ سونے والے پر

۳۔ نابالغ بچے پر

سوال : کیا رسولؐ نے جبر اور زبردستی کی بیع کو کرنا جائز قرار دیا ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : تجارت کی ترقی و کامیابی میں کن دو چیزوں کو بہت دخل حاصل ہوتا ہے؟

جواب :
۱- شرح مبادلہ
۲- محصولات در آمد و بر آمد

سوال : تجارتی شعبوں میں اسلام نے امداد باہمی کے کون سے طریقے بیان کئے ہیں- نام لکھیں؟
جواب : (ا) مضاربہ (۲) معاوضہ (۳) عنان (۴) شرکت صنائع (۵) وجوہ-
سوال : رسول کریمؐ نے نبوت سے پہلے حضرت خدیجہؓ کے مال کی تجارت کس اصول کی بناء پر کی تھی؟
جواب : اصول مضاربہ پر-
سوال : حضور کریمؐ نے کس کی شرائط مضاربت کو پسند فرمایا تھا؟
جواب : حضرت عباسؓ کی-
سوال : شرکت صنائع سے کیا مراد ہے؟
جواب : شرکت صنائع اس قسم کے کاروبار کو کہتے ہیں جس میں چند ہم پیشہ صاحب صنعت و حرفت اپنے حرفہ کو شرکت کے ساتھ چلاتے اور نفع و نقصان کے شریک ہو جاتے ہیں-
سوال : کیا نیلام کے ذریعے اشیاء کو فروخت کرنا اسلام میں جائز ہے؟
جواب : جی ہاں-
سوال : رسولؐ نے کس کے ہاتھ ایک شخص کے غلام کو ہراج کے ذریعے فروخت کیا تھا؟
جواب : نعیم بن نحّامؓ کے ہاتھ-
سوال : خالص اجارہ داری کی تعریف بیان کریں؟
جواب : "اجارہ داری کی وہ قسم ہے- جس میں خریدار تو محدود نہیں ہوتے- لیکن فروشندہ یا پیدا کار صرف ایک ہوتا ہے جسے صنعت کی پوری پیداوار پر مکمل کنٹرول حاصل ہوتا ہے- اور جسکی اشیاء کی نعم البدل شے کوئی نہیں ہوتی"-
سوال : شرکت وجوہ کسے کہتے ہیں؟
جواب : شرکت وجہ اس تجارت کا نام ہے کہ بغیر مال کے چند افراد کے درمیان ساری عمل و محنت اور کسب و اکتساب پر شرکت ہو جاتی ہے- اور وہ خرید و فروخت اور نفع و نقصان میں بھی برابر کی شریک رہتی ہے-
سوال : احتکار کے بارے میں رسولؐ نے کیا فرمایا؟
جواب : "کہ احتکار کرنے والا خطاکار ہے- اور اس پر خدا کی پھٹکار ہے"-
سوال : اللہ تعالٰی نے کن اشیاء کی خرید و فروخت کو حرام قرار دیا ہے؟
جواب : شراب' مردار' خنزیر اور بتوں کی خرید و فروخت کو-
سوال : معیشت کی تلاش کے متعلق قرآنی آیت درج کریں؟

جواب : "وجعلنا النهار معاشا"۔
ترجمہ۔ "تم دن معیشت کی تلاش میں گزارو۔ تاکہ رات کو آرام کر سکو"۔
سوال : اسلامی معیشت میں کن تین عاملین پیدائش کے درمیان دولت کی تقسیم ہوتی ہے؟
جواب : (۱) سرمایہ (۲) زمین (۳) محنت۔
سوال : اسلام دولت کی تقسیم کے لئے کن تین باتوں کو ضروری سمجھتا ہے؟
جواب :
۱۔ قابل عمل نظام معیشت کا قیام۔
۲۔ مستحق کے حقوق کی ضمانت۔
۳۔ ارتکاز دولت کا انسداد۔
سوال : پیداوار کے لئے استعمال ہونے والے مادی وسائل کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟
جواب : دو قسمیں۔
سوال : کیا اسلام مزدور کو اجرت دینے کے سلسلے میں رسد اور طلب کی مناسبت کو تسلیم کرتا ہے؟
جواب : جی نہیں۔
سوال : اسلامی نظریہ حیات کے مطابق ایک مسلمان کی زندگی کن دو حصوں میں بٹی ہوئی ہے؟
جواب : (۱) دنیوی زندگی (۲) آخرت کی زندگی۔
سوال : کونسی زندگی دائمی زندگی ہے؟
جواب : آخرت کی زندگی۔
سوال : اسلام نے کس زندگی پر زیادہ زور دیا ہے؟
جواب : آخرت کی زندگی پر۔
سوال : کیا اسلام نے آخرت میں فلاح حاصل کرنے کے لئے اصول مرتب کئے ہیں؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : کیا دنیا کی زندگی عارضی زندگی ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : کن باتوں پر عمل کر کے انسان آخرت میں فلاح حاصل کرتا ہے؟
جواب : احکام الٰہی اور شریعت پر عمل کر کے۔
سوال : جدید معیشت میں کونسے چار عاملین پیدائش مقرر کئے گئے ہیں؟
جواب : (۱) سرمایہ (۲) زمین (۳) محنت (۴) تنظیم
سوال : زمین کی پیداوار کا انحصار کس پر ہوتا ہے؟
جواب : موسم پر۔

سوال : اسلامی معیشت میں سرمائے کا معاوضہ کیا رکھا گیا ہے؟
جواب : منافع۔
سوال : کیا اسلامی معیشت میں زمین کا معاوضہ لگان ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : اسلام ایک فرد کی طرف دولت کے انتقال کی کتنی صورتیں معین کرتا ہے؟
جواب : تین صورتیں۔
سوال : اسلام ایک فرد کی طرف دولت کے انتقال کی کونسی تین صورتیں معین کرتا ہے۔؟
جواب : (۱) وراثت (۲) ہبہ (۳) کسب۔
سوال : کیا اسلام میں کوئی شخص اپنی دولت کو فسق و فجور میں صرف کر سکتا ہے؟
جواب : جی نہیں۔
سوال : بیت المال کے بارے میں اسلام نے کیا فیصلہ دیا ہے کہ وہ کس کا مال ہے؟
جواب : اللہ اور مسلمانوں کا مال ہے۔
سوال : قرآن مجید میں کتنے مقامات پر انفاق کا ذکر ہے؟
جواب : (۷۰) ستر سے زائد مقامات پر۔
سوال : قرآن مجید میں کتنے مقامات پر اقامت صلوٰۃ کے ساتھ ایتائے زکوٰۃ کا ذکر ہے؟
جواب : (۳۰) تیس سے زائد مقامات پر۔
سوال : انفاق پر غیر معمولی زور دینے کی وجہ پر قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : ترجمہ۔ "تاکہ وہ تمہارے مال داروں ہی کے درمیان گردش نہ کرتا رہے"۔ (الحشر۔ ۷)۔
سوال : اللہ کی راہ میں مال خرچ کرنے کے بارے میں قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : "تم میں سے کون ہے۔ جو اللہ کو قرضِ حسنہ دے۔ کہ اللہ اس سے کئی گنا بڑھا کر واپس کر دے۔ گھٹانا بھی اللہ کے اختیار میں ہے اور بڑھانا بھی اور تمہیں اسی کی طرف پلٹ کر جانا ہے"۔ (البقرہ۔۲۴۵)
سوال : انفاق کی مد میں کتنی طرح کے افراد کا حق ادا کرنا لازمی ٹھہرایا گیا ہے؟
جواب : تین طرح کے افراد۔
سوال : انفاق کی مد میں کونسے افراد کا حق ادا کرنا لازمی ٹھہرایا گیا ہے؟
جواب : (۱) مسافر (۲) حاجت مند (۳) وہ شخص جو شدید حالت اضطرار میں ہو۔
سوال : حضرت عمرؓ نے اپنے دور خلافت میں شہریوں کے معاشی حقوق کے سلسلے میں کن ضروریات کی فراہمی حکومت کے ذمے رکھی تھی؟
جواب :

۱۔ خوردونوش کا ضروری سامان۔
۲۔ سردی اور گرمی کے کپڑے
۳۔ نقل و حمل، حج اور جہاد کے لئے سواری

سوال : سرمایہ دار ممالک میں قومی پیداوار کا کتنا حصہ محنت کرنے والے کو ملتا ہے؟
جواب : قومی پیداوار کا تین چوتھائی حصہ۔
سوال : معاشی کاروبار کی آزادی کی صورت میں تقسیم دولت کی عدم مساوات کی عام طور پر کتنی معاشی وجوہات گنوائی جاتی ہیں؟
جواب : چار معاشی وجوہات۔
سوال : اسلام میں کن دو باتوں کو پیداوار دولت میں اہم سمجھا گیا ہے؟
جواب : (۲) نجی جائیداد کے حق (۲) شخصی کاوشوں کو۔
سوال : کیا اسلام نے فرد کو حرکت، محنت اور کوشش کی تاکید کی ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : کیا اسلام میں دولت کی عدم مساوات کو تسلیم کیا گیا ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : کیا اسلام میں زمین پر ملکیت کے حق کو تسلیم کیا گیا ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : کس نے [illegible] کے لئے زراعت کو ممنوع قرار دیا تھا؟
جواب : حضرت عمرؓ نے
سوال : کن خلیفہ راشد نے اپنے دور خلافت میں زمین بٹائی پر دی تھیں؟
جواب : حضرت علیؓ نے۔
سوال : موجودہ دور میں منصفانہ تقسیم دولت کے لئے کس آمدنی کو زیادہ موزوں سمجھا جاتا ہے؟
جواب : محنت سے حاصل ہونے والی آمدنی کو۔
سوال : سونے کو چاندی کے مقابلے میں کتنے گنا قیمتی مانا گیا تھا؟
جواب : تقریباً (۷) سات گنا
سوال : ٹیکس جمع کرنے کا اختیار کسے حاصل ہے؟
جواب : حکومت کو۔
سوال : غیر مسلم کاشت کار کیا ادا کرتے تھے؟
جواب : خراج۔
سوال : جزیہ اور خراج کی شرح متعین کرنے کا حق کسے حاصل تھا؟
جواب : حکومت کو۔

سوال : رشوت سے کیا مراد ہے؟
جواب : رشوت سے مراد وہ رقم یا چیز جو آپ کسی سے اس کا جائز کام کرنے کے صلے میں یا ناجائز کام کرنے کے بدلے میں حاصل کرتے ہیں۔ رشوت کہلاتی ہے۔
سوال : کن غیر مسلم شہریوں سے جزیہ نہیں لیا جاتا تھا؟
جواب : دفاعی خدمات انجام دینے والوں سے جزیہ نہیں لیا جاتا تھا۔
سوال : خراج سال میں کتنی بار لیا جاتا تھا؟
جواب : ایک بار۔
سوال : کن بچوں کے لئے روزینے مقرر کئے جاتے تھے؟
جواب : لاوارث بچوں کے لئے۔
سوال : منافع کسے کہتے ہیں؟
جواب : "منافع وہ رقم ہے۔ جو آجر کے پاس اپنے تمام واجبات ادا کرنے کے بعد باقی بچ رہتی ہے"۔
سوال : خام منافع کتنی اقسام کی آمدنیوں پر مشتمل ہوتا ہے؟
جواب : دو اقسام کی آمدنیوں پر۔
سوال : خام منافع کونسی دو اقسام کی آمدنیوں پر مشتمل ہوتا ہے؟
جواب : ۱۔ منافع کے علاوہ دیگر وصولیوں کا مجموعہ۔ ۲۔ خالص منافع۔
سوال : خام منافع کن وصولیوں پر مشتمل ہوتا ہے؟
جواب :
۱۔ زمین کا لگان
۲۔ سرمایہ کا سود
۳۔ تنظیمی معاوضہ
۴۔ غیر معمولی صلاحیت کا معاوضہ
۵۔ خطرے کا معاوضہ
سوال : ماہرین معاشیات نے منافع کی تعریف کن الفاظ میں بیان کی ہے؟
جواب : "منافع بے حد مخصوص قسم کے انسانی ذریعہ پیداوار یعنی آجرانہ صلاحیت کا معاوضہ ہے"۔
سوال : منافع کا متحرک نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟
جواب : امریکی معیشت دان جے۔بی۔کلارک نے۔
سوال : منافع بطور لگان کا نظریہ کس امریکی ماہر معاشیات نے پیش کیا تھا؟
جواب : پروفیسر ایف۔اے۔واکر نے۔

سوال : منافع بطور اجرت کا نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟
جواب : پروفیسر ٹاوزگ نے۔
سوال : کس نے منافع کو مخصوص قسم کی اجرت قرار دیا ہے؟
جواب : پروفیسر ٹاوزگ نے۔
سوال : منافع کا خطرہ برداشت کرنے کا نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟
جواب : پروفیسر ہاوئے نے۔
سوال : پروفیسر ہاوئے نے منافع کا خطرہ برداشت کرنے کا نظریہ" کب اور اپنی کس کتاب میں بیان کیا ہے؟
جواب : ۱۹۰۷ء میں اپنی کتاب Enterrise and the productive process میں۔
سوال : پروفیسر ہاوئے کے خیال میں کاروباری خطرے کتنی اقسام کے ہوتے ہیں؟
جواب : دو اقسام کے۔
سوال : منافع کے تعین کے لئے پروفیسر نائٹ نے کونسا نظریہ پیش کیا تھا؟
جواب : "نظریہ منافع غیر یقینیت کا معاوضہ"۔
سوال : پروفیسر نائٹ کے خیال میں خطرہ برداشت کس کی ذمہ داری ہے؟
جواب : بیمہ کمپنیوں کی۔
سوال : غیر یقینیت کے اسباب کس نے بیان کیے تھے؟
جواب : جے۔ ایل ڈینن نے
سوال : جے ایل ڈینن نے غیر یقینیت کے جو اسباب بیان کئے تھے ان میں سے کوئی سے چار لکھیں؟
جواب : (۱) آبادی (۲) فیشن (۳) آمدنی (۴) طریقہ پیداوار۔
سوال : کیا سرمایہ اور غیر یقینیت دونوں مل کر منافع کا سبب بنتے ہیں؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : اسلام نے کس منافع کو ناجائز قرار دیا ہے؟
جواب : اجارہ داری سے حاصل کردہ منافع کو۔
سوال : شرعی اصطلاح میں کنز سے کیا مراد ہے؟
جواب : شرعی اصطلاح میں کنز سے مراد وہ مال ہے۔ جس کی زکوۃ ادا نہ کی جائے۔
سوال : یہ کس خلیفہ نے کہا تھا کہ جو شخص چالیس روز تک غلے کا ذخیرہ کئے رہتا ہے۔ اس کا دل سیاہ ہو جاتا ہے؟
جواب : حضرت علیؓ نے۔
سوال : بخل کے بارے میں قرآنی آیت درج کریں؟

جواب : ترجمہ۔ "جو لوگ مال میں جو خدا نے اپنے فضل سے ان کو عطا فرمایا ہے۔ بخل کرتے ہیں وہ اس بخل کو اپنے حق میں اچھا نہ سمجھیں۔ بلکہ وہ ان کے لئے برا ہے۔ وہ جس مال میں بخل کرتے ہیں۔ قیامت کے دن اس کا طوق بنا کر ان کی گردنوں میں ڈالا جائے گا۔ (آل عمران ۱۸۰)۔

سوال : کیا بخل انسان کی ہلاکت کا سبب ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : اسلام نے خلافت پر معاش کے سلسلے میں جو ذمے داریاں عائد کی ہیں۔ انہیں کتنے حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟

جواب : دو حصوں میں۔

سوال : اسلامی معیشت میں بیت المال کی کیا حیثیت ہے؟

جواب : سرکاری خزانے کی۔

سوال : بیت المال کی آمدنی کن ذرائع سے حاصل ہوتی ہے؟

جواب : (۱) عشر (۲) خراج (۳) جزیہ (۴) زکوۃ (۵) صدقات (۶) فی (۷) خمس (۸) ضرائب (۹) کراء الارض (۱۰) عشور (۱۱) وقف (۱۲) اموال فاضلہ۔

سوال : بیت المال کی آمدنی کن مدات پر خرچ ہوتی ہے؟

جواب : (۱) رفاہ عامہ (۲) وظائف تعلیمی و فوجی و انفرادی (۳) مصارف ثمانیہ (۴) شعبہ ہائے حکومت کے مصارف۔

سوال : کس خلیفہ نے سب سے پہلے مردم شماری کے رجسٹر قبائل اور منازل کے لحاظ سے مرتب کرائے تھے؟

جواب : حضرت عمر فاروق ؓ نے۔

سوال : اسلامی حکومت میں کتنی قسم کی رعایا حقوق شہریت سے مستفید ہوتی ہے؟

جواب : دو قسم کی رعایا۔ مسلم اور ذمی۔

سوال : کس کے دور خلافت میں جہاد بالسیف میں شریک ہونے والوں کے لئے وظائف مقرر کئے گئے تھے؟

جواب : حضرت عمر فاروق ؓ کے دور خلافت میں۔

سوال : جہاد بالسیف میں شریک ہونے والوں کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا؟

جواب : دو حصوں میں۔

سوال : جہاد بالسیف میں شریک ہونے والوں کو کن دو حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا؟

جواب : (۱) ریگولر فوج (۲) ریزرو فوج میں۔

سوال : معاشی وسائل کی بنیادیں کس پر قائم ہیں؟

جواب : زراعت۔ صنعت اور تجارت پر۔

سوال : اسلام نے کس کسب معاش کو بہتر اور افضل طریقہ معاش کہا ہے؟
جواب : زراعت کو۔
سوال : تجارت اور صنعت کی ترقی کا دارومدار کس پر ہے؟
جواب : زراعت پر۔
سوال : کیا رسولؐ نے جرف میں خود کاشت کاری کی تھی؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : کیا کاشت کاری کے عمل کو صدقہ جاریہ کی حیثیت حاصل ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : اسلام نے زراعت کی ترقی و توسیع کے لئے کونسے اقدامات کئے ہیں؟
جواب :

۱۔ مال گزاری کا تعین
۲۔ کاشت کاروں کے حقوق
۳۔ تخفیف لگان اور مال گزاری

سوال : کیا خلیفہ کوئی جائیداد تحویل میں لے کر اس سے خود استفادہ حاصل کرنے کا مجاز ہے؟
جواب : جی نہیں۔
سوال : پولیس اور فوج کا شعبہ کس کی نگرانی میں ہونا چاہئے؟
جواب : حکومت کی نگرانی میں۔
سوال : حکومت کے تمام اخراجات کہاں سے پورے کئے جاتے ہیں؟
جواب : بیت المال سے۔
سوال : حضرت عمر فاروقؓ کے زمانے میں محکمہ اعداد و شمار کس لئے قائم کیا گیا؟
جواب : معاشی نظام کو کنٹرول کرنے کے لئے۔
سوال : سکہ سازی کا کام کہاں ہوتا ہے؟
جواب : دارالضرب میں۔
سوال : دارالضرب کا ادارہ کس کی تحویل میں ہوتا ہے؟
جواب : حکومت کی تحویل میں۔
سوال : دارالضرب کو کس سے علیحدہ رکھا گیا ہے؟
جواب : بیت المال سے۔
سوال : کیا پروفیسر پیگو نے فلاحی ریاست اور فلاحی معیشت پر کتابیں لکھی ہیں؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : کیا اسلام نے فقر و فاقہ کے خلاف باقاعدہ جہاد کا اعلان کیا ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : رزق کی تلاش کے بارے میں قرآنی آیت درج کریں؟

جواب : ترجمہ۔ "پس جب نماز ادا ہو چکے تو زمین میں پھیل جاؤ۔ اور اللہ کا فضل (روزی) تلاش کرو۔ (الجمعہ - ۱۰)۔

سوال : ہجرت کرنے کے بارے میں ایک قرآنی آیت لکھیں؟

جواب : "اور جو اللہ کی راہ میں ہجرت کرے گا۔ وہ زمین میں پناہ لینے کے لئے بہت جگہ اور بسر اوقات کے لئے بڑی گنجائش پائے گا"۔ (النساء۔ ۱۰۰)۔

سوال : زکوۃ کے لفظی معنی کیا ہیں؟

جواب : پاکیزگی اور نمو۔

سوال : شریعت کی اصطلاح میں زکوۃ کسے کہتے ہیں؟

جواب : مال کے اس مخصوص حصے کو جسے اللہ کے حکم کے مطابق فقیروں اور محتاجوں وغیرہ کو دے کر انہیں اس کا مالک بنا دیا جاتا ہے۔

سوال : "نصاب" سے کیا مراد ہے؟

جواب : مال کی وہ مقدار جس پر شریعت نے زکوۃ واجب کی ہے۔ نصاب کہلاتی ہے۔

سوال : "شرح" سے کیا مراد ہے؟

جواب : جس نسبت سے مال میں سے زکوۃ نکالی جائے اسے شرح کہا جاتا ہے۔

سوال : عربی زبان میں لفظ "فقیر" کس کے مقابلے میں بولا جاتا ہے؟

جواب : غنی کے مقابلے میں۔

سوال : زکوۃ کے چار مقاصد لکھیں؟

جواب :

۱- تزکیہ نفس
۲- رضائے الٰہی
۳- پاک کمائی
۴- عمدہ شے

سوال : تزکیہ نفس کے متعلق ایک قرآنی آیت پیش کریں؟

جواب : خذ من اموالھم صدقۃ تطھرھم و تزکیھم بھا" (توبہ - ۱۰۳)۔
ترجمہ۔ "ان کے مالوں میں سے صدقہ لو۔ جس کے ذریعے انہیں پاک کرو گے۔ اور ان کا تزکیہ کرو گے"۔

سوال : پاک کمائی کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب : "یا ایھا الذین امنوا انفقوا من طیبات ما کسبتم" (البقرہ - ۲۶۷)۔

ترجمہ۔ "اے ایمان والو اپنی پاک کمائی سے خرچ کرو"۔

سوال : دکھلاوے کے لئے صدقہ دینے والوں کے متعلق ایک حدیث درج کریں؟

جواب : "من تصدق برائی فقد اشرک"

ترجمہ۔ "جس نے دکھلاوے کے لئے صدقہ دیا۔ اس نے شرک کیا"۔

سوال : غرباء کی کفالت کے متعلق ایک قرآنی آیت پیش کریں؟

جواب : "والذین فی اموالھم حق معلوم للسائل والمحروم" (المعارج ۲۴-۲۵)

سوال : اسلام نے زکوٰۃ کے لئے کونسے دو الفاظ استعمال کیے ہیں؟

جواب : ایک "صدقے" کا اور دوسرا "انفاق فی سبیل اللہ" کا۔

سوال : صدقے کا لفظ کس سے بنا ہے؟

جواب : صدق سے۔

سوال : لفظ "صدقہ" کے کیا معنی ہیں؟

جواب : سچائی اور خلوص کے۔

سوال : "انفاق فی سبیل اللہ" کے کیا معنی ہیں؟

جواب : "اللہ کی راہ میں خرچ کرنا"۔

سوال : لفظ صدقہ قرآن پاک میں کتنی بار آیا ہے؟

جواب : پانچ بار۔

سوال : تنگ دست مقروض کو معاف کر دینے کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب : "وان کان ذو عسرہ فنظرۃ الی میسرۃ و ان تصدقوا خیر لکم ان کنتم تعلمون" (۲۸۰-۲)۔

ترجمہ۔ "اگر مقروض تنگ دست ہے۔ تو اسے اتنی مہلت دو۔ کہ وہ قرض بسہولت ادا کر سکے۔ اور اگر تم اسے بالکل معاف کر دو۔ تو یہ تمہارے لئے بہت ہی اچھا ہے۔ بشرطیکہ تم دور رس نگاہ سے دیکھ سکو۔ کہ اس میں کس قدر اجتماعی مفاد مضمر ہے"۔

سوال : لفظ "عشر" کے لفظی معنی کیا ہیں؟

جواب : دسواں حصہ۔

سوال : کیا امام شافعی "شہد پر عشر واجب ہونے کے قائل ہیں؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : کیا مکان یا مقبرے کے اندر پیداوار پر عشر لیا جا سکتا ہے؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : کیا پتوں پر عشر واجب ہے؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : حضرت سعد بن ابی وقاص کی کتنی بیٹیاں تھیں؟

جواب : ایک۔

سوال : کیا مسلمان کافر کا اور کافر مسلمان کا وارث ہے؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : کس نے احکام وراثت کو منفعلہ قرار دیا ہے؟

جواب : ڈاکٹر ہان گستاذلی نے۔

سوال : انفاق کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب : "ویسئلونک ماذا ینفقون قل العفو" (البقرہ۔ ۲۱۹)۔

ترجمہ۔ "اور یہ لوگ آپ سے دریافت کرتے ہیں۔ کہ کتنا انفاق کریں۔ کہیے جو کچھ (تمہاری اپنی ضروریات سے) فاضل ہو"۔

سوال : مکمل کریں۔ "خذ من اموالھم صدقتہ تطھرھم---؟

جواب : وتزکیھم بھا وصل علیھم ان صلوتک سکن لھم" (التوبہ۔ ۱۰۳)

سوال : دوسروں سے نیک سلوک کرنے کے بارے میں ایک قرآنی آیت پیش کریں؟

جواب : "وبالوالدین احسانا وبذی القربی والیتمی والمسکین والجار ذی القربی والجار الجنب والصاحب بالجنب وابن السبیل وما ملکت ایمانکم" (النساء۔ ۳۶)۔

ترجمہ۔ "اور نیک سلوک کرو۔ اپنے ماں باپ کے ساتھ اور اپنے رشتہ داروں اور نادار مسکینوں اور قرابت دار پڑوسیوں اور اجنبی ہمسایوں اور پاس بیٹھنے والے ساتھیوں اور مسافروں اور اپنے لونڈی غلاموں کے ساتھ"۔

سوال : مہمان نوازی کے متعلق ایک حدیث پیش کریں؟

جواب : "مہمان کی ایک رات (ضیافت کرنا) ہر مسلمان پر فرض ہے جس کے صحن میں (مہمان) صبح کرے۔ اس پر یہ حق فرض ہے۔ (مہمان) چاہے۔ تو اس کا تقاضا کرے۔ اور چاہے تو چھوڑ دے"۔

سوال : مہمان نوازی کی مدت کتنے دن ہے؟

جواب : تین دن۔

سوال : سورۃ آل عمران کی آیت ۱۳۵ میں کیا حکم ہے؟

جواب : ترجمہ۔ "اے ایمان والو تم سود در سود کو ہرگز ذریعہ معاش نہ بناؤ۔ اور اللہ سے ڈرو۔ تاکہ تم فلاح حاصل کرو"۔

سوال : مہاجنوں کو سود پر قرض کون دیتا ہے؟

جواب : مہاجن یا ساہوکار۔
سوال : زرعی قرضے کہاں سے لئے جاتے ہیں؟
جواب : زرعی بینکوں اور کوآپریٹو بینکوں سے۔
سوال : حکومت لوگوں سے قرض کیسے لیتی ہے؟
جواب : تمسکات جاری کر کے۔
سوال : بینک منافع حاصل کرنے کے لئے کن صورتوں میں سرمایہ کاری کرتے ہیں؟
جواب :
۱۔ حکومت کے تمسکات خریدتے ہیں۔
۲۔ عمارتیں بناتے ہیں۔ جن سے کرایہ وصول ہوتا ہے۔
۳۔ صنعتیں قائم کرتے ہیں۔ جن سے مستقل آمدنی ہوتی ہے۔
۴۔ دوسری کمپنیوں کے حصص خریدتے ہیں۔ اور ان سے منقسمہ حاصل کرتے ہیں۔
سوال : سود کو کاروبار کے لئے حرام قرار دے کر کس طریقے کو رائج کیا جا سکتا ہے؟
جواب : مضاربت کے طریقے کو۔
سوال : بینکوں میں نفع و نقصان شراکتی کھاتہ کب جاری کیا گیا؟
جواب : ۱۹۸۱ء میں۔
سوال : بینک میں نفع و نقصان شراکتی کھاتے میں پہلے سال کتنی رقم جمع ہوئی تھی؟
جواب : چھ بلین روپے۔
سوال : بینک میں نفع و نقصان شراکتی کھاتے میں ۸۲ء میں کتنی رقم جمع ہوئی تھی؟
جواب : پندرہ بلین روپے۔
سوال : جو لوگ کمپنی کے حصص خریدتے ہیں انہیں کیا کہا جاتا ہے؟
جواب : کمپنی کے حصص دار کہا جاتا ہے۔
سوال : مشترکہ سرمایہ کی کمپنیاں سرمایہ فراہم کرنے کے لئے کیا جاری کرتی ہے؟
جواب : حصص جاری کرتی ہیں۔
سوال : مشترکہ سرمایہ کمپنی کا مالک کون ہوتا ہے؟
جواب : حصص دار۔
سوال : کمپنی کے منافع سے حصص دار کو کیا ملتا ہے؟
جواب : منقسمہ ملتا ہے۔
سوال : اسلامی نقطہ نظر سے مشترکہ سرمایہ کمپنی کس دائرے میں شمار ہوتی ہے؟
جواب : شراکت کے دائرے میں۔
سوال : کس نے کہا تھا کہ سکاٹ لینڈ اپنے ہاں انگوروں کی کاشت کر کے بڑی اچھی شراب

تیار کر سکتا ہے؟

جواب : آدم سمتھ نے۔

سوال : ۱۹۴۰ء میں برطانیہ کا وزیراعظم کون تھا؟

جواب : سر ونسٹن چرچل۔

سوال : ربڑ کی پیداوار سب سے زیادہ کہاں ہوتی ہے؟

جواب : انڈونیشیا میں۔

سوال : پٹ سن کی پیداوار سب سے زیادہ کس ملک میں ہوتی ہے؟

جواب : بنگلہ دیش میں۔

سوال : کیا پاکستان اعلیٰ درجے کی کپاس پیدا کرنے میں مشہور ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : انگریزوں نے برصغیر پر کتنے سال حکومت کی؟

جواب : دو سو سال۔

سوال : کیا اسلامی نقطہ نظر سے بین الاقوامی لین دین کا موجودہ طریقہ کار درست ہے؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : بین الاقوامی ہنڈی کتنی مدت کے لئے بنائی جاتی ہے؟

جواب : چھ ماہ کے لئے۔

سوال : کیا بین الاقوامی لین دین میں زرمبادلہ استعمال ہوتا ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : پاکستان کا ریزرو بینک آف انڈیا سے کتنے عرصے تک کا معاہدہ تھا؟

جواب : ۳۰ دسمبر ۱۹۴۸ء تک۔

سوال : پاکستان نے ریزرو بینک آف انڈیا سے کتنے ماہ پہلے معاہدہ ختم کر دیا تھا؟

جواب : تین ماہ پہلے۔

سوال : سٹیٹ بینک آف پاکستان کا افتتاح کب اور کس نے کیا تھا؟

جواب : یکم جولائی ۱۹۴۸ء کو قائداعظم محمد علی جناح نے۔

سوال : کس کی قیادت میں سٹیٹ بینک آف پاکستان کے انتظام و انصرام کا ابتدائی خاکہ تیار کیا گیا تھا؟

جواب : (مرحوم) زاہد حسین کی قیادت میں۔

سوال : سٹیٹ بینک آف پاکستان کے اختیارات میں کس ایکٹ کے تحت اضافہ کیا گیا؟

جواب : ایکٹ ۱۹۵۶ء کے تحت۔
سوال : سٹیٹ بینک آف پاکستان کے قیام کے کونسے دو مقاصد بیان کیے گئے تھے؟
جواب :
۱۔ قیمتوں کا استحکام پیدا کرنا۔
۲۔ معیشت کو فروغ دینے کے لئے زیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم کرنا' نیز پیداواری سیکٹر کو سرمایہ فراہم کرنا۔
سوال : سٹیٹ بینک آف پاکستان کی مکمل شاخیں پاکستان کے کن نو بڑے شہروں میں قائم ہیں؟
جواب : (۱) کراچی (۲) حیدر آباد (۳) کوئٹہ (۴) ملتان (۵) لاہور (۶) فیصل آباد (۷) راولپنڈی (۸) اسلام آباد (۹) پشاور میں۔
سوال : سٹیٹ بینک آف پاکستان کے زرمبادلہ کے یونٹ پاکستان کے کن شہروں میں کام کر رہے ہیں؟
جواب : (۱) گوجرانوالہ (۲) سکھر (۳) سیالکوٹ (۴) ڈیرہ اسماعیل خان میں۔
سوال : سٹیٹ بینک آف پاکستان نے ملیسمنٹ پالیسی کب وضع کی؟
جواب : ۱۹۷۹ء میں۔
سوال : سٹیٹ بینک آف پاکستان کا انتظام کون چلاتا ہے؟
جواب : سنٹرل بورڈ آف ڈائریکٹرز۔
سوال : سنٹرل بورڈ آف ڈائریکٹرز کتنے لوگوں پر مشتمل ہوتا ہے؟
جواب : ایک گورنر' ایک ڈپٹی گورنر اور آٹھ ڈائریکٹروں پر۔
سوال : غیر سرکاری ڈائریکٹرز کہاں سے لئے جاتے ہیں؟
جواب : صوبوں سے۔
سوال : بینک کا سربراہ کیا کہلاتا ہے؟
جواب : گورنر۔
سوال : بینک کے سربراہ کا تقرر کون کرتا ہے؟
جواب : وفاقی حکومت۔
سوال : گورنر کے عہدے کی مدت کتنے سال ہے؟
جواب : پانچ سال۔
سوال : ایک روپے کے نوٹ اور سکے کون جاری کرتا ہے؟
جواب : حکومت جاری کرتی ہے۔
سوال : کیا سٹیٹ بینک آف پاکستان عام بینکوں کو قرضے جاری کرتا ہے؟
جواب : جی ہاں۔

سوال : کیا ہنگامی حالت میں سٹیٹ بینک آف پاکستان شیڈولڈ بینکوں کے اثاثے رائج کر سکتا ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : پاکستان میں بنکاری کی اصلاحات کب نافذ کی گئی تھی؟

جواب : مئی ۱۹۷۲ء میں۔

سوال : قومی قرضے کی مشاورتی کونسل کا قیام کب عمل میں آیا؟

جواب : ستمبر ۱۹۷۲ء میں۔

سوال : مشاورتی کونسل کس کی نگرانی میں قائم کی گئی؟

جواب : سٹیٹ بینک آف پاکستان کی نگرانی میں۔

سوال : مشاورتی کونسل کے قیام کا مقصد کیا تھا؟

جواب :

۱۔ تجارتی بینکوں کی جانب سے فراہم کردہ زرعی قرضوں اور چھوٹے قرضوں کے لئے مخصوص ہدف کے لئے زرعی اور قرضہ جاتی توسیع کی محفوظ حدود کا تعین کرنا۔

۲۔ نظام زر اور قرضوں کی توسیع کے سلسلے میں حکومت کو سفارشات پیش کرنا۔

۳۔ وقفے وقفے سے سفارشات پر عمل درآمد کی نگرانی کرنا۔

سوال : مشاورتی کونسل کا چیئرمین کون ہوتا ہے؟

جواب : سٹیٹ بینک آف پاکستان کا گورنر۔

سوال : کیا دو خصوصی کمیٹیاں مشاورتی کونسل کی معاون ہیں؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : پاکستان بینکنگ کونسل کے انتظامی امور کی دیکھ بھال کون کرتا ہے؟

جواب : بورڈ آف گورنر۔

سوال : بورڈ آف گورنر کتنے ارکان پر مشتمل ہے؟

جواب : یہ چیئرمین سمیت ۳ سے ۵ ارکان پر مشتمل ہے۔

سوال : پاکستان بینکنگ کونسل کے ایک رکن کا تقرر کون کرتا ہے؟

جواب : وفاقی حکومت کا سیکرٹری۔

سوال : ۸۹-۱۹۸۸ء کے بجٹ میں پاکستان کے کس وزیر خزانہ نے مقروض بیوگان کے قرضے معاف کرنے کا اعلان کیا تھا؟

جواب : وزیر خزانہ ڈاکٹر محبوب الحق نے۔

سوال : پاکستان کے بینکاری نظام کو بہتر بنانے اور اسے اسلامی نظام سے ہم آہنگ کرنے کے لئے ایک کمیٹی کب تشکیل دی گئی؟

جواب : ۹ جولائی ۱۹۸۸ء کو۔
سوال : اس کمیٹی کا صدر کسے منتخب کیا گیا؟
جواب : جبار خان کو۔
سوال : اس کمیٹی کا سیکرٹری کسے مقرر کیا گیا؟
جواب : نوازش علی زیدی کو۔
سوال : کیا نوازش علی زیدی بی بی سی کے اسلامک بینکنگ ڈویژن کے سربراہ تھے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : پاکستان کے صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے ملک میں اسلامی بینکاری کے نفاذ کے لئے اقدامات کا اعلان کب کیا؟
جواب : ۱۰ فروری ۱۹۷۹ء کو۔
سوال : پاکستان میں معیشت کے تمام شعبوں سے سود ختم کرنے کا فیصلہ کب کیا گیا؟
جواب : ۳۱ دسمبر ۱۹۸۴ء کو۔
سوال : پاکستان میں سود کو ختم کرنے کے فیصلے پر عمل درآمد کب شروع ہوا؟
جواب : ۳۰ جون ۱۹۸۵ء کو۔
سوال : ٹاسک فورس کب قائم کی گئی؟
جواب : ۱۱ نومبر ۱۹۸۴ء کو۔
سوال : پاکستان کے تمام بینکوں نے بلاسود قرضے دینے کب شروع کئے؟
جواب : یکم اپریل ۱۹۸۵ء۔
سوال : پاکستان میں غیر ملکی بینکوں نے بلاسود بینکاری کے نظام کو کب رواج دیا؟
جواب : ۲۶ جنوری ۱۹۷۵ء کو۔
سوال : بینکنگ ٹربیونل آرڈیننس اور بینکاری مالیاتی خدمات کا ترمیمی آرڈیننس کب جاری کیا گیا؟
جواب : ۳۱ دسمبر ۱۹۸۴ء۔
سوال : قومی بینکوں کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کب قائم کئے گئے؟
جواب : ۲۷ ستمبر ۱۹۸۴ء۔
سوال : بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تقرری کا اعلان کب اور کس نے کیا تھا؟
جواب : اگست ۱۹۸۸ء میں وفاقی وزیر خزانہ ڈاکٹر محبوب الحق نے۔
سوال : پاکستان بینکنگ اینڈ فنانشل سروسز کمیشن کی مدت کتنے سال مقرر کی گئی؟
جواب : تین سال۔
سوال : نیشنل بینک آف پاکستان کا قیام کب عمل میں آیا؟

جواب : ۸ نومبر ۱۹۴۹ء میں۔
سوال : نیشنل بینک آف پاکستان کے قیام کے وقت اس میں کتنا سرمایہ تھا؟
جواب : تین کروڑ روپے۔
سوال : ۱۹۷۳ء میں نیشنل بینک آف پاکستان کی پورے ملک میں شاخوں کی تعداد کتنی تھی؟
جواب : ۶۹۳۔
سوال : ۱۹۷۳ء میں نیشنل بینک آف پاکستان کی دیہی علاقوں میں کتنی شاخیں قائم تھیں؟
جواب : ۳۳۳ شاخیں قائم تھیں۔
سوال : ۱۹۷۳ء میں نیشنل بینک کی شہروں میں شاخوں کی تعداد کتنی تھی؟
جواب : ۳۶۰ تھی۔
سوال : ۱۹۸۴ء میں ملک میں نیشنل بینک کی شاخوں کی کل تعداد کتنی تھی؟
جواب : ۱۳۰۹ شاخیں۔
سوال : ۱۹۸۴ء میں نیشنل بینک کی دیہاتوں میں کتنی شاخیں قائم تھیں؟
جواب : ۶۸۸ شاخیں۔
سوال : ۱۹۸۴ء میں نیشنل بینک میں کتنی رقم جمع کی گئی؟
جواب : ۳۹۱۰۱ ملین روپے۔
سوال : ۱۹۸۶ء میں نیشنل بینک میں کتنے ملین روپے جمع کیے گئے؟
جواب : ۳۰۳۴ ملین روپے۔
سوال : کوئی سے چار ملکوں کے نام لکھیں جہاں نیشنل بینک آف پاکستان کی شاخیں قائم ہیں؟
جواب : (۱) نیویارک (۲) لندن (۳) مصر (۴) جرمنی۔
سوال : نیشنل بینک کے ملازمین کی بہبود کے لئے خصوصی فنڈ کب قائم کیا گیا؟
جواب : ۱۹۸۵ء میں۔
سوال : حبیب بنک لیمٹڈ کا قیام کب اور کہاں عمل میں آیا؟
جواب : ۲۵ اگست ۱۹۴۱ء کو بمبئی میں۔
سوال : کیا حبیب بنک لیمٹڈ برصغیر پاک و ہند میں قائم ہونے والا مسلمانوں کا پہلا بنک تھا؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : حبیب بنک لیمٹڈ نے اپنا رجسٹرڈ آفس کراچی کب منتقل کیا؟
جواب : ۱۷ اگست ۱۹۴۷ء کو۔
سوال : حبیب بنک کا منظور شدہ سرمایہ کتنے بلین روپے ہے؟
جواب : ۵ بلین۔
سوال : حبیب بنک کا ادا شدہ سرمایہ کتنے ملین روپے ہے؟

جواب : ۵۴۳ ملین روپے۔
سوال : حبیب بنک لیمٹڈ کے انتظامی امور کی ذمہ داری کس کے سپرد ہے؟
جواب : ایگزیکٹو بورڈ کے۔
سوال : کوئی سے چار ملکوں کے نام بتائیں۔ جہاں حبیب بنک لیمٹڈ کی شاخیں قائم ہیں؟
جواب : (۱) امریکہ (۲) عمان (۳) سری لنکا (۴) فرانس۔
سوال : کیا حبیب بنک شراکت کی بنیاد پر کاروبار کرتا ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : حبیب بینک کی سلور جوبلی کب منائی گئی؟
جواب : ۱۹۶۶ء کو۔
سوال : محکمہ ڈاک نے حبیب بینک کی خدمات کے اعتراف میں ٹکٹ کب جاری کیا؟
جواب : ۲۵ اگست ۱۹۶۶ء کو۔
سوال : کیا حبیب بنک غیر سودی کاروبار کرتا ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : پاکستان میں ۱۹۸۷ء میں حبیب بینک کی شاخوں کی تعداد کتنی تھی؟
جواب : ۱۸۱۳
سوال : ۱۹۸۷ء کے دوران حبیب کے کل اثاثوں میں کتنے فیصد اضافہ ہوا تھا؟
جواب : ۲۲ فیصد۔
سوال : ۱۹۸۷ء کے دوران حبیب بینک کے ڈیپازٹس میں کتنے ملین روپے کا اضافہ ہوا؟
جواب : ۱۱۸۰۳ ملین روپے کا۔
سوال : یونائیٹڈ بینک لیمٹڈ کب اور کہاں قائم کیا گیا؟
جواب : ۷ نومبر ۱۹۵۹ء کو کراچی میں۔
سوال : یونائیٹڈ بینک لیمٹڈ کو دیگر بینکوں کے ساتھ کب مدغم کیا گیا؟
جواب : یکم جنوری ۱۹۷۴ء میں۔
سوال : تشکیل کے وقت یونائیٹڈ بینک لیمٹڈ کا بااختیار سرمایہ کتنا تھا؟
جواب : ساڑھے نو کروڑ روپے۔
سوال : تشکیل کے وقت یونائیٹڈ بینک کا ادا شدہ سرمایہ کتنا تھا؟
جواب : ۵۵ کروڑ اسی لاکھ روپے۔
سوال : الائیڈ بینک آف پاکستان کب اور کس نام سے قائم کیا گیا تھا؟
جواب : ۳ دسمبر ۱۹۴۲ء کو آسٹریلشیا بینک کے نام سے۔
سوال : آسٹریلشیا بینک کو کس نے قائم کیا تھا؟

جواب : شیخ بشیر بخش اور شیخ رشید بخش نے۔
سوال : حکومت پاکستان نے بینکوں کو قومی تحویل میں لینے کا اعلان کب کیا تھا؟
جواب : یکم جنوری ۱۹۷۴ء کو۔
سوال : ۱۹۸۷ء میں الائیڈ بینک کی پاکستان میں کل کتنی شاخیں قائم تھیں؟
جواب : ۱۱۵۵ شاخیں۔
سوال : ۱۹۸۷ء میں الائیڈ بینک کی بیرون ملک کہاں دو شاخیں قائم تھیں؟
جواب : لندن اور برمنگھم میں۔
سوال : ۱۹۷۴ء میں الائیڈ بینک نے کتنے ملین روپے سے کاروبار کیا تھا؟
جواب : ۲۰۸ ملین روپے سے۔
سوال : ۱۹۸۵ء میں الائیڈ بینک نے کتنے ملین روپے سے کاروبار کیا تھا؟
جواب : ۲۹۳ ملین روپے سے۔
سوال : الائیڈ بینک کا صدر دفتر کہاں قائم کیا گیا تھا؟
جواب : کراچی میں۔
سوال : مسلم کمرشل بینک کب اور کہاں قائم کیا گیا تھا؟
جواب : ۹ جولائی ۱۹۴۷ء کو کلکتہ میں۔
سوال : قیام پاکستان سے قبل قائم ہونے والا مسلمانوں کا تیسرا بینک کونسا تھا نام بتائیں؟
جواب : مسلم کمرشل بینک۔
سوال : مسلم کمرشل بینک کو ڈھاکہ کب منتقل کیا گیا تھا؟
جواب : ۱۷ اگست ۱۹۴۸ء کو۔
سوال : مسلم کمرشل بینک کا مرکزی دفتر کراچی میں کب قائم کیا گیا تھا؟
جواب : ۱۳ اگست ۱۹۵۶ء میں۔
سوال : مسلم کمرشل بینک نے نفع و نقصان کی بنیاد پر کاروبار کا آغاز کب کیا تھا؟
جواب : یکم جنوری ۱۹۸۱ء میں۔
سوال : مسلم کمرشل بینک نے ۱۹۸۵ء میں کتنے ملین روپے منافع کمایا تھا؟
جواب : ۱۳۴ ملین روپے۔
سوال : صنعتی ترقیاتی بینک کب قائم ہوا؟
جواب : اگست ۱۹۶۱ء میں۔
سوال : صنعتی ترقیاتی بینک نے اپنی سالانہ رپورٹ کب جاری کی تھی؟
جواب : جنوری ۱۹۸۸ء میں۔
سوال : صنعتی ترقیاتی بینک نے ۸۷-۱۹۸۶ء سال کے لئے کتنے ارب روپے کے قرضے

جاری کئے تھے؟

جواب : دو ارب روپے کے قرضے جاری کئے۔

سوال : صنعتی ترقیاتی بینک نے ۳۵۹ منصوبوں کے لئے کتنی مالی امداد فراہم کی تھی؟

جواب : دو ارب تیس کروڑ روپے کی مالی امداد فراہم کی۔

سوال : صنعتی ترقیاتی بینک کو سال ۸۷-۱۹۸۶ء میں کتنا منافع ہوا؟

جواب : ۹ کروڑ ۳ لاکھ روپے کا۔

سوال : صنعتی ترقیاتی بینک نے تجارتی بینکاری کا آغاز کب کیا؟

جواب : اپریل ۱۹۸۸ء میں۔

سوال : ۸۷-۱۹۸۶ء میں صنعتی ترقیاتی بینک کی مالی امداد کے سبب کتنے منصوبے پایہ تکمیل کو پہنچے؟

جواب : ۱۳ منصوبے۔

سوال : نیشنل انڈسٹریل کوآپریٹو بینک کب اور کہاں قائم کیا گیا؟

جواب : ۱۹۴۳ء کو گجرات میں۔

سوال : نیشنل انڈسٹریل کوآپریٹو بینک کو قومی تحویل میں کب لیا گیا؟

جواب : ۱۹۷۶ء میں۔

سوال : نیشنل انڈسٹریل کوآپریٹو فنانس کارپوریشن لمیٹڈ کے ممبران کی تعداد کتنی ہے؟

جواب : ۸ ہزار ۷۸۸

سوال : نیشنل انڈسٹریل کوآپریٹو فنانس کارپوریشن لمیٹڈ کو ایک مستحکم مالی ادارہ کب قرار دیا گیا تھا؟

جواب : ۳۱ دسمبر ۱۹۸۷ء کو۔

سوال : نیشنل انڈسٹریل کوآپریٹو فنانس کارپوریشن لمیٹڈ کی سلور جوبلی کب منائی گئی؟

جواب : ۱۹۸۸ء میں۔

سوال : زرعی ترقیاتی بینک کب قائم کیا گیا؟

جواب : ۱۹۶۱ء میں۔

سوال : زرعی ترقیاتی بینک نے اپنے کونسے چار اہم مقاصد مقرر کئے تھے؟

جواب :

۱۔ ٹھوس قسم کے منصوبوں کے لئے قرضوں کی فراہمی۔
۲۔ سپروائزری کریڈٹ کے اصول کے تحت قرضہ جات کی منظوری۔
۳۔ چھوٹے کاشت کاروں پر خصوصی توجہ۔
۴۔ زراعت سے متعلق تمام شعبہ جات کے لئے جدید ٹیکنالوجی کی فراہمی کے لئے قرضہ جات کی

منظوری۔

سوال : فنکشنل موبائل کریڈٹ اسکیم کس نے جاری کی تھی؟
جواب : زرعی ترقیاتی بینک نے۔
سوال : زرعی ترقیاتی بینک کے کتنے ریجن ہیں؟
جواب : ۲۷۔
سوال : زرعی ترقیاتی بینک کی شاخوں کی تعداد کتنی ہے؟
جواب : ۳۰۵۔
سوال : زرعی ترقیاتی بینک کے ملازمین کی تربیت کے لئے کتنے کالج کام کر رہے ہیں؟
جواب : ۱۴ کالج۔
سوال : زرعی ترقیاتی بینک کو سال ۸۵۔۱۹۸۴ء میں کتنا منافع ہوا تھا؟
جواب : ۳۶۰۲۳ کروڑ روپے کا۔
سوال : فیڈرل کواپریٹو بینک کا قیام کب عمل میں آیا؟
جواب : دسمبر۱۹۷۶ء میں۔
سوال : فیڈرل کواپریٹو بینک کتنے ملین روپے کے ابتدائی سرمائے سے وجود میں آیا تھا؟
جواب : ۲۰۰ ملین روپے کے۔
سوال : پاکستان کے کن دو شہروں میں اسٹاک ایکسچینج قائم ہیں؟
جواب : (۱) کراچی (۲) لاہور۔
سوال : کراچی کا اسٹاک ایکسچینج کب قائم ہوا؟
جواب : ۱۹۴۹ء میں۔
سوال : کراچی اسٹاک ایکسچینج کے قیام کے وقت کتنی کمپنیاں اس کی فہرست پر تھیں؟
جواب : ۱۴ کمپنیاں۔
سوال : لاہور اسٹاک ایکسچینج کی فہرست پر کتنی کمپنیاں ہیں؟
جواب : تقریباً تین سو۔
سوال : کراچی اسٹاک ایکس چینج سے منسلک کاروباری اداروں میں سے کوئی سے چار کے نام بتائیں؟
جواب :
۱۔ ملیاتی ٹیکسٹائل
۲۔ مواصلات
۳۔ انجینئرنگ
۴۔ ادویات

سوال : کیا انویسٹمنٹ پروموشن بیورو بلا معاوضہ خدمات سرانجام دیتا ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : ادارہ سرمایہ کاری برائے نوجوانان کا قیام کب عمل میں آیا؟
جواب : ۳۱ دسمبر ۱۹۸۵ء میں۔
سوال : ادارہ سرمایہ کاری برائے نوجوانان کتنی عمر کے نوجوانوں کو قرضہ دیتا ہے؟
جواب : ۱۸ سے ۳۰ سال کے عمر کے نوجوانوں کو۔
سوال : ادارہ سرمایہ کاری برائے نوجوانان سے ایک شخص انفرادی طور پر کتنا قرضہ لے سکتا ہے؟
جواب : پچاس ہزار روپے۔
سوال : ادارہ سرمایہ کاری برائے نوجوانان سے فرم یا سوسائٹی کی صورت میں کتنا قرضہ لیا جا سکتا ہے؟
جواب : زیادہ سے زیادہ پانچ لاکھ روپیہ۔
سوال : ادارہ سرمایہ کاری برائے نوجوانان کا صدر دفتر کہاں واقع ہے؟
جواب : اسلام آباد میں۔
سوال : ادارہ سرمایہ کاری برائے نوجوانان کے علاقائی دفتر پاکستان کے کن کن شہروں میں قائم ہیں؟
جواب : لاہور' کراچی' پشاور' بلوچستان' میرپور' آزاد کشمیر اور گلگت میں۔
سوال : ادارہ سرمایہ کاری برائے نوجوانان کے قرضے کی واپسی کی مدت کتنے سال ہے؟
جواب : زیادہ سے زیادہ آٹھ سال۔
سوال : ۲۷ جولائی ۱۹۸۸ء میں ادارہ سرمایہ کاری برائے نوجوانان نے کتنے منصوبوں کے لئے کتنے ملین روپے کے قرضے منظور کئے؟
جواب : ۳۶۷ منصوبوں کے لئے ۱۰۷۳ء۳ ملین روپے کے قرضے منظور کئے۔
سوال : بینکرز ایکویٹی لیمٹڈ کے نام سے ادارہ کب قائم کیا گیا؟
جواب : ۱۹۷۹ء میں۔
سوال : بینکرز ایکویٹی لیمٹڈ کا صدر دفتر کہاں واقع ہے؟
جواب : کراچی میں۔
سوال : بینکرز ایکویٹی لیمٹڈ کے علاقائی دفاتر کن شہروں میں واقع ہیں؟
جواب : لاہور' کوئٹہ اور اسلام آباد میں۔
سوال : ۳۰ جون ۱۹۸۸ء میں بینکرز ایکویٹی لیمٹڈ کے مجموعی اثاثے کتنے ملین روپے تھے؟
جواب : ۸۸ ملین روپے۔

سوال : ۲۰ جون ۱۹۸۶ء میں بینکرز اکویٹی لمیٹڈ کے مجموعی اثاثے کتنے بلین روپے تھے؟
جواب : ۲۰۷۱ بلین روپے۔
سوال : بینکرز اکویٹی لمیٹڈ کا بوقت قیام ادا شدہ سرمایہ کتنے ملین روپے تھا؟
جواب : ۵۰۰ ملین روپے۔
سوال : سرٹیفکیٹس آف انوسٹمنٹ کے نام سے سیونگ سکیم کس نے متعارف کرائی تھی؟
جواب : بینکرز اکویٹی لمیٹڈ نے۔
سوال : بینکرز اکویٹی لمیٹڈ کو سال ۸۱-۱۹۸۰ء میں کتنا منافع ہوا؟
جواب : ۲۴ ملین روپے کا۔
سوال : بینکرز اکویٹی لمیٹڈ کو ۱۹۸۵ء میں کتنا منافع ہوا؟
جواب : ۱۵۴ ملین روپے کا۔
سوال : سرمایہ کاری اسکیم کا قیام کب عمل میں آیا؟
جواب : جنوری ۱۹۶۷ء میں۔
سوال : کیا آئی سی پی میوچل فنڈز جاری کرتی ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : پاکستان صنعتی قرضہ و سرمایہ کاری کارپوریشن کب اور کہاں قائم ہوئی؟
جواب : اکتوبر ۱۹۵۷ء کو کراچی میں۔
سوال : پاکستان صنعتی قرضہ و سرمایہ کاری کارپوریشن کتنی مدت کے لئے قرضے فراہم کرتی ہے؟
جواب : پانچ سے پندرہ سال کے لئے۔
سوال : حکومت پاکستان نے چھوٹی صنعتوں کے لئے کارپوریشن کب قائم کی؟
جواب : ۱۹۵۵ء میں۔
سوال : حکومت پاکستان نے چھوٹی صنعتوں کے لئے قائم کی گئی کارپوریشن کو کب ختم کیا؟
جواب : ۱۹۷۲ء میں۔
سوال : چھوٹی صنعتوں کے لئے قائم کی گئی کارپوریشن کا منظور شدہ سرمایہ کتنا تھا؟
جواب : دس کروڑ روپے۔
سوال : سمال بزنس فنانس کارپوریشن ایکٹ مجریہ ۱۹۷۲ء میں مزید ترمیم کا بل کب منظور کیا گیا؟
جواب : ۱۵ اکتوبر ۱۹۸۷ء میں۔
سوال : ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کا قیام کب عمل میں آیا؟
جواب : ۱۹۵۲ء۔
سوال : ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کا صدر دفتر ڈھاکہ کب منتقل کیا گیا؟
جواب : ۱۹۶۳ء میں۔

سوال : ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن نے شراکت کی بنیاد پر قرضوں کی فراہمی کا اہتمام کب اور کس کی ہدایت پر کیا؟

جواب : ۲ دسمبر ۱۹۷۸ء کو جنرل محمد ضیاء الحق کی ہدایت پر۔

سوال : ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کو سال ۸۸۔۱۹۸۷ء میں کتنا منافع ہوا تھا؟

جواب : ۷ کروڑ ۷۰ لاکھ روپے کا۔

سوال : ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن نے سال ۸۸۔۱۹۸۷ء میں کتنے ارب روپے کے قرضے جاری کرنے کا اعلان کیا تھا؟

جواب : اڑھائی ارب روپے۔

سوال : نیشنل ڈویلپمنٹ فنانس کارپوریشن نے ۱۹۸۶ء میں کتنا منافع کمایا؟

جواب : ۳۰۰ ملین روپے۔

سوال : این ڈی ایف کو نیا چارٹر کب دیا گیا؟

جواب : اگست ۱۹۸۸ء میں۔

سوال : سروسز کواپریٹو کریڈٹ کارپوریشن کا قیام کب عمل میں آیا؟

جواب : اگست ۱۹۸۲ء میں۔

سوال : نیشنل انوسٹمنٹ اتھارٹی کا قیام کب عمل میں آیا؟

جواب : جولائی ۱۹۸۸ء میں۔

سوال : نیشنل انوسٹمنٹ اتھارٹی کے پہلے چیئرمین کا نام بتائیں؟

جواب : عزیز ذوالفقار۔

سوال : نیشنل انوسٹمنٹ ٹرسٹ کب قائم کیا گیا؟

جواب : ۱۹۶۲ء میں۔

سوال : نیشنل انوسٹمنٹ ٹرسٹ نے کاروبار کا آغاز کب کیا؟

جواب : ۱۹۶۳ء میں۔

سوال : لفظ بیمہ کے کیا معانی ہیں؟

جواب : خطرہ یا خوف۔

سوال : برصغیر پاک و ہند میں بیمہ کا کاروبار کس صدی میں شروع ہوا تھا؟

جواب : ۱۹ویں صدی عیسوی میں۔

سوال : برصغیر میں بیمہ کا کاروبار کب تک غیر ملکی کمپنیوں کے ہاتھ میں رہا؟

جواب : ۱۸۷۰ء تک۔
سوال : برصغیر میں قائم ہونے والی پہلی انشورنس کمپنی کا نام بتائیں؟
جواب : ایسٹرن فیڈرل یونین۔
سوال : ایسٹرن فیڈرل یونین نے کتنے سرمائے سے اپنا کاروبار شروع کیا تھا؟
جواب : پانچ لاکھ روپے کے سرمائے سے۔
سوال : قیام پاکستان کے وقت ملک میں کتنی بیمہ کمپنیاں تھیں؟
جواب : دو۔
سوال : پاکستان میں اکتوبر ۱۹۴۸ء میں بیمہ کمپنیوں کی تعداد کتنی تھی؟
جواب : ۶ بیمہ کمپنیاں تھیں۔
سوال : ۱۹۵۸ء میں بیمہ کمپنیوں کی تعداد کتنی تھی؟
جواب : ۹۴۔
سوال : سٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا قیام کب عمل میں آیا؟
جواب : یکم نومبر ۱۹۷۲ء کو۔
سوال : بیمہ کے کاروبار کو ترقی دینے کے لئے پنج سالہ منصوبہ کب بنایا گیا؟
جواب : ۱۹۷۵ء میں۔
سوال : سٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن سے متعلق اجرتوں کے کمیشن کے ایوارڈ کا اعلان کب کیا گیا تھا؟
جواب : ۳ مئی ۱۹۷۷ء کو۔
سوال : ایسٹرن فیڈرل انشورنس کمپنی کب قائم ہوئی؟
جواب : ۱۹۳۲ء میں۔
سوال : ایسٹرن فیڈرل انشورنس کمپنی کے کتنے فیصد حصص خیراتی ٹرسٹ کی ملکیت ہیں؟
جواب : ۴۵ فیصد حصص۔
سوال : سٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن نے حادثاتی موت کی بیمہ سکیم کب نافذ کی تھی؟
جواب : یکم جولائی ۱۹۸۶ء میں۔
سوال : حادثاتی موت کی بیمہ سکیم کے تحت یکم جنوری ۱۹۸۸ء سے ۳۱ مئی ۱۹۸۸ء تک کتنے کلیمز داخل کیے گئے؟
جواب : ۵ ہزار ۳۴۳ کلیمز۔
سوال : ۱۹۷۷ء میں جاریہ کاروبار کا مجموعی زر بیمہ کتنے ملین روپے تھا؟
جواب : ۱۹۹۱ ملین

جواب : ۳۹ ملین روپے۔
سوال : ۱۹۸۷ء میں سٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کو کتنی آمدنی حاصل ہوئی تھی۔
جواب : ۳۷۵ ملین روپے۔
سوال : سٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا صدر دفتر کہاں واقع ہے؟
جواب : کراچی میں۔
سوال : نیشنل انشورنس کارپوریشن کا قیام کب عمل میں آیا؟
جواب : ۱۹۷۶ء میں۔
سوال : نیشنل انشورنس کارپوریشن نے کتنے سرمائے سے کام شروع کیا تھا؟
جواب : ۵ ملین روپے سے۔
سوال : نیشنل انشورنس کارپوریشن کے زونل آفس کن شہروں میں قائم ہیں؟
جواب : کراچی اور لاہور میں۔
سوال : نیشنل انشورنس کارپوریشن کو ۱۹۸۴ء میں کتنے ملین روپے کا منافع ہوا تھا؟
جواب : ۱۹۵۰۵۸۶ ملین روپے کا۔
سوال : نیشنل انشورنس کارپوریشن کا ۳۱ دسمبر ۱۹۸۶ء تک محفوظ سرمایہ کتنا تھا؟
جواب : ۱۳۱ ملین روپے۔
سوال : پاکستان انشورنس کارپوریشن کب قائم ہوئی تھی؟
جواب : جنوری ۱۹۵۳ء میں۔
سوال : پاکستان انشورنس کارپوریشن کی ۱۹۸۴ء میں پریمیم کی رقم کتنے ملین روپے تھی؟
جواب : ۸۱۷ ملین روپے۔
سوال : پاکستان انشورنس کارپوریشن کو ۱۹۸۴ء میں کتنا منافع ہوا تھا؟
جواب : ۷۵ ملین روپے کا۔
سوال : اقوام متحدہ کے دو اہم مالی اداروں کے نام بتائیں؟
جواب :
۱۔ عالمی فنڈ
۲۔ عالمی بنک برائے تعمیر و ترقی
سوال : عالمی مالی فنڈ کب قائم کیا گیا؟
جواب : ۱۹۴۴ء میں۔
سوال : معاشین نے بے روزگاری کی کتنی اقسام بتائی ہیں' نام لکھیں؟
جواب :
۱۔ متدائریا عوامی بے روزگاری

۲۔ مزاحمتی بے روزگاری
۳۔ موسمی بے روزگاری
۴۔ مالیاتی بے روزگاری

سوال : لارڈ بیوروج نے بے روزگاری کے مضر اثرات سے بچنے کے کونسے چار اقدامات تجویز کئے تھے؟

جواب :
۱۔ نجی اور سرکاری دونوں سطحوں پر طلب بڑھانے کے لئے ضرورت کے مطابق اخراجات کئے جائیں۔
۲۔ صنعتوں کے قائم کرنے کے لئے جگہوں کی منصوبہ بندی کی جائے۔
۳۔ محنت کی حرکت پذیری منظم طریقے پر ہو۔ نئے پیشوں کے لئے محنت کشوں کی تربیت نو کابندوبست ہو۔
۴۔ ملک میں زر کی مقدار کو قابو رکھنے کے لئے مزدوروں کی انجمنیں حکومت کے ساتھ تعاون کریں۔

سوال : پاکستان میں آبادی کی زیادہ اکثریت کس شعبے سے وابستہ ہے؟
جواب : زراعت کے شعبے سے۔
سوال : پہلے پانچ سالہ منصوبے میں کتنے لاکھ افراد کو روزگار مہیا کرنے کا پروگرام بنایا گیا؟
جواب : ۲۰ لاکھ افراد کو۔
سوال : دوسرے پانچ سالہ منصوبے میں کتنے لاکھ افراد کو روزگار مہیا کرنے کا پروگرام بنایا گیا تھا؟
جواب : ۳۰ لاکھ افراد کو۔
سوال : پانچویں پانچ سالہ منصوبہ میں کتنے لاکھ افراد کو روزگار مہیا کرنے کا پروگرام بنایا گیا تھا؟
جواب : ۳۰ لاکھ افراد کو۔
سوال : حکومت پاکستان نے روزگار مہیا کرنے کے کونسے خصوصی اقدامات کئے ہیں۔ کوئی سے چار کے نام لکھیں؟

جواب :
۱۔ اقتصادی ترقی کے منصوبے
۲۔ دفاتر روزگار کا قیام
۳۔ فنی تربیت کے اداروں کا قیام
۴۔ بیرون ملک روزگار کی فراہمی

سوال : سورۃ الذریت کی آیت ۵۱-۹ میں کیا حکم ہے؟

ترجمہ۔ "ان کے اموال میں سائل اور محروم شخص کا بھی حق ہے"۔

سوال : سورہ المائدہ کی آیت ۵۔ ۵ میں کیا حکم ہے؟

جواب : "احل لکم الطیبت"۔

ترجمہ۔ "تمہارے لئے پاکیزہ اشیاء حلال کی گئی ہیں"۔

سوال : ملت اسلامیہ کی وحدت کی اہم بنیادیں کونسی ہیں؟

جواب :

۱۔ وحدت انسانیت

۲۔ وحدت عبادت

۳۔ وحدت فکر

۴۔ عالمی شہری ہونے کا تصور

۵۔ تصور عالمگیریت

سوال : ایران میں رائج کیلنڈر کا نام بتایئے؟

جواب : شمسی کیلنڈر۔

سوال : سورۃ آل عمران کی آیت ۱۰۳ میں کیا حکم ہے؟

جواب : "واعتصموا بحبل اللّٰہ جمیعا ولا تفرقوا"۔

ترجمہ۔ "اور تم سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رہو۔ اور تفرقہ نہ ڈالو"۔

سوال : باہمی تعاون کے سلسلے میں حضورؐ نے کیا فرمایا؟

جواب : "بہترین انسان وہ ہے۔ جس سے دوسرے لوگوں کو فائدہ پہنچے"۔

سوال : اسلامک چیمبر آف کامرس انڈسٹری اینڈ کموڈیٹی ایکس چینج کب اور کہاں قائم ہوا؟

جواب : ۱۹۷۸ء کو کراچی میں۔

سوال : اسلامک چیمبر آف کامرس انڈسٹری اینڈ کموڈیٹی ایکس چینج کی عمارت کا افتتاح کب ہوا تھا؟

جواب : ۱۹۹۱ء میں۔

سوال : ٹیکسٹائل کمیٹی کب قائم کی گئی؟

جواب : ۱۹۸۹ء میں۔

سوال : اسلامی ممالک کی ٹیکسٹائل کونسل قائم کرنے کا فیصلہ کب کیا گیا تھا؟

جواب : نومبر ۱۹۹۳ء میں۔

سوال : اسلامی ترقیاتی بینک کب اور کہاں قائم کیا گیا؟

جواب : ۱۹۷۵ء کو جدہ میں۔

سوال : کیا اسلامی ممالک کی تنظیم نے اسلامی ترقیاتی بینک قائم کیا تھا؟

جواب : جی ہاں۔
سوال : کیا اسلامی ترقیاتی بینک سود وصول کرتا تھا؟
جواب : جی نہیں۔
سوال : اسلامی ممالک کی ٹیکسٹائل کونسل کے چار رکن ممالک کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) البانیہ (۲) ترکمانستان (۳) تاجکستان (۴) ازبکستان۔
سوال : سورہ المائدہ کی آیت ۲ میں کیا حکم ہے؟
جواب : "وتعاونوا علی البر والتقوی ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان"

ترجمہ۔ "نیکی اور پرہیزگاری کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کیا کرو۔ تاکہ نیکی اور پرہیزگاری زیادہ سے زیادہ دین میں پھیل جائے۔ البتہ کوئی شخص برائی کا ارتکاب کرنا چاہے تو ہرگز اس کی امداد نہ کرو۔ کیونکہ گناہ میں مدد بھی گناہ ہے"۔
سوال : کیا لیبیا میں رائج اسلامی کیلنڈر حضورؐ کے وصال کی تاریخ سے شروع ہوتا ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : کیا ملت اسلامیہ کو امت واحدہ کہا گیا ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : تیسرے پانچ سالہ منصوبے میں کتنے لاکھ افراد کو روزگار مہیا کرنے کا پروگرام بنایا گیا؟
جواب : ۵۵ لاکھ افراد کو۔
سوال : چوتھے پانچ سالہ منصوبے میں کتنے لاکھ افراد کو روزگار مہیا کرنے کا پروگرام بنایا گیا تھا؟
جواب : ۶۵ لاکھ افراد کو۔
سوال : مابقی بے روزگاری کے کیا معنی ہیں؟
جواب : اس کے معنی معذور، نابینا اور اپاہج لوگوں کی بے روزگاری کے ہیں۔
سوال : سورہ حم السجدہ کی آیت ۴۱۔۱۰ میں کیا حکم ہے؟
جواب : "وجعل فیھا رواسی من فوقھا و برک فیھا وقدر فیھا اقواتھا فی اربعۃ ایام سواء للسائلین"۔
ترجمہ۔ "اور اس نے زمین میں اس کے اوپر پہاڑ بنائے۔ اور زمین میں برکت رکھی۔ اور اس میں سامان معیشت مقرر کیا۔ (سب) چار دن میں (جو تمام) طلب گاروں کے لئے یکساں ہے"۔
سوال : کیا اقوام متحدہ کے ممبران کے لئے عالمی مالی فنڈ کا ممبر بننا ضروری ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : کیا حضرت عمرؓ کو بیت المال کی طرف سے سواری کے لئے ایک اونٹ عطا کیا گیا تھا؟

جواب : جی ہاں۔
سوال : درست ٹیکس کونسے ہیں؟
جواب : زکوٰۃ اور خراج۔
سوال : کیا عشور بالواسطہ ٹیکس ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : مالیاتی نظام کے دو مقاصد بیان کریں؟
جواب :
۱۔ روحانی اور مادی ترقی کا یکساں حصول
۲۔ دولت کی منصفانہ تقسیم
سوال : روحانی اور مادی ترقی کے متعلق ایک قرآنی آیت پیش کریں؟
جواب : "وابتغ فیما اتٰک اللّٰہ الدار الاٰخرۃ ولا تنس نصیبک من الدنیا و احسن کما احسن اللّٰہ الیک ولا تبغ الفساد فی الارض"
(القصص : ۲۸۔۷۷)
ترجمہ۔ "اور جو کچھ اللہ کریم نے تجھے (بطور رزق) دے رکھا ہے۔ اس کے ذریعے آخرت کے گھر کے لئے تگ و دو کر۔ اور دنیا میں سے اپنا حصہ لینا بھی نہ بھول۔ اور لوگوں پر ایسے احسان کر۔ جیسے اللہ کریم نے تجھ پر احسان کیا ہے۔ اور (اپنی دنیا کے لئے یا اس کے ذریعے) زمین میں فساد بپا نہ کر"۔
سوال : کیا اسلامی ریاست میں نجی شعبہ اور سرکاری شعبہ اسلامی مالیاتی پالیسی کے تحت کام کرتے ہیں؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : کیا بجٹ کا وجود خلفاء راشدین کے زمانے میں بھی تھا؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : عقبہ کی بندرگاہ ایلیہ سے سالانہ کتنے دینار اور ملبوسات مرکز کو روانہ کئے جاتے تھے؟
جواب : سالانہ ۳۰۰ دینار اور ۳۰۰ ملبوسات۔
سوال : فلسطین کے علاقے جرا اور عبدورہ سالانہ کتنے دینار مرکز کو روانہ کرتے تھے؟
جواب : سو سو دینار۔
سوال : حضرت عمرؓ نے والی شام سعید بن عامرؓ کو کاشتکاروں پر کتنا لگان لگانے کے لئے کہا تھا؟
جواب : چار دینار۔
سوال : غرباء سے ٹیکس کن دو صورتوں میں وصول کیا جا سکتا ہے؟

جواب: ۱۔ ان درآمدات کا محصول ان سے بالواسطہ کم و بیش وصول کیا جاتا ہے۔
سوال : یعقوب بن طارق نے ہیئت کے موضوع پر کتنی کتابیں لکھی تھیں نیز ان کتابوں کے نام بھی لکھیں؟

جواب : تین کتابیں (۱) ترکیب افلاک (۲) کتاب العلل (۳) زیج محلول فی السند ہند لدرجہ۔
سوال : الخوارزمی نے اصطرلاب پر کتنی کتابیں لکھی تھیں اور ان کتابوں کے نام کیا تھے؟
جواب : دو کتابیں (۱) کتاب بالاصطرلاب (۲) کتاب العمل بہ اصطرلاب۔
سوال : علم ہیئت و فلکیات کے موضوع پر لکھی گئی حبش الحاسب کی چار کتابوں کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) ستاروں کے فاصلہ رسالتہ (۲) شاہ زیج (۳) ممتحن زیج (۴) فلکی کروں پر رسالہ۔
سوال : کس مسلمان فلسفی نے علم نجوم کو سائنس کا درجہ دیا تھا؟
جواب : ابو یوسف یعقوب الکندی نے۔
سوال : علم نجوم اور فلکیات کے موضوع پر الکندی کی چار مشہور کتابوں کے نام لکھیں؟
جواب :

۱- رسالتہ فی رجوع الکواکب
۲- رسالتہ فی مطرح الشعاع
۳- رسالتہ فی الکریات
۴- رسالتہ فی عمل السمت علی کرہ

سوال : ابن قتیبہ نے فلکیات کے موضوع پر کتنی کتابیں لکھی تھیں؟
جواب : ایک کتاب۔
سوال : اس کتاب کا کیا نام تھا؟
جواب : "کتاب الانواع"۔
سوال : اہتزاز شمس کا نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟
جواب : ثابت بن قرہ نے۔
سوال : الخازن نے فلکیات کے موضوع پر کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب : "زیج الصفا"۔
سوال : الخازن کا اصل نام کیا تھا؟
جواب : ابو جعفر محمد بن محمد بن الحسین۔
سوال : الصوفی کا اصل نام کیا تھا؟
جواب : ابوالحسن عبدالرحمان بن عمر الرازی۔
سوال : ساکن ستاروں کا مشاہدہ کس نے کیا تھا؟
جواب : الصوفی نے۔
سوال : الصوفی کی کوئی سی دو کتابوں کے نام لکھیں؟
جواب : "صور الکواکب الثابتہ" "کتاب العمل بالاصطرلاب"۔
سوال : ابن یونس کی چار مشہور کتابوں کے نام لکھیں؟

جواب : (۱) الزیج الحاکمی الکبیر (۲) کتاب المیل (۳) کتاب الجیب (۴) کتاب التعدیل الحکم۔
سوال : البجزی کن علوم میں مہارت رکھتا تھا؟
جواب : جیومیٹری' فلکیات اور علم نجوم میں۔
سوال : البجزی کا اصل نام کیا تھا؟
جواب : ابو سعید احمد بن محمد بن عبدالجلیل البجزی۔
سوال : البیرونی نے کب اور کس آلے کی مدد سے انقلاب شمسی کا مطالعہ کیا تھا؟
جواب : ۹۹۴ء میں "فخری آلہ مسدس" کی مدد سے۔
سوال : البیرونی نے چاند گرہن کا مشاہدہ کب کیا تھا؟
جواب : ۲۴ مئی ۹۹۷ء کو۔
سوال : البیرونی نے علم نجوم اور فلکیات پر کتنی کتابیں لکھی تھیں؟
جواب : "علم نجوم پر ۲۳ اور فلکیات پر ۳۵ کتابیں۔
سوال : قرطبہ میں قلب الاسد کا طول بلد کب اور کس نے معلوم کیا؟
جواب : ۱۰۸۰ء میں ابو اسحاق الزرقانی نے۔
سوال : ابو الفتح عبدالرحمان الخازنی نے آلات رصدیہ پر کون سی کتاب لکھی تھی؟
جواب : "رسالۃ فی الآلات"۔
سوال : کتاب "تذکرہ" کس نے لکھی تھی؟
جواب : نصیر الدین طوسی نے۔
سوال : قطب الدین محمود الشیرازی کی علم ہیئت و فلکیات کے موضوع پر کوئی سی دو کتابوں کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) نہایۃ (۲) التحفۃ الشاہیۃ۔
سوال : ابن البنا المراکشی کا اصل نام کیا تھا؟
جواب : ابو العباس احمد۔
سوال : فلکیات کے موضوع پر ابن البنا المراکشی کی کوئی سی دو کتابوں کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) منہاج (۲) کتاب الانواع۔
سوال : ابن الشاطر کا اصل نام کیا تھا؟
جواب : علاؤ الدین ابو الحسن علی ابراہیم۔
سوال : علم حیاتیات کو انگریزی زبان میں کیا کہا جاتا ہے؟
جواب : بیالوجی۔
سوال : حیاتیات کی دو شاخوں کے نام بتائیں؟
جواب : (۱) علم حیوانات (۲) علم نباتات۔

سوال : ابو عبیدہ نے حیوانات پر کتنی کتابیں لکھی تھیں؟
جواب : تقریباً سو۔
سوال : "کتاب الحیوان" میں کتنے سو حیوانات کو موضوع بنایا گیا ہے؟
جواب : تقریباً ساڑھے تین سو۔
سوال : کتاب "خلق الانسان" کس نے لکھی تھی؟
جواب : عبدالملک ابن القریب الاصمعی نے۔
سوال : "طبائع الحیوان" کب اور کس نے تحریر کی تھی؟
جواب : ۵۱۴ ہجری میں شرف الزمان طاہر المروزی نے۔
سوال : کتاب "نزہتہ القلوب" کس نے لکھی تھی؟
جواب : حمد اللہ مستوفی القزوینی نے۔
سوال : کتاب "نزہتہ القلوب" میں کتنے حیوانات کا ذکر کیا گیا ہے؟
جواب : ۲۲۸ حیوانات کا۔
سوال : الجاحظ نے پرندوں کو کتنے گروہوں میں تقسیم کیا ہے؟
جواب : تین گروہوں میں۔
سوال : عبدالمالک اصمعی نے علم حیوان پر کتنی کتابیں لکھیں۔ نیز ان کتابوں کے نام بھی بتائیں؟
جواب : پانچ کتابیں "کتاب الخیل" "کتاب الابل" "کتاب الشاۃ" "کتاب الوحوش" "خلق الانسان"۔
سوال : "علم الزراعت" کو عربی زبان میں کیا کہتے ہیں؟
جواب : "علم الفلاحت"۔
سوال : ابن بصال کس کا شاگرد تھا؟
جواب : ابن وفد کا۔
سوال : ابن بصال کہاں کا رہنے والا تھا؟
جواب : طلیطلہ کا۔
سوال : کتاب القصد و البیان کتنے ابواب پر مشتمل تھی؟
جواب : سولہ ابواب پر۔

سوال : طلیطلہ پر قبضہ کس نے کیا تھا؟
جواب : الفانسو ششم نے۔
سوال : گمنام اشبیلی کس کا شاگرد تھا؟
جواب : ابن بصال کا۔
سوال : محمد بن مالک الطغری کہاں کا رہنے والا تھا؟
جواب : غرناطہ کا۔
سوال : ابن العوام کا اصل نام کیا تھا؟
جواب : ابو زکریا یحییٰ بن محمد۔
سوال : ابن العوام کہاں کے رہنے والا تھا؟
جواب : اشبیلیہ کا۔
سوال : کتاب الفلاحت کس نے لکھی تھی؟
جواب : ابن العوام نے۔
سوال : بطلیموس کا جغرافیہ کتنے بابوں پر مشتمل ہے؟
جواب : آٹھ بابوں پر۔
سوال : کتاب سوریہ سدھات کا ترجمہ کس زبان میں ہوا تھا؟
جواب : عربی میں۔
سوال : الکندی نے جغرافیہ کے موضوع پر کتنی اور کونسی کتابیں لکھی تھیں؟
جواب : دو کتابیں (۱) رسم المعمور من الارض (۲) رسالۃ فی البحار و المد و الجزر۔
سوال : ابن خرداذبہ کو کن علوم پر دسترس حاصل تھی؟
جواب : موسیقی' تاریخ' جغرافیہ۔
سوال : ابن خرداذبہ کی کسی ایک کتاب کا نام لکھیں؟
جواب : کتاب المسالک والممالک۔
سوال : علم جغرافیہ پر الحمدانی نے کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب : "صفۃ جزیرہ العرب"۔
سوال : "اخبار الزمان و من آبادہ الحدثان" کتاب کس نے لکھی تھی اور یہ کتاب کتنی جلدوں پر مشتمل تھی؟
جواب : المسعودی نے یہ کتاب تیس جلدوں پر مشتمل تھی۔
سوال : المقدسی نے اسلامی دنیا کو کتنے خطوں میں تقسیم کیا تھا؟
جواب : چودہ خطوں میں۔
سوال : المقدسی نے چھ خطوں کو کیا نام دیا تھا؟

جواب : عرب کا نام۔

سوال : المقدسی نے آٹھ خطوں کو کیا نام دیا؟

جواب : "عجم" کا نام۔

سوال : البیرونی نے علم جغرافیہ کے موضوع پر کتنی کتابیں لکھی تھیں؟

جواب : نو کتابیں۔

سوال : ابو عبید الکبری نے جغرافیہ کے موضوع پر کتنی کتابیں تحریر کی تھیں؟

جواب : دو کتابیں۔

سوال : "تحفہ" نامی کتاب کس نے لکھی تھی؟

جواب : ابو حامد الغرناطی نے۔

سوال : ابو حامد الغرناطی کا اصل نام کیا تھا؟

جواب : محمد بن عبدالرحمٰن۔

سوال : الادریسی کہاں کا رہنے والا تھا؟

جواب : مراکش کا۔

سوال : الادریسی کا اصل نام کیا تھا؟

جواب : ابو عبداللہ محمد بن الادریسی۔

سوال : جغرافیہ کے موضوع پر کتاب نزہتہ المشاق فی اختراق الافاق کس نے لکھی تھی۔ اور اس کتاب میں کتنے نقشے شامل تھے؟

جواب : الادریسی نے۔ اکہتر نقشے شامل تھے۔

سوال : جغرافیہ کے موضوع پر ابو الفداء کی کسی ایک کتاب کا نام بتائیں؟

جواب : تقویم البلدان۔

سوال : پری رئیس کا اصل نام کیا تھا؟

جواب : محی الدین۔

سوال : پری رئیس نے کتنے نقشوں کی مدد سے ایک نقشہ بنایا تھا؟

جواب : بیس نقشوں کی مدد سے۔

سوال : "بحریہ" نامی کتاب کس نے لکھی تھی؟

جواب : پری رئیس نے۔

سوال : کتاب بحریہ کتنے ابواب پر مشتمل ہے؟

جواب : اکیس ابواب پر۔

سوال : الحسن بن محمد نے کس زبان میں جغرافیہ کے موضوع پر ایک کتاب تحریر کی تھی؟

جواب : اطالوی زبان میں۔

سوال : الحسن بن محمد کی اس کتاب کا کیا نام تھا؟

جواب : "Del Afric Della Dercittione" الحسن بن محمد

سوال : خلا کو انگریزی زبان میں کیا نام دیا گیا ہے؟

جواب : Space-

سوال : زمین سے چند میل اوپر خلاء کے حصے کو جس میں ہوا موجود ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

جواب : "کرہ باد"۔

سوال : کس نے مصنوعی پروں کی مدد سے خلاء میں اڑنے کی کوشش کی تھی؟

جواب : عباس ابن فرناس نے۔

سوال : "کرہ فلکی" کس نے ایجاد کیا تھا؟

جواب : عباس ابن فرناس نے۔

سوال : ابوبکر محمد بن زکریا الرازی نے وقت کی کتنی قسمیں بتائی ہیں۔ نیز ان قسموں کے نام بھی لکھیں؟

جواب : دو قسمیں۔ (۱) مطلق (۲) محدود۔

سوال : قانون انبساط اجسام کس نے پیش کیا تھا؟

جواب : الکندی نے۔

سوال : آواز کی رفتار کتنی ہوتی ہے؟

جواب : سات سو چالیس میل فی گھنٹہ۔

سوال : اس شخص کا نام بتائیے جو مدار میں گیا اور صحیح سلامت واپس آیا؟

جواب : یوری گگارین۔

سوال : یوری گگارین مدار میں کتنے گھنٹے رہا؟

جواب : ۸۹ گھنٹے۔

سوال : قرآن مجید کی کن سورتوں میں خلائی تسخیر کی دعوت دی گئی ہے کوئی سی پانچ سورتوں کے نام لکھیں؟

جواب : (۱) سورہ النحل (۲) سورہ ابراہیم (۳) سورہ لقمان (۴) سورہ الرعد (۵) سورہ الانبیاء۔

سوال : کس نے کہا تھا کہ زمین کی سطح کا تین چوتھائی حصہ پانی سے ڈھکا ہوا ہے؟

جواب : ابوالفداء نے۔

سوال : کتاب "بحریہ" کے آخری باب میں کسے موضوع بنایا گیا ہے؟

جواب : بحر اوقیانوس کو۔

سوال : امیر معاویہؓ نے جہاز سازی کے جو کارخانے قائم کئے تھے ان میں کتنے جہاز اور کشتیاں تیار کی گئی تھیں؟

جواب : تقریباً سترہ سو جہاز اور سات سو جنگی کشتیاں۔
سوال : جہاز سازی کا سب سے بڑا کارخانہ کہاں تھا؟
جواب : تیونس میں۔
سوال : کس کے دور حکومت میں منجنیقوں کا استعمال کثرت سے کیا گیا تھا؟
جواب : اموی عہد میں۔
سوال : دمشق کے ایک مسلمان کاریگر نے کونسا آلہ ایجاد کیا تھا؟
جواب : "نفت"۔
سوال : صلیبی جنگوں میں کس نے نفت کا استعمال کیا تھا؟
جواب : سلطان صلاح الدین ایوبی نے۔
سوال : مسلمانوں نے جنگوں میں کونسے ہتھیار استعمال کیے تھے؟
جواب : (۱) منجنیق (۲) زیات (۳) سطیر (۴) ماخیل البارود (۵) قواریہ النفت۔
سوال : سلطان یوسف کے عہد میں کونسی توپ استعمال ہوئی تھی؟
جواب : ہندام النفت۔
سوال : عثمانیوں کے عہد حکومت میں جو توپیں استعمال ہوئیں تھیں ان کی مدد سے کتنے کلوگرام کے گولے کتنے کلومیٹر کے فاصلے پر پھینکے جا سکتے تھے؟
جواب : ۴۰۰ کلوگرام کے گولے ۴.۲ کلومیٹر کے فاصلے پر پھینکے جا سکتے تھے۔
سوال : حضورؐ کے عہد مبارک میں کونسے ہتھیار استعمال ہوئے تھے؟
جواب : تیر' کمان' نیزہ' تلوار' ڈھال' زرہ بکتر وغیرہ۔
سوال : مسلمانوں نے پہلی منجنیق کا استعمال کب کیا تھا؟
جواب : محاصرہ طائف میں۔
سوال : سائنسی علوم کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ نیز ان کے نام بتائیں؟
جواب : تین حصوں میں (۱) مادہ سے متعلقہ علوم (۲) زندہ اجسام سے متعلقہ علوم (۳) نفس انسانی سے متعلقہ علوم۔
سوال : "اصول لایقین" کس نے پیش کیا تھا؟
جواب : ہائزن برگ نے۔
سوال : جو علم حواس خمسہ کے ذریعے حاصل کیا جائے اسے کیا کہتے ہیں؟
جواب : حسی تجربہ۔
سوال : مفروضہ کس زبان کا لفظ ہے؟
جواب : عربی کا۔
سوال : مفروضے کے معنی کیا ہیں؟

جواب : فرض کیا ہوا' قیاس۔

سوال : مفروضے کے تین اہم ماخذ کونسے ہیں نام بتائیں؟

جواب :

۱- اندازہ یا قیاس

۲- پہلے سے موجود علم کا مطالعہ

۳- نظریات

سوال : انگریزی میں نظریئے کا مترادف کیا ہے؟

جواب : تھیوری۔

سوال : مفروضے کو کس لئے استعمال کیا جاتا ہے؟

جواب : تحقیق کیلئے۔

سوال : کس زبان میں لفظ علت اور سبب کو مترادف تصور کیا جاتا ہے؟

جواب : عربی زبان میں۔

سوال : ارسطو کے نزدیک خدا کیا ہے؟

جواب : علت اولیٰ۔

سوال : "تہافت الفلاسفہ" کس نے تحریر کی تھی؟

جواب : امام غزالی نے۔

سوال : لفظ فطرت کے کیا معنی ہیں؟

جواب : قدرت' خلقت' پیدائش' ضمیر' اصل وغیرہ۔

سوال : نظریہ "قبائلی ارتقاء" کس نے پیش کیا تھا؟

جواب : پروفیسر مارگن نے۔

سوال : انگریزی زبان میں کائنات کو کس نام سے موسوم کیا جاتا ہے؟

جواب : "یونیورس" کے نام سے۔

سوال : بے جان چیزوں پر مشتمل کائنات کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب : "طبیعی کائنات"۔

سوال : طبیعی کائنات کی تین بڑی شاخوں کے نام بتائیں؟

جواب : (۱) تکوینیات (۲) کائناتیت (۳) کائنات نگاری۔

سوال : مسلم فلاسفہ کے ہاں کائنات کی بجائے کونسا لفظ مستعمل ہے؟

جواب : عالم" کا لفظ۔

سوال : عالم سے کیا مراد ہے؟

جواب : وہ چیز جس کے ذریعے کسی چیز کا علم حاصل ہوتا ہے۔

سوال : مسلمان فلاسفہ نے آسمان اور اس میں موجود تمام اشیاء کو کیا کہا ہے؟
جواب : "العالم الکبیر"۔
سوال : مسلمان فلاسفہ نے انسان کو کیا نام دیا ہے؟
جواب : "العالم الصغیر"۔
سوال : سومیری حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کتنے سال پہلے عراق میں آباد ہوئے؟
جواب : تقریباً ۴۰۰۰ سال پہلے۔
سوال : سومیریوں کی کائنات کس پر مشتمل تھی؟
جواب : زمین اور آسمان پر۔
سوال : "ی" کس کا نظریہ تھا؟
جواب : سومیریوں کا۔
سوال : سومیریوں کی دیوی کا کیا نام تھا؟
جواب : "انبا"۔
سوال : سومیریوں کے سب سے بڑے دیوتا کا نام بتائیں؟
جواب : "ان لل"۔
سوال : سومیریوں نے آسمان، زمین اور پانی کے لئے کونسے تین دیوتا مخصوص کر رکھے تھے؟
جواب : "انو" آسمان، ان لل" زمین، اور ان کی" پانی کا دیوتا تھا۔
سوال : بابلیوں کے نزدیک کائنات کا سب سے پہلا عنصر کونسا تھا؟
جواب : پانی۔
سوال : بابلیوں کے سب سے بڑے دیوتا کا کیا نام تھا؟
جواب : مردوخ۔
سوال : کلدان کہاں کے رہنے والے تھے؟
جواب : عراق کے۔
سوال : کلدانیوں کے خیال میں آسمان کس چیز کا بنا ہوا تھا؟
جواب : نیلے پتھر کا۔
سوال : کلدانیوں نے زمین کو کتنی تہوں میں تقسیم کر رکھا تھا؟
جواب : ستاروں، سیاروں، سورج اور چاند۔
سوال : آتم کس کا نام تھا؟
جواب : دیوتا کا۔
سوال : آتم دیوتا کو کس کی شکل سمجھا جاتا تھا؟
جواب : سورج کی۔

سوال : قدیم یونانی روایت کے مطابق زمین کس کے اتصال سے پیدا ہوئی؟
جواب : ہوا اور دن کے اتصال سے۔
سوال : یونانیوں نے زمین کے بیٹے کو کیا نام دیا تھا؟
جواب : اور نے نس۔
سوال : یونانیوں کے نظریئے کے مطابق کس کے ملاپ سے سو سو ہاتھوں اور پچاس پچاس سروں والے بچے پیدا ہوئے؟
جواب : زمین (رگی) اور آسمان (اورنے نس) کے ملاپ سے۔
سوال : ان بچوں کی تعداد کتنی تھی؟
جواب : تین۔
سوال : یہ بچے کیا کہلاتے تھے؟
جواب : "سائیکلوپس"۔
سوال : یونانیوں کے خیال میں سائیکلوپس کو کس نے قتل کیا تھا؟
جواب : اپالو نے۔
سوال : رہیا کس کی بیوی تھی؟
جواب : کرونس کی۔
سوال : زیوس کس کا بیٹا تھا؟
جواب : کرونس کا۔
سوال : یونانیوں کے نظریئے کے مطابق انسان کی تخلیق کس نے کی تھی؟
جواب : پرومیتھیس نے۔
سوال : پرومیتھیس نے کس مقام سے پانی اور مٹی لے کر انسان کو بنایا تھا؟
جواب : پنوپیس (Paneus) کے مقام سے۔
سوال : کس نے کہا تھا کہ سورج لاکھوں میل چوڑا ہے؟
جواب : طالیس نے۔
سوال : اناکسی مینڈر کیا کہلاتا ہے؟
جواب : "اناکسی مندروس۔
سوال : اناکسی مینڈر کے نزدیک کائنات نے کس سے جنم لیا؟
جواب : ہوا سے۔
سوال : کائنات اور خدا ہم موجود ہیں یہ نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟
جواب : زینو فینز نے
سوال : کس نے خلاء کے نظریے کو تسلیم کرنے سے انکار کیا تھا؟

جواب : ملبس نے۔
سوال : کس کے نزدیک کائنات کا بنیادی عنصر آگ ہے؟
جواب : ہیراقلیتوس کے نزدیک۔
سوال : پہلا یونانی سائنس دان کون تھا؟
جواب : فیثاغورث۔
سوال : ارسطو نے کائنات کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا ہے؟
جواب : دو حصوں عالم فوق القمر اور عالم تحت القمر۔
سوال : ارسطو کے نزدیک زمین کس عالم کے مرکز میں ہے؟
جواب : عالم تحت القمر کے مرکز میں۔
سوال : ستارے ایتھر کے بنے ہوئے ہیں یہ کس نے کہا تھا؟
جواب : ارسطو نے۔
سوال : صوفیاء کرام نے عالم کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا ہے؟
جواب : پانچ حصوں میں۔
سوال : عالم تحت القمر کو کیا نام دیئے گئے تھے؟
جواب : "عالم محسوس" یا "عالم شہادت"۔
سوال : عالم افلاک کا کیا نام رکھا گیا تھا؟
جواب : "عالم مثال"۔
سوال : صوفیاء کرام نے عالم کو کن پانچ حصوں میں تقسیم کیا تھا؟
جواب : (۱) ذات الہیہ (۲) عالم اسمائے الہیہ (۳) صفات نعیہ الہیہ (۴) عالم خلق اور (۵) عالم امر الہی۔
سوال : کس نے وقت کو دو حصوں میں تقسیم کیا تھا؟
جواب : ابوبکر محمد بن زکریا رازی نے۔
سوال : ابوبکر محمد بن زکریا الرازی نے وقت کو کن دو حصوں میں تقسیم کیا تھا؟
جواب : مطلق وقت اور محدود وقت میں۔
سوال : رازی کے نظریے کے مطابق کہ ایٹموں کو خلاء کے ذرات کی مختلف مقداروں کے ساتھ آمیزش کی گئی تو کونسے پانچ عناصر وجود میں آئے؟
جواب : مٹی، پانی، ہوا، آگ اور آسمانی عنصر۔
سوال : رازی کے علم کائنات کی رو سے کونسے جواہر ایسے ہیں۔ جو ابد سے پہلے کے ہیں اور ان جواہر کی تعداد کتنی ہے؟
جواب : پانچ جواہر "خالق، روح، مادہ، وقت اور مقام۔

سوال : اخوان الصفا کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب : "دائرہ المعارف"۔
سوال : اخوان الصفاء کے نزدیک کائنات کا خالق کون ہے؟
جواب : خدا۔
سوال : اخوان الصفاء نے کائنات کو کتنے اجزاء میں تقسیم کیا ہے اور ان اجزاء کے نام کیا ہیں؟
جواب : نو اجزاء ہیں (۱) خالق (۲) عقل (۳) نفس (۴) مادہ یا ہیولی (۵) فطرت یا طبیعت (۶) جسم (۷) کرہ (۸) عناصر (۹) دنیا کے موجودات۔
سوال : کس نے خدا کو "منبع" تسلیم کیا ہے؟
جواب : ابن سینا نے۔
سوال : نفس مادے میں نہیں ہے یہ کس نے کہا تھا؟
جواب : امام غزالی نے۔
سوال : قرآن مجید کے مطابق پوری کائنات کتنے یوم میں تخلیق ہوئی؟
جواب : چھ یوم میں۔
سوال : قرآن مجید میں یوم کی مقدار کتنے ہزار سال ہے؟
جواب : ایک ہزار سال۔
سوال : سورۃ معارج میں یوم کی مدت کتنی ہے؟
جواب : پچاس ہزار سال۔
سوال : کس سورت مبارکہ میں زمین اور آسمان کی تخلیق سات دن متعین فرمائی گئی ہے؟
جواب : سورہ الفرقان میں۔
سوال : کس نے حضرت آدمؑ کو سجدہ کرنے سے انکار کیا تھا؟
جواب : ابلیس نے۔
سوال : حضرت آدمؑ کو کس چیز سے بنایا گیا تھا؟
جواب : مٹی سے۔
سوال : کب اور کس امریکی ماہر فلکیات نے کہا تھا کہ بعض کہکشاؤں سے سرخ منتقل والی روشنی خارج ہوتی ہے؟
جواب : ۱۹۱۲ء میں وی۔ ایم سلیفر نے۔
سوال : نظریہ ہبل کس نے پیش کیا تھا؟
جواب : ایڈون ہبل نے۔
سوال : نظریہ اضافیت کس نے پیش کیا تھا؟
جواب : آئن سٹائن نے۔

سوال : نظریہ اضافیت کے کونسے دو پہلو تھے؟
جواب : "خصوصی نظریہ اضافیت" اور "عمومی نظریہ اضافیت"۔
سوال : نظریہ Steady State Universe کس نے پیش کیا تھا؟
جواب : فرڈ ہوئل نے۔
سوال : کائنات تبدیل ہو رہی ہے۔ یہ نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟
جواب : کیمرج کے ماہر فلکیات مارٹن اور رائل نے۔
سوال : آیت الکرسی کس سورۃ میں ہے؟
جواب : سورۃ البقرہ میں۔
سوال : حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کس کے سامنے سجدہ کرنے سے انکار کیا تھا؟
جواب : نمرود کے سامنے۔
سوال : کن سورتوں کے مطابق قیامت وہ دن ہے جس دن نرسنگھا پھونکا جائے گا؟
جواب : سورۃ انعام' سورۃ نحل اور سورۃ طہ کے مطابق۔
سوال : قرآن مجید میں قیامت کو کن ناموں سے موسوم کیا گیا ہے؟
جواب : (۱) یوم القیامہ (۲) یوم الازفہ (۳) یوم عسیر (۴) یوم عظیم (۵) یوم عصیب (۶) یوم البعث (۷) یوم التلاق (۸) یوم التناد (۹) یوم الدین (۱۰) یوم الجمع (۱۱) یوم الاخر (۱۲) یوم الموعود (۱۳) یوم حساب (۱۴) یوم الفروہ (۱۵) یوم العسر (۱۶) یوم الفصل (۱۷) الساعۃ (۱۸) القارعۃ (۱۹) الحاقۃ (۲۰) الواقعۃ (۲۱) الصافۃ۔ وغیرہ۔
سوال : سورج زمین سے کتنے فاصلے پر ہے؟
جواب : تقریباً نو کروڑ تیس لاکھ میل دور ہے۔
سوال : سورج کا قطر کتنا ہے؟
جواب : آٹھ لاکھ چونسٹھ ہزار میل۔
سوال : سورج کی بیرونی سطح کا درجہ حرارت کتنا ہے؟
جواب : گیارہ ہزار درجے فارن ہائیٹ۔
سوال : سورج کے جس حصے سے شعاعیں نکل رہی ہیں اس حصے کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب : "فوٹو سپلیسی"۔
سوال : سورج کے جس حصے میں سرخ ہائیڈروجن بکثرت پائی جاتی ہے اس حصے کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب : ریڈ پرومیننس۔
سوال : سورج کا وزن زمین سے کتنے گنا زیادہ ہے؟
جواب : تین لاکھ تیس ہزار گنا زیادہ ہے۔

سوال : ماہرین نے سورج کی کتنی عمر متعین کی ہے؟

جواب : قریباً پندرہ ارب سال۔

سوال : ماہرین کے خیال میں کتنے عرصے بعد سورج پھیلنا شروع ہو جائے گا؟

جواب : پچاس ارب سال کے بعد۔

سوال : سورج اپنے مدار پر کس طرف گردش کرتا ہے؟

جواب : مغرب سے مشرق کی طرف۔

سوال : سورج قطبوں کے قریب جب گردش کرتا ہے تو کتنے دن میں اپنا چکر پورا کرتا ہے؟

جواب : ۳۵ دن میں۔

سوال : سورج کتنے عرض بلد پر ہوتا ہے تو اس کی مدت گردش ۳۰۰ دن ہو جاتی ہے؟

جواب : ۷۸ درجے عرض بلد پر۔

سوال : کیا سورج کا محور بالکل سیدھا ہوتا ہے؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : سورج کا محور کتنے درجے جھکا ہوا ہوتا ہے؟

جواب : سات درجے۔

سوال : کونسے مہینوں میں زمین سے سورج کا شمالی اور جنوبی قطب نظر آ سکتا ہے؟

جواب : ستمبر اور مارچ کے مہینوں میں۔

سوال : چاند کا قطر کتنا ہے؟

جواب : دو ہزار ایک سو ساٹھ میل۔

سوال : چاند کس کی روشنی سے چمکتا ہے؟

جواب : سورج کی روشنی سے۔

سوال : چاند کن مادوں کا مجموعہ ہے؟

جواب : ٹھوس مادوں کا۔

سوال : چاند کی عمر کتنی ہے؟

جواب : قریباً دو ارب سال۔

سوال : چاند کی عمر کس کی عمر کے برابر تصور کی جاتی ہے؟

جواب : زمین کی عمر کے برابر۔

سوال : جب سورج کی روشنی چاند پر پڑتی ہے۔ تو اس وقت چاند کا درجہ حرارت کتنا ہوتا ہے؟

جواب : ۱۰۰ درجے سنٹی گریڈ۔

سوال : زمین کتنے وقت میں اپنے محور کے گرد چکر لگاتی ہے؟

جواب : ۲۳ گھنٹے ۵۶ منٹ اور ۴.۰۰۹۱ سیکنڈ میں۔

سوال : زمین سورج کے گرد کتنے وقت میں اپنا چکر پورا کرتی ہے؟
جواب : ۳۶۵ دن اور ۶ گھنٹوں میں۔
سوال : زمین کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۷۹۱۰ میل۔
سوال : زمین کا قطر اگر خط استوا سے ناپا جائے تو کتنا ہے؟
جواب : ۷۹۲۶ - ۲/۳ میل۔
سوال : زمین کس طرف گردش کرتی ہے؟
جواب : مشرق سے مغرب کی طرف۔
سوال : زمین سورج کے گرد کس صورت میں چکر لگاتی ہے؟
جواب : بیضوی صورت میں۔
سوال : مریخ سورج سے کتنے فاصلے پر ہے؟
جواب : ۱۳۵۱۶۹۰۰۰ میل۔
سوال : مشتری کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۸۶۶۰ میل۔
سوال : مشتری اپنے مدار میں کتنی رفتار سے گردش کرتا ہے؟
جواب : قریبا ۸ میل فی سیکنڈ کی رفتار سے۔
سوال : مشتری کتنے عرصے میں سورج کے گرد اپنا ایک چکر مکمل کرتا ہے؟
جواب : ۱۲ سال میں۔
سوال : جسامت کے لحاظ سے مشتری زمین سے کتنے گنا بڑا ہے؟
جواب : گیارہ گنا۔
سوال : مشتری کے کتنے چاند دریافت ہو چکے ہیں؟
جواب : کم از کم پانچ چاند۔
سوال : مشتری کا درجہ حرارت کتنا تصور کیا جاتا ہے؟
جواب : ۲۲۰ درجے فارن ہائیٹ۔
سوال : زحل کتنے عرصے میں سورج کے گرد اپنا ایک چکر مکمل کرتا ہے؟
جواب : تیس سال۔
سوال : زحل اپنے محور کے گرد کتنے وقت میں ایک چکر پورا کرتا ہے؟
جواب : دس گھنٹے ۳۸ منٹ میں۔
سوال : زحل پر کونسی گیس کثرت سے پائی جاتی ہیں؟
جواب : ہائیڈروجن اور امونیا گیس

سوال : یورینس سیارہ کس نے اور کب دریافت کیا تھا؟
جواب : ولیم ہرشل نے ۱۷۸۱ء میں۔
سوال : ولیم ہرشل نے یورینس کا نام کیا رکھا تھا؟
جواب : "جارج سٹار"۔
سوال : یورینس کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۲۹۵۰۰ میل۔
سوال : یورینس کا کتنا درجہ حرارت تصور کیا جاتا ہے؟
جواب : ۳۰۰ فارن ہائیٹ۔
سوال : نیپچون سیارہ کب اور کس نے دریافت کیا تھا؟
جواب : لیوریے نے ۱۸۴۶ء میں۔
سوال : نیپچون کتنے سالوں میں سورج کے گرد اپنا ایک چکر پورا کرتا ہے؟
جواب : ۱۶۶ سال میں۔
سوال : نیپچون کا درجہ حرارت کتنا ہے؟
جواب : ۳۳۰ فارن ہائیٹ۔
سوال : پلوٹو سیارہ کب دریافت ہوا؟
جواب : ۱۹۳۰ء میں۔
سوال : پلوٹو کا ایک دن زمین کے کتنے دنوں کے برابر ہوتا ہے؟
جواب : ساڑھے چھ دنوں کے برابر۔
سوال : یونانیوں نے عطارد کو کیا نام دیا تھا؟
جواب : "اپالو"۔
سوال : عطارد کی سورج کے گرد چکر لگانے کی رفتار کتنی ہے؟
جواب : ۳۰ میل فی سیکنڈ۔
سوال : مدار سیارے کتنے حصوں پر مشتمل ہوتے ہیں؟
جواب : تین حصوں پر۔
سوال : ہیلی کا مدار سیارہ کب دکھائی دیا تھا؟
جواب : ۲۴۰ قبل از مسیح، ۱۰۶۶ء اور ۱۹۱۰ء میں۔
سوال : زہرہ سورج سے کتنے فاصلے پر ہے؟
جواب : ۶۷۲۷۰۰۰۰ میل۔
سوال : زہرہ کا مدار کیسا ہے؟
جواب : گول۔

سوال : زہرہ کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۷۷۰۰ میل۔
سوال : زہرہ سیارے کا درجہ حرارت کتنا ہے؟
جواب : ۱۳۰ فارن ہائیٹ
سوال : رات کے وقت ٹوٹ کر گرنے والے سیارے کیا کہلاتے ہیں؟
جواب : "شہاب ثاقب"۔
سوال : مادہ کس زبان کا لفظ ہے؟
جواب : عربی زبان کا۔
سوال : لفظ "مادہ" کے کیا معنی ہیں؟
جواب : ہر چیز کی اصل' جوہر' قابلیت' صلاحیت' ماخذ' منبع وغیرہ۔
سوال : حکماء کے نزدیک مادہ کسے کہتے ہیں؟
جواب : مادہ محل (حلول کرنے کی جگہ) کو کہتے ہیں۔
سوال : مسلم فلاسفہ کے ہاں مادہ کی بجائے کونسی اصطلاح مستعمل ہے؟
جواب : "ہیولیٰ" کی۔
سوال : مادہ کا انگریزی متبادل کیا ہے؟
جواب : "میٹر" (Matter)۔
سوال : کس یونانی فلسفی نے کہا تھا کہ مادہ بے حد چھوٹے اعضاء سے بنا ہے؟
جواب : فیثا غورث نے۔
سوال : مادے کا چھوٹے سے چھوٹا ذرہ کیا کہلاتا ہے؟
جواب : مالیکیول
سوال : مادہ کی کوئی سی تین خصوصیات بیان کریں؟
جواب :

۱- مادہ فنا نہیں ہوتا
۲- مادہ جگہ گھیرتا ہے
۳- مادہ پر کوئی عمل اپنا رد عمل ظاہر کرتا ہے

سوال : مادے کو ہم کن چار حصوں میں تقسیم کرتے ہیں؟
جواب : (۱) عنصر (۲) جوہر (۳) سالمے (۴) قلمیں۔
سوال : عنصر کے کیا معنی ہیں؟
جواب : کسی چیز کا ابتدائی یا آسان ترین حصہ۔
سوال : جوہر کو انگریزی زبان میں کیا نام دیا گیا ہے؟

جواب : ایٹم۔

سوال : بلب کے نہایت باریک سوراخ میں ایک سیکنڈ میں دس کروڑ ذرات داخل ہونے کا تجربہ کس سائنسدان نے کیا تھا؟

جواب : مغربی سائنسدان ولیم نے۔

سوال : کن گیسوں کے کتنے ذرات ملائے جائیں تو نشاستہ بن جاتا ہے؟

جواب : کاربن کے چھ' ہائیڈروجن کے دس اور آکسیجن کے گیارہ ذرات ملا دیئے جائیں تو نشاستہ بن جاتا ہے۔

سوال : خلاء کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب : عربی زبان کا۔

سوال : "خلاء" کے کیا معنی ہیں؟

جواب : خالی جگہ۔

سوال : فلاسفہ کے ہاں "خلاء" کے ضمن میں کونسی اصطلاح مستعمل ہے؟

جواب : "مکان" کی اصطلاح۔

سوال : اسپنوزا نے مکان کے بارے میں کیا کہا ہے؟

جواب : "کہ یہ جوہر کی لامحدود صفات (اعراض) میں سے ایک صفت (عرض) ہے"۔

سوال : ڈیکارٹ نے مکان کے متعلق کیا کہا ہے؟

جواب : "کہ یہ مادہ کی ایک صفت (عرض) ہے"۔

سوال : ہیگل کے نزدیک مکان کیا ہے؟

جواب : ہیگل کے نزدیک مکان تصوراتی بھی ہے اور حقیقی بھی۔

سوال : زمان کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب : عربی زبان کا۔

سوال : زمان کے کیا معانی ہیں؟

جواب : وقت' زمانہ' عرصہ' ساعت' آن' دہر' مدت' میعاد' قرن' دور' گردش' دنیا عام' حرکت فلکی کی مقدار۔

سوال : رازی نے زمان کی کتنی اقسام بیان کی ہیں؟

جواب : دو اقسام زمان مطلق' زمان محصور۔

سوال : رازی نے زمان محصور کو کیا نام دیا ہے؟

جواب : "الزمان المضاف"

سوال : سورج کا زمین سے اوسط فاصلہ کتنا ہے؟

جواب : تقریباً نو کروڑ ۳۰ لاکھ میل۔

سوال : زمین اور سورج کا درمیانی فاصلہ کیا کہلاتا ہے؟

جواب : فلکیاتی یونٹ۔

سوال : "سال نور" سے کیا مراد ہے؟

جواب : سال نور سے مراد وہ فاصلہ ہے۔ جو روشنی کی ایک کرن ایک لاکھ چھیاسی ہزار میل فی سیکنڈ کی رفتار سے ایک سال میں طے کرتی ہے۔

سوال : سورج کی کرنیں زمین تک کتنی دیر میں پہنچتی ہیں؟

جواب : ۸ منٹ میں۔

سوال : توانائی کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب : فارسی زبان کا۔

سوال : لفظ توانائی کے کیا معنی ہیں؟

جواب : طاقت' زور' بل' قوت۔

سوال : توانائی کی تعریف بیان کریں؟

جواب : کسی جسم کے کام کرنے کی صلاحیت کو توانائی کہتے ہیں۔

سوال : توانائی کی اہم اقسام کے نام لکھیں؟

جواب : حرکی توانائی' مخفی توانائی' حرارتی توانائی' برقی توانائی' مقناطیسی توانائی' کیمیائی توانائی' مد و جذر توانائی' خزانہ ہوائی توانائی' آوازی توانائی' نوری توانائی' آبی توانائی' جوہری توانائی۔

سوال : روشنی کے متعلق پیش کئے گئے کسی دو نظریات کے نام لکھیں؟

جواب : "نظریہ تموج" روشنی کا کوانٹی نظریہ۔

سوال : روشنی کا کوانٹی نظریہ کس صدی میں پیش کیا گیا؟

جواب : بیسویں صدی کے آغاز میں۔

سوال : کوئی سی تین تابکار دھاتوں کے نام لکھیں؟

جواب : ریڈیم' یورینیم' تھوریم۔

سوال : حیات کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب : عربی زبان کا۔

سوال : حیات کے کیا معانی ہیں؟

جواب : زندگی' زیست' جان' روح۔

سوال : سائنس دانوں کے نزدیک زمین پر کتنے عہد گزرے ہیں نیز ان کے نام بھی لکھیں؟

جواب : چھ عہد (۱) عدم حیاتی عہد (۲) قدیم حیاتی عہد (۳) قبل حیاتی عہد (۴) اولین حیاتی عہد (۵) وسطی حیاتی عہد (۶) حالیہ حیاتی عہد۔

سوال : سائنس دانوں کے نزدیک قدیم حیاتی عہد کتنے عرصے تک رہا؟

جواب : یہ عہد قریباً اسی کروڑ سال تک رہا۔

سوال : قبل حیاتی عہد کتنے عرصے رہا؟

جواب : ۶۵ کروڑ سال۔

سوال : اولین حیاتی عہد کتنے سال رہا؟

جواب : قریباً ۲۵ کروڑ سال۔

سوال : وسطی حیاتی عہد کتنے سال رہا؟

جواب : قریباً ۱۴ کروڑ سال۔

سوال : حالیہ حیاتی عہد کتنے عرصے سے قائم ہے؟

جواب : اس کو ہم گزشتہ ساڑھے چار کروڑ سال کی زندگی سے لیتے ہیں۔

سوال : نظریہ ارتقاء کس نے پیش کیا تھا؟

جواب : چارلس ڈارون نے۔

سوال : زمین کی سب سے بیرونی تہہ کو کیا کہتے ہیں؟

جواب : پرت۔

سوال : سورج کے مرکز کا درجہ حرارت کتنا ہوتا ہے؟

جواب : ۱۵ ملین۔

سوال : سماجی مفروضہ کب اور کس نے پیش کیا تھا؟

جواب : ۱۷۹۶ء لیپ لیس نے۔

سوال : کتاب "المجسطی" کس نے پیش کیا تھا؟

جواب : بطلیموس نے۔

سوال : کس سائنسدان نے سب سے پہلے یہ بتایا تھا کہ سورج گردش کر رہا ہے؟

جواب : گلیلیو نے۔

سوال : سورج میں ہائیڈروجن گیس کی مقدار کتنی ہے؟

جواب : ساٹھ سے اسی فیصد۔

سوال : کس سائنس دان نے سب سے پہلے کہا تھا کہ سورج پر داغ ہیں؟

جواب : گلیلیو نے۔

سوال : عطارد کے روشن حصے کا درجہ حرارت کتنا ہے؟

جواب : ۷۷۰ فارن ہائیٹ۔

سوال : ریڈار سے زہرہ پر شعاعیں کب پھینکی گئی تھیں؟

جواب : ۱۹۶۱ء اور ۱۹۶۲ء میں۔

سوال : اس بات کا انکشاف کہ ہوا کا زہرہ پر کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس موجود ہے؟

جواب : ۱۶۳۲ء میں۔
سوال : زہرہ پر غبارے کو کب بھیجا گیا تھا؟
جواب : ۱۹۸۵ء میں۔
سوال : جان ہیول نے چاند پر کب اور کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب : ۱۶۴۷ء Selenographia میں۔
سوال : Maria کس زبان کا لفظ ہے؟
جواب : لاطینی زبان کا۔
سوال : Maria کے کیا معانی ہیں؟
جواب : سمندر۔
سوال : چاند کے سب سے بڑے سمندر کا کیا نام ہے؟
جواب : Sea of Shower-
سوال : چاند کے مشہور سمندروں کے نام لکھیں؟
جواب :

۱- Sea of Shower
۲- Sea of Clouds
۳- Sea of Neetar
۴- Tranquil sea
۵- Serene sea

سوال : چاند کے مشہور پہاڑوں کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) Alps Apennous (۲) Carpathiads-
سوال : مزاحیہ کتاب "گلیورز ٹریولز" کب اور کس نے تحریر کی تھی؟
جواب : ۱۷۲۶ء جوناتھن سوفٹ نے۔
سوال : مریخ کے دو چاند سب سے پہلے کس نے اور کب دیکھے تھے؟
جواب : ہال نے ۱۸۷۷ء میں۔
سوال : "Phobos" اور "Deimos" کے کیا معانی ہیں؟
جواب : "خوف" اور "دہشت"۔
سوال : Deimos مریخ کے مرکز سے کتنا دور ہے؟
جواب : ۱۴۶۰۰ میل۔
سوال : مریخ کے سفید حصوں کو کیا کہا جاتا ہے؟
جواب : قطبین۔

سوال : مشتری کی کمیت زمین سے کتنے گنا زیادہ ہے؟
جواب : ۳۱۸ گنا زیادہ ہے۔
سوال : مشتری جسامت کے لحاظ سے زمین سے کتنے گنا بڑا ہے؟
جواب : گیارہ گنا بڑا ہے۔
سوال : مشتری کی سطح پر سرخ رنگ کا دھبہ کب دیکھا گیا تھا؟
جواب : ۱۸۳۱ء میں۔
سوال : زحل کے سیاروں کے نام لکھیں؟
جواب : (ا) میماس (۲) انکلاڈوس (۳) ٹیتھس (۴) ڈایو نے (۵) ریٹا (۶) ٹیٹن (۷) ہائی پیرین (۸) آیپے ٹس (۹) نوبےَ۔
سوال : میماس کب اور کس نے دریافت کیا تھا؟
جواب : ہرشیل نے ۱۷۹۸ء میں۔
سوال : ٹیتھس کب اور کس نے دریافت کیا تھا؟
جواب : کیسنی ۱۶۸۴ء میں۔
سوال : ٹیٹن سیاہ کب اور کس نے دریافت کیا تھا؟
جواب : ۱۶۵۵ء ہائی گن نے۔
سوال : ہائی پیرین سیارہ کب اور کس نے دریافت کیا تھا؟
جواب : ۱۸۴۸ء بانڈ نے۔
سوال : آیپے ٹس سیارہ کب اور کس نے دریافت کیا تھا؟
جواب : کیسنی نے ۱۶۷۱ء میں۔
سوال : نوبےَ سیارہ کس نے اور کب دریافت کیا تھا؟
جواب : پکرنگ نے ۱۸۹۸ء میں۔
سوال : ولیم ہرشیل کی دوربین کتنے انچ لمبی تھی؟
جواب : سات انچ۔
سوال : یورے نس کے ایک سال میں کتنے دن ہوتے ہیں؟
جواب : ۳۰۰۰۰ دن۔
سوال : یورے نس کے سیاروں کے نام بتائیں؟
جواب : (ا) میرانڈ (۲) ایریل (۳) امبریل (۴) ٹیٹانیہ (۵) آبیرن۔
سوال : میرانڈ کو کب اور کس نے دریافت کیا تھا؟
جواب : ۱۹۴۸ء کوپیے نے۔
سوال : ایریل سیارے کو کب اور کس نے دریافت کیا تھا؟

جواب : ۱۸۵۱ء لیسل نے۔
سوال : ٹیٹانیہ سیارے کو کب اور کس نے دریافت کیا تھا؟
جواب : ۱۸۷۷ء ہرشیل نے۔
سوال : میرانڈ یورینس سے کتنے فاصلے پر واقع ہے؟
جواب : ۸۱۰۰۰ میل۔
سوال : ایریل یورینس سے کتنے فاصلے پر ہے؟
جواب : ۱۱۹۰۰۰ میل۔
سوال : امبریل یورینس سے کتنے فاصلے پر ہے اور اس کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۱۶۶۰۰۰ میل اور اس کا قطر ۴۵۰ میل ہے۔
سوال : ٹیٹانیہ یورینس سے کتنے فاصلے پر واقع ہے؟
جواب : ۲۷۲۰۰۰ میل۔
سوال : آبیرن یورینس سے کتنے فاصلے پر ہے؟
جواب : ۳۶۵۰۰۰ میل۔
سوال : بتائیے ایریل کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۶۰۰ میل۔
سوال : بتائیے ٹیٹانیہ کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۱۶۰۰ میل۔
سوال : بتائیے آبیرن کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۹۵۰ میل۔
سوال : نیپچون کے سیاروں کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) ٹرٹین (۲) نیریڈ۔
سوال : ٹرٹین کس نے اور کب دریافت کیا تھا؟
جواب : لیسل نے ۱۸۴۶ء میں۔
سوال : نیریڈ کب اور کس نے دریافت کیا تھا؟
جواب : ۱۹۴۹ء کوپر نے۔
سوال : ٹریسن نیپچون سے کتنے فاصلے پر ہے؟
جواب : ۲۲۰۰۰ میل۔
سوال : ٹرٹین کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۲۸۰۰ میل۔
سوال : نیریڈ نیپچون سے کتنے فاصلے پر ہے؟

جواب : ۳۴۴۰۰۰۰ میل۔
سوال : نیریڈ کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۲۰۰ میل۔
سوال : بتایئے میماس سیارہ زحل سے کتنے فاصلے پر موجود ہے؟
جواب : ۱۱۵۰۰۰ میل۔
سوال : انکلاڈوس زحل سے کتنے فاصلے پر موجود ہے؟
جواب : ۱۴۸۰۰۰ میل۔
سوال : ٹیتھس زحل سے کتنے فاصلے پر واقع ہے؟
جواب : ۱۸۳۰۰۰ میل۔
سوال : ڈایونے زحل سے کتنے فاصلے پر ہے؟
جواب : ۲۳۷۸۰۰ میل۔
سوال : ٹیسن زحل سے کتنے فاصلے پر ہے؟
جواب : ۷۶۰۰۰۰ میل
سوال : ہائی پیرین کا زحل سے کتنا فاصلہ ہے؟
جواب : ۹۲۰۰۰۰ میل۔
سوال : نوبئے کا زحل سے کتنا فاصلہ ہے؟
جواب : ۸۰۳۴۰۰۰ میل۔
سوال : بتایئے میماس کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۳۰۰ میل۔
سوال : بتایئے انکلاڈوس کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۵۰۰ میل۔
سوال : بتایئے ٹیتس کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۸۰۰ میل۔
سوال : بتایئے ڈایونے کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۷۵۰ میل۔
سوال : بتایئے ریا کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۱۰۹۰ میل۔
سوال : بتایئے ٹیٹسن کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۲۶۱۰ میل۔
سوال : بتایئے ہائی پیرین کا قطر کتنا ہے؟

جواب : ۳۱۰ میل۔
سوال : بتایئے آپے نس کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۱۱۲۰ میل۔
سوال : بتایئے نوبے کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۱۵۰ میل۔
سوال : ان دم دار سیاروں کی تعداد کتنی ہے جن کو ہم ساٹھ ستر سال کے بعد دیکھ سکتے ہیں؟
جواب : ان سیاروں کی تعداد تقریباً سو ہے۔
سوال : مشہور ناول جولیس سیزر کس نے لکھا تھا؟
جواب : شیکسپیر نے۔
سوال : ایک گھنٹے میں کتنے شہاب ثاقب دیکھے جا سکتے ہیں؟
جواب : چار سے آٹھ۔
سوال : اگر چاند نہ نکلا ہو تو ہم ایک گھنٹے میں کتنے شہاب ثاقب دیکھ سکتے ہیں؟
جواب : سولہ۔
سوال : پلٹسک کے مقام پر کب اور کتنے شہاب ثاقب گرے تھے؟
جواب : ۱۸۹۶ء میں اور ان کی تعداد تقریباً ۱۰۰۰۰۰ تھی۔
سوال : سب سے بڑا شہاب ثاقب کہاں گرا تھا؟
جواب : گرین لینڈ میں۔
سوال : سب سے بڑا شہاب جو زمین پر گرا اسکا وزن کتنا تھا؟
جواب : ساڑھے 62 ٹن۔
سوال : ایڈمرل پیری نے سب سے بڑے شہاب ثاقب کو کب دیکھا تھا؟
جواب : ۱۸۹۵ء میں۔
سوال : صحرائے اری زونا میں کتنے ہزار فٹ کا ایک گڑھا ہے؟
جواب : 4000 فٹ قطر کا۔
سوال : اس گڑھے کی دیواریں صحرا سے کتنے فٹ بلند ہیں؟
جواب : ۱۵۰ فٹ۔
سوال : سب سے بڑا شہاب ثاقب کب گرا تھا؟
جواب : ۳۰ جولائی ۱۹۰۸ء میں۔
سوال : حکومت روس نے کب اور کس پروفیسر کو شہاب ثاقب کی تحقیق کے لیے بھیجا تھا؟
جواب : ۱۹۲۷ء پروفیسر کیولک کو۔
سوال : اینلسیمنیز کس کا شاگرد تھا؟

جواب : انیکسی مینڈر کا۔
سوال : عنصر آگ کس نے دریافت کیا تھا؟
جواب : انیکسی مینڈر نے۔
سوال : کس سائنس دان نے کہا تھا کہ مادہ اور توانائی ایک ہی چیز ہے؟
جواب : ڈاکٹر ابرٹ آئین شائن نے۔
سوال : عنصر کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟
جواب : Element۔
سوال : عنصر کس زبان کا لفظ ہے؟
جواب : لاطینی زبان کا۔
سوال : عنصر کے کیا معانی ہیں؟
جواب : ہر چیز یا مضمون کا ابتدائی یا آسان ترین حصہ۔
سوال : کس سائنس دان نے سمندر کے پانی سے سونا بنانے کی کوشش کی تھی؟
جواب : سائنس دان ہیبر نے۔
سوال : سائنس دان ہیبر کو کس نے جلا وطن کیا تھا؟
جواب : ہٹلر نے۔
سوال : قرآن پاک کے مطابق چوپائے اور نباتات کس سے پیدا کیے گئے ہیں؟
جواب : پانی سے۔
سوال : کس سائنس دان نے تمام جانداروں کی نسل مادے کو قرار دیا ہے؟
جواب : یونانی سائنس دان ثالیس تھیلز نے۔
سوال : حیات کی اقسام کتنی ہیں؟
جواب : ۱۔ بیکٹیریا ۲۔ پودے اور جانور ۳۔ انسان۔
سوال : پودوں کی اب تک کتنی اقسام دریافت ہو چکی ہیں؟
جواب : 350000 سے زیادہ۔
سوال : جانوروں کی اب تک کتنی اقسام کا مشاہدہ کیا جا چکا ہے؟
جواب : 1650000 اقسام کا۔
سوال : پروٹوپلازم کس زبان کا لفظ ہے؟
جواب : یونانی زبان کا۔
سوال : "الفوز الاصغر" کس نے تحریر کی تھی؟
جواب : ابن مسکویہ نے۔
سوال : حکمت کے کیا معانی ہیں؟

جواب : دانائی، دانشمندی، عقل، فلسفہ اور حقیقت دریافت کرنے کا علم۔
سوال : قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کے لیے کیا الفاظ استعمال ہوئے ہیں؟
جواب : "حکمت والا"۔
سوال : حضورؐ پر جو پہلی وحی نازل ہوئی اسکے کیا الفاظ تھے؟
جواب : "اقرأ باسم ربک"۔
سوال : انسان کا پہلا استاد کون ہے؟
جواب : خود اللہ تعالیٰ۔
سوال : جابر بن حیان کب پیدا ہوا؟
جواب : ۱۰۲ھ ۷۲۰ء آپ کی تاریخ پیدائش میں اختلاف ہے اس لئے بعضوں کے خیال میں اپ ۱۰۴ ہجری ۷۲۲ء اور بعضوں کے خیال میں آپ ۱۵۹ ہجری ۷۷۵ء کو پیدا ہوئے۔
سوال : جابر بن حیان کے والد کا کیا نام تھا؟
جواب : حیان بن عبداللہ۔
سوال : حیان بن عبداللہ کس قبیلے سے تعلق رکھتا تھا؟
جواب : "ازد" قبیلے سے۔
سوال : حیان بن عبداللہ کا کیا پیشہ تھا؟
جواب : دواساز تھے۔
سوال : حیان بن عبداللہ کی موت کیسے واقع ہوئی تھی؟
جواب : اسے سزائے موت دی گئی تھی۔
سوال : جابر بن حیان کہاں پیدا ہوا؟
جواب : طوس میں۔
سوال : جابر بن حیان نے دینی تعلیم کس سے حاصل کی تھی؟
جواب : امام الجعفر الصادق سے۔
سوال : کس نے جابر بن حیان کو اسماعیلی شیعہ کہا ہے؟
جواب : ابن خلکان نے۔
سوال : کتاب "الفہرست" کس نے تحریر کی تھی؟
جواب : ابن الندیم نے۔
سوال : ابن الندیم نے اپنی کتاب الفہرست میں جابر بن حیان کی کتنی کتابوں کا ذکر کیا ہے؟
جواب : دو سو۔
سوال : نظریہ طلسم کس نے پیش کیا تھا؟
جواب : جابر بن حیان نے۔

سوال : جابر بن حیان نے معدنیات کو کتنے گروہوں میں تقسیم کیا تھا؟
جواب : تین گروہوں میں۔
سوال : جابر بن حیان کے خیال میں تمام دھاتیں کس سے بنی ہیں؟
جواب : گندھک اور پارے سے۔
سوال : جابر بن حیان نے کشتہ سازی پر کتنی کتابیں لکھی تھیں؟
جواب : ایک کتاب۔
سوال : قلمی شورے کا تیزاب کس نے تیار کیا تھا؟
جواب : جابر بن حیان نے۔
سوال : جابر بن حیان نے کتنی قسم کے تیزاب ایجاد کئے تھے؟
جواب : تین قسم کے۔
سوال : لوہے کو فولاد بنانے کا طریقہ کس نے دریافت کیا تھا؟
جواب : جابر بن حیان نے۔
سوال : وارنش کس نے بنائی تھی؟
جواب : جابر بن حیان نے۔
سوال : جابر کے خیال میں کن چیزوں کے ملاپ سے سونا پیدا ہوتا ہے؟
جواب : پارہ اور گندھک کے ملاپ سے.
سوال : قلمیشن کا طریقہ کس نے دریافت کیا تھا؟
جواب : جابر بن حیان نے۔
سوال : موم جامہ کس نے تیار کیا تھا؟
جواب : جابر بن حیان نے۔
سوال : سرکہ بنانے کا طریقہ کس نے دریافت کیا تھا؟
جواب : جابر بن حیان نے۔
سوال : جابر بن حیان کی کن کتابوں کا انگریزی میں ترجمہ ہوا؟
جواب : کتاب الملک' کتاب الموازین الصغیر' کتاب الکیمیا اور کتاب الرحمۃ' کتاب الفسیق المشرقی۔
سوال : جابر بن حیان کی وفات کا سال تحریر کریں؟
جواب : ۸۱۷ء یا ۸۱۵ء یا ۸۱۳ میں۔
سوال : قبیلہ ازد کے لوگوں نے کوفہ میں کب رہائش اختیار کی؟
جواب : ۶۳۸ء میں۔
سوال : خالد بن یزید کا انتقال کب ہوا؟

جواب : ۹۰ ہجری میں۔
سوال : جابر بن حیان کو کن علوم پر دسترس حاصل تھی؟
جواب : ہیئت' فلکیات' طب' ریاضی' ہندسہ' جیومیٹری' کیمیا' نجوم' موسیقی۔
سوال : بالوں کو سیاہ کرنے کے لئے خضاب کس نے تیار کیا تھا؟
جواب : جابر بن حیان نے۔
سوال : ابوالقاسم زہراوی کے والد کا کیا نام تھا؟
جواب : عباس۔
سوال : ابوالقاسم کہاں کے رہنے والا تھا؟
جواب : قرطبہ کے شہر "الزھرا" کا۔
سوال : "قصر زہرا" کس نے تعمیر کروایا تھا؟
جواب : عبدالرحمان الناصر نے۔
سوال : ابوالقاسم زہراوی کب پیدا ہوا؟
جواب : اندازاً ۹۳۶ء میں۔
سوال : ابوالقاسم زہراوی نے علم جراحت پر کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب : "التعریف لمن عجز من التالیف"۔
سوال : کتاب التعریف لمن عجز من التالیف کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟
جواب : تین حصوں پر۔
سوال : ابوالقاسم کی کتاب التعریف میں کتنے موضوعات پر روشنی ڈالی گئی؟
جواب : ۳۳ موضوعات پر۔
سوال : علم جراحت کا موجد کسے کہا جاتا ہے؟
جواب : ابوالقاسم زہراوی کو۔
سوال : اہل مغرب ابوالقاسم زہراوی کو کن ناموں سے یاد کرتے ہیں؟
جواب : ابوالکاس' البوکاس اور الزہراویس کے ناموں سے۔
سوال : ابوالقاسم کی کتاب التعریف کا ترجمہ سب سے پہلے کب اور کس زبان میں ہوا؟
جواب : ۱۴۹۷ء میں لاطینی زبان میں۔
سوال : ابوالقاسم نے تعلیم کہاں حاصل کی تھی؟
جواب : اندلس میں۔
سوال : ابوالقاسم زہراوی کا انتقال کب ہوا؟
جواب : ۱۰۱۳ء میں۔
سوال : رازی کا نام کیا تھا؟

جواب : محمد۔
سوال : رازی کے والد کا کیا نام تھا؟
جواب : زکریا۔
سوال : رازی کی کنیت کیا تھی؟
جواب : ابوبکر۔
سوال : رازی نے طب کی تعلیم کس سے حاصل کی؟
جواب : علی بن ربن سے۔
سوال : علی بن ربن کا انتقال کب ہوا؟
جواب : ۸۷۰ء میں۔
سوال : ابوبکر بن محمد زکریا کہاں پیدا ہوا؟
جواب : "رے" میں۔
سوال : علی بن ربن کس کا بیٹا تھا؟
جواب : سہل ربن۔
سوال : رازی کی کتاب "حاوی" کتنی جلدوں پر مشتمل تھی؟
جواب : پچیس جلدوں پر۔
سوال : کتاب "حاوی" کا لاطینی زبان میں ترجمہ کب ہوا تھا؟
جواب : ۱۴۸۹ء میں۔
سوال : سب سے پہلی دوا کس نے دریافت کی تھی؟
جواب : افلولن نے۔
سوال : سب سے پہلی دوائی کا کیا نام تھا؟
جواب : "حی العالم"۔
سوال : رازی کے خیال میں ہوا اور آگ کی حرکت اوپر کی طرف کیوں ہوتی ہے؟
جواب : خلاء کے ذرات کی کثرت کی وجہ سے۔
سوال : رازی کے نزدیک کونسے پانچ جواہر ایسے ہیں جو ازل سے پہلے کے ہیں؟
جواب : خالق' روح' مادہ' وقت اور مقام۔
سوال : رازی کے نزدیک خدا نے عقل کیوں اتاری؟
جواب : روح کو بیدار کرنے کے لئے۔
سوال : رازی نے تخلیق کائنات پر کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب : "کتاب العلم الالٰہی"۔
سوال : رازی افلاطون کے کس نظریئے سے متفق ہے؟

جواب : نظریہ ارواح سے۔
سوال : چیچک کے موضوع پر دنیا میں سب سے پہلے کتاب کس نے لکھی تھی؟
جواب : ابوبکر محمد زکریا الرازی نے۔
سوال : رازی نے چیچک کے موضوع پر جو کتاب لکھی تھی اس کتاب کا کیا نام تھا؟
جواب : "کتاب الجدری والحصبہ"۔
سوال : رازی نے دواؤں کے صحیح وزن کے لئے کونسا ترازو ایجاد کیا تھا؟
جواب : "میزان طبعی"۔
سوال : میزان طبعی کو انگریزی میں کیا کہا جاتا ہے؟
جواب : "Hydrostatic Balance"۔
سوال : الکحل کس نے ایجاد کیا تھا؟
جواب : رازی نے۔
سوال : کتاب الشکوک علی جالینوس کس نے تحریر کی تھی؟
جواب : رازی نے۔
سوال : اہل مغرب رازی کو کس نام سے یاد کرتے ہیں؟
جواب : "ریزز" کے نام سے۔
سوال : ابوبکر محمد زکریا رازی کا انتقال کب ہوا؟
جواب : ۹۲۵ء میں۔
سوال : ابن الہیثم کا پورا نام کیا ہے؟
جواب : ابو علی الحسن بن الحسن بصری المصری ہے۔
سوال : اہل مغرب ابن الہیثم کو کس نام سے یاد کرتے ہیں؟
جواب : الہیزان کے نام سے۔
سوال : ابن ابی عصیبہ نے ابن الہیثم کا کیا نام لکھا ہے؟
جواب : محمد بن الحسن۔
سوال : ابن الہیثم کب پیدا ہوئے؟
جواب : ۹۶۵ء میں۔
سوال : بن الہیثم کو کن علوم پر مہارت حاصل تھی؟
جواب : ریاضی، طبیعیات، ہندسہ، ہیئت اور طب پر۔
سوال : ابن الہیثم کس دریا پر بند باندھنا چاہتا تھا؟
جواب : دریائے نیل پر۔
سوال : ابن الہیثم نے مصر کی کس یونیورسٹی کے قریب رہائش اختیار کی تھی؟

جواب : جامعہ الازہر کے قریب۔
سوال : ابن الہیثم نے کتنے سال سائنسی تحقیقات میں صرف کیے؟
جواب : تقریباً بائیس سال۔
سوال : ابن الہیثم نے کل کتنی کتابیں لکھی تھیں؟
جواب : تقریباً دو سو۔
سوال : ابن الہیثم نے علم ریاضی اور طب پر کتنی کتابیں لکھی تھیں؟
جواب : ۴۴ کتابیں۔
سوال : علم طب پر ابن الہیثم کی کوئی سی چار کتابوں کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) کتاب فی فرق الطب (۲) کتاب فی المزاج (۳) کتاب فی الصوت (۴) کتاب فی النفس الکبیر۔
سوال : طبیعیات کے موضوع پر ابن الہیثم کی چار مشہور کتابوں کے نام لکھیں؟
جواب :

۱۔ مقالہ فی الفضل والفاضل
۲۔ مقالہ فی المباری والموجودات
۳۔ مقالہ فی ہیئۃ العالم
۴۔ تلخیص المسائل الطبعیہ لارسطو طالیس۔

سوال : ریاضی کے موضوع پر ابن الہیثم کی دو مشہور کتابوں کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) کتاب فی المدخل الی الامور الہندسیہ (۲) علم المناظر۔
سوال : جو جسم خود روشنی دے ابن الہیثم اسے کیا نام دیتا ہے؟
جواب : "نور افشاں جسم"۔
سوال : ابن الہیثم روشنی کو کتنے حصوں میں تقسیم کرتا ہے؟
جواب : دو حصوں میں۔
سوال : جن اشیاء پر روشنی پڑتی ہے ابن الہیثم نے انھیں کتنے حصوں میں تقسیم کیا ہے اور ان حصوں کو کیا نام دیا ہے؟
جواب : تین حصوں میں (۱) شفاف (۲) نیم شفاف (۳) غیر شفاف۔
سوال : ابن الہیثم نے روشنی کے انعکاس کے کتنے قانون دریافت کیے تھے؟
جواب : دو قانون۔
سوال : آنکھ کا بیرونی طبق کیا کہلاتا ہے؟
جواب : "ملیہ"۔
سوال : "ملیہ" کے اندر کی جھلی کو کیا کہتے ہیں؟

جواب : "مشیمہ"۔
سوال : آنکھ کے سامنے کا حصہ جو پھیلتا اور سکڑتا رہتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟
جواب : "عینیہ"۔
سوال : عصب بصارت کس کے ساتھ ملحق ہوتا ہے؟
جواب : شبکیہ کے ساتھ۔
سوال : قرینہ اور عدسے کے درمیان کونسی رطوبت بھری ہوتی ہے؟
جواب : "رطوبت مائیہ"۔
سوال : "مقالہ فی الہالہ و قوس قزح" کس نے لکھا تھا؟
جواب : ابن الہیثم نے۔
سوال : سوئی چھید کیمرہ کس نے ایجاد کیا تھا؟
جواب : ابن الہیثم نے۔
سوال : ابن الہیثم نے اس کیمرے کا کیا نام رکھا تھا؟
جواب : "تھبلہ"۔
سوال : ابن الہیثم کے خیال میں قوس قزح کس وقت بنتی ہے؟
جواب : جب بادل یا گھنی مرطوب ہوا سے بننے والی مقعر کروی سطح سے انعکاس نور ہوتا ہے۔
سوال : ابن الہیثم نے تاریکی کو کیا نام دیا ہے؟
جواب : "ظلمت"۔
سوال : ابن الہیثم نے سائے کو کیا نام دیا ہے؟
جواب : "ظل"۔
سوال : ابن الہیثم کا انتقال کب ہوا؟
جواب : ۱۰۳۹ء کہیں ۱۰۴۰ء کا ذکر بھی ملتا ہے۔
سوال : ابن سینا کا اصل نام کیا تھا؟
جواب : حسین بن عبداللہ۔
سوال : ابن سینا کے والد کا کیا نام تھا؟
جواب : عبداللہ۔
سوال : ابن سینا کے آباء و اجداد کہاں کے رہنے والے تھے؟
جواب : بلخ کے۔
سوال : ابن سینا کی والدہ کا کیا نام تھا؟
جواب : ستارہ۔
سوال : نوح ابن منصور نے عبداللہ کو کہاں کا حاکم بنایا تھا؟

جواب : خرمشین کا۔
سوال : عبداللہ کے کتنے بیٹے تھے؟
جواب : دو بیٹے تھے۔
سوال : ابن سینا کہاں پیدا ہوا؟
جواب : بخارا کے قریب افشانہ نامی گاؤں میں۔
سوال : ابن سینا نے ریاضی کی تعلیم کس سے حاصل کی تھی؟
جواب : محمود مساح سے۔
سوال : ابن سینا نے فقہ کی تعلیم کس سے حاصل کی تھی؟
جواب : اسماعیل زاہد سے۔
سوال : ابن سینا نے منطق' فلسفہ اور اقلیدس کا علم کس سے حاصل کیا تھا؟
جواب : ابو عبداللہ ناتلی سے۔
سوال : اہل مغرب ابن سینا کو کس نام سے یاد کرتے ہیں؟
جواب : "اوے سینا" کے نام سے۔
سوال : ابن سینا کتنے سال تک ابوالعباس مامون کے دربار سے وابستہ رہا؟
جواب : دس سال تک۔
سوال : ابن سینا کے والد کس مذہب سے تعلق رکھتے تھے؟
جواب : اسماعیلی مذہب سے۔
سوال : فخرالدولہ کے بیٹے کا کیا نام تھا؟
جواب : مجدو الدولہ۔
سوال : مجدو الدولہ کی والدہ کا کیا نام تھا؟
جواب : "السیدہ"۔
سوال : ہمدان کا حکمران کون تھا؟
جواب : شمس الدولہ۔
سوال : ہمدان پر حملہ کس نے کیا تھا؟
جواب : علاء الدولہ نے۔
سوال : ابن سینا کتنے عرصے قید رہا تھا؟
جواب : چار ماہ۔
سوال : کتاب "الحاصل والمحصول" کتنی جلدوں پر مشتمل تھی؟
جواب : بیس جلدوں پر۔
سوال : ابن سینا نے قید کے دوران کونسی کتابیں لکھی تھیں؟

جواب : کتاب الہدایہ، صحابہ حنطان اور کتاب القولنج۔
سوال : ابن سینا نے اصفہان میں قیام کے دوران کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب : "دانش نامہ علائی"۔
سوال : ابن سینا نے کتنی کتابیں تحریر کی تھیں؟
جواب : سو سے زائد۔
سوال : ابن سینا کی کتاب القانون کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟
جواب : ۱۴ جلدوں پر۔
سوال : ابن سینا کی کتاب الشفا کتنی جلدوں پر مشتمل تھی؟
جواب : ۱۸ جلدوں پر۔
سوال : کتاب النجات کس نے لکھی تھی اور یہ کتنی جلدوں پر مشتمل تھی؟
جواب : ابن سینا نے یہ ۳۰ جلدوں پر مشتمل تھی۔
سوال : ابن سینا کی کتاب لسان العرب کتنی جلدوں پر مشتمل تھی؟
جواب : دس جلدوں پر۔
سوال : ابن سینا کی کتاب البروالاثم کی کتنی جلدیں تھیں؟
جواب : دو جلدیں۔
سوال : ابن سینا کی کتاب الانصاف کی کتنی جلدیں تھیں؟
جواب : بیس جلدیں۔
سوال : ابن سینا کا انتقال کب ہوا؟
جواب : ۱۰۳۷ء میں۔
سوال : محمد بن موسیٰ الخوارزمی کا اصل نام کیا تھا؟
جواب : محمد۔
سوال : محمد بن موسیٰ الخوارزمی کہاں کے رہنے والے تھے؟
جواب : خوارزم کا۔
سوال : خوارزم کا موجودہ نام کیا ہے؟
جواب : خیوا۔
سوال : محمد بن موسیٰ الخوارزمی کو کن علوم میں مہارت حاصل تھی؟
جواب : ریاضی، ہندسہ، نجوم، جومیٹری، فلکیات، جغرافیہ میں۔
سوال : اسلامی دنیا کا سند ہند کسے کہا جاتا ہے؟
جواب : محمد بن موسیٰ الخوارزمی کو۔
سوال : محمد بن موسیٰ الخوارزمی نے فلکیات کے موضوع پر کونسی کتاب لکھی تھی؟

جواب : "زیج السند ہند"۔
سوال : محمد بن موسیٰ الخوارزمی نے جغرافیہ کے موضوع پر کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب : "صورۃ الارض"۔
سوال : کتاب التاریخ کے مصنف کا نام بتائیں؟
جواب : محمد بن موسیٰ الخوارزمی۔
سوال : الجبرا کے معانی کیا ہیں؟
جواب : تکمیل۔
سوال : المقابلہ کے کیا معانی ہیں؟
جواب : متوازن کرنا۔
سوال : محمد بن موسیٰ الخوارزمی نے اکائی کے لئے کون سا لفظ استعمال کیا ہے؟
جواب : درہم۔
سوال : محمد بن موسیٰ الخوارزمی کا انتقال کب ہوا؟
جواب : ۸۴۷ء میں۔
سوال : البیرونی کا اصل نام کیا تھا؟
جواب : محمد۔
سوال : البیرونی کے والد کا کیا نام تھا؟
جواب : احمد۔
سوال : البیرونی کی کنیت کیا تھی؟
جواب : ابو الریحان۔
سوال : بیرون کس زبان کا لفظ ہے؟
جواب : فارسی زبان کا۔
سوال : لفظ بیرون کے کیا معانی ہیں؟
جواب : باہر۔
سوال : البیرونی نے سائنسی علوم کی تعلیم کس سے حاصل کی تھی؟
جواب : ابو نصر منصور سے۔
سوال : البیرونی کو کن علوم میں مہارت حاصل تھی؟
جواب : علم ہیئت' نجوم' طب' ریاضی' جغرافیہ' فلکیات' میکانیات اور فلسفہ میں۔
سوال : البیرونی نے ابو نصر منصور کو کیا لقب دیا تھا؟
جواب : استاذی۔
سوال : آل عراق کی حکومت کا خاتمہ کب ہوا؟

جواب : ۹۹۵ء میں۔
سوال : علی بن مامون کب تخت نشین ہوا؟
جواب : ۹۹۷ء میں۔
سوال : علی بن مامون کا انتقال کب ہوا؟
جواب : ۱۰۰۹ء میں۔
سوال : علی بن مامون کے بعد کون تخت نشین ہوا؟
جواب : ابوالعباس مامون۔
سوال : ابوالعباس کا محمود غزنوی سے کیا رشتہ تھا؟
جواب : ابوالعباس مامون محمود غزنوی کا بہنوئی تھا۔
سوال : البیرونی کی تحقیقات کے مطابق لاہور' پشاور' سیالکوٹ اور ملتان کا عرض بلد کتنے درجے ہے؟
جواب : لاہور کا عرض بلد ۳۴' پشاور کا عرض بلد ۳۴' سیالکوٹ کا ۳۲ اور ملتان کا عرض بلد ۲۹ درج ہے۔
سوال : البیرونی نے "کتاب الہند" میں کتنے شہروں کے نام لکھے ہیں؟
جواب : گیارہ شہروں کے نام۔
سوال : البیرونی نے کس سے ہندسہ و ہیئت کے رموز حاصل کئے تھے؟
جواب : ہندو عالم دربھہ سے۔
سوال : محمود غزنی کا انتقال کب ہوا؟
جواب : ۱۰۳۰ء میں۔
سوال : البیرونی کی تصانیف کی تعداد کتنی ہے؟
جواب : ڈیڑھ سو سے زائد۔
سوال : البیرونی کی کتاب "الآثار الباقیہ" کتنے ابواب پر مشتمل ہے؟
جواب : اکیس ابواب پر۔
سوال : البیرونی کی کتاب "القانون المسعودی" کتنے مقالات پر مشتمل ہے؟
جواب : گیارہ مقالات پر۔
سوال : البیرونی نے چاند گرہن کا مشاہدہ کب اور کہاں کیا؟
جواب : ۲۴ مئی ۹۹۷ء شہر کاث میں۔
سوال : البیرونی نے جرجان میں چاند گرہن کا مشاہدہ کب کیا؟
جواب : ۱۰۰۳ء میں۔
سوال : آلہ حلقہ شاہیہ کس نے ایجاد کیا تھا؟

جواب : البیرونی نے۔
سوال : البیرونی نے کتنے برس کی عمر میں "حلقہ شاہیہ" ایجاد کیا تھا؟
جواب : سترہ برس کی عمر میں۔
سوال : البیرونی نے سورج گرہن کا مشاہدہ کب اور کہاں کیا تھا؟
جواب : ۸ اپریل ۱۰۱۹ء میں کابل کے شہر نعمان میں۔
سوال : آلہ حلقہ یمنی کس نے ایجاد کیا تھا؟
جواب : البیرونی نے۔
سوال : البیرونی نے کس پہاڑی کو کرہ زمین کا قطر معلوم کرنے کا ذریعہ بنایا تھا؟
جواب : ٹلہ بالناتھ کو۔
سوال : البیرونی کے نزدیک زمین کا قطر کتنا ہے؟
جواب : ۷۹۲۴ میل۔
سوال : البیرونی کی تحقیق کے مطابق بغداد اور دمشق کا طول بلد کتنا ہے؟
جواب : بغداد کا ۴۴ اور دمشق کا ۳۴ درجے۔
سوال : البیرونی نے کتنے موتیوں کی کثافت اضافی معلوم کی تھی؟
جواب : ۱۸ موتیوں کی۔
سوال : البیرونی کے خیال میں پھول کی پتیاں ہمیشہ کتنی ہوتی ہیں؟
جواب : ۳، ۴، ۵، ۶ = ۱۸۔
سوال : البیرونی نے کتاب "قانون المسعودی" کس کے نام کی تھی؟
جواب : سلطان مسعود بن محمود غزنوی کے نام۔
سوال : البیرونی کا انتقال کب ہوا؟
جواب : ۱۰۴۸ء میں۔
سوال : عمر خیام کا کیا خطاب تھا؟
جواب : غیاث الدین۔
سوال : عمر خیام کی کنیت کیا تھی؟
جواب : ابوالفتح۔
سوال : عمر خیام کے والد کا کیا نام تھا؟
جواب : ابراہیم الخیامی۔
سوال : عمر خیام کے آباء و اجداد کا کیا پیشہ تھا؟
جواب : خیمہ سازی۔
سوال : عمر خیام کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : ۱۵ مئی ۱۰۴۸ء ۴۴۰ ہجری کو نیشاپور میں۔

سوال : عمر خیام نے ابتدائی تعلیم کہاں حاصل کی؟

جواب : نیشاپور میں۔

سوال : عمر خیام نے ابوالحسن زنباری سے کن علوم کی تعلیم حاصل کی تھی؟

جواب : ریاضی' ہیئت' فلسفہ کی۔

سوال : ابوالحسن زنباری کس کا شاگرد تھا؟

جواب : بوعلی سینا کا۔

سوال : عمر خیام نے کتنے برس کی عمر میں فلسفے پر عبور حاصل کر لیا تھا؟

جواب : سترہ برس کی عمر میں۔

سوال : حسن بن علی کس کا وزیر تھا؟

جواب : الپ ارسلان سلجوقی کا۔

سوال : عمر خیام نے کتاب "جبر و مقابلہ" کس کی فرمائش پر لکھی تھی؟

جواب : ابو طاہر کی فرمائش پر۔

سوال : عمر خیام نے کتنے برس سمرقند میں قیام کیا؟

جواب : دس برس۔

سوال : ابن البیطار کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب : احمد بن البیطار۔

سوال : البیطار سے کیا مراد ہے؟

جواب : گھوڑوں کا ڈاکٹر۔

سوال : ابن البیطار کب اور کہاں پیدا ہوا؟

جواب : ۱۱۹۷ء شہر مالقہ میں۔

سوال : کتاب الجامع فی الادویہ المفردہ کس نے تحریر کی تھی؟

جواب : ابن البیطار نے۔

سوال : ابن البیطار کی کتاب الجامع کا ترجمہ فرانسیسی زبان میں کب شائع ہوا؟

جواب : ۱۸۷۷ء میں۔

سوال : کتاب الجامع میں کتنے نسخوں کو حروف تہجی کے لحاظ سے مرتب کیا گیا ہے؟

جواب : ۱۴۰۰ نسخوں کو۔

سوال : کتاب الجامع میں کتنے سو پودوں کا ذکر کیا گیا ہے؟

جواب : دو سو پودوں کا۔

سوال : ابن البیطار کی کتاب المغنی کا پورا نام کیا ہے؟

جواب : "المغنی فی الادویہ المفردہ"۔
سوال : کتاب المغنی کتنے ابواب پر مشتمل ہے؟
جواب : بیس ابواب پر۔
سوال : ابن البیطار کی کوئی سی دو کتابوں کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) میزان الطبیب (۲) رسالہ فی الاغذیہ والادویہ۔
سوال : ابی اصیبعہ کس کا شاگرد تھا؟
جواب : ابن البیطار کا۔
سوال : ابن البیطار مصر کب اور کس کے پاس گیا تھا؟
جواب : ۱۲۲۴ء میں سلطان الکامل کے پاس۔
سوال : ابن البیطار نے کن کن اساتذہ سے تعلیم حاصل کی؟
جواب : ابوالعباس نباتی' عبداللہ ابن صالح' ابوالحجاج۔
سوال : ابن البیطار کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟
جواب : ۱۲۴۸ء دمشق میں۔
سوال : ابن البیطار کے کتاب الجامع میں پودوں کے نام کن کن زبانوں میں تحریر کیے؟
جواب : عربی' یونانی' لاطینی' فارسی اور بربری زبان میں۔
سوال : کتاب الجامع میں کتنی سو اشیاء کا ذکر ہے؟
جواب : تقریباً ۱۴۰۰ سو۔
سوال : کتاب الجامع کا ترجمہ جرمن زبان میں کب اور کتنی جلدوں میں شائع ہوا تھا؟
جواب : ۱۸۴۰ء اور ۱۸۴۲ء دو جلدوں میں۔
سوال : ابن البیطار نے اسپین کب چھوڑا؟
جواب : ۱۲۱۹ء میں۔
سوال : ابن البیطار کو کس علم میں مہارت حاصل تھی؟
جواب : علم نباتات میں۔
سوال : موید الدین علقمی کس کا وزیر تھا؟
جواب : مستعصم باللہ کا۔
سوال : تاتاریوں کو بغداد پر حملہ کرنے کی دعوت کس نے دی تھی؟
جواب : موید الدین علقمی نے۔
سوال : ہلاکو خان کو کس نے بغداد پر حملہ کرنے کے لئے اکسایا تھا؟
جواب : نصیر الدین طوسی نے۔
سوال : مولانا مودودی نے سائنس کے متعلق کیا کہا تھا؟

جواب : "سائنس اللہ تک پہنچنے' اس کی قدرت کاملہ پر غور و فکر کرنے' انسان میں اللہ کے آگے عجز کا احساس پیدا کرنے' اس کے آگے سجدہ ریز ہونے اس کی عبادت و معرفت کا بہترین ذریعہ ثابت ہو سکتی ہے"۔

سوال : مسلم ممالک میں شرح خواندگی کتنے فیصد ہونی چاہئے؟

جواب : سو فیصد۔

سوال : کیا شرح خواندگی کو بہتر بنائے بغیر سائنسی تعلیم کا معیار بلند ہو سکتا ہے؟

جواب : جی نہیں۔

سوال : کیا مسلم ممالک کو سائنسی ترقی کے لئے منصوبہ بندی کرنی چاہئے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : مسلم ممالک کو کن شعبوں کی طرف خصوصی توجہ دینی چاہئے؟

جواب : توانائی' صنعتوں' خلائی ٹیکنالوجی' فولاد سازی' ایٹمی ٹیکنالوجی' زراعت' معدنیات۔

سوال : کونسے اسلامی ملکوں نے سائنس کی اہمیت کو شدت سے محسوس کیا ہے؟

جواب : پاکستان' انڈونیشیا اور عراق۔

سوال : لبنان میں شرح خواندگی کتنی ہے؟

جواب : ۹۹.۷۶ فیصد۔

سوال : انڈونیشیا میں شرح خواندگی کتنے فیصد ہے؟

جواب : ۳ فیصد۔

سوال : ملائیشیا کی شرح خواندگی کتنے فیصد ہے؟

جواب : ۶۰ فیصد۔

سوال : اردن میں شرح خواندگی کتنے فیصد ہے؟

جواب : ۷۰ فیصد۔

سوال : ایران کی شرح خواندگی کتنے فیصد ہے؟

جواب : ۵۶ فیصد۔

سوال : مسلم ممالک کی شرح خواندگی کی اوسط کتنے فیصد بنتی ہے؟

جواب : ۳۳ فیصد۔

سوال : ترقی یافتہ ممالک میں شرح خواندگی کی اوسط کتنے فیصد ہے؟

جواب : ۷۵ فیصد۔

سوال : مسلم ممالک میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والوں کی شرح کتنے فیصد ہے؟

جواب : ۹ فیصد۔

سوال : مسلم ممالک میں سب سے زیادہ سائنس دان اور انجینئر کن ملکوں میں ہیں؟

جواب : مصر' ملائشیا' ترکی' ایران' انڈونیشیا اور پاکستان۔
سوال : کس مسلم ملک میں ڈاکٹروں کی تعداد سب سے زیادہ ہے؟
جواب : لیبیا میں۔
سوال : اقوام متحدہ کی شرح کے مطابق کتنی آبادی کے لئے کتنے سائنس دان اور انجینئر ہونے چاہئیں؟
جواب : دس لاکھ کی آبادی کیلئے ۶ ہزار سائنس دان اور انجینئر ہونے چاہئیں۔
سوال : ۱۹۷۶ء میں پوری دنیا کے سائنسی مصنفین کی تعداد کتنی تھی؟
جواب : ۳۵۲۰۰۰۔
سوال : ۱۹۷۶ء میں مسلم ممالک کے سائنسی مصنفین کی تعداد کتنی تھی؟
جواب : ۳۳۰۰۔
سوال : مسلم ممالک نے سیاسی طور پر متحد ہونے کے لئے کونسی تنظیم قائم کی؟
جواب : OIC۔
سوال : گیارہویں اسلامی کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی؟
جواب : ۱۹۸۰ء پاکستان (اسلام آباد) میں۔
سوال : اسلامی فاؤنڈیشن کا پہلا ناظم کسے مقرر کیا گیا تھا؟
جواب : ڈاکٹر کیتانی کو۔
سوال : ڈاکٹر کیتانی نے کب اور کہاں کام شروع کیا؟
جواب : ۱۴۰۰ء ہجری جدہ میں۔
سوال : اسلامی فاؤنڈیشن کا آغاز کب ہوا؟
جواب : ۱۹۸۱ء میں۔
سوال : اسلامی فاؤنڈیشن کتنے حصوں پر مشتمل ہے۔ اور ان حصوں کے کیا نام ہیں؟
جواب : دو حصوں پر (۱) سائنس کونسل (۲) نظامت اعلیٰ۔
سوال : اسلامی فاؤنڈیشن میں کون کون سے شعبے کام کر رہے ہیں؟
جواب : اطلاعات' انتظامیہ' انسانی وسائل' قدرتی وسائل' توانائی' ٹیکنالوجی' پانی' زراعت اور ماحول۔
سوال : المتوکل نے ترکوں کے کس سردار کو قید کر لیا تھا؟
جواب : ایتاخ کو۔
سوال : ترکوں نے المتوکل کے کس بیٹے کو اپنا بادشاہ بنایا تھا؟
جواب : محمد منتصر کو۔
سوال : کونسا خاندان علماء کی سرپرستی کرنے میں مشہور ہے؟

جواب : سامانی خاندان۔
سوال : بنو بویہ کون تھے؟
جواب : شیعہ۔
سوال : بنو بویہ نے کتنے عرصے بغداد پر اپنا سکہ جمائے رکھا تھا؟
جواب : تقریباً ایک صدی تک۔
سوال : بنو بویہ کے بعد کون سا خاندان اقتدار میں آیا؟
جواب : سلجوقی خاندان۔
سوال : سلجوقی کس مذہب سے تعلق رکھتے تھے؟
جواب : سنی تھے۔
سوال : کس نے ناصر الدین اللہ کے خلاف فتویٰ مرتب کرایا تھا کہ وہ ملک کی حفاظت اور جہاد کی طاقت نہیں رکھتا؟
جواب : علاء الدین خوارزم شاہ نے۔
سوال : تاتاریوں کا وطن کونسا تھا؟
جواب : منگولیا۔
سوال : چنگیز خاں کا اصل نام کیا تھا؟
جواب : تموچن۔
سوال : چنگیز خاں کب پیدا ہوا؟
جواب : ۱۱۵۵ء میں۔
سوال : منگولیا میں تاتاری ریاست کس نے قائم کی تھی؟
جواب : چنگیز خان نے۔
سوال : چنگیز خاں کی سلطنت کی حدود کس کی سلطنت سے ملتی تھی؟
جواب : علاء الدین خوارزم شاہ کی سلطنت سے۔
سوال : غایر خاں کو کس نے شکست دی تھی؟
جواب : اکتائی اور چغتائی نے۔
سوال : چنگیز خاں نے بخارا پر حملہ کب کیا تھا؟
جواب : ۶۱۷ ہجری میں۔
سوال : سمرقند کی حفاظت کے لئے کتنی فوج متعین کی گئی تھی؟
جواب : ایک لاکھ دس ہزار۔
سوال : چنگیز خان نے علاء الدین کی گرفتاری کے لئے کسے مامور کیا تھا؟
جواب : یمہ نوین اور سبتائی کو۔

سوال : بخارا کے بعد چنگیز خاں نے کس علاقے کو فتح کیا تھا؟
جواب : سمرقند کو۔
سوال : علاء الدین خوارزم شاہ کی وفات کے بعد کسے بادشاہ بنایا گیا تھا؟
جواب : جلال الدین کو۔
سوال : ناصرالدین کا انتقال کب ہوا؟
جواب : ۱۲۳۵ء میں؟
سوال : ناصرالدین کے بعد کون خلیفہ بنا؟
جواب : ظاہر باللہ۔
سوال : اکتائی کس کا بیٹا تھا؟
جواب : چنگیز خان کا۔
سوال : جلال الدین کو کس نے قتل کیا تھا؟
جواب : کردوں نے۔
سوال : مستعصم باللہ نے اپنے کن دو بیٹوں کو کرخ بھیجا تھا؟
جواب : ابوبکر اور امیر نور الدین کو۔
سوال : ہلاکو خان نے بغداد پر حملہ کب کیا تھا؟
جواب : ۶۵۵ء ہجری میں۔
سوال : نصیر الدین طوسی کو کن علوم پر دسترس حاصل تھی؟
جواب : ریاضی، جغرافیہ، ہیئت، نجوم پر۔
سوال : مراغہ کے مقام پر رصد گاہ کس نے تعمیر کرائی تھی؟
جواب : ہلاکو خاں نے۔
سوال : "الزیاج الخانیہ" نامی کتاب کس نے لکھی تھی؟
جواب : نصیرالدین طوسی نے۔
سوال : نصیرالدین طوسی کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟
جواب : ۱۲۷۴ء بغداد میں۔
سوال : ابن النفیس کا انتقال کب ہوا؟
جواب : ۱۲۸۸ء میں۔
سوال : ابن خطیب قرطبی نے کتنی کتابیں لکھیں؟
جواب : ۱۰۰ سو۔
سوال : ابن حسن نے فلسفہ اور فقہ پر کتنی کتابیں تحریر کی تھیں؟
جواب : ۴۵۰ کتابیں۔

سوال : مثانے کی پتھری نکالنے کے لئے نشتر چبھونے کی جگہ سب سے پہلے کس نے متعین کی تھی؟

جواب : ابوالقاسم الزہراوی نے۔

سوال : ابوالقاسم الزہراوی کی وفات کا سال تحریر کریں؟

جواب : ۱۰۱۳ء میں۔

سوال : مسلمانوں نے اندلس پر کتنے عرصے حکومت کی؟

جواب : آٹھ سو سال۔

سوال : فرڈی نینڈ نے غرناطہ پر قبضہ کب کیا تھا؟

جواب : ۱۴۹۲ء میں۔ علم طب اہم کتب اور شخصیات

زاد المسافر ، ابن الجزار ، الحاوی، پہلا طبی انسائیکلوپیڈیا، ابوبکر محمد بن زکریا رازی

کلیات فی الطب ، ابن رشد ، الادویہ المفردہ ، ابن وافد ، فردوس الحکمت، علی بن طبری

۰ پہلا عرب طبیب حارث بن کلدہ ثقفی تھے

۰ محمد بن زکریا رازی نے پہلی بار دنیا کو نباتاتی اور غیر نباتاتی کیمیا سے متعارف کروایا

دھاتوں کو پگھلاتا، شیشے کو پگھلانا اور رنگ لگانے کا نظریہ پیش کیا

جابر بن حیان امام جعفر صادق کا مرید تھا۔

علمی شورے کا تیزاب ، گندھک کا تیزاب ، سلور نائٹریٹ ، وارنش

جیلنر ہائیڈرو آکسائیڈ، ترشہ انبیق ، بالوں کو سیاہ کرنے کے لیے خضاب وغیرہ

پہلا کیمیا دان ، خالد بن یزید

سال دوم

پرچہ نمبر

اسلام اور فلسفہ

سوال: فلسفے کی تعریف بیان کریں اور اس کے متعلق مختلف مفکرین کی آراء بیان کریں؟

جواب: فلسفے کی تعریف ہر ایک مفکر نے اپنے نقطہ نظر کے مطابق کی ہے۔

فلسفہ کے لغوی معنی اشتیاق علم (Love For Knowledge)' محبت دانش (Love For Wisdom) یا سچائی کی تلاش (Search For Truth)۔

(۲) افلاطون نے فلسفے کی تعریف ان الفاظ میں کی ہے:

اشیاء کی فطری ماہیت کے لازمی اور ابدی علم کا نام فلسفہ ہے"۔

(۳) ارسطو کے نزدیک:

"فلسفہ وہ علم ہے کہ جس کا کام یہ دریافت کرنا ہے کہ وجود کی اصل ماہیت یا وجود بذات اپنی فطرت میں کیا ہے نیز یہ کہ وجود کے اغراض یا خواص' اس کی اپنی قدر کے لحاظ سے کیا ہیں گویا فلسفہ اصول اولیہ کا علم ہے" ارسطو

(۴) پاس:

"فلسفہ معلول سے اس کی علت اور علت سے اس کے معلول کی دریافت کا علم ہے"

(۵) کاٹ:

"فلسفہ ام العلوم ہے" کہا ہے۔

(۶) پالسن:

"فلسفہ تمام حکیمانہ علوم کا مجموعہ ہے" پالسن

(۷) اسپنر:

"فلسفہ مکمل طور پر متحد علم ہے۔ فلسفہ کی تعلیمات دراصل سائنس کی وسیع تر تعلیمات کی یکجائی' یک رنگی اور ہم آہنگی کا نام ہے" اسپنسر

(۸) کانٹ:

"فلسفہ ادراک و تعقل کے اعتقاد کا علم ہے" کہا ہے

(۹) نطشے:

"فلسفہ علم کی حکمت ہے" نطشے

سوال: فلسفے کے چھ اہم پہلو بیان کریں؟

جواب: (۱) مسائل (Problems) (۲) رویہ (Attitude) (۳) منہاج (Method) (۴) سرگرمی (Activity) (۵) نتائج (Conclusions) (۶) اثرات (Effects)

سوال: فلسفیانہ علوم میں علمیات سے کیا مراد ہے؟

جواب: فلسفیانہ علم میں علمیات سے مراد یہ ہے کہ اس میں ہم ان حدود علم کی اقسام' حقیقت علم کا ادراک اور علم کے امکانات سے بحث ہوتی ہے۔

سوال: فلسفہ میں منطق سے کیا مراد ہے؟

جواب: چونکہ اس علم کا تعلق غور و خوض سے ہے اور یہ تمام علوم کی بنیاد مانی جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ یہ ریاضیات سے بھی بڑھ کر بنیادی علم ہے۔ بلکہ ریاضیات کی بنیاد بھی منطق پر ہے۔

سوال: فلسفہ سائنس کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: اس فلسفے کا تعلق سائنس سے ہے اور اس کا کام سائنس کی حقیقت کو اجاگر کرنا ہے۔ اس کام کو منطق اور علمیات کے بغیر پایہ تکمیل تک پہنچانا ناممکن ہے۔

سوال: فلسفہ معنویات سے کیا مراد ہے؟

جواب: اس فلسفے کا موضوع معانی ہیں اور الفاظ' افکار اور اشیاء سے ان کا تعلق ہے۔ اور ابتداء سے ہی فلسفیوں کا تعلق معانی اور مطالب سے رہا ہے اور موجودہ دور میں زبان کا جو ناقدانہ مطالعہ ہوا ہے اس سے اشاروں اور علاقوں کی حقیقت پوری طرح واضح ہوتی ہے۔ اسی طرح اگر فکر کی بنیاد علامت پر ہو تو علامتوں کے مطالعے سے انسانی مسائل اور مقاصد کو احسن طریقے سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔

سوال: فلسفہ مابعد الطبیعات سے کیا مراد ہے مختصراً بیان کریں؟

جواب: اس فلسفے میں مختلف سوالات انسان کے سامنے عیاں ہوتے ہیں۔ مثلاً زمان و مکان کیا ہے' حقیقت کیا ہے' کیا اکثریت اور وحدانیت ایک وقت میں موجود ہو سکتے ہیں' علت کیا ہے' تغیر کیا ہے' حقائق و شواہد (Facts) کیا ہے' کیا اس کائنات کے بعد کوئی زندگی ہے' کیا یہ کائنات پابند و مجبور ہے' کیا خدا ہے' مقصد کسے کہتے ہیں۔

سوال: فلسفہ مذہب سے کیا مراد ہے؟

جواب: یہ فلسفہ مذہب کی جانچ پڑتال کرتا ہے۔ اور یہ ایک ایسی سائنس ہے جو مذہب کو سمجھانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے اور یہ فریضہ فلسفی ادا کرتا ہے۔ دنیا میں مختلف مذاہب کا وجود ملتا ہے' تمام مذاہب کی زندگیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ تو فلسفہ مذہب کا اہم ترین مسئلہ صالح زندگی کا تعین اور اس کا حصول بن جائے گا۔

سوال: بعض لوگ فلسفیانہ علوم کو تین گروہوں میں تقسیم کرتے ہیں وہ کون کونسے ہیں بیان کریں؟

جواب: (۱) وہ علوم جن کا تعلق علم سے ہے۔

(۲) وہ علوم جن کا تعلق حقیقت سے ہے۔

(۳) وہ علوم جن کا تعلق اندر سے ہے۔

سوال: فلسفہ اخلاقیات کے کیا معنی ہیں یا کیا مراد ہے؟

جواب: اس فلسفہ میں اچھائی اور برائی کی تمیز کی جاتی ہے بعض چیزوں کو کرنے کا حکم دیا جاتا ہے اور بعض سے منع کیا جاتا ہے۔ چونکہ اخلاقیات ایک سائنس ہے یہ اس بات کی جانچ پڑتال کرتی ہے کہ کیا اچھا ہے اور کیا برا ہے؟ ذمہ داری کیا ہے؟ مسرت اور حکمت کیا ہے؟

سوال: فلسفیانہ رویہ کسے کہتے ہیں۔ مختصراً بیان کریں؟

جواب: فلسفیانہ رویئے کا آغاز حیرت سے ہوتا ہے۔ افلاطون کہتا تھا کہ فلسفے کی ابتدا' حیرت (Wonder) سے ہوتی ہے۔ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ کوئی پریشانی' الجھن یا مشکل سوچنے پر مجبور کرتی ہے۔ یہیں سے فلسفے کی ابتداء ہوتی ہے۔

سوال: فلسفیانہ سرگرمی یا فعل کیا ہے بیان کریں؟

جواب: اس سے مراد سوچ و بچار ہے جو مفکر کے اندر اس وقت جنم لیتا ہے جب وہ فلسفیانہ فعل میں مصروف ہو۔ اور مسائل کے بارے میں بھی غور و فکر کر رہا ہو اس فعل میں سوال کرنا اور متجسس بچے کی حیرت شامل ہے۔

سوال: فلسفہ اور منطق کیا ہے مختصراً بیان کریں؟

جواب: منطق استدلال کا علم ہے۔ یونانی لفظ (Logas) سے لاجک یا منطق کی اصطلاح اخذ کی گئی ہے۔ جو افکار پر روشنی ڈالتی ہے۔ اور ان کا تعین کرتی ہے۔ منطق کی تعریف اس طرح سے کی گئی ہے:

"کہ یہ افکار کا علم ہے جس کو زبان کے وسیلے سے اظہار بیان میں لایا جاتا ہے۔"

سوال: ہم فلسفے کو وسعت مفہوم کے مطابق کتنے حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں بیان کریں؟

جواب: دو حصوں میں تقسیم کر سکتے ہیں اول مغربی فلسفہ کا طریق ہے اور دوسرے مشرقی جو اشیاء کے ساتھ مخصوص ہے۔

سوال: مغربی فلسفے کی بنیادیں کون کونسی ہیں بیان کریں؟

جواب: (۱) خالق کائنات کی تحقیق (۲) مادہ جس سے اشیاء صورت پذیر ہوئیں (۳) حقیقت بشر (۴) مقصود عقل (۵) کسی چیز کو استدلال عقل' تجزیہ اور تجربے سے سمجھنے کا طریق (۶) تہذیب الاخلاق (۷) اجتماعی زندگی اور اس کی بہترین صورت (۸) فہم و عقل (۹) حسن شناسی

سوال: چینی فلسفے کی بنیاد کون سی تین حقیقتوں پر ہے بیان کریں؟

جواب: (۱) کیا ہماری دنیا حقیقت رکھتی ہے۔

(۲) وجود کی دو قسمیں ہیں۔ جاندار (متحرک) بے جان (غیر متحرک)

(۳) عقل جو وسائل کی مرہون منت ہے۔

سوال: چینی فلسفے میں حقیقت یگانہ کی کتنی صورتیں ہیں مختصراً بیان کریں؟

جواب: ایک کو گوہر (جوہر) اور دوسری کو عرض کہتے ہیں۔ ایک کو جان اور دوسری کو جسم' جوہر پائیدار اور عرض ناپائیدار ہے۔ جوہر تغیر پذیر نہیں ہوتا لیکن عرض متواتر متغیر ہے۔

سوال: وہ کونسا مذہب ہے جس کے اثرات سے ایشیاء کے علاوہ مذہب اسلام بھی متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا؟

جواب: تمام ایشیاء اور مذہب اسلام کو متاثر کرنے والا مذہب "بدھ مذہب" ہے۔

سوال: گوتم بدھ کب اور کہاں پیدا ہوا بیان کریں؟

جواب: گوتم بدھ ۶۰۰ ق م کے وسط میں کپل وستو میں پیدا ہوا۔

سوال: طالیس کب پیدا ہوا اور اس کا شہر کونسا تھا؟

جواب: طالیس (Thales) ساتویں صدی قبل مسیح میں پیدا ہوا۔ اور اس زمانے میں اس کا شہر ملتیوس (Miletus) تھا۔

سوال: افلاطون کب پیدا ہوا اور کتنی عمر پائی بیان کریں؟

جواب: افلاطون 427ء یا 429ء ق م میں پیدا ہوا۔ اور 80 سال کی عمر پائی۔

سوال: افلاطون کا اصل نام کیا تھا۔ نیز اس کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب: افلاطون کا اصلی نام ارستو کلیس (Aristo Cles) تھا۔ باپ کا نام ارستن (Ariston) تھا۔

سوال: افلاطون کتنے سال کی عمر میں سقراط کا شاگرد بنا اور کتنے سال تک اس سے تربیت حاصل کی؟

جواب: افلاطون 18 سال کی عمر میں سقراط کا شاگرد بنا اور دس سال تک اس سے تربیت حاصل کی۔

سوال: افلاطون کے پہلے استاد کا نام تحریر کریں؟

جواب: بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اس کا پہلا استاد کرتیلوس (Cratilus) تھا۔

سوال: افلاطون کے خیال میں انسان کے اعمال تین سرچشموں سے پیدا ہوتے ہیں وہ سرچشمے کون کونسے ہیں مختصراً بیان کریں؟

جواب: (۱) عقل جس کا مرکز صحیح تصور ہے۔

(۲) دماغ کی قوت جس کا مرکز دل ہے۔

(۳) پیٹ کی شہوت۔

سوال: افلاطون بچوں کو کتنے سال کی عمر میں تعلیم شروع کرنے کا خواہاں ہے؟

جواب: افلاطون کے خیال میں بچوں کی تعلیم دس سال کی عمر میں شروع ہونی چاہیے کیونکہ دس سے بیس سال کا عرصہ نشوونما کا ہے۔ اس لئے بچوں سے جسمانی ورزش کرانی چاہیے تاکہ ان کا بدن تندرست ہو اور اعضاء مضبوط ہوں اور وہ درست کام کریں۔

سوال: خدا کو نہ ماننے والی قوم کے متعلق افلاطون کی کیا رائے ہے مختصراً بیان کریں؟
جواب: افلاطون کہتا ہے کہ ایسی قوم میں قوت نہیں ہوتی جبکہ خدائی عقیدہ اسے مستقبل کی زندگی کی امید دلاتا ہے۔ اور اچھے اعمال کی ہمت پیدا کرتا ہے۔ جو انسان یہ عقیدہ رکھتے ہیں وہ موت سے پریشان نہیں ہوتے بلکہ ہنسی خوشی موت کو گلے لگاتے ہیں اور دوسرے لوگ خصوصاً دوستوں عزیزوں کی موت پر صبر کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑتے۔
سوال: حقوق زن و مرد کے متعلق افلاطون کا عقیدہ مختصراً بیان کریں؟
جواب: وہ کہتا ہے کہ ان کے حقوق برابر ہونے چاہئیں اور مردوں کے خاص کاموں کے لئے عورتوں کی تیاری کرانی چاہئے تاکہ وہ بھی انہیں انجام دے سکیں۔ مزید کہتا ہے کہ میاں بیوی کی پہلے سے آزمائش کرنی چاہئے اگر وہ تندرست ہوں گے تو ان کے ہاں بچہ بھی ایسا ہی پیدا ہو گا اور معاشرے میں تندرست کا اضافہ ہو گا اگر ناقص' ناتواں اور بیمار بچہ پیدا ہوا تو بہتر یہ ہے کہ اسے ایسی جگہ رکھیں کہ مر جائے۔
سوال: ناقص مولود کے متعلق افلاطون کی رائے کیا ہے بیان کریں؟
جواب: اس کی رائے میں ناقص مولود ناقص کام کرتا ہے اور اس پر تربیت کا اثر نہیں ہوتا اگر ہو بھی تو کم ہوتا ہے۔
سوال: افلاطونی عقیدے میں وجود کی کتنی قسمیں ہیں تحریر کریں؟
جواب: افلاطونی عقیدے میں وجود کی تین قسمیں ہیں جو درج ذیل ہیں۔
(۱) نفسانی خواہشات میں متغرق انسان سب سے زیادہ پست ہے۔
(۲) اس سے اونچی وہ قسم ہے جو محسوسات کو مصور و مجسم کرتی ہے۔
(۳) اور سب سے بلند وہ قسم ہے جس کے ماتحت مذکورہ دونوں قسمیں ہیں۔
سوال: افلاطون نے کتنے برس کی عمر پائی؟
جواب: افلاطون نے اسی (80) برس کی عمر پائی۔
سوال: ارسطو کب پیدا ہوا۔ اس کے والد کا کیا نام تھا نیز وہ کہاں کا باشندہ تھا؟
جواب: ارسطو 387ء ق م میں پیدا ہوا۔ اس کے والد کا نام نکوماخوس (Nicomachus) تھا جو ستاگرہ (Stagra) کا باشندہ تھا۔
سوال: ارسطو کو افلاطون کے مدرسہ میں کب بٹھایا گیا؟
جواب: جب ارسطو سترہ اٹھارہ برس کا ہو گیا تو اسے افلاطون کے مدرسہ میں بٹھایا گیا۔
سوال: ارسطو نے کتنے سال کی عمر میں اپنا مدرسہ جاری کیا؟
جواب: ارسطو نے 53 سال کی عمر میں اپنا مدرسہ جاری کیا۔
سوال: ارسطو کے مدرسے کا نام کیا مشہور ہوا؟

جواب: ارسطو کے مدرسے کا نام پری پاٹک (Periptetic) مشہور ہوا۔

سوال: ارسطو کی پانچ تصانیف کے نام تحریر کریں؟

جواب: (ا) المقولات (Categories) منطق میں

(۲) العبارۃ (Hermeneutic)

(۳) القیاس (Anealytic)

(۴) البرھان (Apodeictic)

(۵) الجدل (Topies)

سوال: ارسطو کا اصل موضوع کیا ہے مختصراً بیان کریں؟

جواب: ارسطو کا اصل موضوع طبیعات اور بیالوجی ہے جس میں وہ اپنے پیشروؤں سے بہت آگے ہیں۔

سوال: ارسطو کا خدا کے متعلق کیا عقیدہ ہے مختصراً بیان کریں؟

جواب: ارسطو خدا کو قوت مقناطیسی قرار دیتا ہے۔ جو تمام اشیاء کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ لیکن درحقیقت نہ وہ خالق ہے اور نہ خلق و کائنات سے اسے کوئی تعلق ہے۔ کشش کا باعث صرف یہ ہے کہ تمام اشیاء اس کی عاشق ہیں۔

سوال: ارسطو کے اخلاق کی بنیاد کس چیز پر ہے مختصراً بیان کریں؟

جواب: ارسطو کے اخلاق کی بنیاد خوش بختی اور مسرت پر ہے۔

سوال: ارسطو کی سیاست کے متعلق کیا رائے ہے بیان کریں؟

جواب: سیاست کے متعلق ارسطو کہتا ہے کہ انسان کو معاشرے میں زندگی بسر کرنی چاہیئے لیکن جب تک معاشرہ اتحاد و یگانگت کا گہوارہ نہ ہو خوشحالی ناگزیر ہے۔ اس لئے افراد آپس میں اتحاد و یگانگت سے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔

سوال: عورت کے بارے میں ارسطو کا نقطہ نظر بیان کریں؟

جواب: ارسطو کے نزدیک عورت کا مقام مرد سے پست ہے، وہ کہتا ہے کہ عورت مرد کی فرماں بردار اور خادمہ ہے۔ عورت خلقی طور پر ناقص ہے اور مرد کو اس پر بالطبع برتری حاصل ہے۔ عورت خاوند کی مطیع ہے لیکن امور خانہ داری میں آزاد ہے نیز یہ کہ عورت کو مردانہ صفات اختیار نہیں کرنا چاہئیں۔

سوال: ارسطو نے مرد، عورت کی شادی کے لئے کتنی عمر مقرر کی ہے؟

جواب: مرد کی شادی کی عمر 37 سال اور عورت کی بیس (20) سال مقرر کی ہے۔

• نیز اس کا خیال ہے کہ آغاز شباب کی شادی نسل کو کمزور کرتی ہے۔ عیش و عشق سے بچ کر صحت کو بہتر بنانا چاہیئے۔

سوال: دوستی کے متعلق ارسطو کی رائے بیان کریں؟
جواب: ارسطو کہتا ہے کہ دوستی ہمکاری ' ہم آہنگی ' محبت اور شفقت کا وسیلہ ہے
سوال: ارسطو کے طریق تربیت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں تحریر کریں؟
جواب: (۱) پہلے پانچ سال کھیل کود اور ورزش ہے۔
(۲) پانچ سال سے سات سال تک ابتدائی تعلیم جو بچے کے لئے آسان ہو۔
(۳) سات سے چودہ سال تک موسیقی اور ورزش کی ابتدائی تعلیم۔
(۴) چودہ سال سے 21 سال تک موسیقی' ادب اور نقاشی کی متوسط تعلیم۔ اس کے بعد بچہ علوم میں داخل ہو جاتا ہے اور جس کو پسند کرتا ہے حاصل کرتا ہے۔
سوال: کیا ارسطو کے نزدیک تزکیہ اخلاق کے بغیر تحصیل علوم ممکن ہے؟
جواب: ارسطو کے نزدیک تزکیہ اخلاق کے بغیر تحصیل علوم ناممکن ہے۔
سوال: الکندی کب اور کہاں پیدا ہوا؟
جواب: غالباً نویں صدی عیسوی کے وسط میں الکندی کوفے میں پیدا ہوا۔ جہاں اس کا باپ عامل تھا۔
سوال: الکندی نے تعلیم کہاں حاصل کی۔
جواب: الکندی نے بصرہ اور بغداد میں تعلیم پائی۔ جو اس زمانے میں تعلیم کے بڑے مراکز تھے۔
سوال: کندی نے کتنے سال کی عمر پائی تحریر کریں؟
جواب: مغربی علماء کے اقوال سے ظاہر ہوتا ہے کہ کندی نے ستر سال کی عمر پائی۔
سوال: کیا کندی کو یونانی اور سریانی زبانوں سے عربی میں مختلف علوم کے ترجمے کے کام کے لئے مقرر کیا گیا تھا؟
جواب: ہاں کندی کو اور علماء کی طرح یونانی اور سریانی زبانوں سے عربی میں مختلف علوم کے ترجمے کے کام کے لئے مقرر کیا گیا تھا۔
سوال: کیا کندی بحیثیت طبیب بھی کام کرتا تھا؟
جواب: ہاں وہ خلفاء کی خدمت میں بحیثیت طبیب کام کیا کرتا تھا۔
سوال: الکندی کا پورا نام تحریر کریں؟
جواب: ابو یوسف یعقوب بن اسحاق
سوال: الکندی نے کن کن علوم کی تعلیم حاصل کی۔
جواب: تذکرہ نویس کہتے ہیں کہ وہ طب ' فلسفہ ' حساب ' ہندسہ ' منطق اور علم نجوم کا بہت بڑا ماہر تھا۔
سوال: کیا کندی کو مخالفتوں کا سامنا بھی کرنا پڑا؟

جواب: ہاں مختلف علوم میں مہارت کی وجہ سے اس کو بڑی بڑی مخالفتوں کا بھی سامنا کرنا پڑا۔

سوال: الکندی نے کس مرض میں وفات پائی مختصراً بیان کریں؟

جواب: اس کی ران میں تشنجی درد تھا جس کے لئے وہ پرانی شراب پیتا تھا جس سے وہ اچھا ہو جاتا تھا۔ لیکن بعد میں شراب سے توبہ کر لی اور شہد کی شراب پینے لگا لیکن اس شراب کی حرارت کا اثر جسم کے اندرونی حصے تک نہ پہنچ سکا اور درد نے شدت اختیار کر لی اور اعصاب میں سخت درد پیدا ہو گیا جس کا اثر دماغ تک پہنچا اور اسی اثر سے کندی نے انتقال کیا۔

سوال: الکندی کے اخلاق و عادات کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں مختصراً بیان کریں؟

جواب: تذکرہ نویسوں نے یعقوب کندی کے اخلاق و عادات کے متعلق بخل سے کام لیا ہے۔ بعض نے صرف اس قدر لکھا ہے کہ وہ بخیل تھا لیکن اس کی تائید کسی واقعہ سے نہیں کی ہے۔

سوال: روح انسانی کے متعلق الکندی کی کیا رائے ہے؟

جواب: روح انسانی کے متعلق الکندی کہتا ہے کہ یہ ایک سادہ' غیر مرکب اور لافانی جوہر ہے جس میں لافانی کمال' شرافت اور نجابت کی خصوصیات بدرجہ اتم موجود ہیں۔ یہ اپنے افعال میں جسم کی پابند ہے۔ مگر اپنی عقل حقیقت میں اس سے آزاد ہے۔

سوال: الکندی کے نزدیک عقل کی کتنی قسمیں ہیں مختصراً بیان کریں؟

جواب: الکندی عقل کی چار قسمیں بتاتا ہے۔ جو درج ذیل ہیں:

(۱) پہلی قسم وہ عقل ہے جو ہمیشہ حقیقی ہے۔

(۲) دوسری عقل بحیثیت روح انسانی کے یا اصلی قوت کے۔

(۳) تیسری عقل بحیثیت نفس کی حقیقی جبلت کے جس سے ہر لمحہ کام لیتا ہے۔ جیسے کاتب اپنے فن سے۔

(۴) چوتھی بحیثیت فعل کے جس کے ذریعے وہ حقیقت جو نفس میں ہے۔ خارج موجودات کی طرف منتقل ہو جاتی ہے۔

سوال: الفارابی کا پورا نام کیا تھا نیز وہ کب کہاں پیدا ہوا تحریر کریں؟

جواب: پورا نام ابوالنصر محمد بن محمد بن ترخان ابن اوزلغ۔ (870ء تا 950ء) جو تقریباً 870ء میں پیدا ہوا محمد نامی ایک ترک سپہ سالار کا بیٹا تھا۔ اس کا مولد ترکستان کا قلعہ وسیج (داج) ہے۔

سوال: الفارابی کونسی زبان بولتا تھا؟

جواب: الفارابی ترکی زبان بولتا تھا۔

سوال: فارابی کی اہم تصانیف کتنی ہیں ان میں سے پانچ کے نام تحریر کریں؟

جواب: فارابی کی اہم تصانیف 32 ہیں۔ پانچ تصانیف درج ذیل ہیں:

(۱) ارسطو کی کتاب البرہان کی شرح

(۲) ارسطو کی کتاب العبارۃ کی شرح

(۳) ارسطو کی کتاب الجدل کے دوسرے مقالے کی شرح

(۴) ارسطو کی کتاب القیاس کی شرح

(۵) ارسطو کی کتاب المقولات کی شرح

سوال: منطق میں فارابی کے طریقہ بحث کو اجمالاً تحریر کریں؟

جواب: منطق میں فارابی کا طریقہ بحث بہت مؤثر اور قابل فہم ہے۔ فارابی نے طریقہ فکر کی تحلیل کو ہی کافی نہ جان کر علم نحو سے بھی اس کے تعلق کی توجیہہ کی ہے اس نے نظریہ علم سے بھی بحث کی ہے منطق پر فارابی کی تدریجی بحث۔ لفظ' جملہ مرکب خطابات میں سے پر مشتمل ہے۔ منطق نے مسائل کے ابہام کو دور کیا اور آسان تر بنایا۔

سوال: فارابی نے منطق کی کتنی اقسام بیان کیں مختصراً تحریر کریں؟

جواب: فارابی نے منطق کو دو اقسام میں تقسیم کیا ہے۔

(۱) تصور (۲) تصدیق

تصور میں تمام افکار اور تعریفات داخل ہیں اور تصدیق میں استدلال اور رائے شامل ہے۔

سوال: فارابی کے نظریہ عقل کو اختصار سے بیان کریں؟

جواب: فارابی کے فلسفے کی اس قسم کا نام "نظریہ عقل" ہے۔ اس کا تعلق دراصل روح (نفس) سے ہے۔ اس لئے کہ اس کی رائے میں بدن کو کمال عطا کرنے والی چیز روح ہے۔ لیکن روح کی موجودیت کے کمال کی ضامن "عقل" ہے۔ اس بناء پر وہ حقیقت جو روح اور بدن کو باہم ملا کر حقیقی انسان کی تشکیل کرتی ہے عقل ہے۔

سوال: فارابی کا فلسفہ اخلاق مختصراً تحریر کریں؟

جواب: فارابی کے نزدیک علم منطق کی طرح علم اخلاق طور و حرکت کے بنیادی قاعدوں کی چھان بین کرتا ہے۔ ہر حالت میں عقل اور تجربے کو علم اخلاق میں منطق سے زیادہ اہمیت دی جاتی ہے۔ اس عقیدے میں فارابی متکلمین سے اختلاف رکھتا ہے کہ عقل کے ذریعے علم حاصل کیا جا سکتا ہے۔ لیکن صرف اخلاق کو عقل کے ذریعے معین کرنا ناممکن ہے۔

سوال: فخر الدین الرازی کب اور کہاں پیدا ہوئے نیز ان کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب: 543ھ / 1149ء (یا شاید 544ھ) میں بمقام رے میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد ضیاء الدین ابو القاسم اپنے شہر کے خطیب تھے۔

سوال: الرازی کب بیمار ہوئے اور وصیت لکھوائی؟

جواب: 606ھ / 1209ء میں سخت بیمار ہوئے اور موت کی آمد محسوس کر کے انہوں نے (بروز اتوار 21 محرم / 26 جولائی) اپنے شاگرد ابراہیم ابن ابی بکر کو اپنی وصیت لکھوا دی۔

سوال: الغزالی کب کہاں پیدا ہوئے' نیز نام' کنیت اور لقب بھی تحریر کریں؟

جواب: محمد بن محمد کنیت ابو حامد' لقب امام حجتہ الاسلام اور زین الدین غزالی عرف اور والد کے پیشہ کی طرف نسبت ہے۔ ضلع طوس (واقع فراسن) کے مشہور شہر طابران میں 450ھ 1058ء میں پیدا ہوئے۔

سوال: ابتدائی تعلیم کہاں حاصل کی اور کیسے تعلیم حاصل کی؟

جواب: ابتدائی تعلیم طوس میں حاصل کی جو اس زمانے میں دنیا کی ترقی کا ذریعہ بن سکتی تھی۔

سوال: الغزالی نے کون کون سے علوم حاصل کئے؟

جواب: الغزالی نے فقہ' حدیث' علم کلام' مقدمات فلسفہ اور الہیات کا علم حاصل کیا۔

سوال: امام غزالی نے درس و تدریس کا سلسلہ کتنا عرصہ جاری رکھا؟

جواب: تقریباً ساڑھے چار برس تک درس و تدریس کا سلسلہ جاری رہا۔

سوال: امام غزالی کی حالت میں کیا انقلاب رونما ہوا کہ تعلیم و تدریس چھوڑ بیٹھے؟

جواب: تلاش حق کی خلش نے ان کو بے چین رکھا اور انہوں نے درس دینا چھوڑ دیا حالانکہ وہ ایک اچھے مدرس تھے۔ اسی غور و فکر کی وجہ سے وہ بیمار بھی ہو گئے۔ ان حالات و اسباب نے ان کو تعلیم و تدریس کے کام کا نہیں رکھا۔

سوال: امام غزالی نے مقام خلیل (حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مزار) پر حاضر ہو کر کون سی تین باتوں کا عہد کیا۔ تحریر کریں؟

جواب: درج ذیل تین باتوں کا عہد کیا:

(۱) کسی بادشاہ کے دربار میں نہ جاؤں گا۔

(۲) کسی بادشاہ کا عطیہ نہ لوں گا۔

(۳) کسی سے مناظرہ و مباحثہ نہ کروں گا۔

سوال: امام غزالی بغداد سے کب نکلے؟

جواب: امام غزالی ذیقعدہ 488ھ م نومبر 1095ء میں بغداد سے نکلے۔

سوال: امام غزالی بغداد سے نکل کر کہاں گئے؟

جواب: بغداد سے نکل کر امام غزالی نے شام کا رخ کیا۔ تقریباً دو سال وہاں رہے۔ وہاں سے دمشق آئے اور عبادت و ریاضت میں مشغول ہوئے۔

سوال: امام غزالی کتنے سال کی عمر میں بغداد سے نکلے اور کتنے سال بعد وطن واپس آئے۔

جواب: 38 سال کی عمر میں بغداد سے نکلے اور تقریباً گیارہ سال کے بعد وطن واپس ہوئے۔

سوال: امام غزالی نے درس و تدریس کا سلسلہ کہاں شروع کیا اور کتنا عرصہ جاری رکھا۔

جواب: نیشا پور میں درس وتدریس کا سلسلہ شروع کیا اور ایک سال تک بدستور درس و تدریس۔ وعظ و تبلیغ میں مصروف رہے۔

سوال: امام غزالی نے کتنے سال کی عمر میں کب' کہاں وفات پائی؟

جواب: امام غزالی نے پچپن برس کی عمر میں 14 جمادی الاخری 505ھ م 18 دسمبر 1111ء بمقام طابران انتقال کیا۔

سوال: امام غزالی نے کتنی کتابیں تحریر کیں تعداد بتائیں؟

جواب: آپ نے تقریباً دو سو کتابیں لکھیں۔

سوال: امام غزالی کی پانچ مشہور کتابوں کے نام تحریر کریں؟

جواب: (۱) احیاء علوم الدین۔
(۲) اوہام الباطنیہ۔
(۳) مقاصد الفلاسفہ۔
(۴) حقیقۃ الروح۔
(۵) المقصد الاقصیٰ۔

سوال: امام غزالی منطق کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟

جواب: علم منطق کے بارے میں امام غزالی اپنی تصنیف میں لکھتے ہیں کہ ریاضی اور منطق میں کوئی بات ایسی نہیں جو اسلام سے متصادم نظر آتی ہو۔ ان کا کہنا ہے کہ فن منطق کا علم دین سے براہ راست منفی یا مثبت کسی قسم کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

سوال: امام غزالی کا نظریہ اخلاق بیان کریں؟

جواب: امام صاحب نے خلق کی حسب ذیل تعریف کی ہے:

"خلق ' نفس کی ایک ایسی کیفیت اور ہیئت راسخہ کا نام ہے جس سے یہ سہولت اور فکر و توجہ کے بغیر نفس سے اعمال صادر ہو سکیں۔ پس اگر عقل و نقل کی نظر میں جو اعمال حسنہ ہیں وہ صادر ہوتے ہیں تو اس کا نام خلق حسن اور اگر اس سے غیر محمود افعال صادر ہوتے ہیں۔ تو اس کو خلق سیئی اور بد اخلاقی کہتے ہیں۔

سوال: فضائل اخلاق کی اساس امام غزالی نے کن چیزوں کو قرار دیا ہے نام تحریر کریں؟

جواب: ان چیزوں کو امام غزالی نے فضائل اخلاق کی اساس قرار دیا ہے:
(۱) حکمت (۲) شجاعت (۳) عفت (۴) عدل

سوال: ابن رشد کا پورا نام تحریر کرتے ہوئے بتائیں کہ یہ کب اور کہاں پیدا ہوا؟

ابن رشد

جواب: اندلس کا سب سے بڑا عرب فلسفی ابو الولید محمد بن احمد بن محمد ابن رشد یورپ میں Averroes کے نام سے مشہور ہوا۔ وہ 520/1126ء میں قرطبہ میں پیدا ہوا۔

سوال: ابن رشد نے قانون اور طب کی تعلیم کہاں حاصل کی؟

جواب: قانون اور طب کی تعلیم ابن رشد نے اپنے پیدائشی شہر (قرطبہ) میں حاصل کی۔

سوال: ابن رشد کو کب قاضی مقرر کیا گیا تحریر کریں؟

جواب: 565ھ/1169ء میں ابن رشد اشبیلیہ کا قاضی مقرر ہوا۔ اور اس کے دو سال بعد قرطبہ کا۔

سوال: ابن رشد کا انتقال کب ہوا۔ اور انہیں کہاں دفن کیا گیا؟

جواب: 9 صفر 595ھ/10 دسمبر 1198ء کو اس کا انتقال ہو گیا اور شہر کے قریب ہی باب تغزوت کے باہر دفن ہوا۔

سوال: منطق کے متعلق ابن رشد کی کیا رائے ہے مختصراً بیان کریں؟

جواب: علم منطق میں ابن رشد ارسطو کی منطق کا شیدائی ہے کہتا ہے انسانی سعادت کا ماخذ منطق ہے۔ رشد کہتا ہے کہ افلاطون اور سقراط ایسی منطق سے بہرہ مند نہ ہو سکے۔ منطق کو وہ حقیقت تک پہنچنے کا ذریعہ سمجھتا ہے اور علم کلام کو وہ مہمل گردانتا ہے۔ مزید کہتا ہے کہ منطق کا فریضہ یہ ہے کہ وہ ہمارے وقوف کو حسی نظریات سے صعود کر کے عقلی صداقت محض تک لے جانے کے لئے راہ ہموار کرتی ہے۔

سوال: ابن رشد نے کتنے سال کی عمر میں وفات پائی؟

جواب: ابن رشد نے پچھتر (75) برس کی عمر میں وفات پائی۔

سوال: شاہ ولی اللہ کب کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: 4 شوال 114ھ/10 فروری 1703ء طلوع آفتاب کے وقت موضع پھلت ضلع مظفر نگر (بھارت) میں پیدا ہوئے۔

سوال: شاہ ولی اللہ کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: ان کا نام قطب الدین احمد رکھا گیا۔ ولادت پر والد نے قطب الدین احمد کے علاوہ ولی اللہ کو بھی نام کا جز بنایا لیکن قطب الدین نام مشہور نہ ہوا۔ تاریخی نام عظیم الدین تھا۔

سوال: شاہ ولی اللہ کو کتنے سال کی عمر میں مکتب میں بٹھایا گیا اور نماز روزہ شروع کرایا گیا۔ تحریر کریں؟

جواب: پانچویں سال مکتب میں بٹھا دیا گیا اور ساتویں سال والد ماجد نے نماز روزہ شروع کرایا۔

سوال: شاہ ولی اللہ نے کتنے سال کی عمر میں قرآن مجید ختم (حفظ) کیا؟

جواب: سات سال کی عمر میں۔

سوال: شاہ ولی اللہ کی شادی کتنے سال کی عمر میں کی گئی؟
جواب: چودھویں سال کی عمر میں شادی کر دی گئی/
سوال: جب والد کا انتقال ہوا تو شاہ ولی اللہ کی عمر کتنی تھی؟
جواب: سترھویں سال (1131ھ)
سوال: شاہ ولی اللہ دہلی میں کتنے سال تک درس دیتے رہے؟
جواب: تقریباً بارہ سال دہلی میں درس دیتے رہے۔
سوال: شاہ ولی اللہ کا خاندانی ذریعہ معاش کیا تھا؟
جواب: علاج معالجہ ان کا خاندانی ذریعہ معاش تھا۔
سوال: شاہ ولی اللہ نے کب وفات پائی اور کتنے سال کی عمر میں وفات پائی؟
جواب: 61 برس کی عمر پا کر 1176ھ/20 اگست 1762ء کو ظہر کے وقت وفات پائی۔
سوال: شاہ ولی اللہ نے کتنی شادیاں کیں؟
جواب: شاہ ولی اللہ نے دو شادیاں کیں۔ پہلی شادی ان کے ماموں شاہ عبداللہ کی صاحبزادی سے اور دوسری شادی 1157ھ میں مولوی سید حامد سونی پتی کی صاحبزادی سے ہوئی۔
سوال: شاہ ولی اللہ کے کتنے بیٹے تھے اور ان کے نام کیا تھے؟
جواب: ان کے چار بیٹے تھے جن کے نام یہ تھے:
(۱) شاہ عبدالعزیزؒ (۲) شاہ رفیع الدینؒ (۳) شاہ عبدالقادرؒ (۴) شاہ عبدالغنیؒ
سوال: شاہ ولی اللہ کی تصانیف کم و بیش کتنی ہیں؟
جواب: علماء اور محققین کے مطابق شاہ ولی اللہ نے تقریباً سو کے لگ بھگ کتابیں لکھی ہیں۔
سوال: شاہ ولی اللہ نے کب اور کتنے سال کی عمر میں وفات پائی؟
جواب: شاہ ولی اللہ نے 63 سال کی عمر میں 19 محرم الحرام 1176ھ بمطابق 10 اگست 1762ء میں فوت ہوئے۔
سوال: شاہ ولی اللہ نے صورت اور مادے پر بحث کرتے ہوئے کیا رائے دی ہے بیان کریں؟
جواب: شاہ صاحب صورت اور مادے پر بحث کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ان ہر دو کے مابین جو ایک مخصوص نسبت ہے اس نسبت کے لئے ایک نام کی حاجت ہے۔ جس سے اس نسبت کو تعبیر کیا جائے۔ ہم نے اس نسبت کو "ظہور" کا نام دیا ہے۔ اور ظہور سے یہ مراد لی گئی ہے کہ ایک شے اپنی جگہ ایک موطن اور مرتبے میں قائم اور محقق ہے اور پھر وہی شے اس مرتبے سے تنزل کر کے دوسرے مرتبے میں ایک دوسرے کے وجود کے پیکر میں ظہور کرتی ہے اور اس کی مثال یہ ہے کہ ایک شے کی ایک صورت نوعیہ ہے جو اس نوع کے ہر فرد میں ظہور کرتی ہے۔ مثلاً موم سے مسدس' مربع شکلیں اور انسان اور گھوڑے

کے مجسّمے بنائے جاتے ہیں۔ اس طور پر معلوم یہ ہوا کہ موم ان تمام اشیاء میں اپنے عمومی جسم کے ساتھ مشترکہ طور پر ظاہر ہوتا ہے۔

سوال: شاہ ولی اللہ خداوند تعالیٰ کی ذات اقدس کے بارے میں کیا فرماتے ہیں یا اس کے عرفان کی کیا صورت بتاتے ہیں تحریر کریں؟

جواب: شاہ صاحب فرماتے ہیں کہ ذات خدائے قدوس فہم و ادراک' فکر و خیال سے بالا تر ہے۔ وہ تو ایک ایسا وجود ہے جو حیرت اندر حیرت ہے اور اس وجود تک رسائی کا واحد ذریعہ تجلی ذاتی ہے۔ دوسرا طریقہ حصول اللہ کا یہ ہے۔ کہ اس کو کسی تعین سے معرف کیا جائے۔ پھر بھی وہ اس تعین میں بھی بھلا کہاں؟ وہاں تو محض اطلاق اور وحدت محض کا دور دورہ ہے۔ اس "تعین" کی وضاحت کرتے ہوئے موصوف فرماتے ہیں۔ کہ "تعین" متمثل ہوتا ہے۔ جو کوئی اس سے لو لگائے اس دامن میں پناہ لے۔ تو یقیناً وہ شخص اللہ کی رحمت کو اپنی شہ رگ سے قریب تر پائے گا۔

سوال: شاہ ولی اللہ کا وحدت وجود اور وحدت شہود کے بارے میں کیا خیال ہے بیان کریں؟

جواب: اس اقتباس سے ملاحظہ فرمائیں:

"ذوق صحیحہ سے ادراک ہوتا ہے کہ وجود ایک شے ہے قائم بہ نفسہ اور مقوم لغیرہ۔ یہ وجود ضبط ہے جو صور موجودات اختیار کر لیتا ہے اس وجود میں تنزلات ہوتے رہتے ہیں اور دو قسم کے ہوتے ہیں ایک علمی اور دوسرا عینی۔ اس کے پہلے دو تنزلات تو علمی ہیں اور بعد کے عینی۔ وجود ضبط کا پہلا تنزل بہ نفسہ ہے یہ ایک ایسی شان کلی ہے جس میں مجملا سب کچھ موجود ہے۔ دوسرا تنزل تفصیلی ہے جس میں تنزل اولیٰ کے اجمال کی تفصیل ہوتی ہے۔ تنزلات علمی کے بعد تنزلات عینی کا درجہ آتا ہے۔ ان تنزلات عینی میں اجمال کی گنجائش نہیں بلکہ تفصیل اس کا لازمہ ہے۔ صوفیاء کے نزدیک حقائق ممکنہ' تلبسات و شیون اور اعتبارات ہیں اسی ایک وجود ضبط کے۔ لہٰذا جس وقت یہ وجود منبسط بہ حیثیت متلبس کے جانا جاتا ہے تو وہ ممکن ہوتا ہے اور جب یہی حیثیت ملتبس کے مصروف ہوتا ہے تو وہ واجب الوجود کے مرتبہ میں ہوتا ہے۔

سوال: علامہ اقبال کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: ڈاکٹر شیخ محمد اقبال 22 فروری 1973ء / 20 ذوالحجہ 1289ھ کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ (بلدیہ سیالکوٹ کے اندراجات پیدائش و اموات' شائع کردہ روزنامہ انقلاب مورخہ 7 مئی 1938ء) (اور فقیر سید وحید الدین کی رائے میں 3 ذوالقعدہ 1294ھ / 9 نومبر 1877ء کو دیکھئے روزگار فقیر' طبع دوم 1963ء سنہ 237)

سوال: علامہ اقبال کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب: علامہ اقبال کے والد بزرگوار کا نام شیخ نور محمد تھا۔
سوال: علامہ اقبال نے کون سی جماعتوں میں وظیفہ حاصل کیا؟
جواب: علامہ اقبال نے پرائمری، مڈل، اور میٹرک کے امتحانوں میں وظیفہ حاصل کیا۔
سوال: علامہ اقبال نے ایم۔ اے (فلسفہ) کا امتحان کب پاس کیا؟
جواب: 1899ء میں علامہ اقبال نے ایم۔ اے (فلسفہ) کا امتحان پاس کیا۔
سوال: علامہ اقبال کب فلسفے کے استاد مقرر کئے گئے؟
جواب: 3 جون 1903ء کو گورنمنٹ کالج میں فلسفے کے اسسٹنٹ پروفیسر مقرر ہوئے۔
سوال: علامہ اقبال عارضی طور پر کب انگریزی اور فلسفے کے استاد رہے؟
جواب: 1899ء میں علامہ اقبال اسلامیہ اور گورنمنٹ کالج میں عارضی طور پر انگریزی اور فلسفے کے استاد مقرر ہوئے۔
سوال: علامہ اقبال ولایت کب گئے اور کون سی یونیورسٹی میں فلسفے کا اعلیٰ ترین امتحان پاس کیا؟
جواب: اگست 1905ء میں وہ ولایت گئے اور تین سال وہاں گزارے۔ فلسفے میں اعلیٰ ترین امتحان کیمبرج (انگلستان) اور میونخ (جرمنی) کی یونیورسٹیوں سے پاس کیا۔
سوال: علامہ اقبال کب اور کتنے سال کی رخصت لے کر انگلستان گئے؟
جواب: 1905ء میں تین سال کی رخصت لے کر علامہ اقبال انگلستان چلے گئے؟
سوال: علامہ اقبال کا پی ایچ ڈی کا مقالہ کس نام سے چھپا تحریر کریں؟
جواب: علامہ اقبال نے پی ایچ ڈی کے لئے جو مقالہ لکھا تھا وہ (Development of Matephysics in Persia) "ایران میں مابعد الطبیعات کا ارتقاء" کے نام سے چھپا۔
سوال: علامہ اقبال نے کب وفات پائی بیان کریں؟
جواب: 21 اپریل 1938ء کو طلوع آفتاب سے کچھ دیر پہلے علم و حکمت اسلامی کا یہ آفتاب ہمیشہ کے لئے غروب ہو گیا؟
سوال: علامہ اقبال کے نظام فکر کی تشکیل میں کن چار نظریاتی عناصر نے اہم کردار ادا کیا؟
جواب: (۱) صوفیانہ فکر (۲) مغربی فلسفہ (۳) اشتراکی فلسفہ (۴) قرآن حکیم کا نظریاتی عملی فلسفہ
سوال: علامہ اقبال کے نزدیک تصور خدا کیا ہے مختصراً بیان کریں؟
جواب: علامہ اقبال کے نزدیک "خودی" ایک قوت ناظمہ ہے اور ایسی قوت ناظمہ جو ہمہ وقت تفاعل کی حالت میں رہتی ہے۔ اسی قوت فعال کے بل پر ہم مادی عالم کا تجزیہ کرتے ہیں ورنہ اس جہان کی ہر چیز اور رنگ و بو الگ الگ ہیں۔ جب تک خودی اور کائنات کی ساخت میں مکمل ہم آہنگی نہ ہو اس وقت تک یہ فطرتی قوتیں سمجھ میں نہیں آتیں اور نہ ہی زندگی سمجھ میں آتی ہے۔ سالوں کا تجربہ اس بات کا شاہد ہے کہ ذہن انسانی (موضوع)

کو عالم فطرت (معروض) سے باہم مطابق بنانے کا اچھا اور مؤثر ذریعہ ذات واجب الوجود کا حتمی ایقان ہے۔

سوال: سید مودودی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: سید ابو الاعلیٰ مودودی 3 رجب 1321ھ / 25 دسمبر 1903ء کو ریاست حیدر آباد (دکن) کے شہر اورنگ آباد میں پیدا ہوئے؟

سوال: سید ابوالاعلیٰ مودودی نے کب مولوی کا امتحان دیا اور زیادہ تعلیم کہاں حاصل کی؟

جواب: 1914ء میں انہوں نے مولوی کا امتحان دیا اور زیادہ تعلیم گھر پر ہی حاصل کی کیونکہ ان کے والد درس گاہوں کے ماحول سے مطمئن نہ تھے۔

سوال: سید ابو الاعلیٰ مودودی نے صحافت کو بطور پیشہ کب اختیار کیا؟

جواب: 1918ء میں۔

سوال: مولانا محمد علی جوہر کے ساتھ ان کے مراسم کب پیدا ہوئے؟

جواب: 1924ء میں تحریک خلافت کے رہنما مولانا محمد علی جوہر سے ان کے مراسم پیدا ہوئے۔

سوال: جہاد کے متعلق مشہور کتاب جو مولانا مودودی نے لکھی کون سی تھی نام تحریر کریں؟

جواب: ان کی مشہور کتاب جہاد کے متعلق "الجہاد فی الاسلام" تھی۔

سوال: مولانا مودودی نے جمعیت علمائے ہند سے کب علیحدگی اختیار کی؟

جواب: 1928ء میں مسئلہ قومیت پر جمعیت علمائے ہند کے موقف سے اختلاف کی بنا پر علیحدگی اختیار کی۔

سوال: سید ابوالاعلیٰ مودودی نے رسالہ ترجمان القرآن کی ادارت کب اختیار کی؟

جواب: 1933ء میں انہوں نے رسالہ ترجمان القرآن کی ادارت اختیار کی۔

سوال: سید ابوالاعلیٰ مودودی کب اور کہاں اسلامیات کے پروفیسر مقرر ہوئے؟

جواب: مولانا مودودی 1939ء ۔ 1940ء میں اسلامیہ کالج لاہور میں اسلامیات کے پروفیسر مقرر ہوئے۔

سوال: سید ابوالاعلیٰ مودودی پٹھان کوٹ کب تشریف لائے اور پھر لاہور کب آئے۔

جواب: مارچ 1928ء میں مولانا مودودی حیدر آباد سے پٹھان کوٹ تشریف لائے اور پھر 1939ء میں وہاں سے لاہور منتقل ہوئے۔

سوال: مسئلہ قومیت کے سلسلے میں مولانا مودودی کا اہم کارنامہ کیا تھا؟

جواب: قومیت کے سلسلے میں مولانا مودودی کا اہم کارنامہ یہ تھا کہ انہوں نے قومیت کے تصور کو اسلام کے روشن اصولوں کی روشنی میں اجاگر کیا۔

سوال: 26 اگست (1940ء) کو مولانا مودودی نے اہم کارنامہ سرانجام دیا وہ کیا تھا واضح کریں؟

جواب: 26 اگست (1940ء) کو انہوں نے جماعت اسلامی کے نام سے ایک جماعت کا قیام عمل میں لائے۔جو آج تک قائم ہے اور احیائے دین کے لئے تگ و دو کر رہی ہے۔

سوال: قیام پاکستان کے بعد اسلامی آئین کی تحریک کب چلائی گئی نیز کیا اس میں مولانا مودودی شامل تھے؟

جواب: ہاں' جنوری 1948ء میں مولانا مودودی اور دیگر ہم خیال حضرات نے اسلامی آئین کی تحریک چلائی۔

سوال: مولانا مودودی کو پھانسی کی سزا کب اور کیوں سنائی گئی واضح کریں؟

جواب: 1953ء میں فوجی عدالت کی طرف سے پھانسی کی سزا سنائی گئی یہ سزا ان کو ایک مضمون "قادیانی مسئلہ" لکھنے کی بناء پر سنائی گئی تھی۔ لیکن وہ ثابت قدم رہے۔

سوال: سید ابوالاعلیٰ مودودی اور ان کے پچاس رہنماؤں کو کب اور کیوں گرفتار کیا گیا؟

جواب: ایوب خان کی حکومت نے 6 جنوری 1964ء کو جماعت اسلامی کے خلاف قانون قرار دے کر مولانا مودودی اور ان کے پچاس رہنماؤں کو گرفتار کر لیا۔

سوال: مولانا مودودیؒ کو چوتھی مرتبہ کب اور کس دن گرفتار کیا گیا؟

جواب: مولانا مودودی کو چوتھی مرتبہ 1967ء میں عید الفطر کے موقع پر گرفتار کیا گیا۔

سوال: مولانا مودودی کب بیمار ہوئے اور کب انتقال کیا؟

جواب: 1970ء کے انتخابات کے بعد وہ مسلسل بیمار رہے اور دوبارہ گردے کا آپریشن بھی ہوا بالآخر ستمبر 1979ء کو ان کا انتقال ہوا۔

سوال: سید ابوالاعلیٰ مودودی کی تصانیف کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: ان کی چھوٹی بڑی تصانیف کی تعداد 80 کے لگ بھگ ہے۔

سوال: کیا سید ابوالاعلیٰ مودودی رابطہ عالم اسلامی کے بھی رکن تھے؟

جواب: ہاں وہ اپنی علمی اور فکری صلاحیتوں کی وجہ سے رابطہ عالم اسلامی کے بھی رکن تھے۔ ان کے اجلاسوں میں شرکت بھی کرتے نیز مشورے دیتے۔ ان کے فکر و افکار اور خیالات پر اب بھی کئی یونیورسٹیوں میں کام ہو رہا ہے۔

سوال: سید ابوالاعلیٰ مودودی کو "عظیم انقلابی مفکر" کے عنوان سے کس نے پکارا ہے؟

جواب: نعیم صدیقی نے "تعلیمات" کے مودودی نمبر میں اپنے مضمون کا عنوان "عظیم مفکر انقلابی مفکر" لکھ کر مولانا مودودی کی شخصیت کو اجاگر کیا ہے۔

سوال: سید ابوالاعلیٰ مودودی مربوط اور جامع فکر کے مالک تھے مختصراً تحریر کریں؟

جواب: زندگی کے مختلف اجزاء کو الگ الگ رکھ کر تو ہر آدمی دو چار کے بارے میں سوچ سکتا ہے لیکن ہر پہلو کو بیک وقت وسیع نظر سے دیکھنا کسی کے بس کا روگ نہیں۔ اس کا سہرا مولانا

مودودی کے سر ہے۔ ان کی خصوصیات یہی ہے کہ ہر مسئلے کو محدود نظر کی بجائے وسعت نظر سے دیکھتے تھے۔ کسی جزئی سے جزئی مسئلے پر بھی بات کرتے تو واضح انداز میں گویا ان کے پاس انسانی زندگی کی ایک جامع سکیم کا فریم ہوتا جس میں کسی مسئلے کی ٹھیک جگہ متعین کرنے کے بعد ہی وہ اظہار رائے کرتے۔

سوال: سید ابوالاعلیٰ مودودی کا انسانی زندگی کے بارے میں کیا نظریہ ہے۔ مختصراً تحریر کریں؟

جواب: سید ابوالاعلیٰ مودودی انسانی زندگی کو ایک کل مانتے ہیں' ایک وحدت' ناقابل تقسیم وحدت قرار دے کر اس پر غور کرتے ہیں۔ ان کے نزدیک اسے مختلف خانوں میں بانٹ کر ہر خانے کو الگ الگ نظریوں کے حوالے نہیں کیا جا سکتا۔

سوال: سید ابوالاعلیٰ مودودی تصور حقیقت کی محققانہ انداز میں وضاحت کرتے ہیں۔ مختصراً بیان کریں؟

جواب: سید ابوالاعلیٰ مودودی کہتے ہیں کہ یہ کائنات خود نہیں چل رہی بلکہ کوئی حاوی ہستی ہے جو اس کو خاص انداز سے چلا رہی ہے اور وہ حاوی ہستی خدا کی ذات ہے۔ اس کے مقابلے میں تمام قوتیں زیر ہیں۔ تمام اختیارات خدا کی ذات کے کنٹرول میں ہیں اور تمام کائنات اس کے حکم کے تحت چل رہی ہے۔ اس واحد ہستی نے تمام کو پیدا کیا کوئی اس کا شریک نہیں ہے۔ اور انسان کا تعلق خدا کے ساتھ اس طرح رہ سکتا ہے کہ وہ خدا کی معرفت اور رضا کے لئے مشغول رہے یعنی دل و جان سے اس کی عبادت کرے۔

سوال: سید ابوالاعلیٰ مودودی کا تصور انسان کے بارے میں کیا نظریہ ہے تحریر کریں؟

جواب: تصور انسان کے بارے میں ان کا نظریہ جامع نظریہ ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ انسان کسی مادے سے خود بخود پیدا نہیں ہو سکتا۔

سوال: سید ابو الاعلیٰ مودودی تصور کائنات کے بارے میں کیا فرماتے ہیں مختصراً تحریر کریں؟

جواب: مولانا مودودی کہتے ہیں کہ یہ کائنات حادثے کی پیداوار نہیں ہے بلکہ اسے بنانے والے نے ارادی طور پر بنایا ہے۔ پوری کائنات خاص اصولوں کے تحت چل رہی ہے یہ قوانین سب پر حاوی ہیں۔ اور جو چیز بھی اس قانون سے روگردانی کرے گی چاہے پتھر ہی کیوں نہ ہو وہ تباہ و برباد ہو جائے گا مزید مولانا مودودی کہتے ہیں کائنات الگ الگ اجزاء پر مشتمل نہیں ہے بلکہ وہ ایک کل ہے جس کے تمام اجزاء ایک دوسرے سے مربوط ہیں۔ گویا پوری کائنات ایک جسد واحد ہے اور اس کے اجزاء میں باہم ویسا ہی رابطہ ہے جیسا کہ ایک جسم کے اجزاء میں ہوتا ہے۔

سید مودودی کی رائے میں یہ کائنات ایک عارضی سلسلہ ہے اسے ایک نہ ایک دن ختم ہونا ہے اس کائنات کو چلانے والی ہستی بھی ایک ہے باقی سب طاقتیں محدود ہیں۔

سوال: سید ابوالاعلیٰ مودودی اخلاق کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟

جواب: فرماتے ہیں کہ ہمیں اپنے نظام تعلیم میں دماغی تربیت سے زیادہ اخلاقی تربیت کی طرف توجہ کرنے کی ضرورت ہے۔

سوال: ڈیماکریٹس (Democritus) (460-370 ق م) کا فلسفہ فطرت پسندی کے بارے میں کیا نظریہ ہے اختصار سے بیان کریں؟

جواب: یہ یونانی فلاسفر تھا اس کا خیال تھا کہ انسان کو فطرت کے بالکل قریب رہ کر اس کی سادگی کو اپنانا چاہیئے۔ ڈیماکریٹس شہری زندگی کے برعکس دیہاتی زندگی کا قائل رہا ۔ شاید وہ شہر کے شور شرابے کی وجہ سے دیہات کی پرسکون زندگی کو پسند کرتا تھا۔ اس نے موسیقی اور منطق پر بھی بحث کی اور ممکنہ حد تک سیاسیات سے احتراز کیا۔

سوال: تھامس ہابس (Thomas Hobbes) (1588ء-1679ء) کا فلسفہ فطرت پسندی کے بارے میں کیا خیال تھا بیان کریں؟

جواب: اس کا خیال تھا کہ آدمی فطرتاً وحشی اور درندہ ہوتا ہے مگر سماجی زندگی اور سوسائٹی اسے تہذیب و تمدن کا لبادہ اوڑھا دیتی ہے۔ تاکہ وہ محفوظ رہے۔ جو اس فلسفہ کو علم حاصل کرنے کا اچھا ذریعہ جانتا تھا اور اس کا بھی قائل تھا کہ علم انسان کو سوسائٹی میں عزت اور وقار دیتا ہے۔ ہابس کا یقین تھا کہ نظام کائنات حرکت کی وجہ سے قائم ہے اور اس کے دو عوامل ہیں اور وہ ہیں زمان و مکان اور یہی نظام فطرت کی بنیادیں ہیں۔

سوال: جان ایمس کومینیس (John Amos Comeious) (1592ء-1167ء) کا فلسفہ فطرت پسندی مختصراً بیان کریں؟

جواب: بعض کا خیال ہے کہ یہ حقیقت پسندی اور افادیت پسندی کا حامی تھا لیکن اس کے تعلیمی نظریات کی بنیادیں مکمل طور پر نظریہ فطرت پسندی کے افکار پر استوار تھیں۔ اس کا خیال تھا کہ اگر سکولوں کی بجائے بچوں کو چھوٹی عمر میں مشاہدہ فطرت کے ذریعے تعلیم دی جائے تو اس کے نتائج زیادہ اچھے' موثر اور حوصلہ افزاء ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ امن عالم کا حامی تھا اور کہتا تھا کہ تعلیم مفت ہونی چاہیئے تاکہ تمام اس سے مساوی فائدہ حاصل کریں۔ کیونکہ تعلیم ایک ایسی چیز ہے جو بچے کے اندر موجود فطرتی صلاحیتوں کو جلا بخشتی ہے۔

سوال: جین جیکس روسو (Jean Jaquas Rousseau) (1712ء-1778ء) کا فلسفہ فطرت پسندی کے بارے میں کیا نظریہ ہے مختصراً بیان کریں؟

جواب: اس کی تحریروں سے پتہ چلتا ہے کہ وہ مکتبہ فطرت پسندی کا قائل تھا اس کے نزدیک ہر شخص فطرتاً آزاد ہے اور ہر ذی روح کی اپنی ذاتی خصوصیات ہوتی ہیں مزید یہ کہ وہ انسان

کے جذبات اور زندگی کی رنگینیوں، عشق و حسن کا بھی قائل تھا۔ اور زندگی کو فطری ماحول میں بسر کرنے کا قائل تھا اسے اچھا مصرف خیال کرتا تھا۔ تعلیم کے بارے میں اس کا خیال تھا کہ تعلیم اس وقت فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے جب اس کا عمل معاشرتی برائیوں سے پاک ہو اور فطرت کے پاکیزہ ماحول میں ہو۔

سوال: سرسید احمد خان (Sir Syed Ahmad Khan) (1817ء۔1898ء) کا فلسفہ فطرت پسندی کے بارے میں کیا خیال ہے بیان کریں؟

جواب: انہوں نے دیکھا کہ فطرت پسندی کا نظریہ لوگوں کو مذہب کے بارے میں از سر نو سوچنے پر مجبور کریگا۔ چنانچہ انہوں نے کہا "ایسا کوئی بشر نہیں ہے جو جدید سائنس اور فلسفہ سے واقفیت رکھنے کے باوجود اسلامی نظریات کو شک کی نظر سے دیکھے"۔

اسی لئے انہوں نے دعویٰ کیا وہی مذہب حق و صداقت کا داعی ہو سکتا ہے جو انسان کی فطرت کے مطابق ہو مزید ان کا قول ہے "جس طرح عوام میں کچھ لوگ سوچتے ہیں جہاں فطرت کے اصول کائنات میں کارفرما ہوں وہاں سوائے فطرت کے کچھ نہیں ہوتا۔ پس خدا سے بھی منکر ہو جاؤ"۔

ان کے ہاں فطرت پسندی اور خدا ترسی کا حسین امتزاج ہے۔ ان کے نزدیک کائنات اس واحد ہستی نے بنائی ہے تو اب چلانے کی تمام تر ذمہ داریاں اس کے سپرد ہیں اور اس کی تشریح سائنسی طرز فکر سے ہی کی جا سکتی ہے۔

سوال: رالف بارٹن پیری (Ralph Barton Perry) نے مکتبہ فطرت پسندی کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا ہے ان کے نام تحریر کریں؟

جواب: انہوں نے اس مکتبہ کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہے اور نام درج ذیل ہیں:

(۱) ابتدائی فطرت پسندی (Native Naturalism) (۲) تنقیدی نظریہ فطرت پسندی (Critical Naturalism)

سوال: فلسفہ تصوریت کے بارے میں افلاطون Plato (347۔427ق م) کا کیا نظریہ ہے تحریر کریں؟

جواب: فلسفہ تصوریت کی جڑیں ان کی تحریروں میں ملتی ہیں اور ان کو تصوریت کا بانی بھی کہا جاتا ہے۔ اس کے نزدیک حقیقی دنیا تصورات پر مبنی ہے جن کا اپنا وجود ہے۔ جو انسانی تصورات سے بالا ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ ہر شے کے پیچھے ایک تصور کارفرما ہوتا ہے۔ مزید کہتے ہیں کہ تصورات اور صورتیں (Forms) ناقابل تغیر ہیں ان کا وجود داخلی اور خارجی ہے۔ کائنات میں ان کا وجود غیر فانی ہے۔ اور ہمارے ان افکار سے روشن ہونے کا انتظار کرتے ہیں۔ جن کا کام گھومتے پھرنا ہے۔

سوال: فلسفہ حقیقت پسندی کیا ہے مختصراً بیان کریں؟

جواب: یہ موجودہ دور کا نیا فلسفہ ہے۔ اس کا آغاز انیسویں صدی عیسوی سے ہوا اور بیسویں صدی عیسوی میں یہ نظریہ جدید حقیقت پسندی کہلایا۔ قدیم یونانی مفکرین کے خیالات میں بھی اس کے اثرات پائے جاتے ہیں۔ فلسفہ حقیقت پسندی میں ادراک حقیقت کا دارومدار حواس انسانی (Senses) پر ہے انسان کا دماغ اس وقت تک کام نہیں کرتا جب تک کوئی محرک باہر سے اسے حرکت نہ دے۔ اسی لئے چند لوگ اسے زمینی فلسفہ (Down to earth) کا نام دیتے ہیں۔ یہ فلسفہ تعلیم و تدریس کے اصولوں پر بہت زیادہ اثر انداز رہا ہے۔

سوال: فلسفہ حقیقت پسندی (Realsim) کے حامی مفکرین کون کون سے ہیں ان کے نام تحریر کریں؟

جواب: فلسفہ حقیقت پسندی کے حامی مفکرین درج ذیل ہیں:

(۱) ارسطو Aristotle (384ء۔323ء)

(۲) جان لاک John Locke (1632ء۔1704ء)

(۳) ہربرٹ سپنسر Herbert Spencer (1776ء۔1841ء)

(۴) براوڈی Broudy

(۲) برٹرینڈ رسل Bertranal Russel

سوال: فلسفہ تصوریت (Idealism) کے حامی مفکرین کون کون سے ہیں ان کے نام بیان کریں؟

جواب: فلسفہ تصوریت کے حامی مفکرین درج ذیل ہیں:

(۱) افلاطون Plato (427۔347 ق م)

(۲) کانٹ Kant (1724ء۔1803ء)

(۳) ہیگل Hegal (1770ء۔1831ء)

(۴) سپنی نوزا Spinoza

(۵) ڈیکارٹ Descartes (1596ء۔1650ء)

سوال: فلسفہ شخصیت پسندی کیا ہے مختصراً تحریر کریں؟

جواب: فلسفیانہ تصور نہیں ہے۔ بلکہ یہ فلسفہ کی ایک بنیادی خصوصیت ہے۔ مگر شخصیت پسند اس کو منظم مکتبہ فکر گردانتے ہیں۔

بقول جوڈ:

"شخصیت جدید فلسفے کے ان متصور رجحانات کا نام ہے جو مختلف ہونے کے باوجود ایک دوسرے سے مختلف اور منسلک ہیں"۔

شخصیت کی اصطلاح سب سے پہلے 1778ء میں چارلس سینڈوز پیٹرس نے ایجاد کی تھی۔ اس کو شخصیت کا بانی بھی کہا جاتا ہے۔ اس فلسفے کو شخصیت کے علاوہ کئی متبادل اصلاحات سے بھی پکارا جاتا ہے مثلاً تجربیت' علمیت' افادیت وغیرہ۔ بعض حکماء اس کو فلسفہ ارتقاء کے نام سے بھی تعبیر کرتے ہیں۔

سوال: بعض یونانی مفکرین فلسفہ شخصیت کے حامی ہیں وہ کون کون سے ہیں ان کے نام تحریر کریں؟

جواب: (ا) ہرکلیٹس Heraclitus (535ء۔475ء)

(۲) سوفسطائی معلمین The Spophists

(۳) کوشیلین Quintilian (35ء۔95ء)

سوال: شخصیت پسندوں کے نزدیک اقدار کی کتنی قسمیں ہیں نام تحریر کریں؟

جواب: اقدار کی چار قسمیں ہیں نام درج ذیل ہیں:

(ا) معاشرتی اقدار (۲) اخلاقی اقدار (۳) استحسانی اقدار (۴) مذہبی اقدار

سوال: بہتر اقدار کی نشوونما اور تعین کے لئے معاشرہ کے افراد میں کون کون سی خصوصیات کا ہونا ضروری ہے؟

جواب: درج ذیل خصوصیات کا ہونا ضروری ہے۔ یہ شخصیت پسندوں کے نزدیک ہیں:

(ا) ارفع زبان یعنی گفتگو اور تبادلہ خیالات کی صلاحیت۔

(۲) احساس خودی

(۳) معاشرتی ہمدردی کی صلاحیت (اخوت)۔

سوال: فلسفہ وجودیت پسندی کے حامی مفکرین کون کون سے ہیں ان کے نام تحریر کریں؟

جواب: درج ذیل مفکرین اس فلسفے کے حامی ہیں:

(ا) سورن کرکیگارڈ Sornen Kiekegaard (1813ء۔1955ء)

(۲) فریڈرک نیطشے Friedrich Heitzche (1844ء۔1900ء)

(۳) کارل جیسپرز Karl Jaspers (پیدائش 1883ء)

(۴) مارٹن ہیڈیگر Martin Heidigger (پیدائش 1889ء)

(۵) جین پال سارترے Jean Paul Sartre (پیدائش 1905ء)

سوال: وجودیت پسندی کے بنیادی اصول کتنے ہیں بیان کریں؟

جواب: وجودیت پسندی کے اصول آٹھ (8) ہیں۔

سوال: اسلام کی روشنی میں فلسفے کے مسائل کون کون سے ہیں ان کے نام تحریر کریں؟

جواب: اسلام کی روشنی میں فلسفے کے مسائل درج ذیل ہیں:

(۱) تصور حیات (۲) ذہن و شعور (۳) تصور عالم (۴) عقل و وحی (۵) خیر و شر (۶) بعث بعد الموت (۷) لافانیت (۸) جبر و اختیار

سوال: تصور حیات کی کتنی اقسام ہیں نام تحریر کریں؟

جواب: تصور حیات کی دو اقسام ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) مادی تصور حیات

(۲) اسلامی تصور حیات

سوال: ڈاکٹر Bucke شعور کی کتنی سطحیں بیان کرتے ہیں ان کے نام تحریر کریں؟

جواب: وہ شعور کو تین سطحوں میں تقسیم کرتے ہیں:

(۱) شعور سادہ۔ جو حیوانات میں پایا جاتا ہے۔

(۲) شعور ذات۔ جو عام انسانوں میں پایا جاتا ہے۔

(۳) کائناتی شعور۔ جو انسانوں میں برگزیدہ ہستیوں کو حاصل ہوتا ہے۔

سوال: اوسپنکی شعور کو چار سطحوں میں تقسیم کرتے ہیں وہ کون کون سی ہیں بیان کریں؟

جواب: وہ درج ذیل چار سطحیں بیان کرتے ہیں:

(۱) ابتدائی شعور۔ جو اس کے نزدیک کیڑے مکوڑوں کو حاصل ہوتا ہے۔

(۲) شعور سادہ۔ جو اس کے نزدیک عام حیوانات کو حاصل ہوتا ہے۔

(۳) شعور ذات۔ جو انسان کی خصوصیت ہے۔

(۴) شعور اعلیٰ۔ جو موجودہ انسانی سطح سے بلند اگلی ارتقائی منزل میں حاصل ہوگا۔

سوال: بلاواسطہ علم حاصل کرنے کی کتنی قسمیں ہیں ان کے نام تحریر کریں؟

جواب: بلاواسطہ علم حاصل کرنے کی تین قسمیں ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) وجدان (۲) فطرت (۳) بداہت اولیہ

سوال: کسی واسطے سے علم حاصل کرنے کے کتنے واسطے ہیں اور کونسے ہیں ان کے نام بیان کریں؟

جواب: اس کی دو قسمیں ہیں جو درج ذیل ہیں:

(۱) احساس (۲) عقل

سوال: غیرمادی علم کے کتنے درجے ہیں ان کے نام تحریر کریں؟

جواب: غیرمادی علم کے پانچ درجے ہیں ان کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) فراست (۲) حدس (۳) کشف (۴) الہام (۵) وحی

سوال: علم غیب خدا تعالیٰ کے لئے ہے دو قرآنی آیات کا حوالہ دیں؟

جواب: (۱) "تو کہہ دے کہ غیب خدا ہی کے لئے ہے"۔ (یونس)

(۲) "کہہ دے کہ آسمانوں اور زمین میں خدا کے سوا کوئی نہیں جس کو غیب کا علم ہو"۔ (نمل۔ 5)

سوال: اللہ تعالیٰ اپنے پسندیدہ پیغمبر کو غیب کی باتیں بتاتے ہیں کوئی قرآنی آیت کا حوالہ دیں؟

جواب: "تو اللہ اپنے غیب کی بات کسی پر ظاہر نہیں کرتا لیکن اس پیغمبر پر جس کو پسند کرے"۔ (جن۔ 2)

سوال: وہ کون سے قوانین ہیں جن کے ذریعے انسانی ذات کی نشوونما ہوتی ہے۔ نیز وہ قوانین کہاں سے حاصل کئے جاتے ہیں؟

جواب: انسانی ذات کی نشوونما ان قوانین کے ذریعے ہوتی ہے جو وحی کے ذریعے ملتے ہیں۔ یعنی وہ قوانین وحی الٰہی کی روشنی میں مرتب کئے جاتے ہیں۔

سوال: H.C. Warren نے عقل کی کیا تعریف کی ہے تحریر کریں؟

جواب: "عقل اس ذہنی عمل کا نام ہے۔ جو اس کام یا رائے کے جواز کے لئے خوش آئند دلائل تراشے جو درحقیقت کسی اور ہی جذبے کے ماتحت پیدا ہوا ہو خواہ اس شخص کو جس کی عقل یہ کچھ کر رہی ہے۔ اس کا احساس تک بھی نہ ہو"۔

سوال: سی ایم جوڈ C.M. Joad نے عقل کی کیا تعریف کی ہے بیان کریں؟

جواب: "عقل اس قوت کا نام ہے جس سے ہم اپنے آپ کو دھوکا دے سکتے ہیں کہ جس بات کو ہم صحیح ماننا چاہتے ہیں وہ فی الواقعہ صحیح ہے"۔

سوال: جبر سے متعلقہ دو آیات کا حوالہ دیں؟

جواب: (۱) "اور تم کچھ بھی نہیں چاہ سکتے مگر جو خدا کو منظور ہے"۔ (سورۃ الدھر آیت۔ 30)

(۲) "خدا جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے"۔ (سورۃ رعد۔ آیت 27)

سوال: اختیار سے متعلقہ دو آیات کا حوالہ دیں؟

جواب: (۱) "یہ ان کاموں کی سزا ہے جن کو تمہارے ہاتھوں نے انجام دیا"۔ (سورۃ آل عمران۔ آیت 182)

(۲) "قیامت کے دن ہر شخص کو اپنا کیا دھرا معلوم ہو جائے گا"۔

سوال: مسلمان فلاسفرز کے نام تحریر کریں؟

جواب: (۱) الکندی (۲) الفارابی (۳) فخر الدین الرازی (۴) الغزالی (۵) ابن رشد (۶) شاہ ولی اللہ (۷) علامہ محمد اقبال (۸) سید ابوالاعلیٰ مودودی۔

سوال: جدید فلسفیانہ نظریات کے نام تحریر کریں؟

جواب: جدید فلسفیانہ نظریات کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) فلسفہ فطرت پسندی (۲) فلسفہ تصوریت (۳) فلسفہ حقیقت پسندی (۴) فلسفہ شخصیت

پسندی (۵) فلسفہ وجودیت پسندی (٦) لسانی فلسفہ (۷) وجدانیت (۸) جدلیاتی مادیت (۹) فلسفہ اسلامی۔

سوال: ہندو مفکرین کے نزدیک خیر و شر کیا ہے۔ مختصراً تحریر کریں؟

جواب: ہندو مفکروں نے جب اس بات پر غور کیا کہ دنیا کیا چیز ہے چند لوگ اس میں عیش و عشرت کی زندگی بسر کرتے ہیں اور چند ساری عمر مصائب و آلام سے دوچار ہوتے ہیں۔ آخر انہوں نے ہندی نتیجہ ہی اخذ کیا کہ جس نے موجودہ سے پہلے جسم میں خوشحالیاں اور مسرتیں حاصل ہوتی ہیں۔ وہ اس جنم میں خوشحالی سے سرفراز کیے جاتے ہیں جنہوں نے اچھے کام نہیں کیے ہوتے۔ وہ تکالیف سے دوچار ہوتے ہیں۔ یہی عقیدہ اصل میں عقیدہ تناسخ کا دوسرا نام تھا۔ اور یہ فکر یونان کی پیداوار تھی۔ اور ہندوؤں نے مستعار لے لیا تھا۔

سوال: عیسائیت کے نزدیک خیر و شر سے کیا مراد ہے مختصراً وضاحت کریں؟

جواب: جب کچھ دانش وروں نے خیال کیا کہ دنیا میں جھوٹ' فریب' چوری' ظلم' ناانصافی عام ہے تو انہوں نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ انسان کی فطرت ہی بد ہے۔ تو عیسائیت نے اسی بنیاد پر گناہ اولین (Original Sin) کی عمارت کھڑی کر لی۔ اس نے کہا کہ آدمؑ اور اس کی بیوی سے بہشت میں کیا ہوا گناہ جو ہے اس کی وجہ سے ہر انسانی بچہ اس گناہ اول کی آلائش اپنے ساتھ لئے اس دنیا میں آتا ہے۔ اور یہی آلائش تمام اخلاقی برائیوں کی جڑ ہے اور آلائش کو دور کرنے کا طریقہ صرف یہی ہے کہ انسان جناب مسیحؑ کی صلیب اور کفارہ پر ایمان لائے۔

سوال: ایرانی دانش ور خیر و شر سے کیا مراد لیتے ہیں بیان کریں؟

جواب: انہوں نے کہا کہ دنیا میں دو قوتیں ازل سے برسرپیکار ہیں ایک ظلمت کی قوت ہے جس کو اہرمن کہتے ہیں اور دوسری نور کی قوت ہے جسے یزداں کہا جاتا ہے۔ ان دونوں میں جنگ چھڑی رہتی ہے جسے خیر و شر کی کش مکش کہتے ہیں۔ یہ ثنویت کا عقیدہ قدیم ایرانی مجوسیوں کا مذہب ہے۔ اور اسے زرتشت کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔

سوال: لافانیت سے کیا مراد ہے مختصراً وضاحت کریں؟

جواب: دنیا میں کوئی انسان یہ نہیں چاہتا (سوائے چند لوگوں کے) کہ اسے موت آئے۔ ہر انسان کو ہمیشہ زندہ رہنے کی فکر ہے اس کے برعکس حیوانات میں چونکہ موت کا تصور نہیں ہے لہٰذا ان میں موت سے پناہ مانگنے کا تصور نہیں ہے۔ انسان کو موت کا احساس اور تصور ہے لہٰذا اس کا دل اس بات کو تسلیم نہیں کرتا کہ اسے موت آئے۔ قرآن میں قصہ آدمؑ میں ابلیس نے انسان کے اسی جذبے کو (Exploit) کیا اور قصہ آدم مخصوص نہ تھا بلکہ تمثیلی انداز میں خود آدمی کی سرگزشت ہے۔ "قصہ آدم" کے ضمن میں قرآن نے استعارہ کے

انداز میں بیان کیا ہے کہ:

"ابلیس نے آدم سے کہا کیا میں تمہیں ایک ایسے درخت کا پتہ نشان بتاؤں جس سے تمہیں حیات جاوداں اور ایک ایسی مملکت مل جائے جس پر کبھی زوال نہ آئے"۔

سوال: موت کے بعد کی زندگی حقیقت ثانیہ ہے جس کا ذکر قرآن پاک میں موجود ہے آیت کا حوالہ دے کر واضح کریں؟

جواب: "ہم نے تمہارے درمیان موت کے اندازے مقرر کر دیئے ہیں۔ اور ہم اس سے عاجز نہیں کہ تمہاری موجودہ ہیئت کو بدل کر تمہیں ایسی صورت میں پیدا کریں جس کا تمہیں علم نہیں"۔ (سورۃ واقعہ۔ 56)

سوال: مسئلہ جبر و قدر سے کیا مراد ہے۔ مختصراً وضاحت کریں؟

جواب: یہ ایک قدیم فلسفیانہ بحث ہے کہ انسان اپنے اعمال کی انجام دہی میں مجبور ہے یا مختار ہے۔ جس طرح اور کئی اختلافی مسائل ہیں اسی طرح اس میں بھی دو رائیں سامنے آتی ہیں۔ ایک رائے رکھنے والے کہتے ہیں کہ انسان کی تمام سرگرمیاں جبر و اضطرار کا نتیجہ ہیں اور یہ رائے رکھنے والوں کو جبریہ کہا جاتا ہے۔ جبکہ دوسری رائے رکھنے والا طبقہ انسان کو اپنے اعمال و افعال میں آزاد و خودمختار سمجھتا ہے اور یہ عقیدہ بھی رکھتا ہے کہ مادی کائنات میں یہ فخر صرف انسان کو حاصل ہے کہ اپنی منزلیں خود متعین کرتا ہے۔ اس طبقے کو تاریخ میں قدریہ کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔

سوال: "کتاب فی اثبات الفاعل الحق الاولی" اس کتاب کے مصنف کا نام تحریر کریں؟

سوال: کروم کے بڑے بڑے ذخائر الجزائر' سوڈان۔ ترک جمہوریہ شمالی قبرص' ایران اور پاکستان میں پائے جاتے ہیں۔ تانبے کے ذخائر کن ممالک میں پائے جاتے ہیں؟
جواب: ماریطانیہ' مراکش' ایران' البانیہ' الجزائر سینی گال' عمان' لبنان' پاکستان اور ترکی

سوال: اسلامی دنیا میں سب سے زیادہ تانبا کس ملک میں نکالا جاتا ہے؟
جواب: ترکی
سوال: بتایئے سیسے کے ذخائر کن ممالک میں پائے جاتے ہیں؟
جواب: الجزائر' مراکش' تیونس' ترکی' ایران اور مصر
سوال: اسلامی دنیا میں سب سے زیادہ پارہ کس ملک میں پایا جاتا ہے؟
جواب: ترکی۔
سوال: گندھک اور یورینیم کن مسلم ممالک میں پائے جاتے ہیں؟
جواب: پاکستان اور یمن میں۔
سوال: اسلامی دنیا میں سب سے زیادہ نمک کس ملک میں ہوتا ہے؟
جواب: پاکستان میں
سوال: چاول کا گھر کس اسلامی ملک کو کہا جاتا ہے؟
جواب: بنگلہ دیش کو۔
سوال: بنگلہ دیش کے علاوہ چاول کن دیگر اسلامی ممالک میں پایا جاتا ہے؟
جواب: پاکستان' مصر' عراق' انڈونیشیا' ملائیشیا اور ازبکستان میں۔
سوال: چاول کی برآمدات والا سب سے بڑا ملک کونسا ہے؟
جواب: مصر
سوال: گنے کی فصل کے لئے کونسے ممالک مشہور ہیں؟
جواب: انڈونیشیا' بنگلہ دیش' عراق اور پاکستان
سوال: باجرہ پاکستان کے علاوہ کن ممالک میں کاشت کیا جاتا ہے؟
جواب: پاکستان' مصر' ایران' ترکی' بنگلہ دیش' افغانستان' سینی گال' صومالیہ' سوڈان' اور مراکش
سوال: اسلامی دنیا میں ربڑ پیدا کرنے والا سب سے بڑا ملک ملائیشیا ہے۔ دوسرا بڑا ملک کونسا ہے؟
جواب: انڈونیشیا
سوال: بتایئے مصالحہ جات کے لئے کون کونسے دو اسلامی ملک مشہور ہیں؟
جواب: انڈونیشیا' ملائیشیا
سوال: بتایئے کھجوروں کی پیداوار کے لئے کون کونسے ملک مشہور ہیں؟
جواب: عراق' سعودی عرب' اور پاکستان
سوال: زیتون کے لئے کن ممالک کا نام دنیا بھر میں پایا جاتا ہے؟
جواب: سعودی عرب' لبنان اور ترکی
سوال: تربوز کے لئے ایران اور افغانستان سرفہرست ہیں بتایئے خشک میوہ جات کے لئے کون کون

سے ممالک مشہور ہیں؟

جواب: افغانستان اور پاکستان

سوال: اونی کپڑا کن ممالک میں بنایا جاتا ہے؟

جواب: ایران' ترکی' الجزائر' لیبیا' تیونس' اور مراکش۔

سوال: سوتی کپڑے کے لئے کون کونسے ملک مشہور ہیں؟

جواب: ایران' ترکی' مصر' بنگلہ دیش' پاکستان اور انڈونیشیا' سعودی عرب

سوال: پٹ سن کے کارخانے کس اسلامی ملک میں ہیں؟

جواب: بنگلہ دیش اور پاکستان۔

سوال: چینی تیار کرنے کے لئے کونسے ممالک مشہور ہیں؟

جواب: الجزائر' انڈونیشیا' ملائیشیا' بنگلہ دیش' افغانستان' پاکستان' شام۔

سوال: بتایئے کون کونسے ممالک سگریٹ تیار کرتے ہیں؟

جواب: پاکستان' مصر' بنگلہ دیش' شام اور انڈونیشیا اور ترکی۔

سوال: کھیلوں کا سامان کن ممالک میں تیار ہوتا ہے؟

جواب: پاکستان اور ترکی۔

سوال: لوہے اور فولاد کے کارخانے کن ممالک میں ہیں؟

جواب: انڈونیشیا' مصر' بنگلہ دیش' سعودی عرب اور پاکستان

سوال: ان ممالک کے نام بتایئے جو جہاز بناتے ہیں؟

جواب: پاکستان' بنگلہ دیش' ترکی' مصر' مراکش اور بحرین

سوال: سیمنٹ تیار کرنے کے کارخانے کن ممالک میں ہیں؟

جواب: پاکستان' بنگلہ دیش' انڈونیشیا' ایران' ترکی' مصر' عمان' قطر' متحدہ عرب امارات

سوال: کھاد کن ممالک میں تیار کی جاتی ہے؟

جواب: پاکستان' بنگلہ دیش' انڈونیشیا' ایران' متحدہ عرب امارات' ترکی' سعودیہ عراق' قطر۔

سوال: بناسپتی گھی کے کارخانے کہاں کہاں واقع ہیں؟

جواب: پاکستان' انڈونیشیا' ملائیشیا' مصر' الجزائر' ترکی اور ایران

سوال: موٹر گاڑیاں اور ٹرک کن ممالک میں تیار ہوتی ہیں؟

جواب: ترکی' ملائیشیا' مصر اور پاکستان

سوال: اس واحد اسلامی ملک کا نام بتایئے جہاں بھاری مشینری تیار ہوتی ہے؟

جواب: پاکستان

سوال: کون کونسے ملک بہت زیادہ دولتمند ہونے کے باوجود متعدد اشیاء درآمد کرتے ہیں؟

جواب: سعودی عرب۔ کویت' برونائی۔ دارالسلام

سوال: عراق' انڈونیشیا اور لیبیا میں منقوں سے وابستہ افراد کا تناسب کیا ہے؟

جواب: بالترتیب ۲۸ فیصد ۲۳ فیصد اور ۲۷ فیصد

سوال: کن ممالک کے لوگ کان کنی سے وابستہ ہیں؟

جواب: پاکستان' ایران' ترکی' عراق' انڈونیشیا' ملائیشیا' مصر' مراکش' الجزائر۔

سوال: کن ممالک کے لوگ گلہ بانی کے پیشے سے منسلک ہیں؟

جواب: افغانستان' اردن عراق' پاکستان' شام سعودی عرب' لیبیا' مراکش

سوال: عراق ' ایران' ترکی' مصر' لیبیا' سوڈان' مراکش' متحدہ عرب امارات اور کویت میں کتنے فیصد لوگ محنت مزدوری سے وابستہ ہیں؟

جواب: دس فیصد

سوال: سرکاری ملازمتوں سے اسلامی ممالک میں کتنے فیصد لوگ وابستہ ہیں ؟

جواب: سات آٹھ فیصد۔

سوال: الجبرے اور حساب کے ارقام کو فرانسیسی رقم صفر کیا کہتے ہیں ؟

جواب: صفر

سوال: الجبرے میں کس ممتاز مسلمان ریاضی دان نے نام پیدا کیا؟

جواب: ابن موسیٰ الخوارزمی

سوال: جیومیٹری کو کن مسلمان ریاضی دانوں نے متعارف کرایا؟

جواب: ابن موسیٰ الخوارزمی

سوال: جیومیٹری کو کن مسلمان ریاضی دان نے متعارف کرایا؟

جواب: عمر خیام' بنوشاکر' نصیر الدین طوسی' ابو عبداللہ محمد بن جابر البتانی۔

سوال: البستانی کا سب سے بڑا کارنامہ کیا ہے؟

جواب: زیج کی تیاری

سوال: ستاروں کے علم کے سلسلے میں عربوں کا کوئی بھی ثانی نہ تھا یہ جملہ کس کتاب کا ہے؟

جواب: ابن خطیب کی کتاب کا جسے البیرونی نے کتاب الآثار الباقیہ میں نقل کیا ہے۔

سوال: اصطرلاب کو یعقوب الکندی الفزاوی نے ایجاد کیا بتایئے کس نے ترقی دی؟

جواب: ابراہیم بن جندب (بغدادی) نے

سوال: سورج گرہن کے بارے میں کس نے انکشافات کیے؟

جواب: احمد عبداللہ حبش صاحب

سوال: زمین کا قطر کس نے متعین کیا؟

جواب: الفرغانی نے

سوال: سارٹن نے کس مسلمان سائنسدان کو عظیم مسلمان سائنسدان قرار دیا ہے؟

جواب: ابن یونس کو۔

سوال: ابن یونس نے چاند سے سگنل بھیجنے کا ذکر اپنی کس کتاب میں کیا ہے؟

جواب: زیج کبیر الحاکمی۔

سوال: زمین اپنے محور کے گرد گھومتی ہے۔ کس کا نظریہ ہے؟

جواب: البیرونی کا

سوال: شمسی کیلنڈر کے موجد کون ہیں؟

جواب: عمر خیام

سوال: نصیرالدین طوسی نے کن سائنس دانوں کو مراغہ کی رصدگاہ میں جمع کیا؟

جواب: قطب الدین شیرازی' معید الدین الدرودی۔ محی الدین وغیرہ۔

سوال: کس مسلمان سائنسدان نے راکٹ بنانے کے اصول بتائیے؟

جواب: حسن الرماح نے ۱۲۸۰ء میں

سوال: برصغیر پاک و ہند میں سب سے پہلے کس نے راکٹ استعمال کئے؟

جواب: سلطان ٹیپو نے انگریزوں کے خلاف ۱۷۹۲ اور ۱۷۹۹ء میں

سوال: کس سائنسدان کو بابائے بصریات کہا جاتا ہے؟

جواب: ابن الہیثم کو۔

سوال: ابن الہیثم کی کونسی مشہور کتاب بصارت کا تفصیلی جائزہ پیش کرتی ہے؟

جواب: المناظر

سوال: المیزان الطبعی الثقل نوعی دریافت کرنے کا آلہ کس مسلمان نے بنایا؟

جواب: ابوبکر رازی نے۔

سوال: گھڑیوں اور پنڈولم کے موجد کا نام بتائیے؟

جواب: ابن یونس نے۔

سوال: خلیفہ ہارون الرشید نے کس ملک کے بادشاہ کو ایک گھڑی تحفہ دی تھی؟

جواب: شاہ فرانس۔ شارل مین کو

سوال: بتائیے ہر گھنٹے میں اس گھڑی سے کیا نکلتا تھا؟

جواب: ایک سوار

سوال: کس مسلمان سائنسدان نے سب سے پہلے انسان کے اڑنے کا تصور پیش کیا؟

جواب: اندلس کے سائنسدان عباس بن فرناس نے

سوال: عباس بن فرناس نے پر باندھ کر زمین سے کتنے فٹ کی بلندی تک پرواز کی؟
جواب: تیس فٹ
سوال: کاغذ ہپارس نامی پودے سے بنایا جاتا ہے بتایئے یہ کس ملک میں ہوتا ہے؟
جواب: مصر میں
سوال: ۷۰۶ء میں کس نے ریشم کے بجائے روئی کا کاغذ بنایا؟
جواب: یوسف بن عمرو نے
سوال: میر فتح اللہ شیرازی نے جو بندوق بنائی تھی اس سے کتنی آوازیں نکلتی تھیں؟
جواب: بارہ
سوال: کس مسلمان سائنسدان نے ایسی ترازو بنائی جس سے چاندی اور سونے کے کھرا ہونے کا پتہ چلتا ہے؟
جواب: خواجہ ابو حاتم المظفر اسفرازی
سوال: بتایئے قطب نما کس کی ایجاد ہے؟
جواب: ابن ماجد کی۔
سوال: خمیری اشیاء میں سے الکوحل کشید کر کے اسے طبی مقاصد کے لئے کس نے استعمال کیا؟
جواب: محمد بن زکریا الرازی نے۔
سوال: ابوبکر الرازی نے کتنی کتابیں لکھیں؟
جواب: کم و بیش ۱۱۳ اور ۲۸ رسالے
سوال: عبدالمالک اصمعی نے گھوڑوں سے متعلق کونسی کتاب لکھی؟
جواب: الخیل
سوال: ابوالقاسم مجریطی نے کونسی کتاب لکھی۔
جواب: جانوروں کے نسل کے نام سے
سوال: اسلامی طب کی ابتدا کب ہوئی؟
جواب: یہ حضور ﷺ سے ہوئی
سوال: ابوبکر محمد ابن زکریا الرازی کی کس کتاب کو طبی انسائیکلوپیڈیا کہتے ہیں؟
جواب: الحاوی کو
سوال: کس مسلمان سائنسدان کو شیخ الرئیس اور ارسطو ثانی کہا جاتا ہے؟
جواب: ابن سینا کو۔
سوال: ابن سینا کی مشہور کتابوں کے نام بتایئے؟
جواب: کتاب الشفاء کتاب القولنج کتاب الحواشی علی القانون کتاب الادویہ القلبیہ

سوال: یعقوب بن اسحاق الکندی نے کتنی کتابیں لکھی ؟

جواب: ۲۴

سوال: ابوالقاسم الزاہروی کیوں مشہور ہیں؟

جواب: انہوں نے آلات جراحی ایجاد کیئے

سوال: ابن زہر کن بیماریوں کا علاج کرنے میں ماہر تھا ؟

جواب: تپ دق۔ ناسور' اور فالج

سوال: ابن الرشید نے طب کے بارے میں کتنی کتابیں لکھیں؟

جواب: ۱۵

سوال: ولید بن عبدالملک نے دمشق میں کب طب اسلامی کا اولین شفاخانہ کھولا؟

جواب: ۷۰۷ء میں

سوال: ابن یوسف (۱۲۹۶) نے کتاب نور العیون وابی مع الفنون میں آنکھوں کی کتنی امراض کا ذکر کیا ہے ؟

جواب: ایک سو سے زائد۔

سوال: بتایئے بحری بیڑا کس خلیفہ الرشید کے عہد میں تیار ہوا؟

جواب: حضرت عثمان غنیؓ

سوال: ایڈمرل کس عربی لفظ کی بگڑی ہوئی شکل ہے؟

جواب: امیرالبحر

سوال: دنیا کا نقشہ کس مسلمان جغرافیہ دان نے بنایا؟

جواب: ابوعبید البکری اندلسی

سوال: اصطخری نے کتاب المسالک والممالک کب لکھی؟

جواب: ۹۳۴ء میں

سوال: مراکش کے سیاح ابن بطوطہ نے کتنے ممالک کی سیاحت کی؟

جواب: ۲۸ ممالک کی

سوال: جغرافیہ کی مشہور لغت معجم البلدان کس نے مرتب کی؟

جواب: یاقوت ابن عبداللہ حموی نے

سوال: اسدالجبر کا لقب کس جغرافیہ دان کو دیا گیا ہے؟

جواب: ابن ماجد کو۔

سوال: دنیا کے تیل کے کتنے فیصد ذخائر اسلامی ممالک میں پائے جاتے ہیں؟

جواب: ۷۰ فیصد

سوال: دنیا کی ۸۰ فیصد پٹ سن کتنے فیصد اسلامی ممالک میں پائی جاتی ہے؟
بتایئے چاول اور کھجوریں اسلامی ممالک میں پائی جاتی ہیں؟
جواب: ۸۰ فیصد کھجوریں اور ۷۵ فیصد چاول
سوال: کس ملک کا شمار دنیا کے ۷ ۱۳ امیر ممالک میں ہوتا ہے؟
جواب: بحرین
سوال: برونائی کی آمدنی کا کتنے فیصد حصہ تیل سے حاصل ہوتا ہے؟
جواب: ۹۰ فیصد
سوال: ازبکستان میں کون کونسی زرعی پیداوار ہوتی ہے؟
جواب: کپاس، چاول، اور ریشم
سوال: آذربائیجان کے کس شہر میں تیل کے کنوئیں پائیں جاتے ہیں؟
جواب: باکو میں
سوال: تاجکستان میں کون کونسی صنعتوں کے کارخانے ہیں؟
جواب: ریفریجریٹر، ٹرانسفار، ٹربائن، ٹیکسٹائل، مشینری، ٹریکٹر۔ وغیرہ۔
سوال: یورینیم کے وسیع ذخائر کس وسطی ایشیاء اسلامی ملک میں ہیں؟
جواب: کرغزستان
سوال: زرعی نیوکلیائی مراکز پاکستان کے کس شہر میں ہیں؟
جواب: ٹنڈو جام، فیصل آباد اور پشاور
سوال: پاکستان نے اپنا پہلا موسمیاتی راکٹ کب اور کہاں سے چھوڑا؟
جواب: ۷ جون ۱۹۶۲ء کو کراچی سے
سوال: پاکستان نے اپنا پہلا مصنوعی سیارہ کب فضاء میں چھوڑا؟
جواب: بدر اول ۱۶ جولائی ۱۹۹۰
سوال: کشش ثقل کا نیا نظریہ کس پاکستانی سائنسدان نے پیش کیا؟
جواب: ڈاکٹر امان اللہ نے۔
سوال: پاکستان کے پہلے نوبل یافتہ کا نام بتایئے؟
جواب: پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام
سوال: پاکستان میں ٹسٹ ٹیوب بے بی کا تجربہ کب کیا گیا؟
جواب: ۶ جولائی ۱۹۸۹ء کو
سوال: پاکستانی سائنسدان سید فہیم اکبر نے کونسا تابکار عنصر دریافت کیا؟
جواب: ۱۰۸

سوال: انٹارکٹکا میں پاکستان نے اپنی سائنسی مہم کب بھیجی؟
جواب: جنوری ۱۹۹۱ء کو
سوال: پاکستان کے پہلے ایٹمی گاما کیمرے کا افتتاح کب ہوا؟
جواب: ۱۷ دسمبر ۱۹۹۳ء کو
سوال: عراق کے ایٹمی ری ایکٹر کو کب اسرائیل نے تباہ کیا تھا؟
جواب: ۱۹۸۱ء کو۔
سوال: عراق نے ۵ دسمبر ۱۹۸۹ء کو اپنا پہلا راکٹ کس نام سے چھوڑا؟
جواب: تموز اول
سوال: اسلامی ممالک کی تنظیم نے سائنسی کونسل کب قائم کی؟
جواب: جولائی ۱۹۲۵ء
سوال: اسلامی سربراہی کانفرنس نے اسلامی فنڈز کے ترقیات کا خاصا حصہ سائنس اور ٹیکنالوجی کے لئے رکھا بتایئے کتنا؟
جواب: دو ہزار ملین ڈالر
سوال: ترکی کس قسم کے ہوائی جہاز بنا رہا ہے؟
جواب: الیف ۱۶
سوال: عراق کے میزائلوں کے نام بتایئے؟
جواب: العباس اور الحسین
سوال: پاکستان اور سعودی عرب کے علاوہ طب اسلامی کا بڑا مرکز کہاں واقع ہے؟
جواب: کویت میں
سوال: بنگلہ دیش میں طب کی تعلیم کو فروغ دینے کے لئے کونسے اقدامات کیے گئے ہیں؟
جواب: ڈپلوما اور ڈگری کلاسز کا اجراء کیا جا چکا ہے۔
سوال: بتایئے اسلامی کانفرنس کی طرف سے کب سائنسی کونسل کا قیام عمل میں آیا؟
جواب: ۱۲، ۱۵ جولائی ۱۹۷۵ء جدہ میں
سوال: ۱۹۸۱ء میں کس مشہور سائنسدان کو اسلامی فاونڈیشن لائے سائنس و ٹیکنالوجی کا نگران مقرر کیا گیا؟
جواب: ڈاکٹر علی قطانی کو۔
سوال: ۱۹۵۵ء میں پاکستان کے کس مقام پر ۵ میگاواٹ کا ایٹمی ری ایکٹر نصب کیا گیا؟
جواب: اسلام آباد میں
سوال: پاکستان یورینیم کی افزودگی کی صلاحیت رکھنے والے کتنے ممالک میں شامل ہے۔

جواب: آٹھ ممالک میں

سوال: سپارکو نے لاہور میں فضائی اور بحری حادثات کا پتہ لگانے کے لئے کب ایک مرکز قائم کیا؟

جواب: ۱۹۹۲ء میں

سوال: پاکستان میں یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کے قیام کا آرڈیننس کب جاری ہوا؟

جواب: ۱۴ جنوری ۱۹۹۳ء کو

سوال: ظہور اسلام کے بعد اسلامی فکر کہاں سے کہاں تک پہنچی؟

جواب: بحراوقیانوس سے صحرائے افریقہ تک اور بحراوقیانوس کے کنارے سے دیوار چین تک۔

سوال: روس کی ملکہ کیتھرائن نے قلعہ اسماعیل پر کب قبضہ کیا؟

جواب: ۱۷۹۱ء میں

سوال: ۱۹۵۵ء میں سوویت یونین نے کس ملک کی طرف رخ کیا؟

جواب: مصر۔

سوال: سوویت یونین نے کب افغانستان میں مداخلت کی؟

جواب: ۱۹۷۹ء میں

سوال: سوڈان میں کمیونسٹوں نے کب بغاوت کی؟

جواب: ۱۹۷۱ء میں

سوال: سوویت یونین کی کوششوں سے لیبیا میں عرب سوشلسٹ پارٹی کب قائم ہوئی؟

جواب: ۱۹۷۱ء میں

سوال: لیبیا کو کب سوشلسٹ ملک قرار دے دیا گیا؟

جواب: ۱۹۷۷ء میں

سوال: وسط ایشیاء کو کب سوویت یونین سے آزادی ملی؟

جواب: ۱۹۹۱ء میں

سوال: بتایئے اتھرویدہ میں افغانستان کے بادشاہ کا نام کیا رکھا گیا؟

جواب: آریانہ

سوال: امیر حبیب اللہ خاں کب افغانستان کا بادشاہ بنا؟

جواب: ۱۹۰۱ء میں

سوال: ظاہر شاہ نے کب افغانستان کا تاج و تخت سنبھالا؟

جواب: ۸ نومبر ۱۹۳۳ء

سوال: سردار داؤد نے کب شاہ ظاہر شاہ کی حکومت کا تختہ الٹا؟

جواب: ۱۷ جولائی ۱۹۷۳ء

سوال: کیمونسٹوں کی بغاوت کے نتیجے میں کب سردار داؤد خان کو قتل کر دیا گیا؟
جواب: ۲۷ اپریل ۱۹۷۸ء کو۔
سوال: کیمونسٹوں کے اقتدار کو مستحکم کرنے کے لئے کب روس نے افغانستان میں اپنی فوج داخل کی؟
جواب: ۱۹۷۹ء میں
سوال: پاکستان نے افغانستان کے اسلامی تشخص کو قائم رکھنے کے لئے کیا شرائط پیش کیں؟
جواب: (۱) افغانستان سے غیر ملکی فوجوں کا انخلا (۲) افغانستان کے اسلامی تشخص اور غیر وابستہ حیثیت کی بحالی (۳) افغان پناہ گزینوں کی باعزت واپسی۔ (۴) افغانستان میں عوام کی مرضی کے مطابق حکومت کا قیام۔
سوال: بتایئے کتنے افغان مہاجرین نے پاکستان میں آکر پناہ لی؟
جواب: ۳۵ لاکھ۔
سوال: سلامتی کونسل میں مسئلہ افغانستان کب پیش ہوا؟
جواب: ۵ جنوری ۱۹۸۰ء کو
سوال: پاکستان کی کوششوں سے روس کب افغانستان سے فوجوں کی واپسی پر رضامند ہوا؟
جواب: اپریل ۱۹۸۸ء میں
سوال: افغانستان اور پاکستان کے علاوہ کن اور دو ممالک نے معاہدہ جنیوا پر دستخط کئے؟
جواب: روس اور امریکہ نے
سوال: جنگ افغانستان میں کتنے روسی مارے گئے؟
جواب: بقول روس ۱۵ ہزار' بقول مجاہدین ۵۰ ہزار
سوال: افغانستان میں کب مجاہدین کی حکومت بنی؟
جواب: ۲۸ اپریل ۱۹۹۲ء
سوال: بتایئے کشمیر کا کل رقبہ کتنے مربع میل ہے اور اس کی آبادی کتنی ہے؟
جواب: ۸۹۰۰۰ مربع میل آبادی ایک کروڑ سے زائد۔
سوال: آزاد کشمیر پر کب مجاہدین نے قبضہ کیا؟
جواب: ۲۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء
سوال: سلامتی کونسل میں کب کشمیر میں استصواب رائے کی قرارداد منظور ہوئی؟
جواب: ۱۳ اگست ۱۹۴۸ء ۵ جنوری ۱۹۴۹ء
سوال: مسئلہ کشمیر پر پاک بھارت مذاکرات کے چھ دور کب ہوئے؟
جواب: ۱۹۶۳ء میں

سوال: حضرت بل کی خانقاہ سے موئے مبارک کب چوری ہوئے اور کتنے روز بعد بازیابی ہوئی؟
جواب: دسمبر ۱۹۶۳ء' دس روز بعد
سوال: کشمیریوں نے کب اپنی آزادی کے لئے باقاعدہ جنگ شروع کی؟
جواب: ۱۸ اگست ۱۹۶۵ء کو۔
سوال: کب کشمیر میں پاکستان نے بھارت سے جنگ کی؟
جواب: یکم ستمبر ۱۹۶۵ء
سوال: بتایئے پاکستان اور بھارت کے مابین معاہدہ تاشقند کب اور کہاں طے پایا تھا؟
جواب: ۱۰ جنوری ۱۹۶۶ء کو تاشقند میں (صدر ایوب اور لال بہادر شاستری کے مابین)۔
سوال: پاک بھارت جنگ میں پاکستان نے کشمیر کے کس علاقے پر قبضہ کیا؟
جواب: چھمب اور جوڑیاں پر۔
سوال: جنگ کے نتیجے میں لائن آف کنٹرول کب قائم کی گئی؟
جواب: ۱۹۷۱ء کی پاک بھارت جنگ کے نتیجے میں۔
سوال: پاکستان میں پہلی بار کشمیریوں سے یکجہتی کے سلسلے میں کب ہڑتال کی گئی؟
جواب: ۵ فروری ۱۹۷۵ء
سوال: اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی نے کشمیر کو کب چودہ متنازعہ علاقوں میں شامل کیا؟
جواب: ۲۵ اکتوبر ۱۹۷۸ء کو۔
سوال: بھارتی فوج نے درگاہ حضرت بل کو کب اپنے قبضے میں لیا؟
جواب: ۱۲ اکتوبر ۱۹۹۳ء
سوال: یہودیوں نے فلسطین کو یہودی ریاست بنانے کی مہم کا آغاز کب کیا؟
جواب: ۱۸۹۷ء میں تھیوڈر ہرزل کی تحریک پر۔
سوال: برطانوی وزیر خارجہ نے یہودی فیڈریشن کے چیئرمین لارڈ راتھس چائلڈ کو ۲ نومبر ۱۹۱۷ء کو کیا خط لکھا؟
جواب: میجسٹی کی حکومت فلسطین میں یہودی عوام کے لئے ایک قومی وطن کے قیام کو پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ بعد ازاں یہی خط بالفور اعلان سے مشہور ہوا۔
سوال: بتایئے اسرائیل کا قیام کب عمل میں آیا؟
جواب: مئی ۱۹۴۸ء میں۔
سوال: اسرائیلی سرحدوں میں وسعت پیدا کرنے کے لئے اسرائیل نے کب مصر اردن اور شام پر حملہ کیا؟
جواب: جون ۱۹۶۷ء میں صحرائے سینا' غزہ کی پٹی' یروشلم' کیلرہ اور گولان ہائٹ پر قبضہ کر لیا

سوال: دوسری مرتبہ مصر نے کب اسرائیل پر حملہ کر کے نہر سویز کو عبور کر لیا اور صحرائے سینا میں پیش قدمی کی؟
جواب: ۱۶ اکتوبر ۱۹۷۳ء (۲۱ اکتوبر کو جنگ بند ہو گئی)۔
سوال: نہر سویز ٹریفک کے لئے کب کھولی گئی؟
جواب: ۵ جون ۱۹۷۵ء کو۔
سوال: کیمپ ڈیوڈ معاہدہ کب طے پایا اور مصر کو کیا فائدہ ہوا؟
جواب: ۱۸ مئی ۱۹۷۸ء صحرا سینا خالی ہو گیا اور اسرائیل غزہ کی پٹی اور اردن کے مغربی کنارے میں فلسطین کی حکومت بنانے پر رضامند ہو گیا۔
سوال: اسرائیل نے کب یروشلم کو اپنا دارالحکومت بنایا؟
جواب: ۳۰ جولائی ۱۹۸۰ء کو
سوال: اسرائیل نے کب لبنان پر حملہ کر کے فلسطینیوں کا قتل عام کیا؟
جواب: ۱۹۸۲ء میں..... فلسطینی تیونس چلے گئے۔
سوال: فلسطین نیشنل کونسل نے کب اسرائیل کو تسلیم کیا اور کب فلسطینی ریاست کے قیام کا اعلان ہوا؟
جواب: نومبر ۱۹۸۸ء اسی ماہ میں
سوال: اسرائیل نے تنظیم آزادی فلسطین کو کب تسلیم کرنے کا اعلان کیا؟
جواب: ۱۳ ستمبر ۱۹۹۳ء کو
سوال: اریحا کا کنٹرول کب یاسر عرفات کی انتظامیہ نے سنبھال لیا؟
جواب: ۱۲ مئی ۱۹۹۴ء میں۔
سوال: فلسطین کا کل رقبہ کتنا ہے؟
جواب: رقبہ غزہ ۱۴۰ مربع میل، مغربی کنارہ ۲۲۷۰ مربع میل کل = ۲۴۱۰ مربع میل آبادی غزہ ۷۳۱۰۰۰، مغربی کنارہ ۱۴۴۴۰۰۰ = کل ۲۱۷۵۰۰۰
سوال: خلیج کی جنگ کا آغاز ۲ اگست ۱۹۹۰ء کو ہوا بتایئے کویت پر قبضہ کے بعد اسے کب خالی کیا گیا؟
جواب: عراق کے کویت پر حملے سے..... فروری ۱۹۹۱ء میں
سوال: عراق کے خلاف جنگ میں کتنے اتحادی ملکوں نے حصہ لیا؟
جواب: ۳۰ (تیس)
سوال: عراق نے کویت کو اپنا ۱۹واں صوبہ کب بنایا؟
جواب: ۲۸ اگست ۱۹۹۰ء کو

سوال: اقوام متحدہ نے عراق کے خلاف کب اقتصادی پابندیاں لگائیں؟
جواب: ۱۲ اگست ۱۹۹۰ء کو
سوال: امریکہ کے صدر جارج بش نے نیو ورلڈ کا اعلان کب کیا؟
جواب: ۶ مارچ ۱۹۹۱ء کو
سوال: وسط ایشیاء کی کتنی ریاستیں ۱۹۹۱ء میں روس سے آزاد ہوئیں؟
جواب: ازبکستان' آذربائیجان' کزاخستان' ترکمانستان' تاجکستان اور کرغزستان۔
سوال: وسط ایشیائی ریاستیں کب آزاد ممالک کی دولت مشترکہ میں شامل ہوئیں؟
جواب: ۲ دسمبر ۱۹۹۱ء کو
سوال: اسلامی ممالک کی تنظیم کا قیام کب اور کیوں عمل میں آیا؟
جواب: اسرائیل نے بیت المقدس کے ایک حصے کو نذر آتش کیا تو اسلامی ممالک متحد ہو گئے اور ۲۲ ستمبر ۱۹۶۹ء کو رباط میں پہلی اسلامی سربراہی کانفرنس منعقد ہوئی۔
سوال: اسلامی ممالک کی تنظیم کے تحت اب تک کتنی سربراہ کانفرنسیں اور کہاں منعقد ہو چکی ہیں؟
جواب: دوسری لاہور ۱۹۷۴ء تیسری ۱۹۸۱ء مکہ معظمہ' چوتھی ۱۹۸۴ء مراکش' پانچویں ۱۹۸۷ء کویت' چھٹی سینی گال ۱۹۹۱ء۔
سوال: اسلامی ممالک کے وزیر خارجہ کی ۲۲ ویں کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی؟
جواب: جکارتہ میں فروری ۱۹۹۴ء میں
سوال: رابطہ عالم اسلامی کا قیام کب اور کہاں عمل میں آیا؟
جواب: مکہ معظمہ میں ۱۹۶۲ء میں پہلی کانفرنس میں ۱۹۷۴ء میں ہوئی۔
سوال: موتمر عالم اسلامی ۱۹۲۶ء میں کہاں قائم ہوئی؟
جواب: مکہ مکرمہ میں
سوال: عالم اسلام کے استحکام و اتحاد کی بنیادیں کیا کیا ہیں؟
جواب: وحدت انسانیت' وحدت عبادت' وحدت فکر' عالمی شہری ہونا' تصور عالمگیریت باہمی تعاون' تعلیمی اور سائنسی تعاون۔
سوال: ستمبر ۱۹۶۷ء میں موتمر عالم اسلام کی کانفرنس کہاں منعقد ہوئی؟
جواب: اردن کے شہر عمان میں
سوال: ملت اسلامیہ کی وحدت کی اہم بنیادیں کیا کیا ہیں؟
جواب: وحدت انسانیت' وحدت عبادات وحدت فکر' عالمی شہری ہونے کا تصور' تصور عالمگیری نظام عدل۔ باہمی تعاون۔

سوال: اسلامی ممالک کی ٹیکسٹائل کونسل کے قیام کا فیصلہ کب کیا گیا؟

جواب: ۲۴ تا ۱۹ نومبر ۱۹۹۲ء تہران۔

سوال: اسلام نے کیسے معاشرے کی بنیادیں قائم کیں؟

جواب: اسلام سے پہلے کی تمام اقوام زبان' ثقافت' تاریخ' جغرافیہ کی کئی دنیاؤں میں منقسم تھیں۔ اسلام نے ان سب کو ایک لڑی میں پرو دیا۔ جس میں دنیا بھر کے مسلمان صرف ایک خدا' ایک رسول ایک کتاب اور ایک مرکز کو ماننے لگ گئے۔ اور ان میں گورے کالے۔ عربی عجمی یا ایشیائی افریقی' امیر غریب کے سبب کوئی فرق باقی نہیں رہا۔

سوال: ارکان اسلام کی ادائیگی سے جو تصورات ابھرتے ہیں ان کی تفصیل بیان کریں؟

جواب: ارکان اسلام پانچ ہیں۔ نماز' روزہ' حج' زکوۃ' جہاد۔ ان کی ادائیگی سے مسلمانوں میں وحدت انسانیت' وحدت فکر' عالمگیر بشری' وحدت عبادت کے تصورات پیدا ہوتے ہیں اور ان کی عملی شکل بھی نظر آتی ہے۔

سوال: باہمی تعاون سے کیا مراد ہے اور اسے کیسے روبہ عمل لایا جا سکتا ہے؟

جواب: باہمی تعاون سے مراد اسلامی تعلیمات پر قائم رہتے ہوئے ایک ہو جاتا ہے۔ اس سلسلہ میں قرآن اور احادیث میں بھی واضح ارشادات ملتے ہیں۔ اس کو قائم رکھنے اور بڑھانے کے لئے ضروری ہے۔ باہمی تجارت کو بڑھایا جائے مشترکہ سرمایہ کاری کے منصوبے بنائے جائیں۔ ایک دوسرے کے ملکوں میں آنے جانے کے لئے ویزا میں نرمی پیدا کی جائے۔ مال کے بدلے مال کا کاروبار جاری کیا جائے۔

سوال: سائنسی اور فنی تعاون بڑھانے کے لئے تجاویز تحریر کریں؟

جواب: سائنسی اور فنی تعاون بڑھانے کے لئے درج ذیل تجاویز پر عمل کرنے سے مسلم ممالک ترقی کر سکتے ہیں۔ مسلمان ملک جو ترقی کی راہ پر گامزن ہیں۔ ان ملکوں میں دوسرے ممالک اپنے طلباء کو حصول فنی تعلیم کیلئے بھیجیں۔ امیر ممالک جیسے لیبیا' سعودی عرب' کویت وغیرہ طالب علموں کو وظائف دیں تاکہ وہ معاشی فکر سے بالاتر ہو کر علم حاصل کر سکیں۔ زرعی معاملات میں خود کفیل ممالک کی خدمات سے فائدہ حاصل کیا جائے۔ سائنس دان زیادہ سے زیادہ تیار کئے جائیں۔ تیل کی دولت سے مالا مال ممالک دوسرے ملکوں کو تیل فراہم کریں۔ تاکہ وہ صنعتی ترقی کر سکیں۔ ایٹمی میدان میں ترقی یافتہ ممالک دوسرے غیر ایٹمی ممالک کو ایٹمی ٹیکنالوجی منتقل کریں۔

سوال: حصول تعلیم کے بارے میں ارشاد خداوندی و احادیث رسول ﷺ پر روشنی ڈالیں؟

جواب: سورۃ علق میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"پڑھ اپنے رب کے نام سے جو سب کا پیدا کرنے والا ہے۔ جس نے انسان کو جمے

ہوئے لہو سے بنایا۔ تیرا رب کریم ہے۔ جس نے علم سکھلایا قلم سے انسان کو جو وہ نہ جانتا تھا۔"

مندرجہ بالا آیات مبارکہ پہلی وحی میں حضور ﷺ پر نازل ہوئی تھی۔ اس سے علم حاصل کرنے کی اہمیت کا اندازہ کیجئے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے رسول ﷺ کو سب سے پہلے علم حاصل کرنے کی وحی بھیجی اس طرح احادیث رسولؐ سے بھی علم حاصل کرنے کی اہمیت کا اندازہ کیجئے۔

علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد اور عورت پر فرض ہے۔"

"علم حاصل کرو۔ خواہ اس کے لئے تمہیں چین میں کیوں نہ جانا پڑے۔"

سوال: اسلامی تعلیم کو چھوڑنے کا کیا نتیجہ برآمد ہوا ہے؟

جواب: جب سے مسلمانوں نے اسلامی تعلیم کو چھوڑ کر مغربی تعلیم کا سہارا لیا ہے تب سے دوسری اقوام علم و فضل میں مسلمانوں سے آگے بڑھ گئے اور پھر مسلمانوں پر حکمرانی شروع کر دی۔ مسلمانوں سے چھین اسلامی تہذیب و تمدن کو اپنا لیا۔ نیز اس اسلامی اور مغربی تعلیم نے دنیا اور خاص کر مسلمانوں کو دو دنیاؤں میں تقسیم کر دیا ہے۔ جن کی شکل صورت میں غور و فکر و منبع قطعاً بالکل ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

سوال: مغربی اور مشرقی ممالک میں تعلیمی تناسب کتنا ہے؟

جواب: مغربی ملکوں میں تعلیمی تناسب ۹۰ سے ۱۰۰ فیصد تک ہے۔ جبکہ مشرقی ممالک میں یہ تناسب بمشکل ۵۰ فیصد تک ہے۔

سوال: ملکوں کی ترقی میں ابلاغ عامہ کیا کردار ادا کرتے ہیں؟

جواب: ملکوں کی ترقی میں ابلاغ عامہ اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یعنی کسی ملک کے ابلاغ عامہ جتنے جدید ہوں گے اس قدر وہ ملک زیادہ ترقی یافتہ ہو گا۔ کیونکہ انہی کے ذریعے دنیا بھر کے ممالک میں ہونے والی سائنسی ترقی' حالات و واقعات' ثقافتی' تجارتی رابطوں کے بارے میں پتہ چلتا رہتا ہے۔

سوال: چند بڑے ملکوں کے ابلاغ عامہ کے اداروں کے نام لکھیں؟

جواب: دنیا میں برطانیہ کی نیوز ایجنسی گلوب' رائٹر بی بی سی' امریکہ کی وائس آف امریکہ' ایسوسی ایٹ پریس آف امریکہ' روس کی تاس نیوز ایجنسی' جرمنی کی جرمن پریس ایجنسی فرانس کی اٹلانس فرانس پریس' چین کی نیو چائنہ نیوز ایجنسی' اور جاپان کی کیوڈو نیوز بہت مشہور اور ترقی یافتہ ہیں۔

سوال: اسلامی ممالک کی تنظیم O.I.C کی نیوز ایجنسی کا کیا نام ہے؟

جواب: اس کا نام اسلامی نیوز ایجنسی ہے۔

سوال: اسلامی نیوز ایجنسی کے فوائد کیا حاصل ہوں گے؟

جواب: اسلامی نیوز ایجنسی سے مسلم ممالک کو اصل واقعات و حالات سے بروقت پتہ چلتا رہے گا۔ مغرب کی نیوز ایجنسیوں کو مسلم ممالک کے خلاف غلط پراپیگنڈہ کا موقع نہیں ملے گا مسلمانوں میں یکجہتی اور اتحاد و اتفاق کا عملی مظاہرہ دیکھنے کو ملے گا۔

سوال: اسلامی سیکرٹریٹ کا قیام کب عمل میں آیا تھا؟

جواب: اسلامی سیکرٹریٹ کا قیام ۱۹۶۹ء میں اسلامی ملکوں کی تنظیم کے ساتھ ہوا تھا۔

سوال: اسلامی سیکرٹریٹ کے فرائض کیا کیا ہیں؟

جواب: اسلامی سیکرٹریٹ کے فرائض حسب ذیل ہیں۔

سوال: (۱) اسلامی سربراہوں' وزراء خارجہ یا دوسری کانفرنسوں کے قیام کا اہتمام کرنا۔

(۲) ایسی کانفرنسوں میں اٹھنے والے اخراجات کے حصول کا انتظام۔

(۳) مسلم اور غیر مسلم ملکوں کے مابین تنازعات طے کرنے کے لئے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل سے رابطہ کرنا۔

(۴) اسلامی ممالک کی تنظیم میں شریک ممالک سے رابطہ رکھنا۔

(۵) اسلامی سربراہی کانفرنس' وزراء خارجہ کانفرنس میں کئے جانے والے فیصلوں پر عمل درآمد کا جائزہ لینا وغیرہ۔

سوال: اسلامی سیکرٹریٹ میں کیسا عملہ بھرتی کرنا چاہئے؟

جواب: اسلامی سیکرٹریٹ میں ایسا عملہ بھرتی کرنا چاہئے۔ جو سائنس' طب' اسلامی تعلیمات' تجارت' زراعت' انجینئرنگ' صنعت میں فنی مہارت رکھتے ہوں۔ تاکہ وہ اسلامی ملکوں کو بہتر مشورے دے سکیں۔ اور اسلامی ملکوں کے لئے صنعتی' سائنسی' زرعی' معدنی ترقی کے لئے عمدہ منصوبے تیار کر سکیں جن سے اسلامی ملکوں میں ترقی کی رفتار زیادہ بڑھ سکے۔

سوال: اسلامی معاشرے کی بنیاد کس چیز پر رکھی گئی ہے؟

جواب: اسلامی معاشرے کی بنیاد عدل و انصاف پر رکھی گئی ہے۔

سوال: عدل اور انصاف قائم کرنے سے متعلق قرآن کیا کہتا ہے؟

جواب: عدل اور انصاف کے متعلق سورۃ النساء آیت ۵۸ میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"جب لوگوں میں فیصلہ کرنے لگو تو انصاف سے فیصلہ کرو' اللہ تمہیں بہت خوب نصیحت کرتا ہے۔ بیشک خدا سنتا اور دیکھتا ہے۔"

سورۃ النحل کی آیت ۹۰ میں فرمایا گیا ہے۔

"بے شک اللہ تعالیٰ انصاف اور احسان کا حکم دیتا ہے۔"

سوال: انصاف و عدل کے بارے میں حضور ﷺ سے منسوب واقعہ بیان کریں؟

جواب: بنو مخزوم کی فاطمہ نے چوری کی۔ حضرت اسامہؓ نے اس عورت کی سفارش کی تو آپؐ نے فرمایا کہ اگر محمدؐ کی بیٹی فاطمہ بھی چوری کرتی تو اس کو بھی یہی سزا ملتی۔

سوال: اسلامی ممالک کے مابین تجارت کو فروغ دینے کی تجاویز پیش کریں؟

جواب: تجارت کو فروغ دینا' مال کی آمدورفت محصول سے پاک کرنا چیزوں کے تبادلہ کے لئے اقدامات کرنا' تجارتی پالیسیاں بنانا۔ صنعتی نمائشیں منعقد کرنا۔

سوال: بتایئے اسلامی ترقیاتی بنک کا قیام جدہ میں کب عمل میں آیا؟

جواب: ۱۹۷۵ء میں

سوال: باہمی عسکری تعاون نہ ہونے کی وجہ کن ممالک کے عوام پر تشدد کیا جا رہا ہے؟

جواب: بوسنیا ہرزیگووینا' کشمیر' فلپائن وغیرہ۔

عالم اسلام کے وسائل و مسائل

سوال : ۱۹۸۹ء کے اعداد و شمار کے مطابق آذربائیجان کی آبادی کتنی تھی؟
جواب : ۷۲ لاکھ۔
سوال : آذربائیجان میں کتنے فیصد آبادی روسی لوگوں کی ہے؟
جواب : ۵.۶ فیصد۔
سوال : آذربائیجان میں کون کون سی زبانیں بولی جاتی ہیں؟
جواب : آذری' روسی' ترکی اور آذربائیجانی۔
سوال : آذربائیجان کے سب سے بڑے دریا کا نام بتائیں؟
جواب : کورا (Kura)۔
سوال : آذربائیجان میں کتنی ہزار قسموں کے جانور پائے جاتے ہیں؟
جواب : ۴ ہزار قسموں کے۔
سوال : آذربائیجان میں پائے جانے والے چار درختوں کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) ایلڈر ویلو (۲) شہتوت چنار (۳) ہارن بین (۴) چیسٹ نٹ۔
سوال : آذربائیجان کے لوگ پہاڑی چراگاہوں کو کیا کہتے ہیں؟
جواب : ایلاگ۔
سوال : آذربائیجان کے لوگ میدانی چراگاہوں کو کیا کہتے ہیں؟
جواب : کش لاگ۔
سوال : آذربائیجان میں کس چیز کے ذخائر وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں؟
جواب : تیل اور گیس کے۔
سوال : آذربائیجان میں ریل گاڑی بجلی سے کب چلنا شروع ہوئی تھی؟
جواب : ۱۹۲۶ء میں۔
سوال : بتایئے آذربائیجان کا سکہ "منات" کب جاری کیا گیا تھا؟
جواب : ۱۴ جون ۱۹۹۳ء میں۔
سوال : آذربائیجان میں کتنے فیصد لوگ تعلیم یافتہ ہیں؟
جواب : ۹۹ فیصد۔
سوال : ۱۹۹۲ء میں آذربائیجان میں کتنے ڈاکٹر تھے؟
جواب : ۲۸ ہزار۔
سوال : ۱۹۹۲ء میں آذربائیجان کے ہسپتالوں میں کتنے بستر تھے؟
جواب : ۱۰۰۰ بستر۔
سوال : ابتداء میں آذربائیجان کا علاقہ کن قبائل کا مسکن تھا؟
جواب : کاسپتی قبائل کا۔

سوال : آذربائیجان کو کب اور کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا؟
جواب : ۱۸۲۸ء کو دو حصوں میں۔
سوال : آذربائیجان کو کس معاہدے کے تحت دو حصوں میں تقسیم کیا گیا تھا؟
جواب : ترکمانچائے معاہدہ امن کے تحت۔
سوال : ایران نے آذربائیجان پر حملہ کب کیا تھا؟
جواب : ۱۸۲۶ء میں۔
سوال : آذربائیجان کے باشندوں نے زار روس کے خلاف بغاوت کب کی تھی؟
جواب : ۱۸۳۷ء میں۔
سوال : کیا ۱۹۰۳ء میں آذربائیجان کے باشندوں نے روسی حکومت کے خلاف بغاوت کی تھی؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : روسی انقلاب کب رونما ہوا؟
جواب : اکتوبر ۱۹۱۷ء میں۔
سوال : روسی انقلاب کے بعد کونسی پارٹی بر سر اقتدار آئی؟
جواب : کمیونسٹ پارٹی۔
سوال : ترک فوج نے "باکو" پر قبضہ کب کیا تھا؟
جواب : ۳۱ جولائی ۱۹۱۸ء کو۔
سوال : آذربائیجان کے شمال میں کونسے ممالک واقع ہیں؟
جواب : جارجیا اور روس۔
سوال : آذربائیجان کے کوئی سے دو شہروں کے نام بتائیں؟
جواب : (۱) منگی کریکی (۲) کیا ندزا علی بجزلی۔
سوال : آذربائیجان کے کوئی سے چار دریاؤں کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) سمور (۲) تارتر (۳) لیکوران (۴) اکیرا۔
سوال : اردن کے مغرب میں کونسے ممالک واقع ہیں؟
جواب : اسرائیل اور فلسطین۔
سوال : بتائیے اردن کا رقبہ کتنے مربع کلو میٹر ہے؟
جواب : ۸۹۵۴۴ مربع کلو میٹر۔
سوال : اردن کے کتنے رقبے پر اسرائیل کا قبضہ ہے؟
جواب : ۲۲۷۰ مربع کلو میٹر پر۔
سوال : اردن کی آبادی کتنے لاکھ افراد پر مشتمل ہے؟
جواب : ۳۸ لاکھ افراد پر۔

سوال : اردن میں فی مربع میل کتنے افراد بستے ہیں؟
جواب : ۹۰ افراد۔
سوال : اردن میں کتنے فیصد لوگ شہروں میں بستے ہیں؟
جواب : ۷۰ فیصد لوگ۔
سوال : اردن میں کتنے فیصد عرب باشندے آباد ہیں؟
جواب : ۹۸ فیصد۔
سوال : اردن کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟
جواب : عمان۔
سوال : اردن کے چار مشہور شہروں کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) اربد (۲) زرقا (۳) کرک (۴) البقاء
سوال : اردن کے جنوب میں کونسا ملک واقع ہے؟
جواب : سعودی عرب۔
سوال : اردن کی سرکاری زبان کونسی ہے؟
جواب : عربی زبان۔
سوال : اردن کے مشرق میں کونسا ملک ہے؟
جواب : عراق۔
سوال : اردن کی کتنی فیصد آبادی مسلم ہے؟
جواب : ۹۲ فیصد آبادی۔
سوال : اردن میں کتنے فیصد عیسائی آباد ہیں؟
جواب : ۸ فیصد۔
سوال : اردن میں کتنے ملی میٹر سالانہ بارش ہوتی ہے؟
جواب : تقریباً ۴۰۰ ملی میٹر سالانہ۔
سوال : بتایئے اردن کے سکے کو کیا نام دیا گیا ہے؟
جواب : دینار۔
سوال : اردن کے کتنے فیصد رقبے پر کاشت کی جاتی ہے؟
جواب : ۶ فیصد رقبے پر۔
سوال : اردن کن دو سبزیوں میں خود کفیل ہے؟
جواب : آلو اور پیاز میں۔
سوال : اردن کے کن شہروں میں تیل اور گیس کے بڑے بڑے ذخائر پائے جاتے ہیں؟
جواب : ازرق، الاجون اور ریشا میں۔

سوال : اردن میں پوٹاش کا پلانٹ کہاں لگایا گیا ہے؟
جواب : جنوب مشرقی ساحل پر۔
سوال : اردن میں کتنے فیصد لوگ تعلیم یافتہ ہیں؟
جواب : ۸۲ فیصد۔
سوال : یرموک اور عمان میں کتنی یونیورسٹیاں قائم ہیں؟
جواب : چار یونیورسٹیاں۔
سوال : اردن میں کتنے افراد کے لئے ایک ڈاکٹر ہے؟
جواب : ۱۳۳۲ افراد کے لئے۔
سوال : اردن میں کتنے افراد کے لئے ہسپتال میں ایک بستر ہے؟
جواب : ۵۰۲ افراد کے لئے۔
سوال : اردن میں بچوں کی شرح اموات کتنی ہے؟
جواب : ۳۸ فی ہزار۔
سوال : اردن میں قائم کی گئی کوئی سی دو یونیورسٹیوں کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) یونیورسٹی آف جارڈن (۲) موطاع یونیورسٹی۔
سوال : اردن میں کتنے بین الاقوامی ہوائی اڈے ہیں؟
جواب : تین۔
سوال : اردن میں ریلوے کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟
جواب : دو حصوں میں۔
سوال : اردن میں ریلوے کے پہلے حصے کی کتنی لمبائی ہے؟
جواب : ۳۱۲ میل۔
سوال : اردن میں ریلوے کے دوسرے حصے کی کتنی لمبائی ہے؟
جواب : ۷۰ میل۔
سوال : اردن میں پکی سڑکوں کی لمبائی کتنی ہے؟
جواب : ۳۰۰۰ میل۔
سوال : اردن کی ہوائی سروس کا نام بتائیں؟
جواب : رائل جارڈینین ائیر لائن۔
سوال : اردن کے کن شہروں میں بین الاقوامی ہوائی اڈے قائم ہیں؟
جواب : عمان' عقبہ اور زرقا میں۔
سوال : اردن کی پارلیمنٹ کے کتنے ایوان ہیں؟
جواب : دو ایوان۔

سوال : اردن کے ایوان بالا میں کتنے ارکان ہوتے ہیں؟
جواب : ۴۰ ارکان۔
سوال : اردن کے ایوان زیریں میں کتنے ممبر ہوتے ہیں؟
جواب : ۸۰ ممبر۔
سوال : اردن کے ایوان بالا کے ارکان کا تقرر کون کرتا ہے؟
جواب : بادشاہ۔
سوال : اردن کے ایوان زیریں کے ممبران کا تقرر کون کرتا ہے؟
جواب : عوام۔
سوال : اردن میں سیاست پر پابندی کب ختم کی گئی؟
جواب : ۱۹۹۱ء میں۔
سوال : اردن کس صدی عیسوی میں روم کا حصہ تھا؟
جواب : ۱۰۶ صدی عیسوی میں۔
سوال : اسلامی دور حکومت میں اردن پر کن خلفاء نے حکومت کی؟
جواب : اموی' عباسی اور فاطمی خلفاء نے۔
سوال : پہلی جنگ عظیم میں کس ملک نے اردن پر قبضہ کر لیا تھا؟
جواب : ترکی نے۔
سوال : اردن نے برطانیہ سے کب آزادی حاصل کی؟
جواب : ۱۹۴۶ء میں۔
سوال : برطانیہ سے آزادی حاصل کرنے کے بعد کسے اردن کا صدر منتخب کیا گیا تھا؟
جواب : عبداللہ ابن حسین کو۔
سوال : اردن اور اسرائیل کے درمیان جنگ کب ہوئی؟
جواب : ۱۹۴۸ء میں۔
سوال : عبداللہ ابن حسین کو کب قتل کیا گیا تھا؟
جواب : ۲۰ جولائی ۱۹۵۱ء میں۔
سوال : عبداللہ ابن حسین کے بعد کون تخت نشین ہوا؟
جواب : شاہ طلال۔
سوال : شاہ طلال کب اور کس کے حق میں دستبردار ہوئے تھے؟
جواب : ۱۱ مئی ۱۹۵۳ء کو شاہ حسین کے حق میں۔

سوال : دریائے اردن کے مغربی کنارے کو فلسطینیوں کے حوالے کرنے کا فیصلہ کب کیا گیا؟
جواب : ۱۹۷۴ء میں۔
سوال : ایران اور عراق کی جنگ میں اردن نے کس کا ساتھ دیا تھا؟
جواب : عراق کا۔
سوال : کیا اردن نے کویت پر عراقی قبضے کو درست قرار دیا تھا؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : اردن نے مشرق وسطی امن مذاکرات میں شمولیت کا فیصلہ کب کیا؟
جواب : ۱۹۹۱ء میں۔
سوال : اردن اور عراق کے سفارتی تعلقات کب منقطع ہوئے؟
جواب : مئی ۱۹۹۳ء میں۔
سوال : اردن میں سیاسی جماعتوں کو ۱۹۹۱ء میں کس شرط پر سیاست کرنے کی اجازت ملی؟
جواب : سیاسی جماعتوں کو سیاسی عمل جاری رکھنے کی اجازت اس شرط پر دی گئی کہ وہ بادشاہت کا احترام کریں گی۔
سوال : بحیرہ مردار کو "مردار" کیوں کہتے ہیں؟
جواب : بحیرہ مردار کا پانی باقی سمندروں سے سات گنا زیادہ کھاری ہے اور اس میں کوئی جاندار زندہ نہیں رہ سکتا۔ اسی وجہ سے اس کو بحیرہ مردار کہا جاتا ہے۔
سوال : اری ٹیریا کے جنوب میں کونسا ملک واقع ہے؟
جواب : ایتھوپیا۔
سوال : اری ٹیریا کا رقبہ کتنے مربع میل ہے؟
جواب : ۳۶۷۰۰ مربع میل۔
سوال : اری ٹیریا کے جنوب مشرق میں کونسا ملک ہے؟
جواب : صومالیہ۔
سوال : اری ٹیریا کا رقبہ کس ملک کے رقبے کے برابر ہے؟
جواب : اسکاٹ لینڈ کے۔
سوال : اری ٹیریا کے جنوب مغرب میں کونسا ملک واقع ہے؟
جواب : سوڈان۔
سوال : اری ٹیریا کی آبادی کتنی ہے؟
جواب : ۳۵ لاکھ۔
سوال : اری ٹیریا کے دو بڑے شہروں کے نام بتائیں؟
جواب : (۱) کیرا (۲) آسلب۔

سوال : اری ٹیریا کے کتنے فیصد لوگ مسلمان ہیں؟
جواب : ۸۰ فیصد۔
سوال : بتایئے اری ٹیریا کے سکے کو کیا نام دیا گیا ہے؟
جواب : "براس"۔
سوال : اری ٹیریا میں بولی جانے والی دو مشہور زبانوں کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) اصری (۲) تگری۔
سوال : اری ٹیریا میں کتنے فیصد لوگ خواندہ ہیں؟
جواب : ۱۲ فیصد۔
سوال : کیا اری ٹیریا اقوام متحدہ کا رکن ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : ترکوں نے اری ٹیریا کی بندرگاہ پر قبضہ کب کیا۔ نیز اس بندرگاہ کا نام بھی بتائیں؟
جواب : ۱۵۵۷ء میں بندرگاہ مساوار پر۔
سوال : مصر نے اری ٹیریا پر کب قبضہ کیا تھا؟
جواب : ۱۸۸۴ء میں۔
سوال : اٹلی نے اری ٹیریا پر قبضہ کب کیا تھا؟
جواب : ۱۸۸۵ء میں۔
سوال : اٹلی نے ایتھوپیا پر حملہ کب کیا تھا؟
جواب : ۱۹۳۵ء میں۔
سوال : ایتھوپیا کے کس شہنشاہ کو جلاوطن کر دیا گیا تھا؟
جواب : شہنشاہ ہیل سیلاسی کو۔
سوال : شہنشاہ ہیل سیلاسی جلاوطنی کے بعد ایتھوپیا واپس کب آیا تھا؟
جواب : ۱۹۴۷ء میں۔
سوال : بادشاہ ہیل سیلاسی نے کس فوج کی مدد سے اٹلی کی فوج کو ایتھوپیا سے باہر نکال دیا تھا؟
جواب : برطانوی فوج کی مدد سے۔
سوال : کیا بادشاہ ہیل سیلاسی دوبارہ ایتھوپیا کا بادشاہ منتخب ہوا تھا؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : اقوام متحدہ نے اری ٹیریا کو داخلی طور پر آزادی دینے کا فیصلہ کب کیا تھا؟
جواب : ۱۹۵۲ء میں۔
سوال : ایتھوپیا کی پارلیمنٹ نے کب اری ٹیریا کو اپنا چودھواں صوبہ بنایا تھا؟
جواب : ۱۹۶۲ء میں۔

سوال : اری ٹیرین لبریشن فرنٹ کب اور کہاں قائم کیا گیا؟
جواب : ۱۹۵۸ء قاہرہ میں۔
سوال : اری ٹیرین لبریشن فرنٹ نے رضاکار فوج کب تشکیل دی؟
جواب : ۱۹۶۶ء میں۔
سوال : ایتھوپیا نے اری ٹیریا پر حملہ کب کیا تھا؟
جواب : مئی ۱۹۷۸ء میں۔
سوال : ایتھوپیا نے کتنی فوج کے ساتھ اری ٹیریا پر حملہ کیا تھا؟
جواب : ایک لاکھ فوج کے ساتھ۔
سوال : اری ٹیرین لبریشن فرنٹ نے کتنے ماہ بعد سمارا کا شہر آزاد کروالیا تھا؟
جواب : دس ماہ بعد۔
سوال : ایتھوپیا نے روس سے کتنے ہزار فوجیوں کی مدد طلب کی تھی؟
جواب : پچاس ہزار فوجیوں کی۔
سوال : اری ٹیریا کے گوریلوں نے کب اور کس مقام پر ایتھوپیا کی فوج کو شکست دی تھی؟
جواب : ۱۹۔ ۲۱ مارچ ۱۹۸۴ء میں الفیتا کے مقام پر۔
سوال : ایتھوپیا کی قومی اسمبلی نے اری ٹیریا سے لڑائی بند کرنے کے سلسلے میں امن منصوبہ کب پیش کیا تھا؟
جواب : جون ۱۹۸۹ء میں۔
سوال : مینگتو ہیل مریم کی حکومت کا خاتمہ کیا ہوا؟
جواب : مئی ۱۹۹۱ء میں۔
سوال : مینگتو ہیل مریم کی حکومت کے بعد کس نے اقتدار سنبھالا؟
جواب : اری ٹیرین پیپلز لبریشن فرنٹ نے۔
سوال : اری ٹیریا کو آزادی کی نعمت کب نصیب ہوئی؟
جواب : ۲۴ مئی ۱۹۹۳ء کو۔
سوال : اری ٹیرین لبریشن فرنٹ طیارے کیوں اغواء کرواتی تھی؟
جواب : طیاروں کے اغواء کے واقعات سے دنیا کے عوام کی توجہ اری ٹیریا کی جانب مبذول کرانا تھی۔
سوال : بحیرہ ارال کے جنوبی علاقے میں سالانہ کتنی بارش ہوتی ہے؟
جواب : سو ملی میٹر سے کم۔
سوال : تاشقند میں سالانہ کتنی بارش ہوتی ہے؟
جواب : تین سو پچاس ملی میٹر۔

سوال : ازبکستان کے دو بڑے دریاؤں کے نام لکھیں؟
جواب : دریائے آمو اور دریائے سیر۔
سوال : ازبکستان میں پودوں کی کتنی قسمیں پائی جاتی ہیں؟
جواب : ۶ ہزار۔
سوال : ازبکستان کا رقبہ کتنے مربع کلومیٹر ہے؟
جواب : ۴۴۷۴۰۰ مربع کلومیٹر۔
سوال : ازبکستان کے جنوب میں کونسے ممالک واقع ہیں؟
جواب : افغانستان اور ترکمانستان۔
سوال : ازبکستان کی سرکاری زبان کا نام بتائیے؟
جواب : ازبک۔
سوال : ازبکستان کی آبادی کتنی ہے؟
جواب : تقریباً دو کروڑ ۲۰ لاکھ۔
سوال : ازبکستان میں کتنے فیصد ازبک لوگ آباد ہیں؟
جواب : ۷۱ فیصد۔
سوال : بتائیے کہ ازبکستان میں کتنے فیصد روسی لوگ آباد ہیں؟
جواب : ۸ فیصد۔
سوال : ازبکستان میں کتنے بجلی گھر قائم کئے گئے ہیں؟
جواب : چار سو سے زائد۔
سوال : ازبکستان کی کس وادی میں تیل اور گیس کے بڑے بڑے ذخائر پائے جاتے ہیں؟
جواب : وادی فرغانہ میں۔
سوال : ازبکستان میں کتنے فیصد لوگ خواندہ ہیں؟
جواب : ۹۹ فیصد۔
سوال : ازبکستان میں ناخواندگی کا مکمل خاتمہ کب ہوا؟
جواب : ۱۹۴۰ء میں۔
سوال : ترکستان یونیورسٹی کب اور کہاں قائم کی گئی؟
جواب : ۷ ستمبر ۱۹۲۰ء کو تاشقند میں۔
سوال : ازبکستان میں کونسا نظام حکومت رائج ہے؟
جواب : پارلیمانی نظام حکومت۔
سوال : ازبکستان میں انتظامیہ کا سربراہ کون ہوتا ہے؟
جواب : وزیر اعظم۔

سوال : ازبکستان کے سرکاری ہسپتالوں میں بستروں کی تعداد کتنی ہے؟
جواب : اڑھائی لاکھ۔
سوال : تاشقند میں ریڈیو اور ٹیلی ویژن اسٹیشن کب سے کام کر رہے ہیں؟
جواب : ۱۹۵۲ء سے۔
سوال : سکندر اعظم نے ازبکستان پر قبضہ کب کیا تھا؟
جواب : ۳۲۹ ق-م میں۔
سوال : چنگیز خان نے ازبکستان پر کب حملہ کیا تھا؟
جواب : ۱۲۲۰ء میں۔
سوال : ازبکستان پر تیموریوں نے کب سے کب تک حکومت کی تھی؟
جواب : ۱۳۰۰ء تا ۱۴۰۰ء تک۔
سوال : منگولوں کو اسلام کی طرف کس نے راغب کیا تھا؟
جواب : ازبک نامی ایک حکمران نے۔
سوال : ازبکستان پر سے تیموری حکومت کا خاتمہ کب اور کس نے کیا تھا؟
جواب : سولہویں صدی عیسوی میں محمد شیبانی نے۔
سوال : روس نے ازبکستان پر کب قبضہ کیا تھا؟
جواب : ۱۸۷۵ء میں۔
سوال : ازبکستان کتنے عرصے تک روس کے زیر تسلط رہا؟
جواب : تقریباً ایک سو سال تک۔
سوال : ازبکستان نے وسطی ایشیا کی یونین میں کب شمولیت اختیار کی؟
جواب : ۲۷ جنوری ۱۹۹۴ء میں۔
سوال : افغانستان کی تمام تر تجارت کہاں سے ہوتی ہے؟
جواب : کراچی کی بندرگاہ سے۔
سوال : افغانستان کا کل رقبہ کتنے مربع کلومیٹر ہے؟
جواب : ۶۴۷۵۰۰ مربع کلومیٹر۔
سوال : بتایئے افغانستان کی آبادی کتنی ہے؟
جواب : ایک کروڑ ۵۷ لاکھ۔
سوال : افغانستان میں کتنے فیصد پشتون آباد ہیں؟
جواب : ۵۰ فیصد۔
سوال : بتایئے کہ افغانستان میں کتنے فیصد ازبک لوگ آباد ہیں؟
جواب : ۹ فیصد۔

سوال : افغانستان میں کتنے فیصد لوگ شہروں میں رہائش پذیر ہیں؟
جواب : ۱۸ فیصد لوگ۔
سوال : افغانستان میں فی مربع میل کتنے افراد بستے ہیں؟
جواب : ۸۵ افراد۔
سوال : افغانستان کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟
جواب : کابل۔
سوال : افغانستان کے چار بڑے شہروں کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) ہرات (۲) غزنی (۳) جلال آباد (۴) قندھار۔
سوال : افغانستان کا سرکاری مذہب کونسا ہے؟
جواب : اسلام۔
سوال : افغانستان میں کتنے فیصد مسلمان ہیں؟
جواب : ۹۹ فیصد۔
سوال : افغانستان میں بولی جانے والی دو زبانوں کے نام بتائیں؟
جواب : پشتو اور فارسی۔
سوال : افغانستان کا قابل کاشت رقبہ کتنا ہے؟
جواب : ۱۲ فیصد۔
سوال : افغانستان میں صدر کے عہدے کی مدت کتنے سال ہے؟
جواب : دو سال۔
سوال : افغانستان میں خواندگی کا تناسب کتنا ہے؟
جواب : ۲۹ فیصد۔
سوال : افغانستان کے ہسپتالوں میں کتنے افراد کے لئے ایک بستر ہے؟
جواب : ۲۰۵۴ افراد کے لئے۔
سوال : افغانستان میں کتنے افراد کے لئے ایک ڈاکٹر ہے؟
جواب : ۴۹۷ ۴ افراد کے لئے۔
سوال : افغانستان میں کتنے کلومیٹر لمبی ریلوے لائن ہے؟
جواب : ۹.۶ کلومیٹر۔
سوال : ۱۹۹۰ء میں افغانستان میں مسافر کاروں کی تعداد کتنی تھی؟
جواب : ۳۱۰۰۰ ہزار۔
سوال : افغانستان میں کمرشل گاڑیوں کی تعداد کتنی ہے؟
جواب : تیس ہزار۔

سوال : بتایئے افغانستان میں کتنے ہوائی اڈے ہیں؟
جواب : ۳۱ ہوائی اڈے۔
سوال : افغانستان کی فضائی سروس کا نام بتائیں؟
جواب : آریانا افغان ائیر لائنز۔
سوال : سکندر اعظم نے افغانستان پر کب حملہ کیا تھا؟
جواب : ۳۳۲ ق-م میں۔
سوال : سلاطین غزنی کس صدی میں افغانستان پر قابض ہوئے تھے؟
جواب : گیارہویں صدی عیسوی میں۔
سوال : افغانستان مغلوں کے قبضے میں کب آیا؟
جواب : پندرہویں صدی عیسوی میں۔
سوال : افغانستان کو کب ایک خود مختار سلطنت کی حیثیت دی گئی تھی؟
جواب : ۱۷۴۷ء میں۔
سوال : نور محمد ترکئی کو کب قتل کیا گیا تھا؟
جواب : ۱۴ ستمبر ۱۹۷۹ء کو۔
سوال : نور محمد ترکئی کب افغانستان کے صدر منتخب ہوئے تھے؟
جواب : اپریل ۱۹۷۹ء میں۔
سوال : نور محمد ترکئی کے بعد کسے صدر منتخب کیا گیا؟
جواب : حفیظ اللہ امین۔
سوال : حفیظ اللہ امین کو اقتدار سے کب برطرف کیا گیا؟
جواب : ۲۷ دسمبر ۱۹۷۹ء کو۔
سوال : حفیظ اللہ امین کے بعد کس نے اقتدار سنبھالا؟
جواب : ببرک کارمل نے۔
سوال : مجاہدین نے کن ممالک کے تعاون سے گوریلا جنگ شروع کی تھی اور یہ جنگ کتنے سال جاری رہی تھی؟
جواب : مجاہدین نے پاکستان، ایران، سعودی عرب اور امریکہ کی مدد سے جنگ شروع کی تھی۔ یہ جنگ نو سال تک جاری رہی تھی۔
سوال : جنیوا معاہدہ کب طے پایا تھا؟
جواب : ۱۴ اپریل ۱۹۸۸ء میں۔
سوال : روس نے افغانستان سے اپنی فوجیں کب نکالی تھیں؟
جواب : ۱۵ فروری ۱۹۸۹ء میں۔

سوال : صدر نجیب اللہ نے کب استعفیٰ دیا تھا؟
جواب : اپریل ۱۹۹۲ء میں۔
سوال : صبغت اللہ مجددی نے کب افغانستان کے صدر کا عہدہ سنبھالا؟
جواب : ۲۸ اپریل ۱۹۹۲ء کو۔
سوال : پروفیسر برہان الدین ربانی نے افغانستان کے عبوری صدر کا عہدہ کب سنبھالا؟
جواب : ۲۸ جون ۱۹۹۲ء کو۔
سوال : "معاہدہ امن" کب اور کہاں طے پایا؟
جواب : مارچ ۱۹۹۳ء کو اسلام آباد میں۔
سوال : میثاق جلال آباد کب طے پایا؟
جواب : ۲۹ اپریل ۱۹۹۳ء کو۔
سوال : گلبدین حکمت یار کب افغانستان کے وزیر اعظم منتخب ہوئے تھے؟
جواب : ۱۹۹۳ء میں۔
سوال : جنوبی اور شمالی افغانستان کو ملانے والی سرنگ کہاں اور کس نے بنائی ہے؟
جواب : یہ سرنگ درہ سلاگ میں بنائی گئی ہے اور اسے روس کی مدد سے بنایا گیا ہے۔
سوال : البانیہ کے شمال مشرق میں کونسا ملک واقع ہے؟
جواب : یوگوسلاویہ۔
سوال : البانیہ کے چار اہم دریاؤں کے نام بتائیں؟
جواب : (۱) یسماکوئی (۲) دریلی (۳) وجوسا (۴) متی۔
سوال : البانیہ کے جنوب میں کونسا ملک ہے؟
جواب : یونان۔
سوال : بتایئے البانیہ کی آبادی کتنی ہے؟
جواب : ۳۵ لاکھ۔
سوال : البانیہ میں ایک مربع میل میں کتنے افراد آباد ہیں؟
جواب : ۱۰۷ افراد۔
سوال : البانیہ میں کتنے فیصد البانی باشندے آباد ہیں؟
جواب : ۹۰ فیصد۔
سوال : البانیہ میں کتنے فیصد یونانی النسل کے لوگ آباد ہیں؟
جواب : ۸ فیصد۔
سوال : بتایئے البانیہ کا کل رقبہ کتنا ہے؟
جواب : ۱۱۱۰۰ مربع میل۔

سوال : البانیہ میں کتنے فیصد مسلمان آباد ہیں؟
جواب : ۷۰ فیصد۔
سوال : بتائیے کہ البانیہ میں کتنے فیصد عیسائی ہیں؟
جواب : ۳۰ فیصد۔
سوال : البانیہ کی سرکاری زبان کونسی ہے؟
جواب : البانی۔
سوال : البانیہ کے سکے کا نام کیا ہے؟
جواب : "لیک"۔
سوال : کیا البانیہ میں زیتون کی کاشت کی جاتی ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : البانیہ میں کتنی عمر کے بچوں کا سکول جانا لازمی ہے؟
جواب : ۷ سے ۱۵ سال کے بچوں کا۔
سوال : البانیہ میں کتنی یونیورسٹیاں قائم ہیں؟
جواب : ایک یونیورسٹی۔
سوال : البانیہ میں یونیورسٹی کب قائم کی گئی تھی؟
جواب : ۱۹۰۷ء میں۔
سوال : البانیہ میں خواندگی کا تناسب کتنا ہے؟
جواب : ۷۵ فیصد۔
سوال : البانیہ کے لوگوں کی اوسط عمر کتنی ہے؟
جواب : ۷۲ سال۔
سوال : البانیہ میں شرح پیدائش کتنے فیصد ہے؟
جواب : ۱.۹ فیصد۔
سوال : البانیہ کے ہسپتالوں میں کتنے افراد کے لئے ایک بستر ہے؟
جواب : ۱۷۶ افراد کے لئے۔
سوال : البانیہ میں کتنے افراد کے لئے ایک ڈاکٹر ہے؟
جواب : ۵۷۴ افراد کے لئے۔
سوال : البانیہ کی تمام تجارت کس ذریعے سے ہوتی ہے؟
جواب : بحری بیڑے کے ذریعے۔
سوال : البانیہ کی تین بندرگاہیں ہیں ان کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) ولیورر (۲) سرانڈے (۳) دروز۔

سوال : کیا البانیہ اقوام متحدہ اور اسلامی ممالک کی تنظیم کا رکن ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : البانیہ میں مسلمان کس صدی میں آئے تھے؟
جواب : تیرھویں صدی میں۔
سوال : ترکوں نے البانیہ پر حملے کب شروع کئے تھے؟
جواب : چودھویں صدی عیسوی میں۔
سوال : سکندر بیگ کا اصل نام کیا تھا؟
جواب : جارج کیٹر اوٹی۔
سوال : سکندر بیگ کا انتقال کب ہوا؟
جواب : ۱۴۶۷ء میں۔
سوال : خودمختار البانیہ کے قیام کا مطالبہ کب اور کہاں کیا گیا تھا؟
جواب : ۱۹۰۹ء میں مناستر کے مقام پر۔
سوال : البانیہ کی آزادی کا اعلان کب اور کس کی قیادت میں کیا گیا تھا؟
جواب : ۲۸ نومبر ۱۹۱۲ء کو اسماعیل کمال ولور کی قیادت میں۔
سوال : البانیہ کتنے عرصے تک ترکی کے زیر تسلط رہا؟
جواب : ۴۱۲ سال تک۔
سوال : احمد بیگ کا دور حکومت کب سے کب تک ہے؟
جواب : ۱۹۲۸ء سے ۱۹۳۹ء تک۔
سوال : احمد بیگ نے البانیہ کی اقتصادی حالت کو بہتر بنانے کے لئے اٹلی سے کتنا قرضہ لیا تھا؟
جواب : ۵۰ ملین فرانک کا۔
سوال : مسولینی نے کب اور کتنی فوج کے ساتھ البانیہ پر حملہ کیا تھا؟
جواب : ۱۹۳۹ء میں ایک لاکھ اطالوی فوج کی مدد سے۔
سوال : احمد بیگ زوگ کب سے کب تک وزیراعظم کے عہدے پر فائز رہے؟
جواب : دسمبر ۱۹۲۲ء سے فروری ۱۹۲۴ء تک۔
سوال : البانیہ کو سوشلسٹ جمہوریہ کب قرار دیا گیا؟
جواب : جنوری ۱۹۴۶ء تک۔
سوال : البانیہ کب تک روسی بلاک سے وابستہ رہا؟
جواب : دسمبر ۱۹۶۱ء تک۔
سوال : روس نے البانیہ کو کب اور کس معاہدے کے اجلاسوں میں شرکت کرنے سے منع کر دیا تھا؟

جواب : ۱۹۴۳ء میں وارسا معاہدے کے اجلاسوں میں۔
سوال : البانیہ نے وارسا معاہدہ سے علیحدگی کب اختیار کی؟
جواب : ۱۹۶۸ء میں۔
سوال : چین نے البانیہ کی امداد کب بند کی تھی؟
جواب : ۱۹۷۸ء میں۔
سوال : چین نے البانیہ کی امداد کیوں بند کی تھی؟
جواب : البانیہ نے چین کی پالیسیوں پر تنقید کی تھی۔
سوال : انور ہوکسا نے البانیہ پر کتنے سال حکومت کی تھی؟
جواب : چالیس سال۔
سوال : انور ہوکسا نے کب وفات پائی؟
جواب : ۱۱ اپریل ۱۹۸۵ء کو۔
سوال : محدود انسانی حقوق اور معاشی اصلاحات کا نفاذ کب عمل میں آیا؟
جواب : ۱۹۹۰ء میں۔
سوال : البانیہ میں غیر کمیونسٹ نگران کابینہ کب تشکیل دی گئی؟
جواب : مارچ ۱۹۹۱ء میں۔
سوال : صدر رمیز علیا نے کب استعفیٰ دیا تھا؟
جواب : ۳ اپریل ۱۹۹۲ء کو۔
سوال : البانیہ کی سب سے بڑی معدنی دولت کونسی ہے؟
جواب : البانیہ کی سب سے بڑی معدنی دولت تیل ہے۔
سوال : البانیہ میں ۲۶ جولائی ۱۹۹۲ء کے انتخابات میں کس پارٹی نے نمایاں پوزیشن حاصل کی تھی؟
جواب : سوشلسٹ پارٹی نے۔
سوال : الجزائر کے مشرق میں کونسے ممالک واقع ہیں؟
جواب : لیبیا اور تیونس۔
سوال : براعظم افریقہ کا سب سے بڑا ملک کونسا ہے؟
جواب : الجزائر۔
سوال : الجزائر کے مغرب میں کونسے ممالک واقع ہیں؟
جواب : مراکش اور ماریطانیہ۔
سوال : بتایئے کہ الجزائر کی آبادی کتنی ہے؟
جواب : اڑھائی کروڑ۔

سوال : الجزائر کے جنوب میں کونسے ممالک واقع ہیں؟
جواب : مالی اور نائیجیریا۔
سوال : الجزائر میں کتنی فیصد عربوں کی آبادی ہے؟
جواب : ۷۵ فیصد۔
سوال : الجزائر میں کتنے فیصد بربر نسل کے باشندے آباد ہیں؟
جواب : ۲۵ فیصد۔
سوال : بتایئے الجزائر کی سرکاری زبان کونسی ہے؟
جواب : عربی۔
سوال : بتایئے الجزائر کے سکے کا نام کیا ہے؟
جواب : الجزائری دینار۔
سوال : الجزائر کا سرکاری مذہب کونسا ہے؟
جواب : اسلام۔
سوال : الجزائر میں پیداواری ذرائع کو قومی ملکیت میں لینے کا فیصلہ کب کیا گیا تھا؟
جواب : ۱۹۲۲ء میں۔
سوال : بتایئے الجزائر میں مسلمانوں کی آبادی کتنی ہے؟
جواب : ۹۹ فیصد۔
سوال : الجزائر کے چار مشہور شہروں کے نام بتائیں؟
جواب : (۱) واہران (۲) تلیما (۳) آنابا (۴) قاشینا۔
سوال : ایسو اور موبائل پٹرولیم کمپنیوں کو قومی تحویل میں کب لیا گیا تھا؟
جواب : ۱۹۶۷ء میں۔
سوال : تیل اور گیس کی پیداوار میں الجزائر کا کونسا نمبر ہے؟
جواب : دنیا بھر میں تیل اور گیس کی پیداوار میں الجزائر کا دسواں نمبر ہے۔
سوال : الجزائر میں کتنی عمر تک کے بچوں کو مفت تعلیم دی جاتی ہے؟
جواب : ۱۴ سال تک کے بچوں کو۔
سوال : الجزائر میں کتنے فیصد بچے پرائمری تعلیم حاصل کرتے ہیں؟
جواب : ۹۴ فیصد بچے۔
سوال : الجزائر میں خواندگی کا تناسب کتنا ہے؟
جواب : ۵۴ فیصد۔
سوال : الجزائر میں کتنے فیصد بچے سیکنڈری تعلیم حاصل کرتے ہیں؟
جواب : ۴۷ فیصد۔

سوال : الجزائر کے لوگوں کی اوسط عمر کتنی ہوتی ہے؟
جواب : ٦٧ سال۔
سوال : الجزائر کے ہسپتالوں میں کتنے افراد کے لئے ایک بستر ہوتا ہے؟
جواب : ٣٩٣ افراد کے لئے۔
سوال : الجزائر میں کتنے افراد کے حصے میں ایک ڈاکٹر ہوتا ہے؟
جواب : ١١٩٩ افراد کے حصے میں۔
سوال : بتایئے الجزائر کن عالمی اداروں کا رکن ہے؟
جواب : اقوام متحدہ' اسلامی کانفرنس کی تنظیم' عرب مغرب یونین' عرب بینک' افریقی ترقیاتی بینک اور افریقی اتحاد کی تنظیم کا رکن ہے۔
سوال : الجزائر کی جنگ آزادی کا سہرا کس کے حصے میں آیا؟
جواب : ایک الجزائری نوجوان احمد بن بیلا کے حصے میں۔
سوال : احمد بن بیلا کی حکومت کب شروع ہوئی اور کب ختم ہوئی؟
جواب : ١٩٦٢ء میں شروع ہوئی اور ١٩٦٥ء میں ختم ہوئی۔
سوال : احمد بن بیلا کے بعد کس نے اقتدار سنبھالا؟
جواب : کرنل حواری بومدین نے۔
سوال : الجزائر نے اسرائیل کے خلاف اعلان جنگ کب کیا تھا؟
جواب : ١٩٦٧ء میں۔
سوال : کرنل شاذلی بن جدید نے کب اقتدار سنبھالا؟
جواب : ٩ فروری ١٩٧٩ء کو۔
سوال : احمد بن بیلا کو کس نے رہا کیا تھا؟
جواب : صدر شاذلی بن جدید نے۔
سوال : قاصدی مرباح کب وزیراعظم بنے؟
جواب : ١٩٨٨ء میں۔
سوال : اسلامی نجات پارٹی کا اعلان کب اور کس نے کیا تھا؟
جواب : ١٩٨٩ء میں ڈاکٹر عباسی مدنی نے۔
سوال : صدر شاذلی بن جدید اپنے عہدے سے کب مستعفی ہوئے؟
جواب : ١٢جنوری ١٩٩٢ء کو۔
سوال : علی کافی الجزائر کے صدر کب منتخب ہوئے؟
جواب : یکم جولائی ١٩٩٢ء کو۔
سوال : عبدالسلام بیلید کب الجزائر کے وزیراعظم منتخب ہوئے؟

جواب : جولائی ۱۹۹۲ء میں۔
سوال : رضا ملک نے الجزائر کے وزیر اعظم کا عہدہ کب سنبھالا تھا؟
جواب : ۲۱ اگست ۱۹۹۳ء کو۔
سوال : وزیر دفاع لیمائن زیرول کو الجزائر کا صدر کب منتخب کیا گیا؟
جواب : ۳۰ جنوری ۱۹۹۴ء کو۔
سوال : رضا ملک نے وزیر اعظم کے عہدے سے کب استعفیٰ دیا تھا؟
جواب : اپریل ۱۹۹۴ء میں۔
سوال : الجزائر میں ہنگامی حالات کا اعلان کب ہوا؟
جواب : الجزائر میں ۱۹۹۲ء میں صدر بوضیاف کے قتل کے بعد ہنگامی حالت کا اعلان ہوا۔
سوال : انڈونیشیا کے شمال میں کون سا ملک واقع ہے؟
جواب : ملائشیا۔
سوال : بتائیے انڈونیشیا کا کل رقبہ کتنا ہے؟
جواب : ۷۳۵۲۶۸ مربع میل۔
سوال : انڈونیشیا کی آبادی کتنی ہے؟
جواب : ۱۹۳۰۰۰۰۰۰۔
سوال : آبادی کے اعتبار سے دنیا کے سب سے بڑے اسلامی ملک کا نام بتائیں؟
جواب : انڈونیشیا۔
سوال : انڈونیشیا کے مشرق میں کون سا ملک واقع ہے؟
جواب : نیوگنی۔
سوال : انڈونیشیا میں کتنے فیصد لوگ دیہاتوں میں رہتے ہیں؟
جواب : ۳۰ فیصد۔
سوال : انڈونیشیا میں فی مربع میل کتنے افراد آباد ہیں؟
جواب : ۲۴۲ افراد۔
سوال : انڈونیشیا کے دارالحکومت کا نام بتائیے؟
جواب : جکارتا۔
سوال : انڈونیشیا کے چار مشہور شہروں کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) بنڈونگ (۲) پالم پانگ (۳) بوگو (۴) مکاسر۔
سوال : انڈونیشیا میں مسلمانوں کی آبادی کتنی ہے؟
جواب : ۹۰ فیصد۔
سوال : بتائیے کہ انڈونیشیا میں عیسائیوں اور ہندوؤں کی آبادی کتنی ہے؟

جواب : انڈونیشیا میں پانچ فیصد عیسائی اور تین فیصد ہندو آباد ہیں۔
سوال : انڈونیشیا کی سرکاری زبان کا نام بتائیں؟
جواب : انڈونیشی۔
سوال : انڈونیشیا کے چار مشہور دریاؤں کے نام لکھیں؟
جواب : (۱) کاپو آس (۲) ڈیگل (۳) بارتیو (۴) کاجان۔
سوال : بتایئے انڈونیشیا کے سکے کو کیا نام دیا گیا ہے؟
جواب : روپیہ۔
سوال : انڈونیشیا میں خواندگی کا تناسب کتنا ہے؟
جواب : ۸۵ فیصد۔
سوال : انڈونیشیا میں شرح پیدائش کتنی فیصد ہے؟
جواب : ۱۸ فیصد۔
سوال : انڈونیشیا کے ہسپتالوں میں کتنے افراد کے لئے ایک بستر ہے؟
جواب : ۱۴۸۵ افراد کے لئے۔
سوال : انڈونیشیا میں کتنے افراد کے لئے ایک ڈاکٹر ہے؟
جواب : ۷۴۲۷ افراد کے لئے۔
سوال : ۱۹۹۰ء میں انڈونیشیا میں کتنے مسافروں نے ریل کے ذریعے سفر کیا تھا؟
جواب : آٹھ بلین مسافروں نے۔
سوال : انڈونیشیا میں مسافر کاروں کی تعداد کتنی ہے؟
جواب : ۱۴ بلین۔
سوال : انڈونیشیا کی ہوائی سروس کا نام بتایئے؟
جواب : گارودا ائیر لائنز۔
سوال : انڈونیشیا میں بندرگاہوں کی تعداد بتائیں؟
جواب : ۱۹ بندرگاہیں۔
سوال : انڈونیشیا کی چار مشہور بندرگاہوں کے نام بتائیں؟
جواب : (۱) سورابایا (۲) میڈان (۳) پالمبانگ (۴) جکارتا۔
سوال : انڈونیشیا میں کونسا نظام حکومت رائج ہے؟
جواب : صدارتی نظام حکومت۔
سوال : انڈونیشیا پر نیدرلینڈ ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت کب شروع ہوئی اور کب ختم ہوئی؟
جواب : ۱۶۰۲ء میں شروع ہوئی اور ۱۷۹۸ء میں ختم ہوئی۔
سوال : جاپان نے انڈونیشیا پر قبضہ کب کیا تھا؟

جواب : ۱۹۴۲ء میں۔
سوال : کس نے انڈونیشیا کو جمہوریہ قرار دیا تھا؟
جواب : ڈاکٹر سوئیکارنو اور ڈاکٹر حتی نے۔
سوال : کس ملک نے انڈونیشیا کو جمہوریہ تسلیم کرنے سے انکار کیا تھا؟
جواب : ہالینڈ نے۔
سوال : ولندیزی اور برطانوی فوج نے انڈونیشیا پر حملہ کب کیا تھا؟
جواب : ستمبر ۱۹۴۵ء میں۔
سوال : ولندیزیوں نے جاوا اور سماٹرا پر قبضہ کب کیا تھا؟
جواب : ۱۸ نومبر ۱۹۴۸ء کو۔
سوال : ظفر الدین کس پارٹی کے سربراہ تھے؟
جواب : ماشوی پارٹی کے۔
سوال : ڈاکٹر احمد سوئیکارنو اور اس کے ساتھیوں کو کب رہا کیا گیا تھا؟
جواب : جولائی ۱۹۴۹ء میں۔
سوال : ڈاکٹر حتی نے انڈونیشیا کے نائب صدر کے عہدے سے کب استعفیٰ دیا تھا؟
جواب : ۱۹۵۶ء میں۔
سوال : انڈونیشیا کا تاحیات صدر کسے منتخب کیا گیا تھا؟
جواب : احمد سوئیکارنو کو۔
سوال : ہالینڈ نے اریان کا علاقہ اقوام متحدہ کی تحویل میں کب دیا تھا؟
جواب : ۱۹۶۲ء میں۔
سوال : اقوام متحدہ نے اریان کا علاقہ انڈونیشیا کے حوالے کب کیا تھا؟
جواب : ۱۹۶۳ء میں۔
سوال : ملائشیا میں سمندر سے تیل کب دریافت ہوا؟
جواب : ۱۹۷۵ء میں۔
سوال : ملائشیا کے وزیراعظم تنکو عبدالرزاق کا انتقال کب ہوا؟
جواب : ۱۴ جنوری ۱۹۷۶ء کو۔
سوال : وزیراعظم تنکو عبدالرزاق کے بعد کس نے اقتدار سنبھالا؟
جواب : داتوک عون حسین۔
سوال : وزیراعظم داتوک عون حسین نے کب استعفیٰ دیا تھا؟
جواب : جولائی ۱۹۸۱ء میں۔
سوال : داتوک عون حسین کے بعد کسے ملائشیا کا وزیراعظم منتخب کیا گیا؟

جواب : مہاتیر بن محمد کو۔
سوال : ملائشیا کے سپریم کورٹ کے پریذیڈنٹ صالح عباسی کو کس نے برطرف کیا تھا؟
جواب : ملائشیا کے صدر محمود اسکندر شاہ نے۔
سوال : نائیجریا کے ہمسایہ ممالک کون کونسے ہیں؟
جواب : بینن۔ نیجر۔ چاڈ اور کیمرون۔
سوال : نائیجریا میں فی مربع میل کتنے افراد رہتے ہیں؟
جواب : ۲۴۸ افراد۔
سوال : نائیجریا کی کتنے فیصد آبادی شہروں میں رہائش پذیر ہے؟
جواب : ۳۵ فیصد۔
سوال : نائیجریا کے دارالحکومت کا نام بتائیں؟
جواب : ابوجا۔
سوال : نائیجریا کی سرکاری زبان انگریزی ہے۔ بتایئے دیگر کونسی مشہور زبانیں بولی جاتی ہیں؟
جواب : ہاؤسا' یوروبا اور ایبو۔
سوال : نائیجریا میں چالیس فیصد عیسائی ہیں بتایئے مسلمان کتنے فیصد ہیں؟
جواب : ۵۰ فیصد۔
سوال : نائیجریا کا کتنی فیصد رقبہ قابل کاشت ہے؟
جواب : ۵۱ فیصد۔
سوال : نائیجریا کی کتنی فیصد آبادی زراعت سے منسلک ہے؟
جواب : ۵۴ فیصد۔
سوال : زرعی اشیاء کی برآمدات سے نائیجریا کو کتنے فیصد آمدنی حاصل ہوتی ہے؟
جواب : ۷ فیصد۔
سوال : کیا نائیجریا قلعی کی پیداوار میں دنیا میں چھٹے نمبر پر ہے؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : نائیجریا میں کون کونسی معدنیات پائی جاتی ہیں؟
جواب : تیل۔ گیس۔ کوئلہ۔ لوہا۔ کولمبم۔ سونا۔ قلعی اور زنک۔
سوال : نائیجریا میں خواندگی کا تناسب کتنا ہے؟
جواب : ۵۱ فیصد۔
سوال : نائیجریا کی آبادی میں ہر سال کتنا اضافہ ہو رہا ہے؟
جواب : ۲.۹ فیصد۔
سوال : نائیجریا کے مردوں کی اوسط عمر ۴۸ سال ہے بتایئے عورتوں کی اوسط عمر کتنی ہے؟

جواب : ۵۰ سال۔
سوال : نائیجیریا میں نابالغوں کی شرح اموات کتنی ہے؟
جواب : ۱۱۸ فی ہزار۔
سوال : نائیجیریا کی فضائی سروس کا نام کیا ہے؟
جواب : واک۔
سوال : نائیجیریا میں کل کتنے ہوائی اڈے ہیں؟
جواب : ۱۳۔
سوال : نائیجیریا میں تین بندرگاہیں ہیں نام بتائیں؟
جواب : ہرکورٹ لاگوس۔ وری اور کالابار۔
سوال : نائیجیریا میں اسلام کی روشنی کب پھیلی؟
جواب : ۱۳ ویں صدی عیسوی میں۔
سوال : برطانیہ نے لاگوس پر قبضہ کب کیا تھا؟
جواب : ۱۸۶۱ء میں۔
سوال : وفاق نائیجیریا کب قائم ہوا؟
جواب : یکم اکتوبر ۱۹۵۴ء کو۔
سوال : الحاج ابوبکر بولیوا نائیجیریا کے وزیراعظم کب منتخب ہوئے تھے؟
جواب : ۱۹۵۹ء میں۔
سوال : نائیجیریا وفاقی جمہوریہ کب بنا؟
جواب : ۱۹۶۳ء میں۔
سوال : نائیجیریا میں فوجی انقلاب کب آیا تھا اور اس کے بانی کون تھے؟
جواب : ۱۹۶۶ء میں یہاں فوجی انقلاب آیا اور اس کے بانی جنرل ارونسی تھے۔
سوال : مئی ۱۹۶۶ء میں نائیجیریا کے وفاق کو کس نے توڑا تھا؟
جواب : جنرل ارونسی نے۔
سوال : نائیجیریا میں وفاق دوبارہ کس نے بحال کیا تھا؟
جواب : بری فوج کے چیف آف سٹاف جنرل یعقوب گوون نے۔
سوال : نائیجیریا کا آئین کب منظور ہوا؟
جواب : ۱۹۷۸ء میں۔
سوال : شیخو شگاری نائیجیریا کے صدر کب منتخب ہوئے؟
جواب : اگست ۱۹۸۳ء میں۔
سوال : میجر جنرل محمد بوہاری انقلابی ملٹری کونسل کے سربراہ کب بنے؟

جواب : جنوری ۱۹۸۴ء کو۔
سوال : میجر جنرل محمد بوہاری کے بعد کس نے اقتدار سنبھالا؟
جواب : میجر جنرل ابراہیم بابن گیدا نے۔
سوال : نائیجیریا کے مشہور شہروں کے نام لکھیں؟
جواب : لاگوس۔ اباوان۔ انیگو اور کانو۔
سوال : نیجر کے ہمسایہ ممالک کون کونسے ہیں؟
جواب : لیبیا۔ الجزائر۔ مالی۔ برکینا فاسو۔ بنین۔ نائیجیریا اور چاڈ۔
سوال : نیجر کے بلند ترین پہاڑ کا نام کوہ بیگوزین ہے بلندی بتائیں؟
جواب : کوہ بیگوزین کی بلندی ۶۲۳۴ فٹ ہے۔
سوال : نیجر کے دو مشہور دریاؤں کے نام تحریر کریں؟
جواب : دریا نیجر اور دریا ڈلیا۔
سوال : نیجر کا کل رقبہ کتنا ہے؟
جواب : ۸۹۱۸۹ مربع میل۔
سوال : نیجر کی آبادی کتنے لاکھ نفوس پر مشتمل ہے؟
جواب : ۹۰ لاکھ۔
سوال : نیجر میں فی مربع میل کتنے افراد آباد ہیں؟
جواب : ۱۱۶ افراد۔
سوال : نیجر کی کتنے فیصد آبادی شہروں میں رہتی ہے؟
جواب : ۲۱ فیصد۔
سوال : نیجر میں کون کونسے قبائل آباد ہیں؟
جواب : ہاوسا۔ جرما۔ فولانی اور تاورگ۔
سوال : نیجر کی سرکاری زبان فرانسیسی ہے بتایئے دیگر کونسی مشہور زبانیں بولی جاتی ہیں؟
جواب : ہادسا اور فولانی۔
سوال : نیجر میں کتنے فیصد مسلمان ہیں؟
جواب : ۸۵.۵ فیصد۔
سوال : نیجر میں کون کونسی معدنیات پائی جاتی ہیں؟
جواب : کاسٹرائٹ، جپسم، چونے کا پتھر، سلیشیا، سونا، قلعی، معدنی نمک، ٹنگسٹن، یورینیم، لوہا، کوئلہ، مینگنیز، کیلسیم اور تیل۔
سوال : نیجر کو برآمد کے شعبے میں یورینیم سے کتنی آمدنی حاصل ہوتی ہے؟

سوال : نیجر میں خواندگی کا تناسب کتنا ہے؟
جواب : ۲۸ فیصد۔
سوال : نیجر کی آبادی میں سالانہ کتنی فیصد اضافہ ہو رہا ہے؟
جواب : ۳.۲ فیصد۔
سوال : نیجر کن تنظیموں کا رکن ہے؟
جواب : اقوام متحدہ۔ اسلامی ممالک کی تنظیم۔ افریقی اتحاد کی تنظیم کا۔
سوال : نیجر کو فرانسیسی مغربی افریقہ میں کب شامل کیا گیا تھا؟ ۔
جواب : ۱۸۹۰ء میں۔
سوال : نیجر کو خودمختار علاقہ کب قرار دیا گیا تھا؟
جواب : ۱۹۵۸ء میں۔
سوال : نیجر کو کس ملک سے کب آزادی ملی؟
جواب : ۳ اگست ۱۹۶۰ء کو فرانس سے۔
سوال : نیجر کے پہلے صدر کا نام بتائیں؟
جواب : حمانی ڈیوری۔
سوال : نیجر میں فوجی انقلاب کب رونما ہوا تھا؟
جواب : ۱۵ اپریل ۱۹۷۴ء کو۔
سوال : نیجر کے صدر حمانی ڈیوری کی حکومت کا خاتمہ کس نے کیا تھا؟
جواب : لیفٹیننٹ کرنل سینی کونچے نے۔
سوال : نیجر کے نائب صدر سینے سونا میدو کو کب اور کس الزام میں گرفتار کیا گیا تھا؟
جواب : سینے سونا میدو کو اگست ۱۹۷۵ء میں صدر سینی کونچے کی حکومت کا تختہ الٹنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا۔
سوال : نیجر میں تیل اور فاسفیٹ کے ذخائر کب دریافت ہوئے؟
جواب : ۱۹۷۵ء میں۔
سوال : کرنل علی صیبو نیجر کے صدر کب بنے؟
جواب : ۱۴ نومبر ۱۹۸۷ء کو۔
سوال : کرنل علی صیبو کو دوبارہ نیجر کا صدر کب منتخب کیا گیا؟
جواب : دسمبر ۱۹۸۹ء میں۔
سوال : احمد و چیفو نے نیجر کے وزیراعظم کا عہدہ کب سنبھالا؟
جواب : ۲۷ اکتوبر ۱۹۹۱ء کو۔
سوال : محمد و لسونو کس ملک کے وزیراعظم تھے؟

جواب : نیجر کے۔
سوال : یمن کے دو ہمسایہ ممالک کے نام بتائیں؟
جواب : سعودی عرب اور عمان۔
سوال : یمن میں فی مربع میل کتنے افراد بستے ہیں؟
جواب : ۱۴۸ افراد۔
سوال : یمن میں کتنے فیصد عرب آباد ہیں؟
جواب : ۹ فیصد۔
سوال : یمن کے کس شہر کا ذکر بائیبل میں بھی آیا ہے؟
جواب : عدن کا۔
سوال : یمن کے تجارتی دارالحکومت کا نام بتائیں؟
جواب : عدن۔
سوال : یمن میں ۵۳ فیصد سنی مسلمان ہیں بتایئے شیعہ مسلمان کتنے فیصد ہیں؟
جواب : ۴۶ فیصد
سوال : یمن میں کس زبان کو سرکاری زبان کا درجہ حاصل ہے؟
جواب : عربی کو
سوال : نیجر کی قومی آمدنی میں صنعت کا کتنا حصہ ہے؟
جواب : دس فیصد۔
سوال : نائیجیریا کی قومی آمدنی میں صنعت کا کتنا حصہ ہے؟
جواب : ۵ فیصد۔
سوال : بتایئے یمن کے سکے کو کیا نام دیا گیا ہے؟
جواب : ریال۔
سوال : یمن کی کتنی فیصد آبادی زراعت سے منسلک ہے؟
جواب : ۶۴ فیصد۔
سوال : یمن کی قوم آمدنی میں زراعت کا کتنا حصہ ہے؟
جواب : ۲۵ فیصد۔
سوال : یمن میں کون کونسی معدنیات پائی جاتی ہیں؟
جواب : کوئلہ' لوہا' نمک' تانبا' چاندی' گندھک' یورینیم' سونا' پٹاشیم اور زرکون۔
سوال : یمن کی کتنے فیصد آبادی صنعت اور تجارت سے وابستہ ہے؟
جواب : ۳۲ فیصد۔
سوال : یمن کی قومی آمدنی میں صنعت کا کتنا حصہ ہے؟

جواب : ۱۸ فیصد۔

سوال : یمن میں خواندگی کا تناسب کتنا ہے؟

جواب : ۳۸ فیصد۔

سوال : یمن کے مردوں کی اوسط عمر ۴۹ برس ہے بتایئے عورتوں کی اوسط عمر کتنی ہے؟

جواب : ۵۱ برس۔

سوال : یمن کی آبادی میں سالانہ کتنی فیصد اضافہ ہو رہا ہے؟

جواب : ۳.۰ فیصد۔

سوال : یمن میں کتنے ہوائی اڈے ہیں؟

جواب : ۱۳۔

سوال : یمن کی تین مشہور بندرگاہوں کے نام تحریر کریں؟

جواب : الحدیدہ۔ المخی اور عدن۔

سوال : یمن میں کس قسم کی حکومت قائم ہے؟

جواب : پارلیمانی۔

سوال : یمن میں صدر کے عہدے کی میعاد کتنے سال ہے؟

جواب : پانچ سال

سوال : یمن کن تنظیموں کا رکن ہے؟

جواب : اقوام متحدہ۔ عرب لیگ اور اسلامی ممالک کی تنظیم کا

سوال : بائبل میں کس ملکہ کے بارے میں یہ حوالہ موجود ہے کہ اس نے حضرت سلیمان کی خدمت میں سونے اور قیمتی پتھروں کے تحائف پیش کئے تھے؟

جواب : ملکہ سبا کے بارے میں۔

سوال : کرنل ابراہیم الحمیدی کو کب قتل کیا گیا؟

جواب : ۱۹۷۷ء میں۔

سوال : یمن میں ۱۳ جون ۱۹۷۴ء کے فوجی انقلاب میں کس نے حکومت پر قبضہ کرلیا تھا؟

جواب : کرنل ابراہیم الحمیدی نے۔

سوال : علی عبداللہ صالح کس ملک کے صدر تھے؟

جواب : یمن کے۔

سوال : یوگنڈا کے دو ہمسایہ ممالک کے نام بتائیں؟

جواب : کینیا اور سوڈان۔

سوال : یوگنڈا کے جنوب مشرق میں کونسی جھیل ہے؟

جواب : افریقہ کی مشہور جھیل وکٹوریہ۔

سوال : یوگنڈا میں فی مربع میل کتنے افراد بستے ہیں؟

جواب : ۲۰۰ افراد۔

سوال : یوگنڈا کے دو مشہور شہروں کے نام لکھیں؟

جواب : جنجا اور مساکا۔

سوال : یوگنڈا کی سرکاری زبان انگریزی ہے بتائیے دیگر کونسی مشہور زبانیں بولی جاتی ہیں؟

جواب : سواحلی اور یوگنڈا۔

سوال : یوگنڈا کے کتنے فیصد رقبے پر کاشت کی جاتی ہے؟

جواب : ۲۳ فیصد۔

سوال : یوگنڈا کی کتنے فیصد آبادی زراعت سے منسلک ہے؟

جواب : ۹۰ فیصد۔

سوال : یوگنڈا کی قومی آمدنی میں زراعت کا کتنا حصہ ہے؟

جواب : ۵۱ فیصد

سوال : یوگنڈا میں کون کون سی معدنیات پائی جاتی ہیں؟

جواب : تانبا، کوبالٹ، [illegible]

سوال : یوگنڈا کی کتنی فیصد آبادی صنعت اور تجارت سے وابستہ ہے؟

جواب : [illegible] فیصد

سوال : یوگنڈا میں کس مذہب کو سرکاری مذہب کا درجہ حاصل ہے؟

جواب : اسلام کو۔

سوال : یوگنڈا کے کس صدر نے اور کب تمام بیرونی کمپنیوں کو قومی تحویل میں لے لیا تھا؟

جواب : صدر عیدی امین نے ۱۹۷۳ء میں۔

سوال : یوگنڈا میں خواندگی کا تناسب کتنا ہے؟

جواب : ۵۲ فیصد۔

سوال : یوگنڈا کے مردوں کی اوسط عمر ۵۰ سال ہے۔ بتائیے عورتوں کی اوسط عمر کتنی ہے؟

جواب : ۵۲ سال۔

سوال : یوگنڈا کی آبادی میں سالانہ کتنا اضافہ ہو رہا ہے؟

جواب : ۳.۵ فیصد۔

سوال : یوگنڈا کے ہسپتالوں میں کتنے افراد کے لئے ایک بستر ہے؟

جواب : ۸۱۷ افراد کے لئے۔

سوال : یوگنڈا میں کتنے افراد کے لئے ایک ڈاکٹر ہے؟

جواب : ۳۰ ہزار افراد کے لئے۔

سوال : یوگنڈا میں نابالغوں کی شرح اموات کتنی ہے؟
جواب : ۹۳ فی ہزار۔
سوال : یوگنڈا کی ریلوے لائن کی لمبائی بتائیں؟
جواب : ۷۵۵ میل۔
سوال : یوگنڈا کی فضائی سروس کا نام بتائیں؟
جواب : یوگنڈا ائیر لائنز۔
سوال : یوگنڈا میں کتنے ہوائی اڈے ہیں؟
جواب : دو۔
سوال : یوگنڈا کن تنظیموں کا رکن ہے؟
جواب : اقوام متحدہ۔ افریقی اتحاد کی تنظیم۔ دولت مشترکہ اور اسلامی ممالک کی تنظیم کا۔
سوال : امپیرئیل برٹش ایسٹ افریقن کمپنی کب قائم ہوئی؟
جواب : ۱۸۸۸ء میں۔
سوال : برطانیہ نے یوگنڈا کی حفاظت کا انتظام اپنے ذمے کب لیا تھا؟
جواب : ۱۸۹۴ء میں۔
سوال : یوگنڈا کے پہلے صدر اور وزیراعظم کا نام بتائیں؟
جواب : شاہ موتیسہ یوگنڈا کے پہلے صدر اور ملٹن ابوٹے یوگنڈا کے پہلے وزیراعظم تھے۔
سوال : فروری ۱۹۶۶ء میں کس نے یوگنڈا کا آئین معطل کر دیا تھا؟
جواب : ملٹن ابوٹے نے۔
سوال : شاہ موتیسہ کے بعد کس نے یوگنڈا کے صدر کا عہدہ سنبھالا؟
جواب : ملٹن ابوٹے نے۔
سوال : ملٹن ابوٹے کی حکومت کا خاتمہ کس نے کیا تھا؟
جواب : میجر جنرل عیدی امین نے۔
سوال : صدر عیدی امین نے غیر ملکیوں کو یوگنڈا سے نکل جانے کا حکم کب دیا تھا؟
جواب :
سوال : یوگنڈا کے صدر عیدی امین نے تنزانیہ کے ساتھ جنگ کب شروع کی؟
جواب : ۲۸ جولائی ۱۹۷۶ء میں۔
سوال : تنزانیہ نے یوگنڈا کے دارالحکومت کمپالا پر قبضہ کب کیا تھا؟
جواب : ۱۱ اپریل ۱۹۷۹ء کو۔
سوال : کیا صدر عیدی امین لیبیا بھاگ گیا تھا؟
جواب : جی ہاں۔

سوال : یوسیفو کرونڈے لولے یوگنڈا کے صدر کب بنے؟
جواب : ۱۳ اپریل ۱۹۷۹ء کو۔
سوال : یوگنڈا کے صدر یوسیفو لولے کو کب برطرف کیا گیا؟
جواب : ۲۰ جون ۱۹۷۹ء کو۔
سوال : صدر یوسیفو کرونڈے کے بعد کس نے اقتدار سنبھالا؟
جواب : گاڈفرے بناسانے۔
سوال : شمال مشرقی یوگنڈا میں قحط کب پڑا تھا؟
جواب : ۱۹۸۰ء میں۔
سوال : یوگنڈا نے ۱۹۷۶ء میں تنزانیہ کے کتنے مربع میل رقبے پر قبضہ کرلیا تھا؟
جواب : ۷۰۰ مربع میل رقبے پر۔
سوال : یوگنڈا کے صدر گاڈفرے بناسا کی حکومت کا تختہ کس نے الٹایا؟
جواب : جنرل ڈیوڈ آسیٹے نے۔
سوال : مئی ۱۹۸۰ء میں کسے یوگنڈا کا صدر منتخب کیا گیا تھا؟
جواب : سابق صدر ملٹن ابوٹے کو۔
سوال : یوگنڈا کی چار جھیلوں کے نام تحریر کریں؟
جواب : جھیل ایڈورڈ۔ جھیل ابرت۔ جھیل کیوبا اور جھیل کوانائی۔
سوال : ایتھوپیا کے ہمسایہ ممالک کے نام بتائیں؟
جواب : سوڈان۔ جبوتی۔ صومالیہ اور کینیا۔
سوال : ایتھوپیا کا کل رقبہ کتنا ہے؟
جواب : ۱۲ لاکھ مربع کلومیٹر۔
سوال : ایتھوپیا کی آبادی کتنی ہے؟
جواب : چار کروڑ سات لاکھ۔
سوال : ایتھوپیا میں کتنے فیصد مسلمان ہیں؟
جواب : ۳۵ فیصد۔
سوال : ایتھوپیا کی سرکاری زبان کونسی ہے؟
جواب : امہاری۔
سوال ایتھوپیا کے دارالخلافہ کا نام بتائیں؟
جواب : ادیس آبابا۔
سوال : ایتھوپیا کا کتنی فیصد رقبہ قابل کاشت ہے؟
جواب : ۱۲ فیصد۔

سوال : ایتھوپیا کے ۴۱ فیصد رقبے پر چراگاہیں ہیں بتائیے کتنے فیصد رقبے پر جنگلات ہیں؟
جواب : ۲۴ فیصد۔
سوال : ایتھوپیا میں خواندگی کا تناسب کتنا ہے؟
جواب : ۱۸ فیصد۔
سوال : ایتھوپیا کے لوگوں کی اوسط عمر کتنی ہے؟
جواب : ۳۸ برس۔
سوال : ایتھوپیا کی تمام درآمد و برآمد کس بندرگاہ سے کی جاتی ہے؟
جواب : جبوتی کی بندرگاہ سے۔
سوال : ایتھوپیا کی زراعت کا انحصار کس قسم کی آب پاشی پر ہے؟
جواب : یہاں زراعت کا دارومدار بارش پر ہے۔ اگر بارش زیادہ اور بروقت ہو جائے۔ تو فصل کی پیداوار بہت بڑھ جاتی ہے۔
سوال : ایتھوپیا کی کتنے فیصد آبادی کا دارومدار زراعت پر ہے؟
جواب : ۸۵ فیصد۔
سوال : اسلامی ممالک میں تیل کے ذخائر کہاں کہاں پائے جاتے ہیں؟
جواب : ایران' کویت' عراق' سعودی عرب' متحدہ عرب امارات' ترکمانستان' لیبیا' الجزائر' قطر' عمان' مصر' شام' بحرین' ترکی' تیونس' پاکستان اور انڈونیشیا میں۔
سوال : سب سے عمدہ تیل کس اسلامی ملک سے نکلتا ہے؟
جواب : لیبیا سے۔
سوال : اسلامی ممالک میں گیس کے ذخائر کہاں کہاں پائے جاتے ہیں؟
جواب : پاکستان' بنگلہ دیش' الجزائر' ایران' سعودی عرب' عراق' کویت' متحدہ عرب امارات' مصر' ترکمانستان' مراکش' تیونس' عمان اور افغانستان میں۔
سوال : مسلم دنیا میں کوئلے کے ذخائر کہاں کہاں پائے جاتے ہیں؟
جواب : افغانستان' البانیہ' الجزائر' انڈونیشیا' ایران' بنگلہ دیش' مراکش' پاکستان' ترکی' سوڈان' صومالیہ' نائیجیریا' نیجر' یمن' ازبکستان اور کزاخستان میں۔
سوال : بھورا کوئلہ کسے کہا جاتا ہے؟
جواب : لگنائٹ کو۔
سوال : ترکی میں لگنائٹ کی سالانہ پیداوار کتنی ہے؟
جواب : تقریباً بیس ملین ٹن۔
سوال : بتائیے مینگانیز کے ذخائر کن مسلم ممالک میں پائے جاتے ہیں؟
جواب : ترکی' پاکستان' ایران' گیبون' سوڈان' مراکش' مصر اور یوگنڈا میں۔

جواب : ترکی' شام' انڈونیشیا' پاکستان' بنگلہ دیش' سوڈان اور گنی میں۔
سوال : بتایئے سیب کی پیداوار کیلئے کون کونسے ملک مشہور ہیں؟
جواب : افغانستان' ایران اور پاکستان۔
سوال : ناریل اور انناس کی پیداوار کے لئے کون سے ملک مشہور ہیں؟
جواب : بنگلہ دیش' انڈونیشیا' ملائشیا اور مالدیپ۔
سوال : انگور کی پیداوار کے لئے کون سے ملک شہرت رکھتے ہیں؟
جواب : افغانستان اور پاکستان۔
سوال : ریشمی کپڑے کے کارخانے کن اسلامی ممالک میں ہیں؟
جواب : پاکستان' ایران' ترکی اور انڈونیشیا میں۔
سوال : ربڑ کی مصنوعات تیار کرنے کے لئے کونسے ملک مشہور ہیں؟
جواب : انڈونیشیا اور پاکستان۔
سوال : چمڑا اور اس کی مصنوعات تیار کرنے کے لئے کونسے ممالک مشہور ہیں؟
جواب : مراکش' تیونس' ترکی' الجزائر' عراق' بنگلہ دیش' انڈونیشیا' پاکستان اور افغانستان۔
سوال : پلاسٹک کے برتن بنانے کے کارخانے کہاں کہاں واقع ہیں؟
جواب : پاکستان' ایران اور ترکی میں۔
سوال : سائیکلیں کن ممالک میں تیار ہوتی ہیں؟
جواب : پاکستان' بنگلہ دیش' افغانستان اور انڈونیشیا میں۔
سوال : تیل صاف کرنے کے کارخانے کہاں کہاں واقع ہیں؟
جواب : ایران' پاکستان' ترکی' سعودی عرب اور یمن۔
سوال : ادویہ اور کیمیائی اشیاء کن ملکوں میں تیار ہوتی ہیں؟
جواب : پاکستان' ایران' عراق' ترکی اور بنگلہ دیش میں۔
سوال : ماچس تیار کرنے کے کارخانے کن مسلم ممالک میں واقع ہیں؟
جواب : پاکستان' انڈونیشیا' ایران' بنگلہ دیش' بحرین اور یمن۔
سوال : کاغذ تیار کرنے کے کارخانے کن ممالک میں قائم ہیں؟
جواب : پاکستان' مصر' ترکی' انڈونیشیا میں۔
سوال : مینگانیز دھات کس کام آتی ہے؟
جواب : کیمیائی اشیاء تیار کرنے کے کام آتی ہے۔
سوال : ۱۹۹۳ء میں ایران نے کتنا لوہا پیدا کیا؟
جواب : ۱۰۹۳ ملین ٹن۔
سوال : ملکی غلہ اور اجناس میں کیا درجہ ہے؟

جواب : مکئی کا شمار گندم اور چاول کے بعد تیسرے نمبر پر آتا ہے۔

سوال : چھوٹے ہوائی جہاز کس ملک میں بنتے ہیں؟

جواب : پاکستان میں۔

سوال : درآمدی' برآمدی تجارت کسے کہتے ہیں؟

جواب : جو اشیاء ملک سے باہر بھیجی جائیں وہ برآمد کہلاتی ہیں اور باہر سے آنے والے اشیاء کو درآمد کہتے ہیں۔

سوال : مسلم دنیا کے ممالک کتنی برآمدات کرتے ہیں؟

جواب : مسلم ممالک کے تمام ملکوں کی برآمد صرف تین ملکوں سنگاپور' تائیوان اور جنوبی کوریا کے برابر ہے۔

سوال : مسلم ممالک کا کل کتنا رقبہ قابل کاشت ہے؟

جواب : ۲۰۰ ملین ہیکٹر۔

سوال : اسلامی ممالک کتنی مالیت کی غذائی اشیاء درآمد کرتے ہیں؟

جواب : تقریباً ۲۵ ملین امریکی ڈالر کی۔

سوال : ۲۰۰۰ء تک مسلم ملکوں کی درآمد کتنی ہو جائے گی؟

جواب : اگر اسلامی ملکوں نے زراعت کے شعبہ میں ترقی اور آبادی پر کنٹرول نہ کیا تو ۲۰۰۰ء تک ان کی درآمدات ۳۶ ملین ٹن سے بڑھ کر ۸۰ ملین ٹن ہو جائے گی۔

سوال : کن اسلامی ممالک میں کپاس نہیں ہوتی دو ملکوں کے نام بتائیں؟

جواب : متحدہ عرب امارات اور عراق

سوال : کپاس کن ممالک کو برآمد کی جاتی ہے؟

جواب : برطانیہ' فرانس' جرمنی' جاپان اور امریکہ کو۔

سوال : بنگلہ دیش میں پٹ سن کے کارخانے کن کن شہروں میں قائم کیے گئے ہیں؟

جواب : ڈھاکہ' میمن سنگھ' چٹاگانگ' نواکھلی اور سلہٹ میں۔

سوال : پاکستان میں پٹ سن کے کارخانے کن شہروں میں لگائے گئے ہیں؟

جواب : جڑانوالہ' مظفر گڑھ اور کوٹری میں۔

سوال : بنگلہ دیش مسلم ممالک کے علاوہ پٹ سن اور اس کی مصنوعات کن ممالک کو برآمد کرتا ہے؟

جواب : برطانیہ' ہالینڈ' وسطی ایشیا' جاپان' جرمنی اور روس کو۔

سوال : پاکستان اور مصر کا چاول کن ملکوں کو برآمد کیا جاتا ہے؟

جواب : برطانیہ' کویت' لیبیا' متحدہ عرب امارات' سعودی عرب' ایران اور جرمنی کو۔

سوال : قہوہ سب سے زیادہ کہاں پیدا ہوتا ہے؟

سوال : اسلامی دنیا میں نکل کے ذخائر کہاں کہاں پائے جاتے ہیں؟
جواب : مراکش، ترکی اور انڈونیشیا میں۔
سوال : اسلامی دنیا میں قلعی کے ذخائر کہاں کہاں پائے جاتے ہیں؟
جواب : ملائشیا، نائیجیریا اور ایران۔
سوال : مسلم ممالک میں فاسفیٹ کے ذخائر کہاں کہاں پائے جاتے ہیں؟
جواب : اردن، سینی گال، مصر، تیونس، لبنان، مالی، ایران، ترکی، مراکش میں۔
سوال : مسلم دنیا میں جست کے ذخائر کہاں کہاں پائے جاتے ہیں؟
جواب : الجزائر، مراکش، تاجکستان، کزاخستان، تیونس، ایران اور ترکی۔
سوال : سونے کے ذخائر کن مسلم ممالک میں پائے جاتے ہیں؟
جواب : انڈونیشیا، سعودی عرب، نائیجیریا، یمن اور ازبکستان میں۔
سوال : مسلم دنیا میں نمک کی سب سے بڑی کان کہاں پائی جاتی ہے؟
جواب : کھیوڑہ (پاکستان) میں۔
سوال : گندم کی فصل کے لئے کونسے ممالک مشہور ہیں؟
جواب : ترکی، الجزائر، اردن، ایران، سعودی عرب، پاکستان، مراکش، شام، عراق، فلسطین، مصر، سوڈان اور لبنان۔
سوال : کپاس کی فصل کے لئے کون کونسے مسلم ممالک مشہور ہیں؟
جواب : مصر، سوڈان، پاکستان، ایران، ترکی، شام، چاڈ اور ازبکستان۔
سوال : مکئی کی فصل کن مسلم ممالک میں کاشت کی جاتی ہے؟
جواب : مصر، سوڈان، انڈونیشیا، ترکی، تیونس، پاکستان، بنگلہ دیش اور افغانستان میں۔
سوال : دنیا کی کل پیداوار کا کتنی فیصد پٹ بنگلہ دیش سے حاصل ہوتا ہے؟
جواب : ۷۰ فیصد۔
سوال : پاکستان میں پٹ سن کی کاشت کب سے کی جارہی ہے؟
جواب : ۱۹۷۱ء سے۔
سوال : چائے کے لئے کون سے مسلم ممالک مشہور ہیں؟
جواب : بنگلہ دیش، ملائشیا اور انڈونیشیا، پاکستان۔
سوال : باجرے کی چھوٹی قسم کو کیا کہتے ہیں؟
جواب : باجری۔
سوال : جو کی فصل کن مسلم ممالک میں کاشت کی جاتی ہے؟
جواب : پاکستان، مصر، ترکی، ایران، بنگلہ دیش، سعودیہ، صومالیہ، سوڈان اور مراکش میں۔
سوال : تمباکو مصر کے علاوہ کن ممالک میں کاشت کیا جاتا ہے؟

جواب : انڈونیشیا میں۔

سوال : تیل کن ممالک کو برآمد کیا جاتا ہے؟

جواب : تیل برآمد کرنے والے ممالک میں امریکہ' برطانیہ' فرانس' جاپان اور کوریا سرفہرست ہیں۔

سوال : اسلامی ممالک کی افرادی قوت کون کونسے شعبوں میں استعمال کی جاتی ہے؟

جواب : زراعت' کان کنی' صنعت' گلہ بانی اور ماہی گیری کے علاوہ ملازمت اور مزدوری میں بھی کھپ جاتی ہے۔

سوال : صنعتی ممالک کے نام تحریر کریں؟

جواب : پاکستان' ایران' ترکی' مصر' بنگلہ دیش' عراق' انڈونیشیا' لیبیا اور ازبکستان۔

سوال : پاکستان کی کتنی فیصد آبادی صنعت سے وابستہ ہے؟

جواب : ۱۳ فیصد۔

سوال : کن ممالک کے لوگ ماہی گیری سے منسلک ہیں؟

جواب : انڈونیشیا' بنگلہ دیش' الجزائر' مصر' لیبیا' کویت' سعودی عرب اور یمن۔

سوال : کاغذ کس کی ایجاد ہے؟

جواب : مسلمانوں کی۔

سوال : یہ کس نے کہا تھا "کہ سائنس کے اسلامی عہد کا مطالعہ کئے بغیر تاریخ سائنس مکمل نہیں ہوتی؟

جواب : تاریخ سائنس کے بانی جارج سارٹن نے۔

سوال : ایک زاویہ کو تین حصوں میں تقسیم کرنے کا طریقہ کس نے دریافت کیا تھا؟

جواب : بنو شاکر نے۔

سوال : الخوارزمی کی تحقیق سے پہلے اعداد کو کیسے لکھا جاتا تھا؟

جواب : اعداد حروف میں لکھے جاتے تھے۔ جیسے ایک کو (I) پانچ کو (V) اور دس کو (X) اور اسی طرح آگے ہی آگے بڑھتے تھے۔

سوال : البتانی کے مشاہدات کا سلسلہ کب سے کب تک جاری رہا؟

جواب : ۸۷۷ سے ۹۱۸ تک۔

سوال : زاویے کو تین مساوی حصوں میں تقسیم کرنے کا طریقہ کس نے ایجاد کیا تھا؟

جواب : ثابت بن قرہ نے۔

سوال : والٹر نے اپنی کتاب آزمائش اور تاریخ عمومی میں ریاضی کے متعلق کیا لکھا ہے؟

جواب : کہ تمام علوم ریاضی مسلمانوں کی ایجاد ہیں۔

سوال : خلیفہ مامون الرشید نے پہلی رصدگاہ کہاں اور کس کی سرپرستی میں قائم کی تھی؟

جواب : [illegible]

سوال : شماسیہ اور دمشق میں رصد گاہیں کب قائم کی گئیں؟
جواب : ۲۱۴ ہجری میں۔
سوال : فضائی مظاہرے کے بارے میں کتاب کس نے تحریر کی تھی؟
جواب : الزیزی نے۔
سوال : کتاب "زیج البتانی" کے مصنف کا نام بتائیں؟
جواب : البتانی۔
سوال : کتاب زیج البتانی کا سب سے پہلے کب اور کس زبان میں ترجمہ ہوا؟
جواب : ۱۱۱۴ء لاطینی زبان میں۔
سوال : البتانی کے نظریات کی کسی مغربی ہیئت دان نے تصدیق کی تھی؟
جواب : کوپر نیکس نے۔
سوال : سارٹن نے کس مسلمان سائنسدان کو ہر دور کا سائنس دان قرار دیا ہے؟
جواب : البیرونی کو۔
سوال : اصطرلاب کا موجودہ نام کیا ہے؟
جواب : دوربین۔
سوال : سلطان ٹیپو کے راکٹوں کے بارے میں برطانوی آفسر مسٹر بیلے کا کیا کہنا تھا؟
جواب : کہ ہم ان راکٹوں سے ہر وقت خوفزدہ رہتے تھے۔ اور ہمیں ہر لمحہ ان کے گرنے کا خطرہ رہتا تھا۔
سوال : دنیا کا پہلا مصنوعی سیارہ سپوتنک اول کب اور کس نے فضا میں چھوڑا تھا؟
جواب : ۴ اکتوبر ۱۹۵۷ء میں روس نے۔
سوال : مصنوعی سیاروں کا نظریہ کس کا ہے؟
جواب : عربوں کا۔
سوال : راجر بیکن نے ابن الہیثم کی کس کتاب کا ترجمہ کیا تھا؟
جواب : کتاب المناظر کا۔
سوال : قیمتی دھاتوں اور پتھروں کا وزن مخصوص کس کی دریافت ہے؟
جواب : البیرونی کی۔
سوال : رسالہ تجربات کس نے لکھا تھا؟
جواب : البیرونی نے۔
سوال : قوس قزح کی پہلی مرتبہ تشریح کس نے کی تھی؟
جواب : قطب الدین شیرازی اور ان کے شاگرد کمال الدین نے۔
سوال : خلیفہ ہارون الرشید نے شاہ فرانس کو گھڑی کا تحفہ بھیجا تھا اس میں کیا خاص بات تھی؟

جواب : اس گھڑی میں جب ایک بجتا تو ایک سوار باہر آتا۔ دو بجے دو اور تین بجے تین اور اسی طرح بارہ بجے بارہ سوار باہر آتے تھے۔

سوال : کلاک ٹاور کس کی ایجاد ہے؟

جواب : ابن الساعتی کی۔

سوال : اس پہلے مسلمان سائنس دان کا نام بتائیں جنہوں نے روشنی کی رفتار کو ثابت کرنے کے علاوہ روشنی کی رفتار کا نظریہ بھی پیش کیا تھا؟

جواب : بو علی سینا۔

سوال : عباس بن فرناس نے کتنے فٹ کی بلندی سے اور کتنے میٹر تک پرواز کی تھی؟

جواب : تیس فٹ کی بلندی سے تین سو میٹر تک پرواز کی۔

سوال : روئی کا کاغذ کب اور کس نے ایجاد کیا تھا؟

جواب : ۷۰۶ء میں یوسف بن عمرو نے۔

سوال : پانی اور ہوا کی مدد کے بغیر چلنے والی چکی کس نے بنائی تھی؟

جواب : شیرازی نے۔

سوال : غرق شدہ جہاز نکالنے والے آلات کس نے ایجاد کیے تھے؟

جواب : ابوالصلت۔

سوال : جابر بن حیان نے کتنے عناصر دریافت کیے تھے؟

جواب : ۱۹ عناصر۔

سوال : کس مسلمان کیمیا دان نے اشیاء کو معدنی' نباتاتی اور حیوانی اقسام میں تقسیم کرنے کا نظریہ پیش کیا تھا؟

جواب : محمد ابن زکریا الرازی نے۔

سوال : ابوبکر رازی نے علم کیمیا پر کتنی کتابیں تحریر کی تھیں؟

جواب : ۱۲ کتابیں۔

سوال : عبدالمالک اصمعی نے جنگلی جانوروں سے متعلق کونسی کتاب لکھی؟

جواب : الوحوش۔

سوال : عبدالمالک اصمعی نے اونٹوں کے متعلق کونسی کتاب تحریر کی تھی؟

جواب : الابل۔

سوال : کتاب خلق انسانی کے مصنف کا نام بتائیں؟

جواب : عبدالمالک اصمعی۔

سوال : عمرو بن بحر الجاحظ کس کے شاگرد تھے؟

جواب : عبدالمالک اصمعی کے۔

سوال : الدمیری نے جانوروں سے متعلق کونسی کتاب لکھی تھی؟
جواب : حیات الحیوان۔
سوال : کتاب حیات الحیوان کا انگریزی میں ترجمہ کب شائع ہوا؟
جواب : ۱۹۰۶ء میں۔
سوال : پوٹاشیم نائٹریٹ اور سلفیورک ایسڈ کس کی ایجاد ہیں؟
جواب : جابر بن حیان کی۔
سوال : جابر بن حیان کی کتاب الکیمیا کا ترجمہ کس نے کیا تھا؟
جواب : رابرٹ چسٹر نے۔
سوال : جابر بن حیان کی کتاب العین کا لاطینی زبان میں ترجمہ کس مترجم نے کیا تھا؟
جواب : جیرارڈ نے۔
سوال : ابن سینا کس دور کے طبیب تھے اور ان کا تعلق کہاں سے تھا؟
جواب : ابن سینا کا دور ۹۸۰ء سے ۱۰۳۷ء کا ہے وہ ایرانی تھے۔
سوال : تھرمامیٹر کس نے ایجاد کیا تھا؟
جواب : ابن سینا نے۔
سوال : فارما کوپیا میں کتنی ادویات کا ذکر ہے؟
جواب : ۷۶۰ ادویات کا۔
سوال : کتاب الوان کے مصنف کا نام بتائیں؟
جواب : حنین بن اسحاق نے۔
سوال : ابن الجرار کی کسی ایک کتاب کا نام لکھیں؟
جواب : زاد المسافر۔
سوال : طاعون پر کتاب کس نے لکھی تھی؟
جواب : ابن الخطیب نے۔
سوال : فخر الرازی نے علم طب پر کتنی کتابیں تحریر کی تھیں؟
جواب : ۶ کتابیں۔
سوال : دواسازی کے طریقے کو کس نے ایجاد کیا تھا؟
جواب : مسلمانوں نے۔
سوال : بتائیے مصر میں جہاز سازی کا پہلا کارخانہ کب اور کہاں قائم ہوا تھا؟
جواب : ۵۴ھ جزیرہ روضہ میں۔
سوال : دار الصناعۃ کس نے بنایا تھا اور اس میں کتنے جنگی جہاز تیار ہوتے تھے؟
جواب : معز الدین فاطمی نے بنایا تھا اور اس میں چھ سو جنگی جہاز تیار ہوتے تھے۔

سوال : غراب جہاز کتنے ڈنڈوں سے چلایا جاتا تھا؟
جواب : ۱۴۳ ڈنڈوں سے۔
سوال : حراقہ جہاز کے پیچھے کونسا جہاز چلتا تھا؟
جواب : عراری جہاز۔
سوال : کیا مرکوس جہاز پانی لے جانے کے لئے استعمال ہوتا تھا؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : امیر البحر کس کا لقب ہے؟
جواب : جنگی بیڑے کے قائد کا۔
سوال : عربی میں بڑی کشتی کو کیا کہتے ہیں؟
جواب : فلک۔
سوال : ابن بطوطہ نے کتنے سال کی عمر میں سیاحت کا آغاز کیا تھا؟
جواب : ۲۱ سال کی عمر میں۔
سوال : ابن بطوطہ کا سفرنامہ کتنی زبانوں میں چھپ چکا ہے؟
جواب : ۱۵ زبانوں میں۔
سوال : جغرافیے کی پہلی کتاب کس نے لکھی تھی اور اس کا کیا نام تھا؟
جواب : الخوارزمی نے اور اس کتاب کا نام صورت الارض تھا۔
سوال : آلات پیمائش کس نے ایجاد کئے تھے؟
جواب : محمد بن موسیٰ نے۔
سوال : ابن بطوطہ کتنے سال تک دہلی کے دربار سے منسلک رہے؟
جواب : آٹھ سال تک۔
سوال : اسلامی ممالک کے خام مال کا کتنے فیصد حصہ غیر اسلامی ممالک کو فراہم کیا جاتا ہے؟
جواب : چالیس فیصد حصہ۔
سوال : مسلم ممالک اپنے دفاع کے لئے کل قومی آمدنی میں سے ہر سال کتنی رقم خرچ کرتے ہیں؟
جواب : ۸ فیصد۔
سوال : سعودی عرب اپنے دفاع پر ہر سال کتنی رقم خرچ کرتا ہے؟
جواب : ۱۷ فیصد۔
سوال : کس ملک کا شمار دنیا کے اوسط درجے کی آمدنی رکھنے والے ۳۵ ممالک میں ہوتا ہے؟
جواب : الجزائر۔
سوال : مشرق بعید کا تیل پیدا کرنے والا سب سے بڑا ملک کونسا ہے؟

جواب : انڈونیشیا۔

سوال : انڈونیشیا کے تیل کا کتنی فیصد حصہ جاپان کو مہیا کیا جاتا ہے؟

جواب : ۷۰ فیصد حصہ۔

سوال : انڈونیشیا کے تیل کا کتنی فیصد حصہ امریکہ کو بھیجا جاتا ہے؟

جواب : ۱۰ فیصد۔

سوال : بحرین کی کتنی فیصد معیشت کا انحصار تیل پر ہے؟

جواب : ۸۰ فیصد۔

سوال : برونائی کے تیل کا سب سے بڑا خریدار کونسا ملک ہے؟

جواب : جاپان۔

سوال : کیا پاکستان سٹیل کے معاملے میں خود کفیل ہے؟

جواب : جی ہاں۔

سوال : ترکی کی کونسی اون دنیا بھر میں مشہور ہے؟

جواب : انگورا بکری کی اون۔

سوال : ترکی سالانہ انگورا بکری کی کتنی اون برآمد کرتا ہے؟

جواب : تقریباً ۹۰۰۰ ٹن۔

سوال : سعودی عرب کے بجٹ کے کتنے فیصد اخراجات تیل کی آمدنی سے پورے لئے جاتے ہیں؟

جواب : ۹۰ فیصد۔

سوال : تیل پیدا کرنے والا دنیا کا آٹھواں بڑا ملک کونسا ہے؟

جواب : نائیجیریا۔

سوال : پاکستان کا راکٹ راہبر اول ۸۰ میل کی بلندی تک گیا تھا بتایئے اس کی رفتار کتنی تھی؟

جواب : دو ہزار چار سو میل فی گھنٹہ۔

سوال : پاکستان کا پہلا مصنوعی سیارہ بدر اول خلاء میں چھوڑنے کے لئے کب تیار کیا گیا؟

جواب : ۱۷ فروری ۱۹۸۹ء کو۔

سوال : بدر اول کی جسامت ساڑھے تین مکعب فٹ ہے بتایئے اس کا وزن کتنا ہے؟

جواب : ۵۰ کلوگرام۔

سوال : بدر اول نے کتنے منٹ میں زمین کا ایک چکر مکمل کیا اور اس پر کتنی لاگت آئی تھی؟

جواب : بدر اول ہر ۹۸ منٹ میں زمین کا ایک چکر مکمل کرتا رہا۔ اور اس پر ۳۵ ملین روپے لاگت آئی تھی۔

سوال : ڈاکٹر امان اللہ نے کشش ثقل کا نیا نظریہ کب پیش کیا؟

جواب : ۱۵ مارچ ۱۹۸۷ء میں۔
سوال : پاکستان میں سب سے پہلے کمپیوٹر نے کب کام کرنا شروع کیا تھا؟
جواب : ۱۹۶۴ء میں۔
سوال : پاکستان میں ارضی مواصلات کے اسٹیشن نے دہنہ منڈرو میں کام کرنا کب شروع کیا؟
جواب : ۱۹۷۴ء میں۔
سوال : اسلام آباد میں ۵ میگاواٹ کا ایٹمی ری ایکٹر کب نصب کیا گیا؟
جواب : ۱۹۵۶ء۔
سوال : پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام کو نوبل انعام کب ملا؟
جواب : ۱۹۷۹ء کو۔
سوال : پاکستان نے ایٹم کے ذریعے سے کس بیماری کا علاج دریافت کیا ہے؟
جواب : کینسر کا۔
سوال : پاکستان نے کس پتھر سے یورینیم نکالنے کی ٹیکنیک دریافت کی ہے؟
جواب : ریڈیم کے پتھر سے۔
سوال : پی سی ایس آئی آر لیبارٹری لاہور نے آئل ایکسپلر کب ایجاد کیا؟
جواب : ۱۹۹۱ء میں۔
سوال : سپارکو نے فضائی اور بحری حادثات کا پتہ لگانے کے لئے ایک مرکز کب اور کہاں قائم کیا تھا؟
جواب : ۱۹۹۲ء لاہور میں۔
سوال : پاکستان نے مصنوعی بارش برسانے کا کامیاب تجربہ کب کیا؟
جواب : فروری ۱۹۹۳ء میں۔
سوال : پاکستان نے پہلا سپر مائیکرو کمپیوٹر کب بنایا؟
جواب : جولائی ۱۹۹۳ء میں۔
سوال : پاکستان میں کب اور کس صدر نے نیشنل یونیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کے قیام کا آرڈی نینس جاری کیا تھا؟
جواب : ۱۴ جنوری ۱۹۹۴ء کو صدر فاروق لغاری نے۔
سوال : عراق کا پہلا راکٹ تموز اول ۸۲ فٹ لمبا تھا بتایئے اس کا وزن کتنا تھا؟
جواب : ۴۸ ٹن۔
سوال : کتاب UTOPIA کے مصنف کا نام بتائیں؟
جواب : سر تھامس مور۔
سوال : ۱۹۱۷ء کے روسی انقلاب میں کون برسراقتدار آیا؟

جواب : بالشویک۔
سوال : لینن کا انتقال کب ہوا؟
جواب : ۱۹۲۴ء میں۔
سوال : دنیا دو ملکوں جمہوری اور کمیونسٹ میں کب تقسیم ہوئی؟
جواب : ۱۹۶۰ء میں۔
سوال : اسلام انسان کو کس قسم کے معاشرے کا درس دیتا ہے؟
جواب : سادہ معاشرت اور باہمی محبت کا۔
سوال : جب کسی مسلمان آبادی پر مصیبت آتی تو دوسرے مسلمانوں پر کیا اثر ہوتا؟
جواب : جب دنیا میں کسی مسلمان آبادی پر مصیبت کی خبر آتی تو وقتی طور پر دوسرے مسلمان بے قرار اور بے چین ہو جاتے تھے۔
سوال : علامہ اقبال نے مسلم دنیا کو اپنے مسائل کے حل کے لئے کیا مشورہ دیا تھا؟
جواب : کہ اگر مسائل کو حل کرنا چاہتے ہو۔ تو شاہین کا تجسس' چیتے' کا جگر اور ایسے اوصاف اپنے اندر پیدا کرو۔ جو امت مسلمہ کی سابقہ روایات کا حصہ ہیں۔
سوال : کسی قوم کی تہذیب میں کیا کیا چیزیں شامل ہوتی ہیں؟
جواب : کسی قوم کی تہذیب میں شہروں کے وجود' تحریر کا استعمال سیاسی ردوبدل اور پیشہ ورانہ تخصص کے ساتھ ہر قسم کے تکنیکی علوم بھی شامل ہوتے ہیں۔
سوال : کمیونزم کا کیا مطلب ہے؟
جواب : ایسا معاشی نظام جس میں جائیداد غیر منقولہ' صنعتی ادارے مشترکہ عوامی ملکیت ہوتے ہیں۔
سوال : دنیا کی کمیونسٹ نظام کے تحت قائم حکومتوں کے نام تحریر کریں؟
جواب : البانیہ' روس' بلغاریہ' چین' مشرقی جرمنی' ویت نام' چیکوسلواکیہ' رومانیہ' ہنگری' پولینڈ اور کئی اسلامی ملکوں میں قائم ہو چکا ہے۔
سوال : سٹالن کی موت کب واقع ہوئی؟
جواب : ۱۹۵۳ء میں۔
سوال : لیبیا میں عرب سوشلسٹ پارٹی کا قیام کب عمل میں آیا؟
جواب : ۱۹۷۱ء میں۔
سوال : ۱۷۴۷ء سے پہلے افغانستان کا کیا نام تھا؟
جواب : خراسان۔
سوال : عربوں نے کس ایرانی بادشاہ کی تلاش میں افغانستان کا رخ کیا تھا؟
جواب : بادشاہ یزدجرد کی تلاش میں۔

سوال : افغانوں کی جدوجہد آزادی کے پہلے ہیرو کا نام بتائیں؟
جواب : ابو مسلم خراسانی۔
سوال : افغانستان کی آزادی کا اعلان کب کیا گیا؟
جواب : ۱۸۲۰ء میں۔
سوال : امان اللہ شاہ کب افغانستان کا بادشاہ بنا؟
جواب : ۱۹۱۹ء میں۔
سوال : تیسری اینگلو افغان جنگ کس کے عہد میں ہوئی تھی؟
جواب : امان اللہ شاہ کے عہد میں۔
سوال : نادر شاہ افغانستان کا حکمران کب بنا؟
جواب : اکتوبر ۱۹۲۹ء میں۔
سوال : نادر شاہ کو کب قتل کیا گیا؟
جواب : ۸ نومبر ۱۹۳۳ء کو۔
سوال : تخت نشینی کے وقت ظاہر شاہ کی عمر کتنی تھی؟
جواب : ۱۹ برس۔
سوال : ظاہر شاہ نے اپنے کس چچا کو وزیر اعظم مقرر کیا تھا؟
جواب : سردار ہاشم خان کو۔
سوال : سردار محمود کب اور کس کے حق میں دستبردار ہوا تھا؟
جواب : ۱۹۵۳ء میں اپنے بھتیجے سردار داؤد کے حق میں۔
سوال : ڈاکٹر یوسف افغانستان کے دوسری مرتبہ وزیر اعظم کب بنے؟
جواب : ۱۹۶۵ء میں۔
سوال : ڈاکٹر یوسف کے بعد کون اور کب افغانستان کا وزیر اعظم بنے؟
جواب : ۱۹۶۹ء میں۔
سوال : نور احمد اعتمادی نے افغانستان کی وزارت عظمیٰ سے کیوں علیحدگی اختیار کی تھی؟
جواب : کیونکہ وہ ملک کو استحکام دینے میں ناکام رہے تھے۔
سوال : نور احمد اعتمادی کے بعد کس نے اقتدار سنبھالا؟
جواب : ڈاکٹر عبدالظاہر نے۔
سوال : موسیٰ شفیق کب افغانستان کے وزیر اعظم بنے؟
جواب : دسمبر ۱۹۷۲ء میں۔
سوال : ۱۹۷۱ء میں افغانستان کے سہ سالہ اقتصادی منصوبے کے لئے روس نے کتنی امداد دی تھی؟

جواب : ۵۵ لاکھ ڈالر کی۔
سوال : افغانستان کو جمہوریہ کب اور کس نے قرار دیا تھا؟
جواب : اکتوبر ۱۹۷۳ء میں سردار داؤد نے۔
سوال : سردار داؤد نے پاکستان کا دورہ کب کیا تھا؟
جواب : ۱۹۷۶ء میں۔
سوال : نور محمد ترکئی کب افغانستان کے صدر بنے؟
جواب : یکم مئی ۱۹۷۸ء کو۔
سوال : روسی پروردہ افغانستان کی حکومت کا سربراہ کون تھا؟
جواب : کمیونسٹ پارٹی کا صدر مسٹر ببرک کارمل۔
سوال : حفیظ اللہ امین کے بعد کسے افغانستان کا صدر منتخب کیا گیا تھا؟
جواب : ببرک کارمل کو۔
سوال : افغانستان کے کس وزیر خارجہ نے ایران' پاکستان کے وزراء خارجہ اور اقوام متحدہ کے جنرل سیکرٹری کو افغانستان آنے کی دعوت دی تھی؟
جواب : وزیر خارجہ شاہ محمد دوست نے۔
سوال : افغانستان نے روسی فوجوں کو ۲۰ ماہ میں واپسی کی تجویز کب پیش کی تھی؟
جواب : ۸ مارچ ۱۹۸۷ء کو۔
سوال : میخائل گورباچوف نے یہ اعلان کب کیا تھا کہ روس ۱۵ مئی ۱۹۸۸ء یا اس سے قبل افغانستان سے اپنی فوجیں نکالنا شروع کر دے گا؟
جواب : ۸ فروری ۱۹۸۸ء کو۔
سوال : امریکی حکومت نے افغانستان کے مسئلے پر حتمی حل اور ضامن بننے کے لئے کب اور کونسی چار شرائط پیش کی تھیں؟
جواب : امریکہ نے ۱۳ فروری ۱۹۸۸ء کو مندرجہ ذیل شرائط پیش کیں۔

۱۔ ان کے تسلیم کر لینے کے لئے روس کی واضح یقین دہانی۔
۲۔ افغانستان سے روس کا آخری سپاہی تک کا نکلنا۔
۳۔ افغانستان کی غیر جانبداری کو یقینی بنانا۔
۴۔ عوام کے حق خود ارادیت اور لاکھوں مہاجرین کی آبرومندانہ واپسی کی شرائط کو پورا کرنا۔

سوال : مسئلہ افغانستان کی وجہ سے روس کو کتنا نقصان برداشت کرنا پڑا؟
جواب : نو سالہ افغانستان جنگوں سے روس بالکل تباہ ہوگیا۔ اربوں روبل کا اسلحہ ضائع ہوا۔ اور ۷۰ بلین ڈالر خرچ ہونے کے ساتھ ساتھ پندرہ ہزار فوجی بھی ہلاک ہوئے۔
سوال : اقوام متحدہ کے انڈر سیکرٹری جنرل کا نام بتائیں جس نے افغانستان میں اقوام امن کے

سلسلے میں پانچ نکاتی منصوبہ پیش کیا تھا؟

جواب : بطروس غالی۔

سوال : ۷ مارچ ۱۹۹۱ء میں کتنے ملکوں نے آٹھ افغان جماعتوں کے قائدین سے امن معاہدے پر دستخط کرائے تھے؟

جواب : پاکستان' سعودی عرب اور ایران نے۔

سوال : نجیب اللہ کب اپنے عہدے سے مستعفی ہوئے؟

جواب : ۱۴ اپریل ۱۹۹۲ء کو۔

سوال : بھارت کے ساتھ کشمیر کی سرحد کی لمبائی پچاس میل ہے بتایئے پاکستان کے ساتھ کتنی ہے؟

جواب : ۳۸۴ میل۔

سوال : کشمیر کے ہمسایہ ممالک کے نام تحریر کریں؟

جواب : پاکستان' چین' روس' تبت اور بھارت۔

سوال : مسئلہ کشمیر کیوں وجود میں آیا؟

جواب : جب کشمیر کے مہاراجہ نے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کو خط لکھ کر فوج کی مدد طلب کی اور ساتھ یہ بات بھی لکھی کہ وہ کشمیر کا بھارت سے الحاق کرنا چاہتا ہے۔ جس پر بھارتی فوج نے کشمیر کے ۴/۳ حصے پر قبضہ کرلیا۔ تو پھر پاکستان نے یہ مسئلہ سلامتی کونسل میں پیش کیا۔

سوال : آزاد کشمیر کے پہلے صدر کا نام بتائیں؟

جواب : سردار ابراہیم۔

سوال : اقوام متحدہ کے کمیشن برائے ہند و پاک نے بھارتی اور پاکستانی نمائندوں کی مشترکہ کمیٹی کا اجلاس کب طلب کیا تھا؟

جواب : مارچ ۱۹۴۹ء میں۔

سوال : مسٹر ٹرومین کس ملک کے صدر تھے؟

جواب : امریکہ۔

سوال : مسٹر ایٹلی کس ملک کے وزیر اعظم تھے؟

جواب : برطانیہ کے۔

سوال : دسمبر ۱۹۴۹ء میں سلامتی کونسل کے صدر کون تھے؟

جواب : جنرل میکناٹن۔

سوال : ۱۹۴۹ء میں سلامتی کونسل کے صدر نے کشمیر سے فوجوں کے انخلاء کے لئے کیا تجویز پیش کی؟

جواب : انہوں نے تجویز پیش کی کہ پانچ ماہ کے اندر اندر ریاست جموں کشمیر سے فوجیں نکال لی

جائیں۔

سوال : فروری ۱۹۵۷ء میں سلامتی کونسل کی چار طاقتی قرارداد کو کس ملک نے ویٹو کیا تھا؟
جواب : روس نے۔
سوال : ڈاکٹر گراہم نے صدر پاکستان میجر جنرل سکندر مرزا سے کشمیر کے مسئلے پر کب بات چیت کی؟
جواب : ۱۷ جنوری ۱۹۵۸ء کو۔
سوال : ڈاکٹر گراہم نے پاکستان کے وزیر اعظم فیروز خان نون سے مسئلہ کشمیر پر باضابطہ مذاکرات کب کئے؟
جواب : ۱۸ جنوری ۱۹۵۸ء کو۔
سوال : ڈاکٹر گراہم اور وزیر اعظم فیروز خان کے درمیان مسئلہ کشمیر پر دوسرا دور کب ہوا؟
جواب : ۲۴ جنوری ۱۹۵۸ء کو۔
سوال : دولت مشترکہ کے وزرائے اعظم نے ریاست میں آزادانہ رائے شماری اور فوجوں کے انخلاء کی کیا تجاویز پیش کیں؟
جواب :

۱۔ دولت مشترکہ کی فوج جو کہ آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ مہیا کریں۔
۲۔ بھارت اور پاکستان کی مشترکہ فوج تیار کی جائے۔
۳۔ مقامی باشندوں پر مشتمل فوج جسے ناظم رائے شماری تیار کرے۔

سوال : صدر ایوب خان نے مسئلہ کشمیر کو زندہ کرنے کی کیا کوشش کی تھی؟
جواب : انہوں نے سلامتی کونسل کا اجلاس طلب کیا۔ جو یکم فروری ۱۹۶۲ء کو منعقد ہوا۔ لیکن جو قرارداد پیش کی جانی تھی۔ اسے روس نے ویٹو کر دیا۔
سوال : امریکہ کے نائب وزیر خارجہ فلپس ٹالبوٹ نے صدر پاکستان ایوب خان اور قائمقام وزیر خارجہ مسٹر بھٹو سے کشمیر کے مسئلے پر بات چیت کب کی؟
جواب : یکم فروری ۱۹۶۳ء کو۔
سوال : پاکستان کے چوہدری ظفر اللہ خان نے سلامتی کونسل میں پندرہ صفحات پر مشتمل یادداشت کب پیش کی تھی؟
جواب : ۲۰ جنوری ۱۹۶۴ء۔
سوال : ۱۹۶۴ء میں بھارتی حکومت نے شیخ عبداللہ کو کتنے سال کی نظربندی کے بعد رہا کیا تھا؟
جواب : ۶ سال کی نظربندی کے بعد۔
سوال : صدر ایوب خان روس کے دورے پر کب گئے تھے؟
جواب : اپریل ۱۹۶۵ء میں۔

سوال : پاکستان نے ۱۹۴۳ء میں بھارت کی جانب سے جنگ نہ کرنے کی پیشکش کیوں مسترد کر دی تھی؟

جواب : اس لئے کہ مسئلہ کشمیر کے حل کے بغیر کوئی بھی معاہدہ بے سود ہو گا۔

سوال : صدائے کشمیر ریڈیو کب شروع ہوا؟

جواب : ۸ اگست ۱۹۶۵ء کو۔

سوال : بھارت نے اگست ۱۹۶۵ء میں اپنی مسلسل ناکامیوں کا کیسے بدلہ لیا؟

جواب : بھارت نے اپنی ناکامیوں کا بدلہ لینے کے لئے مسلمانوں کا قتل عام شروع کر دیا اور لکڑی کے بنے ہوئے تین سو مکانات جلا دیئے۔

سوال : پاکستان پر صدائے کشمیر ریڈیو نے کیا نکتہ چینی کی تھی؟

جواب : صدائے کشمیر ریڈیو سے انقلابی کونسل نے پاکستان پر نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا۔ کہ اب ہمیں پاکستان کی وکالت کی ضرورت نہیں ہے۔ ہمیں ایسے خالی وعدوں سے کوئی دلچسپی نہیں۔ ہم اب اپنے پیروں پر کھڑے ہو چکے ہیں۔

سوال : بھارت نے پاکستان کے گاؤں اعوان شریف پر حملہ کب کیا تھا؟

جواب : ۲۴ اگست ۱۹۶۵ء کو۔

سوال : بھارت نے لاہور پر حملہ کب کیا تھا؟

جواب : ۶ ستمبر ۱۹۶۵ء۔

سوال : پاکستان اور بھارت کی دو روزہ وزارتی کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی تھی؟

جواب : یکم مارچ ۱۹۶۶ء کو راولپنڈی میں۔

سوال : معاہدہ شملہ کب طے پایا تھا؟

جواب : ۱۹۷۲ء میں۔

سوال : پاکستان کے وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے بھارتی رویے کے خلاف پاکستان اور آزاد کشمیر میں ہڑتال کب کرائی تھی؟

جواب : ۵ فروری ۱۹۷۵ء۔

سوال : اکتوبر ۱۹۷۸ء میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی ماہرانہ کمیٹی کی رپورٹ پر بھارت نے کیا کہا تھا؟

جواب : بھارت نے یہ اعتراض کیا کہ جموں کشمیر کو چودہ ملکوں کی فہرست میں شامل کرنا درست نہیں ہے۔ کیونکہ کشمیر بھارت کا لازمی جزو ہے۔ سیاسی اور قانونی طور پر بھارت میں شامل ہے۔

سوال : پاکستان نے کتنے عرصے تک مسئلہ کشمیر کو کسی بین الاقوامی فورم میں نہیں اٹھایا؟

جواب : [illegible] ۱۹۷۲ء سے [illegible]

سوال : جولائی ۱۹۸۵ء میں کس نے کشمیر کو پاکستان کی شاہ رگ قرار دیا تھا؟
جواب : صدر ضیاء الحق نے۔
سوال : ۱۶ جولائی ۱۹۸۹ء کو بھارت کے کس وزیر اعظم نے پاکستان کا دورہ کیا؟
جواب : مسٹر راجیو گاندھی نے۔
سوال : پاکستان اور آزاد کشمیر میں یوم حق خود ارادیت کب منایا گیا؟
جواب : ۵ جنوری ۱۹۹۲ء کو۔
سوال : جہاد کشمیر کانفرنس کا افتتاح کب اور کس نے کیا تھا؟
جواب : ۳۱ جنوری ۱۹۹۲ء کو کراچی میں جمعیت العلماء پاکستان کے سربراہ مولانا عبدالستار خان نیازی نے۔
سوال : حکومت پاکستان نے آزاد کشمیر جانے والے تمام راستوں کی ناکہ بندی کب کی تھی؟
جواب : ۹ فروری ۱۹۹۲ء کو۔
سوال : پوری اسلامی دنیا میں یوم کشمیر کب منایا گیا؟
جواب : ۱۳ اگست ۱۹۹۲ء کو۔
سوال : پہلی بین الاقوامی اسلامی سکالرز کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی تھی؟
جواب : ۲۲ - ۲۳ اگست ۱۹۹۲ء کو پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں۔
سوال : ۲۸ جنوری ۱۹۹۳ء کو روس کے کس صدر نے کہا تھا کہ کشمیر بھارت کا اٹوٹ انگ ہے؟
جواب : مسٹر بورس یلسن نے۔
سوال : پاکستان اور بھارت میں ایک سال کے بعد مسئلہ کشمیر پر دوبارہ مذاکرات کب شروع ہوئے؟
جواب : ۲۲ نومبر ۱۹۹۳ء کو۔
سوال : پاکستان کے وزیر اعظم معین قریشی نے بھارت اور پاکستان کے مابین کشمیر میں موجودہ کنٹرول لائن کی بنیاد پر تنازعہ کے حل کے امکان کو کب مسترد کیا تھا؟
جواب : اگست ۱۹۹۳ء میں۔
سوال : برطانوی پارلیمنٹ کے رکن راجر گاڈسیف نے صدر فاروق احمد خان لغاری اور وزیر اعظم بے نظیر بھٹو سے کب ملاقات کی تھی؟
جواب : ۲۸ نومبر ۱۹۹۳ء کو۔
سوال : کشمیر کمیٹی کے قیام کا اعلان کب کیا گیا؟
جواب : ۲۳ دسمبر ۱۹۹۳ء۔
سوال : کشمیر کمیٹی کا چیئرمین کسے منتخب کیا گیا تھا؟
جواب : نوابزادہ نصراللہ خان کو۔

سوال : کشمیر رابطہ کمیٹی کب اور کس نے تشکیل دی؟
جواب : ۱۸ جنوری ۱۹۹۴ء کو نوابزادہ نصراللہ خان نے۔
سوال : کشمیر میں صدر راج کی مدت میں کب اور کتنی توسیع کی گئی؟
جواب : مارچ ۱۹۹۴ء میں ۶ ماہ کی۔
سوال : اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے کب اور فلسطین کو کتنے حصوں میں تقسیم کرنے کی اسکیم منظور کی تھی؟
جواب : نومبر ۱۹۴۷ء میں فلسطین کو تین حصوں یعنی یہودی علاقہ' عرب علاقہ اور بین الاقوامی علاقہ میں تقسیم کرنے کی اسکیم منظور کی گئی۔
سوال : بتایئے اسرائیل کے وزیراعظم بن گوریاں نے یہ اعلان کب کیا کہ اسرائیل صحرائے نجف کو سیراب کرنے کے لئے دریائے اردن کے پانی کا رخ موڑ دے گا؟
جواب : مارچ ۱۹۶۰ء میں۔
سوال : مسئلہ فلسطین کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لئے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے کیا کیا؟
جواب : جنرل اسمبلی نے گیارہ رکنی کمیٹی تشکیل دی۔ تاکہ وہ فلسطین کے متعلق تمام حالات معلوم کرکے اسمبلی کو رپورٹ دے۔
سوال : اسرائیل کے قیام کے اعلان کے بعد شروع ہونے والی جنگ کب اور کس کی کوششوں سے ختم ہوئی؟
جواب : اپریل ۱۹۴۹ء میں اقوام متحدہ کی کوششوں سے۔
سوال : جون ۱۹۶۷ء میں عرب اسرائیل جنگ کا کیا نتیجہ نکلا تھا؟
جواب : یہ جنگ صرف ۸۰ گھنٹے لڑی گئی۔ جس کے نتیجے میں عربوں کو ۷۵۰ طیارے' ۷۰۰ ٹینکوں اور دس ہزار سے زائد افراد سے ہاتھ دھونے پڑے۔ اس کے علاوہ اسرائیل نے یروشلم' بیت اللحم اور ہیبرون پر بھی قبضہ کرلیا اور اپنے کل رقبے سے تین گنا زیادہ عرب علاقوں پر بھی قبضہ جمالیا۔
سوال : ۸۰ گھنٹے کی جنگ کے بعد اسرائیلی وزیر دفاع موشے دایان نے کیا کہا تھا؟
جواب : موشے دایان نے بیان دیا کہ "پہلے کی نسبت اب اسرائیلی سرحدوں کی حفاظت کا کام بہت آسان ہوگیا ہے"۔
سوال : عربوں نے اسرائیل سے جون ۱۹۶۷ء کی جنگ کا بدلہ کیسے لیا؟
جواب : جب یہودی ۶ اکتوبر ۱۹۷۳ء کو یوم کپور منا رہے تھے۔ تو عرب فوجوں نے اسرائیل پر حملہ کرکے نہر سویز کو عبور کیا۔ اور صحرائے سینا میں میلوں اندر تک چلی گئیں۔
سوال : ۲۵ دسمبر ۱۹۷۷ء میں اسرائیلی وزیراعظم بیگن اور مصر کے صدر انور سادات کے مابین

کس مقام پر مذاکرات ہوئے تھے؟

جواب : اسماعیلیہ کے مقام پر۔

سوال : اسرائیل نے پورا صحرائے سینا مصر کے حوالے کب کیا تھا؟

جواب : اپریل ۱۹۸۲ء میں۔

سوال : مشرق وسطی امن کانفرنس کا انعقاد کب اور کہاں ہوا تھا؟

جواب : سپین کے دارالحکومت میڈرڈ میں ۳۰ اکتوبر ۱۹۹۱ء کو۔

سوال : عرب سربراہوں کی کانفرنس میں مشرق وسطی امن منصوبے کی منظوری کب دی گئی تھی؟

جواب : ۸ ستمبر ۱۹۸۲ء کو۔

سوال : عرب سربراہ کانفرنس نے قیام امن کے لئے آٹھ نکاتی منصوبہ کب پیش کیا تھا؟

جواب : ۱۰ ستمبر ۱۹۸۲ء کو۔

سوال : اسرائیل کے طیاروں نے تیونس میں واقع پی۔ایل۔او۔ کے مرکزی دفتر پر حملہ کب کیا تھا؟

جواب : ۱۹۸۵ء میں۔

سوال : اسرائیل کے وزیراعظم شمعون نے مراکش کے شاہ حسن سے رباط میں کب ملاقات کی تھی؟

جواب : جولائی ۱۹۸۶ء۔

سوال : جنوری ۱۹۸۸ء میں اسلامی ممالک کی تنظیم کے رکن ممالک کے وزراء خارجہ کی کانفرنس کہاں منعقد ہوئی تھی؟

جواب : مراکش کے شہر رباط میں۔

سوال : ۲۳ جنوری ۱۹۸۸ء کو عرب لیگ کے رکن ممالک کے وزراء خارجہ کا ہنگامی اجلاس کہاں ہوا تھا؟

جواب : تیونس میں۔

سوال : یاسر عرفات نے اسرائیل کے وجود کو کب تسلیم کیا؟

جواب : دسمبر ۱۹۸۸ء۔

سوال : اسرائیلی وزیراعظم تیزخ شمیر نے چار نکاتی منصوبہ کب پیش کیا تھا؟

جواب : مئی ۱۹۸۹ء میں۔

سوال : امریکی وزیر خارجہ جیمز بیکر نے ۵ نکاتی منصوبہ پیش کیا تھا کب؟

جواب : اکتوبر ۱۹۸۹ء میں۔

سوال : اسرائیل اور پی ایل او میں طے پانے والے سمجھوتے پر مختلف ملکوں کا کیا رد عمل تھا؟

جواب : [illegible]

سوال : اسرائیل نے شہر اریحا کی پانچ عمارتیں فلسطین کے حوالے کب کی تھیں؟
جواب : ۱۳ مئی ۱۹۹۴ء کو۔
سوال : یہ تجویز کس نے پیش کی تھی کہ یروشلم اسرائیل اور فلسطین کا مشترکہ دارالحکومت ہوگا؟
جواب : یاسر عرفات نے۔
سوال : کیمپ ڈیوڈ سمجھوتے کے بعد یاسر عرفات نے کیا کہا تھا؟
جواب : "کہ انور سادات نے صحرائے سینا کی پشت پر ریت کے عوض فلسطین کا سودا کر لیا ہے"۔
سوال : اسرائیل نے اریحا کا کنٹرول کب چھوڑا؟
جواب : ۱۲ مئی ۱۹۹۴ء کو۔
سوال : عراق اور ایران کی جنگ کے دوران عراق نے کویت سے کتنا قرضہ لیا تھا؟
جواب : ۱۷ ارب ڈالر کا۔
سوال : خلیج کا جھگڑا کیوں پیدا ہوا؟
جواب : اس کی تین بڑی وجوہات تھیں۔
۱۔ عراق نے کویت کا قرضہ دینا تھا جو کویت نے واپس طلب کیا۔
۲۔ کویت کے جزیرے لوبیان اور وربہ پر عراق نے اپنا حق جتایا۔
۳۔ ارمیلہ کے تیل کے کنویں سے نکلنے والے تیل کی قیمت کویت سے طلب کی تھی۔
سوال : امریکہ اور اس کے اتحادی ملکوں کی فوج کی تعداد کتنی تھی؟
جواب : سات لاکھ سے زائد۔
سوال : امریکہ کی سربراہی میں شروع ہونے والے آپریشن کو کیا نام دیا گیا تھا؟
جواب : آپریشن ڈیزرٹ سٹارم۔
سوال : عراق کے صدر صدام حسین نے کویت سے اپنی افواج کے انخلاء کے سلسلے میں کونسی شرائط پیش کی تھیں؟
جواب :
۱۔ اسرائیل تمام مقبوضہ عرب علاقوں سے غیر مشروط طور پر اپنی فوجیں نکال لے۔
۲۔ شام لبنان سے اپنا قبضہ ختم کر دے۔
۳۔ امریکہ کی افواج کو سعودی عرب سے نکال دیا جائے۔ اور اس کی جگہ عرب ممالک کی افواج کو تعینات کیا جائے۔
سوال : عراق نے امریکی اور برطانوی باشندوں کو رہا کرنے کی کیا شرائط رکھی تھیں؟
جواب : اگر امریکہ اپنی فوجوں کو سعودی عرب سے واپسی کی ضمانت دے دے۔ اور عراق

کے خلاف عائد اقتصادی پابندیاں ختم کر دے۔۔

سوال : ۸ نومبر ۱۹۹۰ء کو امریکی صدر نے سعودی عرب میں کتنی فوج بھیجنے کا اعلان کیا تھا؟
جواب : دو لاکھ فوج۔
سوال : امریکی کانگریس نے صدر بش کو عراق کے خلاف طاقت استعمال کرنے کا اختیار کب دیا تھا؟
جواب : ۱۲ جنوری ۱۹۹۱ء کو۔
سوال : ۱۳ جنوری ۱۹۹۱ء کو عراق کے صدر صدام حسین سے اقوام متحدہ کے کس سیکرٹری جنرل نے ملاقات کی تھی؟
جواب : پیریز ڈیکوئیار نے۔
سوال : یورپین کمیونٹی کا اجلاس کب منعقد ہوا؟
جواب : ۱۴ جنوری ۱۹۹۱ء کو۔
سوال : کیا عراق نے سعودی عرب کی ریفائنری پر گولہ باری کی تھی؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : امریکی بحریہ نے بحیرہ احمر پر آبدوزوں سے کروز میزائل کب فائر کئے تھے؟
جواب : ۲۲ جنوری ۱۹۹۱ء کو۔
سوال : خلیج کی جنگ میں ۲۵ جنوری ۱۹۹۱ء کو اتحادی فضائیہ نے عراقی ٹھکانوں پر کتنے حملے کئے تھے؟
جواب : دو ہزار۔
سوال : عراق نے کویت کا لاکھوں بیرل تیل سمندر میں کب چھوڑا؟
جواب : ۲۷ جنوری ۱۹۹۱ء کو۔
سوال : ۲۸ جنوری ۱۹۹۱ء کو عراق نے کویت میں کتنے لاکھ بارودی سرنگیں بچھائی تھیں؟
جواب : ۵ لاکھ۔
سوال : کویتی آئل ٹرمینل کو آگ کس نے لگائی تھی؟
جواب : امریکی بحریہ نے۔
سوال : عراق اور امریکہ کے مابین جنگ بند کرنے کے لئے کس ملک نے پانچ نکاتی فارمولا پیش کیا تھا؟
جواب : ایران نے۔
سوال : خلیج کی جنگ میں کویت کے کتنے تیل کے کنوؤں کو آگ لگ گئی تھی؟
جواب : پچاس تیل کے کنوؤں کو۔
سوال : خلیج کی جنگ میں ہر روز کتنے ہوائی حملے کئے جاتے رہے؟

جواب : ایک ہزار سے دو ہزار تک۔
سوال : خلیج کی جنگ کے ابتدائی ۲۶ دنوں میں کتنے ہزار عراقی جان بحق اور زخمی ہوئے تھے؟
جواب : ابتدائی ۲۶ دنوں میں بیس ہزار عراقی جان بحق ہوئے اور ساٹھ ہزار زخمی ہوئے۔
سوال : عراق نے سویت یونین کے آٹھ نکات پر مشتمل امن منصوبے کو کب تسلیم کیا؟
جواب : ۲۲ فروری ۱۹۹۱ء کو۔
سوال : خلیج کی جنگ کتنے دن جاری رہی؟
جواب : ۴۳ دن۔
سوال : خلیج کی جنگ میں سب سے زیادہ فائدہ کس ملک کو ہوا؟
جواب : اس جنگ میں سب سے زیادہ فائدہ امریکہ کو پہنچا وہ سپر طاقت سے سپریم طاقت بن گیا اس نے اپنے بے کار اسلحے کی بہت زیادہ قیمت وصول کی اور خلیج میں تیل کے ذخائر پر بھی اس کا کنٹرول ہو گیا۔
سوال : ایران' سوڈان اور لیبیا کو کس ملک نے دہشت گرد قرار دیا تھا؟
جواب : امریکہ نے۔
سوال : آبادی کے لحاظ سے وسطی ایشیا کی سب سے بڑی ریاست کا نام بتائیں؟
جواب : ازبکستان۔
سوال : امام محمد اسماعیل بخاری کہاں کے رہنے والے تھے؟
جواب : ازبکستان کے۔
سوال : مشہور فارسی شاعر نظامی گنجوی کا تعلق کس ملک سے تھا؟
جواب : آذربائیجان سے۔
سوال : وسطی ایشیا کی مسلمان ریاستوں میں کس مذہب کا زیادہ رجحان ہے؟
جواب : اسلام کا۔
سوال : پاکستان اور وسطی ایشیا کی ریاستوں کا فاصلہ کتنے کلومیٹر ہے؟
جواب : ۲۰۰۰ کلومیٹر۔
سوال : جولائی ۱۹۹۴ء تک اسرائیل کو کتنے مسلمان ممالک نے تسلیم کیا تھا؟
جواب : سات مسلم ممالک نے۔
سوال : یہودیوں نے مسجد اقصی کے ایک حصے کو آگ کب لگائی تھی؟
جواب : ۲۱ اگست ۱۹۶۹ء کو۔
سوال : دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس میں کتنے ممالک نے شرکت کی؟
جواب : ۳۷ ممالک نے۔
سوال : تیسری اسلامی سربراہی کانفرنس کا افتتاح کس نے کیا تھا؟

جواب : سعودی عرب کے شاہ خالد نے۔
سوال : چوتھی اسلامی سربراہی کانفرنس میں کتنے ملک شریک ہوئے تھے؟
جواب : ۲۴ ملک۔
سوال : چوتھی اسلامی سربراہی کانفرنس کا افتتاح کس نے کیا تھا؟
جواب : سعودی عرب کے شاہ فہد نے۔
سوال : پانچویں اسلامی سربراہی کانفرنس میں کتنے ملکوں کے سربراہوں نے شرکت کی تھی؟
جواب : ۴۴ ممالک کے سربراہوں نے۔
سوال : پانچویں اسلامی سربراہی کانفرنس میں کونسے معاملات زیر بحث آئے تھے؟
جواب : اس کانفرنس میں ایران' عراق جنگ بند کرانے' بیت المقدس کو اسرائیلی قبضے سے آزاد کرانے اور افغانستان سے روسی فوجوں کے انخلاء جیسے معاملات زیر بحث آئے۔
سوال : اسلامی ممالک کے وزراء خارجہ کی پہلی کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی؟
جواب : ۲۳ مارچ ۱۹۷۰ء کو جدہ (سعودی عرب) میں۔
سوال : اسلامی ممالک کے وزراء خارجہ کی پہلی کانفرنس میں کتنے ممالک نے حصہ لیا تھا؟
جواب : ۲۲ ممالک نے۔
سوال : اسلامی ممالک کے وزراء خارجہ کی دوسری کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی تھی؟
جواب : ۲۶ تا ۲۸ دسمبر ۱۹۷۰ء کو کراچی (پاکستان میں)۔
سوال : اسلامی ممالک کے وزراء خارجہ کی دوسری کانفرنس میں کتنے ممالک شریک ہوئے تھے؟
جواب : ۲۳ ممالک۔
سوال : اسلامی ممالک کی تیسری کانفرنس میں تیس اسلامی ملکوں نے حصہ لیا تھا بتایئے یہ کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی تھی؟
جواب : ۲۹ فروری تا ۴ مارچ ۱۹۷۲ء کو جدہ میں۔
سوال : اسلامی ممالک کے وزراءخارجہ کی چوتھی کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی تھی؟
جواب : ۲۴ تا ۲۶ مارچ ۱۹۷۳ء کو بن غازی لیبیا میں۔
سوال : اسلامی ممالک کے وزراء خارجہ کی چوتھی کانفرنس میں کتنے ملکوں نے حصہ لیا تھا؟
جواب : ۲۵ ملکوں نے۔
سوال : اسلامی ممالک کے وزراءخارجہ کی پانچویں کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی تھی؟
جواب : ۲۱ تا ۲۵ جون ۱۹۷۴ء کو ملائشیا کے دارالحکومت کوالالمپور میں۔
سوال : اسلامی ممالک کے وزراء خارجہ کی چھٹی کانفرنس کا افتتاح شاہ فہد نے کیا تھا بتایئے یہ کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی تھی؟
جواب : ۱۲ تا ۱۵ جولائی ۱۹۷۵ء کو جدہ میں۔

سوال : اسلامی ممالک کے وزراء خارجہ کی ساتویں کانفرنس میں کتنے ممالک نے شرکت کی تھی؟
جواب : ۴۲ ممالک نے۔
سوال : اسلامی ممالک کے وزراء خارجہ کی ساتویں کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی تھی؟
جواب : ۱۲ تا ۱۵ مئی ۱۹۷۶ء کو ترکی کے شہر استنبول میں۔
سوال : اسلامی ممالک کے وزراء خارجہ کی آٹھویں کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی؟
جواب : ۱۱ تا ۱۴ مئی ۱۹۷۷ء کو لیبیا کے دارالحکومت طرابلس میں۔
سوال : اسلامی ممالک کے وزراء خارجہ کی نویں کانفرنس میں ۴۳ ملکوں نے شرکت کی تھی بتائیے یہ کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی؟
جواب : ۲۴ تا ۲۸ اپریل ۱۹۷۸ء کو سینی گال کے دارالحکومت ڈاکر میں۔
سوال : اسلامی ممالک کے وزراء خارجہ کی دسویں کانفرنس میں کتنے ممالک نے حصہ لیا تھا؟
جواب : ۴۰ ممالک نے۔
سوال : اسلامی ممالک کے وزراء خارجہ کی دسویں کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی تھی؟
جواب : ۸ تا ۱۲ مئی ۱۹۷۹ء کو مراکش کے شہر فیض میں۔
سوال : اسلامی ممالک کے وزراء خارجہ کی گیارہویں کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی؟
جواب : ۱۷ تا ۲۲ مئی ۱۹۸۰ء کو اسلام آباد میں۔
سوال : اسلامی ممالک کے وزراء خارجہ کی گیارہویں کانفرنس میں ۳۹ ملکوں نے شرکت کی بتائیے کس ملک نے حصہ نہیں لیا تھا؟
جواب : چاڈ نے۔
سوال : وزراء خارجہ کی بارہویں کانفرنس کب کہاں اور کیوں منعقد ہوئی؟
جواب : یکم تا ۵ جون ۱۹۸۱ء کو عراق کے دارالحکومت بغداد میں۔ اس میں بیت المقدس کو اسرائیل کا دارالحکومت بنانے کی شدید مذمت کی گئی۔ اور قرارداد مذمت بھی منظور ہوئی۔
سوال : مسلم ممالک کے وزراء خارجہ کی تیرہویں کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی تھی؟
جواب : ۲۲ تا ۲۶ اگست ۱۹۸۲ء کو نائیجیریا کے شہر نیامے میں۔
سوال : بنگلہ دیش میں وزراء خارجہ کی چودھویں کانفرنس کب منعقد ہوئی تھی؟
جواب : ۶ تا ۱۱ دسمبر ۱۹۸۳ء کو۔
سوال : وزراء خارجہ کی چودھویں کانفرنس میں کتنے ملکوں نے حصہ لیا؟
جواب : ۳۷ ملکوں نے۔
سوال : مسلم ممالک کے وزراء خارجہ کی پندرہویں کانفرنس یمن میں کب منعقد ہوئی؟
جواب : ۱۸ تا ۲۲ دسمبر ۱۹۸۴ء میں۔

سوال : وزراء خارجہ کی سولھویں کانفرنس کا اجلاس کب اور کہاں ہوا؟
جواب : ۶ تا ۱۰ جنوری ۱۹۸۶ء کو مراکش کے شہر فیض میں۔
سوال : وزراء خارجہ کی سترھویں کانفرنس کا اجلاس کب اور کہاں ہوا تھا؟
جواب : ۲۱ تا ۲۵ مارچ ۱۹۸۸ء کو اردن کے شہر عمان میں۔
سوال : عمان کانفرنس میں کیا فیصلہ ہوا تھا؟
جواب : کہ اسرائیل بیت المقدس کو اپنا دارالخلافہ نہ بنائے۔
سوال : اسلامی ممالک کے وزراء خارجہ کی اٹھارھویں کانفرنس کا اجلاس کب اور کہاں ہوا؟
جواب : ۱۳ تا ۱۷ مارچ ۱۹۸۹ء کو سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں۔
سوال : وزراء خارجہ کی انیسویں کانفرنس کا اجلاس کب اور کہاں منعقد ہوا؟
جواب : ۳۱ جولائی تا ۵ اگست ۱۹۹۰ء کو قاہرہ (مصر) میں۔
سوال : استنبول کانفرنس کا انعقاد کب اور کیوں ہوا؟
جواب : ۱۷ تا ۱۸ جون ۱۹۹۲ء کو۔ اس میں بھارتی حکومت سے مطالبہ کیا گیا تھا کہ وہ کشمیریوں پر مظالم بند کرے۔ اور مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور شملہ معاہدے کے مطابق حل کرے۔
سوال : وزراء خارجہ کی اکیسویں کانفرنس کا افتتاح کس نے کیا تھا؟
جواب : وزیراعظم پاکستان میر بلخ شیر مزاری نے۔
سوال : مسلم ممالک کے وزراء خارجہ کی اکیسویں کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی؟
جواب : ۲۵ تا ۲۹ اپریل ۱۹۹۳ء کو کراچی (پاکستان) میں۔
سوال : وزراء خارجہ کی اکیسویں کانفرنس میں کون کونسے مسائل زیر بحث آئے تھے؟
جواب : اس کانفرنس میں بابری مسجد، فلسطین، جموں و کشمیر، بوسنیا، آذربائیجان، قبرص، افغانستان اور دہشت گردی جیسے مسائل زیر بحث آئے۔
سوال : اسلامی کانفرنس کے کوئی سے تین مقاصد بیان کریں؟
جواب :
۱- رکن ممالک کے مابین اسلامی مقاصد و عمل کی یک جہتی کو ترقی دی جائے گی۔
۲- نسلی فرق و امتیاز اور نو آبادیاتی نظام کی تمام صورتوں کو ختم کرنے کی کوششیں کی جائیں گی۔
۳- انصاف پر مبنی عالمی امن اور سلامتی جماعت کے لئے ضروری اقدامات کئے جائیں گے۔
سوال : جنرل سیکرٹری کے سربراہ کا تقرر کتنی مدت کے لئے کیا جاتا ہے؟
جواب : ۲ سال کے لئے اور جنرل سیکرٹریٹ کے سربراہ کو جنرل سیکرٹری کہا جاتا ہے۔
سوال : اسلامی ممالک کی تنظیم کا رکن بننے کے لئے کیا شرائط ہیں؟

جواب : اسلامی ممالک کی تنظیم کا رکن بننے کے لئے ایک درخواست کے ذریعے یہ بتانا ضروری ہوتا ہے۔ کہ وہ اسلامی کانفرنس کے چارٹر کو قبول کرنے کے لئے تیار ہے اور اس درخواست کو سیکرٹری جنرل قبول کر کے مستقبل قریب میں ہونے والی وزراء خارجہ کی کانفرنس میں پیش کرے گا۔ شرکاء کانفرنس کی دو تہائی اکثریت درخواست منظور کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔

سوال : اسلامی ممالک کی تنظیم میں کون کونسی زبانیں استعمال کی جاتی ہیں؟

جواب : عربی، فرانسیسی اور انگریزی۔

سوال : اگست ۱۹۹۴ء تک اسلامی ممالک کی تنظیم کے ارکان کی تعداد کتنی تھی؟

جواب : ۵۲۔

سوال : اسلامی ممالک کی تنظیم کے ذیلی اداروں میں سے چار کے نام تحریر کریں؟

جواب :

۱۔ القدس فنڈ (۱۹۷۶ء)

۲۔ اسلامی فاؤنڈیشن برائے سائنس، ٹیکنالوجی اور ترقی (جدہ ۱۹۷۵ء)

۳۔ اسلامی شہری ہوابازی کی کونسل (تیونس ۱۹۸۲ء)

۴۔ بین الاقوامی کمیشن برائے اسلامی ورثہ (۱۹۸۰ء)

سوال : رابطہ عالم اسلامی کے ارکان کی تعداد بتائیں؟

جواب : ۵۴۔

سوال : رابطہ عالم اسلامی کے شعبوں میں کوئی سے چار کے نام لکھیں؟

جواب : (۱) شعبہ ثقافت اسلامی (۲) شعبہ اسلامی رصد گاہ۔ (۳) اسلامی قوانین اور فقہ کا شعبہ (۴) شعبہ عمومی انتظامیہ۔

سوال : افریقہ میں رابطہ عالم اسلامی کی پہلی کانفرنس کب منعقد ہوئی؟

جواب : ۳ تا ۵ مئی ۱۹۷۶ء کو۔

سوال : شمالی امریکہ میں رابطہ عالم اسلامی کی پہلی کانفرنس کا اجلاس کب ہوا تھا اور اس میں کتنی تنظیموں نے حصہ لیا تھا؟

جواب : ۲۲ تا ۲۴ اپریل ۱۹۷۷ء کو اور اس میں دو سو سے زائد تنظیموں نے حصہ لیا تھا۔

سوال : پاکستان میں رابطہ عالم اسلامی کے زیر اہتمام پہلی ایشیائی اسلامی کانفرنس کب منعقد ہوئی تھی؟

جواب : ۶ جولائی ۱۹۷۸ء کو۔

سوال : پیرس میں رابطہ عالم اسلامی کی کانفرنس کب منعقد ہوئی تھی؟

جواب : دسمبر ۱۹۸۰ء میں۔

سوال : ورلڈ مسلم لیگ کے سیکرٹری جنرل کا نام بتائیں؟
جواب : شیخ محمد علی الحرکانی۔
سوال : ۶ جولائی ۱۹۷۸ء کو پاکستان میں منعقد رابطہ عالم اسلامی کی کانفرنس میں ۳۱ ممالک کے کتنے مندوبین نے شرکت کی تھی؟
جواب : ۲۰۰ مندوبین نے۔
سوال : موتمر عالم اسلامی کی دوسری کانفرنس کب، کہاں اور کس کی صدارت میں منعقد ہوئی تھی؟
جواب : موتمر عالم اسلامی کی دوسری کانفرنس ۱۹۳۱ء کو بیت المقدس میں منعقد ہوئی اور اس کی صدارت الحاج امین الحسینی نے کی تھی۔
سوال : کراچی میں تاریخی کانفرنس کا انعقاد کب عمل میں آیا؟
جواب : ۱۹۵۱ء میں۔
سوال : کراچی میں تاریخی کانفرنس کی صدارت مفتی اعظم فلسطین امین الحسینی نے کی تھی بتائیے افتتاح کس نے کیا تھا؟
جواب : وزیر اعظم پاکستان نوابزادہ لیاقت علی خان نے۔
سوال : موتمر عالم اسلامی کی کانفرنس عمان میں کب منعقد ہوئی تھی؟
جواب : ستمبر ۱۹۶۷ء کو۔
سوال : عمان میں منعقدہ موتمر عالم اسلامی کی کانفرنس میں مسلم ممالک کے سربراہوں سے کیا اپیل کی گئی تھی؟
جواب : اس کانفرنس میں مسلم ممالک کے سربراہوں سے درخواست کی گئی کہ وہ ایک چوٹی کی کانفرنس میں باہمی مذاکرات کریں۔
سوال : موتمر عالم اسلامی کا خصوصی اجلاس لبنان کے دارالحکومت بیروت میں کب منعقد ہوا تھا؟
جواب : ۱۹۶۹ء میں۔
سوال : کراچی میں رابطہ عالم اسلامی کی سہ روزہ کانفرنس کب منعقد ہوئی تھی؟
جواب : ۸ جولائی ۱۹۷۸ء کو۔
سوال : ڈاکٹر معروف الدوالیبی نے امن کے حصول کا عظیم منصوبہ کب پیش کیا تھا؟
جواب : ۱۹۸۰ء میں۔
سوال : ٹوکیو میں اسلام اور دنیا کا عالمی نظام کے موضوع پر سیمینار کب منعقد کیا گیا؟
جواب : ۱۹۸۱ء۔

سوال : سری لنکا میں موتمر عالم اسلامی کی کانفرنس کب منعقد ہوئی؟
جواب : ۱۹۸۲ء میں۔
سوال : کیا سری لنکا میں منعقدہ موتمر عالم اسلامی کی کانفرنس میں ایران اور عراق کے وفود نے شرکت کی تھی؟
جواب : جی ہاں۔
سوال : کراچی میں تخفیف اسلحہ کے موضوع پر پہلا اسلامی سیمینار کب منعقد ہوا تھا؟
جواب : ۱۹۸۴ء کو۔
سوال : اسلام نے کیسے معاشرے کی بنیادیں قائم کیں؟
جواب : اسلام سے قبل تمام اقوام زبان' ثقافت' تاریخ' جغرافیہ کی کئی دنیاؤں میں منقسم تھیں۔ اسلام نے ان سب کو ایک لڑی میں پرو دیا۔ جس سے دنیا بھر کے مسلمان ایک اللہ' ایک رسول' ایک کتاب اور ایک مرکز کو ماننے لگے۔ اور ان میں گورے کالے' عربی' عجمی یا ایشیائی' افریقی' امیر غریب میں کوئی فرق باقی نہیں رہا۔
سوال : باہمی تعاون سے کیا مراد ہے اور اسے کیسے روبہ عمل لایا جا سکتا ہے؟
جواب : باہمی تعاون سے مراد اسلامی تعلیمات پر قائم رہتے ہوئے ایک ہو جانا ہے۔ اس بارے میں قرآن اور احادیث میں بھی ارشادات ملتے ہیں: اسے قائم رکھنے اور بڑھانے کے لئے ضروری ہے۔ مشترکہ سرمایہ کاری کے منصوبے بنائے جائیں۔ مشترکہ تجارت کو بڑھایا جائے۔ دوسرے ملکوں میں آنے جانے کے لئے ویزے میں نرمی پیدا کی جائے۔ مال کے بدلے مال کا کاروبار جاری کیا جائے۔
سوال : باہمی تعاون کے سلسلے میں حضور پاکؐ کا ارشاد قلمبند کریں؟
جواب : آپؐ نے فرمایا "بہترین انسان وہ ہے جس سے دوسرے لوگوں کو فائدہ پہنچے"۔
سوال : باہمی تعاون کے سلسلے میں ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : "و تعاونوا علی البر والتقوی ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان" (سورۃ المائدہ آیت ۲۔)
ترجمہ۔ "نیکی اور پرہیزگاری کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کیا کرو۔ تاکہ نیکی اور پرہیزگاری زیادہ سے زیادہ دین میں پھیل جائے۔ البتہ کوئی شخص برائی کا ارتکاب کرنا چاہے۔ تو ہرگز اس کی امداد نہ کرو۔ کیونکہ گناہ میں مدد بھی گناہ ہے۔
سوال : اسلامک چیمبر آف کامرس انڈسٹری اینڈ کموڈیٹی ایکسچینج کب اور کہاں قائم ہوا؟
جواب : ۱۹۷۸ء کو کراچی میں۔
سوال : ٹیکسٹائل کمیٹی کب قائم کی گئی؟

جواب : ۱۹۸۹ء کو۔
سوال : اسلامی ممالک کی ٹیکسٹائل کونسل کے چار رکن ممالک کے نام بتائیں؟
جواب : (۱) البانیہ (۲) ترکمانستان (۳) تاجکستان (۴) ازبکستان۔
سوال : اسلامی ترقیاتی بینک کب اور کہاں قائم ہوا؟
جواب : ۱۹۷۵ء کو جدہ میں۔
سوال : اسلامی ممالک میں ایک اندازے کے مطابق ۲۰۰۰ تک خوراک میں کتنے ملین ٹن کی واقع ہو جائے گی؟
جواب : ۹۹ ملین ٹن۔
سوال : اقوام متحدہ کے اعداد و شمار کے مطابق یورپ میں اس وقت فی ہزار کتنے سائنسدان کام کر رہے ہیں؟
جواب : فی ہزار پچاس سائنسدان کام کر رہے ہیں۔
سوال : پاکستان نے اپنا پہلا موسمی راکٹ خلاء میں کب بھیجا؟
جواب : ۷ جون ۱۹۶۲ء کو۔
سوال : مصر نے اپنا موسمی راکٹ ۲۱ جولائی ۱۹۶۲ء کو فضا میں بھیجا تھا بتایئے انڈونیشیا نے کب بھیجا؟
جواب : ۸ اگست ۱۹۶۵ء۔
سوال : پاکستان نے انٹارکٹیکا میں کس نام سے اپنا ہیڈ کوارٹر قائم کیا ہے؟
جواب : جناح اسٹیشن کے نام سے۔
سوال : پاکستان کے سائنس دان امریکہ کے کس خلائی ادارے میں کام کر رہے ہیں؟
جواب : ناسا میں۔
سوال : پاکستان کے دو مشہور سائنسدانوں کے نام بتائیں؟
جواب : (۱) ڈاکٹر عبدالقدیر (۲) امان اللہ۔
سوال : سورت النساء کی آیت نمبر ۵۸ میں کیا حکم آیا ہے؟
جواب : ترجمہ۔ "اور جب لوگوں میں فیصلہ کرنے لگو۔ تو انصاف سے فیصلہ کیا کرو۔ اللہ تمہیں بہت خوب نصیحت کرتا ہے۔ بے شک خدا سنتا اور دیکھتا ہے"۔
سوال : سورۃ النحل کی آیت نمبر ۹۰ میں کیا حکم ہے؟
جواب : ترجمہ۔ "بے شک اللہ تعالیٰ انصاف اور احسان کا حکم دیتا ہے"۔
سوال : ہالینڈ میں سنٹر فار لیگل سائنسز کب سے کام کر رہا ہے؟
جواب : ۱۹۷۲ء سے۔

سوال : عالمی اسلامی عدالت کے جج کی خوبیاں بتائیں؟

جواب : عالمی اسلامی عدالت کے جج صاحبان بلند کردار ہونے چاہئیں۔ ایسے ہونے چاہئیں۔ جو اپنے اپنے ممالک میں عدلیہ کے اعلیٰ عہدوں پر فائز رہ چکے ہوں۔ بین الاقوامی قانون کے معاملہ میں عدلیہ کے مسائل میں مشورہ دے سکتے ہوں۔ قرآن و سنت کے مفہوم سے مکمل واقفیت رکھتے ہوں۔ باشرع ہوں۔

اسلام اور جدید سیاسی و عمرانی افکار

سوال: سیاست کی تعریف اسلامی نکتہ نظر سے کیجئے؟

جواب: سیاست اس ذمہ داری کو کہتے ہیں جس کی بدولت عام انسانی دیکھ بھال کا کام مکمل کیا جاتا ہے اور جس کی وساطت سے خدا کی حکومت بندگانِ خدا میں خدائی قوانین جاری کرتی ہے اور احکام و اجراء عمل میں لاتی ہے اور اسی کے ذریعے انسانی بہتری اور مفاد عامہ کا خیال رکھتی ہے اور قانون کو فیصلہ کن قوت تسلیم کرتی ہے۔ (ابن خلدون)

سوال: اسلامی حکومت کی تعریف کیا ہے؟

جواب: ماوردی کے مطابق اسلامی حکومت ایک قیادت ہے جو دین کی حفاظت اور دنیاوی سیاست پر مبنی ہے

سوال: سیاسیات کا تعلق کن علوم میں سے ہے؟

جواب: سیاسیات ان علوم میں سے ہے جو انسانی زندگی اور اس کی تدریجی نشوونما سے بحث کرتا ہے۔

سوال: سیاسی فکر کا آغاز کیسے ہوا؟

جواب: جب سے انسانی سماجی زندگی کا آغاز ہوا انسان مملکت کی ماتحتی میں رہنے کے عادی ہو گئے۔ ابتدائی دور میں حکومت خالص مذہبی قسم کی تھی وہ بندھے ٹکے رسم و رواج کے تحت زندگی بسر کرتے تھے اس زمانے میں مذہبی پابندیوں اور احکام ہی کو قانون کی حیثیت حاصل تھی اور حاکم کی حیثیت مذہبی سردار کی ہوتی تھی۔

سوال: کیا قبائلی حکومت سے ریاستی حکومت کا عروج ممکن تھا۔

جواب: قبائلی حکومت سے ریاستی حکومت کو عروج حاصل ہوا۔

سوال: قدیم چینی سیاسی فکر سے کیا مراد ہے؟

جواب: قدیم چینی نظریات ایک حد تک ہندو سیاسی مفکروں سے مشابہ ہیں اس زمانے میں چین دنیا کے دوسرے ملکوں سے بالکل الگ تھلگ تھا سارا ملک کبھی بھی ایک بادشاہ کے تسلط میں نہیں آیا اس وجہ سے وہاں کے لوگوں کو ذہنی آزادی اور ساتھ ہی ساتھ مقامی خودمختاری حاصل رہی۔

سوال: سیاسیات کا دوسرے "معاشرتی علوم" میں کن علوم سے گہرا تعلق ہے۔

جواب: سیاسیات کا دوسرے معاشرتی علوم یعنی عمرانیات' تاریخ' اخلاقیات' معاشیات' علم انسانی اور نفسیات سے گہرا رشتہ ہے۔

سوال: سیاسیات فلسفہ ہے' فن ہے یا علم؟

جواب: سیاسیات فلسفہ بھی ہے علم بھی اور فن بھی

سوال: سیاسیات کے مطالعہ میں آسانی کی خاطر کن تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟
جواب: سیاسیات کے مطالعے میں آسانی کی خاطر تین حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ (ا) تاریخی یا بیانی نظری اور علمی۔
سوال: بیانی حصہ سے کیا مراد ہے؟
جواب: بیانی یا تاریخی حصہ وہ ہو گا جس میں شروع سے آخر تک ہر دور کے فلسفیوں کے نظریے بیان کئے جائیں۔
سوال: نظری حصہ میں کیا بیان کیا جاتا ہے؟
جواب: نظری حصہ میں سیاسیات کے اصولوں اور معیاروں پر بحث کی جاتی ہے۔
سوال: علمی حصہ میں کن مخصوص نظام پر غور کیا جاتا ہے؟
جواب: علمی وہ جس میں کسی مخصوص نظام کو کامیاب بنانے یا کسی مجوزہ نظام کو عمل میں لانے کی تدبیروں اور ترکیبوں پر غور کیا جائے۔
سوال: امام غزالی نے سیاست کے کتنے مرتبے بیان کئے ہیں؟
جواب: امام غزالی سیاست کو چار مراتب میں تقسیم کرتے ہیں۔ (i) سیاست انبیاء (ii) سیاست خلفاء (iii) سیاست علماء و فضلا (iv) سیاست واعظ۔
سوال: الماوردی نے سیاست پر ایک کتاب لکھی تھی اس کا نام بتائیں؟
جواب: الماوردی نے سیاست کے موضوع پر جو کتاب لکھی اس کا نام "کتاب الاحکام السلطانیہ" ہے۔
سوال: ماوردی کا نام اور ولدیت و کنیت لکھیں؟
جواب: الماوردی کا اصل نام ابوالحسن اور کنیت علی اور ولدیت محمد حبیب الماوردی ہے۔
سوال: ماوردی کے مطابق عورت امام بن سکتی ہے؟
جواب: الماوردی کے نزدیک امام صرف مرد ہی بن سکتا ہے عورت نہیں۔
سوال: الماوردی کے نزدیک وزارت کتنی قسموں کی ہوتی ہے؟
جواب: الماوردی کے نزدیک وزارت کی دو اقسام ہیں جو یہ ہے۔ (ا) وزارت التفویض (۲) وزارت التنفیذ۔
سوال: ابوالحسن الماوردی کے نظریات بیان کریں؟
جواب: الماوردی کے پانچ مشہور نظریات یہ ہیں۔ (ا) نظریہ خلافت (۲) نظریہ امارت (۳) نظریہ وزارت (۴) نظریہ قضا (۵) نظریہ احتساب
سوال: ابونصر فارابی کی سیاست کے موضوع پر لکھی گئی تین کتب کے نام لکھیں؟
جواب: (ا) سیاست المدینہ (۲) جوامع السیاست (۳) اجتماع المدنیہ

سوال: فارابی نے رئیس اول کے لئے کن درج ذیل صفات کا حامل ہونا لکھا ہے؟
جواب: (۱) سب سے زیادہ عالم ہو (۲) غیر معمولی طاقت ور ہو (۳) جسمانی عیبوں سے پاک ہو (۴) بہترین یاداشت رکھتا ہو (۵) بہت زیادہ قوت برداشت کا مالک ہو (۶) عادل ہو (۷) بہترین منتظم ہو۔
سوال: فارابی کے نظریات میں سے چار کے نام لکھئے؟
جواب: فارابی جن کا نام ابونصر ہے کے چار نظریات درج ذیل ہیں۔ (۱) تصور انسان (۲) نظریہ اجتماع (۳) نظریہ معاہدہ عمرانی (۴) نظریہ مقتدر اعلیٰ
سوال: امام غزالی کا نام لکھئے؟
جواب: امام غزالی کا پورا نام ابو حامد محمد الغزالی ہے۔
سوال: امام غزالی انسانی زندگی بسر کرنے کے لئے بنیادی طور پر کن کن چیزوں کو ضروری خیال کرتے تھے؟
جواب: امام غزالی انسانی زندگی بسر کرنے کے لئے بنیادی طور پر ان چیزوں کو ضروری جانتے ہیں۔ (۱) خوراک (۲) لباس (۳) رہائش (۴) باہمی روابط
سوال: امام غزالی نے سماج کو پیشوں کے لحاظ سے کن حصوں میں تقسیم کیا ہے؟
جواب: امام غزالی پیشوں کے لحاظ سے سماج کو درج ذیل تین حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ (۱) اہل علم (۲) فوج (۳) کاشتکار اور اہل حرفہ
سوال: کتاب العبر کے مصنف کون ہیں؟
جواب: کتاب العبر کے مصنف کا نام عبدالرحمٰن ابن خلدون ہے۔
سوال: مقدمہ ابن خلدون کا موضوع بیان کریں؟
جواب: مقدمہ ابن خلدون کا موضوع سیاسی نظریات ہیں۔
سوال: ابن خلدون کے مشہور سیاسی نظریہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
جواب: ابن خلدون کا نظریہ عصبیت بہت مشہور ہے۔
سوال: ابن خلدون کے نزدیک عصبیت کی کتنی اقسام ہیں؟
جواب: ابن خلدون عصبیت کی دو قسمیں بیان کرتے ہیں۔ (۱) عصبیت عام (۲) عصبیت خاص
سوال: عصبیت کی مذمت میں ایک حدیث مبارکہ لکھیں؟
جواب: رسول اللہ ﷺ کا ارشاد مبارکہ ہے۔ جس نے عصبیت پر جنگ کی وہ ہم میں سے نہیں اور جس نے عصبیت پر جان دی وہ ہم میں سے نہیں۔
سوال: شاہ ولی اللہ دہلوی کی سیاست پر دو کتابوں کے نام لکھئے؟
جواب: شاہ ولی اللہ دہلوی کی دو کتب سیاست کے نام یہ ہیں۔ (۱) حجتہ اللہ البالغہ (۲) الخیرا لکثیر۔

سوال: شاہ ولی اللہ دہلوی نے ریاست کے سربراہ کو کیا نام دیا ہے؟
جواب: شاہ ولی اللہ سربراہ سیاست کو "سلطان" کا نام دیتے ہیں۔
سوال: شاہ ولی اللہ کے مطابق اہم سرکاری عہدے کون کون سے ہیں؟
جواب: (۱) قاضی (۲) سپہ سالار (۳) ساس المدینہ (۴) عامل (۵) وکیل مطلق (۶) شیخ الاسلام (۷) ناظم تعلیم۔
سوال: حضرت عمر فاروق ؓ کے مطابق خلیفہ کا انتخاب کیسے ہونا چاہیئے؟
جواب: خلیفہ کا انتخاب عوام کی منشا اہل الرائے کے مشورے کے مطابق ہونا چاہیئے۔
سوال: حضرت عمر فاروق ؓ نے قاضی کو کیا ہدایات دیں؟
جواب: (۱) یکساں برتاؤ (۲) مقدمہ کی پیشی کی متعین تاریخ (۳) بار ثبوت عموماً مدعی پر (۴) فیصلہ پر نظر ثانی
سوال: حضرت امیر معاویہ ؓ کا نظریہ آذادی کیا ہے؟
جواب: آپ کا نظریہ تھا کہ عوام کو بادشاہ کے کاموں میں مداخلت کی اجازت نہ دی جائے۔
سوال: امیر معاویہ ؓ کے نزدیک حکمران کے فرائض کیا تھے؟
جواب: (۱) جارحیت سے تحفظ (۲) عوام کے لئے خوراک کا انتظام (۳) شہریوں کی بود و باش کا خاطر خواہ انتظام (۴) ریاست میں انصاف کا دور دورہ کرنا۔
سوال: ابو حنیفہ کے چند سیاسی افکار لکھیں؟
جواب: (۱) خلیفہ کا قریشی ہونا ضروری ہے۔
(۲) ظالم و فاسق کی امامت کا حکم جائز نہیں۔
ظالم و فاسق امام کے خلاف خروج جائز ہے۔
سوال: ابن تیمیہ کا اصل نام کیا ہے؟
جواب: ابن تیمیہ کا اصل نام احمد ہے۔
سوال: ابن تیمیہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
جواب: ابن تیمیہ 1263ء میں حران میں پیدا ہوئے۔
سوال: ابن تیمیہ کی سیاست پر کتابوں کے نام لکھیں؟
جواب: (۱) الامامتہ والسیاستہ
(۲) السیاستہ الشرعیہ اصلاح الرعی والرعایا
منہاج اللہ (سیاسی و مذہبی)
سوال: ابن تیمیہ نے انسانوں کو کن گروہوں میں میں تقسیم کیا؟
جواب: (۱) ملوک اور روسائے متقدمین

(۲) چور اور جرائم پیشہ افراد
(۳) مذہبی رہنما
(۴) خیر البریہ

سوال: ابن تیمیہ کے نزدیک امام کے فرائض کیا ہیں؟
جواب: (۱) امامت کی نگہداشت
(۲) حقوق اللہ کا تحفظ
(۳) حقوق العباد کا تحفظ
(۴) دیانتدار اور متقی عمال کا تقرر
(۵) قیام عدل
(۶) امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے فریضہ کی ادائگی

سوال: سر سید احمد خاں کے سیاسی نظریات بیان کریں؟
جواب: (۱) نظریہ انسان (۲) نظریہ مذہب و سیاست (۳) نظریہ حکومت (۴) نظریہ خلافت (۵) نظریہ انصاف (۶) نظریہ جہاد (۷) نظریہ بادشاہت۔

سوال: حضور ﷺ کے تین اہم سیاسی اقدام کون سے ہیں؟
جواب: (۱) مواخاۃ مدینہ (۲) میثاق مدینہ (۳) صلح حدیبیہ

سوال: کیا خلفائے راشدین کا سیاسی نمونہ امت کے لئے موجود ہے اور کس صورت میں۔
جواب: جی ہاں سورۃ النبیاء آیت نمبر ۵۶ اور ۱۱۵ میں۔

سوال: اسلام کے سیاسی نظام پر چار کتب مع مصنف تحریر کریں؟
جواب: سیاسی نظام پر لکھی گئی کتابوں اور ان کے مصنفین کے نام درج ذیل ہیں۔
(۱) سیاست المدینہ۔ ابو نصر فارابی
(۲) الاحکام السلطانیہ۔ ابو الحسن علی بن محمد بن حبیب الماوردی
(۳) سیاست نامہ۔ نظام الملک طوسی
حجۃ اللہ البالغہ۔ شاہ ولی اللہ دہلوی

سوال: سیاسی فکر سے کیا مراد ہے؟
جواب: مملکت، مذہب اور اس قسم کی ساری تنظیموں کی پوری طرح سے اطاعت کی جائے۔ بادشاہ کی بے چوں و چراں اطاعت کی جائے پروہتوں اور پجاریوں کی آنکھ بند کر کے تعمیل کی جائے غرض کہ مملکت اور مذہب دونوں میں مطلق العنانی کا دور دورہ تھا۔

سوال: مشرق میں قانونی ترجیحات کیا تھیں؟
جواب: کہ لوگ اچھی زندگی کس طرح سے بسر کریں اچھی زندگی سے مراد مادی اعتبار سے یا

آسائشوں کے لحاظ سے نہیں بلکہ روحانی اعتبار سے اچھی زندگی تھی اس زمانے میں قانون' مذہبی احکام اور رواج پر مبنی تھا اور ان کے مطابق عام لوگ اپنی زندگی گزارتے تھے۔

سوال: اسلام میں اقتدار اعلیٰ کا اصل مالک کون ہے؟
جواب: اسلام میں اقتدار اعلیٰ کا اصل سرچشمہ اللہ تعالیٰ ہے۔
سوال: اسلام اور اقتدار کے تعلق کے حوالہ سے کوئی حدیث لکھیے؟
جواب: اسلام اور اقتدار کا وہی تعلق ہے جو بنیاد اور عمارت کا ہے۔ یا جیسے خزانہ اور چوکیدار کا تعلق ہوتا ہے۔

اسلام بنیاد ہے اور سلطان اس کا حارس ہے۔ (کنز العمال)

سوال: امت اور قوم میں کیا فرق ہے؟
جواب: امت کے لئے اتحاد مکانی اتحاد رنگ و نسل اور اتحاد زبان کا ہونا ضروری نہیں جبکہ قوم کے لئے ان امور کا ہونا ضروری ہے۔ امت کے تمام لوگوں کے عقائد مشترک ہوتے ہیں جبکہ قوم کے افراد کے عقائد کا مشترک ہونا ضروری نہیں ہے۔
سوال: مغربی مفکرین کے نزدیک حاکمیت یا اقتدار اعلیٰ کی خصوصیات بیان کریں صرف نام لکھیے؟
جواب: (۱) وحدت اقتدار (۲) ناقابل تنقل (۳) ابدیت (۴) لامحدود (۵) ناقابل انتقال (۶) بالادستی (۷) آزادی (۸) قانون سازی (۹) اطاعت (۱۰) ناقابل تقسیم پذیری (۱۱) جلالت عامہ
سوال: حاکمیت سے کیا مراد ہے؟
جواب: اقتدار اعلیٰ سے مراد وہ مرکز ہے جو ریاست کی تمام قوتوں کا سرچشمہ اور سارے اختیارات کا منبع ہے۔ (بودین)
سوال: مقتدر اعلیٰ کی صفات بیان کریں؟
جواب: (۱) اللہ خالق کائنات ہے (۲) اللہ (مقتدر اعلیٰ) مالک الملک ہے (۳) اللہ حکم ہی دے سکتا ہے (۴) اللہ کے حکم میں کوئی شریک نہیں (۵) اللہ کو قانون سازی کا حق ہے۔
سوال: اسلام میں اقتدار اعلیٰ کا تصور اس سلسلے میں قرآن کی کوئی دو آیات درج کریں؟
جواب: وھو الذی خلقکم من نفس واحدۃ (اعراف)

ترجمہ: اور اللہ تعالیٰ وہی ہے جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا۔

ولا یشرک فی حکمہ احد (سورۃ الکھف)

ترجمہ: بادشاہی میں اس کا کوئی شریک نہیں۔

سوال: قانون سازی کی تعریف کیجیے؟
جواب: ڈاکٹر سائمنڈ کے نزدیک قانون سازی کی تعریف یہ ہے کہ

"قانون کا ماخذ" جو کسی بااختیار ادارہ کی طرف سے قانونی اصولوں کے اعلان پر مشتمل ہو۔

سوال: قانون سازی کے طریقے کونسے اور کتنے ہیں؟
جواب: قانون سازی کے دو طریقے ہیں۔
(۱) براہ راست (۲) بالواسطہ

سوال: قانون سازی کی قسمیں بیان کریں؟
جواب: (۱) اعلیٰ قانون سازی (۲) ماتحت قانون سازی

سوال: ماتحت قانون سازی کی اقسام بیان کریں؟
جواب: (۱) نوآبادیاتی (۲) انتظامیہ (۳) عدالتی (۴) میونسپل (۵) خودمختار

سوال: قانون سازی کے کوئی دو فوائد لکھیں؟
جواب: (۱) تحریری قانون منضبط ہوتا ہے۔
(۲) موضوعہ قانون غیرجانبدار ہوتا ہے۔

سوال: اسلامی قانون جسے فقہ بھی کہتے ہیں کے ماخذ تحریر کریں؟
جواب: اسلامی قانون جسے فقہ بھی کہتے ہیں کے ماخذ درج ذیل ہیں۔
(۱) قرآن مجید (۲) سنت (۳) آثار صحابہ (۴) اجماع (۵) قیاس (۶) استحسان (۷) استصلاح
(۸) عرف و رواج (۹) اجتہاد

سوال: مسلمانوں کے نزدیک قانون سازی کا اولین ماخذ کیا ہے؟
جواب: قانون کا اولین ماخذ قرآن مجید ہے۔

سوال: خلافت راشدہ کی مدت کتنی ہے؟
جواب: مسلم کی کتاب الامارۃ کے مطابق خلافت راشدہ کی مدت 30 سال ہے۔

سوال: خلیفہ کے تین اہم اختیارات کون سے ہیں؟
جواب: (۱) قاضی وقضاۃ کا تقرر (۲) سپہ سالار کا تقرر (۳) احتساب و مواخذہ

سوال: خلیفۃ المسلمین کی اہمیت کی شرائط کون سی ہیں؟
جواب: (۱) اسلام (۲) عقل (۳) بلوغت

سوال: اسلامی حکومت کے تین اہم بنیادی فرائض لکھیے؟
جواب: (۱) اقامت صلوٰۃ و زکوٰۃ (۲) امربالمعروف و نہی عن المنکر (۳) جہاد فی سبیل اللہ۔

سوال: ابن تیمیہ کے نزدیک امام کے فرائض کیا ہیں؟
جواب: (۱) امامت کی نگہداشت (۲) حقوق اللہ کا تحفظ (۳) حقوق العباد کا تحفظ (۴) دیانتدار اور متقی عمال کا تقرر

سوال: ابن تیمیہ کا دور حیات لکھئے؟

جواب: ابن تیمیہ کا دور حیات ۱۲۶۳ء تا ۱۳۲۸ء ہے۔

سوال: ابن تیمیہ کا نام لکھئے؟

جواب: علامہ موصوف کا نام احمد ہے۔

سوال: "شوریٰ" سے کیا مراد ہے؟

جواب: شوریٰ سے مراد مشورہ، مشاورت

سوال: مشاورہ فی الامر کا مطلب بیان کریں؟

جواب: مشاورہ فی الامر کا مطلب ہے کسی امر میں مشورہ طلب کرنا۔

سوال: مجلس شوریٰ سے کیا مراد ہے؟

جواب: لوگوں کے جس منتخب گروہ سے دینی و سیاسی معاملات میں مشورہ طلب کیا جائے اسے "مجلس شوریٰ" کا نام دیا جاتا ہے۔

سوال: شوریٰ کی اہمیت میں "دو" قرآنی آیات تحریر کریں؟

جواب: (۱) وامرهم شورى بينهم

ترجمہ: اور ان کا کام آپس میں مشورے سے ہوتا ہے۔

(۲) وشاورهم فى الامر فاذا عزمت فتوكل على الله ان الله يحب المتوكلين

ترجمہ: ان سے معاملات میں مشور کرو اور جب تمہارا عزم قائم ہو جائے تو پھر صرف اللہ پر بھروسا کرو بے شک اللہ تعالیٰ توکل کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

سوال: "لا خلافته الا عن مشورة" کس کا قول ہے؟

جواب: یہ حضرت عمر فاروق کا قول ہے۔

سوال: قاضی کے اوصاف بیان کریں؟

جواب: (۱) مسلم (۲) مرد ہو (۳) آزاد ہو (۴) بالغ ہو (۵) عاقل ہو (۶) مجتہد ہو (۷) عادل ہو۔

سوال: شوریٰ کے اجزائے ترکیبی بیان کریں؟

جواب: (۱) خلیفہ کا انتخاب

(۲) سیاسی امور میں مشاورت

(۳) فروعی قوانین اور اصول و ضوابط کی تدوین

(۴) حکومت کے غلط کاموں پر تنقید

(۵) ریاست کو اسلامی خطوط پر چلانے کے لئے مشورہ

(۶) امر بالمعروف و نہی عن المنکر

(۷) اندرونی و خارجی امور میں مشاورت

سوال: شوریٰ کے فوائد لکھیں؟
جواب: (۱) رائے عامہ کا اظہار (۲) مشکل مسائل کا حل (۳) واجب التعمیل قانون (۴) کسی کی حق تلفی نہیں ہوتی۔
سوال: حضرت عمر فاروقؓ نے قاضی کو کیا ہدایات دی؟
جواب: (۱) مقدمہ کی پیشی کی متعین تاریخ (۲) فیصلہ پر نظر ثانی
سوال: عہد رسالت میں شوریٰ کے اہم اجلاس کون سے تھے؟
جواب: (۱) شوریٰ بدر (۲) شوریٰ خندق (۳) شوریٰ فتح مکہ (۴) شوریٰ حدیبیہ (۵) شوریٰ تبوک
سوال: مساوات کے متعلق ایک حدیث بیان کریں؟
جواب: خطبہ حجتہ الوداع کے بعد کے الفاظ:
ترجمہ: تم سب آدم کی اولاد ہو اور آدم مٹی سے بنایا گیا۔
سوال: امت مسلمہ کا خصوصی شرف کیا ہے؟
جواب: امر بالمعروف و نہی عن المنکر
سوال: امت مسلمہ کو متحد کرنے والے دو اہم ادارے کون سے ہیں؟
جواب: (۱) اسلامی کانفرنس کی تنظیم (۲) عرب لیگ
سوال: اخوت کے موضوع پر ایک حدیث درج کریں؟
جواب: رسول ﷺ نے فرمایا تمام مومن بھائی بھائی ہیں۔
سوال: اللہ نے انسان کو عزت عطا کی ہے قرآن مجید کا حوالہ دیکر ثابت کریں؟
جواب: سورۃ بنی اسرائیل میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

ولقد كرّمنا بني ادم

ترجمہ: اور ہم نے اولاد آدم کو عزت دی۔
سوال: ایک قرآنی آیت کا حوالہ دیں کہ اللہ نے انسان کو رزق کمانے کا حکم دیا ہے؟
جواب: سورۃ عبس میں فرمایا گیا ہے:

فلينظر الانسان الى طعامه

ترجمہ: پس انسان کو چاہیئے کہ وہ اپنے (رزق کمانے) کی طرف توجہ کرے۔
سوال: کون کون سے اصول اسلامی ثقافت کی روح رواں ہیں؟
جواب: توحید، رسالت، جواب دہی کا تصور، تقویٰ، عظمت انسان، وحدت نسل انسانی
سوال: رشتہ داروں کے حقوق سے متعلق قرآنی آیت کا حوالہ دیں؟
جواب: سورۃ البقرۃ میں ارشاد ربانی ہے:

واتی المال علی حبہ ذوالقربی

سوال: معاشرتی مساوات کسے کہتے ہیں؟

جواب: معاشرتی مساوات کا مطلب ہے کہ ہر فرد کو بلا امتیاز ذات و قوم تمام معاشرتی حقوق حاصل ہوں۔

سوال: سیاسی مساوات سے کیا مراد ہے؟

جواب: سیاسی مساوات کا مطلب ہے کہ ہر شخص بلا امتیاز رنگ و نسل مذہب و ملت ملک کے نظام میں حصہ لے سکتا ہے اور ہر شخص کو ترقی کرنے کے تمام حقوق مساوی طور پر حاصل ہوں۔

سوال: کیا دین اور سیاست دو الگ الگ چیزیں ہیں؟

جواب: نہیں دین اور سیاست دونوں ایک چیز کے نام ہیں۔

سوال: اللہ نے کن لوگوں سے خلیفہ بنانے کا وعدہ فرمایا آیت قرآنی یا اس کا ترجمہ درج کریں؟

جواب: سورۃ النور میں ارشاد باری ہے:

وعد اللہ الذین امنوا منکم و عملو الصالحات لَیَسْتَخْلِفَنَّھُمْ فِی الْاَرْض کما استخلف الذین من قبلھم۔

ترجمہ: جو تم میں سے ایمان لائیں اور نیک عمل کریں اللہ نے ان سے وعدہ کیا ہے کہ ان کو زمین میں خلیفہ بنائے گا اسی طرح ان سے پہلے اس نے دوسروں کو خلیفہ بنا لیا تھا۔

سوال: ثقافتی و تہذیبی اصولوں کا ڈھانچہ کون کون سے چار اصولوں پر مشتمل ہے۔

جواب: توحید' رسالت' آخرت' ذوق جمال و فکری طہارت

سوال: رشتہ داروں کے حقوق سے متعلق قرآنی آیت کا حوالہ دیں؟

جواب: واتی المال علی حبہ ذوالقربی

سوال: بیویوں سے حسن سلوک کے بارے میں آیت قرآنی درج کریں؟

جواب: سورۃ النساء میں ارشاد ربانی ہے:

عاشروھن بالمعروف

سوال: سب سے پہلے انگلستان میں کس نے بنیادی حقوق کے بارے میں پیش رفت کی؟

جواب: کنگ جان نے

سوال: ٹام پین نے ۱۷۹۱ء میں ایک پمفلٹ شائع کیا حقوق کے بارے میں اس کا نام لکھئے؟

جواب: "حقوق انسانی"

سوال: عالمی منشور حقوق انسانی کب پاس کیا گیا؟

جواب: 10 دسمبر ۱۹۴۸ء میں

سوال: کس سن عیسوی میں اسلام نے انسان کو بنیادی حقوق دیئے؟

جواب: چھٹی صدی عیسوی میں اسلام نے انسان کو بنیادی حقوق دیئے۔

سوال: حقوق انسانی اللہ تعالیٰ نے کس کے ذریعے عطا کیے ہیں؟

جواب: قرآنی منشور کے ذریعے۔

سوال: اسلام کے بنیادی حقوق میں سے کوئی سے چار نام لکھئے؟

جواب: (۱) حرمت جان کا حق (۲) معذوروں اور کمزوروں کا تحفظ (۳) معاشی تحفظ (۴) حق انصاف

سوال: اسلامی جمہوریہ پاکستان کے کس دستور میں بنیادی حقوق عطا کئے گئے ہیں؟

جواب: اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور ۱۹۷۳ء کے باب نمبر (۱) میں بنیادی حقوق عطا کئے گئے ہیں۔

سوال: بنیادی حقوق کونسے ہیں؟

جواب: بنیادی حقوق وہ ہوتے ہیں جو ایک آزاد معاشرے میں بلا تخصیص مذہب و ملت، رنگ و نسل و جنس، ہر مرد و زن، بوڑھے، جوان اور بچے کو حاصل ہوتے ہیں۔

سوال: تحفظ ناموس خواتین کے متعلق قرآنی آیات درج کریں؟

جواب: سورۃ البقرہ میں فرمایا:

ولهن مثل الذی علیهن بالمعروف وللرجال علیهن درجته۔

ترجمہ: اور عورتوں کا حق دستور کے مطابق مردوں پر ویسا ہی ہے جیسا مردوں کا عورتوں پر اور مردوں کو ان پر منزلت حاصل ہے۔

سوال: حقوق کی کچھ اقسام لکھیں؟

جواب: (۱) قدرتی حقوق (۲) قانونی حقوق (۳) اخلاقی حقوق (۴) معاشی حقوق (۵) تمدنی حقوق

سوال: بیوی کے معاشی حقوق کیا ہیں؟

جواب: (۱) نفقہ (۲) مہر (۳) وراثت (۴) ملکیت اور اس کے خرچ کی اجازت

سوال: اجماع کیا ہے تعریف کریں؟

جواب: امت کے اہل حل و عقد کا کسی معاملہ میں اتفاق و اتحاد کر لینا "اجماع" کہلاتا ہے۔

سوال: "حکمت" کی تعریف بیان کریں؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی حکومت کے معاملات میں سوچ بچار کو حکمت عملی کی صورت دینا حکمت کہلاتا ہے۔

سوال: قرآن میں "سیاست" کا مترادف کون سا لفظ آیا ہے؟

جواب: قرآن کریم میں لفظ "حکمت" کو سیاست کے مترادف استعمال کیا گیا ہے؟

سوال: اللہ تعالیٰ کا انسان پر پہلا حق کونسا ہے؟

جواب: کہ وہ اس کی ذات اور صفات میں کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہرائے۔

سوال: انسان پر اللہ تعالیٰ کا دوسرا حق کونسا ہے؟

جواب: حضور ﷺ کی اطاعت کرے۔

سوال: سورۃ المدثر کی کس آیت میں یہ کہا گیا ہے کہ وہ (اللہ) اس کا حقدار ہے کہ اس سے تقویٰ کیا جائے۔

جواب: آیت ۵۶ میں

سوال: لوگوں کو اس کے سوا کوئی حکم نہیں دیا کہ بالکل یکسو ہو کر دین کو اللہ کے لئے خالص کر کے اس کی عبادت کریں بتائیے یہ کس سورۃ کے الفاظ ہیں؟

جواب: سورۃ البینہ آیت ۵۔

سوال: عدل کے لغوی معنی لکھئے؟

جواب: (۱) سیدھا کرنا (۲) برابر کرنا (۳) توازن قائم کرنا (۴) افراط و تفریط سے بچنا۔

سوال: عدل کی تعریف کریں؟

جواب: (۱) کسی بوجھ کو دو برابر حصوں میں اس طرح بانٹ دیا جائے کہ ان دونوں میں سے کسی میں ذرا بھی کمی بیشی نہ ہو تو اس کو عربی میں عدل کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

(۲) داتا گنج بخشؒ اپنی مشہور تصنیف کشف المحجوب میں لکھتے ہیں۔

کسی چیز کو اس کے صحیح موقع محل میں رکھنا اس کی ضد ظلم ہے جس کے معنی ہیں کسی چیز کو ایسی جگہ رکھنا جو اس کے لائق نہ ہو"

سوال: عدلیہ کی تعریف کریں؟

جواب: عدلیہ وہ ادارہ ہے جو مروجہ قوانین کے تحت نزاعی مقدمات کا فیصلہ کرتا ہے اسے عدلیہ کہتے ہیں۔

سوال: عدل خدا تعالیٰ کی ایک صفت ہے قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: واللّٰہ یقضی بالحق (مؤمن 20)

ترجمہ: اللہ حق کے ساتھ فیصلہ کرتا ہے۔

سوال: انصاف کرنے والوں کے بارے میں حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

جواب: عدل و انصاف کرنے والے اللہ تعالیٰ کے پاس منبروں پر ہوں گے یہ وہ لوگ ہیں جو کہ اپنے حکم میں اور اہل و عیال کے معاملات میں اور ہر اس کام میں جو ان کے سپرد ہو عدل کرتے ہیں۔

سوال: جو لوگ اللہ تعالیٰ کے نازل کردہ قانون کے مطابق فیصلہ نہ کریں انہیں قرآن نے کیا قرار دیا ہے؟

جواب: کافر سورۃ المائدہ ایت 44۔

سوال: حضور ﷺ نے غصہ کی حالت میں قاضی کو کیا تنبیہہ فرمائی؟

جواب: فریقین کے درمیان فیصلہ نہ کرے۔

سوال: عدل کی اقسام لکھیئے؟

جواب: (۱) انفرادی عدل (۲) اجتماعی عدل۔

سوال: اجتماعی عدل کی کئی صورتیں ہیں صرف چند کے نام لکھیئے؟

جواب: (۱) عدل اور عائلی زندگی (۲) عدل اور عدالت (۳) عدل اور حکومت (۴) عدل اور تجارت (۵) اقتصادی عدل

سوال: عدل کے ثمرات و فوائد لکھیئے؟

جواب: (۱) مساوات قائم ہوتی ہے (۲) ظلم و تشدد سے نجات (۳) استحکام حکومت (۴) اقتصادی ترقی (۴) امن و امان کا قیام (۶) اللہ سے محبت۔

سوال: عادل حکمران کی فضیلت میں کوئی ایک حدیث درج کریں؟

جواب: عادل حکمران زمین پر اللہ کا سایہ ہے (کنز العمال)

سوال: اسلام میں سرقہ یعنی چوری کی سزا کیا مقرر ہے؟

جواب: اسلام میں حکم ہے کہ اگر کوئی (مقررہ نصاب) کی چوری کرے تو اس کا دایاں ہاتھ پونچے پر سے کاٹ دیا جائے۔

سوال: قذف بالزنا کی حد بیان کریں؟

جواب: قذف بالزنا کی حد اسی تازیانے مقرر ہے۔

سوال: مہتم بالزنا کی شرائط کیا ہیں؟

جواب: (۱) بالغ ہو (۲) عاقل ہو (۳) مسلمان ہو (۴) عفیف ہو۔

سوال: ایسی حدیث بیان کریں جوکہ اسلام کے رہبانیت کے ممنوع ہونے پر ہو؟

جواب: رسول ﷺ نے فرمایا:

لا رہبانیۃ فی الاسلام

سوال: قتل کی سزا آخرت میں کیا ہے آیت قرآن سے ثبوت دیں؟

جواب: قرآن مجید میں اللہ تعالی کا ارشاد ہے:

من یقتل منکم مؤمنا متعمداً فجزاؤہ جہنم خالداً فیھا

ترجمہ: تم میں سے اگر کوئی عمداً قتل کرے تو اس کی سزا جہنم ہے جس میں ہمیشہ رہے گا۔

سوال: "نکاح کرنا سنت ہے" حدیث کے حوالے سے جواب دیں؟

جواب: النکاح من سنتی فمن رغب عن سنتی فلیس منی (مشکوۃ)
ترجمہ: نکاح کرنا میری سنت ہے جو شخص میری سنت سے اعراض کرے گا وہ مجھ سے نہیں؟

سوال: اللہ کسی کو اس کی وسعت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا قرآنی آیات لکھئے؟

جواب: قرآن کریم میں آیا ہے کہ
لا یکلف اللہ نفسا الا وسعھا

سوال: امام غزالی پیشوں کے لحاظ سے سماج کو کن درج ذیل حصوں میں تقسیم کرتے ہیں؟

جواب: امام غزالی پیشوں کے لحاظ سے سماج کو درج ذیل تین حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔
(ا) اہل علم (۲) فوج (۳) کاشتکار اور اہل حرفہ

سوال: غزالی نے سیاست کے کتنے مرتبے بیان کیے ہیں؟

جواب: غزالی سیاست کو چار مراتب میں تقسیم کرتے ہیں:
(ا) سیاست انبیاء (۲) سیاست خلفاء و سلاطین (۳) سیاست علماء و فضلا (۴) سیاست واعظ۔

سوال: ایلا کی تعریف کریں؟

جواب: ایلا کا مطلب ہے کہ آدمی یہ قسم کھائے کہ وہ اپنی بیوی کے پاس نہیں جائے گا ایسی قسم کھانے والے کے لئے لازم ہے کہ وہ چار ماہ کے اندر اندر قسم توڑ دے اور کفارہ ادا کرے ورنہ چار ماہ گزرنے کے بعد طلاق بائن ہو جائے گی۔

سوال: ایلا کا کفارہ کیسے ادا کیا جاتا ہے؟

جواب: ایلا کی قسم توڑنے کا کفارہ یہ ہے کہ دس مسکینوں کو کھانا کھلایا جائے یا ان کو کپڑے پہنائے جائیں یا ایک غلام آزاد کیا جائے یا تین دن کے روزے رکھے جائیں؟

سوال: لعان کسے کہتے ہیں؟

جواب: جب خاوند اپنی بیوی پر زنا کا الزام عائد کرے لیکن گواہ پیش نہ کر سکے اس کے بعد میاں بیوی ایک دوسرے پر لعنت کریں اس صورت میں علیحدگی ہو جاتی ہے اور یہ سارا عمل "لعان" کہلاتا ہے۔

سوال: جماعتِ اجماع کی فضیلت میں حدیث نبوی کا حوالہ دیں؟

جواب: ارشاد ربانی ہے:
"ید اللہ علی الجماعتہ" جماعت کے ساتھ اللہ کی تائید اور نصرت ہے۔

سوال: قیاس کسے کہتے ہیں مختصر بیان کریں؟

جواب: "علت" کو مدار بنا کر گزشتہ فیصلہ اور مثال کی روشنی میں اپنے مسائل حل کرنے کو قیاس

کہتے ہیں۔

سوال: استحسان کی اقسام بیان کریں؟

جواب: (۱) استحسان سنت (۲) استحسان اجماع (۳) استحسان ضرورت

سوال: شرف انسانی کے بارے میں قرآنی آیات درج کریں؟

جواب: انسان کو پہلا شرف یہ حاصل ہے کہ اللہ نے انسان کو بہتر صورت میں تخلیق کیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم

ترجمہ: دوسرا شرف انسانیت یہ ہے کہ انسان کو مسجود ملائکہ بنایا۔

سوال: "احکام السلطانیہ" کے مصنف کا نام کیا ہے نیز اس کا موضوع کیا ہے؟

جواب: "الاحکام السلطانیہ" کے مصنف ابو الحسن علی بن محمد بن حبیب الماوردی ہیں اور اس کا موضوع سیاست ہے اس کے کچھ حصہ میں سیاسی نظریات اور باقی مانده میں نظم و نسق عامہ اور حکومت کے قواعد سے بحث کی گئی ہے۔

سوال: طلاق اور خلع میں کیا فرق ہے؟

جواب: مرد کی طرف سے عورت کو اپنے نکاح سے آزاد کر دینے کا نام طلاق ہے جبکہ خلع اس آزادی کا نام ہے جو عورت خود کوئی چیز یا زر نقد مرد کو ادا کر کے حاصل کرتی ہے۔

سوال: تبلیغ کے معانی لکھیے؟

جواب: تبلیغ کا لفظی معنی انتہا یا آخری ٹھکانے تک پہنچانا ہے۔

سوال: تبلیغ کا مفہوم شریعت میں کیا ہے؟

جواب: شریعت کی اصطلاح میں اسلامی احکام اور عقائد کو لوگوں تک ٹھیک ٹھیک اور بلا کم و کاست پہنچا دینا ہے۔

سوال: قرآن پاک میں تبلیغ کے ہم معنی کونسا لفظ استعمال ہوا ہے؟

جواب: اس کے ہم معنی دوسرے الفاظ قرآن پاک میں "انذار" "تذکیر" دعوت اور ابلاغ ہیں۔

سوال: مسلم اور غیر مسلم کی تبلیغ سے کیا مراد ہے؟

جواب: مسلمانوں کو تبلیغ کرنے سے مراد یہ ہے کہ انہیں اوامر کی طرف مائل کرنا اور منکرات سے منع کرنا غیر مسلم کی تبلیغ سے مراد یہ ہے کہ اسے اسلام سے روشناس کرایا جائے۔

سوال: تبلیغی مذہب کی تعریف کریں؟

جواب: تبلیغی مذہب کی تعریف آرنلڈ نے پروفیسر مکس مولر کے حوالے سے کی ہے۔

تبلیغی مذہب وہ مذہب ہے جس میں سچائی کا پھیلانا اور غیر مذہب والوں کو اپنے مذہب میں لانا ہے۔

سوال: تبلیغی مذاہب میں کونسے مذاہب شامل ہیں؟
جواب: تبلیغی مذاہب کے زمرے میں اسلام، عیسائیت اور بدھ مت شامل ہیں۔
سوال: تبلیغ کی اہمیت میں قرآنی آیات درج کریں؟
جواب: یَا أَیُّھَا الرَّسول بلغ ما انزل الیک من ربک وان لم تفعل فَمَابلغت رسالته (آیات ۵-۶۷)

ترجمہ: اے رسول ﷺ تیرے رب کی طرف سے جو کچھ تیری طرف اتارا گیا ہے اسے لوگوں تک پہنچا دو اگر تم نے ایسا نہ کیا تو تم نے اللہ کا پیغام نہیں پہنچایا۔
سوال: تبلیغ کی اہمیت پر دو احادیث مبارکہ لکھیں؟
جواب: بلغوا عنی ولو آیته۔ (بخاری)
میری طرف سے آگے پہنچاؤ اگرچہ ایک آیت ہی ہو۔
کسی جماعت یا قوم میں کوئی شخص گناہ کا ارتکاب کرتا ہے اور وہ جماعت با وجود طاقت کے اس شخص کو گناہ سے نہیں روکتی تو ان پر مرنے سے پہلے دنیا میں ہی اللہ کا عذاب مسلط ہو جاتا ہے۔ (ابوداؤد)
سوال: تبلیغ کا اسلام سے لازمہ ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب: کذالک جعلنکم امته وسطالتکونو شہداء علی الناس ویکون الرسول علیکم شہیدا (۲-۱۴۳)

ترجمہ: اور اسی طرح ہم نے تمہیں درمیانی امت بنایا تا کہ لوگوں پر گواہ ہو اور رسول تم پر گواہ بنے۔
سوال: تبلیغ کی اقسام لکھئے؟
جواب: (۱) انفرادی تبلیغ (۲) اجتماعی تبلیغ (۳) عدم تبلیغ
سوال: قرآنی آیت

ادع الی سبیل ربك بِالْحِكْمَةِ والموعظة الحسنة و جادلهم بِالّتی ھی احسن (۱۶-۱۲۵) کے حوالے سے تبلیغ کے اصول لکھئے؟

جواب:

(۱) حکمت (۲) موعظہ حسنہ (۳) جدال بطریق احسن
سوال: تبلیغ کے چند اصول لکھئے؟
جواب: (۱) رفق و نرمی (۲) بشارت و سہولت (۳) تدریج (۴) تالیف قلوب (۵) رواداری (۶) عملی نمونہ (۷) دین میں جبر نہیں
سوال: مبلغ کے اوصاف لکھیں؟

جواب: مبلغ کے اوصاف درج ذیل ہیں (۱) ایمان (۲) عمل (۳) بے لوثی (۴) اخلاص (۵) صبر و استقامت (۶) خوش خلقی (۷) زبان پر عبور (۸) نرمی اور شفقت

سوال: برصغیر میں اسلام کن دو قسم کے لوگوں کی کوششوں اور جدوجہد کا نتیجہ ہے؟

جواب: پہلی قسم تو سپہ سالاروں کی ہے اور دوسری قسم بزرگان دین اور مشائخ کی۔

سوال: برصغیر میں کن صوفیائے کرام نے اپنی تبلیغی کاوشوں سے اسلام کی روشنی میں ایک خطہ ارض کو منور کیا؟

جواب: (۱) سر سید احمد خاں (۲) شاہ ولی اللہؒ (۳) مجدد الف ثانیؒ اور حضرت داتا گنج بخشؒ۔

سوال: تبلیغ کے فضائل سے کیا مراد ہے؟

جواب: تبلیغ کے فضائل کا اندازہ اس سے ہوتا ہے کہ یہ کارہائے نمایاں انبیاء کیلئے اتنا عظیم اور مقدس ہے اس کو خدا کے برگزیدہ پیغمبروں نے انجام دیا ہے یہی کام ہے جس کے صلہ میں اللہ رب العالمین اپنی رضا جیسی نعمت عطا کرتے ہیں۔

سوال: تبلیغ کو موثر بنانے کیلئے چند تجاویز تحریر کریں؟

جواب: (۱) جماعت کا قیام (۲) ریاست کا قیام (۳) زبانی تبلیغ (۴) تحریری تبلیغ (۵) جدید ذرائع نشرو اشاعت۔

سوال: جہاد کے لغوی اور اصطلاحی معانی لکھیں؟

جواب: جہاد کا لفظ جہد سے نکلا ہے جس کے معنی (۱) کوشش کرنے کے ہیں (۲) جدوجہد کرنے کے ہیں اصطلاحی معانی میں جہاد اس کوشش کو کہتے ہیں جو اسلام کی حفاظت کیلئے کیا جائے۔

سوال: جہاد کی تعریف کریں؟

جواب: جہاد اس کوشش کو کہتے ہیں جو دشمنوں کے خلاف دفاع کرتے ہوئے کی جائے۔ (امام راغب اصفہانی۔)

قرآن پاک میں ہے:

تم متقی بن جاؤ اور تقوی اختیار کرو۔

سوال: اسلام کے تصور جہاد سے کیا مراد ہے؟

جواب: فتنہ و فساد کو روکنا ظالم کو ظلم سے روکنا عظیم ترین عبادت ہے کیونکہ اس سے امن و امان قائم ہوتا ہے اور عزت و آبرو محفوظ ہوتی ہے۔

سوال: جہاد کے طریقے لکھئے؟

جواب: (۱) دین کی اشاعت کیلئے مضبوط دلائل قائم کرنا

(۲) اسلام کی سربلندی کیلئے تصانیف لکھنا

(۳) اسلام کی ترویج کیلئے تبلیغی ادارے قائم کرنا۔

سوال: جہاد کی اہمیت قرآنی آیات سے واضح کریں؟

جواب: ان اللّٰہ یحبُّ الذین یقاتلون فی سبیل اللّٰہ صفا کاَنّھُم بنیان مرصوص (الصف)

ترجمہ: بے شک اللہ ان لوگوں سے محبت رکھتا ہے جو اس کی راہ میں صف باندھ کر جنگ کرتے ہیں گویا وہ ایک مضبوط سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں۔

(۲) وحرض المؤمنین علی القتال

ترجمہ: اے پیغمبر مومنین کو جنگ پر اکسایئے۔

سوال: حدیث کی رو سے جہاد کی فضیلت بیان کریں؟

جواب: ارشاد نبوی ہے۔

(۱) جب تمہیں جہاد کے لئے بلایا جائے تو تم اپنے گھروں سے نکل پڑو۔

(۲) جنت میں جانے والے سب سے پہلے شہید داخل ہوں گے۔

سوال: جہاد کی کتنی اقسام ہیں صرف نام لکھئے؟

جواب: جہاد کی درجہ ذیل چھ اقسام ہیں۔

(۱) جہاد اکبر (۲) جہاد بالعلم (۳) جہاد بالقلم (۴) جہاد بالمال (۵) جہاد بالسیف (۶) دائمی جہاد

سوال: جہاد اور قتال میں کیا فرق ہے؟

جواب: مخالفین اسلام نے جنگ اور جہاد ایک معنی میں استعمال کیا ہے یہ غلط ہے ان کا فرق:

(۱) جہاد کا مقصد اللہ کے نام کو بلند کرنا اور یہ فرض عین ہے اس کی بہت سی اقسام ہیں۔ جبکہ قتال کا سبب نفرت دشمنی اور یہ فرض کفایہ ہے اور اس کی ایک قسم ہے۔

سوال: جہاد کی شرائط تحریر کریں؟

جواب: (۱) ثابت قدمی (۲) ذکر الٰہی (۳) اختلاف سے دوری (۴) صبر (۵) توکل (۶) اطاعت امیر

سوال: آداب جہاد میں سے چار آداب تحریر کریں؟ حضرت ابوبکرؓ نے حضرت اسامہؓ کو الوداع کرتے ہوئے کیا ہدایت دی؟

جواب: (۱) اللہ کا نام لے کر نکلنا

(۲) امانت میں خیانت نہ کرنا

(۳) بدعہدی نہ کرنا

(۴) بوڑھوں اور بچوں کو قتل نہ کرنا

[سو]ال: آنحضور ﷺ سے آداب جہاد کے بارے میں کیا احکام منقول ہیں؟ صرف چند ایک لکھئے؟

[جوا]ب: آنحضور ﷺ سے بھی آداب جہاد کے بارے میں مندرجہ ذیل احکام منقول ہیں۔

(۱) دوسری اقوام کی عبادت گاہوں کو ختم نہ کرنا

(۲) کسی کو باندھ کر قتل نہ کرنا
(۳) عام لوٹ مار نہ کرنا
(۴) ظلم کا خاتمہ

سوال: جہاد کے دو فوائد درج کریں؟
جواب: (۱) دخولِ جنت کی بشارت
(۲) افضل ترین عمل

سوال: دخول جنت کی بشارت سورۃ توبہ کی کس آیت میں دی گئی۔
جواب: سورۃ توبہ کی آیت ۱۱ میں

سوال: اہم اعضائے ریاست کون کون سے ہیں؟
جواب: ریاست کے تین شعبے اہم ہوتے ہیں جن میں مقننہ' عدلیہ' اور انتظامیہ کے نام سرفہرست ہیں۔

سوال: ریاست کی تعریف کیجئے؟
جواب: ریاست کی تعریف۔ مارکس کے مطابق ریاست ربط و ضبط کی ایک خاص قوت ہے جس سے برسراقتدار طبقہ دوسرے طبقہ کو زیر رکھتا ہے۔

سوال: ریاست کے بنیادی نظریات کیا ہونے چاہئیں؟
جواب: ریاست کے بنیادی نظریات درج ذیل ہیں۔
(۱) نظریہ تخلیق ربانی (۲) نظریہ جبر و طاقت (۳) نظریہ معاہدہ عمرانی (۴) نظریہ مادری (۵) نظریہ پدری سر

سوال: اسلامی ریاست کی امتیازی خصوصیات کیا کیا ہونی چاہئیں؟
جواب: اسلامی ریاست کی خصوصیات درج ذیل ہیں۔
(۱) نیابتی ریاست (۲) نظریاتی ریاست (۳) جمہوری ریاست (۴) اصولی اور جماعتی ریاست (۵) فلاحی ریاست

سوال: ثقافت اور تمدن کا فرق بیان کریں؟
جواب: ثقافت فکری ارتقا کا نام ہے جبکہ تمدن معاشرتی ترقی کو کہتے ہیں۔

سوال: ریاست اور حکومت کا فرق کیا ہے؟
جواب: کسی ملک کی چاروں حدود میں گھری ہوئی جگہ کو ریاست کہتے ہیں۔
اور حکومت وہ ڈھانچہ ہے جو اسی خطہ ارض میں رہنے والے انسانوں کا نظام چلاتی ہے۔

سوال: اسلامی ریاست کے سربراہ کے خطبات لکھیے؟

جواب: (۱) امیر المومنین (۲) خلیفہ المسلمین (۳) امام

سوال: ارسطو کے نزدیک ریاست سے کیا مراد ہے؟

جواب: ارسطو کے نزدیک ریاست افراد کے فطری اجتماع اور اس اجتماع کے بتدریج ارتقاء کا نام ہے۔

سوال: بینتھم کا نظریہ مملکت سے کیا مراد ہے؟

جواب: بینتھم کے نزدیک "مملکت" افراد کے گروہ کی ایک ایسی جماعت ہے جسے افراد کے گروہ اپنی مسرتوں کے حصول کیلئے منظم کرتے ہیں۔

سوال: ریاست کے چار فرائض لکھیئے؟ ارسطو کے نزدیک۔

جواب: ریاست کے فرائض درج ذیل ہیں۔

(۱) تمام افراد کے حقوق زندگی کا تعین کرے

(۲) ہر فرد کو ذہنی' اخلاقی اور سماجی نشوونما کے لیے مناسب مواقع فراہم کرنا۔

(۳) قوم کی ہر طرح سے خدمت کرنا

(۴) فوجی نظام مضبوط کرے

سوال: اسلامی ریاست کے مقاصد تحریر کریں صرف چند کے نام لکھیں؟

جواب: اسلامی ریاست کے مقاصد درج ذیل ہیں۔

(۱) حاکیت الیہ کا قیام (۲) قیام عدل (۳) قیام امن (۴) قیام الصلوۃ و زکوۃ (۵) مواخات و اتحاد

سوال: نوعیت کے لحاظ سے اسلامی ریاست کو کیا اصطلاحی نام دیئے جا سکتے ہیں؟

جواب: اسلامی ریاست کو نوعیت کے لحاظ سے درج ذیل نام دیئے جا سکتے ہیں۔ (۱) الٰہی حکومت (۲) الٰہی جمہوری حکومت (۳) اصولی و نظریاتی ریاست (۴) نیابتی ریاست (۵) ایجابی اور ہمہ گیر ریاست

سوال: اسلامی ریاست پر بنیادی طور پر کتنی قسم کی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں؟

جواب: اسلامی ریاست پر بنیادی طور پر دو قسم کی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔

(۱) حقوق اللہ پر عمل درآمد کرنا (۲) حقوق العباد کا تحفظ

سوال: اسلامی ریاست کے امیر کے فرائض کیا ہیں؟

جواب: اسلامی ریاست کے امیر کے فرائض تو بہت زیادہ ہیں رعایا سے متعلق امیر کا فرض ہے کہ اپنی رعایا کا خیال رکھے' انکی ضروریات زندگی' دکھ' سکھ کی فکر کرتا رہے تاکہ روز جزا جب اپنے رب کے حضور پیش ہو تو شرمندگی نہ ہو۔

سوال: اسلامی ریاست کے اقتصادی نظام کے چند بڑے اصول لکھئے؟

جواب: اقتصادی نظام کے چند بڑے اصول درج ذیل ہیں۔

(۱) استحصال سے پاک معاشرہ

(۲) زکوٰۃ اور عشر کا نظام (۳) ربوا کی ممانعت (۴) ذاتی ملکیت کا حق (۵) فرد کے حقوق کی پاسداری

سوال: اسلامی ریاست کی خارجہ پالیسی کے بنیادی اصول تحریر کریں صرف نام؟

جواب: اسلامی ریاست کی خارجہ پالیسی کے بنیادی اصول درج ذیل ہیں۔

(۱) دعوت اسلام کی تبلیغ (۲) عوام کی فلاح و بہبود (۳) دولت مشترکہ کا قیام (۴) قیام امن (۵) انسانی مساوات (۶) ایفائے عہد (۷) انتقام کی اجازت

سوال: اسلامی ریاست کے شہریوں پر کونسے فرائض عائد ہوتے ہیں؟

جواب: اسلامی ریاست کے شہریوں پر درج ذیل فرائض عائد ہوتے ہیں۔ (۱) اطاعت اولی الامر (۲) قیام امن میں تعاون (۳) قانون کی پابندی (۴) حصول قربانی

سوال: گرین کا نظریہ مملکت کیا تھا؟

جواب: گرین کا نظریہ مملکت۔ مملکت روح ربانی کا ایک مکمل شاہکار ہے جس کے بغیر فرد اپنی ذات کی تکمیل نہیں کر سکتا اور نہ ہی اپنا تشخص ابھار سکتا ہے۔

سوال: حاکیت کی تعریف کریں؟

جواب: حاکیت یا اقتدار اعلیٰ سے مراد وہ مرکز ہے جو ریاست کی تمام قوتوں کا سرچشمہ اور سارے اختیارات کا منبع ہے۔ (بودین)

سوال: مغربی مفکرین کے نزدیک حاکیت یا اقتدار اعلیٰ کی خصوصیت کے صرف نام لکھئے؟

جواب: (۱) وحدت اقتدار (۲) ابدیت (۳) ناقابل تعطل (۴) ناقابل انتقال (۵) بالادستی (۶) لامحدود (۷) آزادی (۸) قانون سازی (۹) اطاعت (۱۰) ناقابل تقسیم پذیری۔

سوال: اللہ خالق کائنات ہے۔ قرآنی آیات درج کریں؟

جواب: ولئن سألتهم من خلقهم ليقولن الله

ترجمہ: اگر تم ان سے پوچھو کہ تم کو کس نے پیدا کیا ہے وہ ضرور کہیں گے اللہ نے۔ (الزخرف)

سوال: اللہ مالک الملک ہے قرآنی آیات درج کریں؟

جواب: قل اللهم مالك الملك (آل عمران)

ترجمہ: کہہ اے اللہ مالک الملک

سوال: اللہ کے حکم میں کوئی شریک نہیں؟ قرآنی آیات درج کریں؟

جواب: ولا يشرك في حكمه احد" (سورۃ الکہف)

ترجمہ: اور وہ اپنے حکم میں کسی کو حصہ دار نہیں بناتا۔

سوال: اللہ کو قانون سازی کا حق ہے قرآنی آیات درج کریں؟

جواب: ولا تقولوا لما تصف السنتكم الكذب هذا حلال وهذا حرام (سورۃ النحل)

ترجمہ: اور تم اپنی زبانوں سے جن چیزوں کا ذکر کرتے ہو ان کے متعلق جھوٹ نہ گھڑا کرو یہ نہ کہہ دیا کرو کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے۔

سوال: انسانی حقوق کے دو اہم اسلامی تصورات کیا ہیں؟

جواب: (۱) حقوق عطیہ خداوندی (۲) ان میں اضافہ ممکن ہے کمی نہیں۔

سوال: غیر اسلامی تصور حقوق کے بنیادی نکات کیا ہیں؟

جواب: (۱) سمع واطاعت فی المعروف (۲) خیر خواہی خلیفہ (۳) احترام قانون

سوال: ذمیوں کے تین بنیادی فرائض کون سے ہیں؟

جواب: (۱) جاسوسی سے اجتناب (۲) جزیہ کی بروقت ادائیگی (۳) مراعات کا درست استعمال

سوال: اسلامی دستور کا اولین ماخذ کون سا ہے؟

جواب: قرآن حکیم

سوال: توقیفی کے معنی کیا ہیں؟

جواب: (۱) وقف شدہ (۲) ثابت شدہ

سوال: قرآن کے ماخذ قانون ہونے پر ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: فاحكم بينهم بما انزل الله عليك (مائدہ)

سوال: اردو زبان میں اسلامی ریاست کی کوئی اہم کتاب کا نام لکھئے؟

جواب: حضور ﷺ کی سیاسی زندگی۔ ڈاکٹر حمید اللہ

سوال: مجدد کے تین اوصاف بیان کریں؟

جواب: (۱) کتاب و سنت کا عالم ہو (۲) گزشتہ اجتہاد پر بھی گہری نظر ہو (۳) پیش آنے والے مسئلے کا مکمل ادراک ہو۔

سوال: انفاق فی سبیل اللہ پر ایک آیت درج کریں؟

جواب: ترجمہ: تم نیکی کے اس بلند مقام کو حاصل نہیں کر سکتے جب تک کہ جن چیزوں سے تم کو محبت ہو انہیں راہ خدا میں خرچ نہ کرو۔

سوال: اساسی دستور سے کیا مراد ہے؟

جواب: دستور اساسی اس اصول کو کہتے ہیں جس کے مطابق حکومت کا ڈھانچہ تیار کیا جاتا ہے۔

سوال: الٰہی دستور سے کیا مراد ہے؟

جواب: الٰہی دستور وحی کے ذریعے پیغمبروں پر نازل ہونے والے احکام کا نام ہے مسلمانوں کے

نزدیک الٰہی دستور قرآن مجید کے احکامات ہیں۔

سوال: مغربی مفکرین کے نزدیک دستور کی تعریف کریں؟

جواب: ارسطو کے نزدیک!
آئین ایسا طریقہ کار ہے جس کے مطابق کسی ریاست کے شہریوں کے باہمی تعلقات مرتب ہوتے ہیں۔

سوال: کتاب و سنت کی روشنی میں دستور کی اصطلاحات بیان کریں؟

جواب: (۱) اسلام (۲) ہدایت (۳) شریعت (۴) حدود اللہ

سوال: دستور کی خصوصیات کے صرف نام لکھیئے؟

جواب: (۱) جامعیت (۲) کاملیت (۳) وسعت و وضاحت (۴) لچکدار ہونا (۵) بنیادی حقوق کی ضمانت

سوال: دستور کی اہمیت قرآنی آیت سے واضح کریں؟

جواب: انا انزلنا الیک الکتاب بالحق لتحکم بین الناس بما اراکئ اللہ۔ (سورۃ نساء)
ترجمہ: ہم نے تیری طرف یہ کتاب حق کے ساتھ اتار دی ہے تاکہ تم لوگوں کے درمیان اس علم حق کے ساتھ فیصلہ کرو جو خدا نے تجھے دیا ہے۔

سوال: اسلامی دستور کی اہمیت احادیث نبوی سے واضح کریں؟

جواب: من یُطِع الرسول فقد اطاع اللہ (سورۃ نساء)
جو رسول کی اطاعت کرے اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

سوال: اسلامی دستور کی بنیادیں بیان کریں؟

جواب: اسلامی دستور کی بنیاد مندرجہ ذیل امور پر ہے۔ ا) حاکمیت الٰہی (۲) مقام رسالت (۳) تصور خلافت (۴) اصولِ مشاورت (۵) اصولِ حکومت (۶) مقصد حکومت

سوال: انسانی دستور اور الٰہی دستور میں کیا فرق ہے؟

جواب: انسانی دستور انسان کا وضع کردہ ہے اور الٰہی دستور اللہ کے احکام کا مجموعہ ہے۔

سوال: مقننہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: دور جدید میں مقننہ عوامی رائے شماری سے منتخب ہونے والے افراد کے اس ادارے کا نام جو قومی مقاصد کے لئے کی جانے والی جدوجہد میں توازن قائم کرنے کے لئے قواعد و ضوابط وضع کرتا ہے۔

سوال: قانون سازی کے ماخذ درج کریں؟

جواب: قانون سازی کے ماخذ درج ذیل ہیں۔
(۱) قرآن مجید (۲) سنت (۳) اقوال صحابہ (۴) اجماع (۵) اجتہاد (۶) عرف و رواج

سوال: مجلس تشریعی سے کیا مراد ہے؟
جواب: اسلامی ریاست میں متنازعہ امور کے سلسلہ میں تعین و وضوح' قانون کا کام مجلس شرعی اور خلیفۃ المسلمین کرتے ہیں۔
سوال: عدلیہ کی تعریف کریں؟
جواب: عدلیہ وہ ادارہ ہے جو مروجہ قوانین کے تحت شرعی مقدمات کا فیصلہ کرتا ہے اسے عدلیہ کہتے ہیں۔
سوال: اسلامی اصطلاح میں عدلیہ کے سربراہ کو کیا کہتے ہیں؟
جواب: اسلامی اصطلاح میں عدلیہ کے سربراہ کو قاضی کہتے ہیں۔
سوال: قاضی کے فیصلہ پر پہنچنے کے ذرائع کونسے ہیں؟
جواب: (۱) اثبات دعویٰ (۲) شہادت (۳) یمین (۴) قیافہ شناسی
سوال: انتظامیہ سے کیا مراد ہے؟
جواب: انتظامیہ سے مراد ریاست کے وہ تمام عہدیداران ہیں جو قانون نافذ کرنے کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔
سوال: نظام حکومت کو چلانے کے لئے انتظامی امور کو کن حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟
جواب: (۱) انتظامیہ (۲) عدلیہ (۳) مقننہ
سوال: انتظامیہ کے فرائض لکھیں؟
جواب: (۱) نظم و نسق (۲) عوامی بہبود (۳) معاملات خارجہ (۴) قانون سازی
سوال: معاہدین کے حقوق لکھیئے؟
جواب: (۱) جائیداد کی حفاظت (۲) مذہبی آزادی (۳) عزت و آبرو کا تحفظ (۴) معاہدہ پر عمل
سوال: انتظامیہ کی اقسام لکھیں؟
جواب: انتظامیہ کی درج ذیل اقسام ہیں؟
(۱) حقیقی اور برائے نام عاملہ
(۲) غیرپارلیمانی عاملہ
(۳) وحدانی اور تکثیری عاملہ
سوال: انتظامیہ کے سربراہ کا دفتر کیا کہلاتا ہے؟
جواب: انتظامیہ کے سربراہ کا دفتر امامت کبریٰ کا دفتر کہلاتا ہے۔
سوال: اسلامی ریاست کی انتظامیہ میں جو محکمے کام کرتے ہیں چار کے نام لکھیئے؟
جواب: (۱) محکمہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر (۲) محکمہ دعوت و تبلیغ (۳) محکمہ احتساب (۴) محکمہ تعلیم

سوال: مفتوحین کسے کہتے ہیں؟
جواب: وہ غیر مسلم لوگ جو آخر وقت تک مسلمانوں سے لڑتے رہے ہوں انہوں نے اس وقت ہتھیار ڈالے جب اسلامی فوج فاتحانہ حیثیت سے ان کی بستیوں میں داخل ہوئی مفتوحین کہلاتے ہیں۔
سوال: جمہوریت سے کیا مراد ہے؟
جواب: جمہوریت اصطلاح عام میں ایک ایسا طرز حکومت ہے جس میں خیال کیا جاتا ہے کہ حکومت اور طاقت عوام ہی کے ہاتھ میں ہے آجکل مفکرین کے خیال میں یہ بہترین طرز حکومت ہے اور اس کو انسانیت کی فلاح اور بہبود کا ضامن تصور کیا جاتا ہے۔
سوال: جمہوریت کے عصری یا مغربی تصور سے کیا مراد ہے؟
جواب: سیلی کے نزدیک۔
یہ ایک حکومت ہے جس میں سب شریک ہیں۔
سوال: جمہوریت کے اسلامی اصول واضح کریں؟
جواب: جمہوریت کے اسلامی اصول درج ذیل ہیں (۱) شورائیت بذریعہ انتخاب (۲) قوم کے سامنے جواب دہی (۳) انسانی مساوات (۴) آزادی (۵) اکثریت کا حق فیصلہ
سوال: جمہوریت کی اقسام لکھیں؟
جواب: جمہوریت کی دو اقسام ہیں:
(۱) بلاواسطہ جمہوریت (۲) بالواسطہ جمہوریت
سوال: علامہ اقبال نے جمہوریت پر کیا اعتراض کیا؟
جواب: جمہوریت طرز حکومت ہے کہ جس میں بندوں کو گنا کرتے ہوئے تولا نہیں کرتے۔
سوال: اسلامی جمہوریت اور مغربی جمہوریت میں بنیادی فرق کیا ہے؟
جواب: اسلام کا نظام جمہوری نہیں بلکہ شورائی ہے تاہم اگر اس شورائی نظام کو اسلامی جمہوریت کا نام دے دیا جائے جمہوری طرز حکومت میں سربراہ ریاست صدر یا وزیر اعظم ہوتا ہے جبکہ اسلامی حکومت کا سربراہ کا خلیفہ یا امام یا امیرالمومنین ہوتا ہے۔
سوال: مغربی جمہوریت میں سربراہ کون ہوتا ہے؟
جواب: وزیر اعظم
سوال: جمہوریت کی خوبیاں لکھیں؟
جواب: (۱) امیر و غریب سب برابر (۲) آزادی رائے (۳) شہری ترقی (۴) عوام کی تائید و حمایت
سوال: قومیت کی تعریف کریں؟
جواب: پروفیسر گارنر کے نزدیک:

قوم ایک ایسا معاشرتی گروہ ہے جو ثقافتی طور پر یکساں ہو اور اپنی روحانی زندگی اور اظہار کی وحدت کو شعوری طور پر سختی سے قائم رکھنا چاہتا ہو۔

سوال: قومیت کے عناصر کے صرف نام لکھیے؟

جواب: (۱) مشترک وطن (۲) مشترک نسل (۳) مشترک زبان (۴) مشترک مذہب (۵) مشترک تاریخ و ثقافت

سوال: قوم کا آغاز تو ازمنہ قدیم سے ہے مگر اس کا آغاز شدت سے کس صدی عیسوی اور کس ممالک سے ہوا؟

جواب: اس کا شدت سے آغاز پندرہویں صدی عیسوی میں مغربی یورپ کے دو ممالک فرانس اور انگلستان سے ہوا۔

سوال: قوم پرستی کی تین چار خوبیاں بیان کریں؟

جواب: (۱) آزادی اور اتحاد (۲) قومیت جمہوریت کی ترویج میں مددگار (۳) فرد کے گروہ اور خیالات کو بلند کرنا (۴) قدرتی وسائل کی ترقی

سوال: قوم پرستی کی خرابیاں بیان کریں؟

جواب: قوم پرستی کی خرابیاں درج ذیل ہیں۔

(۱) جنگ پرستی (۲) باہمی منافرت اور تعصب کے جذبات (۳) سامراجیت کو جنم دینا

(۴) انسانی قومیت امن اور سلامتی کے لئے خطرہ

سوال: اسلامی تصور قومیت سے کیا مراد ہے؟

جواب: اسلام میں نسب' رنگ' زبان اور وطن وغیرہ قومیت کی بنیاد میں اسلامی عقیدہ کے مطابق تمام انسان ایک ہی نسل ہیں۔

سوال: اسلامی تصور قومیت کے متعلق ایک قرآنی آیت سے واضح کریں؟

جواب: خلقکم من نفس واحدۃ۔ (النساء)

ترجمہ: اللہ نے تم کو ایک ہی جان سے پیدا کیا ہے۔

سوال: اسلام میں قومیت کی بنیاد وطن پر نہیں ہے حدیث سے وضاحت کریں؟

جواب: حضور ﷺ نے فرمایا:

کسی عربی کو عجمی پر اور کسی عجمی کو عربی پر فوقیت نہیں ہے۔

سوال: قومیت کا دائرہ اسلام نے کیا کھینچا ہے؟

جواب: اسلام کے نزدیک قومیت

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

سوال: اسلام میں قوم کی بجائے کیا لفظ استعمال ہوا ہے؟

جواب: اسلام نے "قوم" کی بجائے امت اور ملت کے الفاظ استعمال کئے۔

سوال: ملت اسلامیہ کی صفات کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: قرآن مجید میں فرمایا گیا:

یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ وَّاُنْثٰی۔ (الحجرات)

ترجمہ: اے لوگو بے شک ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا۔

سوال: عربی زبان میں کمیونزم کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: عربی زبان میں اس کو اشوعیہ کہا جاتا ہے۔

سوال: سوشلزم اور کمیونزم کا فرق بیان کریں؟

جواب: کوئی واضح فرق نہیں بلکہ عملی فرق ہے سوشلزم اجتماعی طریقہ ہے کمیونزم انقلابی طریقہ ہے۔

سوال: مسجد کی اہمیت میں ایک حدیث لکھئے؟

جواب: ارشاد نبوی ہے:

"جو شخص اللہ کے لئے مسجد بنائے گا اللہ تعالیٰ جنت میں اس کے لئے ایک گھر بنا دے گا" (بخاری و مسلم)

سوال: مسجد کے چار آداب لکھئے؟

جواب: (۱) مسجد میں داخل ہوتے وقت دایاں پاؤں پہلے اندر رکھنا چاہئیے اور یہ دعا پڑھنی چاہئیے۔

اَللّٰھُمَّ افتح لی ابواب رحمتک

ترجمہ: "اے اللہ میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے"۔ (۲) فضول باتوں سے ممانعت (۳) مسجد میں داخل ہونے کے بعد دو رکعت نفل پڑھنا سنت ہے (۴) نمازی کے آگے سے نہیں گزرنا چاہئیے۔

سوال: مسجد کے وہ کونسے پہلو ہیں جو اسلامی تعلیم کی روح ہیں؟

جواب: (۱) مسجد بطور مقام مشاورت (۲) مسجد بطور عدالت (۳) مسجد بطور مکتب (۴) مسجد بطور دربار (۵) مسجد بطور اقامت گاہ (۶) مسجد بطور کتب خانہ (۷) مسجد بطور مطب (۸) مسجد بطور دار تبلیغ (۹) مسجد بطور بیت المال (۱۰) مسجد بطور دارالعسکر

سوال: سکول (مدرسہ) کی تعریف کریں؟

جواب: ایور مور شیس کے مطابق:

یہ معاشرتی ادارہ اپنے معاشرے سے زیادہ وابستہ رہتا ہے اور معاشرے کی بقا کا انحصار سکول پر ہے۔

سوال: مدرسہ اور جماعت کے تعلقات کے پہلو کونسے ہیں۔

جواب: جوزف رواسک کے مطابق:
(۱) باہمی مدد (۲) رنگینیت سازی اور فرائض کا تعلق و تکرر (۳) اثر انگیزی کے لئے مقابلہ

سوال: جماعتی مدرسہ کی چار خصوصیات لکھیں؟
جواب: (۱) جماعتی اسکول طرز زندگی کو فروغ دیتا ہے (۲) جماعتی اسکول تجربہ گاہ ہے (۳) جماعتی اسکول جماعتی سینٹر ہوتا ہے (۴) جماعتی اسکول جماعت سے مربوط ہوتا ہے۔

سوال: سوشلزم کی تعریف کریں؟
جواب: "وہ نظام جس میں کسی ملک کے تمام ذرائع پیداوار کسی ایک فرد یا چند افراد کی ملکیت ہونے کی بجائے پورے معاشرے کی ملکیت قرار دیئے جاتے ہیں اور اس کا مقصد معاشرے اور فرد دونوں کی فلاح و بہبود اور فرد کی زندگی کی بنیادی ضروریات کی فکر سے نجات دلانا سمجھا جاتا ہے۔

سوال: سوشلزم کے چار اصول لکھئے؟
جواب: (۱) مادی نظریہ حیات (۲) دہریت (۳) خاندانی نظام سے انکار (۴) لیڈروں کی ڈکیٹرشپ۔

سوال: شریعت کا مفہوم لکھئے؟
جواب: لفظ شریعت (شرعۃ اور شرع) کے لغوی معنی کھلے ہوئے، روشن سیدھے اور صاف راستہ کے ہیں۔

سوال: اسلامی شریعت کا مقصد کیا ہے؟
جواب: ہر نبی کے زمانہ میں جو شریعت بھی تھی اس کا مقصد "امر بالمعروف و نہی عن المنکر" تھا امت محمدیہ کا مقصد وجود بھی اس کے سوا کچھ نہیں۔

سوال: شریعت کے پیش نظر ایک قرآنی آیت لکھئے؟
جواب: شریعت کے متعلق ارشاد ہوا:

لکل جعلنا منکم شرعتہ ومنھاجا

ترجمہ: تم میں سے ہر ایک کے لئے۔ ہم نے ایک شریعت اور ایک راہ عمل مقرر کی۔

سوال: امیر المومنین حضرت عمرؓ کی ولادت کب اور کہاں ہوئی؟
جواب: ۵۸۳ء میں مکہ مکرمہ میں۔

سوال: بتائیے اسلامی مملکت کو مضبوط بنانے کے لئے حضرت عمرؓ نے کیا اقدامات کئے؟
جواب: مدینہ منورہ، کوفہ، بصرہ موصل، مصر، دمشق اور اردن میں فوجی چھاؤنیاں بنائیں۔

سوال: حضرت عمر فاروقؓ کے سیاسی افکار سے کیا مراد ہے؟

جواب: حضرت عمرؓ کا یہ کارنامہ تاریخ کا درخشاں باب ہے۔ انہوں نے قرآن و سنت کی روشنی میں آئین سیاست و حکومت مرتب کیا اور ایسا فلاحی اور عادلانہ نظام قائم کیا جس کی مثال تمدن و حضارت کے دور ترقی میں نہیں پیش کی جاسکتی۔

سوال: حضرت عمرؓ کے چند سیاسی افکار لکھئے؟

جواب: (۱) انتخاب خلافت کا نظریہ (۲) نظریہ شوریٰ (۳) ذمیوں کے حقوق کا نظریہ (۴) نظریہ انصاف و عدالت۔

سوال: حضرت امیر معاویہؓ کے سیاسی افکار کو چند اہم واضح نکات کے ذریعے تحریر کریں؟

جواب: (۱) مسلم بادشاہت کا آغاز و نظریہ اقتدار اعلیٰ (۲) نظریہ مقتدر اعلیٰ (۳) نظریہ بیت المال (۴) نظریہ آزادی رائے (۵) ذرائع آمدنی (۶) جاسوس

سوال: مولانا مودودی اپنی کتاب خلافت اور ملوکیت میں حضرت امام ابو حنیفہ کے متعلق کیا لکھتے ہیں؟

جواب: سیاست کے باب میں امام ابو حنیفہ اپنی نہایت مفصل رائے رکھتے ہیں۔ جو ریاست و امارات کے قریب قریب ہر پہلو پر حاوی تھی اور بعض بنیادی امور میں دوسرے آئمہ سے مختلف تھی۔

سوال: ثقافت کی دو تعریف کریں؟

جواب: پروفیسر آرنلڈ کے مطابق:

"ثقافت انسان کو کامل بنانے کی بے لوث سعی ہے اور مکمل تجسس کا نام ہے"۔

انسائیکلوپیڈیا آف سوشل سائنسز کے مطابق:

"معاشی تنظیم، علم، کھیل اور زیب زینت ثقافت میں شامل ہے"۔

سوال: ثقافت کی چار خصوصیات لکھئے؟

جواب: (۱) تخلیق (۲) ترسیل (۳) تغیر پذیری (۴) اجتماعیت

سوال: ثقافتی مماثلت کونسے ہیں؟

جواب: (۱) خاندان (۲) مذہب (۳) مدارس، معاشیات، سیاسیات، رہائشی مکان، لباس، خوراک، جرم پر سزا، اچھائی پر انعام، بچوں کی تربیت، زبان، شادی بیاہ، حاجت مندوں کی کفالت، موت کا غم، تفریحات۔

سوال: چار ثقافتی اختلاف لکھئے؟

جواب: (۱) خاندان کی اقسام (۲) شادی کا رواج (۳) آباد کاری (۴) زبانیں

سوال: ثقافت کے پہلو کتنے اور کونسے ہیں؟

جواب: ثقافت کے دو پہلو ہیں۔ (۱) مادی پہلو (۲) غیر مادی پہلو

سوال: ثقافت پر اثر انداز ہونے والے عوامل کونسے ہیں؟
جواب: (۱) طور طریقے (۲) رہن سہن (۳) قواعد و قوانین (۴) ادارے (۵) فنون لطیفہ
سوال: ثقافت کی اقسام لکھئے؟
جواب: ثقافت کی دو اقسام (۱) سادہ ثقافت (۲) پیچیدہ ثقافت
سوال: معاشرے کی دو تعریفیں کریں؟
جواب: (۱) گرین کے مطابق:
معاشرہ ایک بہت بڑا گروہ ہے جس سے ہر فرد وابستہ ہے۔
(۲) پروفیسر رالٹ کے مطابق:
معاشرہ صرف لوگوں کا گروہ ہی نہیں ہے بلکہ یہ افراد کے درمیان تعلقات کا نظام ہے۔
سوال: اسپنر کا نظریہ معاشرہ سے کیا مراد ہے؟
جواب: ہربرٹ اسپنر نے انیسویں صدی کے آخر میں جسمانی عضویہ کے مطابق نظریہ پیش کیا۔ اس کے نزدیک معاشرہ کا آغاز انسان کے جسمانی عضویہ کی طرح ہوا۔
سوال: معاشرے کے چار عناصر لکھئے؟
جواب: (۱) یکسانیت (۲) معاشرتی تعلق خیالی ہے (۳) تعاون (۴) ایک دوسرے پر انحصار
سوال: معاشرے کی اقسام درج کریں؟
جواب: معاشرے کی مندرجہ ذیل چھ قسمیں ہیں۔
(۱) خانہ بدوش معاشرہ (۲) اقامتی معاشرہ (۳) روایتی معاشرہ (۴) جدید معاشرہ (۵) دیہی معاشرہ (۶) بلدیاتی معاشرہ
سوال: معاشرتی مسئلہ کی تعریف کریں؟
جواب: معاشرتی مسئلہ تمثیلات سے انحراف کا نام ہے۔ جو لوگوں کی گروہی کوششوں سے دور بھی کیا جا سکتا ہے۔
سوال: چند معاشرتی مسائل بیان کریں؟
جواب: (۱) ناخواندگی (۲) تعلیم نسواں کا فقدان' بے روزگاری' مذہبی تعصب اور فرقہ واریت' معاشرتی ناانصافی' کثرت آبادی' بچپن کی شادی' غربت افلاس۔
سوال: معاشرتی مسائل کے حل کے لئے چند تجاویز پیش کریں؟
جواب: تعلیمی اداروں کا قیام' عورتوں کی تعلیم' روزگاری کی فراہمی' بچوں کی بے راہ روی کا خاتمہ' صنعتی ترقی' سیاسی بحران کا خاتمہ' بہتر معیار تعلیم' دین اسلام پر عمل
سوال: خاندان کی دو تعریف کریں؟

جواب: (ا) شاہ ولی اللہ کے نزدیک:

خاندان نکاح سے وجود پذیر ہوتا ہے۔

(۲) ابن خلدون کے مطابق:

"خاندان ایک سربراہ کی موجودگی میں ایک چھوٹی ریاست ہوتا ہے"

سوال: خاندان کی اقسام درج کریں؟

جواب: (ا) پدرسری خاندان' مادرسری خاندان' جمہوری خاندان' مشترکہ خاندان' سادہ خاندان

سوال: خاندان کے بنیادی ارکان کونسے ہیں؟

جواب: مندرجہ ذیل افراد بنیادی ارکان کی حیثیت رکھتے ہیں۔ (ا) شوہر (۲) بیوی (۳) اولاد

سوال: خاندان کے تصور کے متعلق ایک قرآنی آیت یا صرف اس کا ترجمہ لکھیے؟

جواب: جعلنکم شعوبا و قبائل لتعارفوا (الحجرات)

ترجمہ: اور ہم نے تمہارے گروہ اور قبیلے بنا دیئے تاکہ تم آپس میں پہچانے جا سکو۔

سوال: خاندان کے وظائف لکھیے؟

جواب: تحفظ دینا' اراکین کی پرورش کرنا' تعلیم و تربیت دینا' معاشرتی تربیت دینا' ثقافتی اقدار کی ترسیل۔

سوال: اسلامی خاندان کی چار خصوصیات لکھیے؟

جواب: (ا) اسلامی خاندان میاں بیوی کے قانونی تعلق سے وجود میں آتا ہے۔

(۲) محبت اور اخوت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

(۳) دینی امور میں ایک دوسرے کو وعظ و نصیحت کی جاتی ہے۔

(۴) چھوٹے بڑوں کا ادب کرتے ہیں اور بڑے چھوٹوں پر دست شفقت رکھتے ہیں۔

سوال: مسجد کا مفہوم بیان کریں؟

جواب: مسجد کے لغوی معنی "سجدہ کرنے کی جگہ" ہے لیکن اسلامی اصطلاح میں ہر وہ جگہ مسجد ہے جو نماز باجماعت ادا کرنے کے لئے مخصوص ہے۔

سوال: مسجد کی اہمیت میں ایک قرآنی آیت لکھیے؟

جواب: قرآن پاک میں آیا ہے:

انما یعمر مساجد اللہ من امن باللہ والیوم الاخر۔ (سورۃ توبہ ۱۸)

ترجمہ: مسجد کو وہی لوگ آباد کرتے ہیں جو اللہ اور روز قیامت پر یقین رکھتے ہیں۔

سوال : اسلامی نظریہ سیاست کی بنیادی نکات سے واضح کریں؟

جواب : اسلامی نظریہ سیاست کی بنیادیں۔

۱- تصور کائنات
۲- اللہ کی حاکمیت
۳- اللہ کی قانونی حاکمیت
۴- حیثیت رسول
۵- بالاتر قانون
۶- خلافت
۷- ریاست کا مقصد
۸- سیاست کی اطاعت
۹- شوریٰ
۱۰- حکومت کے حقوق

سوال : قرآن مجید کی رو سے اسلامی ریاست کی خارجہ پالیسی کے پانچ اصول لکھئے؟

جواب : قرآن مجید کی رو سے اسلامی ریاست کی خارجہ پالیسی کے اصول مندرجہ ذیل ہیں۔

۱- دوسری حکومتوں کے ساتھ کئے گئے وعدوں کا احترام کیا جائے
۲- خارجہ تعلقات میں راست بازی و دیانت کو فروغ دیا جائے۔
۳- دوران جنگ غیر جانبداری کا پورا احترام کیا جائے۔
۴- خارجہ تعلقات میں صلح پسندی کو فروغ دیا جائے۔
۵- زیادتی کرنے والوں کے ساتھ اتنی ہی زیادتی کی جانی چاہئے۔

ترجمہ۔ "پس جو تم پر زیادتی کرے تم بھی اس پر اتنی ہی زیادتی کرو جتنی اس نے کی تھی اور اللہ سے ڈرو اور جان لو بے شک اللہ پرہیزگار لوگوں کے ساتھ ہے۔ (البقرہ ۱۹۴)

سوال : فارابی کب اور کہاں پیدا ہوا اور اس کا پورا نام لکھئے؟

جواب : اس کا پورا نام محمد بن محمد بن ترخان اور کنیت ابو نصر ہے وہ ۸۷۰ء میں ترکستان کے ضلع فاراب کے مقام واسج میں پیدا ہوئے۔

سوال : فارابی کی سیاست کے متعلق تصانیف کے نام لکھئے؟

جواب : سیاست پر ان کی مندرجہ ذیل تصانیف ہیں۔

۱- افلاطون کی کتاب "قانون" کا خلاصہ۔
۲- سیاست المدینہ
۳- آراء اہل المدینہ الفاضلہ
۴- جوامع السیاست

۵- اجتماع المدینہ

سوال : فارابی کے مطابق مقتدر اعلیٰ میں کن صفات کا ہونا ضروری ہے چند صفات کے نام لکھیے؟

جواب : فارابی کے مطابق مقتدر اعلیٰ میں مندرجہ ذیل صفات کا پایا جانا ضروری ہے۔

۱- مختلف علوم سے خود آگاہی
۲- جسمانی تندرستی
۳- نفسیات کو سمجھنے کی صلاحیت
۴- قوت برداشت
۵- شجاعت و صاف دلی
۶- ظلم سے پرہیز
۷- عدل و انصاف
۸- بحث سے گریز
۹- قوت برداشت
۱۰- بہتر یادداشت

سوال : فارابی نے کیا اقسام بیان کی گئی ہیں؟

جواب : فارابی نے ریاست کی مندرجہ ذیل اقسام بیان کی ہیں۔

۱- مدینۃ الضروریہ
۲- مدینۃ الخۃ الوشفوہ
۳- مدینۃ البدالہ
۴- مدینۃ التغلب
۵- مدینۃ الجاہلیہ
۶- مدینۃ الفاضلیہ

سوال : الماوردی کی پانچ تصانیف کے نام لکھیے؟

جواب :

۱- کتاب الاحکام السلطانیہ
۲- کتاب الحاوی الکبیر فی الفروع
۳- تفسیر القرآن
۴- ادب القاضی
۵- قوانین الوزارت

سوال : الماوردی کے نزدیک منتخب امام پر کیا فرائض عائد ہوتے ہیں؟

جواب : ماوردی مملکت امام پر مندرجہ ذیل دس فرائض عائد کرتے ہیں۔

۱- دین کا لفظ
۲- انصاف کا پھیلاؤ
۳- امن کی بحالی
۴- جرائم کا انسداد
۵- مضبوط دفاع
۶- ایمان دار عملہ
۷- مبلغ اسلام
۸- غرباء کی امداد
۹- نظام زکوٰۃ
۱۰- امام کی معزولی

سوال : ماوردی نے وزارت کی کتنی اقسام بیان کی ہیں ان کے نام لکھئے؟

جواب : ماوردی نے وزارت کی دو اقسام بیان کی ہیں۔

۱- وزارت التفویض
۲- وزارت التنفید

سوال : امام غزالی کی پانچ تصانیف کے نام لکھئے؟

جواب : ان کی نمایاں تصانیف یہ ہیں۔

۱- المنقذ من الضلال
۲- احیاء العلوم
۳- تیسیر المسبوک
۴- کیمیائے سعادت
۵- فاتح العلوم

سوال : امام غزالی نے سیاست کے کتنے مراتب بیان کئے ہیں ان کے نام لکھئے؟

جواب : غزالی نے سیاست کے چار مراتب بیان کئے ہیں۔

۱- انبیاء کرام
۲- خلفاء و سلاطین و مملوک
۳- علماء و فضلاء
۴- واعظین و مبلغین

سوال : نظام الملک کا نام کنیت لکھئے آپ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : نظام الملک کا نام حسن اور کنیت ابو علی ہے آپ ۱۰۱۷ء میں طوس کے ایک کاشتکار

گھرانہ میں پیدا ہوئے۔

سوال : نظام الملک کے نام سے جو کتابیں منسوب ہیں ان کے نام لکھئے؟

جواب : نظام الملک کے نام سے دو کتابیں منسوب کی جاتی ہیں۔

۱۔ سیر الملوک یا سیاست نامہ

۲۔ مجمع الوصایا۔ یا دستور الوزرا

سوال : نظام الملک نے حکومت کو مختلف انتظامی شعبوں میں تقسیم کیا ان شعبوں کے نام لکھئے؟

جواب : طوسی نے اس سلسلے میں مندرجہ ذیل شعبوں کا تعین کیا ہے۔

۱۔ دربار

۲۔ محکمہ عدل

۳۔ محکمہ مال

۴۔ محکمہ وقاع

۵۔ محکمہ سفارت

۶۔ جاسوس

سوال : ابن خلدون کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : عبدالرحمٰن ابن خلدون ۱۳۳۲ء میں تونس میں پیدا ہوئے۔

سوال : ابن خلدون کی اس کتاب کا نام لکھئے جس کی وجہ سے اسے شہرت ملی؟

جواب : وہ "تاریخ العبر" ہے۔

سوال : ابن خلدون اسلامی حکومت کی کتنی صورتیں بیان کرتا ہے؟

جواب : ابن خلدون اسلامی حکومت کی تین صورتیں بیان کرتا ہے۔

(۱) سیاست عقلی (۲) خلافت (۳) ملوکیت

سوال : ابن خلدون کے نزدیک خلیفہ میں کن صفات کا ہونا ضروری ہے؟

جواب : ان کے نزدیک خلیفہ میں مندرجہ ذیل چار صفات کا ہونا ضروری ہے۔

(۱) علم و فضل (۲) عدالت (۳) کفایت (۴) درست اعضائے جسمانی

سوال : سرسید احمد خاں کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : آپ ۱۸۱۷ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔

سوال : سرسید احمد خاں کے سیاسی نظریات کے نام لکھئے؟

۱۔ نظریہ انسان

۲۔ مذہب و سیاست

۳۔ نظریہ خلافت

۴۔ نظریہ حکومت

۵- نظریہ انصاف
۶- نظریہ جہاد
۷- نظریہ حکومت و حکمران

سوال : ولیم جیمز کے مطابق صحت کا انحصار کتنے امور پر ہے؟
جواب : ولیم جیمز کے مطابق صحت کا انحصار تین امور پر ہے۔
(۱) نقد قیمت (۲) عقائد سے ہم آہنگی (۳) اعلیٰ اقدار

سوال : شیخ محمد عبدہ کے نزدیک ریاست کی بنیاد کس قسم کی اقدار پر ہونی چاہئے اس ضمن میں اس کا ہم نوا کون تھا؟
جواب : عبدہ کے مطابق ریاست کی بنیاد اخلاقی اقدار پر ہونی چاہئے اس ضمن میں البرٹ شوائے زر Albert Schiveitzer بھی اس کا ہمنوا ہے۔

سوال : اسلامی ریاست کے فلاحی اقدامات نکات کی مدد سے واضح کریں؟
جواب :
۱- اقتدار اعلیٰ کی حکمرانی
۲- اجتماعی عدل
۳- باہمی مساوات
۴- شورائیت
۵- جواب دہ حکومت
۶- حصول اقتدار کی آرزو کی ممانعت
۷- اصول احتساب
۸- خارجہ پالیسی کے اصول
۹- نیکی میں اطاعت اور بدی میں واجب نہیں
۱۰- مکمل نظام شریعت کے نفاذ کی ذمہ داری

سوال : علمائے کرام کی متفقہ رائے کے مطابق ریاست اسلامی کے ماخذ کے صرف نام لکھئے؟
جواب : علمائے کرام کی متفقہ رائے کے مطابق ریاست اسلامی کے دستور کے ماخذ یہ ہیں۔
۱- کتاب اللہ
۲- سنت رسول اللہ
۳- اجماع
۴- قیاس
۵- استحسان
۶- استدلال

۷۔ استصلاح
۸۔ مسلمہ شخصیتوں کی رائے
۹۔ تعامل
۱۰۔ عرف اور رسم و رواج
۱۱۔ ماقبل کی شریعت
۱۲۔ ملکی قانون

سوال : قرآن مجید کی روشنی میں اسلامی ریاست کے اساسی اصول صرف نکات کی مدد سے واضح کریں؟

جواب :
۱۔ علم و حکمت
۲۔ راست باز انتظامیہ
۳۔ اطاعت گذاری
۴۔ اعتصام بالحق
۵۔ عدل و انصاف
۶۔ جمہوریت

سوال : شریعت کا مفہوم لکھئے مذہبی اصطلاح میں شریعت سے کیا مراد ہے؟

جواب : شریعت کا مفہوم۔
لفظ شریعت (شرعہ اور شرع کے لغوی معنی کھلے ہوئے ' روشن سیدھے اور صاف راستہ کے ہیں مذہبی اصطلاح میں شریعت سے وہ قوانین و احکام مراد ہوتے ہیں جو ایک رسول اللہ تعالیٰ کی اطاعت اس کی بندگی اور فرماں برداری کے لئے لوگوں کے سامنے پیش کرتا ہے۔ ان احکام و قوانین میں باہمی معاملات 'لین دین' نکاح و طلاق' خرید و فروخت حلال و حرام اور لوگوں کے حقوق و فرائض سب شامل ہیں۔

سوال : اسلامی شریعت کا مقصد قرآن کی رو سے بیان کریں؟

جواب : قرآن پاک میں فرمایا۔
"تم بہترین جماعت ہو جس کو لوگوں کے (نفع کے) لئے معرض وجود میں لایا گیا ہے تم نیکیوں کا حکم دیتے اور برائیوں سے روکتے ہو"۔

سوال : اصول فقہ کی اصطلاحی تعریف کریں؟

جواب : اصول فقہ کی اصطلاحی تعریف حسب ذیل ہے۔
"یعنی اصول فقہ سے ان قواعد و ضوابط کا علم مراد ہے جن کے ذریعہ مسائل کو ان کے تفصیلی دلائل سے نکالا جاتا ہے"۔

سوال : انتخاب خلیفہ کے دوسرے طریقے کونسے ہیں صرف ان کے نام لکھئے؟

جواب : انتخاب خلیفہ کے دوسرے طریقے۔

۱- استخلاف

۲- انتخاب بذریعہ شوریٰ

۳- انتخاب بذریعہ استیلا

۴- انتخاب بذریعہ توکل

سوال : قانون کی تعریف کریں

جواب : گرین کے نزدیک۔

"حقوق و ذمہ داریوں کا نظام جسے ریاست نافذ کرتی ہے قانون ہے"۔

آسٹن کے مطابق

"قانون وہ قاعدہ و ضابطہ ہے جو ایک صاحب امر ذہین آدمی اپنے ماتحت ذہین آدمی کے لئے وضع کرتا ہے"

سوال : قانون کی اقسام کے نام لکھئے؟

جواب : ماہرین قانون کے مطابق قانون کی مندرجہ ذیل قسمیں ہیں۔

۱- دستوری قانون

۲- پارلیمانی قانون

۳- ہنگامی قانون

۴- رسمی قانون

۵- انتظامی قانون

۶- بین الاقوامی قانون

سوال : قانون کے ماخذ کے نام لکھئے؟

جواب : قانون کے ماخذ۔

۱- طبعی قوانین

۲- رسم و رواج

۳- مذہب

۴- عدالتی فیصلے

۵- قانون سازی

سوال : اسلامی قانون کی خصوصیات نکات کی مدد سے واضح کریں؟

جواب : اسلامی قانون کی خصوصیات۔

۱- مساوات

۲- حریت
۳- عدل و انصاف
۴- سادہ اور سہل
۵- لچک دار
۶- امن کا ضامن
۷- اللہ کی حاکمیت
۸- وسعت

سوال : مجلس اقوام کے اعضاء کے نام لکھیے؟
جواب : (۱) اسمبلی (۲) کونسل (۳) سیکرٹریٹ۔
سوال : مجلس اقوام کی ناکامی کے اسباب لکھیے؟
جواب : مجلس اقوام کی ناکامی کی مندرجہ ذیل وجوہات سامنے آتی ہیں۔

۱- رکنیت سے گریز
۲- اتفاق رائے کا مسئلہ
۳- مجلس کی سست روی
۴- مجلس کی قوت نافذہ
۵- معاشی ہتھیار کی ناکامی
۶- برطانوی فرانسیسی غلبہ
۷- رکن ممالک کی مفاد پرستی
۸- معاہدہ ورسیلز کا اثر
۹- اجتماعی تحفظ کا کھوکھلا دعویٰ
۱۰- چھوٹی مملکتوں کا احساس عدم تحفظ

سوال : خلافت کے لغوی معانی تحریر کریں؟
جواب : لفظ خلافت خلف یخلف کے وزن کتب' یکتب کے باب سے مصدر کا صیغہ ہے جیسے کتابت' حفاظت' وقایت وغیرہ اس کا مادہ خلف ہے جس کے معنی ہیں پچھلی جانب یا بعد میں آنے والی نسل ابن منظور افریقی لکھتے ہیں۔

"خلف اس شخص کو کہتے ہیں جو پہلے کا نائب ہو خواہ وہ پہلے فوت ہو چکا ہو یا زندہ ہو اور خلف اس کو بھی کہتے ہیں جو مرنے والے کے بعد موجود ہو اور اس کا تابع ہو"۔

سوال : خلافت کی اصطلاحی تعریف کریں؟
جواب : امام ابوالحسن ماوردیؒ فرماتے ہیں۔

"امامت بنائی جاتی ہے نبی کو نیابت کیلئے دین اسلام کی حفاظت کرنے میں اور دنیا کا نظم و

نسق چلانے اور اس کی اصلاح کرنے میں"

(۲) شاہ ولی اللہ فرماتے ہیں۔

"خلافت وہ عمومی ریاست ہے جو اقامت دین کی جانب عملاً متوجہ رہتی ہو"

ابن عابدین شامی حنفیؒ فرماتے ہیں۔

"وہ عمومی ریاست جو دینی اور دنیوی امور میں نبی کی نیابت میں کام کرتی ہو"

ان تعریفوں کا حاصل ... یہ ہے کہ

"خلافت وہ عمومی ریاست ہے جو رسول اللہ کی نیابت میں اقامت دین کا کام کرتی ہو"

سوال : ماوردیؒ نے امام کے کیا اوصاف مرتب کئے ہیں؟

جواب : امام کے اوصاف۔

۱۔ نیک اور صالح ہو۔

۲۔ عاقل ہو عالم ہو۔

۳۔ دباؤ سے آزاد ہو۔

۴۔ غیر متنازعہ ہو۔

۵۔ صحت مند اور باحواس ہو۔

۶۔ شجاع ہو۔

۷۔ اہل قریش سے ہو اور صرف مرد ہو۔

سوال : ابن تیمیہ نے امانت کی کتنی اقسام بیان کی ہیں ان کے نام لکھئے؟

جواب : ابن تیمیہ نے اس امانت کی بھی دو اقسام بیان کی ہیں۔

۱۔ امانت فی الولایت

۲۔ امامت فی الاصول

سوال : ابن خلدون نے خلیفہ میں کتنی صفات کو ضروری سمجھا ہے؟

۱۔ درست حواس اور درست اعضائے جسمانی

۲۔ علم و فضل

۳۔ عدل و انصاف

۴۔ کفایت

سوال : شاہ ولی اللہ نے خلیفہ کے فرائض کے بارے میں کونسے دو اہم فرائض کو اولین اہمیت دی ہے؟

جواب : انہوں نے دو اہم فرائض کو اولین اہمیت دی ہے۔

۱۔ قیام حدود شرعی

۲۔ نفاذ و اجرائے شرعیہ

سوال : خلیفہ کے انتخاب کیلئے شاہ ولی اللہ نے کتنے طریقے بیان کئے ہیں؟

جواب : خلیفہ کے انتخاب کیلئے شاہ ولی اللہ نے تین طریقے بیان کئے ہیں۔

۱- ارباب بست و کشاد قوم جن میں عالم، فوجی وغیرہ شامل ہو اور فی الواقعہ مخلص اور خیر خواہ ہو خلیفہ کے لئے ایک شخص کو باتفاق رائے منتخب کرلیں۔

۲- خلیفہ کے لئے انتقال کے وقت یا اس سے کچھ قبل کسی دوسرے شخص کیلئے وصیت کر دے۔

۳- مجلس مشاورت جس میں علماء و امراء و ماہرین فن حرب شامل ہوں باہم مشورہ سے اس اہم مسند کیلئے منتخب کرکے بیعت کرلیں۔

سوال : جمہوریت کے بنیادی اصول کے صرف نام لکھئے؟

جواب : جمہوریت کے بنیادی اصول۔

۱- عوام کی حاکمیت یعنی قانون کا سرچشمہ عوام کی منشاء ان کا ارادہ اور ان کی خواہش و مرضی ہے۔

۲- مذہب اور سیاست کی مکمل علیحدگی

۳- لبرل ازم

۴- سرمایہ داری اور مادہ پرستی

۵- پارٹی سسٹم

سوال : اشتراکیت کے اصول صرف نکات کی مدد سے واضح کریں؟

جواب : اشتراکیت کے اصول۔

۱- مادی نظریہ حیات

۲- دہریت

۳- خاندانی نظام سے انکار

۴- شخصی ملکیت سے انکار

۵- مزدوروں کی آمریت

۶- پارٹی ڈکٹیٹر شپ

سوال : مارکس کے معاشی نظریہ کے کتنے اصول تھے ان کے نام لکھئے؟

جواب : مارکس کے معاشی نظریہ کے پانچ اصول ہیں۔

۱- قانون ارتکاز

۲- زائد قدر

۳- طبقاتی کشمکش

۴- بحرانوں کی فاضل پیداوار کا نظریہ

۵- معاشرتی انقلاب

سوال : قومیت کو پیدا کرنے والے عوامل یوں تو بہت ہیں مگر چند اہم عوامل کے نام لکھئے؟

جواب : قومیت کو پیدا کرنے والے عوامل یوں تو بہت ہیں مگر چند اہم عوامل مندرجہ ذیل ہیں۔

۱- نسل
۲- رنگ
۳- زبان
۴- معاشی اغراض اور نظام حکومت
۵- وطن

سوال : سرمایہ دارانہ نظام کی پانچ خوبیاں لکھئے؟

جواب : سرمایہ دارانہ نظام کی خوبیاں مندرجہ ذیل ہیں۔

۱- شخصی حقوق ملکیت کا تحفظ
۲- مقابلہ و مسابقت کا پیدا ہونا
۳- ریاست کی عدم مداخلت
۴- دو طبقوں کا پیدا ہونا
۵- میدان عمل گرم

سوال : شخصی آزادی سے کیا مراد ہے؟

جواب : شخصی آزادی سے مراد یہ ہے کہ ہر شخص اپنے معاملات اور شخصی حالات میں بالکل آزاد ہو نیز ان تمام امور میں بھی اسے آزادی حاصل ہو جو اس کی ذات سے متعلق ہوں غرض وہ اپنے نفس، اپنی آبرو، اپنے مال، اپنے نفس، اپنے مقام، اپنے حقوق میں بالکل آزاد ہوں لیکن شرط یہ ہے کہ آزادی کسی دوسرے کی آزادی اور حقوق پر اثر انداز نہ ہوتی ہو۔

سوال : اسلام نے کس قسم کی آزادیوں کو برقرار رکھا ہے؟

جواب : اسلام نے انسان کی ان تمام آزادیوں کو برقرار رکھا ہے۔

۱- حریت ذات
۲- حریت ملکیت
۳- حریت مسکن
۴- فکر و عقیدہ کی آزادی
۵- رائے کی آزادی
۶- حریت تعلیم

سوال : اسلامی دستور کی بنیادیں کونسی ہیں نکات کی مدد سے واضح کریں؟

جواب : اسلامی دستور کی بنیادیں۔

۱- حاکیت الٰہی

۲- رسالت کا مقام
۳- تصور خلافت
۴- اصول مشاورت
۵- اصول انتخاب
۶- خواتین کا سیاست میں حصہ
۷- حکومت کا مقصد
۸- اولی الامر اور اصول اطاعت
۹- بنیادی حقوق اور اجتماعی عدل
۱۰- فلاح عامہ

سوال : فلاح عامہ کے متعلق قرآنی آیات درج کریں؟

جواب : قرآن پاک میں ہے۔

ترجمہ۔ "ان کے مالوں میں حق ہے مانگنے والوں کے لئے اور رزق سے محروم رہ جانے کے لئے" (الذاریات)

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

"ان کے مالوں میں سے صدقہ وصول کر کے ان کو (بری صفات) سے پاک کرو اور ان کو (اچھی صفات) بڑھاؤ اور ان کے حق میں دعائے خیر کرو"۔ (التوبہ)

سوال : کارل مارکس کب اور کہاں پیدا ہوا؟

جواب : کارل مارکس جرمنی کے شہر ٹرائر میں ۱۸۱۸ء میں پیدا ہوا۔

سوال : مدرسہ میں معاشرتی تربیت کے پانچ مقاصد لکھئے؟

جواب : معاشرتی تربیت کے مقاصد۔

۱- فرد کی آزاد شخصیت اور انفرادیت کو فروغ دینا۔
۲- قومی وراثت کو دوسروں تک منتقل کرنا اور اس کی حفاظت کرنا۔
۳- فرد کی صلاحیت کے مطابق اس میں تفریح پیدا کرنا
۴- لیڈرانہ صفات پیدا کرنا
۵- تعلیم و تدریس کے طریقوں کو بہتر بنانا

سوال : اسکول میں معاشرتی تربیت کے پانچ ذرائع لکھئے

جواب :

۱- طلباء کی یونین اور مجالس قائم کی جائیں۔
۲- انجمن اتحاد باہمی طلباء قائم کی جائے۔
۳- اساتذہ اور والدین کی انجمن کا قیام عمل میں لایا جائے۔

۴۔ طلباء کی ہفتہ واری تدریسی تنظیم کا قیام عمل میں آنا چاہئے۔
۵۔ تعلیمی فلمیں اور ملکی ترقیاتی فلمیں دکھائی جائیں۔
۶۔ لائبریری قائم کی جائے۔

سوال : مدرسہ میں معاشرتی تربیت کے پانچ اصول لکھئے؟

جواب :

۱۔ بقول ہاورتھ مدرسہ میں وہ تمام عمدہ اثرات اور مشاغل میں کئے جائیں جو تمدنی زندگی میں اہمیت رکھتے ہیں۔
۲۔ مدرسہ کی تنظیم بیرونی دنیا کی بہ نسبت زیادہ سادہ اور واضح ہونی چاہئے۔
۳۔ دلچسپ مشاغل رکھے جائیں جن میں طلباء کو مسرت حاصل ہو۔
۴۔ تمدنی عناصر برے اثرات سے پاک ہو۔
۵۔ پروفیسر ڈیوی کے مطابق مدرسہ میں تمدنی سرگرمیوں کے مختلف عناصر میں ہم آہنگی اور توازن ہو۔

سوال : معاشرے کے پانچ تقاضے نکات کی مدد سے واضح کریں؟

جواب : معاشرے کے تقاضے۔

۱۔ معاشرہ مناسب تعلقات کے لئے ضروری مواقع فراہم کرے۔
۲۔ معاشرہ تفویض اور امتیاز کا عمل مہیا کرے۔
۳۔ معاشرہ قانون و ضوابط کا حامل ہو۔
۴۔ معاشرہ کسی نصب العین کا حامل ہو۔
۵۔ معاشرہ کو مشترک مقاصد کا حامل ہونا چاہئے۔

سوال : مسجد کی اہمیت میں حدیث لکھئے؟

جواب :

۱۔ "جو شخص اللہ کے لئے مسجد بنائے گا اللہ تعالیٰ جنت میں اس کے لئے ایک گھر بنا دے گا"۔ (بخاری و مسلم)
۲۔ آبادیوں میں خدا کے پسندیدہ مقام مسجدیں ہیں اور خدا کے نزدیک بدترین مقامات بازار ہیں۔ (مسلم)

سوال : مسجد کے ان تمام پہلوؤں کے نام لکھئے جو اسلامی تعلیم کی روح ہیں؟

جواب :

۱۔ مسجد بطور مقام مشاورت
۲۔ مسجد بطور عدالت
۳۔ مسجد بطور مکتب

۴- مسجد بطور دربار
۵- مسجد بطور اقامت گاہ
۶- مسجد بطور کتب خانہ
۷- مسجد بطور مطب
۸- مسجد بطور دار التبلیغ
۹- مسجد بطور بیت المال

سوال : اسلامی سیاست کا بنیادی قاعدہ کیا ہے؟
جواب : اسلامی سیاست کا بنیادی قاعدہ ہے کہ قانون بنانے والا اور حکم دینے والا صرف ایک اللہ ہے اس کے اصولوں سے انکار ممکن نہیں۔
سوال : اسلامی نقطہ نگاہ سے مملکت کی تعریف کریں؟
جواب : مملکت وہ بلند ترین معاشرتی ادارہ جو انسان کے دینی اور دنیاوی معاملات کو قانون کی رو سے سرانجام دینے کے لئے وجود میں آتا ہے۔
سوال : ایک مملکت کے اجزائے ترکیبی کیا ہیں؟
جواب : (۱) آبادی (۲) علاقہ (۳) تنظیمی ڈھانچہ (۴) حکومت (۵) دستور (۶) اقتدار اعلی۔
سوال : اسلامی ریاست کی بنیادی خصوصیات کیا ہیں؟
جواب : حاکم اعلی خدا تعالی ہے کوئی شخص خاندان حاکیت کا مالک نہیں۔
سوال : اسلامی حکومت کے ادارے کون کون سے ہیں؟
جواب : (۱) مقننہ (۲) انتظامیہ (۳) عدلیہ (۴) ثقافتی تنظیم۔
سوال : اقتدار اعلی کا مفہوم کیا ہے؟
جواب : اقتدار اعلی کا انگریزی مترادف لاطینی زبان کے ایک لفظ Supermus سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں اعلی یا برتر و بالا۔
سوال : اسلام کے سیاسی نظام کا تیسرا بنیادی اصول کیا ہے؟
جواب : توحید اور رسالت کے بعد اسلام کے سیاسی نظام کا تیسرا بنیادی اصول خلافت ہے۔
سوال : قرآن مجید کی رو سے اقتدار اعلی کی خصوصیات بتائیں؟
جواب :

۱- وحدت اقتدار
۲- قدرت کاملہ : اللہ ہر چیز پر قادر ہے
۳- بالا دستی : اللہ بادشاہ برحق بلند و بالا دست ہے
۴- آزادی : اللہ جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے۔
۵- دوام : وہ ہمیشہ زندہ اور قائم رہنے والا ہے۔

۶- فعال : سورۃ بقرہ میں ہے اس کو نہ کسی وقت نیند آتی ہے اور نہ اونگھ اور اسے دنیا وما فیہا کی حفاظت تھکا نہیں دیتی-
۷- ناقابل انتقال : یعنی مالک و مستی وہ ہی ہے جس کے ہاتھ میں ہر قسم کے اختیارات ہوں-
۸- جامع : سورۃ بقرہ میں ہے مشرق و مغرب کی وسعتیں سب اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں-

سوال : اسلامی قانون کا آغاز کب ہوا؟
جواب : جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اس دنیا میں بھیجا اور انہیں وحی کے ذریعے وہ باتیں سکھائیں جو اس دور کے لئے ضروری تھیں-

سوال : اسلامی قانون کے اہم ماخذ کون سے ہیں؟
جواب : (۱) قرآن مجید (۲) سنت رسول (۳) خلفائے راشدین کا عمل (۴) مجتہدین امت کے فیصلے (۵) اجماع (۶) قیاس (۷) فاتش (۸) معاہدے (۹) سرکاری ملازمین یا سفیروں کو ہدایات (۱۰) رسم و رواج-

سوال : اسلامی قانون کی بنیاد کیا ہے؟
جواب : اسلامی قانون کی بنیاد شریعت ہے جس کا مقصد لوگوں کی دین و دنیا میں بھلائی اور راہنمائی ہے--

سوال : شریعت کے کتنے حصے ہیں؟
جواب : شریعت کے دو حصے ہیں (۱) معروفات (۲) منکرات-

سوال : شریعت محمدیؐ معروفات کو کتنے حصوں میں تقسیم کرتی ہے؟
جواب : شریعت محمدیؐ معروفات کو تین حصوں میں تقسیم کرتی ہے شریعت (۱) پاکیزہ/مباح (۲) فرض/واجب-
جبکہ منکرات کے دو حصے ہیں (۱) منکرات حرام (۲) منکرات مکروہ

سوال : قانونِ اسلامی کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟
جواب : قانونِ اسلامی دو قسم کے ہوتے ہیں-
وہ قانون جو تبدیل یا حق میں ردوبدل نہیں کی جا سکتی؟
دوسرے وہ جن میں حالات و واقعات کی روشنی میں ترمیم کی جا سکے-

سوال : ترمیم قانون کے کتنے طریقے ہیں؟
جواب : اسلامی نقطہ نگاہ سے ترمیم قانون کے چار طریقے ہیں-
(۱) تاویل (۲) قیاس (۳) اجتہاد (۴) استحسان

سوال : اجتہاد سے کیا مراد ہے؟
جواب : لغوی معنی ہیں کسی کام کی انجام دہی میں انتہائی کوشش کرنا-

سوال : شاہ ولی اللہ نے اجتہاد کی تعریف کیا کی ہے؟

جواب : شاہ ولی اللہ نے اجتہاد کی تعریف یہ کی ہے کہ علماء کے کلام سے اجتہاد کی تعریف یہ سمجھ میں آتی ہے کہ اس سے مراد شریعت کے شرعی احکام کو ان کی تفصیلی دلیلوں سے دریافت کرنے میں پوری پوری کوشش کرنا۔

سوال : شریعت کے کلیات کا مدار کتنے اصولوں پر ہے؟

جواب : شریعت کے کلیات کا مدار چار اصولوں پر ہے۔
(ا) کتاب اللہ (۲) سنت (۳) اجماع (۴) قیاس

سوال : مجتہد کے اوصاف کیا ہیں؟

جواب :
۱- شریعت الٰہی پر ایمان
۲- عربی زبان کی مہارت
۳- کتاب و سنت کا علم
۴- اجماع اور قیاس کا علم
۵- عملی زندگی کے احوال و مسائل کا علم
۶- تقویٰ

سوال : غیر مسلم رعایا کی اسلامی قانون میں کتنی اقسام ہیں؟

جواب : غیر مسلم رعایا کی تین اقسام ہیں (ا) معاہدین (۲) مفتوحین (۳) تیسرے وہ جو جنگ اور صلح دونوں کے سوا کسی اور صوت میں اسلامی ریاست میں شامل ہوئے ہوں۔

سوال : غیر مسلم رعایا کو کیا کہتے ہیں؟

جواب : ذمی۔

سوال : ذمیوں کے عام حقوق کون سے ہیں؟

جواب : حفاظت جان (۲) فوج داری قانون (۳) دیوانی قانون (۴) حفاظت عزت و آن (۵) حفاظت مذہبی مراسم (۶) حفاظت عبادت گاہیں (۶) فوجی خدمات سے استثناء۔۔

سوال : شریعت اور قانون میں کیا فرق ہے؟

جواب : قوانین ایسے ضوابط کا نام ہے جو انسان اپنے باہمی معاملات درست رکھنے کے لئے خود وضع کرتے ہیں اور شریعت ان ضوابط کا نام ہے جو باہمی معاملات میں درستگی کی خاطر اپنے اس مرکز کی طرف سے نازل ہوتے ہیں۔

سوال : اسلامی قانون کی خصوصیات کیا ہے؟

جواب : انسانی فطرت کے لحاظ سے (۲) جامعیت (۳) لچک (۴) دوام (۵) عدل و اعتدال۔

سوال : حدیث کی اقسام تحریر کریں؟

جواب : تین اقسام ہیں (ا) خبر متواتر (۲) خبر مشہور (۳) خبر واحد۔

سوال : اسلامی قانون کا تیسرا ماخذ کون سا ہے؟

جواب : اسلامی قانون کا تیسرا ماخذ اجماع ہے لغوی طور پر اس کے معنی عزم و اتفاق ہیں شرعی اصطلاح کے اعتبار سے اس کی تعریف مندرجہ ذیل ہے :

"کسی زمانے میں تمام مجتہدین اور علماء کا کسی فیصلے پر متفق ہو جانا اجماع ہے۔

سوال : استحسان سے کیا مراد ہے؟

جواب : قانون اسلام کا پانچواں ماخذ استحسان ہے لغوی معنی ترجیح دینا یا دو متبادل چیزوں میں سے کسی ایک کو پسند کرنا۔

سوال : قیاس کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب : قیاس کی دو اقسام ہیں (۱) قیاس جلی (۲) قیاس خفی۔

سوال : اسلامی شخصی قانون کون سے ہیں؟

جواب : پرسنل لاء کی دو اقسام ہیں۔ (۱) عائلی قوانین (۲) وراثت و وصیت کا قانون۔

سوال : خلافت کے لغوی و اصطلاحی معنی کیا ہیں قرآن مجید میں خلافت کے بارے میں کیا ارشاد ہے؟

جواب : خلافت کے لغوی معنی ہیں کسی کا قائم مقام ہونا' کسی کے بعد آنا کسی کی جگہ ناظم امور بننا عام معنوں میں جب کوئی شخص کسی کی بجائے کوئی کام سرانجام دے قرآن مجید میں ہے اگر ہم چاہتے تو ہم تم سے پہلے فرشتوں کو پیدا کر دیتے کہ وہ زمین میں جانشین ہوتے۔

سوال : خلیفہ کے اوصاف کیا ہیں؟

جواب :

۱- متقی پرہیزگار ہو
۲- عادل اور امانت دار ہو
۳- خلیفہ جسمانی طور پر فٹ ہو
۴- شجاعت
۵- مسلمان ہو
۶- عاقل و بالغ ہو
۷- علوم دینیہ کا ماہر ہو
۸- مرد ہو
۹- دارالاسلام کا باشندہ ہو

سوال : شوریٰ کا مفہوم کیا ہے؟

جواب : شوریٰ کا مفہوم آراء کا حاصل کرنا ہے۔

سوال : شوریٰ کی روح کیا ہے؟

جواب : روح یہ ہے کہ جماعت کے افراد میں سے ہر فرد اپنے علم اور قابلیت کے مطابق اپنی رائے اور خیالات پیش کر دیتا ہے ایک دوسرے کے نظریات آپس میں ملتے ہیں اور اس سے ایک اچھا فیصلہ ہاتھ آجاتا ہے۔

سوال : مشیر کے فرائض و آداب کیا ہیں؟

جواب : قابلیت ہو۔ (۲) بار امانت کو اٹھانے کی استطاعت ہو۔ (۳) خلوص نیت سے اپنے امور کو انجام دے۔ غیر جانبدار رہے۔۔

سوال : شریعت اسلام میں عدلیہ کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب : شریعت اسلام میں عدلیہ کو "قضا" کہا جاتا ہے۔

سوال : قضا کے معنی کیا ہیں؟

جواب : لوگوں کے باہمی جھگڑوں اور تنازعات کو احکام شریعت کی روشنی میں حق و انصاف کے مطابق طے کرنا۔

سوال : زمانہ جاہلیت میں قضا کو کیا مقام حاصل تھا؟

جواب : عرب زمانہ جاہلیت میں قضا کو حکومت اور قاضی کو حکم کہتے تھے۔

سوال : قاضی کے اوصاف کیا ہیں؟

جواب : (۱) مسلمان ہو (۲) مرد اور بالغ ہو (۳) صاحب عقل و ہوش ہو (۴) آزاد ہو (۵) کم فہم نہ ہو۔

سوال : جھوٹی گواہی دینے والے کے بارے میں کیا ارشاد ہے؟

جواب : جھوٹی گواہی دینے والا جھوٹی گواہی دے کر ابھی اپنی جگہ سے نہیں ہٹتا کہ جہنم اس کے لئے واجب ہو جاتی ہے۔

سوال : کس کی شہادت جائز نہیں ہے؟

جواب : خائن اور زانی مرد اور خائنہ زانیہ عورت کی شہادت جائز نہیں نہ اس شخص کی شہادت ایسے آدمی کے حق میں جائز ہے۔ جس سے اس کی دشمنی ہے۔ خیانت چاہے مال کی ہو یا دین میں ہو جو شخص اس کا مرتکب ہوگا وہ مرد شہادت کے قابل ہیں۔

سوال : شہادت کے بارے میں سورۃ بقرہ میں کیا ارشاد ہے؟

جواب : شہادت ہرگز نہ چھپاؤ جو شہادت چھپاتا ہے اس کا دل گناہ میں آلودہ ہے۔

سوال : اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد کو مسند خلافت پر متمکن کرنے کے بعد کیا ارشاد فرمایا؟

جواب : اے داؤد ہم نے تمہیں زمین پر خلیفہ بنایا ہے پس تم لوگوں کے درمیان حق کے مطابق فیصلے کرو اور خواہش نفس کی پیروی نہ کرو۔ یہ خواہش تمہیں خدا کے راستے سے بھٹکا دے گی۔۔

سوال : اسلامی خلافت میں وراثت کیا درجہ رکھتی ہے؟

جواب : اسلامی خلافت میں وراثت نہیں چلتی۔
سوال : عدل کی کتنی اقسام ہیں نام درج کریں؟
جواب : عدل کی چار اقسام ہیں۔ (۱) عدل فی الحکم (۲) عدل فی القول (۳) عدل فی الاشراک (۴) عدل بمعنی فدیہ یا ہم قیمت چیز۔
سوال : اسلامی تصور عدل کی خصوصیات تحریر کریں؟
جواب : قانون اور عفو و درگذر کا حسین امتزاج (۲) استحکام (۳) قانونی مساوات (۴) جامعیت۔

اسلامی اخلاق و تصوف

سوال: "اخلاق" کے لفظی معانی کیا ہیں؟
جواب: "اخلاق" خلق کی جمع ہے جس کے معانی ہیں خلقت، خو، عادت، لہٰذا، اخلاق کے معانی ہوئے۔ عادات اور خصائل۔
سوال: "فضائل" اور "رذائل" سے کیا مراد ہے؟
جواب: اچھے اور نیک اخلاق کو فضائل اور برے اخلاق کو رذائل کہتے ہیں۔
سوال: فضائل اربعہ درج کیجئے۔
جواب: فضائل اربعہ درج ذیل ہیں۔
(۱) حکمت (۲) شجاعت (۳) عفت (۴) عدالت
سوال: فضیلت حکمت کی اقسام درج کریں؟
جواب: فضیلت حکمت کی اقسام درج ذیل ہیں۔
(۱) ذکا (۲) سرعتِ فہم (۳) صفائی ذہن (۴) سہولت تعلیم (۵) حسن تعقل (۶) تحفظ (۷) تذکر
سوال: سلوک سے کیا مراد ہے؟
جواب: علم اخلاق کی اصطلاح میں ہر عمل ارادی کو "سلوک" یا کردار کہتے ہیں جیسے سچ اور جھوٹ بولنا یا سخاوت و بخل اختیار کرنا۔
سوال: اخلاق کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟
جواب: ان ھذا الا خلق (۳۸-۷)
ترجمہ: یعنی یہ تو ایک گھڑی ہوئی بات ہے
سوال: اخلاق کے متعلق ایک حدیث درج کریں؟
جواب: بعثت لاتمم حسن الاخلاق
ترجمہ: یعنی میں اخلاق حسنہ کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا ہوں (موطا امام مالک)
سوال: اخلاق کی اقسام درج کریں؟
جواب: (۱) اخلاق حسنہ (۲) اخلاق سیئہ
سوال: عزیزہ سے کیا مراد ہے؟
جواب: عزیزہ اس ملکہ کا نام ہے جس کے ذریعے سے ایسے عمل پر قدرت حاصل ہو جائے جو انسان کے مقصود تک اس شرط کے ساتھ پہنچا دے کہ نہ اس مقصود کی جانب اس سے پہلے نظر نے کام کیا ہو اور نہ اُسے عمل سے پہلے کبھی اختیار کیا گیا ہو۔
سوال: طبیعت کی دو اہم اقسام درج کیجئے؟
جواب: (۱) حفاظت ذات (۲) حفاظت نوع

سوال: کیا سب انسان اپنی استعداد اور طبیعت میں یکساں ہوتے ہیں؟
جواب: نہیں سب انسان اپنی استعداد اور طبیعت میں یکساں نہیں ہوتے کوئی دو شخص عالم وجود میں جسم، عقل اور خلق کے اعتبار سے مساوی پیدا نہیں ہوتے۔
سوال: ماحول کی قسمیں درج کریں؟
جواب: ماحول کی دو قسمیں ہیں (۱) طبعی ماحول (۲) اجتماعی ماحول
سوال: اعمال کی قسموں کے نام لکھیے؟
جواب: اعمال کی دو قسمیں ہیں؟
(۱) غیر ارادی (۲) ارادی
سوال: خلق کی تعریف کریں؟
جواب: انسان کے رجحانات میں سے کسی رجحان کا اپنے استمرار و تسلسل کی وجہ سے غالب آجانا خُلق کہلاتا ہے۔
کسی ارادہ کا عادت بن جانا "خلق" کہلاتا ہے۔
سوال: خیر و شر کے پیمانے یا مذاہب حکمائے کے نام درج کریں؟
جواب: (۱) عرف (۲) مذہب سعادت (۳) مذہب فراست (۴) مذہب نشو و نما
سوال: مذہب سعادت کے نزدیک خیر و شر کا پیمانہ کیا ہے؟
جواب: مذہب سعادت میں سعادت سے مراد وجود لذت اور فقدان الم ہے ان کا کہنا ہے کہ جس عمل میں جس درجہ کی بھی لذت پائی جائے اسی مقدار سے وہ خیر ہے اور جس درجہ کا اس میں الم موجود ہو اسی مقدار سے وہ شر ہے۔
سوال: اخلاقی حکم کن اعمال پر صادر ہو سکتا ہے؟
جواب: اخلاقی حکم یعنی اعمال پر خیر و شر کا فیصلہ صرف اختیاری اعمال پر صادر ہو سکتا ہے جب تک ارادہ نہ پایا جائے یہ حکم بھی نہیں پایا جا سکتا ہے۔
سوال: حدیث نبوی کے مطابق خیر و شر کی پہچان کیا ہے؟
جواب: خیر و شر کی پہچان خود انسان کا ضمیر ہے۔
رسول ﷺ نے فرمایا۔
(1) جب تمہاری نیکی تم کو خوشی بخشے اور تمہاری بدی تم کو غمگین کر دے تو تم مومن ہو
(2) وہ (ضمیر) خدا کا واعظ ہے جو ہر مومن کے قلب میں ہے۔
(3) اپنے دل سے پوچھا کر اپنے نفس سے فتویٰ لیا کر نیکی وہ ہے جس سے دل اور نفس میں طمانیت پیدا ہو اور گناہ وہ ہے جو دل میں کھٹکے۔
سوال: کیا انسان گنہگار پیدا ہوتا ہے؟

جواب: نہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر بچہ دین فطرت پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے ماں باپ اس کو یہودی نصرانی یا مجوسی بنا دیتے ہیں۔

سوال: حسن خلق سے متعلق صوفیا کے تین اقوال درج کریں؟

جواب: (۱) حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں۔
طلاقتِ وجہ، جود وکرم کی بہتات، ایذارسانی سے اجتناب اور مصائب پر صبر و تحمل کا نام حسن خلق ہے۔
(۲) ابو عثمان مغربی کا قول ہے۔
ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کی رضا "حسن خلق" ہے۔
(۳) ابو سعید قرشی کہتے ہیں۔ خلق عظیم جود وکرم درگزر، عفو اور احسان کے مجموعہ کا نام حسن خلق ہے۔

سوال: دو مسلمان حکمائے اخلاق کے نام لکھئے؟

جواب: (۱) ابن مسکویہ (۲) امام غزالی

سوال: "احیاء العلوم" کتنی جلدوں پر مشتمل ہے اس کے مصنف کا نام لکھئے؟

جواب: احیاالعلوم چار جلدوں پر مشتمل ہے اس کے مصنف کا نام حجتہ الاسلام ابو حامد امام غزالیؒ ہے۔

سوال: فلسفہ اخلاق پر جلال الدین دوانی کی تصنیف کا نام لکھیں؟

جواب: جلال الدین دوانی کی کتاب کا نام "اخلاق جلالی" ہے۔

سوال: افلاطون نے انسانی فضائل کی بنیاد کن چار باتوں پر رکھی؟

جواب: (۱) حکمت (۲) شجاعت (۳) عفت (۴) عدل

سوال: تورات کے اخلاقی احکام میں سے تین اخلاق کا ذکر کریں؟

جواب: (۱) تو اپنے ماں اور باپ کو عزت دے (۲) تو خون مت کر (۳) تو زنا مت کر۔

سوال: والدین کی خدمت کے متعلق قرآن کے حوالے سے ذکر کریں؟

جواب: واشکرلی ولوالدیک (قرآن)
ترجمہ یعنی میرا اور اپنے والدین کا شکر بجاؤ

سوال: اللہ تعالیٰ کا ارشاد زندہ دفن کی جانے والی لڑکی کے متعلق کیا ہے؟

جواب: بایّ ذنب قتلت
ترجمہ: کہ تجھے کس گناہ کی پاداش میں قتل کیا گیا تھا؟

سوال: حقوق زوجین کے متعلق احدیث نبوی درج کریں؟

جواب: خیر کم خیر کم لاھلہ

ترجمہ: تم میں سے بہتر وہ ہے جو اپنی بیویوں کے لئے بہتر ہے (ترمذی و دارمی وابن ماجہ)

سوال: عورتوں کے حقوق کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: ولھن مثل الذی علیھن بالمعروف وللرجال علیھن درجہ (بقرہ ۲۸)

ترجمہ: اور عورتوں کا حق دستور کے مطابق پر اور مردوں کو ان پر ایک منزلت حاصل ہے۔

سوال: ہمسایہ کے ساتھ اخلاقی رویہ پر ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: والجار ذی القربی والجار الجنب والصاحب بالجنب (نساء۔ع۶)

ترجمہ: اور (اللہ تعالیٰ) ہمسایہ قریب، ہمسایہ بیگانہ اور پہلو کے ساتھی کے ساتھ (نیکی کا حکم دیتا ہے)

سوال: بیواؤں کے حقوق کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: وانکحوا الایامی منکم (نورع ۴)

ترجمہ: اور اپنے میں سے بے شوہر والی عورتوں کا نکاح کر دیا کرو۔

سوال: انسانی برادری کے ساتھ حسن اخلاق کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: وقولوا للناس حسنا (بقرہ رکوع۔ ۱۰)

ترجمہ: اور لوگوں کے ساتھ حسن تکلم کا مظاہرہ کیا کرو۔

سوال: قبل از اسلام منطق استقرائیہ کو پہلے پہل کس نے پیش کیا؟

جواب: ارسطو کے بقول منطق استقرائیہ کو پہلے پہل سقراط نے ہی پیش کیا۔

سوال: افلاطون نے کونسا نظریہ پیش کیا؟

جواب: ذہن اور جسم کی دوہریت کا نظریہ

سوال: افلاطون نے انسانوں کو کن تین زمروں میں تقسیم کیا ہے۔

جواب: (۱) اعلیٰ تر ذہنی صلاحیتوں والے لوگ (۲) جسمانی طاقت کے حامل افراد (۳) جسمانی قوت اور ذہنی اعتبار سے کم تر حیثیت کے لوگ۔

سوال: ارسطو نے نفس کے کون سے تین درجے بیان کئے ہیں؟

جواب: (۱) نباتاتی روح (۲) حیوانی روح (۳) انسانی روح

سوال: فلاطینوس نے کیا نظریہ پیش کیا؟

جواب: اشراقیت کا نظریہ۔

سوال: ابن سینا کس نام سے مشہور تھے؟

جواب: بو علی سینا۔

سوال: ابن سینا کی تصنیفات کی تعداد کتنی ہے؟

ایک عالم کی کا نام
محمد بن علی

جواب: ۲۷۶ تقریباً۔
سوال: ابن مسکویہ کا اصل نام کیا تھا؟
جواب: اصل نام احمد بن محمد ابن یعقوب الرازی
سوال: ابن مسکویہ نے کس کتاب میں لوگوں کو نیکی اور خلق کا سبق دیا؟
جواب: تہذیب اخلاق میں
سوال: قرآن حکیم میں نفس انسانی کو کن تین مراحل میں بیان کیا ہے؟
جواب: (۱) نفس امارہ (۲) نفس لوامہ (۳) نفس مطمئنہ
سوال: ابن مسکویہ کی دو تصانیف کے نام لکھیں۔
جواب: (۱) کتاب الآداب والفرس (۲) الفوز الاکبر۔
سوال: نصیر الدین ابو جعفر محمد بن محمد بن الحسن کب پیدا ہوئے؟
جواب: ۱۱ جمادی الاول ۵۹۷ھ کو طوس میں پیدا ہوئے۔
سوال: نصیر الدین طوسیؒ نے اپنے سرپرست ناصر الدین عبدالرحیم بن ابی منصور کی خدمت میں اپنی کونسی تصنیف پیش کی صرف نام بتائیں۔
جواب: "اخلاق ناصری"
سوال: جلال الدین الدوانی کا اصل نام کیا تھا؟
جواب: جلال الدین اسعد جلال الدین تھا۔
سوال: الدوانی کے نزدیک مدینہ غیر فاضلہ کی کونسی تین شاخیں ہیں؟
جواب: (۱) مدینہ جاہلہ (۲) مدینہ فاسقہ (۳) مدینہ ضالہ۔
سوال: ابن العربی کے پسندیدہ اخلاق میں کوئی چار اخلاق درج کریں؟
جواب: (۱) عفت (۲) قناعت (۳) خودداری (۴) حلم بحوالہ ماہنامہ شمس المشائخ نارووال)
سوال: ابن العربی نے "وحدت الوجود" کے نظریہ کو کیا نام دیا ہے؟
جواب: ابن العربی نے وحدت الوجود کے نظریہ کو حدیث معقول کا نام دیا ہے۔
سوال: فصوص الحکم کے مصنف کا نام لکھئے؟
جواب: فصوص الحکم کے مصنف کا نام محی الدین ابن العربی ہے۔
سوال: ابن العربی کی وجہ شہرت بیان کریں؟
جواب: ابن العربی اپنے عقیدہ وحدت الوجود کے باعث مشہور ہیں
سوال: ابن العربی کا نام تحریر کریں؟
جواب: آپ کا اسم گرامی محمد بن علی ہے۔
سوال: "الملاس" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: الملاس ابن العربی کی تصنیف ہے۔
سوال: آراء المدینہ الفاضلہ کے مصنف کا نام لکھئے؟
جواب: حکیم ابو نصر فارابی۔
سوال: قوائے انسانی کے نام تحریر کریں؟
جواب: قوائے انسانی تین ہیں۔
(۱) قوت تمیز (۲) قوت غضبی (۳) قوت شہوی
سوال: علامہ دوانی کے نزدیک امراض کن وجوہ سے پیدا ہوتے ہیں؟
جواب: علامہ جلال الدین دوانی کے نزدیک تین قوائے انسانی میں سے تین وجوہ کے امراض پیدا ہوتے ہیں (۱) افراط سے (۲) تفریط سے (۳) روایت کیفیت سے
سوال: فضیلت سے کیا مراد ہے؟
جواب: فضیلت کے لغوی معانی ہیں برتری، فوقیت بڑائی۔ نیکی، علم الاخلاق کی اصطلاح میں کوئی خلق کہتے ہیں جب ارادہ کسی پاک عادت کا خوگر ہو جائے تو اس صفت کا نام "فضیلت" ہے۔
سوال: انسانِ فاضل کسے کہتے ہیں؟
جواب: جو صاحب اخلاق انسانی فضائل سے متصف ہو۔ اُسے "انسان فاضل" کہتے ہیں۔
سوال: اصول فضائل بیان کریں؟
جواب: فضائل کے چار اصول ہیں (۱) حکمت (۲) شجاعت (۳) عفت (۴) عدالت۔
سوال: قوت غضبیہ سے کونسی فضیلت پیدا ہوتی ہے؟
جواب: اگر قوت غضبیہ معتدل ہو تو شجاعت کہلاتی ہے۔
سوال: فضائل اربعہ کے نام لکھئے؟
جواب: (۱) حکمت (۲) شجاعت (۳) عفت (۴) عدالت
سوال: عفت کی فروعات (اقسام) درج کریں؟
جواب: (۱) حیا (۲) رفق (۳) سالمت (۴) صبر (۵) قناعت (۶) وقار (۷) ورع (۸) حسن ہدی (۹) سخا (۱۰) وسعت (۱۱) انتظام
سوال: حکمت نظری سے کیا مراد ہے؟
جواب: حکمت نظری وہ حکمت ہے جس میں ان موجودات کے احوال سے بحث کی جاتی ہے جس کا وجود انسانی قدرت سے باہر ہے۔
سوال: حکمت عملی سے کیا مراد ہے؟
جواب: حکمت عملی وہ حکمت ہے جس میں ان موجودات کے احوال سے بحث کی جاتی ہے جس کا وجود انسانی قدرت و طاقت میں ہے۔

سوال: "ذکاء" سے کیا مراد ہے؟
جواب: ذکاء فضیلت کی ایک فرع ہے ذکاء سے مراد ہے انسان کو ایسا ملکہ حاصل ہو جانا جس سے فورا مقدمات ترتیب دے کر نتیجہ حاصل کیا جا سکے۔
سوال: "حکمت" سے کیا مراد ہے؟
جواب: موجودات خارج کے احوال یعنی اغراض ذاتیہ کو بقدر طاقت انسانی اس طرح جاننا جس طرح کہ وہ فی الواقع ہیں "حکمت" کہلاتا ہے۔
سوال: حکمت کی اقسام درج کریں؟
جواب: "حکمت کی دو قسمیں ہیں (۱) حکمت نظری (۲) حکمت عملی
سوال: "شجاعت" کی فروعات درج کریں؟
جواب: (۱) کبر نفس (۲) علومت (۳) حلم (۴) نجدت (۵) سکون (۶) اثبات (۷) شامت (۸) تحمل (۹) تاصع (۱۰) حمیت (۱۱) رقت
سوال: "رفق" سے کیا مراد ہے؟
جواب: "رفق" عفت کی فرع ہے جس سے مراد ہے کہ نفس ان امور کا جو بطریق احسن پیدا ہوتے ہیں مطیع و منقاد ہو جائے مانع نہ ہو۔
سوال: "قناعت" کس فرع سے اور اس سے کیا مراد ہے؟
جواب: "قناعت" فضیلت عفت کی فرع ہے جس سے مراد ہے نفس کا لباس اور اشیائے خوردنی و نوشیدنی میں صرف اشیائے ضروریہ پر اکتفا کرنا۔ جمع مال کی حرص سے نہیں بلکہ ہیچ و خوار سمجھ کر۔
سوال: "ورع" سے کیا مراد ہے؟
جواب: نفس کا نیک اعمال اور پسندیدہ افعال پر مداومت کرنا "ورع" کہلاتا ہے۔
سوال: عدالت کی چھ فروعات کے نام لکھیں؟
جواب: (۱) صداقت (۲) شفقت (۳) عفت و پاکبازی (۴) دیانتداری (۵) ایفائے عہد (۶) عفو درگزر (۷) حلم و بردباری (۸) شجاعت (۹) خوش کلامی (۱۰) عدل و انصاف
سوال: "صدق" کی فضیلت میں قرآن کے حوالہ سے ایک آیت درج کریں؟
جواب: سورۃ التوبہ میں فرمایا گیا ہے

وکونوا مع الصادقین (اور سچوں کے ساتھ رہو)

سوال: "صدق" کی تین اقسام درج کریں؟
جواب: (۱) زبان کی سچائی (۲) دل کی سچائی (۳) عمل کی سچائی۔
سوال: امام غزالی سے صدق کے چھ مراتب بیان کئے گئے ہیں ان کے نام لکھئے؟

جواب: "حجتہ الاسلام" نے جو چھ مراتب صدق بیان کئے گئے ہیں ان کے نام یوں ہیں۔
(۱) بات میں سچائی (۲) ارادہ اور نیت میں سچائی (۳) عزم میں سچائی (۴) عزم کو پورا کرنے میں سچائی۔ (۵) عمل میں (۶) دینداری کے مقامات اور مراتب میں سچائی

سوال: مندرجہ ذیل حدیث نبوی مکمل کیجئے؟

جواب: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: منافق کی تین علامتیں ہیں جب بولے تو..... بولے جب وعدہ کرے تو..... نہ کرے اور جب امین بنایا جائے تو.....
رسول اللہ ﷺ نے فرمایا منافق کی تین علامتیں ہیں جب بولے تو جھوٹ بولے جب وعدہ کرے تو پورا نہ کرے اور جب امین بنایا جائے تو بے ایمانی کرے۔

سوال: مکمل کیجئے؟ انما الاعمال.....

جواب: انماالاعمال بالنیات

سوال: "سخاوت" سے متعلق قرآنی حکم درج کریں۔

جواب: سورہ البقرہ میں فرمایا گیا ہے۔
(۱) وممّارزقنا هم ینفقون
(اور ہم نے جو روزی دی اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔)
(۲) یآ یُّھاالذین امنوا انفقو ممارزقنا کم
(اے ایمان والو! اس میں سے کچھ خرچ کرو جو ہم نے تم کو دیا ہے'

سوال: عدل سے متعلق دو آیت درج کریں۔

جواب: سورۃ النحل میں فرمایا گیا ہے۔
۱۔ ان اللہ یامرکم بالعدل والاحسان
(بے شک اللہ انصاف اور نیکی کرنے کا حکم دیتا ہے)
۲۔ واوفوا الکیل والمیزان بالقسط
(اور انصاف کے ساتھ پوری ناپ کر اور پورا پورا تول)

سوال: "حیاء" سے متعلق دو احادیث درج کریں؟

جواب: ۱۔ الحیاء لایاتی الابخیر
(حیا سے صرف بھلائی پہنچتی ہے)
۲۔ الحیاء خیر کله
(حیاء سرتاپا بھلائی ہے)

سوال: صبرواستقامت سے متعلق ایک آیت درج کریں؟

جواب: یآ یھا الذین امنوا صبروا صابروا رابطوا اتقوا اللہ لعلکم تفلحون

(اے ایمان والو صبر اختیار کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

سوال: صبر کی فضیلت میں ایک حدیث درج کیجئے؟

جواب: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

الصبر نصف الایمان (صبر آدھا ایمان)

سوال: ایفائے عہد کے بارے میں ایک آیت کا حوالہ دیجئے؟

جواب: سورہ بنی اسرائیل میں فرمایا گیا۔

واوفوا بعہد اللہ ذالکم وصاکم لعلکم تذکرون

اور اللہ کا قرار پورا کرو اس نے تم کو نصیحت کر دی ہے تاکہ تم دھیان رکھو۔

سوال: "صلہ رحم" سے کیا مراد ہے؟

جواب: صلہ رحم فضائل اربعہ میں سے "صداقت" کی ایک فرع ہے جس سے مراد ہے اپنے خویش اور قریبی کو دولت و ثروت میں سے اپنے ساتھ شریک کرنا۔

سوال: آیت مکمل کیجئے: وما ارسلناک.....

جواب: وما ارسلناک الا رحمتہ للعالمین۔

سوال: صلہ رحم سے متعلق ایک حدیث درج کریں؟

جواب: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

من لا یرحم لا یرحم۔

سوال: "حلم" کی تعریف کی تعریف کیجئے؟

جواب: وہ اطمینان قلبی جس سے انسان جلدی بلکہ کبھی بھی مغلوب نہیں ہوتا "حلم" کہلاتا ہے۔

سوال: "تواضع" سے کیا مراد ہے؟

جواب: انسان اگر اللہ کی معرفت و رضا یا مخلوق پر رحم کرم کی خاطر اپنے اصل درجہ اور رتبہ سے کم راضی ہو جائے یا خود کو درست کر دے تو اس فضیلت کا نام "تواضع" ہے۔

سوال: امام غزالی کے نزدیک "شکر" کن باتوں سے مرکب ہے؟

جواب: امام غزالی فرماتے ہیں کہ شکر سالکین کی منازل میں سے ایک منزل کا نام ہے اور وہ تین باتوں سے مرکب ہے (۱) علم (۲) حال (۳) عمل۔

سوال: شکر سے چند اقوال صوفیا درج کریں؟

جواب: حضرت جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں۔

شکر یہ ہے کہ اپنے آپ کو احسان کا اہل ہی نہ سمجھے۔

شبلی فرماتے ہیں۔

احسان کرنے والے کو نگاہ میں رکھنا شکر ہے نہ کہ احسان کو نگاہوں میں رکھنا۔

سوال: سات رذائل (امراض نفسانی) کے نام لکھئے؟

جواب: (۱) حیرات (۲) جہل بسیط (۳) جہل مرکب (۴) غضب (۵) بزدلی (۶) خوف (۷) شہوت

سوال: اسباب غضب میں سے پانچ اسباب درج کریں؟

جواب: (۱) عجب (۲) افتخار (۳) جدال (۴) استہزاء (۵) تکبر۔

سوال: "عجب" سے کیا مراد ہے؟

جواب: عجب یہ ہے کہ اپنی نسبت اپنے کمال کا اعتقاد رکھے جو فی الواقع اس میں موجود نہ ہو۔

سوال: حسد کی مذمت میں ایک حدیث نبوی درج کریں؟

جواب: الحسد یاکل الحسنات کما تاکل الماء الحطب۔

حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ ایندھن کو کھا جاتی ہے۔

سوال: غصہ ایک آگ ہے قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: نار اللّٰہ المؤقدۃ التی تطلع علی الافئدہ۔

ترجمہ: آگ ہے اللہ کی جھانک لیتی ہے دل

سوال: مذمت غرور میں ایک حوالہ درج کیجئے؟

جواب: انہ لایحب المستکبرین

ترجمہ: اللہ غرور کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

سوال: التکبر علی الأغنیاء تواضع یہ کس کا قول ہے؟

جواب: یہ امام حسن علیہ السلام کا قول ہے۔

سوال: "عصبیت" سے کیا مراد ہے؟

جواب: علم الاخلاق کی اصطلاح میں "عصبیت" اس بیجا حمایت کا نام ہے جو مذہب، قوم، وطن اور کنبہ وغیرہ کے نام پر اختیار کی جاتی ہے یہ ایک ایسا اخلاقی مرض ہے جو اخوت اسلامی کے لئے زہر ہلاہل ثابت ہوتا ہے رسول اللہ نے فرمایا کہ عصبیت یہ ہے کہ تو امر ناحق پر اپنی قوم کی مدد کرے۔

سوال: معونت کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب: معونت کی تین قسمیں ہیں (۱) سیاست فاضلہ (۲) سیاست ناقصہ

سوال: قانون کی تین اقسام بیان کریں؟

جواب: قانون کی تین بڑی قسمیں ہیں (۱) قانون طبعی (۲) وضعی قانون (۳) اخلاقی قانون

سوال: اسلامی معاشرت قانونی لحاظ سے کن تین باتوں پر زور دیتا ہے؟

جواب: (۱) خدا کی بادشاہت اور حاکمیت کا نفاذ۔

(۲) حقوق اللہ کے ساتھ ساتھ حقوق العباد کا نفاذ

(۳) اعلیٰ معاشرتی زندگی کی تنظیم۔

سوال: اسلامی قوانین معاشرت کی بنیاد کن تین باتوں پر ہے؟

جواب: (۱) سختی اور تشدد کو دور کرنا اور آسانی پیدا کرنا۔

(۲) کم سے کم تنگی اور تکلیف میں تخفیف

(۳) غلط عادات کی اصلاح کے لئے تدریجی عمل کا لائحہ عمل اختیار کرنا۔

سوال: اسلامی معاشرے کی ابتداء کہاں سے ہوئی؟

جواب: مدینہ منورہ سے ہوئی۔

سوال: اسلامی معاشرے کے متعلق ایک حدیث درج کریں؟

جواب: آپ نے فرمایا

الخلق کلھم عیال اللّٰہ

ترجمہ: یعنی تمام مخلوق اللہ کا کنبہ ہے۔

سوال: اسلامی معاشرے کے چار اہم اجزا بتائیں؟

جواب: (۱) مساوات (۲) مذہبی رواداری (۳) اخوت (۴) احترام آدمیت

سوال: اسلامی سیاست کے تین بنیادی ستون بتایئے؟

جواب: (۱) اللہ کی اطاعت (۲) رسول اللہ کی اطاعت (۳) اپنے حکمران کی اطاعت

سوال: اسلامی سیاست کے متعلق ایک قرآنی آیت درج کریں؟

جواب: وشاورھم فی الامر (آل عمران: ۱۵۹)

ترجمہ: اپنے لوگوں سے مشورہ کر لیا کرو۔

سوال: اخلاق کا دائرہ کیا صرف اس دنیا تک ہی محدود ہے؟

جواب: نہیں۔ اخلاق کا دائرہ دنیا اور اس کے بعد والی زندگی کو بھی محیط ہے۔

سوال: آخرت کے متعلق قرآن پاک کے حوالے سے روشنی ڈالئے؟

جواب: ترجمہ: اور کافر حضرات کہتے ہیں کہ ہماری زندگی تو بس یہ دنیا کی زندگی ہی ہے اور ہمیں مرنے کے بعد دوبارہ کوئی زندگی نہیں ملے گی۔

سوال: لفظ "تصوف" کے مادہ ہائے اشتقاق درج کریں؟

جواب: الصوف (۲) الصفو (۳) الصفا (۴) التصوف (۵) الصف (۶) الصفۃ

سوال: تصوف کی تعریف کریں؟

جواب: تصوف وہ علم ہے جس میں بذریعہ ہدایت نور نبوت و تعلیم محمدیہ حق تعالیٰ کی ذات و صفات اور اسرار، وصول الی اللہ کے طریقے اور جملہ لوازمات سلوک طریقت کے اصول اور رموز معرفت و حقیقت بیان کئے جاتے ہیں۔

سوال: سید علی ہجویری المعروف بہ داتا گنج بخش رحمتہ اللہ علیہ کشف المحجوب کے باب میں تصوف کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟

جواب: تصوف کے متعلق ایک حدیث نقل فرماتے ہیں اس باب میں: کہ رسول کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم ارشاد فرماتے ہیں۔

من سمع صوت اهل التصوف فلا يؤمن
على دعائهم كتب عندالله من الغافلين۔

ترجمہ: یعنی جو اہل تصوف کی آواز سنے پھر ان کی دعوت کو قبول نہ کرے تو وہ اللہ کے نزدیک غافلوں میں لکھا گیا۔

(کشف المحجوب نسخہ سمرقند۔ نوری بک ڈپو لاہور مطبوعہ ۱۹۷۸ء۔)

سوال: تصوف سے متعلق دو اقوال صوفیا درج کریں؟

جواب: شیخ شہاب الدین سہروردی فرماتے ہیں۔
تصوف ایک ایسا علم ہے جس میں فقر اور زہد کے معانی حاصل ہوتے ہیں۔

سوال: حضرت رویم کا قول ہے؟

جواب: اپنے نفس کو اللہ کے ساتھ اس کی مرضی پر چھوڑ دینا ہے۔

سوال: داتا گنج بخشؒ نے اہل تصوف کو کن تین گروہوں میں تقسیم کیا ہے؟

جواب: داتا گنج بخشؒ نے اہل تصوف کو تین گروہوں میں تقسیم کیا ہے۔
(۱) صوفی (۲) متصوف (۳) مستعصف

سوال: متصوف سے کیا مراد ہے؟

جواب: متصوف وہ ہے جو دنیا کا مال و متاع اور مرتبہ و عزت حاصل کرنے کیلئے اہل تصوف کی وضع قطع اور اطوار اختیار کرے مگر صفا اور تصوف کی اسے کچھ خبر نہ ہو۔

سوال: مراحل تصوف درج کیجئے؟

جواب: شیوخ نے تصوف کے چھ اہم مراحل بیان کئے ہیں (۱) صفائے قلب (۲) اطاعت الٰہی (۳) معرفت (۴) تزکیہ نفس (۵) رضائے الٰہی۔

سوال: تصوف کو کن ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟

جواب: تصوف کو دو ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔
(۱) دور بعثت (۲) دور مابعد

سوال: "صوفی" کہلانے والے پہلے بزرگ کا نام لکھئے؟

جواب: شہاب الدین سہروردی اور بعض دیگر کہتے ہیں ابو ہاشم کوفی پہلے بزرگ تھے جو صوفی کے لقب سے مشہور ہوئے۔

سوال: پانچ اصحاب صفہ کے نام لکھئے؟
جواب: (ا) حضرت ابو ہریرہؓ (۲) حضرت بلالؓ بن رباح (۳) حضرت سلمان فارسیؓ (۴) حضرت عمار بن یاسرؓ (۵) حضرت مقدادؓ بن اسود۔
سوال: چار تابعین صوفیاء کے نام لکھئے؟
جواب: (ا) حضرت اویسؒ (۲) حضرت حسن بصریؒ (۳) حضرت سعیدؒ بن مسیب (۴) حضرت زین العابدینؒ
سوال: سات تبع تابعین صوفیا کے نام تحریر کریں؟
جواب: (ا) حضرت حبیب عجمیؒ (۲) حضرت مالکؒ بن دینار (۳) حضرت نعمانؒ بن ثابت (۴) حضرت فضیلؒ بن عیاض (۵) حضرت معروفؒ کرخی (۶) حضرت سریؒ سقطی (۷) حضرت ذوالنون مصریؒ
سوال: "کتاب المریدین" کس کی تصنیف ہے؟
جواب: "کتاب المریدین" کے مصنف کا نام شیخ یحیی بن معاذ رازی ہے۔
سوال: تیسری صدی ہجری میں لکھی جانے والی کتب تصوف کے نام لکھئے؟
جواب: (ا) کتاب المریدین (۲) کتاب التفکر والاعتبار (۳) کتاب الخوف۔
سوال: چار متاخرین صوفیاء کے نام لکھئے؟
جواب: (ا) حضرت ابوالعباسؒ (۲) حضرت ابوالقاسم قشیریؒ ہے (۳) شیخ ابوالقاسمؒ بن علی عبداللہ گرگانی (۴) شیخ ابو سعید فضل اللہؒ بن محمد میمنی
سوال: چوتھی صدی ہجری کے چار صوفیاء کے نام لکھئے؟
جواب: (ا) ابو محمد رویمؒ (۲) یوسف بنؒ حسین (۳) ابوبکر شبلیؒ (۴) ابو علی کاتبؒ
سوال: چوتھی اور پانچویں صدی میں تصوف پر لکھی جانے والی چار کتب کے نام تحریر کریں؟
جواب: (ا) کتاب اللمع (۲) قوت القلوب فی معاملۃ المحبوب (۳) طبقات الصوفیہ (۴) کشف المحجوب
سوال: ابوالقاسم قشیری کا دور حیات لکھئے؟
جواب: امام ابوالقاسم کا دور حیات ۳۷۶ تا ۴۶۵ھ ہے۔
سوال: امام قشیری کی تین تصانیف کے نام لکھئے۔
جواب: (ا) التفسیر الکبیر (۲) آداب الصوفیہ (۳) لطائف الاشارات
سوال: رسالہ شکایۃ اہل السنۃ کس کی تصنیف ہے؟
جواب: یہ رسالہ ابوالقاسم قشیری کی تصنیف ہے۔
سوال: امام ابوالقاسم قشیری کے تین معاصرین کے نام تحریر کیجئے؟
جواب: (ا) ابو سعید بن ابوالخیرؒ (۲) اسماعیل عبداللہ بن محمد بن علی انصاریؒ (۳) شیخ علی ہجویریؒ

سوال: "کشف المحجوب" کے مصنف کا نام لکھئے؟
جواب: شیخ علی ہجویری (داتا گنج بخش) ہے۔
سوال: شیخ علی ہجویری نے کون کون سے سلاسل فقر کا تذکرہ کیا ہے؟
جواب: (۱) محاسبہ (۲) قصاریہ (۳) جینڈیہ (۴) یفوریہ (۵) نوریہ (۶) سیلہ (۷) حکیمہ (۸) خزازیہ (۹) حفیفہ (۱۰) سیاریہ (۱۱) حلولیہ
سوال: "احیاء العلوم" کس زبان میں لکھی گئی ہے؟
جواب: عربی زبان میں۔
سوال: "غنیۃ الطالبین" کس کی تصنیف ہے؟
جواب: حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کی
سوال: چھٹی اور ساتویں صدی ہجری میں لکھی جانی والی تین کتابوں کے نام بمعہ مصنف تحریر کریں؟
جواب: (۱) احیاء العلوم۔ امام ابو حامد محمد غزالی
(۲) فتوح الغیب۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی
(۳) تذکرۃ الاولیاء۔ شیخ فرید الدین عطار
سوال: مفاتیح الغیب کے مصنف کا نام لکھئے؟
جواب: مفاتیح الغیب کے مصنف کا نام شیخ صدر الدین محمد بن اسحاق قونوی ہے۔
سوال: "فیہ مافیہ" کے مصنف کا نام لکھئے؟
جواب: فیہ مافیہ۔ مولانا جلال الدین رومی کی تصنیف ہے۔
سوال: "نصوص" کس کی تصنیف ہے؟
جواب: نصوص کے مصنف کا نام صدر الدین محمد بن اسحاق قونوی ہے
سوال: مرصاد العباد کا پورا نام لکھئے؟
جواب: مرصاد العباد المبداء الی المعاد ہے
سوال: لمعات کے مصنف کا نام لکھئے؟
جواب: شیخ فخرالدین عراقی۔
سوال: برصغیر میں تصوف پر لکھی جانے والی پہلی کتاب کا نام لکھئے؟
جواب: کشف المحجوب۔
سوال: "کشف المحجوب" کس زبان میں لکھی گئی؟
جواب: فارسی زبان میں
سوال: "دلیل العارفین" اور "انیس الارواح" کس کے ملفوظات ہیں؟

جواب: ان ہر دو کتب میں حضرت خواجہ معین الدین اجمیریؒ کے ملفوظات جمع کئے گئے ہیں۔
سوال: "طوالع الشموس" کے مصنف کا نام لکھئے؟
جواب: "طوالع الشموس" حمید الدین ناگوالی کی تصنیف ہے۔
سوال: قطب الدین بختیار کاکیؒ کس کے مرید تھے؟
جواب: خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ کے
سوال: شیخ فریدالدین گنج شکر کے مرشد کا نام تحریر کریں؟
جواب: حضرت قطب الدین بختیار کاکیؒ
سوال: برصغیر میں سلسلہ چشتیہ کے بانی کون تھے؟
جواب: حضرت خواجہ معین الدین اجمیریؒ تھے۔
سوال: برصغیر میں سلسلہ سہروردیہ کے مقتدا کا نام لکھئے؟
جواب: حضرت بہاء الدین زکریا ملتانیؒ
سوال: اہل تصوف کے "چار یار" کے نام لکھئے؟
جواب: (۱) حضرت بہاء الدین زکریا ملتانیؒ (۲) حضرت فریدالدین گنج شکرؒ (۳) حضرت جلال الدینؒ سرخپوش بخاری (۴) حضرت لعل شہباز قلندرؒ
سوال: کیا سلسلہ سہروردیہ میں سماع جائز ہے؟
جواب: سلسلہ سہروردیہ میں سماع کی ممانعت ہے۔
سوال: "فوائد الفواد" کا موضوع کیا ہے؟
جواب: فوائدالفواد حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کے ملفوظات کا مجموعہ ہے جس میں مسائل تصوف بیان کئے گئے ہیں۔
سوال: الفوائد کو کس نے مرتب کیا؟
جواب: خواجہ علا حسن عربی
سوال: افضل الفوائد کے مرتب کا نام لکھئے؟
جواب: "افضل الفوائد" خواجہ امیر خسرو کا مرتب کردہ مجموعہ ہے۔
سوال: نزہت الارواح، کنز الرموز اور زاد المسافرین کے مصنف کا نام لکھئے؟
جواب: ان کے مصنف کا نام میر حسنی ہے۔
سوال: اردو زبان میں تصوف کی پہلی کتاب کا نام مع مصنف تحریر کریں؟
جواب: برصغیر میں اردو زبان میں تصوف پر پہلی کتاب کا نام "معراج العاشقین ہے جو میر حسینی کی تصنیف ہے۔
سوال: روح کی حقیقت "امر ربی" ہے قرآنی آیت سے ثابت کریں؟

جواب: قل الروح من امر ربی (قرآن)

سوال: حضرت ابوبکر واسطی کے نزدیک روح کتنے مقام پر ہوتی ہے؟

جواب: حضرت ابوبکر واسطی سے منقول ہے کہ روح دس مقام پر قائم ہے۔

سوال: سیرالاولیاء کے مصنف کا نام تحریر کریں؟

جواب: سیرالاولیاء کے مصنف کا نام شیخ امیر خورد ہے۔

سوال: حضرت مجدد الف ثانی کی دو تصانیف کے نام لکھئے؟

جواب: (ا) مکتوبات امام ربانی (۲) رسالہ معارف لدنیہ

سوال: خواجہ باقی باللہ کا اصل نام لکھئے؟

جواب: آپ کا اصل نام محمد باقی ہے۔

سوال: خواجہ باقی باللہ کے مرشد کا نام لکھئے؟

جواب: آپ کے مرشد کا نام مولانا محمد مقتدی امکنگی ہے۔

سوال: شاہ ولی اللہ کی دو تصانیف کے نام لکھئے؟

جواب: (ا) حجتہ اللہ البالغہ (۲) القول الجمیل

سوال: ہمعات اور لمحات کے مصنف کا نام لکھے۔

جواب: ان دونوں کتابوں کے مصنف کا نام شاہ ولی اللہ ہے۔

سوال: چار کلمات نقشبندیہ درج کریں؟

جواب: (ا) ہوش دردم (۲) نظریہ قدم (۳) سفر در وطن (۴) خلوت در انجمن۔

سوال: حضرت ابوالحسن خرقانی کن تین باتوں پر حضرت بایزید بسطامی کی نسبت ان میں زیادہ تھی؟

جواب: حضرت بایزید کی نسبت ان میں (ا) ان پر عیال داری کا بوجھ ہوگا (۲) وہ کھیتی کریں گے (۳) وہ درخت لگایا کریں گے۔

سوال: کشف المحجوب کے مصنف کا نام درج کریں؟

جواب: ابوالحسن سید علی ہجویری بن عثمان لکھے

سوال: برصغیر پاک و ہند میں سلسلہ سہروردیہ کے بانی کون تھے؟

جواب: بہاؤالدین زکریا ملتانی رحمتہ اللہ علیہ۔

سوال: شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی تین تصنیف کے نام درج کریں؟

جواب: (ا) زبدۃ الارشاد (۲) جذب القلوب الی دیار المحبوب (۳) مدارج النبوۃ

سوال: شیخ عبدالقدوس گنگوہی کی دو کتب تصوف کے نام درج کریں؟

جواب: (ا) رسالہ قدسیہ (۲) رشد نامہ

سوال: داراشکوہ کی دو کتب تصوف کے نام لکھئے؟

جواب: (۱) سفینۃ الاولیاء (۲) سکینۃ الاولیاء
سوال: جواہر خمسہ کے مصنف کون تھے؟
جواب: شیخ محمد غوث گوالیاری
سوال: فرقہ روشنیہ کے بانی کون تھے؟
جواب: فرقہ روشنیہ کے بانی کا نام پیر روشن میاں بایزید انصاری ہے۔
سوال: مغلیہ دور میں تصنیف ہونے والی تین کتب کے نام مع مصنف لکھئے؟
جواب: (۱) جواہر خمسہ۔ شیخ محمد غوث گوالیاری
(۲) رسالہ معراجیہ۔ محمد غوث گوالیاری
(۳) الطاف قدس۔ شاہ ولی اللہ دہلوی
سوال: حسنات العارفین کے مصنف کا نام لکھئے؟
جواب: شہزادہ دارشکوہ کی تصنیف ہے۔
سوال: وحی سے کیا مراد ہے؟
جواب: شرعی اصطلاح میں وحی سے مراد ہے پیغام الٰہی خدا تعالیٰ کے وہ احکام جو پیغمبر فرشتہ (جبریل) کے ذریعے نازل ہوتے رہے ہیں۔
سوال: وحی کی تین صورتیں بیان کریں؟
جواب: (۱) کلام بالوحی (۲) کلام پس پردہ (۳) کلام بذریعہ فرشتہ۔
سوال: وحی کی تین اقسام تحریر کریں؟
جواب: (۱) صلصلۃ الجرس (۲) تمثل (۳) نفث فی الروح
سوال: رسول اللہ پر کتنی قسم کی وحی نازل ہوتی تھی نام لکھئے؟
جواب: (۱) وحی متلو (۲) وحی غیر متلو۔ دو قسم کی
سوال: دین سے کیا مراد ہے؟
جواب: دین سے مراد ہے کہ حکم برداری اطاعت عبادت
شریعت راہ راست شرح و دین اللہ تعالیٰ کو شریعت کہتے ہیں۔
سوال: مکاشفہ سے کیا مراد ہے؟
جواب: صوفیاء کی اصطلاح میں کسی حقیقت کے ادراک کو مکاشفہ کہتے ہیں۔
سوال: "القاء" سے کیا مراد ہے؟
جواب: صوفیاء کی اصطلاح میں عارف سالک کے دل پر جو خدا کی طرف سے علم غیب وارد ہوتا ہے اسے القاء کہتے ہیں۔
سوال: "افق" کسے کہتے ہیں؟

جواب: عالم احسان کو افق کہتے ہیں اسی کی جمع آفاق ہے۔
سوال: افق مبین سے کیا مراد ہے؟
جواب: افق مبین قلب کے مقام نہایت کو افق مبین کہتے ہیں۔
سوال: افق اعلیٰ کسے کہتے ہیں؟
جواب: افق اعلیٰ روح کے مقام نہایت کو افق اعلیٰ کہتے ہیں۔
سوال: جمیعت سے کیا مراد ہے؟
جواب: اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور چیز سے مشغول نہ ہونا جمیعت ہے۔
سوال: ولایت کامل سے کیا مراد ہے؟
جواب: ولایت کامل بندہ کا اپنے نفس یعنی ذات کے فنا ہونے کے بعد جو تعلق حق سبحانہ تعالیٰ کے ساتھ قائم ہو۔
سوال: حال سے کیا مراد ہے؟
جواب: حال وہ حالت ہے جو قلب اور روح پر اللہ تعالیٰ کی عنایت سے طاری ہو۔
سوال: خواطر سے کیا مراد ہے؟
جواب: صوفیاء کی اصطلاح میں "خواطر" اس خطاب کو کہتے ہیں جو ضمیر پر وارد ہوتا ہے۔
سوال: خواطر کی اقسام درج کریں؟
جواب: خواطر کی تین اقسام ہیں (۱) ہواجس (۲) وساوس (۳) حدیث النفس
سوال: واردات کی اقسام لکھئے؟
جواب: (۱) واردات نشاط (۲) واردات غم (۳) واردات قبض۔
سوال: مقام سے کیا مراد ہے؟
جواب: "مقام" آداب صوفیا کی اس منزل کو کہتے ہیں جسے بندہ کو خدا کی طرف سے حاصل ہوتا ہے۔
سوال: "محاضرہ" سے کیا مراد ہے؟
جواب: حضور دل کو محاضرہ کہتے ہیں یعنی آدمی کی کیفیت ہو کہ گویا وہ اللہ کے حضور حاضر ہو۔
سوال: بسط سے کیا مراد ہے؟
جواب: جس حالت میں اسرار الٰہی قلب و روح پر بلا کسی خاص کاوش کے منکشف ہوتے ہیں اور دل خود ہی خدا کی طرف کھنچا چلا جاتا ہے اس حالت کو بسط کہتے ہیں۔
سوال: قبض سے کیا مراد ہے؟
جواب: جس حالت میں خواہش و کاوش کے باوجود دل کی کلی نہیں کھلتی اس حالت کو قبض کہتے ہیں۔

سوال: ہیبت سے کیا مراد ہے؟
جواب: ہیبت اللہ تعالیٰ کے جلال و جبروت سے خوف کی حالت کا نام ہے۔
سوال: ملکوت سے کیا مراد ہے؟
جواب: ملکوت' عالم غیب کے مشاہدہ کرنے اور عالم ارواح کو ملکوت کہتے ہیں۔
سوال: جبروت سے کیا مراد ہے؟
جواب: جبروت۔ دبدبہ عظمت شوکت اور مرتبہ وحدت اول کو کہتے ہیں۔
سوال: لاہوت کسے کہتے ہیں؟
جواب: اسرار تجلیات ذات پاک حق سبحانہ کو لاہوت کہتے ہیں۔
سوال: علم لدنی سے کیا مراد ہے؟
جواب: علم لدنی وہ علم جو بغیر کسی واسطے کے اللہ تعالیٰ کسی بندہ کامل کو عطا فرمائے۔
سوال: توجہ القاء کسے کہتے ہیں؟
جواب: توجہ القاء دوسرے انسان کے دل میں ذکر اور محبت الٰہی کا پہنچنا۔
سوال: معجزہ سے کیا مراد ہے؟
جواب: معجزہ خرق عادات کی قسم ہے جو بات نبی سے ظاہر ہو۔
سوال: کرامت کسے کہتے ہیں؟
جواب: کرامت۔ خرق عادات کی قسم ہے جو بات اولیاء اللہ سے ظاہر ہو۔
سوال: معونت سے کیا مراد ہے؟
جواب: "معونت" خلاف عادت بات جو مجنون یا عام مومن سے ظاہر ہو۔
سوال: استدراج سے کیا مراد ہے؟
جواب: استدراج' خلاف عادت بات جو کافر سے ظاہر ہو۔
سوال: صاحب تمکین سے کیا مراد ہے؟
جواب: صاحب تمکین وہ سالک جو سلوک کی منزلیں ناسوت جبروت' لاہوت وغیرہ طے کر کے واصل الی اللہ ہو گیا ہو۔
سوال: صاحب تلوین سے کیا مراد ہے؟
جواب: صاحب تلوین وہ سالک جو ابھی سلوک کی منزلیں طے کر رہا ہو۔
سوال: "انس" سے کیا مراد ہے؟
جواب: انس جمال الٰہی رحمت اور عنایات کی وجہ سے محبت و شیفتگی کی حالت کا نام ہے۔
سوال: کیا شریعت اور طریقت دو الگ الگ چیزیں ہیں؟
جواب: نہیں شریعت و طریقت لازم و ملزوم ہیں شریعت اور حقیقت میں سے کسی ایک کا قیام

دوسرے کے بغیر روا ہے اور نہ ہی اس سے کوئی فائدہ حاصل ہو سکتا ہے۔

سوال: جمع و فرق سے کیا مراد ہے؟

جواب: جس چیز کی نسبت تمہاری طرف ہو وہ فرق ہے اور جو چیز تم سے چھین لی جائے وہ جمع ہے۔

سوال: قہر سے کیا مراد ہے؟

جواب: صوفیاء کی اصطلاح میں "قہر" سے مراد اپنی مرادوں کو فنا کرنے نفس کی آرزوؤں کو روکنے اور مشقت و ریاضت کی زندگی گزارنے کے ہیں۔

سوال: "نفی" اور "اثبات" سے کیا مراد ہے؟

جواب: نفسانی یا مذموم و ناپسندیدہ صفات کو اپنے اندر سے دور کرنے اور مٹانے کو "نفی" کہتے ہیں اور "اثبات" سے مراد ہے اپنے آپ کو حقیقت پر غالب کر کے اپنے اندر خصائل محمودہ پیدا کرنا۔

سوال: "مسامرہ" سے کیا مراد ہے؟

جواب: "مسامرہ" رات کے اوقات میں وہ وقت ہوتا ہے جبکہ بندہ اپنے رب کے ساتھ مشغول ہوتا ہے۔

سوال: محادثہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: "محادثہ" دن کے اوقات میں وہ وقت ہوتا ہے جب کہ بندہ اپنے رب کے ساتھ ظاہر و باطن میں سوال و جواب کرتا ہے یعنی دن کی دعاؤں کو "محادثہ" کہتے ہیں۔

سوال: "فنا و بقا" سے کیا مراد ہے؟

جواب: صوفیاء کے نزدیک فنا سے مراد مذموم اوصاف کا ساقط ہونا ہے اور "بقاء" سے مراد اوصاف محمودہ کا بندہ کے ساتھ قائم ہونا ہے۔

سوال: "غیبت" سے کیا مراد ہے؟

جواب: "غیبت" سے مراد یہ ہے کہ دل مخلوق کے حالات سے بے خبر ہو۔

سوال: "صحو" سے کیا مراد ہے؟

جواب: احساس سے غیبت کے بعد احساس کی طرف لوٹ آنے کا نام "صحو" ہے۔

سوال: سکر سے کیا مراد ہے؟

جواب: کسی قوی کیفیت کے وارد ہونے کی وجہ سے احساس سے غائب ہونے کو "سکر" کہتے ہیں۔

سوال: "خطرات" سے کیا مراد ہے؟

جواب: "خطرات" وہ آفات اور وسوسے ہیں جو خدا کی راہ میں چلتے ہوئے سالک کے دل میں

لاحق اور اس پر حملہ آور ہوتے ہیں۔

سوال: "العلائق" سے کیا مراد ہے؟

جواب: "علائق" وہ اسباب ہیں جن سے تعلق میں مشغولیت کی وجہ سے سالک اپنی مراد کو پہنچنے سے باز رہتا ہے اس میں وہ سب کچھ شامل ہے جو توجہ کو اللہ کی طرف سے ہٹا دیتا ہے۔

سوال: علم الیقین سے کیا مراد ہے؟

جواب: علم الیقین سے مراد یہ ہے کہ انسان علمی دلائل سے کائنات کے پس پردہ حقیقت کا یقین ہو جائے۔

سوال: حق الیقین سے کیا مراد ہے؟

جواب: "حق الیقین" علم الیقین کے بعد کا درجہ ہے اس سے مراد ہے کہ کائنات اور خود آدمی کے اپنے نفس میں حقیقت کے جو آثار و آیات ہیں ان کے مشاہدہ سے حقیقت کے بارے میں یقین اس قدر پختہ ہو جائے کہ اس کے حق کے بارے میں کوئی شک و شبہ باقی نہ رہے۔

سوال: "عین الیقین" سے کیا مراد ہے؟

جواب: "عین الیقین" سے مراد ہے کہ انسان کو ایسا یقین حاصل ہو جائے جیسے کہ آنکھوں دیکھی چیز کا یقین ہوتا ہے یعنی حقیقت کے بارے میں آنکھوں دیکھی چیز کا یقین ہوتا ہے۔

سوال: "الوسائط" سے کیا مراد ہے؟

جواب: اس سے مراد وہ ذرائع جن سے سالک مراد حاصل کر سکتا ہے وساط اوامر الٰہی کے اخلاص دل اور صحت نیت کے ساتھ پیروی اور منہیات سے اجتناب ہیں۔

سوال: "الجوہر" سے کیا مراد ہے؟

جواب: جوہر سے مراد ایک شے کی وہ اصل ہے جو اپنی ذات سے قائم ہو جیسے روح۔

سوال: "العرض" سے کیا مراد ہے؟

جواب: عرض وہ ہے جو جوہر کے ساتھ قائم ہو مثلاً آدمی آدمیت کے ساتھ ہی آدمی ہے اس جوہر کو کھو دینے کے بعد وہ محض ایک حیوان ہے۔

سوال: لوامع سے کیا مراد ہے؟

جواب: لوامع دل پر روشنی کے ظاہر ہونے کو کہتے ہیں؟

سوال: وطنات سے کیا مراد ہے؟

جواب: حقیقت کے علم اور اسرار الٰہی سے جو چیزیں سالک کے دل میں ٹھہراؤ اور قیام اختیار کر لیتی ہیں ان کو "وطنات" کہتے ہیں۔

سوال: الحقیقت سے کیا مراد ہے؟
جواب: "الحقیقت" وہ اصل صورت واقعہ ہے جو اس کائنات کے پیچھے کار فرما ہے یعنی ذات حق
سوال: الوارد سے کیا مراد ہے؟
جواب: امور الٰہی میں سے کسی امر کی حقیقت اور اس کے معنی کے دل میں گھس جانے کو "الوارد" کہتے ہیں یعنی وہ شے جو وارد ہو۔
سوال: "القدیم" سے کیا مراد ہے؟
جواب: وہ جو اتنا اور ایسا پہلے سے ہو کہ ہمیشہ موجود ہو جس کی ہستی سب ہستیوں سے پہلے موجود رہی ہو۔
سوال: "المحدث" سے کیا مراد ہے؟
جواب: وہ جو پہلے موجود نہیں تھا پھر وجود میں آیا۔
سوال: الازل اور الابد سے کیا مراد ہے؟
جواب: "الازل" وہ ہے جس کے لئے ابتداء ہے اور "الابد" وہ ہے جس کے لئے انتہا نہیں ہے۔
سوال: "الضدان" سے کیا مراد ہے؟
جواب: وہ دو چیزیں جن کا وجود ایک ساتھ ممکن بھی ہو اور جائز بھی جیسے عدل اور رحم۔
سوال: "السوال" سے کیا مراد ہے؟
جواب: حقیقت معلوم کرنے کی طلب کو "السوال" کہتے ہیں۔
سوال: "البلا" سے کیا مراد ہے؟
جواب: "بلا" ان مشقتوں، تکالیف اور دوسرے مختلف قسم کے عوارض کو کہتے ہیں جن کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کا امتحان فرماتا ہے۔
سوال: "تجلی" سے کیا مراد ہے؟
جواب: اس سے مراد کسی شخص کا حقیقت سے قطع نظر کر کے اپنے قول و عمل کو ظاہری طور پر کسی گروہ کے مشابہ بنانا ہے۔
سوال: "تجلی" سے کیا مراد ہے؟
جواب: اللہ تعالیٰ اپنے مقبول بندوں کے دلوں میں اپنے انوار کا جو اثر ڈالتا ہے اسے "تجلی" کہتے ہیں۔
سوال: "تجلی" سے کیا مراد ہے؟
جواب: اللہ سے بندے کے تعلق توڑنے یا اس سے دور کرنے والے مشغلوں کو ترک کرنا،

"تجلی" کہلاتا ہے۔

سوال: "اصطلام" سے کیا مراد ہے؟

جواب: "اصطلام" سے مراد بندے کی وہ حالت ہے جبکہ "اللہ تعالیٰ کی تجلیات اسے قہر اور سخت مشقت میں مبتلا کر دیتی ہے۔

سوال: تلبیس سے کیا مراد ہے؟

جواب: تلبیس سے مراد مخلوق خدا کو کوئی چیز اس کی اصل حقیقت کے خلاف دکھانے کو کہتے ہیں۔

سوال: "توبہ" سے متعلق ایک آیت درج کریں؟

جواب: وتوبوالی اللہ جمیعا (قرآن)

ترجمہ: تم سب کے سب اللہ کی طرف رجوع کرو۔

سوال: توبہ سے کیا مراد ہے؟

جواب: شریعت میں جو کچھ مذموم ہے اس سے لوٹ کر قابل تعریف شے کی طرف آنا توبہ کہلاتا ہے۔

سوال: تقویٰ سے متعلق ایک آیت درج کریں؟

جواب: ان اکرمکم عنداللہ اتقاکم۔

ترجمہ (بے شک اللہ کے نزدیک باعزت وہ ہے جو پرہیز گار ہے)

سوال: ورع کی دو قسمیں تحریر کریں؟

جواب: ورع کی دو قسمیں ہیں (۱) ظاہری ورع (۲) باطنی ورع

سوال: توکل سے متعلق ایک آیت درج کریں؟

جواب: ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ

سوال: ذکر کے متعلق ایک آیت درج کریں؟

جواب: یٰاَیُّھَاالَّذِین امنوا ذکروا اللہ ذکرا کثیرا۔

سوال: نفس ناطقہ کی اقسام درج کریں؟

جواب: (۱) نفس امارہ (۲) نفس لوامہ (۳) نفس مطمئنہ (۴) نفس ملہمہ

سوال: سلسلہ طیفوریہ کے بانی کون تھے؟

جواب: حضرت بایزید طیفور بسطامی تھے۔

سوال: "نو قادر" میں کون کون سے سلاسل شامل ہیں۔

جواب: نو خانوادے جو خواجہ حبیب عجمی سے چلے ان کو نو قادر کہتے ہیں اور وہ یہ ہیں۔

(۱) حبیبیہ (۲) کرخیہ (۳) سقطیہ (۴) طیفوریہ (۵) جنیدیہ (۶) گازرونیا (۷) طرطوسیہ (۸)

سہروردیہ (۹) فردوسیہ

سوال: "پنج چشتہ" کے نام لکھیے؟

جواب: (۱) زیدیہ (۲) عیاضیہ (۳) ادھمیہ (۴) ہبیریہ (۵) چشتیہ

سوال: سلسلہ نوریہ کے مقتدا کا نام لکھیے؟

جواب: سلسلہ نوریہ کے مقتدا شیخ ابوالحسن احمد بن محمد نوری بغوی ہیں۔

سوال: علی ہجویریؒ نے کون سے سلسلہ کو مردود قرار دیا ہے۔

جواب: انہوں نے "حلولیہ" فرقہ کو مردود قرار دیا ہے۔

سوال: سلسلہ چشتیہ کے مقتدائے اعلیٰ کا نام لکھیے؟

جواب: سلسلہ چشتیہ کے مقتدا شیخ ابولاسحاق شرف الدین شامی چشتی ہیں۔

سوال: حضور رسالت مآب محمد رسول اللہ ﷺ کا وصال ہجری تحریر کریں؟

جواب: ۱۰ ہجری

سوال: حضرت خواجہ ابی النصر حسن بصری کا سن وفات درج کریں؟

جواب: ۱۱۱ ہجری

سوال: حضرت خواجہ سلطان ابراہیم ادھم رحمتہ اللہ علیہ کا سن وفات ہجری درج کریں؟

جواب: ۱۸۰ ہجری

سوال: حضرت خواجہ سدیدالدین حذیفہ مرعشی کا سن وفات درج کریں؟

جواب: ۲۵۶ ہجری۔

سوال: حضرت خواجہ امین الدین ابی ہبیرہ بصری کا سن وفات درج کریں؟

جواب: ۲۷۹ ہجری۔

سوال: حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتی کا سن وفات لکھیے؟

جواب: ۵۲۷ ہجری۔

سوال: حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی کا سن وفات لکھیے؟

جواب: ۶۳۳ ہجری

سوال: حضرت خواجہ فریدالدین مسعود گنج شکر اجودھی کا سن وفات درج کریں؟

جواب: ۶۵۹ ہجری۔

سوال: حضرت خواجہ عبدالقدوس کا وفات ہجری درج کریں؟

جواب: ۹۴۱ ہجری۔

سوال: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا سن وفات درج کریں؟

جواب: ۱۳ ہجری

سوال: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کا سن وفات تحریر کریں؟
جواب: ۳۶ ہجری۔
سوال: حضرت قاسم بن محمد رحمتہ اللہ علیہ کا سن وفات درج کریں؟
جواب: ۱۰۱ ہجری۔
سوال: حضرت ابوالحسن خرقانی رحمتہ اللہ کا سن وفات لکھیے؟
جواب: ۴۴۸ ہجری۔
سوال: حضرت خواجہ احمد فاروقی مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ کا سن وفات لکھیے؟
جواب: ۱۰۳۴ ہجری
سوال: حضرت محمد معصوم سرہندی رحمتہ اللہ علیہ کا سن وفات تحریر کریں؟
جواب: ۱۰۷۳ ہجری
سوال: حضرت مرزا شمس الدین مظہر جانجاناں دہلوی رحمتہ اللہ علیہ کا سن وفات درج کریں؟
جواب: ۱۱۹۰ ہجری۔
سوال: حضرت شاہ غلام علی دہلوی رحمتہ اللہ علیہ کا سن وفات لکھیے؟
جواب: ۱۲۳۵ھ ہجری۔
سوال: سلسلہ نوشاہیہ کے بانی کا نام لکھیے؟
جواب: حضرت حاجی محمد نوشہ گنج بخش سے ملتا ہے۔
سوال: سلسلہ قادریہ کے مقتدا کا نام تحریر کریں؟
جواب: حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ۔
سوال: سلسلہ نقشبندیہ کے بانی کا نام لکھیے؟
جواب: شیخ بہاؤالدین نقشبندی بخاریؒ
سوال: سلسلہ قصاریہ کے بانی کا نام لکھیے؟
جواب: سلسلہ قصاریہ کے بانی ابو صالح حمدون بن احمد بن عمارہ قصاز ہیں۔
سوال: "سبحانی ما اعظم" کس صوفی نے کہا تھا؟
جواب: یہ کلمہ حضرت بایزید بسطامی نے غلبہ توحید میں کہا تھا۔
سوال: حضرت جنید بغدادی کس کے مرید تھے؟
جواب: حضرت جنید بغدادی اپنے خالو حقیقی حضرت ضیاء الدین سری سقطی کے مرید تھے۔
سوال: حضرت جنید بغدادی کے تصوف پر چار کتب کے نام لکھیے؟
جواب: (۱) عمدۃ السلوک (۲) دواء الارواح (۳) رسالہ فی السکر والافاقۃ (۴) القصد الی اللہ
سوال: حضرت سہل تستری سے کونسا سلسلہ فقر منسوب ہے۔

جواب: حضرت ابواحمد سہل تستری سے فرقہ سہیلہ منسوب ہے۔
سوال: فرقہ حکیمیہ کے مقتداء کا نام لکھئے؟
جواب: فرقہ حکیمیہ شیخ ابوعبداللہ بن علی الحکیم ترمذی سے منسوب ہے۔
سوال: فرقہ خرازیہ کے بانی کا نام لکھئے؟
جواب: شیخ ابوسعید احمد عیسیٰ خراز
سوال: فرقہ خفیفہ کے بانی کا نام تحریر کریں؟
جواب: شیخ ابوعبداللہ بن خفیف
سوال: فرقہ سیاریہ کے مقتدا کا نام لکھیں؟
جواب: فرقہ سیاریہ شیخ ابوالعباس قاسم بن مہدی سیاری سے منسوب ہے۔
سوال: حلول سے کیا مراد ہے؟
جواب: اللہ تعالیٰ کا کسی بندہ کی روح میں سرایت کر جانا "حلول" کہلاتا ہے۔
سوال: سلسلہ سہروردیہ کے مقتدا کا نام لکھئے؟
جواب: شیخ ضیاء الدین عبدالقاہر سہروردی
سوال: خواجہ نظام الدین اولیاء کے مرشد کا نام لکھئے؟
جواب: حضرت فریدالدین مسعود گنج شکر کے مرید تھے۔
سوال: سلسلہ چشتیہ کی تین خصوصیات درج کریں؟
جواب: (۱) شوق سماع (۲) غربت و افلاس (۳) جذب و مستی
سوال: برصغیر میں سلسلہ چشتیہ کے بانی کون تھے؟
جواب: برصغیر میں سلسلہ چشتیہ کے بانی ابوالفتح سرمست تھے۔
سوال: "گنج الاسرار" کس کی تصنیف ہے؟
جواب: حضرت حاجی محمد نوشہ گنج بخش کی
سوال: حضرت عبدالقادر جیلانی کے مرشد کا نام لکھئے؟
جواب: آپ نے قاضی ابوسعید مخرمی کے دست حق پر بیعت کی تھی۔
سوال: حضرت عبدالقادر جیلانی کی تصوف پر تین کتابوں کے نام لکھئے؟
جواب: (۱) فتوح الغیب (۲) الہامات غوثیہ (۳) قصیدہ روحیہ
سوال: "وحدت الوجود" سے کیا مراد ہے؟
جواب: جملہ کائنات کے وجود کو ایک وجود ماننا اور ماسوا کے وجود کو محض اعتباری سمجھنا عقیدہ "وحدت الوجود" کہلاتا ہے۔
سوال: "وحدت الشہود" کا عقیدہ بیان کریں؟

جواب : جو کچھ ہے سبھی اس سے ہے یعنی ہمہ اوست۔
سوال : کیا اسلام میں رہبانیت جائز ہے؟
جواب : اسلام میں رہبانیت ممنوع ہے جیسا کہ رسول اللہ نے فرمایا لا رھبانیۃ فی الاسلام
سوال : رہبانیت عیسائیت کی ایک بدعت ہے قرآنی آیت درج کریں؟
جواب : ورھبانیۃ نبتدعوھا ما کتبنا ھا علیھم الا ابتغاء رضوان اللّٰہ فما رعوھا حق رعایتھا
سوال : "کتاب التعرف" کے مصنف کا نام لکھئے؟
جواب : شیخ ابوبکر بن ابراہیم بخاری کی تصنیف ہے۔
سوال : "حلیۃ الاولیاء" اور "طبقات الاصفیا" کے مصنف کا نام لکھیں۔
جواب : یہ دونوں کتابیں ابو منصور معمر بن احمد بن زیاد کی تصنیف ہیں۔
سوال : امیر حسن سجزی کے مرتبہ مجموعہ ملفوظات کا نام لکھئے؟
جواب : فوائد الفواد
سوال : زاد المتقین اور "اخبار الاخیار" کے مصنف کا نام لکھئے؟
جواب : یہ دونوں کتابیں شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی تصنیف ہیں۔
سوال : "الطاف قدس فی معرفۃ الطاف نفس" کے مصنف کا نام لکھئے؟
جواب : شاہ ولی اللہ دہلوی۔
سوال : کتاب اللمع کے مصنف کا نام لکھئے؟
جواب : شیخ ابو النصر سراج کی ہے۔
سوال : کتاب اللمع کا پورا نام لکھئے؟
جواب : اس کتاب کا پورا نام "کتاب اللمع فی التصوف" ہے۔
سوال : "فتوح الغیب" کے مصنف کا پورا نام لکھئے؟
جواب : ابو محمد محی الدین عبدالقادر جیلانی ہے۔
سوال : "مفتاح الغیب" کس کتاب کی شرح ہے۔
جواب : "مفتاح الغیب" شیخ عبدالقادر جیلانی کی کتاب "مفتاح الغیب" کی شرح ہے؟
سوال : "حقیقۃ الفقران لا تفتقر الی من ھو مثلک" کس کا قول ہے؟
جواب : یہ شیخ عبدالقادر جیلانی کا قول ہے۔
سوال : حضرت عبدالقادر جیلانی کے مطابق تصوف کن آٹھ خصلتوں پر مبنی ہے؟
جواب : حضرت عبدالقادر جیلانی کے نزدیک تصوف مندرجہ ذیل آٹھ خصلتوں پر مبنی ہے۔
(۱) سخاوت ابراہیمؑ پر (۲) رضا اسحاقؑ پر (۳) صبر ایوبؑ پر (۴) مناجات زکریاؑ پر (۵) غربت یحییٰؑ

پر (۶) خرقہ پوشی موسیٰؑ پر (۷) تجرد عیسیٰؑ پر (۸) فقر آنحضور ﷺ پر

سوال: شیخ شہاب الدین سہروردی کی تصانیف تصوف کے نام لکھئے؟

جواب: (۱) عوارف المعارف (۲) جذب القلوب الی مواصلۃ المحبوب۔

سوال: "عوارف المعارف" کا سن تصنیف درج کریں؟

جواب: "عوارف المعارف" ۵۹۰ ھ میں لکھی گئی۔

سوال: "اسلام میں "خانقاہ" کے بانی کا نام لکھئے؟

جواب: دنیائے تصوف میں "خانقاہ" تیسری صدی ہجری میں وجود میں آچکی تھی اور شیخ ابوالہاشم نے رملہ میں "خانقاہ" بنائی تھی پھر شہاب الدین سہروردی نے خانقاہ کے لئے ایک باقاعدہ نظام قائم کیا اور اس کے آداب متعین کئے۔

سوال: "فتوح" سے کیا مراد ہے؟

جواب: فتوح سے مراد ہے نذرانہ وغیرہ جو مشائخ کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔

سوال: اربعین سے کیا مراد ہے؟

جواب: چالیس دن تک خلوت میں رہ کر کوئی وردیا وظیفہ کرنے کو اربعین کہتے ہیں۔

سوال: "ملفوظات" سے کیا مراد ہے؟

جواب: بزرگوں کے اقوال کو "ملفوظات" کہتے ہیں۔

سوال: "فوائد الفواد" کس زبان میں لکھی گئی؟

جواب: فارسی زبان میں۔

سوال: فوائدالفواد کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟

جواب: فوالدالفواد پانچ حصوں پر مشتمل ہے۔

سوال: "سالک" اور "واقف" سے کیا مراد ہے؟

جواب: "سالک" وہ ہوتا ہے جو سیدھا راستا چلتا ہے اور واقف وہ ہوتا ہے جس کو وقفہ پڑ جائے۔

سوال: مکتوبات امام ربانی کتنی جلدوں پر مشتمل ہے

جواب: تین جلدوں پر۔

سوال: "مکتوبات امام ربانی" کس زبان میں لکھی گئی؟

جواب: یہ کتاب فارسی زبان میں لکھی گئی تھی۔

سوال: جہاد نفس پر ایک حدیث درج کریں؟

جواب: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔

مجاہد وہ ہے جو اپنے نفس سے جہاد کرے۔

سوال: "وجد" سے کیا مراد ہے؟

جواب: "وجد" ایک روحانی جذبہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بطن انسانی پر وارد ہو' خواہ اس کا نتیجہ فرحت ہو یا حزن

سوال: محو سے کیا مراد ہے؟

جواب: نفس کے اوصاف کو دور کر دینا "محو" ہے

سوال: اسلام کی تکمیل کس کے ذریعے کی گئی ہے؟

جواب: مذہب اسلام کی تکمیل حضرت محمد ﷺ کے ہاتھوں انجام پائی۔

سوال: آنحضور ﷺ کی بعثت کا سبب کیا تھا؟

جواب: آنحضور ﷺ کی بعثت کا مقصد اخلاق حسنہ کی تکمیل تھا۔

سوال: اخلاق حسنہ کی منزل کونسی ہے؟

جواب: تزکیہ نفس ہی اخلاق حسنہ کی منزل ہے۔

سوال: تزکیہ نفس کرنے والوں کی بابت قرآن پاک کیا فرماتا ہے؟

جواب: تزکیہ نفس کرنے والوں کے متعلق سورۃ الشمس میں فرمان خداوندی ہے

ترجمہ: "قسم ہے نفس کی اور جب اسے برابر کیا۔ پھر اس میں اس کی بدی اور نیکی الہام کردی بے شک جس نے اسے پاکیزہ اور صاف ستھرا کیا۔ وہ کامیاب رہا۔ اور جس نے اسے آلودہ کر لیا وہ ناکارہ نامراد رہا۔

سوال: حضور ﷺ کی نسبت کیا ارشاد فرمایا گیا؟

جواب: حضور نبی کریم ﷺ کو فرمایا گیا۔

ترجمہ: اور آپ ﷺ یقیناً اخلاق کے بلند ترین مرتبہ پر فائز ہیں" یعنی آپؐ یقیناً خلق کے حامل ہیں۔

سوال: افلاطون نے انسانی فضائل کی بنیاد کن باتوں پر رکھی تھی؟

جواب: افلاطون نے انسانی فضائل کی بنیاد چار باتوں پر رکھی تھی (۱) حکمت (۲) شجاعت (۳) عفت (۴) عدل۔

سوال: یونانیوں نے مقصد کے حصول کا ذریعہ کس شے کو بنایا ہے؟

جواب: "خیروبرتر" کو یونانی ایک شاندار مقصد کہتے ہیں جس کی تلاش میں انسان سرگرداں رہتا ہے۔

سوال: یونانیوں کے فلسفہ اخلاق کی رو سے عمل خیر کی بنیاد کیا ہے؟

جواب: یونانیوں کے فلسفہ اخلاق کی رو سے عمل خیر کی بنیاد حکمت و معرفت ہے۔

سوال: یونانیوں کے نزدیک معاشرتی بہبود کس کے تابع ہوتی ہے؟

جواب: یونانیوں کے نزدیک معاشرتی بہبود سٹیٹ یعنی ریاست کے تابع ہوتی ہے۔

سوال: یونانیوں کے نزدیک عقل کس سے کیا تقاضا کرتی ہے؟
جواب: یونانیوں کے نزدیک عقل ہمیشہ خیر کا تقاضا کرتی ہے۔
سوال: اسلامی فلسفہ حیات کی بنیاد کس پر ہے؟
جواب: اسلامی فلسفہ حیات کی بنیاد علم الٰہی پر ہے۔ جو انسانی کاوشوں سے کہیں بلند و بالا ہے۔
سوال: جرمنی کے دانشور "کانٹ" کے نزدیک اخلاقیات میں اہمیت کس چیز کو حاصل ہے؟
جواب: جرمن فلاسفر کانٹ کے نزدیک اہم چیز یہ ہے کہ ہم نیت اور ارادہ کے ساتھ اخلاقی قوانین کا احترام کرتے ہیں یا نہیں۔ اگر ہمارے ارادۂ فعل سراور حسن نیت پر ہے۔ تو یہ خیر ہے ورنہ شر ہو گا۔
سوال: نظریہ لذتیت کسے کہتے ہیں؟
جواب: مغربی مفکرین کے ایک گروہ کے نزدیک انسانی زندگی مسرت و شادمانی کے حصول سے تعبیر ہے۔ پس جو عمل مسرت و شادمانی کی راہ میں رکاوٹ ہو وہ "شر" ہے اور جو اس کے حصول میں ممد و معاون ہے وہ خیر ہے اسی کا نام نظریہ لذتیت ہے۔
سوال: اسلام میں اخلاق حسنہ کا مقابلہ کس کس عبادت سے کیا گیا ہے؟
جواب: اخلاق حسنہ کو کبھی کبھی ایسا درجہ بھی حاصل ہوتا ہے۔ جو دن بھر روزے رکھنے اور رات بھر عبادت کرنے میں حاصل ہوتا ہے۔
سوال: اسلام میں انسانوں میں فرق ظاہر کرنے کا معیار کیا ہے؟
جواب: اسلام میں اخلاق ہی ایسا معیار ہے۔ جس سے باہم انسانوں میں درجہ اور رتبہ کا فرق نمایاں ہوتا ہے۔
سوال: احادیث نبوی ﷺ میں سب سے اچھے انسان کی نشانی کیا بیان کی گئی ہے؟
جواب: حدیث شریف میں ارشاد نبوی ﷺ ہے کہ اللہ کے بندوں میں اللہ کا سب سے پیارا بندہ وہ ہے جس کے اخلاق سب سے اچھے ہیں"
سوال: انسان کی کامیابی کا دارومدار کس بات پر ہے؟ قرآن کے حوالے سے بیان کریں؟
جواب: سورۃ المؤمنون میں ارشاد ہوا ہے کہ "بلاشبہ وہ ایمان والے کامیاب ہوئے جو اپنی نماز میں خشوع و خضوع کرتے ہیں۔ اور جو نکمی بات پر دھیان نہیں دھرتے اور جو زکوۃ دیا کرتے ہیں جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے اور جو اپنی امانتوں اور اپنے وعدوں کا لحاظ رکھتے ہیں اور اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں۔
سوال: تورات میں اخلاقی احکام کون سے بیان کیے گئے ہیں؟
جواب: تورات میں اخلاقی احکام یہ بیان کئے گئے تھے "تو اپنے ماں باپ کو عزت دے۔ تو خون مت کر۔

تو زنا مت کر تو چوری مت کر۔ تو اپنے پڑوسی پر جھوٹی تہمت مت دے۔ تو اپنے پڑوسی کی جورو، اس کے غلام اور اس کی لونڈی اور اس کے بیل اور اس کے گدھے اور اس کی کسی چیز پر جو تیرے پڑوسی کی ہے لالچ مت کر۔

سوال: انجیل میں کیا کیا اخلاق بیان کئے گئے تھے؟

جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے تورات، زبور کے تمام بکھرے ہوئے اخلاقی قوانین کو یکجا کر کے اپنے ایک وعظ میں یوں بیان کیا ہے کہ "دل کی غریبی، غمگینی حلم و بردباری، راست بازی۔ رحمدلی، پاک دلی، صلح جوئی، صبر عفو ودرگزر پاکدامنی قسم کھانے کی ممانعت، ظالم کامقابلہ نہ کرنا۔ قرض معاف کرنا، دشمنوں کو پیار کرنا، ریا کی ممانعت، توکل، عیب نہ لگانا۔ جو کچھ تم جانتے ہو کہ لوگ تمہارے ساتھ کریں ایسا تم بھی ان کے ساتھ کرو۔

سوال: ہماری امداد کے پہلے مستحق کون لوگ ہیں؟

جواب: ہماری امداد کے مستحق سب سے پہلے وہ لوگ ہیں "جن کی کفالت ہم پر ہے۔ اہل و عیال دست نگر، عزیز و اقارب اس کے بعد دیگر محتاج مسکین یتیم اور مسافر ہیں۔

سوال: جب کسی سے نیکی کی جائے تو کیا کرنا چاہئے؟

جواب: کسی کے ساتھ نیکی کر کے اس کو یاد مت دلاؤ نہ احسان اس کو جتاؤ نہ اس سے اس کے شکریہ کے طالب ہو، نہ نمائش مقصود ہو کیونکہ ان باتوں سے نیکی برباد ہو جاتی ہے۔

سوال: اچھی بات کرنا اور معاف کرنا کس بات سے بہتر قرار دیا ہے؟

جواب: اچھی بات کرنا اس خیرات سے بہتر ہے۔ جس کے پیچھے احسان جتا کر دینے والے کے دل کو صدمہ پہنچایا جائے۔

سوال: راہ خدا میں خرچ کرنے والے کے متعلق قرآن مجید کیا کہتا ہے؟

جواب: قرآن پاک میں ارشاد ہوتا ہے۔ سورۃ بقرہ (ترجمہ) جو لوگ اپنا مال رات اور دن چھپے اور کھلے اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں۔ تو ان کا ثواب ان کے رب کے پاس ہے۔ نہ ان کو خوف ہو گا اور نہ غم۔

سوال: کیا صدقہ و خیرات کرنے والے کو بھی بدلہ ملتا ہے؟

جواب: جی ہاں۔ صدقہ و خیرات کرنے والے کو بھی پورا پورا بدلہ ملے گا۔ قرآن پاک میں ارشاد خداوندی ہے۔ "اور تم تو خرچ نہیں کرتے۔ مگر اللہ تعالیٰ کی ذات کو چاہ کر اور جو خیرات کرو گے۔ وہ تم کو پوری ملے گی تمہارا حق کچھ دبا نہ رہے گا۔"

س: اسلام نے نشہ آور اشیاء کے متعلق کیا حکم دیا ہے؟

ج: احادیث میں ارشاد نبوی ہے۔ "ہر پینے کی چیز جو نشہ لائے وہ حرام ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے۔ "ہر نشہ آور چیز شراب ہے اور ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔"

سوال: شراب کن کن چیزوں سے بنائی جاسکتی ہے؟

جواب: ارشادِ نبویؐ ہے کہ "انگور سے شراب بنتی ہے، کھجور سے بھی شہد سے بھی گیہوں سے بھی اور جو سے بھی" ایک دوسری حدیث میں فرمانِ مصطفویؐ ہے "جو چیز زیادہ مقدار میں نشہ لائے۔ اس کی تھوڑی مقدار بھی حرام ہے۔"

سوال: کیا شراب کی ممانعت دائمی ہے؟

جواب: جی ہاں۔ شراب کا کسی بھی حالت میں استعمال کرنا حرام ہے۔ چاہے بطور دوا ہو یا سرکہ بنایا جائے۔

سوال: سود کے بارے میں اسلام کیا حکم دیتا ہے؟

جواب: تورات اور انجیل میں بھی سود لینے اور ناروا نفع سے لوگوں کو روکا ہے۔ لیکن اسلام نے تو ربا یعنی سود کو حرام قرار دیا ہے۔ جو لوگ بھی اس حرام میں شریک ہوں ان پر سب کو شریک جرم ٹھہرایا۔

سوال: اسلام میں رشوت کیلئے کیا حکم ہے؟

جواب: اسلام میں حکم آیا ہے کہ کسی سے ناجائز طریقے سے مال حاصل کرنا گناہ کا کام ہے۔ حدیث میں ارشادِ نبویؐ ہے کہ "رشوت دینے والے، رشوت لینے والے دونوں پر لعنت ہو"

سوال: اسلام نے بڑوں کے ساتھ کیسے سلوک کا حکم دیا ہے؟

جواب: اسلامی تعلیمات میں معاندانہ طرزِ عمل رکھنے والوں اور دشمنوں کے ساتھ حسن سلوک، عدل، انصاف اور نیکی کرنے کا حکم دیا ہے۔

سوال: کیا برائی اور بھلائی برابر ہو سکتی ہے؟

جواب: نہیں سورۃ حم السجدہ میں ارشاد خداوندی ہے کہ "بھلائی اور برائی برابر نہیں۔ برائی کو بھلائی سے دفع کرو۔"

سوال: دشمنوں سے نیکی کرنے اور حسن سلوک کرنے کی کیوں تاکید کی گئی ہے؟

جواب: دشمنوں سے نیکی کرنے اور حسن سلوک اور نیکی کی تاکید اس لئے کی گئی ہے کہ وہ تمہارے نیک طرزِ عمل کی وجہ سے تمہارے دوست بن جائیں گے۔

سوال: جب منافق مسلمانوں میں پھوٹ ڈالنے کی کوشش کریں تو ان کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے؟

جواب: ایسے مواقع پر سختی کرنے کا حکم ہے۔ جیسے سورۃ تحریم میں وارد ہوا ہے کہ "اے پیغمبر! ان کافروں اور منافقوں سے جہاد کرو اور ان پر سختی کرو، اور ان کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ اور وہ بازگشت کی کتنی بری جگہ ہے۔

کافروں اور مشرکوں سے کب کنارہ کشی کرلینی چاہیے؟

جواب: سورۃ النساء میں ہے کہ "وہ چاہتے ہیں کہ تم بھی کفر کرو۔ جس طرح انہوں نے کفر کیا تو ان میں سے اپنے دوست نہ بناؤ یہاں تک وہ خدا کی راہ میں ہجرت اختیار کریں۔

سوال: کافروں اور مشرکین سے کنارہ کشی کرنے کا مقصد کیا ہے؟

جواب: یہ احکام اس لئے ہیں تاکہ بری صحبت کا برا اثر مسلمانوں پر نہ پڑے۔

سوال: اخلاق کے فضائل اور رذائل کے کتنے درجے ہیں؟

جواب: اخلاق کے فضائل و رذائل کے تین درجے ہیں۔

پہلا درجہ۔ فرزند۔ دوسرا درجہ صاحب۔ تیسرا درجہ رب اور سید۔

سوال: نماز کے فوائد کیا ہیں؟

جواب: نماز فواحش اور سرکشی سے روکتی ہے۔

سوال: حدیث کے حوالے سے امام غزالی نماز کے سلسلہ میں کیا کہتے ہیں؟

جواب: بحوالہ حدیث امام غزالی کہتے ہیں۔ "جس کی نماز اس کو برائی اور بدی سے نہ روکے تو ایسی نماز اسے خدا سے زیادہ دور کر دیتی ہے۔

سوال: جس ایمان سے حسن نیت پیدا ہوتا ہے کیا کہلاتا ہے؟

جواب: وہ ایمان صحیح جس سے حسن نیت پیدا ہوتا ہے۔ آب حیات کا وہ سرچشمہ ہے۔ جو نہ ہو تو ہمارے اعمال سراب سے زیادہ بے حقیقت ہیں۔

سوال: ایمان کی مشعل ہماری زندگی میں کیا انقلاب پیدا کرتی ہے؟

جواب: یہی وہ مشعل ہے۔ جو ہماری تیرہ تاز زندگی کی روشنی ہے، یہ نہ ہو تو ہم کو ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا نظر آئے اور اپنے کسی کام کی غائیت معلوم نہ ہو۔

سوال: رضائے الٰہی کے متلاشیوں کے حق میں اللہ پاک کیا فرماتے ہیں؟

جواب: رضائے الٰہی کے طلبگاروں کے سلسلہ میں قرآن پاک میں ارشاد خداوندی ہے۔

"یعنی وہ (صحابہ) اللہ کی رضا پر راضی ہو گئے اور اللہ ان سے راضی ہو گیا۔"

سوال: اخلاق حسنہ کس طرح کے اخلاق کو کہا جاتا ہے؟

جواب: ایسے اخلاق جن کی تہ میں اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کا جذبہ کار فرما ہو۔ اخلاق حسنہ کہلاتے ہیں۔

سوال: بدھ مت کی تعلیم کا اصل اصول کیا ہے؟

جواب: بدھ مت کی تعلیم کا اصل اصول ترکِ خواہشات یعنی انسان ہر خواہش سے پاک ہو جائے۔

سوال: اسلام کی تعلیم کا اصل اصول کیا ہے؟

جواب: اسلام میں رسول مقبول ﷺ کی تعلیم یہ ہے کہ "انسان ہر بری خواہش سے پاک ہو جائے۔

سوال: انسان کو اللہ کی راہ سے کیا شے ہٹا دیتی ہے؟
جواب: سورۃ النساء کے دوسرے رکوع میں ارشاد کیا گیا کہ "عدل میں نفسانی خواہش کی پیری نہ کرو۔"

سوال: خدا کی محبت کے حقدار کون لوگ ہوتے ہیں؟
جواب: جن کاموں سے خدا کی محبت حاصل ہوتی ہے۔ حُسنِ خلق بھی ان میں شامل ہے۔ اسی لئے تو سورۃ آل عمران میں آیا ہے۔
"اور خدا ایمان والوں کا دوست ہے۔" سورۃ البقرہ میں ہے۔
"خدا اچھے کام کرنے والوں کو پیار کرتا ہے"

سوال: وہ کونسی صفات ہیں۔ جو محبت الٰہی کے فیضان سے آدمی کو دور کرتی ہیں؟
جواب: خدا کافروں کو پیار نہیں کرتا' خدا حد سے بڑھنے والوں کو پیار نہیں کرتا' خدا اترانے والے اور شیخی بگھارنے والے کو پیار نہیں کرتا' خدا اس کو پیار نہیں کرتا جو خیانت کا گنہگار ہو۔ خدا کسی خیانت کار' ناشکرے کو پیار نہیں کرتا۔

سوال: والدین کے حقوق کیا ہیں؟
جواب: اسلام نے جس قدر والدین کے حقوق پر زور دیا ہے۔ اتنا کسی اور کے حقوق پر زور نہیں دیا۔ تورات میں اس طرح ہے۔
"تو اپنے ماں باپ کو عزت دے تاکہ تیری عمر اس زمین پر جو خداوند کریم تجھے دیتا ہے۔ دراز ہو۔"

سوال: والدین کیلئے بخشش کی دعا بھی نیکی شمار ہوتی ہے یا نہیں؟
جواب: والدین کیلئے بخشش طلب کرنا بھی حسن سلوک اور نیکی ہے۔ کیونکہ قرآن مجید میں سورۃ ابراہیم میں فرمان خداوندی ہے "اے میرے پروردگار مجھے اور میرے ماں باپ کو بخش دے"
حضرت نوح علیہ السلام نے بھی یہی دعا کی۔ سورۃ نوح میں فرمان خداوندی ہے
"میرے پروردگار مجھے اور میرے ماں باپ کو بخش دے۔"

سوال: احادیث میں حسن معاشرت کا حقدار کس کو ٹھہرایا گیا ہے؟
جواب: حدیث میں جناب نبی اکرم ﷺ نے حسن معاشرت کا سب سے زیادہ حقدار تین بار والدہ کو ٹھہرایا اور چوتھی بار باپ کو۔

سوال: حضور اکرم ﷺ نے اپنے جانثار صحابہ کے جھرمٹ میں کیا فرمایا۔
جواب: آپ نے اپنے جاں نثاروں کے جھرمٹ میں فرمایا "وہ خوار ہوا۔ وہ خوار ہوا وہ خوار ہوا" تو صحابہ نے عرض کی۔ "آقا کون خوار ہوا؟" فرمایا "وہ خوار ہوا جس نے اپنے ماں باپ

دونوں یا ان میں سے کسی ایک کو بڑھاپے میں پایا اور پھر ان کی خدمت کر کے جنت حاصل نہ کی۔"

سوال: زمانہ جاہلیت میں عرب اپنی لڑکیوں سے کیا سلوک کرتے تھے؟

جواب: زمانہ رسالت سے پہلے عرب میں لڑکیوں کو زندہ گاڑ دیا جاتا تھا۔

سوال: عرب میں حضور ﷺ کی بعثت سے پہلے لوگ کیسی منت مانتے تھے؟

جواب: حضور ﷺ کی بعثت سے پہلے لوگ منت مانتے تھے۔ اگر ان کا فلاں کام ہو گیا تو وہ اپنے بچے کی قربانی کریں گے۔

سوال: قرآن پاک نے بچوں کی قربانی کے باطل عقیدے کی ممانعت کس انداز میں فرمائی ہے؟

جواب: سورہ انعام میں حکم آیا ہے "گھاٹے میں ہیں وہ جنہوں نے اپنی اولاد کو نادانی سے بے جا قتل کیا۔

سوال: عرب کے لوگ کس خوف سے اولاد کو ذبح کر دیتے تھے؟

جواب: عرب اس ہولناک گناہ کا ارتکاب فقروفاقہ کی وجہ سے کرتے تھے۔

سوال: بچوں کے رزق روزی سے متعلق ارشاد نبوی کیا ہے؟

جواب: نبوت محمدی نے ان عربوں کو یہ بتایا کہ "ہر بچہ اپنا رزق اور اپنی قسمت ساتھ لے کر آتا ہے۔"

سوال: جب ایک صحابی نے دریافت کیا۔ کہ "یا رسول اللہ سب سے بڑا گناہ کیا ہے" تو آپؐ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب: آپؐ نے ارشاد فرمایا: "شرک" دوسری بار فرمایا: "والدین کی نافرمانی" تیسری بار پوچھنے پر ارشاد فرمایا "تم اپنی اولاد کو اس ڈر سے مار ڈالو کہ وہ تمہارے ساتھ کھائے گی۔

سوال: جب کسی عرب کو لڑکی پیدا ہونے کی خوشخبری دی جاتی۔ تو قرآن مجید اس کے تاثرات کے متعلق کیا ارشاد فرماتا ہے؟

جواب: قرآن پاک کی سورۃ نحل میں ہے کہ "جب ان میں سے کسی لڑکی کی خوشخبری دی جاتی تو اس کا منہ سیاہ پڑ جاتا اور وہ غصہ کے گھونٹ پی کر رہ جاتا۔ اس خوشخبری کے رنج سے وہ لوگوں سے چھپتا پھرتا کہ آیا وہ ذلت اٹھا کر اس کو اپنے پاس رہنے دے یا اس کو مٹی میں چھپا دے (دفن کر دے)"

سوال: اپنے اہل و عیال کی تعلیم و تربیت کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب: اپنی اولاد اور اپنے اہل خاندان کی تربیت کرنا باعث سعادت ہے۔ اس سے ان کی ظاہری اور جسمانی نشوونما کی باطنی اور روحانی تربیت کا پتہ چلتا ہے۔ قرآن پاک میں ہے کہ "اے ایمان والو۔ تم اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو آگ سے بچاؤ۔"

سوال: ایک اچھے باپ کا فرض کیا ہے؟
جواب: اچھے باپ کا فرض ہے کہ وہ اولاد کو ہر طرح صالح اور کار آمد بنانے کی تربیت اور دعا بھی مانگے۔
سوال: نکاح نہ کرنے والوں کے بارے میں نبی مکرمؐ کا کیا فرمان ہے؟
جواب: فرمان مصطفویؐ ہے کہ "میں عورتوں سے نکاح کرتا ہوں۔ تو جس نے میرے طریقہ سے روگردانی کی تو وہ مجھ سے نہیں۔"
سوال: اگر میاں بیوی میں مناقشہ پیش آجائے تو قرآن کا کیا حکم ہے؟
جواب: سورۃ النساء میں ہے۔ "اصلاح کرو اور تقویٰ کرو" ایک اور جگہ فرمایا "میاں بیوی دونوں اللہ کی حدوں کو قائم رکھیں گے۔
سوال: اسلام سے پہلے بیویوں کی کیا حیثیت ہوتی تھی؟
جواب: زمانہ جاہلیت میں بیویوں کی کوئی قدر و منزلت نہ ہوتی تھی۔ اکثر معمولی باتوں پر انھیں مارا پیٹا جاتا تھا۔ حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ "ہم لوگ اسلام سے پہلے عورتوں کو کس شمار و قطار میں نہیں سمجھتے تھے۔
سوال: کس قماش کی عورت پر سختی کرنے کی اجازت ہے؟
جواب: قرآن مجید نے مرد کو بعض حالتوں میں عورت پر سختی کرنے کا اختیار دیا ہے۔ سورۃ نساء میں ہے کہ "اور جن بیویوں کے نشوز (نافرمانی) کا تم کو ڈر ہو تو ان کو سمجھاؤ اور خواب گاہ میں ان سے علیحدگی برتو۔ ان کو مارو۔ تو اگر وہ تمہارا کہنا مان لیں تو پھر ان پر راہ مت تلاش کرو۔"
سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑوسی کی بیوی کا احترام کرنے سے متعلق کیا فرمایا؟
جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: "زنا حرام ہے۔ خدا اور رسول نے اس کو حرام کیا ہے۔ لیکن دس بدکاروں سے بڑھ کر بدکاری یہ ہے کہ کوئی اپنے پڑوسی کی بیوی سے منہ کالا کرے۔
سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑوسی کے حقوق کے متعلق کیا ارشاد فرمایا؟
جواب: حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ "جبریلؑ نے ہمسایہ کے ساتھ سلوک کی اس قدر تاکید کی کہ مجھے یوں لگا جیسے وہ پڑوس کو پڑوسی کے ترکہ سے حقدار بنا دیں گے۔"
سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یتیموں سے فیاضی کی تلقین کے سلسلہ میں کیا فرمایا؟
جواب: آپؐ فرماتے ہیں کہ "انسانی زندگی کی گھاٹی کو پار کرنا اصل کامیابی ہے۔ اس گھاٹی کو تم کیونکہ پار کر سکتے ہو۔ ظلم و ستم کے گرفتاروں کی گردنوں کو چھڑا کر بھوکوں کو کھلا کر اور یتیموں کی خدمت کر کے۔"
سوال: بیوہ ہو جانے والی مسلمان عورت کے متعلق اسلامی اخلاق کیا درس دیتا ہے؟

جواب : اسلامی اخلاق کی یہ خوبی ہے کہ وہ بیوہ سے نکاح کرنے کا سبق دیتا ہے۔

سوال : ہندو مذہب میں بیوہ کے ساتھ کیا سلوک کیا جاتا تھا؟

جواب : ہندو مذہب میں بیوہ کو زندہ جلا دیا جاتا تھا۔ اسے "ستی" ہونا کہا جاتا تھا۔

سوال : اخلاق کی اہمیت میں تین احادیث درج کریں؟

جواب : "رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں تو اسی لئے بھیجا گیا ہوں کہ اخلاق حسنہ کی تکمیل کروں" (مسند احمد۔ بیہقی)۔

(۲) "میں حسن اخلاق کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا ہوں"۔ (موطا امام مالک)

(۳) "مسلمانوں میں کامل ایمان اس کا ہے جس کا اخلاق سب سے اچھا ہے"۔ (ترمذی)

سوال : افلاطون نے انسانی فضائل کی بنیاد کن باتوں پر رکھی ہے؟

جواب : چار باتوں پر رکھی ہے۔

(۱) حکمت (۲) شجاعت (۳) عفت (۴) عدل

سوال : عیسائیت اور اخلاق سے کیا مراد ہے؟

جواب : "تیسری صدی عیسوی میں عیسائیت کو فروغ ملا تو انہوں نے اخلاق کو مذہب سے منسلک قرار دے کر اس کا سلسلہ تورات اور انجیل کے بیان کردہ اخلاق اصولوں سے جوڑ دیا اور اخلاقیات کا معیار یہ ٹھہرا کہ جو اعتقاد عمل اللہ کی خوشنودی کا باعث ہو وہ اخلاق حسنہ ہے اور جو اس کی ناراضی اور غضب کو دعوت دے وہ اخلاق رذیلہ ہے۔ یہی معیار خیر و شر قرار دیا"۔

سوال : وہ حدیث درج کریں جس میں نفلی نماز روزہ اور اخلاق حسنہ برابر ہیں؟

جواب : ترجمہ "(قیامت کی) ترازو میں حسن خلق سے زیادہ بھاری کوئی چیز نہ ہوگی کہ حسن اخلاق والا اپنے حسن خلق سے ہمیشہ کے روزہ دار اور نمازی کا درجہ حاصل کر سکتا ہے"۔ (بخاری کتاب الادب)۔

سوال : سورۃ مؤمنون میں کس طرح سے عبادات کے ساتھ ساتھ اخلاق کو بھی اہل ایمان کی ان ضروری صفات میں گنایا گیا ہے جن پر ان کی کامیابی کا مدار ہے؟

جواب : سورۃ مؤمنون میں فرمایا ہے۔

ترجمہ۔ "بے شک وہ ایمان والے کامیاب ہوئے جو اپنی نماز میں خشوع و خضوع کرتے ہیں اور جو نکمی بات پر دھیان نہیں کرتے اور جو زکوۃ دیا کرتے ہیں اور جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں اور جو اپنی امانتوں اور اپنے وعدوں کا لحاظ رکھتے ہیں اور جو اپنی نمازوں کی پابندی کرتے ہیں"۔

سوال : حسن عہد سے متعلق ایک حدیث تحریر کریں؟

جواب : رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔

حسن العھد من الایمان

(حسن عہد ایمان میں سے ہے)

سوال : رذائل سے کیا مراد ہے؟

جواب : "رذائل" رذالت کی جمع ہے بری خصلتوں کو "رذائل" کہتے ہیں۔

سوال : کون کون سے اخلاق رذائل میں شامل ہیں؟
جواب : (ا) جھوٹ (۲) جھوٹی قسم کھانا (۳) خیانت (۴) دغا بازی ۵) بہتان (٦) چغل خوری (۷) غیبت (۸) بدگمانی (۹) قتل (۱۰) کینہ (۱۱) حسد (۱۲) خوشامد (۱۳) فخر و غرور (۱۴) چوری (۱۵) سود خوری (۱٦) شراب خوری (۱۷) زنا (۱۸) حب جاہ (۱۹) حب مال (۲۰) ظلم (۲۱) فحاشی (۲۲) رشوت (۲۳) اسراف (۲۴) غلول (۲۵) ریا (۲٦) خود بینی و خودنمائی (۲۷) غیض و غضب (۲۸) دو رخا پن (۲۹) حرص و طمع۔

سوال : اسباب غضب میں سے پانچ اسباب درج کریں؟
جواب : (ا) عجب (۲) افتخار (۳) جدال (۴) استہزا (۵) تکبر۔

سوال : مدینہ کی کتنی اقسام ہیں؟
جواب : "مدینہ" کی دو قسمیں ہیں۔
(ا) مدینہ فاضلہ
(۲) مدینہ غیر فاضلہ

سوال : سیاست ملک کی کتنی قسمیں ہیں؟
جواب : سیاست ملک کی دو قسمیں ہیں۔۔
۱۔ سیاست فاضلہ
۲۔ سیاست ناقصہ

سوال : ابن مسکویہ کا انسان کے متعلق کیا نظریہ ہے؟
جواب : ابن مسکویہ کا نظریہ ہے کہ۔
انسان در حقیقت دو فضیلتوں کا مجموعہ ہے۔
۱۔ روحانی فضیلت
۲۔ جسمانی فضیلت

سوال : روحانی فضیلت اور جسمانی فضیلت کا تعلق کس قسم کے اوصاف سے ہے؟
جواب : روحانی فضیلت اس کا نام ہے جو پاک روحوں یعنی عالم روحانیات کے اوصاف کے ساتھ مناسبت و تعلق رکھتی ہے اور جسمانی فضیلت کا تعلق حیوانی اوصاف سے ہے۔

سوال : عالم سفلی اور عالم علوی سے ہماری کیا مراد ہے؟
جواب : عالم سفلی سے ہماری مراد عالم اسباب کا اعلیٰ مقام یا ادنیٰ مقام نہیں ہے کہ عالم محسوسات کا خواہ کتنا ہی بلند مقام کیوں نہ ہو ہمارے مقصد کے اعتبار سے وہ سفلی ہے اور عالم مجرد و معقول کا ہر درجہ عالم علوی ہے۔

سوال : ابن مسکویہ کے نزدیک "سعادت کے آخری اور انتہائی درجہ کا کیا نام ہے تحریر کریں؟
جواب : "مثل اعلیٰ" ہے۔

سوال : مثل اعلیٰ کی کتنی قسمیں ہیں تحریر کریں؟
جواب : مثل اعلیٰ کی دو قسمیں ہیں ایک وہ جس کو ہر ایک انسان اپنی زندگی کی غایت بتاتا ہے اور دوسری وہ جو حقیقت میں تمام غایتوں کی غایت اور انسانی حیات کی منتہائے مقصد ہے۔
سوال : مثل اعلیٰ کی تکوین و تخلیق کے اہم عوامل تحریر کریں؟
جواب : مثل اعلیٰ کی تکوین و تخلیق کے بہت اہم عوامل گھر' مدرسہ اور مذہب ہے اور اس سلسلہ میں انسان کے فطری ملکات' موروثی رجحانات شجاعت و ہمت وغیرہ بھی ممد و معاون ہوتے ہیں۔
سوال : ابن سینا کا دور حیات تحریر کریں؟
جواب : ۹۸۰ تا ۱۰۳۷ء۔
سوال : ابن سینا کا اصل نام تحریر کریں؟
جواب : آپ کا اصل نام ابو علی الحسین بن عبداللہ تھا۔
سوال : ابن سینا داخلی مغلومات کے لئے کن قوتوں سے کام لیتا تھا؟
جواب : داخلی معلومات کے لئے وہ درج ذیل قوتوں سے کام لیتا تھا۔
(۱) حس مشترک (۲) قوت مصورہ (۳) قوت متخیلہ (۴) قوت فاہمہ (۵) قوت حافظہ۔
سوال : ابن سینا نفسیاتی بیماریوں کا علاج کس طرح سے کرتا تھا؟
جواب : ابن سینا نفسیاتی بیماریوں میں القاء اور تنویم سے علاج کرتا تھا۔
سوال : مسمریزم نے اپنے نفسیاتی طریقہ علاج کی بنیاد کس کے طریقے علاج پر رکھی؟
جواب : مسمریزم نے اپنے نفسیاتی طریقہ علاج قومیت کی بنیاد ابن سینا کے القاء اور تنویم پر رکھی جسے عرف عام میں مسمریزم کہا جاتا ہے۔
سوال : ابن مسکویہ کا دور حیات تحریر کریں؟
جواب : (۳۳۰ تا ۴۲۱ھ) (۹۴۲ء تا ۱۹ فروری ۱۰۳۰)۔
سوال : ابو الخازن کس کو کہتے تھے؟
جواب : ابن مسکویہ۔
سوال : ابن مسکویہ کے نزدیک روح انسان کے اندر کیا ہے؟
جواب : ابن مسکویہ کے نزدیک انسان کے اندر روح غیر مادہ جوہر ہے۔
سوال : ابن مسکویہ کے مطابق کونسی صفت انسان کو حیوان پر فوقیت دیتی ہے اور نفس کی کتنی صورتیں قرار دی ہے؟
جواب : (۱) نظری (۲) عملی
سوال : نصیر الدین طوسی نے کب وفات پائی؟
جواب : ۱۸ ذوالحجہ ۶۷۲ھ (۲۶ جون ۱۲۷۴ کو بغداد میں وفات پائی۔

سوال : ابن سینا کی اس تصنیف کا نام تحریر کریں جس کی شرح نصیر الدین طوسی نے لکھی؟

جواب : "الاشارات والتنبہات"۔

سوال : اخلاق ناصری کتنے اور کن حصوں میں منقسم ہے؟

جواب : تین حصوں میں۔

(۱) علم اخلاق

(۲) تدبیر منزل

(۳) سیاست مُدن

سوال : حضور ﷺ کا ارشاد درج کریں؟

جواب : حضور ﷺ کا ارشاد پاک ہے۔

"بلاشبہ غرور نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو"

سوال : مولانا شبلی کے نزدیک خلق کے اصل ارکان کتنے ہیں ان کے نام بھی لکھئے؟

جواب : تین ارکان ہیں جس سے تمام شاخیں نکلتی ہیں۔

(۱) علم (۲) غضب (۳) شہوت

سوال : اسلامی معاشرت میں قانونی لحاظ سے کن باتوں پر زور دیا جاتا ہے؟

جواب : تین باتوں پر زور دیا جاتا ہے۔

۱- خدا کی بادشاہت اور حاکمیت کا نفاذ

۲- حقوق اللہ کے ساتھ ساتھ حقوق العباد کا نفاذ قیام بذریعہ اولوالامر

۳- اعلیٰ معاشرتی زندگی کی تنظیم اور نفوس کی پاکیزگی کی خاطر عدل و انصاف اور صفات خیر کی حفاظت

سوال : اسلام نے معاشرتی قانون کی بنیاد کن باتوں کو بنایا ہے؟

جواب : اسلام نے معاشرتی قانون کی بنیاد تین باتوں کو بنایا ہے۔

۱- سختی اور تشدد کو دور کرنا اور آسانی پیدا کرنا

۲- کم سے کم تنگی اور تکلیف میں تخفیف کا اہتمام کرنا تاکہ احکام پر آسانی سے عمل ہو سکے۔

۳- غلط عادات کی اصلاح کے لئے تدریجی عمل کا لائحہ عمل اختیار کرنا۔

سوال : اسلامی معاشرے کی ابتداء کہاں سے ہوئی؟

جواب : مدینہ منورہ سے ہوئی۔

سوال : الغزالی کب پیدا ہوئے؟

جواب : ۴۵۰ھ ۱۰۵۸ء میں پیدا ہوئے۔

سوال : امام غزالی بغداد سے کب نکلے؟
جواب : امام غزالی ذوقعدہ ۴۸۸ھ م نومبر ۱۰۹۵ء میں بغداد سے نکلے۔
سوال : مقام خلیل پر حاضر ہو کر امام الغزالی نے کن تین باتوں کا عہد کیا؟
جواب :
۱- کسی بادشاہ کے دربار میں نہ جاؤں گا۔
۲- کسی بادشاہ کا عطیہ نہ لوں گا۔
۳- کسی سے مناظرہ مباحثہ نہ کروں گا۔
سوال : شیخ صاعد بن الفارس المعروف بابن اللبنانے امام غزالی کے جو ایک سو تراسی وعظ قلم بند کئے ان کو کس نام سے شہرت حاصل ہوئی؟
جواب : "مجالس غزالیہ" کے نام سے شہرت حاصل ہوئی۔
سوال : امام غزالی نے تفسیر کی کتنی کتابیں لکھیں؟
جواب : دو سو کتابیں لکھیں۔
سوال : امام غزالی کی چند مشہور تصانیف کے نام لکھئے؟
جواب :
۱- احیاء علوم الدین
۲- اوہام الباطنیہ
۳- حقیقۃ الروح
۴- یاقوت التاویل
۵- المعارف الاقصی
۶- ذم الغرور
۷- تہافتہ الفلاسفہ
سوال : امام غزالی کی اس تصنیف کا نام لکھئے جس میں انہوں نے منطق کے متعلق لکھا؟
جواب : "المستفد من الضلال"۔
سوال : امام غزالی کا نظریہ اخلاق لکھئے؟
جواب : حضرت امام غزالی اپنی کتاب "احیاء العلوم" میں فرماتے ہیں کہ۔
"خلق" نفس کی ایک ایسی کیفیت اور ہیئت راسخ کا نام ہے کہ جس کی وجہ سے سہولت اور کسی فکر و توجہ کے بغیر "نفس" سے اعمال صادر ہو سکیں پس اگر یہ ہیئت اس طرح قائم ہے کہ اس سے عقل و شرع کی نظر میں اعمال حسنہ صادر ہوتے ہیں تو اس کا نام "خلق حسن" ہے اور اگر اس سے غیر محمود افعال کا صدور ہوتا ہے تو اس کو "خلق سیٔ" اور "بداخلاقی" کہتے ہیں۔
امام غزالی فرماتے ہیں کہ

"حسن خلق سید المرسلین ﷺ کی صفت ہے اور یہ اعمال صدیقین میں سے سب سے افضل ہے وہ حسن خلق کو "نصف دین" ثمرہ مجاہدہ "متقین" اور "نتیجہ" ریاضت عابدین" قرار دیتے ہیں وہ "اخلاقِ بد" کو زہر قاتل مہلک اور باعث ذلت و خواری قرار دیتے ہوئے شیطان کے کھلے دروازوں سے تشبیہہ دیتے ہیں ان کے نزدیک اخلاق جمیلہ دار نعیم (جنت) کے کھلے پھاٹک اور قرب الٰہی کے وسائل ہیں"۔

سوال : حسن خلق کی تعریف کریں؟

جواب : حضرت حسن بصری رحمتہ اللہ فرماتے ہیں " خوش خلقی سے مراد ہے کہ کشادہ پیشانی رہے اور دولت خرچ کرے اور ایذا سے باز رہے"۔

(۲) شاہ کرمانی فرماتے ہیں۔

"حسن خلق سے مراد اللہ تعالیٰ کی خوشنودی ہے"

سوال : امام غزالی کے باطنی حسن کے کتنے ارکان ہیں؟

جواب : چار ارکان ہے۔

(ا) قوت علم (۲) قوت غضب (۳) قوت شہوت (۴) قوت عدل

سوال : قوت عقلی کے اعتدال سے کتنی چیزیں پیدا ہوتی ہیں؟

جواب : چار چیزیں پیدا ہوتی ہیں۔

۱- حسن تدبیر

۲- تیزی ذہن

۳- صائب الرائے

۴- دقائق اعمال

سوال : قوت غضبی کے اعتدال سے کونسے فضائل جنم لیتے ہیں؟

جواب : (ا) کرم (۲) دلیری (۳) شہامت۔

(۴) حلم (۵) استقلال (۶) غصہ کا فرو کرنا (۷) وقار

سوال : قوت غضبی کی زیادتی سے جو رذائل پیدا ہوتے ہیں ان کے نام لکھئے؟

جواب : (ا) کبر (۲) غصہ سے جل اٹھنا (۳) عجب۔

سوال : قوت غضبیہ کی کمی سے جو رذائل پیدا ہوتے ہیں ان کے نام تحریر کریں؟

جواب : (ا) خواری (۲) ذلت (۳) خوف (۴) خست (۵) پست حوصلگی۔

سوال : قوت شہوت کے اعتدال سے پیدا ہونے والے فضائل کے نام لکھئے؟

جواب : (ا) سخاوت (۲) حیاء (۳) صبر (۴) چشم پوشی (۵) قناعت (۶) پرہیزگاری (۷) لطافت (۸) حوصلہ۔

سوال : قوت شہوت کی کمی و بیشی سے پیدا ہونے والے رذائل درج کریں؟

جواب : (۱) حرص (۲) بے حیائی (۳) خبث (۴) اسراف (۵) بے حرمتی (۶) خوشامد (۷) فحاشی (۸) حسد (۹) فقیروں کو حقیر جاننا۔

سوال : "کیا اخلاق تغیر پذیر ہیں" اس سلسلے میں امام غزالی کی رائے درج کریں؟

جواب : امام غزالی اپنی کتاب "احیاء العلوم" (جلد سوم)- میں مندرجہ ذیل خیالات کا اظہار فرماتے ہیں۔

"جن لوگوں پر اعتقاد کا غلبہ ہے ان پر مجاہدہ اور ریاضت' تزکیہ نفس کے لئے ضروری ہے ان کا نفس اسباب کو گوارا نہیں کرتا اس قسم کے لوگوں کا قول ہے کہ "اخلاق میں تغیر ہو ہی نہیں سکتا کیونکہ طبیعت میں تبدیلی نہیں ہو سکتی"۔

سوال : حسن اخلاق کتنے طریقوں سے حاصل ہو سکتے ہیں ان کے نام بھی لکھئے؟

جواب : حسن اخلاق دو طریقوں سے حاصل ہو سکتے ہیں۔

(۱) داد الٰہی سے (۲) کسب سے۔

سوال : "احیاء العلوم" کتنی جلدوں میں ضخیم ہے؟

جواب : چار جلدوں میں۔

سوال : علامہ جلال دوانی کے نزدیک جس علم سے خلافت الٰہی حاصل کرنے کا طریق معلوم ہو اُسے کیا نام دیا جاتا ہے؟

جواب : اسے "حکمت عملی" کا نام دیا جاتا ہے۔

سوال : کیا اخلاق قابل تغیر و تبدیل ہیں اس کے متعلق حضور ﷺ کی حدیث لکھئے؟

جواب : رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔

"اگر تم اس بات کو سنو کہ ایک پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل گیا تو اسے درست مان لو لیکن اگر تم یہ سنو کہ ایک شخص نے اپنی سرشت اور عادت ترک کر دی ہے تو اسے تسلیم نہ کرو کیونکہ وہ عنقریب اس عادت کو پھر اختیار کر لے گا"

سوال : عدالت بسیط ہے یا مرکب امام غزالی نے اس کی کیا تعریف کی ہے؟

جواب : امام غزالی یوں تعریف کرتے ہیں۔

"عدالت نفس کی اس قوت و حالت کا نام ہے جس کے ذریعہ وہ غضب و شہوت کو مغلوب کر کے انہیں حکمت کے مطابق استعمال کرتا ہے"۔

سوال : انسان کے اندر کتنی قوتیں ہیں ان کے نام لکھئے؟

جواب : انسان کے اندر تین قوتیں ہیں۔

۱- قوت عاقلہ : اس قوت میں اعتدال ہو تو اس سے "حکمت" وجود میں آتی ہے۔

۲- قوت غضبیہ : اگر قوت غضبیہ معتدل ہو تو "شجاعت" کہلاتی ہے۔

۳- قوت شہوانیہ : اگر اس قوت میں اعتدال رونما ہو تو اس سے "عفت" وجود میں آتی ہے۔

سوال : صوفیاء کی اصطلاح میں "صدق" سے کیا مراد ہے؟
جواب : صوفیاء کی اصطلاح میں "صدق" سے مراد ہے انتہا سچائی، خدا اور مخلوق سے سچا معاملہ رکھنا ظاہر و باطن میں یکساں ہونا۔
حکماء کے نزدیک
انسان اگر اپنے اعتقاد اور یقین کے مطابق کوئی خبر سنائے تو اس کو "صدق" کا نام دیا جاتا ہے۔
سوال : امام غزالی نے اپنی کتاب "احیاء العلوم" میں صدق کے کتنے مراتب بیان کئے ہیں؟
جواب : چھ مراتب بیان کئے ہیں۔

۱۔ بات میں سچائی
۲۔ ارادہ اور نیت میں سچائی
۳۔ عزم میں سچائی
۴۔ عزم کو پورا کرنے میں سچائی
۵۔ عمل میں سچائی
۶۔ دینداری کے مقامات اور مراتب میں سچائی

سوال : "سخاوت" سے کیا مراد ہے قرآن میں اس کے متعلق کیا ارشاد ہے؟
جواب : "سخاوت" سے مراد ہے کہ اپنے کسی حق کو خوشی کے ساتھ دوسرے کے حوالے کر دینا۔
ارشاد الٰہی ہے۔
ترجمہ۔ "اے ایمان والو! اس میں سے کچھ خرچ کرو جو ہم نے تم کو دیا ہے" (البقرہ)
سوال : حکمائے اخلاق نے "شجاعت" کی کتنی فروعات مقرر کی ہیں؟
جواب : گیارہ۔
سوال : "جہل" کی کتنی قسمیں ہیں ان کے نام لکھئے؟
جواب : دو قسمیں ہیں (۱) جہل بسیط (۲) جہل مرکب۔
سوال : حکمائے اخلاق کے بڑے مذہب کے نام لکھئے؟
جواب : چار بڑے مذہب ہیں۔

۱۔ مذہب عرف
۲۔ مذہب سعادت
۳۔ مذہب فراست
۴۔ مذہب نشوونما

سوال : "تصوف" کے مادہ ہائے اشتقاق بیان کریں؟

جواب : (۱) الصوف (۲) الصفو (۳) الصفا (۴) التصوف (۵) الصفتہ (۶) الصف۔

سوال : اہل تصوف کی اقسام درج کریں یا حضرت شیخ علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش نے اہل تصوف کو کتنے گروہوں میں تقسیم کیا ہے؟

جواب : تین گروہوں میں (۱) صوفی (۲) متصوف (۳) مستصوف۔

سوال : تصوف کی ضرورت و اہمیت کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب : تین۔

۱۔ علمی اور دینی نقطہ نظر سے۔

۲۔ عملی نقطہ نظر سے۔

۳۔ اعتقادی اور سائنسی نقطہ نظر سے۔

سوال : علوم دین اسلام کو کتنے شعبوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے ان کے نام لکھئے؟

جواب : تین قسموں میں۔

(۱) علم العقائد (۲) علم الاحکام (۳) علم الاخلاص

سوال : صوفیائے کرام نے نصاب تصوف کو کتنے مراحل میں تقسیم کیا ہے مراحل کے نام بھی لکھئے؟

جواب : چھ مراحل ہیں۔

۱۔ تزکیہ نفس

۲۔ صفائے قلب

۳۔ اطاعت الٰہی

۴۔ محبت الٰہی

۵۔ رضائے الٰہی

۶۔ معرفت الٰہی

سوال : "مکاشفہ" کسے کہتے ہیں؟

جواب : صوفیاء کرام کی اصطلاح میں کسی حقیقت کے ادراک کو "مکاشفہ" کہتے ہیں۔

سوال : حضرت بایزید بسطامی" کا نام تحریر کریں؟

جواب : آپ کا نام طیفور تھا۔

سوال : شیخ ابن العربی" کا نام اور ان کے والد کا نام لکھئے؟

جواب : آپ کا نام محمد اور والد کا نام علی ہے۔

سوال : شیخ ابن العربی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : آپ جنوبی سپین کے شہر مرسیہ میں سال ۵۶۰ء (۱۱۶۵ھ) ایک خالص عرب خاندان میں پیدا ہوئے۔

سوال : ابن العربی کی پانچ تصانیف کے نام لکھیے؟

جواب : (۱) الفتوحات المکیہ (۲) نقش الفصوص (۳) فصوص الحکم (۴) تفسیر صغیر (۵) مراتب الوجود۔

سوال : ابن العربی کے شعری مجموعے کے نام لکھیے؟

جواب : "ترجمان الاشواق" اور "دیوان"۔

سوال : خواجہ باقی باللہ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : آپ ۹۷۱ھ (۱۵۶۵ء) میں کابل میں پیدا ہوئے۔

سوال : خواجہ باقی باللہ نے کب وفات پائی؟

جواب : حضرت خواجہ باقی باللہ ۲۵ جمادی الاول ۱۰۱۲ھ کو فوت ہوئے۔

سوال : حضرت مجدد الف ثانیؒ کا نام اور کنیت لکھیے؟

جواب : آپ کا اسم گرامی احمد اور کنیت ابوالبرکات ہے۔

سوال : حضرت مجدد الف ثانیؒ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب : آپ ۱۴ شوال ۹۷۱ھ (مطابق ۱۵۶۴ء کو) سرہند میں پیدا ہوئے۔

سوال : حضرت مجدد الف ثانی کی پانچ تصنیفات کے نام تحریر کریں؟

جواب :

۱- اثبات النبوۃ

۲- رسالہ رد روافض

۳- رسالہ علم حدیث

۴- رسالہ مبداء و معاد

۵- مکتوبات امام ربانی

سوال : حضرت بہاؤ الدین زکریا ملتانی رحمتہ اللہ علیہ کب پیدا ہوئے؟

جواب : آپ رمضان ۵۶۶ھ (بمطابق ۱۱۷۱ء) پیدا ہوئے۔

سوال : حضرت بہاؤ الدین زکریا ملتانی رحمتہ کی دو تصنیفات کے نام لکھیے؟

جواب : (۱) اوراد (۲) مشروط اربعین۔

سوال : حضرت بہاء الدین زکریاؒ نے کب وفات پائی؟

جواب : آپ ۶۶۱ھ (بمطابق ۱۲۶۶ء) میں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

سوال : شاہ ولی اللہ دہلوی کب پیدا ہوئے؟

جواب : آپ ۴ شوال ۱۱۱۴ھ بمطابق (۱۷۰۳ء) بمقام دہلی پیدا ہوئے۔

سوال : شاہ ولی اللہ دہلوی کی اہم تصنیف کا نام لکھیے؟

جواب : ان تصانیف میں سب سے زیادہ اہم قرآن کریم کا فارسی میں ترجمہ "فتح الرحمٰن فی ترجمۃ القرآن" ہے۔

سوال : شاہ ولی اللہ کا سن وفات درج کریں؟
جواب : آپ کا سن وفات ۱۱۷۶ھ (۱۷۶۳ء) ہے۔
سوال : ابوالقاسم قشیری کب پیدا ہوئے؟
جواب : آپ ۳۷۲ھ میں پیدا ہوئے۔
سوال : حضرت علی ہجویری کب پیدا ہوئے؟
جواب : ۴۶۵ھ میں۔
سوال : شیخ عبدالقادر جیلانی کب پیدا ہوئے؟
جواب : ۵۶۱ھ۔
سوال : "عوارف المعارف" کے مصنف کا نام لکھئے؟
جواب : شیخ شہاب الدین سہروردی۔
سوال : "فوائد الفواد" کس کا مجموعہ ہے؟
جواب : خواجہ امیر حسن علا سجزی دہلوی۔
سوال : حضرت نظام الدین اولیاء کا دور حیات درج کریں؟
جواب : ۶۳۶ھ (۱۲۳۸ء) تا ۷۲۵ھ ۱۳۲۵ء) ہے۔
سوال : حضرت نظام الدین اولیاء "تزکیہ" کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟
جواب : "تزکیہ" کے بارے میں فرماتے ہیں۔
(۱) کم بولنا (۲) کم کھانا (۳) کم سونا (۴) لوگوں سے کم ملنا۔
سوال : "مکتوبات امام ربانی" کس زبان میں اور کتنی جلدوں پر مشتمل ہیں؟
جواب : فارسی زبان میں تین جلدوں میں۔
سوال : کشف المحجوب کس زبان میں لکھی گئی؟
جواب : فارسی میں۔
سوال : برصغیر میں سلسلہ سہروردیہ کے مقتدا کا نام لکھئے؟
جواب : حضرت بہاء الدین زکریا ملتانی۔

اسلام

اور جدید فکر مغرب

اسلام اور جدید فکر مغرب

سوال نمبر 1: مغرب سے کیا مراد ہے؟
جواب: مصنفین عرب افریقہ کے اس علاقہ کیلئے "مغرب" استعمال کرتے ہیں جس کو عہد جدید کے بربرستان یا افریقہ کوچک کہا جاتا ہے اور اس میں طرابلس، تونس، الجزائر اور مراکش شامل ہیں اور بعض اہل مشرق نہ صرف شمالی افریقہ کو بلکہ ہسپانیہ کو بھی مغرب میں شمار کرتے ہیں۔

سوال نمبر 2: دور جدید میں مغرب کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟
جواب: دور جدید میں مغرب کو یورپ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے اور اس کے اندر جرمن، برطانیہ، فرانسیسی، اٹلی وغیرہ اس کے اطراف کے علاقے اور بعض روس کے علاقہ جات پر مشتمل کو یورپ کے نام سے منسوب کر دیا جاتا ہے اور بعض ترقی کی بنا پر دوسرا براعظم امریکہ کو بھی اس میں شمار کرتے ہیں۔

سوال نمبر 3: مغرب کی فکری بنیاد کن امور پر مشتمل ہے؟
جواب: مغرب کی فکری بنیاد فکری اوصاف اور کشادہ دلی ہے۔

سوال نمبر 4: مغرب کی سب سے بڑی وجہ کیا ہے؟
جواب: مغرب کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ مغربی دنیا کھلے دل اور دماغ کی مالک ہے۔ وہ تنگ دل نہیں ہیں ان کے اذہان کشادہ اور فراخ ہیں اور ان میں حقیقت کو قبول کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔

سوال نمبر 5: مغرب کب تعلیم کی طرف متوجہ ہوئے؟
جواب: مغرب نے چار پانچ سو سال قبل مسلمان سکالرز کی کتب کا مطالعہ کیا اور ان کو سامنے رکھ کر تعلیم اور محنت کی طرف راغب ہو گئے۔

سوال نمبر 6: مغرب نے ترقی کی منزل طے کرنے کیلئے انسان کو کیا فکر دی؟
جواب: مغرب نے ترقی کی منزل طے کرنے کیلئے انسان کو یہ فکر دی کہ اسے آزاد ہونا چاہئے۔ اس خوبی سے انسان زیادہ ترقی کی منازل طے کر سکتا ہے۔

سوال نمبر 7: مغرب کی ترقی نے کس چیز کو عروج عطا کیا؟
جواب: مغرب کی ترقی نے مادیت پرستی کو عروج عطا کیا۔

سوال نمبر 8: مذہب کسے کہتے ہیں؟

جواب: مذہب سے مراد وہ روحانی عقلمندی ہے اور اخلاقی حکمت ہے جو ابن آدم کو اللہ تعالیٰ نے انبیاء کی وساطت سے دی تھی۔

سوال نمبر 9: آکسفورڈ لغت کے مطابق مذہب سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایک فوق البشر نظام سنبھالنے والی قوت' خصوصاً God یا God's جو کہ ادب اور عبادت کے لائق ہیں۔"

سوال نمبر 10: مذہب کی اسلامی تعریف لکھئے!

جواب: مذہب صداقتوں کے اس مجموعے کا نام ہے جن میں یہ قوت ہوتی ہے کہ وہ انسانی کریکٹر میں انقلاب برپا کر دیں بشرطیکہ ان کو خلوص کے ساتھ قبول کیا جائے اور بصیرت کے ساتھ سمجھا جائے...... نیز مذہب اعتقاد کی اس وقت کا نام ہے جس سے انسان کو باطنی پاکیزگی حاصل ہوتی ہے۔

سوال نمبر 11: مذہب اسلام سے کیا مراد ہے؟

جواب: مذہب اسلام وہ دین ہے جو خدا کی حاکمیت کی بنیاد پر ایک پورا ضابطہ زندگی پیش کرتا ہے اور انسان سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اسے قبول کرے اور اس کی پیروی کرے' کیونکہ خدا کے قانون کے آگے جھکنے اور اس کی اطاعت کرنے کا نام ہی مذہب اسلام ہے۔

سوال نمبر 12: مذہب کے بارے میں مغرب کا کیا رویہ رکھتے ہیں؟

جواب: مغرب کا مطالعہ کرتے وقت یہ دیکھا جائے گا کہ مغرب کا مذہب کے بارے میں کیا طرز عمل ہے۔ مغرب کو عملی طور پر جس مذہب سے واسطہ پڑا اس کا مغرب کے علاقوں میں باقاعدہ پرچار ہوتا رہا اور انسانوں کو مسلسل بتایا گیا کہ مذہب انسان کی بنیادی ضرورت ہے۔ انسان اپنی فطری ضرورتوں کے تحت اس بات کا خواہاں ہے کہ اس کی پشت پر کوئی طاقت ہو' جو اس کی مادی و روحانی ضروریات کو پورا کر سکے اور اس کی معاونت کرے۔ اس فطری قوت سے متعلقہ نظریات و تصورات مشکل سے مذہب میں آتے ہیں۔ چنانچہ اس فطری ضرورت کی تکمیل کے بغیر انسانی زندگی ادھوری رہ جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت سیدنا آدم علیہ السلام سے لے کر آج تک انسان کسی نہ کسی مذہب سے وابستہ رہا۔

سوال نمبر 13: استشراق کا لغوی معنی بیان کریں؟

جواب: غیر مشرقی لوگوں کا مشرقی زبانوں' تہذیب' فلسفے' ادب اور مذہب کے مطالعہ میں مشغول ہونے کا نام استشراق ہے۔ جس کے معنی ہیں شرق یا مشرقی سمت' جہاں سے سورج طلوع ہوتا ہے۔

سوال نمبر 14: مستشرق سے کیا مراد ہے؟

جواب: مستشرق سے مراد وہ شخص جو مشرقی زبانوں' علوم و فنون' آداب و ثقافت' تہذیب و تمدن وغیرہ پر عبور رکھتا ہو۔

سوال نمبر 15: استشراق کی کوئی ایک تعریف بیان کریں؟

جواب: استشراق اس مغربی اسلوب فکر کا نام ہے جس کی بنیاد مشرق و مغرب کی نسلی تقسیم پر نظریہ قائم ہو اور جس کی رو سے اہل مغرب کو اہل مشرق پر نسلی اور ثقافتی برتری حاصل ہو۔

سوال نمبر 16: مستشرقین کا اقسام لکھیں!

جواب: (1) معتدل مزاج مستشرقین

(2) مذہب مستشرقین

(3) پیشہ ور مستشرقین

(4) ملحد مستشرقین

سوال نمبر 17: معتدل مزاج مستشرقین سے کیا مراد ہے؟

جواب: یہ ان کا وہ گروہ ہے جو کہ مسلمان نہ تھے۔ اس لئے ان کا اپنے آبائی ادیان کے زیر اثر ہونا ایک قدرتی امر ہے۔ اس لئے ہم ان سے یہ توقع نہیں رکھ سکتے کہ وہ اسلام اور بانی اسلام کو بالکل اسی نظریے سے دیکھیں، جس نظریے سے ہم دیکھتے ہیں۔ مستشرقین کے اس طبقے کی تحریروں میں بیشمار اغلاط موجود ہیں۔

سوال نمبر 18: معتدل مزاج مستشرقین میں سے چند کے نام لکھیے۔

جواب: (1) کاسن دی پیر سیول

(2) کارلائل

(3) برنارڈ شاہ

(4) رجرڈ سائمن

سوال نمبر 19: متعصب مستشرقین میں چند کے نام لکھیے؟

جواب: (1) سر ولیم میور

(2) جارج سیل

(3) جین براڈ

(4) ہمفرے پرائی ڈیکس

سوال نمبر 20: جو مستشرقین دولت ایمان سے سرفراز ہوئے اُن کے نام لکھیے؟

جواب: (1) عبداللہ بن عبداللہ

(2) رسل ویب

(3) جاج سنٹ

(4) علامہ محمد اسد

سوال نمبر 21: مستشرقین کے اہداف کی اقسام لکھیے؟

جواب: (1) دینی مقاصد اور اہداف

(2) تحقیقی اور علمی اہداف

(3) مالی اور اقتصادی اہداف

(4) سیاسی اہداف

سوال نمبر 22: مستشرقین نے توحید کے بارے میں کیا نظریہ پیش کیا؟

جواب: "عقیدہ توحید اسلام نے یہودیت اور عیسائیت سے مستعار لیا ہے۔"

سوال نمبر 23: حج کے بارے میں اہل مغرب نے کیا نظریہ پیش کیا؟

جواب: عام طور پر حج کے بارے یہ یقین کرایا جاتا ہے کہ یہ مشرکین عرب کی ایک رسم تھی، جسے اسلام نے مقامی اثرات کے تحت اپنا لیا یا مشرکین عرب کو راضی کرنے کیلئے اپنا لیا۔

سوال نمبر 24: حج کے بارے میں "ڈوزی" نے کیا کہا؟

جواب: "تمام رسوم حج کو اسرائیلی رسوم سے مماثل قرار دیا ہے۔"

گورنمنٹ سے منظوری لینا ضروری تھا۔

سوال: فرانس میں کلیسا کو حکومت سے کب الگ کر دیا گیا؟

جواب: 1905ء میں ایک قانون منظور کیا گیا۔ اس کی رو سے کلیسا کو حکومت سے الگ کر دیا گیا اور گورنمنٹ مذہبی لوگوں یعنی پوپ پادریوں کو تنخواہ کی مد میں دی جانے والی تمام رقم بند کر دی گئی۔

سوال: اسلام میں کس چیز کو بنیادی اہمیت حاصل ہے؟

جواب: اسلام میں علم کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ علم کی کتاب قرآن حکیم اسی لئے انسانوں کو عطا کی گئی کہ انسان علم کی بناء پر حسن اور اشیاء کو سمجھنے کے قابل ہوتا ہے۔

سوال: رہبانیت کا نظریہ کس کی ایجاد تھا؟

جواب: ترک دنیا (رہبانیت) کا نظریہ نصاریٰ (عیسائیوں) کی اپنی اختراع تھا۔

سوال: استشراق کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب: استشراق عربی زبان میں لفظ ادا کیا جاتا ہے اور اس کو انگریزی زبان میں Orientalism کہا جاتا ہے۔

سوال: مستشرق کسے کہتے ہیں؟

جواب: وہ افراد جو مشرقی علوم کو بڑی مہارت سے جانتے تھے۔ یہ عربی زبان، فنون و ادبیات بہتر طریقے سے واقف تھے۔ ان افراد کو مشرقی علوم پر مہارت رکھنے کی بناء پر مستشرق کا نام دیا گیا۔

سوال: ہسٹری آف ریلیجس کے مصنف کا کیا نام ہے؟

جواب: ڈینس سورٹ۔

سوال: مستشرقین اسلام کے متعلق جو الزام لگاتے ہیں ان میں سے کوئی سے چار بیان کریں۔

جواب: عورتوں کو مردوں کے برابر حقوق حاصل نہیں ہیں۔ پردے کو عورتوں پر لازمی قرار دینا مناسب نہیں ہے۔ طلاق اسلام میں ایک آسان طریقہ ہے جو مناسب نہیں ہے۔ غیر مسلمانوں سے جزیہ وصول کیا جاتا تھا۔ غلامی، جاگیرداری اور سرمایہ داری کو اسلام جائز قرار دیتا ہے۔ یہ مناسب نہیں ہے۔ اسلام کی سزائیں وحشیانہ ہیں۔

سوال: استشراق کا کس چیز کی طرف زیادہ رجحان رہا؟

جواب: علمائے مستشرقین پر علمی خدمت و جذبہ سے زیادہ ان پر مذہبی اثر اور رجحان زیادہ رہا ہے۔

سوال: یورپ کے چند مشہور مستشرقین کے نام بتائیں؟

جواب: مستشرقین کی ایک خاص تعداد ہے جو لکھنے میں مہارت رکھتے تھے۔ ان میں مشہور زمانہ "اربری، نکلسن، براؤن، سخاؤ، شبلر، مارگولیتھ، گب تھے۔

سوال: مستشرقین کس چیز میں مہارت رکھتے تھے؟

جواب: مستشرق علماء کہتے ہیں ان میں زیادہ تر اسلام کے خلاف لکھنے میں شہرت رکھتے اور کچھ نے اسلام کی

اور اسلامی تعلیمات کی حمایت میں بھی قلم سے کام لیا۔

سوال: اسلام کے متعلق پروفیسر جرمینس کا نظریہ بیان کریں۔

جواب: پروفیسر جرمینس لکھتا ہے "اسلام کی اخلاقی تعلیمات میں وہ بے پناہ توانائی ہے کہ وہ مسلمانوں کو پھر زندہ کر سکتی ہے۔ دنیا کا کوئی معاشرہ اسلامی نظام اخلاق کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا۔ نظام ضبط نفس' محنت' دیانت' صداقت اور خدمت جیسے اوصاف پر مشتمل ہے اور اس میں بڑی توانائی ہے۔"

سوال: دی فیوچر آف اسلام کے مصنف کا نام بتائیں۔

جواب: سرولیم بلنٹ۔

سوال: برنارڈ شاہ کس ملک کا باشندہ تھا؟

جواب: برنارڈ شاہ آرلینڈ کا مشہور ڈرامہ نگار اور فلسفی تھا۔

سوال: کن تین یورپی مستشرقین پر اسلام کا نمایاں اثر تھا؟

جواب: کارلائل (1795-1881ء) گبن بھی مفکر ہے۔ (1737ء1794ء) اور مشہور مفکر گوئٹے (1749ء1832ء) ان تینوں شخصیات نے اسلام کا مطالعہ کیا اور اسلام کا اثر ان پر نمایاں رہا۔

سوال: پروفیسر جارج کسک اسلام کے متعلق کیا کہتا ہے؟

جواب: پروفیسر جارج کسک لکھتے ہیں۔ "اسلام کی ایک خوبی اس کی سادہ تعلیم ہے۔ دوسری اس کی شریعت جس نے مسلمانوں کو مربوط و منظم کر رکھا ہے۔"

سوال: اسلام کی خوبیوں کے متعلق یورپی مستشرقین کی رائے بیان کریں۔

جواب: یورپی مستشرقین کے مطابق اسلام کی توانائی اس کی سادہ' مثبت اور حیات بخش تعلیمات میں ہے۔ انہی تعلیمات کی بدولت مسلمانوں میں عقیدہ و عمل کی وحدت پائی جاتی ہے۔ یہ ایک ایسا نظام حیات ہے جس سے ملتی جلتی کوئی چیز یورپ میں موجود نہیں ہے۔ اسلام کی اس تعلیم نے کہ خدا ہر جگہ موجود ہے وہ ہمارے اعمال کو دیکھ رہا ہے اور جزا و سزا کے احکامات جاری کر رہا ہے۔ مسلمانوں کے کردار پر گہرا اثر ڈالا ہے اور ان کی زندگی میں عظمت و معنویت پیدا کر دی ہے۔

سوال: کس صدی میں اسلام نے ساری دنیا کی قیادت کی۔

جواب: 700ء سے لے کر 1200ء تک پانچ صدیوں کے دوران اسلام نے طاقت' نظام حکومت' انداز و اطوار کی شائستگی' معیار زندگی' انسانیت پسندانہ قانون سازی اور مذہبی بردباری' ادب علم و فضل' سائنس' طب اور فلسفہ میں ساری دنیا کی قیادت کی۔

سوال: جاکیوس ہبی کے مطابق دولت اور اسلحہ کی برتری کی وجہ سے کس چیز کی موت واقع ہو رہی ہے؟

جواب: جاکیوس ہبی کے مطابق: "دولت اور اسلحہ کی برتری کی وجہ سے آزادی و جمہوریت کی موت واقع ہو رہی ہے اور جگہ جگہ ڈکٹیٹر برسراقتدار آ رہے ہیں۔"

سوال: ظہور اسلام کے قبل یونان' روم' ایران' چین اور ہند کے معاشرتی حالات بیان کریں۔
جواب: ظہور اسلام کے وقت یونان' روم' ایران' چین اور ہند کی تہذیبیں روبہ زوال تھیں اور ہر چار سو مایوسی و مردنی چھائی ہوئی تھی۔ اسلام نے دنیا کو اسی مایوسی سے نکال کر نئی سیاسی' اخلاقی اور روحانی عظمتوں کا راستہ دکھایا۔
سوال: مستشرقین کے اسلام کے خلاف پروپیگنڈا کرنے کی کیا وجہ ہے؟
جواب: صلیبی جنگوں میں اہل مغرب کو شکست ہوئی اور یورپ کے رہنے والے مسلم فتوحات سے خوف کھانے لگے تو ان عیسائیت کے پیروکاروں نے اسلام کو فتوحات سے روکنے کیلئے مسلمانوں کے کردار کو خراب پیش کرنے کیلئے اور اسلام کی غلط تعبیر کرنے کیلئے اور قرآن حکیم کی قرأت اور رسول اللہؐ کے خلاف زہریلا پروپیگنڈا شروع کر دیا اور ان استشراقی افراد نے مشرق بلکہ خالصتاً اسلام کے خلاف علمی وادبی اور سیاسی کام کیا۔ الزام تراشی اور بہتان کی سنگباری کی گئی۔
سوال: ناروچ یونیورسٹی کے ڈین Predeaux نے کس شخصیت پر بے جا الزامات بہتان تراشی کی؟
جواب: 1697ء میں ناروچ یونیورسٹی کے ڈین Predeaux نے حضور پرنورؐ کے سوانح: The Nature of Imposture کے عنوان سے شائع کی۔ اس میں حضور پرنورؐ کی ذات اقدس پر نہایت ناپاک حملے کئے۔ بے اندازہ بہتان تراشے اور جتنی غلاظت اچھال سکتا تھا اچھالی۔
سوال: کس یورپی مستشرق نے قرآن کو دیوانے کی بڑ قرار دیا؟
جواب: ایک عیسائی مصنف کارلائل نے۔
سوال: مغرب میں مذہب کے زوال کیا وجہ ہے؟
جواب: مغربی لوگ مذہب سے دور اس لئے ہوئے کہ کلیسا نے مذہب کی تشریح وتعبیر من پسند کی اور عام انسانوں کو معاشی نقصان ہوا بلکہ معاشرے پر ظلم کیا گیا۔ اس وجہ سے مغربی لوگ مذہب سے دور ہونے میں حق بجانب ہیں اور اخلاقی ومذہبی صحیح اور تحقیقی انداز کا اب بھی فقدان ہے۔
سوال: کیا اسلام سائنس کا مخالف ہے؟
جواب: اسلام سائنس کی مخالفت نہیں کرتا۔ اسلام کی بنیادی کتاب قرآن حکیم نے سائنس کی تعلیم کے حصول کیلئے سات سو چھپن مرتبہ بیان فرمایا ہے۔ وہ اتنی واضح ہے کہ انسان فوراً اس کی جانب راغب ہوتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: کیا یہ لوگ کائنات ارض وسما اور اللہ کی تخلیق پر غور نہیں کرتے اور نہ اس بات کو سوچتے ہیں کہ کہیں اس غفلت کی وجہ سے ان کی موت تو قریب نہیں آ گئی۔
سوال: استشراقی تحریک کے مقاصد مختصر بیان کریں۔
جواب: مستشرقین کے تین مقاصد واہداف بالکل واضح ہیں: (1) اسلام کے خلاف باتیں کرتے ہیں اور اسلام کے متعلق شبہات پیدا کرتے ہیں۔ اسلام میں تحریف کرتے ہیں۔ مستشرق مشرقی علوم سے

شناسان ہونے کے سبب عربی زبان اور اسلام کے خلاف مقاصد و اہداف کے مطابق مسیحیت کی تبلیغ اور فعالیت کو اپنایا گیا۔ (2) اہل مغرب نے اسلام کے خلاف سوچ وفکر کے بعد اعلان کیا کہ دنیا میں سب سے بڑا خطرہ اسلام اور مسلمانوں سے ہے۔ لہٰذا مسلمانوں کو مختلف گروہوں میں تقسیم کر کے برسر پیکار رکھا جائے۔ (3) مستشرقین کا تیسرا ہدف یہ تھا کہ علمی میدان میں کام کیا جائے۔ اس مستشرقین کے طبقہ نے علم کی خدمت کرنے کی غرض سے باقاعدہ مدرسوں میں داخلہ لیا اور مشرقی علوم میں دسترس پیدا کی۔ (4) مستشرقین نے مسلمانوں کے علوم فنون کو مطالعہ کے بعد اپنے عناد اور دشمنی کی عینک سے دیکھا اور مسلمانوں کے خلاف اہداف متعین کرنے لگے۔ (5) قرآن وسنت کی کتب کو اس طرح پیش کیا کہ مسلمانوں میں فرقے پیدا ہوئے اور آپس میں قرآن اس کی قرأت اور فروعی باتوں میں لڑائی کرائیں۔ ان مقاصد کیلئے کافی کام کیا گیا۔

سوال: مسلمان قرآن حکیم کے متعلق کیا عقیدہ رکھتے ہیں؟

جواب: مسلمان قرآن حکیم کو آسمانی وحی الٰہی قرار دیتے ہیں اور یہ انسان کی ہدایت کیلئے مکمل تعلیمات پر مشتمل ہے اور انسانی زندگی کے ہر پہلو پر پوری رہنمائی بہم عطا کرتی ہے۔

سوال: قرآن مجید کے متعلق یورپی مفکر گلڈن سٹون کیا کہتا ہے؟

جواب: مسٹر گلڈن سٹون کے مطابق جب تک یہ کتاب مسلمانوں میں موجود ہے۔ مسلمانوں کو زیر کرنا بہت دشوار اور مشکل ہے۔ گلڈن کہتا ہے عیسائی دنیا کا پہلا فریضہ یہ ہوگا کہ مسلمانوں کو کسی صورت قرآن سے الگ کر دیا جائے اور پھر اس مقصد کے حصول کیلئے فرنگی مدبرین نے طرح طرح کی چالیں چلیں۔ مسٹر گلڈن سٹون نے اپنے اہل قلم کو یہ ہدایت بھی دی کہ قرآن حکیم کے متعلق برا لکھیں اور اس کا مذاق اڑایا جائے۔

سوال: مستشرقین کے برعکس دنیا کے مفکرین کا قرآن مجید کے متعلق نظریہ بیان کریں۔

جواب: قرآن حکیم کے متعلق دنیا کے مفکرین کا کہنا ہے کہ وہ بہترین فہم اور دانش کی کتاب ہے اور دنیا کی کوئی کتاب قرآن حکیم کے مقابل پیش نہیں کی جاسکتی۔ اس کے تمام مضامین الہامی و آسمانی ہیں اور اس کا آج بھی چیلنج ہے کہ قرآن جیسی کوئی سورۃ پیش کرو اگر تم سچے ہو۔ لیکن آج تک چودہ پندرہ سو برس گزر گئے اور قرآن کے مدمقابل کوئی کلام پیش نہ کیا جاسکا اور اصلی صورت میں عربی زبان میں موجود ہے جس میں آج تک کوئی تحریف نہ ہوسکی اور لفظاً لفظاً نزول کے وقت سے لے کر آج تک اصلی حالت میں اپنی نظیر آپ ہے۔

سوال: توراۃ، زبور اور انجیل کی حقانیت کے متعلق مفکرین کی کیا رائے ہیں؟

جواب: مفکرین کے نزدیک بائبل دنیا میں اصل زبان کے اندر کہیں نہیں ہے۔ تجزیہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی شخص نے بیٹھ کر خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سوانح چند آیات کے ساتھ تحریر کر دی ہیں اور اس بائبل میں کئی مرتبہ تحریف ہوچکی ہے۔ بائبل انجیل مقدس، توراۃ مقدس اور زبور مقدس

عبرانی و سریانی زبان میں نازل کی گئیں۔ اس کے برعکس جو سب سے پرانی کتاب مسیحوں کے پاس ہے۔ وہ یونانی زبان میں ہے اور یونانی زبان میں اللہ نے کلام نہیں بھیجا' جس کی بناء پر بخوبی علم ہوتا ہے کہ اب جو بازار میں توراۃ' زبور اور انجیل فروخت ہو رہی ہے وہ خود ساختہ اور کسی انسان کی یادداشت پر مشتمل ترتیب دی گئی کتابیں ہیں۔ وہ اصل نہیں ہیں۔

سوال: قرآن مجید کو کس طرح محفوظ بنایا گیا؟

جواب: حضورؐ پر قرآن نازل ہوتا تو مسلمان اس کو حفظ کر لیتے اور لکھ کر اپنے پاس رکھتے تھے۔ اس طرح ابتدائی دور میں قرآن محفوظ ہو گیا اور اس میں شک نہیں کہ آج بھی قرآن حکیم کی حفاظت کا یہی اندازہ ہے۔ مثلاً: (1) تحریر کر کے محفوظ کیا جائے۔ قرآن حکیم کے لاکھوں نسخے موجود ہیں۔ (2) حفظ کر کے اس کی حفاظت کی جائے' آج بھی قرآن حکیم کو حفظ کرنے والے افراد کی تعداد لاکھوں سے تجاوز ہے۔ (3) قرآن پر عمل کر کے اس کی حفاظت کا بندوبست کیا گیا اور (4) آخری بات یہ ہے کہ اللہ نے قرآن کی حفاظت کا ذمہ لیا ہے' جس اللہ نے نازل فرمایا اس نے قرآن حکیم کی حفاظت کا ذمہ لے لیا۔ ان اسباب کی وجہ سے قرآن میں تحریف نہیں ہوئی۔

سوال: قرآن مجید کی حفاظت کے متعلق کوئی ایک آیت بیان کریں۔

جواب: انا نحن نزلنا الذکر و انا لہ لحفظون

ترجمہ: ''بلاشبہ ہم نے قرآن نازل کیا ہے اور ہم یقیناً اس کی حفاظت کریں گے۔''

(قرآن' سورۃ حجر' آیت 9)

سوال: عہد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں قرآن کن چیزوں پر لکھا جاتا تھا؟

جواب: کھجور کی شاخوں پر، پتھر کی تختیوں پر، شانے کی ہڈی پر، اونٹ کی کاٹھی پر۔

سوال: سب سے آخری الہامی کتاب کا نام بتائیں؟

جواب: قرآن مجید۔

سوال: پہلی وحی کونسی تھی؟

جواب: سورت علق کی پہلی پانچ آیات۔

سوال: نزول قرآن کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: 40 سال۔

سوال: کون سا فرشتہ وحی لایا کرتا تھا؟

جواب: روح القدس حضرت جبرائیل۔

سوال: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے قرآن پاک کی کتابت پر کتنے صحابہؓ مامور تھے؟

جواب: چالیس (بعض کے نزدیک بیالیس)

سوال: حدیث کسے کہتے ہیں؟

جواب : یعنی حضور نبی کریمؐ نے جو بات ارشاد فرمائی اور جو حضورؐ نے کام کیا یا آپ کے سامنے بات کی گئی آپ نے اس کو سنا اور کام کیا گیا۔ آپ نے اس کو دیکھا لیکن اس بات اور کام پر خاموش رہے۔ اس کو حدیث کہا جاتا ہے۔

سوال : احادیث کی چند مشہور تصنیف کے نام بتائیں۔

جواب : احادیثِ کریمہ کی کتب کافی تعداد میں ہیں۔ کچھ ان ناموں سے مشہور ہیں۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی کتاب صحیفہ' حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ کی کتاب مجموعہ احادیث' آثار امام ابوحنیفہ' موطاء امام مالک' مؤطا امام محمد' مسند امام شافعی' مسند امام احمد بن حنبلؒ اور صحیح بخاری' صحیح مسلم' جامع ترمذی' سنن ابوداؤد' سنن ابن ماجہ' سنن نسائی اور ان کے علاوہ بھی کافی تعداد میں کتب احادیث ہیں۔

سوال : حدیث کی اہمیت وضرورت بیان کریں۔

جواب : حدیث قرآن حکیم کی تشریح وتفصیلات پر مشتمل ہے۔ یعنی احادیث کریمہ سے قرآن حکیم کی تفصیل اور وضاحت سامنے آتی ہے۔ بغیر احادیث کریمہ کے قرآن حکیم کو سمجھنا مشکل بلکہ ناممکن ہے۔ اس لئے احادیث کریمہ کی ہمیشہ ضرورت رہی ہے۔

سوال : احادیث جمع کرنے والوں کو کیا کہا جاتا ہے؟

جواب : وہ افراد جو احادیث کریمہ جمع کرتے اور آگے روایت کرتے وہ محدثین کہلائے۔

سوال : روایت ودرایت کو دُرست سمت رکھنے کیلئے کن اصولوں کو ضبط تحریر میں لانا ضروری تھا۔

جواب : اصول: (1) قرآن حکیم کے منافی ہو۔ (2) جب کوئی حدیث عقل وفہم کے معارض ہو۔ (3) کسی اصول مسلمہ کے منافی ہو۔ (4) حدیث متواتر سے معارض ہو۔ (5) محسوسات ومشاہدات کے منافی ہو۔ (6) طریقہ رسول سے معارض ہو۔ (7) رکیک المعنی ہو اور شائبہ لغویت پایا جاتا ہو۔ (8) ایسی اس میں فضول باتیں ہوں جو نبی کی مبارک زبان سے صادر نہیں ہوسکتیں۔ (10) اجماع قطعی ویقینی سے معارض ہو۔

سوال : انسانی تخلیق کا خاص مقصد کیا تھا؟

جواب : انسانی تخلیق کا خاص مقصد تھا ورنہ عبادت کیلئے فرشتے موجود ہیں' اس لئے کہ انسان نے معاشرہ تشکیل دینا تھا اور معاشرے کو کسی نظم وضبط اور اصول وقانون کا پابند کرنا ضروری تھا۔ اس لئے پیغمبر کی وساطت سے اللہ تعالیٰ نے ہر دور کیلئے قوانین دیئے۔

سوال : مغربی مستشرقین نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق جو غلط باتیں منسوب کی ان میں سے چند بیان کریں۔

جواب : نکلسن کی مندرجہ ذیل باتوں کو ملاحظہ کیجئے کہ کس قدر مغرب کے بعض علماء متعصب واقع ہوئے ہیں۔ محمد بت پرستی بھی کیا کرتے تھے' جب کہ آپ بت پرستی کو ختم کر کے ایک اللہ کا عقیدہ دینے میں کامیاب ہوگئے۔ نیز دوسرے مقام پر لکھتا ہے کہ "محمد نے شاعر ہونے سے انکار کیا تھا۔

لیکن یہ محض بہانہ بازی تھی اور وہ شاعروں جیسا ہی تھا۔ محمد ﷺ کے تصور جنت و جہنم میں کوئی چیز روحانی نہیں' اس کی جنت عیاشی کا ایک شاندار باغ ہے۔

سوال: روایت کے علم میں اسماء الرجال کے موجد کون تھے؟

روایت کے علم میں اسماء الرجال کا علم مدون ہوا اور اس علم کے صرف مسلمان موجد ہیں۔

سوال: چند مشہور محدثین کے نام لکھیں۔

جواب: حضرت عبداللہ ابن عمرؓ' حضرت عبداللہ ابن عباسؓ' حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ' حضرت ابو ہریرہؓ حضرت علی کرم اللہ وجہہؓ' حضرت معاذ بن جبلؓ' حضرت عائشہؓ' حضرت فاطمہؓ' حضرت زینبؓ' حضرت ام سلمہؓ اور دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم نے احادیث روایت کیں۔

سوال: موطا امام مالک کس سن میں تحریر کی گئی؟

جواب: موطا امام مالک 133ھ کے قریباً تحریر کی گئی۔

سوال: احادیث کی کسی دو مستند کتابوں کے نام لکھیں۔

جواب: صحیح بخاری' صحیح مسلم۔

سوال: اسلام کے خلاف یورپی مستشرقین نے کیا محاذ بنایا؟

جواب: اسلام کے خلاف یورپی مستشرقین نے علمی محاذ پر جو کارروائیاں شروع کیں' ان میں سب سے زیادہ حدیث کو ہی تختۂ مشق بنایا گیا۔

سوال: یورپی مستشرقین کا حدیث کے بارے میں کیا خیال تھا؟

جواب: شاید ان کا خیال تھا کہ حدیث کے ذریعے ہی دین اسلام کو مسخ اور قرآن مجید کو عملاً معطل کیا جا سکتا ہے۔

سوال: دین اسلام کے دشمنوں نے حدیث کو کیا نشانہ بنایا؟

جواب: دین اسلام کے دشمنوں نے حدیث کو ہی سب سے زیادہ اپنی سازشوں کا نشانہ بنایا' خلافت راشدہ کے آخر میں عبداللہ بن سبا نے بڑی چالاکی کی اور ہوشیاری کے ساتھ سبائی فتنہ پھیلایا تھا۔ وہ حقیقت میں حفاظت حدیث کے برخلاف تھا' اس فتنہ کا مقصد قرآنی ہدایات و احکامات اور پورے دین اسلام کو مسخ کرنا تھا مگر حضرت علی المرتضیٰؓ اور ان کے مختلف ساتھیوں نے اس فتنے کا مقابلہ کیا' اس فتنے کو ختم کر کے چھوڑا۔

سوال: یورپ کے مستشرقین ہوں' ایشیاء کے منکرین حدیث' ان کے تمام جھوٹے دعووں کا مدلل جواب کس نے دیا؟

جواب: تمام جھوٹوں کا مدلل جواب علماء فقہاء اور محدثین کرام نے اچھی طرح دیا۔

سوال: وہ کون سے مستشرقین ہیں جنہوں نے حدیث نبوی کو موضوع بحث بنایا؟

جواب: جن مستشرقین نے حدیث نبوی کو موضوع بحث بنایا ان میں ڈاکٹر اسپرنگر' سر ولیم میور' گولڈ زیہر اور

تولد کیے وغیرہ اہم ہیں۔

سوال: حدیث کی تدوین کب سے شروع ہوئی؟

جواب: اسلام کے آغاز میں جب نزول قرآن کا سلسلہ جاری تھا' اس وقت آپ نے عارضی طور پر احادیث کی کتابت سے منع فرمایا تھا اور اس کا مقصد یہ تھا کہ قرآن مجید کے ساتھ کسی اور چیز کی آمیزش نہ ہو جائے۔ مگر جب قرآن اور حدیث میں فرق پختہ ہو گیا تو آپ نے صحابہ کرام کو احادیث لکھنے کی اجازت فرما دی' چنانچہ ایک صحابی بلکہ صحابیات نے احادیث کے مجموعہ بھی تیار کیے۔

سوال: مسلمان قرآن مجید کے بعد دوسرا ماخذ قانون کسے تسلیم کرتے تھے؟

جواب: حدیث کو۔

سوال: کس علم کے ذریعے حدیثوں کی سچائی کو سامنے لایا گیا؟

جواب: حدیثوں کے سلسلہ میں اسماء الرجال کو استعمال کرنے سے تحقیقی کام کے ذریعے بڑی سچائی کو سامنے لایا گیا ہے۔

سوال: احادیث کس چیز کی رہنمائی کرتی ہے؟

جواب: احادیث کریمہ حضور پر نورؐ کی مقدس زندگی کو ظاہر کرتی ہیں اور انسان کی دنیا اور اخروی زندگی مکمل رہنمائی کرتی ہیں۔

سوال: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ولادت باسعادت کس سن میں ہوئی؟

جواب: حضرت محمدؐ کی ولادت باسعادت 570ء عرب کے مشہور شہر مکہ معظمہ میں ربیع الاول کی 12 تاریخ پیر کے دن صبح صادق کے وقت ہوئی۔

سوال: آپ کے والد اور والدہ کا کیا نام تھا۔ نیز آپ کس قبیلہ سے تعلق رکھتے تھے؟

جواب: آپ کے والد حضرت عبداللہ اور والدہ حضرت آمنہؓ اور دادا حضرت عبدالمطلب ہیں۔ آپ کا بنو قریش قبیلہ اور ہاشم خاندان ہے۔

سوال: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سب سے پہلی وحی کونسی نازل ہوئی؟

جواب: ''پڑھو اپنے رب کے نام کے ساتھ' جس نے انسان کو پیدا کیا جمے خون سے۔'' سورۃ اقراء کی پہلی پانچ آیات پہلی وحی تھیں۔ آپ نے پڑھیں اور وہ فرشتہ آسمان کی طرف پرواز کر گیا۔

سوال: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آپ کی وحی کا تذکرہ کس سے کیا؟

جواب: آپ کے اس واقعہ کو حضرت خدیجہؓ نے اپنے چچا زاد جناب ورقہ بن نوفل سے تذکرہ کیا۔

سوال: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تبلیغ پر سب سے پہلے کن اشخاص نے اسلام قبول کیا؟

جواب: عورتوں میں سب سے پہلے حضرت خدیجہؓ اور مردوں میں سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیقؓ اور بچوں میں سب سے پہلے حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور غلاموں میں سب سے پہلے حضرت زیدؓ نے دین حق یعنی اسلام سے وابستہ ہونے کا شرف حاصل کیا۔

سوال: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال کس سن میں ہوا؟

جواب: 633ء مدینہ منورہ میں 12 ربیع الاول کو پیر کے دن' دوپہر ظہر کے وقت تریسٹھ برس کی عمر میں اللہ تعالیٰ سے ملاقات کیلئے آنکھیں بند فرمادیں۔

الصلوٰۃ والسلام علیك یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

سوال: مکی دور کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: ہجرت سے پہلے کی مقدس عمر کو مکی زندگی یا مکی دور کہا جاتا ہے۔

سوال: تبلیغ اسلام کیلئے سب سے پہلے کس ادارے کی بنیاد رکھی گئی؟

جواب: دارارقم میں تعلیم وتربیت کیلئے لوگ جمع ہوئے اور قرآن حکیم کو تحریر میں لایا جاتا۔

سوال: ہجرت مدینہ کا واقع کب پیش آیا؟

جواب: 613ء (53) برس کی عمر میں مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ میں ہجرت فرمائی۔

سوال: تاریخ ادب عربی کے مصنف کا نام بتائیں۔

سوال: مستشرق مسٹر نکلسن کی۔

سوال: مسلمان اپنی تاریخ کب سے شروع کرتی ہے؟

جواب: مسلم قوم اپنی تاریخ اپنے نبیؐ سے شروع کرتی ہے اور آپؐ کی مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ ہجرت فرمانے سے منسوب کی جاتی ہے۔

سوال: کیا قرآن مجید تاریخ کی کتاب ہے؟

جواب: قرآن حکیم تاریخ کی کتاب تو نہیں ہے لیکن وہ گزشتہ امم پر روشنی ڈالتا ہے۔ ان واقعات کو منظر عام پر لاتا ہے کہ اس تاریخ سے انسان کو یہاں ماضی کی قوموں کی کارکردگی کا علم ہوتا ہے۔

سوال: حدیث' تاریخ اور سیرت نگاری میں مسلمانوں کا سب سے عظیم کارنامہ کیا ہے؟

جواب: حدیث' تاریخ اور سیرت نگاری میں مسلمانوں کا سب سے عظیم کارنامہ فن اسماء الرجال ہے۔ یہ وہ فن ہے جس میں حدیث اور سنن کی صحت معلوم کرنے کیلئے راویوں کی جانچ پرکھ ہوتی ہے۔

سوال: ''روح اسلام'' کے مصنف کے نام بتائیں۔

جواب: ''روح اسلام'' کے مصنف کا نام سید امیر علی ہے۔

سوال: قرآن میں عرب کے کن بتوں کا نام آیا ہے؟

جواب: سورۂ نجم کی وہ آیات جن میں بتوں کا تذکرہ ہے وہ یہ ہیں۔ ترجمہ: ''تو کیا تم نے دیکھا لات اور عزیٰ اور اس تیسری منات کو۔''

سوال: اخلاق سے کیا مراد ہے؟

اخلاق' خلق سے ہے' جس کا معنی عادت ہے۔ بعض نے خلق کی تعریف اس طرح کی ہے کہ ''کسی ارادہ کا عادت بن جانے کو خلق کہتے ہیں۔

سوال: اخلاق انسان کے کن رویوں کو ظاہر کرتا ہے؟

جواب: اخلاق انسانی کردار کو واضح کرتے ہیں۔ انسانی کردار اچھا اور برا کوئی بھی ہو سکتا ہے لیکن اچھے اخلاق کو ہر دور اور ہر سرزمین پر پسند کیا گیا ہے اور اس کی تلقین کی گئی ہے۔

سوال: اخلاق کو بہتر بنانے میں دو باتوں کا عمل دخل ہوتا ہے؟

جواب: اخلاق کو بہتر بنانے میں دو باتوں کا عمل دخل زیادہ ہوتا ہے۔ ایک مذہب اور دوسرا معاشرہ۔

سوال: مغرب مسلمانوں کو کس شکل میں پیش کرتے ہیں؟

جواب: مغرب مسلمانوں کو الحاد پرست' پرتشدد اور مغربی تہذیب کے دشمن کے طور پر پیش کرتا ہے۔

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کن اخلاقی باتوں کا اظہار فرمایا۔

جواب: 1۔ دل کی غریبی' 2۔ غمگینی' 3۔ حلم و بردباری' 4۔ راست بازی' 5۔ رحم دلی' 6۔ پاک دلی' 7۔ صلح جوئی' 8۔ صبر' 9۔ عفو و درگزر' 10۔ پاکدامنی' 11۔ قسم کھانے کی ممانعت' 12۔ ظالم کا مقابلہ نہ کرنا' 13۔ قرض معاف کرنا' 14۔ ریا کی ممانعت' 15۔ توکل' 16۔ عینیہ لگانا' 17۔ دشمنوں کو پیار کرنا۔

سوال: اسلام کی چند اخلاقی تعلیمات بیان کریں۔

جواب: سخاوت اور خیرات کا حکم اور بخل کی ممانعت' سچ کی تلقین اور جھوٹ کی ممانعت' ضروریات کا حکم اور اسراف و فضولیات کی ممانعت' میانہ روی کی تاکید' حق پر استقامت اور بزدلی کی ممانعت' صبر' شکر' توکل' عفو و درگزر کا حکم اور ظلم' جبر' استبداد' بے صبری اور ناشکری کی ممانعت' یتیموں' ناداروں' مسکینوں' پڑوسیوں' قرابت داروں کے ساتھ نیک سلوک' سائلوں' مسافروں اور غریبوں کی امداد' غلاموں اور قیدیوں کے ساتھ احسان اور تکبر و غرور کی ممانعت' وعدہ' عہد اور معاہدہ کا پورا کرنا اور عہد شکنی کی ممانعت' والدین کی خدمت اور اطاعت' ملاقاتوں میں باہم بھلائی اور سلامتی کی دعا' حق گوئی' انصاف پسندی اور ناانصافی کی ممانعت' سچی گواہی دینا اور جھوٹی گواہی کی ممانعت' صلح' اتحاد' اتفاق کا حکم اور نااتفاقی کی ممانعت' رزق حلال کی کوشش کا حکم اور گداگری کی ممانعت' خودکشی' اولادکشی اور ناحق قتل کی ممانعت' زنا اور بے شرمی کی باتوں سے روکنا وغیرہ۔

سوال: اسلام میں اخلاق کی غرض و غایت کیا ہے؟

جواب: شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں: ''اسلام میں اخلاق کی غرض و غایت ہمیشہ سے یہ ہے کہ ''انسان میں ایک بہت بڑا کمال ودیعت ہے' جس کا تقاضا اس کی صورت نوعیہ کرتی ہے۔ یعنی انسان جس ہیئت وصورت کی وجہ سے انسان کہلاتا ہے اس کا تقاضا ہے کہ اس میں یہ عظیم الشان کمال موجود ہو' جس سے تمام مخلوق الٰہی محروم ہے اور اسی کا نام سعادت حقیقی ہے۔''

سوال: کلیسا نے کس چیز کی نفی کی؟

جواب: کلیسا نے قوت غضبیہ کو اور قوت شہویہ کی نفی کی اور عاجزی' مسکینی کو رواج دیا۔

سوال: یورپ کی چند اخلاقی برائیاں بیان کریں۔
جواب: مغرب کی غیر اخلاقی حرکات کے متعلق ڈاکٹر غلام برق جیلانی نے تحریر کیا ہے کہ ''جنسی آزادی' بے حیائی' عریانی' ناؤنوش کے علاوہ اور وباء بھی پھوٹ پڑی ہے جس کو لواطت کہتے ہیں۔ معاشرے کی بے راہ روی نے جدید معاشرے میں بداخلاقی کی سوچ کی انتہا کر دی ہے۔
سوال: انسانی معاشرے کی بنیاد کس چیز پر ہے؟
جواب: انسانی معاشرے کی بنیاد باہمی تعاون پر ہے۔
سوال: انسانی معاشرہ سے کیا مراد ہے؟
جواب: انسان ایک جگہ مل جل کر اور اکٹھے رہتے ہیں' یہی انسانی معاشرہ ہے۔
سوال: مغرب کے ترقی کیلئے کس چیز کو معیار بنایا؟
جواب: مغرب نے فرقوں اور مذہب کی بجائے اقتصادیات اور معیشت کی طرف بھرپور توجہ دی اور انقلاب کی بجائے بتدریج ارتقائی منازل طے کیں۔
سوال: یورپ میں عصر حاضر کی تمام ایجادات کن کی مرہون منت ہے؟
جواب: عصر رواں کی تمام ایجادات و برکات عربوں ہی کے طفیل ہیں۔
سوال: مغرب میں سائنس اور جدیدیت کے نئے دور میں جو عظیم الشان تبدیلیاں وقوع پذیر ہوئیں۔ ان میں سے چند کا جائزہ لیں۔
جواب: معاشرے میں سماجی و دانشورانہ تبدیلی' اہلیت و قابلیت کو زیادہ اہمیت' مؤثر عملی نظام' ہر طبقہ انسان کی مساوی شرکت' ریسرچ اور تحقیق میں زیادہ توجہ' نئی ایجادات کی زیادہ تخلیق' سیکولر جمہوری ڈھانچوں میں جدت۔
سوال: مسلم معاشرے کے متعلق مغرب نے کن تین باتوں کو ہدف تنقید بنایا۔
جواب: 1۔ مذہب کی بنیاد پرستانہ نوعیت ہے۔ 2۔ مسلم معاشرے میں تبدیلی کا فقدان احساس تشنگی ہے۔ 3۔ مسلم معاشرے میں رجعت پسند گروہ تبدیلی کے خلاف ہیں۔
سوال: اسلام کے سیاسی نظام کی بنیاد کن چیزوں پر ہے؟
جواب: اسلام کے نظام سیاست کی قرآن و سنت ہی بنیاد ہے۔ لہذا کوئی ریاست ہو اس کو اسلام کو نظر میں رکھنا ہوتا ہے اور اس سیاست کا محور انسانوں کی بہبود و فلاح ہے۔
سوال: محمد بن قاسم نے کس سن میں ہند کا علاقے فتح کیے؟
جواب: محمد بن قاسم نے 711ء میں کراچی سے ملتان تک ہند کا علاقہ فتح کیا۔
سوال: سپین پر مسلمانوں نے کب فتح پائی؟
جواب: 711ء میں جنرل طارق سپین میں داخل ہوئے۔ سپین کو فتح کرنے کے ساتھ آدھے فرانس پر بھی قبضہ کرلیا

سوال: مسلمانوں کا سیاسی عروج و زوال کے مصنف کے نام لکھیں۔
جواب: کیرن آرم سٹرانگ
سوال: اسلامی نظام میں مقتدر اعلیٰ کسے حاصل ہے؟
جواب: اسلام میں مقتدر اعلیٰ یعنی حاکم اللہ ہے۔
سوال: اسلامی نظام معاشرت کی خصوصیات کی نشاندہی کریں؟
جواب: اسلامی نظام معاشرت حسب ذیل خصوصیات کا علمبردار ہے:
(1) وحدت نسل انسانی (2) وحدت فکر انسانی
(3) احترام انسانیت (4) تصور کائنات
(5) اطاعت خدا اور رسول و اولی الامر (6) اخلاقیات اور برائیوں سے پرہیز
سوال: نبی اکرمؐ کے زمانہ کے دو سیاسی معاہدات۔ کے نام لکھیں؟
جواب: (1) صلح حدیبیہ (2) میثاق مدینہ
سوال: نبی اکرم کا کون سا خطبہ بنیادی انسانی حقوق کا علمبردار ہے؟
جواب: خطبہ حجۃ الوداع۔
سوال: اہم اعضائے ریاست کون کون سے ہیں؟
جواب: (1) مقننہ (2) انتظامیہ (3) عدلیہ
سوال: شورائیت پر ایک آیت درج کریں؟
جواب: وامرھم شوریٰ بینھم۔
سوال: مغرب کے نظریہ بین الاقوامیت کو مختصر بیان کریں۔
جواب: مغربی بین الاقوامیت کا تصور نسل، رنگ اور جغرافیائی حد بندی پر منحصر ہے۔ اس بنیاد پر کوئی قوم اس وقت تک قوم نہیں بن سکتی جب تک وہ رنگ و نسل کے لحاظ سے دوسری قوموں سے مختلف نہ ہو اور جب تک وہ کسی خاص خطہ ارض پر آباد نہ ہو۔
سوال: اسلام میں نظریہ بین الاقوامیت کی بنیاد کس پر ہے مختصر بیان کریں۔
جواب: اسلام کے تصور بین الاقوامیت کی بنیاد قرآن و سنت ہے۔ بین الاقوامیت میں بھی اسلام کسی قسم کی نسب، رنگ، نسل اور ذات پات کی بنیاد پر انسانوں کے اندر تفریق نہیں کی جاتی۔ سب انسانوں کا خدا صرف اور صرف ایک ہے۔ یہ سب ایک خدا کے پیدا کئے ہوئے بندے ہیں۔
سوال: ''قوم'' اور ''قومیت'' میں کیا فرق ہے؟ قوم کے عناصر ترکیبی کون کونسے ہیں؟
جواب: ''قوم (Nation) سے مراد ایسے افراد کا مجموعہ ہے، جو مشترکہ خصوصیات رکھنے کی وجہ سے باہم متحد ہوں، ان کی ایک سیاسی تنظیم ہو یا ایسی تنظیم قائم کرنے کے خواہشمند ہوں۔ اس کے برعکس ''قوم'' اور ''قومیت'' ایک جذبے یا احساس کا نام ہے، جو کسی وجہ سے لوگوں میں پایا جاتا ہے۔

قوم اور قومیت میں بنیادی فرق سیاسی اتحاد یا مملکت کا ہے۔ قومیت کا سیاسی اتحاد سے کوئی تعلق نہیں۔ قوم ایک جسم ہے، جسے دیکھا جا سکتا ہے، جبکہ قومیت روح ہے، یہ لوگوں کے مابین ایک مشترکہ احساس کا جذبہ ہے کہ ہم ایک ہیں۔

سوال: قوم کے مغربی تصور میں لادینیت اور غیر مذہبیت کا مقصد کیا تھا۔

جواب: قوم کے مغربی تصور میں لادینیت اور غیر مذہبیت کو رکھنے کا مقصد معاشرے کو سیکولرازم بنانا تھا' جس میں مغرب کامیاب ہے۔ اسی بناء پر قوم مغربی تصور میں ایسے لوگوں کا ایک گروہ ہے جس کی ممبرشپ اور آئین کسی بھی مذہبی عقائد سے ماورا اور بلند ہوتا ہے۔ کوئی بھی مذہب رکھنے والے افراد ایک زبان' ایک رنگ ونسل رکھتے ہوں اور ان کا کلچر اور رہن سہن بھی ایک ہو اور ایک زمین پر ساتھ رہتے ہوں تو وہ ایک قوم کے ارکان ہیں اور وہ ایک قوم بن گئی۔

سوال: اسلام کے مطابق بین الاقوامیت میں مباحث کو کس طرح اور طریقہ سے کیا جائے؟

جواب: لوگوں کو دانائی اور نیک نصیحت سے اپنے پروردگار کے راستہ پر بلاؤ' ان سے مباحث کر' مگر ایسے طریقہ سے جو اچھا ہے۔" جب کسی قوم سے بات اور گفتگو کی جائے اس میں سلیقہ اور اعلیٰ معیار ہونا چاہیے۔

سوال: پریچنگ آف اسلام کے مصنف کا نام بتائیں۔

جواب: پروفیسر ڈاکٹر ٹی ڈبلیو آرنلڈ اسکوائر۔

سوال: بین الاقوامیت میں مسلمانوں نے غیر مسلموں سے کیسا سلوک روا رکھا؟

جواب: بین الاقوامیت میں مسلمانوں نے کسی بھی فرقہ' قوم یا علاقے کا فرد ہو اس کے ساتھ حسن سلوک' احسان اور اچھا برتاؤ کیا۔

سوال: پروفیسر لنلے کی مشہور تصنیف کا نام بتائیں۔

جواب: پروفیسر لنلے کی مشہور تصنیف کا نام "ہسٹری آف دی بائیز نطائن امپائر" ہے۔

سوال: اسلام کے تیزی سے پھیلنے کی سب سے بڑی وجہ کیا تھی؟

جواب: اسلام کے پھیلنے کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ اس کا سیاسی' معاشرتی اور اخلاقی نظام بہترین تھا۔ اس میں وسعت' تازگی' ندرت اور پاکیزگی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ اس کے سامنے رومیوں کا غلام ساز اور ظالمانہ نظام اور یورپ کی بے روح تہذیب دم توڑ گئی۔ دنیا اسلام کی طرف اس کے عقیدہ توحید' انداز عبادت اور بلند تعلیمات کی وجہ سے مائل ہوئی تھی۔

سوال: مغربی معاشرے میں مذہب کو کیا حیثیت حاصل ہے۔

جواب: مغربی سکالر یورپ میں قوم کیلئے مذہب کے عنصر کو قبول نہیں کرتے۔ یعنی مذہب ثانوی حیثیت اختیار کر گیا ہے اور معاشرے کیلئے اس کی ضرورت باقی نہیں رہی۔ ان کا یہ خیال ہے کہ اس طرح کا معاشرہ جس میں مذہب نہ ہو وہ زیادہ پرسکون ہوتا ہے۔

سوال: ملت اسلامیہ کی چند خصوصیات بیان کریں۔

جواب: ملت اسلامیہ کی اول خصوصیت توحید و رسالت اللہ تعالیٰ کو ایک تسلیم کرنا کہ وہ عبادت کے لائق ہے اور حضرت محمدؐ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔ ملت اسلامیہ کا رکن بن جانے کے بعد انسان کا اپنا تشخص اسلام ہے۔ یہی اس کی پہچان ہے اور نسل' رنگ' برادری اور علاقے کے تمام تعصبات ختم ہو گئے۔ تمام امت مسلمہ کے افراد مساوی ہیں' بحیثیت انسان کے لیکن بلندی تقویٰ و پرہیزگاری پر منحصر ہے۔ ایک اہم خصوصیت اصول عدل و انصاف ہے۔

سوال: ملت اسلامی کا نصب العین کیا ہے؟

جواب: ملت اسلامیہ کا نصب العین بڑا واضح ہے کہ نیکی بھلائی کی ترویج و اشاعت اور بدی و برائی سے لوگوں کو روکنا ہے۔ اس بناء پر یہ خیر الامم ہے اور نیکی پھیلانا اور برائی سے منع کرنا تاکہ بہترین معاشرہ وجود پذیر ہو اور دنیا ایک امن کا گہوارہ بنے۔

سوال: جہاد سے کیا مراد ہے؟

جواب: لفظ جہاد باب مفاعلہ سے ہے اس کے لفظی معنی محنت کرنے اور مشقت اٹھانے کے ہیں اصطلاح شریعت میں اللہ تعالیٰ کے راستے میں اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ہر محنت کو جہاد کہا جاتا ہے خواہ وہ محنت زبان سے ہو' قلم سے ہو یا تلوار سے ہو لہٰذا جہاد صرف جہاد بالسیف یا قتال فی سبیل اللہ اللہ کا نام نہیں بلکہ یہ ایک عام لفظ ہے جو قتال فی سبیل اللہ کو بھی شامل ہے اور اس کے دوسرے افراد بھی ہیں۔

سوال: جہاد کے متعلق کوئی ایک آیت بیان کریں؟

جواب: "وجاھدوا باموالکم وانفسکم فی سبیل اللہ"

ترجمہ: "اور لڑو اپنے مال سے اور جان سے اللہ کی راہ میں۔"

سوال: اسلام کے جہاد کا سوال: اسلام میں جہاد کی غرض وغایت کیا ہے؟

جواب: جہاد کے حکم سے خداوند قدوس کا یہ ارادہ نہیں کہ یکلخت کافروں کو موت کے گھاٹ اتار دیا جائے بلکہ مقصود یہ ہے کہ اللہ کا دین دنیا میں حاکم بن کر رہے اور مسلمان عزت کے ساتھ زندگی بسر کریں اور امن وعافیت کے ساتھ خدا کی عبادت اور اطاعت کر سکیں کافروں سے کوئی خطرہ نہ رہے کہ ان کے دین میں خلل انداز ہو سکیں۔ اسلام اپنے دشمنوں کے نفس وجود کا دشمن نہیں بلکہ ان کی ایسی شوکت وحشمت کا دشمن ہے کہ جو اسلام اور اہل اسلام کے لیے خطرہ کا باعث ہو۔ جس جنگ کا مقصد یہ ہے کہ عدل وانصاف اور امانت وصداقت کی حفاظت ہو جائے اور رشوت خواری اور چوری اور بدکاری اور زناکاری اور بداخلاقی اور بے حیائی اور تمام برائیوں اور خود غرضیوں کا قلع قمع ہو جائے ایسی جنگ بربریت نہیں بلکہ اعلیٰ ترین عبادت ہے اور خلق خدا پر انتہائی شفقت ورحمت ہے۔

سوال: اہل مغرب اسلام کے فلسفہ جہاد کو کن معنوں میں استعمال کرتے ہیں؟

جواب: اہل مغرب جہاد کو قتل و غارت کے مفہوم میں استعمال کرتے ہیں اور اس بناء پر "اسلام کو خوف و ہراس کا مذہب قرار دیتے ہیں۔

سوال: پہلی جنگ عظیم کب شروع ہوئی؟

جواب: جنگ 1914ء سے شروع ہو کر 1919ء تک کا دورانیہ رکھتی ہے۔

سوال: دوسری جنگ عظیم کب شروع ہوئی؟

جواب: جنگ عظیم دوم جو 1939ء سے 1945ء تک انسانوں کی تباہی کا مقدر بنی اس میں بھی ہلاک، زخمی ہونے والے اور تباہ ہونے والوں کی تعداد بھی تقریباً چھ کروڑ کے لگ بھگ ہے۔

سوال: سائنس سے کیا مراد ہے؟

جواب: سائنس سے مراد تحقیق کی نئی روح، تفتیش کے نئے طریقے اور پیمائش و مشاہدات کے نئے اسلوب لیا۔

سوال: سائنس کے معنی و مفہوم مختصر بیان کریں۔

جواب: لفظ سائنس (Science) لاطینی زبان کے ایک لفظ "Science" سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنی ہیں سیکھنا، جاننا۔ اس لفظ سے ایک اور لفظ "سائنشیا" (Scientia) وضع کیا گیا، جو آموزش، تعلیم، تعلیم کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

سوال: علم سائنس سے کیا مراد ہے؟

جواب جس علم میں مشاہدات اور تجربات کے ترتیب و تحقیق کو دخل ہو، وہ علم سائنس قرار دیا جا سکتا ہے۔

سوال: الجبرا والمقابلہ کس مسلم سائنسدان کی تصنیف ہے؟

جواب: ابوعبداللہ محمد بن موسیٰ خوارزمی کی۔

سوال: بائبل قرآن اور سائنس کے مصنف کا نام بتائیں۔

جواب: ڈاکٹر موریس بوکائیے۔

سوال: جدید سائنس کی بنیاد کب پڑی؟

جواب: سائنس اور مذہب کا یہ ٹکراؤ اٹھارہویں اور انیسویں صدی کی پیداوار ہے اور یہی وہ دور ہے جب جدید سائنس کا ظہور ہوا اور دنیا نے اسے کسی علم بلکہ مکتب فکر کے طور پر پہچانا۔

سوال: ارتداد سے کیا مراد ہے؟

جواب: منہ موڑنا، نظریات تبدیل کرنا، ایک مذہب کو چھوڑ کر دوسرے مذہب میں داخل ہو جانا، ایسے انسان کو جو دین اسلام چھوڑ کر کسی اور مذہب میں چلا جائے اس کو مرتد کہا جاتا ہے۔

ہماری دیگر مطبوعات